احادیث کا عظیم ذخیرہ

# اثمار الهداية

## على الهداية

مکمل ھدایہ اولین


ترجمہ و تشریح

مولانا ثمیر الدین قاسمی صاحب دامت برکاتہم



زمزم پبلشرز



AhleSunnah Library ( nmusba.wordpress.com )

# فہرست مضامین اثمار الہدایۃ جلد ثانی


| نمبر شمار | عنوانات | کس مسئلہ نمبر سے | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۱ | فصل فی مکروہات الصلوۃ | ۴۲۹ سے | ۹ |
| ۲ | فصل فی آداب الخلاء | ۴۵۵ سے | ۳۱ |
| ۳ | باب صلوۃ الوتر | ۴۶۰ سے | ۳۸ |
| ۴ | باب النوافل | ۴۶۹ سے | ۵۲ |
| ۵ | فصل فی القراۃ | ۴۷۱ سے | ۶۲ |
| ۶ | فصل فی التراویح | ۴۸۸ سے | ۹۰ |
| ۷ | باب ادراک الفریضۃ | ۴۹۳ سے | ۱۰۰ |
| ۸ | باب قضاء الفوائت | ۵۱۰ سے | ۱۲۳ |
| ۹ | باب سجود السھو | ۵۲۲ سے | ۱۴۰ |
| ۱۰ | باب صلوۃ المریض | ۵۴۷ سے | ۱۷۴ |
| ۱۱ | باب فی سجدۃ التلاوۃ | ۵۶۴ سے | ۱۹۳ |
| ۱۲ | باب صلوۃ المسافر | ۵۸۶ سے | ۲۱۴ |
| ۱۳ | میل شرعی، میل انگریزی، اور کیلو میٹر | ۵۸۶ | ۲۱۸ |
| ۱۴ | بحری میل | ۵۸۸ | ۲۲۴ |
| ۱۵ | باب صلوۃ الجمعۃ | ۶۰۶ سے | ۲۵۰ |
| ۱۶ | باب العیدین | ۶۳۵ سے | ۲۸۶ |
| ۱۷ | فصل فی تکبیرات التشریق | ۶۵۶ سے | ۳۰۸ |
| ۱۸ | باب صلوۃ الکسوف | ۶۵۸ سے | ۳۱۴ |
| ۱۹ | باب الاستسقاء | ۶۶۴ سے | ۳۲۲ |

## فہرست مضامین اثمار الہدایۃ جلد الثانی



| نمبر شمار | عنوانات | کس مسئلہ نمبر سے | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۲۰ | باب صلوۃ الخوف | ۶۷۳ سے | ۳۲۸ |
| ۲۱ | باب الجنائز | ۶۷۸ سے | ۳۳۵ |
| ۲۲ | فصل فی الغسل | ۶۸۱ سے | ۳۳۸ |
| ۲۳ | فصل فی التکفین | ۶۹۵ سے | ۳۴۸ |
| ۲۴ | کفن بچھانے اور لپیٹنے کا طریقہ | ۶۹۷ | ۳۵۱ |
| ۲۵ | فصل فی الصلوۃ علی المیت | ۷۰۳ سے | ۳۵۷ |
| ۲۶ | فصل فی حمل الجنازۃ | ۷۲۴ سے | ۳۸۰ |
| ۲۷ | فصل فی الدفن | ۷۲۷ سے | ۳۸۵ |
| ۲۸ | باب الشہید | ۷۳۷ سے | ۳۹۳ |
| ۲۹ | باب الصلوۃ فی الکعبۃ | ۷۵۰ سے | ۴۰۹ |

## فہرست مضامین اثمار الہدایۃ جلد الثانی


| نمبر شمار | عنوانات | کس مسئلہ نمبر سے | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| ۳۰ | کتاب الزکوۃ | ۷۵۵ سے | ۴۱۵ |
| ۳۱ | باب صدقۃ السوائم | × | ۴۱۵ |
| ۳۲ | فصل فی الابل | ۷۶۸ سے | ۴۴۷ |
| ۳۳ | فصل فی البقر | ۷۷۳ سے | ۴۵۴ |
| ۳۴ | فصل فی الغنم | ۷۷۷ سے | ۴۶۰ |
| ۳۵ | فصل فی الخیل | ۷۸۰ سے | ۴۶۵ |
| ۳۶ | فصل فی مالاصدقۃ فیہ | ۷۸۴ سے | ۴۶۹ |
| ۳۷ | باب زکوۃ المال | × | ۴۹۴ |
| ۳۸ | فصل فی الفضۃ | ۷۹۶ سے | ۴۹۴ |
| ۳۹ | فصل فی الذھب | ۸۰۰ سے | ۵۰۱ |
| ۴۰ | درہم ودینار کا وزن | ۸۰۳ | ۵۰۵ |
| ۴۱ | نصاب واوزان ایک نظر میں | ۸۰۳ سے | ۵۰۶ |
| ۴۲ | فصل فی العروض | ۸۰۴ | ۵۰۸ |
| ۴۳ | باب فی من یمر علی العاشر | ۸۰۹ سے | ۵۱۶ |
| ۴۴ | باب فی المعادن والرکاز | ۸۲۸ سے | ۵۳۷ |
| ۴۵ | باب زکوۃ الزرع الثمار | ۸۳۸ سے | ۵۵۲ |
| ۴۶ | باب مصارف الزکوۃ | ۸۵۳ سے | ۵۸۰ |
| ۴۷ | باب صدقۃ الفطر | ۸۸۶ سے | ۶۱۴ |
| ۴۸ | فصل فی مقدار الواجب ووقتہ | ۸۹۹ سے | ۶۳۰ |
| ۴۹ | صدقۃ الفطر کی مقدار | ۹۰۲ سے | ۶۳۷ |

# اثمار الهداية

## على الهداية

ھدایہ اول

۵۱۱ھ - ۵۹۳ھ

احادیث کا عظیم ذخیرہ

شارح

حضرت مولانا ثمیر الدین قاسمی صاحب دامت برکاتہم

جلد ثانی

ناشر

جامعہ روضۃ العلوم
نیا نگر، ضلع گڈا، جھارکھنڈ، انڈیا

نام کتاب ............ اثمار الهدایہ
نام شارح ............ مولانا ثمیر الدین قاسمی
ناشر ............ جامعہ روضہ العلوم نیانگر ، جھارکھنڈ
باہتمام ............ مولانا ابوالحسن قاسمی ، نیانگر
نگران ............ مولانا مسلم قاسمی سیپوری
طباعت بار اول ............ نومبر ٢٠٠٨ء
کمپیوٹر کمپوزنگ ............ مولانا ثمیر الدین قاسمی
سیٹنگ ............ حافظ زکی ، باٹلی
قیمت پانچ جلدیں ............ ٣٠ پونڈ

جملہ حقوق بحق شارح محفوظ ہیں

شارح کا پتہ
Maulana Samiruddin Qasmi
70 Stamford Street
Old Trafford - Manchester
England M16 9LL
Tel 00 44 (0161)2279577

انڈیا کا پتہ
مولانا ابوالحسن، ناظم جامعہ روضۃ العلوم، نیانگر
At Post. Nayanagar
Via Mahagama Dist Godda
Jharkhand-INDIA
Pin 814154
Tel 0091 9304 768719
Tel 0091 9308 014992

# ملنے کے پتے

شارح کا پتہ

Maulana Samiruddin Qasmi
70 Stamford Street
Old Trafford - Manchester
England M16 9LL

Tel 00 44 (0161)2279577

انڈیا کا پتہ

مولانا ابوالحسن، ناظم جامعہ روضۃ العلوم، نیا نگر

At Post. Nayanagar,Via Mahagama, Dist Godda

Jharkhand-INDIA ,Pin 814154

فون نمبر Tel 0091 9304 768719

Tel 0091 9308 014992

جناب مولانا مسلم قاسمی صاحب، خطیب مسجد بادل بیگ، نمبر 5005

بازار سرکی والان, حوض قاضی۔ دہلی نمبر 6

انڈیا, پین کوڈ نمبر 110006

فون نمبر 09891 213348

جناب مولانا نثار احمد صاحب

ثاقب بک ڈپو، دیوبند, ضلع سہارنپور، یوپی

انڈیا، پین کوڈ نمبر 247554

فون نمبر 09412496688

# ﴿خصوصیات اثمار الهدایة﴾

(۱) ھدایہ کے ہر مسئلے کے لئے تین حدیث تین حوالے لانے کی کوشش کی گئی ہے، اور اس کا پورا حوالہ دیا گیا ہے۔

(۲) پھر صاحب ھدایہ جو حدیث لائے ہیں وہ کس کتاب میں ہے اس کا پورا حوالہ دیا گیا ہے تا کہ صاحب ھدایہ کی حدیث پر اشکال باقی نہ رہے۔ اور یہ بھی لکھ دیا گیا ہے کہ یہ حدیث ہے، یا قول صحابی، یا قول تابعی۔

(۳) طلباء کے ذہن کو سامنے رکھتے ہوئے ہر مسئلے کا محاوری اور آسان ترجمہ پیش کیا ہے۔

(۴) کمال یہ ہے کہ عموما ہر ہر مسئلے کو چار مرتبہ سمجھایا ہے، تا کہ طلباء مسئلہ اور اسکی دلیل بھی آسانی سے سمجھ جائیں۔

(۵) مسائل کی تشریح آسان اور سلیس اردو میں کی ہے۔

(۶) وجہ کے تحت ہر مسئلے کی دلیل نقلی قرآن اور احادیث سے مع حوالہ پیش کی گئی ہے۔

(۷) حسب موقع دلیل عقلی بھی ذکر کر دی گئی ہے۔

(۸) امام شافعیؒ کا مسلک انکی، کتاب الام، کے حوالے سے لکھا گیا اور حدیث کی دلیل بھی وہیں سے ذکر کی گئی ہے۔

(۹) کونسا مسئلہ کس اصول پر فٹ ہوتا ہے وہ اصول بھی بیان کیا گیا ہے۔

(۱۰) لغت کے تحت مشکل الفاظ کی تحقیق پیش کی گئی ہے۔

(۱۱) لفظی ابحاث اور اعتراض و جوابات سے دانستہ احتراز کیا گیا ہے تا کہ طلباء کا ذہن پریشان نہ ہو۔

(۱۲) جو حدیث ہے اس کے لئے 'حدیث' اور جو قول صحابی یا قول تابعی ہے اس کے لئے 'اثر' کا لفظ لکھا ہے تا کہ معلوم ہو جائے کہ کون حدیث ہے اور کون قول صحابی، یا قول تابعی ہے۔

(۱۳) حدیث کے حوالے کے لئے پورا باب لکھا۔ پھر بیروتی، یا پاکستانی کتب خانہ والی کتابوں کا صفحہ نمبر لکھا اور بیروتی یا سعودی کتابوں کا احادیث نمبر لکھ دیا گیا تا کہ حدیث نکالنے میں آسانی ہو۔

(۱۴) پرانے اوزان کے ساتھ نئے اوزان بھی لکھ دئے گئے ہیں تا کہ دونوں اوزان میں بآسانی موازنہ کیا جاسکے۔

# ہم اثمار الھدایہ ھی کو کیوں پڑھیں ؟

(۱) اس شرح میں ہر مسئلے کے تحت تین حدیثیں، تین حوالے ہیں جس سے دل کو سکون ہو جاتا ہے کہ کس مسئلے کے لئے کون سی حدیث ہے۔

(۲) کوشش کی گئی ہے کہ احادیث صحاح ستہ ہی سے لائی جائے، تا کہ حدیث مضبوط ہوں۔

(۳) صاحب ھدایہ جو حدیث لائے ہیں اس کی مکمل دو تخریج پیش کی گئی ہے۔

(۴) ایک ایک مسئلے کو چار چار بار مختلف انداز سے سمجھایا ہے، جس سے مسئلہ آسانی سے سمجھ میں آجاتا ہے۔

(۵) بلاوجہ اعتراض و جوابات نہیں لکھا گیا ہے۔

(۶) سمجھانے کا انداز بہت آسان ہے۔

(۷) پرانے اوزان کے ساتھ نئے اوزان مثلا گرام وغیرہ کو لکھ دیا گیا ہے، جس سے پرانا اور نیا دونوں وزنوں سے واقفیت ہوتی ہے۔

(۸) امام شافعیؒ کا مسلک انکی کتاب الام سے نقل کیا گیا ہے، اور انکی دلیل بھی صحاح ستہ سے دی گئی ہے۔

اثمار الهداية

## فہرست مضامین اثمار الھدایۃ جلد ثانی


| نمبر شمار | عنوانات | کس مسئلہ نمبر سے | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | فصل فی مکروہات الصلوۃ | ۴۲۹ سے | ۹ |
| | فصل فی آداب الخلاء | ۴۵۵ سے | ۳۱ |
| | باب صلوۃ الوتر | ۴۶۰ سے | ۳۸ |
| | باب النوافل | ۴۶۹ سے | ۵۴ |
| | فصل فی القراۃ | ۴۷۱ سے | ۶۴ |
| | فصل فی التراویح | ۴۸۸ سے | ۹۰ |
| | باب ادراک الفریضۃ | ۴۹۳ سے | ۱۰۰ |
| | باب قضاء الفوائت | ۵۱۰ سے | ۱۲۳ |
| | باب سجود السھو | ۵۲۴ سے | ۱۴۰ |
| | باب صلوۃ المریض | ۵۴۷ سے | ۱۷۴ |
| | باب فی سجدۃ التلاوۃ | ۵۶۴ سے | ۱۹۳ |
| | باب صلوۃ المسافر | ۵۸۶ سے | ۲۱۴ |
| | میل شرعی، میل انگریزی، اور کیلومیٹر | ۵۸۶ | ۲۱۸ |
| | بحری میل | ۵۸۸ | ۲۲۴ |
| | باب صلوۃ الجمعۃ | ۶۰۶ سے | ۲۵۰ |
| | باب العیدین | ۶۳۵ سے | ۲۸۶ |
| | فصل فی تکبیرات التشریق | ۶۵۶ سے | ۳۰۸ |
| | باب صلوۃ الکسوف | ۶۵۸ سے | ۳۱۴ |
| | باب الاستسقاء | ۶۶۴ سے | ۳۲۴ |

## فہرست مضامین اثمار الھدایۃ جلد الثانی



| صفحہ نمبر | کس مسئلہ نمبر سے | عنوانات | نمبر شمار |
|---|---|---|---|
| ۳۲۸ | ۶۷۳ سے | باب صلوۃ الخوف | |
| ۳۳۵ | ۶۷۸ سے | باب الجنائز | |
| ۳۳۸ | ۶۸۱ سے | فصل فی الغسل | |
| ۳۴۸ | ۶۹۵ سے | فصل فی التکفین | |
| ۳۵۱ | ۶۹۷ | کفن بچھانے اور لپیٹنے کا طریقہ | |
| ۳۵۷ | ۷۰۳ سے | فصل فی الصلوۃ علی المیت | |
| ۳۸۰ | ۷۲۴ سے | فصل فی حمل الجنازۃ | |
| ۳۸۵ | ۷۲۷ سے | فصل فی الدفن | |
| ۳۹۳ | ۷۳۷ سے | باب الشھید | |
| ۴۰۹ | ۷۵۰ سے | باب الصلوۃ فی الکعبۃ | |

## فہرست مضامین اثمار الہدایہ جلد الثانی



| نمبر شمار | عنوانات | کس مسئلہ نمبر سے | صفحہ نمبر |
|---|---|---|---|
| | کتاب الزکوۃ | ۷۵۵ سے | ۴۱۵ |
| | باب صدقۃ السوائم | × | ۴۱۵ |
| | فصل فی الابل | ۷۶۸ سے | ۴۴۷ |
| | فصل فی البقر | ۷۷۳ سے | ۴۵۴ |
| | فصل فی الغنم | ۷۷۷ سے | ۴۶۰ |
| | فصل فی الخیل | ۷۸۰ سے | ۴۶۵ |
| | فصل فی مالاصدقۃ فیہ | ۷۸۴ سے | ۴۶۹ |
| | باب زکوۃ المال | × | ۴۹۴ |
| | فصل فی الفضۃ | ۷۹۶ سے | ۴۹۴ |
| | فصل فی الذہب | ۸۰۰ سے | ۵۰۱ |
| | درہم و دینار کا وزن | ۸۰۳ | ۵۰۵ |
| | نصاب و اوزان ایک نظر میں | ۸۰۳ سے | ۵۰۶ |
| | فصل فی العروض | ۸۰۴ | ۵۰۸ |
| | باب فی من یمر علی العاشر | ۸۰۹ سے | ۵۱۶ |
| | باب فی المعادن والرکاز | ۸۲۸ سے | ۵۳۷ |
| | باب زکوۃ الزرع الثمار | ۸۳۸ سے | ۵۵۲ |
| | باب مصارف الزکوۃ | ۸۵۳ سے | ۵۸۰ |
| | باب صدقۃ الفطر | ۸۸۶ سے | ۶۱۴ |
| | فصل فی مقدار الواجب ووقتہ | ۸۹۹ سے | ۶۳۰ |
| | صدقۃ الفطر کی مقدار | ۹۰۲ سے | ۶۳۷ |

## ﴿فصل ما یکرہ فی ا لصلوۃ﴾

(۴۲۹) ویکرہ للمصلی ان یعبث بثوبه اوبجسدہ ﴾ ۱؎ لقوله علیه السلام ان اللّٰہ تعالیٰ کرہ لکم ثلثا وذکر منها العبث فی الصلوٰۃ ۲؎ ولان العبث خارج الصلوٰۃ حرام فما ظنک فی الصلوٰۃ (۴۳۰) ولایقلِّب الحصا لانه نوع عبث الا ان لایمکنه من السجود فیسویه مرۃ

## ﴿مکروہات نماز﴾

**ترجمہ**: (۴۲۹) مکروہ ہے نماز پڑھنے والے کے لئے کہ وہ اپنے کپڑے یا اپنے جسم سے کھیلے۔

**وجه**: (۱) نماز میں خشوع وخضوع ہونا چاہئے۔ آیت میں ہے قوموا اللہ قانتین نماز میں عاجزی سے اورادب سے اللہ کے سامنے کھڑے رہو۔ اس لئے جسم اور کپڑے سے کھیلنا مکروہ ہے (۲) حدیث میں بھی ہے عن ابن عباس عن النبی ﷺ قال امرت ان اسجد علی سبعة اعظم لا اکف شعرا و لا ثوبا (بخاری شریف، باب لا یکف ثوبہ فی الصلوۃ ص ۱۱۳ نمبر ۸۱۶ / مسلم شریف، باب اعضاء السجود والنھی عن کف الشعر والثوب ص ۱۹۳ نمبر ۴۹۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کپڑے کو بلا وجہ بار بار سمیٹنا مکروہ ہے تو اس سے کھیلنا بھی مکروہ ہوگا (۳) حدیث میں ہے قال ابو ذر قال رسول الله ﷺ لا یزال الله عز وجل مقبلا علی العبد وھو فی صلوته مالم یلتفت فاذا التفت انصرف عنه۔ (ابوداؤد شریف، باب الالتفات فی الصلوۃ ص ۱۳۸ نمبر ۹۰۹) کھیلنے میں نماز سے دوسری طرف متوجہ ہونا ہوتا ہے اس لئے مکروہ ہے۔ اس سے نماز تو فاسد نہیں ہوگی البتہ اچھا نہیں ہے۔ (۴) اثر میں ہے۔ قال الثوری : جائت الاحادیث أنه کان یکرہ العبث فی الصلوۃ۔ (مصنف عبدالرزاق، باب العبث فی الصلوۃ، ج ثانی، ص ۲۶۷، نمبر ۳۳۱۰) اس اثر میں ہے کہ نماز میں کھیلنا مکرہ ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ اللہ تعالی نے تمہارے لئے تین چیزیں مکروہ قرار دی ہیں اور ان میں سے نماز میں کھیلنے کو بھی ذکر فرمایا ۔ اس حدیث کا مفہوم اوپر گزر گیا۔ البتہ صراحت کے ساتھ یہ حدیث نہیں ملی۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور اسلئے کہ نماز سے باہر بھی عبث کام کرنا حرام ہے تو نماز میں آپکا کیا گمان ہے؟

**تشریح**: نماز سے باہر عبث اور بیکار کام کرنا اچھا نہیں ہے تو نماز کے اندر کپڑے اور جسم سے کھیلنا کیسے اچھا ہوگا۔

**ترجمہ**: (۴۳۰) کنکری کو الٹ پلٹ نہ کرے۔ [ اسلئے کہ یہ بھی عبث کام ہے ] مگر یہ کہ اس پر سجدہ کرنا ممکن نہ ہو تو ایک مرتبہ کنکری کو برابر کر دے۔

**تشریح**: نماز میں کنکری کو الٹ پلٹ کرنا مکروہ ہے۔ البتہ اگر وہاں اتنی کنکری ہو کہ اس پر سجدہ کرنا ممکن ہو جائے تو ایک مرتبہ کنکری کو سیدھی کر لے تا کہ اس پر سجدہ کیا جا سکے، لیکن کھیلنے کے طور پر بار بار اسکو ادھر ادھر کرنا مکروہ ہے۔

۱ لقوله علیه السلام مرة یا اباذر والافذر ۲ ولان فیه اصلاح صلاته (۴۳۱) ولا یفرقع اصابعه
۱ لقوله علیه السلام لاتفرقع اصابعک وانت تصلی (۴۳۲) ولا یتخصّر

**وجه**: (۱) کنکری کو بار بار ادھر ادھر کرنا کھیلنا ہے اور پیچھے گزرا کہ نماز میں کھیلنا مکروہ ہے۔ (۲) حدیث میں ہے عن معیقیب قال سألت رسول الله عن مسح الحصی فی الصلوة فقال ان کنت لا بد فاعلا فمرة واحدة . و فی حدیث آخر عن ابی ذر عن النبی ﷺ قال اذا قام احدکم الی الصلوة فلا یمسح الحصی فان الرحمة تواجهه (ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراهیة مسح الحصی فی الصلوة ص ۸۷ نمبر ۳۷۹ / ابو داؤد شریف، باب مسح فی مسح الحصی فی الصلوة ص ۱۴۳ نمبر ۹۴۶/۹۴۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کنکری کو بار بار ہٹانا مکروہ ہے۔ البتہ ضرورت پڑے اور کنکری پر سجدہ کرنا ناممکن ہو تو نماز میں ایک بار اس کو درست کر لے۔

**ترجمہ**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ اے ابوذر کنکری کو الٹنا ہو تو ایک مرتبہ، یا پھر چھوڑ دو۔

**وجہ**: صاحب ھدایہ کی حدیث قریب قریب یہ ہے۔ عن ابی ذر قال : سألتُ النبی ﷺ عن کل شیء حتی سألته عن مسح الحصی ، فقال : واحدة أو دع . (مصنف عبد الرزاق، باب مسح الحصی، ج ثانی، ص ۳۹ نمبر ۲۴۰۲) اس حدیث میں ہے کہ کنکری کو الٹنا پلٹنا ہو تو صرف ایک مرتبہ کر سکتے ہو۔

**ترجمہ**: ۲ اور اسلئے کہ اس میں اپنی نماز کی اصلاح ہے۔

**تشریح**: کنکری کو الٹنا پلٹنا اچھا نہیں ہے لیکن چونکہ اپنی نماز کی اصلاح ہے اسلئے ایک مرتبہ کر سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۴۳۱) نہ انگلیاں چٹخائے۔

**ترجمہ**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ اپنی انگلیوں کو نہ چٹخاؤ جب تم نماز میں ہو۔

**تشریح**: انگلیاں چٹخانا جس کی وجہ سے انگلیوں سے آواز نکلتی ہے نماز میں مکروہ ہے۔ اسی طرح نماز میں کولھے پر ہاتھ رکھنا یا کمر پر ہاتھ رکھنا مکروہ ہے۔

**وجہ**: صاحب ھدایہ کہ حدیث یہ ہے عن علی ان رسول الله ﷺ قال لا تفقع اصابعک وانت فی الصلوة . (ابن ماجہ شریف، باب ما یکرہ فی الصلوۃ ص ۱۳۶، نمبر ۹۶۴ / سنن للبیھقی، باب کراھیۃ تفقیع الاصابع فی الصلوۃ ج ثانی ص ۴۱۰، نمبر ۳۵۷۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز میں انگلیاں چٹخانا مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: (۴۳۲) اور نہ کوکھ پر ہاتھ رکھے۔

۱ وھو وضع الید علی الخاصرۃ لانہ علیہ السلام نھیٰ عن الاختصار فی الصلوٰۃ ۲ ولان فیہ ترک الوضع المسنون(۴۳۳) ولا یلتفت ۱ لقولہ علیہ السلام لو علم المصلی من یناجی ما التفت

---

**ترجمہ** : ۱ تخصر کا ترجمہ ہے ہاتھ کو کوکھ پر رکھنا۔ اسلئے کہ حضور علیہ السلام نے نماز میں اختصار سے روکا ہے۔

**تشریح** : تخصر کا ترجمہ ہے کوکھ پر یا کمر پر ہاتھ رکھنا۔ نماز میں کوکھ پر ہاتھ رکھنا مکروہ ہے اسلئے کہ حضورؐ نے اس سے روکا ہے۔

**وجہ** : (۱) کوکھ پر یا کولھے پر ہاتھ رکھنا مکروہ ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ انہ نھی ان یصلی الرجل مختصرا ۔ (مسلم شریف، باب کراہیۃ الاختصار فی الصلوۃ ص ۲۰۶ نمبر ۵۴۵/۱۲۱۸/ ابوداود شریف، باب التخصر والاقعاء ص ۱۳۷ نمبر ۹۰۳) اس حدیث میں ہے کہ کوکھ پر ہاتھ رکھنے سے حضورؐ نے منع فرمایا ہے۔ (۲) عن زیاد بن صبیح الحنفی قال : صلیتُ الی جنب ابن عمر فوضعتُ یدی علی خاصرتی ،فلما صلی قال : ھذا الصلب فی الصلوۃ ،و کان رسول اللہ ﷺ ینھی عنہ ۔ (ابوداود شریف، باب التخصر والاقعاء، ص ۱۳۸، نمبر ۹۰۳) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ کوکھ پر ہاتھ رکھنا مکروہ ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اور اسلئے کہ اس میں مسنون طریقے کو چھوڑنا ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ کوکھ پر ہاتھ رکھنا مکروہ اسلئے بھی ہے مسنون طریقہ یہ ہے کہ قیام میں ہاتھ باندھ کر رکھے اور یہ اسکے خلاف ہاتھ کوکھ پر رکھ رہا ہے۔

**ترجمہ** : (۴۳۳) نماز میں دائیں بائیں جانب متوجہ نہ ہو۔

**تشریح** : اگر صرف نظریں پھرائیں تو مکروہ ہے۔ اور چہرہ پھرایا تو مکروہ تحریمی ہے۔ اور سینہ بھی پھر گیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

**وجہ** : حدیث میں ہے عن عائشۃ قالت سألت رسول اللہ ﷺ عن الالتفات فی الصلوۃ فقال ھو اختلاس یختلسہ الشیطان من صلوۃ العبد ۔ (بخاری شریف، باب الالتفات فی الصلوۃ ص ۱۰۴ نمبر ۷۵۱/ ابوداود شریف، باب الالتفات فی الصلوۃ ص ۱۳۸ نمبر ۹۱۰) اس سے معلوم ہوا کہ نماز میں ادھر ادھر دیکنا مکروہ ہے۔

**ترجمہ** : ۱ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ اگر نمازی جان لے کہ کس ذات سے سرگوشی کر رہا ہے تو کبھی ادھر ادھر توجہ نہ کرے۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی حدیث کا مفہوم اس حدیث میں ہے۔ قال ابو ذر : قال رسول اللہ ﷺ : لا یزال اللہ عز و جل مقبلاً علی العبد و ھو فی صلوتہ ما لم یلتفت ، فاذا التفت انصرف عنہ ۔ (ابوداود شریف، باب الالتفات فی الصلوۃ ،ص ۱۳۹، نمبر ۹۰۹) اس حدیث میں ہے کہ جب تک بندہ ادھر ادھر متوجہ نہیں ہوتا تو اللہ اسکی توجہ خاص کرتے ہیں ،اور ادھر ادھر کرتا ہے اللہ تعالی توجہ خاص پھیر لیتے ہیں۔

(۴۳۴) ولو نظر بمؤخر عينيه يمنة ويسرة من غير ان يلوى عنقه لا يكره ﴾ لـ لانه عليه السلام كان يلاحظ اصحابه فى صلاته بمؤق عينيه (۴۳۵) ولا يُقْعِى ولا يفترش ذراعيه ﴾

**ترجمه** : (۴۳۴) اوراگر آنکھ کے کنارے سے دائیں بائیں دیکھا بغیر گردن کو موڑے ہوئے تو مکروہ نہیں ہے۔

**ترجمه**: لـ اسلئے کہ حضور علیہ السلام نماز میں اپنے ساتھیوں کو آنکھ کے کنارے سے دیکھا کرتے تھے۔

**تشریح** : نماز میں گردن سیدھی رکھی اسکو ادھر ادھر نہیں موڑی صرف آنکھ کے کنارے سے دائیں بائیں دیکھ لیا تو یہ مکروہ نہیں ہے۔

**وجه** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس أن رسول الله ﷺ كان يلحظ فى الصلوة يميناً و شمالاً و يلوى عنقه خلف ظهره ۔ (ترمذی شریف، باب ماذکر فی الالتفات فی الصلوۃ ص ۱۵۳، نمبر ۵۸۷ رنسائی شریف، باب الرخصۃ فی الالتفات فی الصلوۃ یمینا وشمالا، ص ۱۶۷، نمبر ۱۲۰۱) اس حدیث میں ہے کہ حضور گردن کو بغیر موڑے ہوئے کبھی کبھی ادھر ادھر دیکھتے تھے (۲) قال سهل التفت ابو بكر فرأى النبى ﷺ وفى حديث آخر عن ابن عمر انه قال رأى رسول الله ﷺ نخامة فى قبلة المسجد و هو يصلى بين يدى الناس فحتها (بخاری شریف، باب ھل یلتفت لامر ینزل بہ ص ۱۰۴ نمبر ۷۵۳ رابوداؤد شریف، باب الرخصۃ (النظر فی الصلوۃ) ص ۱۳۹ نمبر ۹۱۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ضرورت کے موقع پر نظریں پھرا کر دیکھنے کی کراہیت نہیں ہے۔ پھر بھی خشوع وخضوع میں خلل آسکتا ہے اس لئے بلا ضرورت نہیں دیکھنا چاہئے۔

**لغت**: مؤخر عینیہ: آنکھ کا دونوں کنارہ۔ یمنۃ: دائیں جانب۔ یسرۃ: بائیں جانب۔ یلوی: لوی سے مشتق ہے، موڑے۔ مؤق: آنکھ کا کنارہ۔

**ترجمه**: (۴۳۵) کتے کی طرح نہ بیٹھے۔ اور نہ اپنے باہوں کو بچھائے۔

**تشریح** : سرین زمین پر رکھ دے اور دونوں گھٹنے سینے سے لگائے اور دونوں باہوں زمین پر ٹیک دے۔ اس انداز سے کتا عموما بیٹھتا ہے اس لئے نماز میں اس انداز سے بیٹھنا مکروہ ہے۔ اسی طرح سجدے میں دونوں بانہو کو بچھانا مکروہ ہے۔

**وجه** : (۱) عن على قال قال النبى ﷺ : يا على ! لا تقع اقعاء الكلب ۔ (ابن ماجہ شریف، باب الجلوس بین السجدتین، ص ۱۲۶، نمبر ۸۹۵ رترمذی شریف، باب ما جاء فی کراھیۃ الاقعاء بین السجدتین، ص ۶۳، نمبر ۲۸۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کتے کی طرح نہ بیٹھے۔ (۲) سمعت انس بن مالک يقول : قال لى النبى ﷺ : اذا رفعت رأسک من السجود فلا تقع كما يقعى الكلب ، ضع أليتک بين قدميک ، و الزق ظاهر قدميک بالارض (ابن ماجہ

۱؎ لقول ابی ذر نهانی خلیلی عن ثلٰث ان انقر نقر الدیک و ان اُقعِیَ اِقعاءَ الکلب و ان افترش افتراش الثلعب. ۲؎ والاقعاء ان یضع الیتیه علی الارض وینصب رکبتیه نصبا هو الصحیح

شریف، باب الجلوس بین السجدتین، ص ۱۲۶، نمبر ۸۹۶) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ نماز میں کتے کی طرح بیٹھنا مکروہ ہے۔ اور سجدے میں کتے کی طرح ہاتھ کو بچھانا مکروہ ہے، اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن انس أن النبی ﷺ قال : اعتدلوا فی السجود و لا یفترش أحدکم ذراعیه افتراش الکلب۔ (ابوداود شریف، باب صفة السجود، ص ۱۳۸، نمبر ۸۹۷ / بخاری شریف، باب لا یفترش ذراعیه فی السجود، ص ۱۱۳، نمبر ۸۲۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سجدے میں کتے کی طرح ہاتھ نہ بچھائے۔ مکروہ ہے بلکہ ہتھیلی زمین پر رکھ کر ہاتھ زمین سے اونچا رکھے۔

**ترجمہ** : ۱؎ حضرت ابوذرؓ کے قول کی وجہ سے، کہ میرے خلیلؐ نے مجھے تین باتوں سے روکا، [۱] یہ کہ سجدے میں مرغے کی طرح ٹھونگ نہ ماروں [۲] اور یہ کہ کتے کی طرح نہ بیٹھوں، [۳] اور یہ کہ لومڑی کی طرح ہاتھ نہ بچھاؤں۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی هریرة قال : أمرنی رسول الله ﷺ بثلاث و نهانی عن ثلاث ، أمرنی برکعتی الضحی کل یوم ، و الوتر قبل النوم ، و صیام ثلاثة ایامٍ من کل شهر ، و نهانی عن نقرة کنقرة الدیک ، و اقعاء کاقعاء الکلب ، و التفات کالتفات الثعلب۔ (مسند احمد، مسند ابی ھریرۃ، ج ثانی ص ۵۹۹، نمبر ۸۰۴۴) اس حدیث میں ہے کہ کتے کی طرح بیٹھنے سے منع فرمایا۔ البتہ اس حدیث میں لومڑی کی طرح التفات کرنا ہے، بچھانا نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور اقعاء کی تفصیل یہ ہے کہ دونوں چوتڑوں کو زمین پر رکھے اور دونوں گھٹنے بالکل کھڑے کر لے۔ یہی صحیح ہے۔

**تشریح** : اقعاء بیٹھنے کی دو تفسیریں ہین [۱] ایک تو یہ ہے کہ دونوں قدموں کو کھڑا کرے اور ایڑیوں بیٹھ جائے اور دونوں ہاتھوں کو زمین پر رکھے۔ یہ تفسیر امام کرخیؒ کی ہے۔ [۲] اور دوسری تفسیر یہ ہے کہ اپنے چوتڑ پر بیٹھے اور اپنی دونوں رانوں کو کھڑا کرے، اور اپنے دونوں رانوں کو سینے سے ملائے اور دونوں ہاتھوں کو زمین پر رکھے۔ یہ تفسیر صاحب ھدایہ نے لی ہے۔

**وجہ** : ابی عبیدہؒ نے یہی تفسیر کی ہے۔ عن ابی عبیدة أنه قال الاقعاء هو أن یلصق الیتیه بالارض و ینتصب علی ساقیه و یضع یدیه بالأرض ، و قال فی موضع آخر : الاقعاء جلوس الانسان علی الیتیه ناصباً فخذیه مثل اقعاء الکلب و السبع۔ (سنن للبیھقی، باب الاقعاء المکروہ فی الصلوۃ ج ثانی ص ۱۷۳، نمبر ۲۷۴۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ چوتڑ کو زمین پر رکھے اور دونوں پنڈلی کو اونچی کرے، اور دونوں ہاتھوں کو زمین پر رکھ دے یہ کتے کی طرح بیٹھنا ہے جو مکروہ ہے۔ اوپر کی حدیث ابن ماجہ نمبر ۸۹۶، سے بھی اسی کی طرف اشارہ ہے۔

(۴۳۶) ولا یرد السلام بلسانه لانه کلام ولا بیده ﴾

**نوٹ**: سجدوں کے درمیان دونوں ایڑیوں کو کھڑی کر کے اس پر سرین رکھ کر بیٹھنے کی گنجائش ہے۔اس کی دلیل یہ حدیث ہے سمع طاؤسا یقول قلنا لابن عباس فی الاقعاء علی القدمین فقال هی السنة فقلنا له انا لنراه جفاء بالرجل فقال ابن عباس بل هی سنة نبیک ﷺ (مسلم شریف، باب جواز الاقعاء علی العقبین ص ۲۰۲ نمبر ۵۳۶/۱۱۹۸ سنن للبیہقی، باب القعود علی العقبین بین السجدتین ج ثانی ص ۱۷۱، نمبر ۲۷۳۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایڑیوں پر بیٹھنے کی گنجائش ہے۔

**لغت**: الاقعاء : کتے کی طرح بیٹھنا۔

**ترجمہ** : (۴۳۶) زبان سے سلام کا جواب نہ دے۔[ اسلئے کہ وہ کلام کے درجے میں ہے ]۔اور نہ ہاتھ سے اشارہ کرے۔

**وجه** :(۱) حدیث میں دونوں طرف کے جواب دینے سے منع فرمایا ہے عن زید ابن ارقم قال کنا نتکلم فی الصلوة یکلم الرجل صاحبه وهو الی جنبه فی الصلوة حتی نزلت و قوموا لله قانتین فامرنا بالسکوت ونهینا عن الکلام . (مسلم شریف، باب تحریم الکلام فی الصلوۃ ونسخ ما کان من اباحتہ ص ۲۰۴ نمبر ۵۳۹/ابا داؤد شریف، باب النہی عن الکلام فی الصلوۃ ص ۱۴۴/ترمذی شریف، باب فی نسخ الکلام فی الصلوۃ ص ۹۲، نمبر ۴۰۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز میں زبان سے کلام کرنا جائز نہیں ہے۔حنفیہ کا مسلک یہ ہے کہ بھول سے بھی کلام کرے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

۔اشارے سے سلام کا جواب دینے کی ممانعت اس حدیث میں ہے۔ عن جابر بن سمرة قال کنا اذا صلینا مع رسول الله ﷺ قلنا السلام علیکم ورحمة الله ،السلام علیکم ورحمة الله واشار بیده الی الجانبین فقال رسول الله ﷺ علام تؤمون بایدیکم کانها اذناب خیل شمس انما یکفی احدکم ای یضع یده علی فخذه ثم یسلم علی اخیه من علی یمینه و شماله۔(مسلم شریف، باب الامر بالسکون فی الصلوۃ والنہی عن الاشارۃ بیدہ الخ ص ۱۸۱ نمبر ۴۳۱/ابوداؤد شریف، باب رد السلام فی الصلوۃ ص ۱۴۰ نمبر ۹۲۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ہاتھ کے اشارے سے بھی سلام کا جواب نہیں دینا چاہئے۔

**فائدہ**: بعض ائمہ کے نزدیک تھوڑے سے اشارے سے سلام کا جواب دینا جائز ہے۔وہ اس حدیث سے استدلال کرتے ہیں عن صهیب قال مررت برسول الله ﷺ وهو یصلی فسلمت علیه فرد الی اشارة وقال لا اعلم الا انه قال اشارة باصبعه۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاشارۃ فی الصلوۃ ص ۸۵ نمبر ۳۶۷/ابوداؤد شریف، باب رد السلام فی الصلوۃ ص ۱۴۰ نمبر ۹۲۵/ابوداؤد شریف، باب الاشارۃ فی الصلوۃ ص ۱۴۳ نمبر ۹۴۳/مسلم شریف، باب تحریم الکلام فی الصلوۃ نمبر ۵۴۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز میں ہاتھ کے اشارے سے سلام کا جواب دینا جائز ہے۔ہم کہتے ہیں کہ یہ پہلی احادیث کی وجہ سے

ل لانہ سلام معنی حتی لو صافح بنیۃ التسلیم تفسد صلاتہ (۴۳۷) ولایتربع الامن عذر ﴾ ل لان فیہ ترک سنۃ القعود. (۴۳۸) ولا یعقص شعرہ ﴾ ل وھو ان یجمع شعرہ علیٰ ھامتہ ویشدّہ بخیط

---

منسوخ ہے۔اس لئے مکروہ ہے۔البتہ چونکہ نہ یہ کلام ہے اور نہ عمل کثیر ہے اس لئے نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ ہاتھ سے اشارہ کرنا سلام کے معنی میں ہے۔ یہاں تک کہ اگر سلام کی نیت سے مصافحہ کیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے، کہ ہاتھ سے اشارہ کرنا سلام کے معنی میں ہے، اور ابھی گزرا کہ سلام کرنا مکروہ ہے، اسلئے اشارے سے جواب دینا بھی مکروہ ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اگر نماز میں سلام کی نیت سے مصافحہ کیا تو نماز فاسد ہو جائے گی ۔

**ترجمہ**: (۴۳۷) اور چار زانوں نہ بیٹھے۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ اس میں بیٹھنے کی سنت کو چھوڑنا ہے۔

**تشریح** : پالتی مار کر چار زانوں بیٹھنا مکروہ ہے۔اسلئے کہ سنت کا طریقہ یہ ہے کہ دائیں پاؤں کھڑا رکھے اور بائیں پاؤں بچھا کر اس پر بیٹھے۔ اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔

**وجہ** : (۱)فقال ابو حمید الساعدی.... فاذا جلس فی الرکعتین جلس علی رجلہ الیسری و نصب الیمنی واذا جلس فی الرکعۃ الآخرۃ قدم رجلہ الیسری ونصب الاخری وقعد علی مقعدتہ۔(بخاری شریف، باب سنۃ الجلوس فی التشہد ص ۱۱۴ نمبر ۸۲۸ رمسلم شریف، باب ما یجمع صفۃ الصلوۃ وما یفتتح بہ ص ۱۹۴ نمبر ۴۹۸ / ۱۱۱۰) مسلم شریف میں یہ حدیث حضرت عائشہؓ سے منقول ہے (۲)عن وائل بن حجر قال قدمت المدینۃ قلت لانظرن الی صلوۃ رسول اللہ ﷺ فلما جلس یعنی للتشہد افترش رجلہ الیسری ووضع یدہ الیسری یعنی علی فخذہ الیسری ونصب رجلہ الیمنی ۔(ترمذی شریف، باب کیف الجلوس فی التشہد ص ۶۵ نمبر ۲۹۲) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ تشہد میں دائیں پاؤں کو کھڑا رکھنا چاہئے اور بائیں پاؤں کو بچھا کر اس پر بیٹھنا چاہئے ۔اس لئے چار زانوں بیٹھنا مکروہ ہے۔(۳) اس اثر میں ہے۔قال عبد اللہ (بن مسعود) لان اجلس علی رضفین خیر من ان اجلس فی الصلوۃ متربعا (مصنف عبد الرزاق، باب الاقعاء فی الصلوۃ ج ثانی ص ۱۹۶ نمبر ۳۰۵۲)

**نوٹ**: کبھی کبھار حضورؐ اور صحابہ پالتی مار کر بیٹھتے تھے اس لئے یہ مکروہ تحریمی نہیں ہے۔عذر ہو تو ایسا بھی بیٹھنا جائز ہے۔

**ترجمہ**: (۴۳۸) اور نہ بال کا چوٹا باندھے۔

**ترجمہ** : ل عقص یہ ہے کہ اپنے بال کو اپنی پیشانی یا سر پر جمع کرے اور اسکو دھاگے سے باندھے، یا گوند سے چپکا دے۔

اوبصمغ ليتلبّد ۲ قد روى انه عليه السلام نهى ان يصلى الرجل وهو معقوص . (۴۳۹) ولا يكف ثوبه لانه ۱ نوع تجبر

**تشــريــح** : عورت کے لئے تو جائز ہے لیکن مرد پیشانی یا سر پر بال کا چوٹلا باندھ کر نماز پڑھے یہ مکروہ ہے۔ چوٹلا باندھنے کی دو صورتیں ہیں [۱] ایک صورت تو یہ ہے کہ سر پر یا پیشانی پر تمام بالوں کو جمع کرے اور اسکو دھاگے سے باندھ دے اور چوٹلا بنا دے ، [۲] دوسری صورت یہ ہے کہ ان بالوں کو سر پر جمع کر کے گوند سے جما دے ، یہ دونوں صورتیں مکروہ ہیں۔

**وجه** : (۱) مرد کے لئے یہ زینت کے خلاف ہے، اور اس میں بالوں کو سمیٹنا ہوگا جو حدیث میں ممنوع ہے۔ عن ابن عباس قال أمر النبي ﷺ أن يسجد على سبعة أعظم ، و لا يكف ثوبه و لا شعره ۔ (بخاری شریف، باب لا یکف شعراً، ص ۱۱۳، نمبر ۸۱۵ / مسلم شریف، باب أعضاء السجود والنھی عن کف الشعر والثوب، ص ۲۰۲، نمبر ۴۹۰ / ۱۰۹۵) اس حدیث میں ہے کہ نماز میں بال کو نہ سمیٹے، اور چوٹلا باندھنے میں بال کو سمیٹنا ہوتا ہے اسلئے یہ مکروہ ہوگا ۔ (۲) أنه رأى أبا رافع مولى النبي ﷺ مر بحسن بن علي عليهما السلام و هو يصلي قائما و قد غرز ضفره في قفاه ، فحلها أبو رافع فالتفت حسن اليه مغضباً فقال ابو رافع : أقبل على صلوتك و لا تغضب فاني سمعتُ رسول الله ﷺ : يقول : ذالك كفل الشيطان ، يعني مقعد الشيطان ـ يعني مغرز ضفره ۔ (ابو داود شریف، باب الرجل یصلی عاقصا شعرہ، ص ۱۰۲، نمبر ۶۴۶ / ترمذی شریف، باب ما جاء فی کف الشعر فی الصلوۃ، ص ۸۷، نمبر ۳۸۴) اس حدیث میں ہے کہ چوٹلا باندھنا شیطان کا کام ہے۔ (۳) مرد کے لئے بال گوندھنے میں عورت کی مشابہت ہے اسلئے بھی مکروہ ہے۔

**ترجمه** : ۲ حضور علیہ السلام سے روایت کی گئی ہے کہ آدمی کو چوٹلا باندھ کر نماز پڑھنے سے روکا۔

**وجه** : ۔ (۳) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ رأيت أبا رافع مولى رسول الله ﷺ .... و قال نهى رسول الله ﷺ أن يصلي الرجل و هو عاقص شعره ۔ (ابن ماجۃ شریف، باب کف الشعر والثوب فی الصلوۃ، ص ۱۴۶، نمبر ۱۰۴۲) اس حدیث میں ہے کہ مرد کے لئے سر پر جوڑا باندھ کر نماز پڑھنا مکروہ ہے

**لــغــت** : یعقص : عقص سے مشتق ہے، سر پر جوڑا باندھنا، اسی سے معقوص ہے، چپکا ہوا۔ ھامۃ : کھوپڑی، سر کا حصہ۔ یشد : باندھنا۔ صمغ : گوند۔ یتلبد : لبد سے مشتق ہے گوند سے کسی چیز کو چپکانا

**ترجمه** : (۴۳۹) اپنے کپڑے کو نہ سمیٹے۔

**ترجمه** : ۱ اسلئے کہ یہ ایک قسم کا تکبر ہے

**تشریح** : نماز میں بار بار کپڑا سمیٹنا مکروہ ہے اسلئے کہ یہ ایک قسم کا تکبر ہے۔

(۴۴۰)ولا يسدُل ﴾لـ ثوبه لانه عليه السلام نهى عن السدل ٢ وهو ان يجعل ثوبه على رأسه وكتفيه ثم يرسل اطرافه من جوانبه(۴۴۱) ولا يأكل ولايشرب ﴾

**وجه** : (۱) ابھی اوپر حدیث گزری کہ نماز میں کپڑا نہ سمیٹے۔حدیث یہ ہے۔عن ابن عباس قال أمر النبی ﷺ أن يسجد على سبعة أعظم ، و لا يكف ثوبه و لا شعره ۔(بخاری شریف، باب لا یکف شعرا،ص ۱۱۳،نمبر ۸۱۵/مسلم شریف، باب أعضاء السجود والنھی عن کف الشعر والثوب،ص ۲۰۲،نمبر ۱۰۹۵/۴۹۰)اس حدیث میں ہے کہ کپڑا نہ سمیٹے

**ترجمہ**: (۴۴۰) نہ کپڑا لٹکائے۔

**ترجمہ** : لـ اسلئے کہ حضور علیہ السلام نے سدل سے روکا

**تشریح** : کندھے پر کپڑا ڈال کر دونوں کناروں کو لٹکا ہوا چھوڑ دینا سدل ہے اور یہ مکروہ ہے۔

**وجہ** : صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی هريرة ان رسول الله ﷺ نهى عن السدل في الصلوة وان يغطى الرجل فاه ۔(ابوداؤد شریف، باب ماجاء فی السدل فی الصلوۃ ص ۱۰۱ نمبر ۶۴۳/ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ السدل فی الصلوۃ ص ۸۷ نمبر ۳۷۸)اس حدیث میں ہے کہ سدل کرنا مکروہ ہے۔

**ترجمہ** : ٢ سدل یہ ہے کہ کپڑا اپنے سر پر اور اپنے کندھے پر ڈالے پھر اسکے کنارے کو ہر جانب سے چھوڑ دے۔

**تشریح** : یہ سدل کی تفسیر فرمارہے ہیں، کہ سدل کی صورت یہ ہے کہ کپڑا اپنے سر پر اور کندھے پر ڈال دے اور اسکے تمام کنارے کو نیچے لٹکتا چھوڑ دے، اسکو سدل کہتے ہیں۔ لیکن اگر چادر کو یا رومال کو ایک پیچ دے دیا جائے تو اب سدل نہیں رہے گا[۱] اسکے مکروہ ہونے کی ایک وجہ یہ ہے کہ یہ یہود کا طریقہ ہے،[۲] اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اس طرح کپڑا لٹکا رہے تو نماز میں بار بار اسکو سمیٹنا پڑتا ہے جس سے خشوع خضوع میں فرق پڑے گا، اور پہلے حدیث گزر چکی ہے کہ بار بار کپڑے کو سمیٹنا مکروہ ہے اس لئے بھی مکروہ ہے۔

**نوٹ**:بعض علماء نے فرمایا کہ جسم پر قمیص یا ازار وغیرہ نہ ہو صرف ایک ہی کپڑا جسم پر ہو وہ بھی اس طرح کہ ذرا سا کھل جائے تو ستر نظر آجائے تو اس طرح کے کپڑے کو لٹکانا بھی سدل ہے اور یہ مکروہ ہے۔ترمذی شریف کی اس عبارت میں اسکی وضاحت ہے۔و قال بعضهم انما كره السدل في الصلوة اذا لم يكن عليه الا ثوب واحد ، فأما اذا سدل على القميص فلا بأس ، و هو قول أحمد ، و كره ابن المبارك السدل في الصلوة ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ السدل فی الصلوۃ ص ۸۷ نمبر ۳۷۸)اس عبارت میں ہے کہ ایک ہی کپڑا جسم پر ہو تو کپڑا لٹکا کر رکھنا مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: (۴۴۱) اور نماز میں نہ کھائے اور نہ پیئے۔

ل لانہ لیس من اعمال الصلوٰۃ فان اکل اوشرب عامدا اوناسیا فسدت صلاتہ ﴾ ل لانہ عمل کثیر وحالۃ الصلوۃ مذکّرۃ(۴۴۲) ولا بأس بان یکون مقام الامام فی المسجد وسجودہ فی الطاق ویکرہ ان یقوم فی الطاق

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ یہ نماز کے اعمال میں سے نہیں ہیں۔
پس اگر جان کر یا بھول کر کھایا یا پیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

**تشریح** : نماز میں بات کرنے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے تو اس پر قیاس کرتے ہوئے نماز میں جان کر یا بھول کر بھی کھایا یا پیا تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

**وجہ** : اثر میں ہے۔ عن الثوری عمن سمع عطاء قال : لا یأکل و لا یشرب و ہو یصلی ، فان فعل أعاد۔( مصنف عبد الرزاق، باب الأکل والشرب فی الصلوۃ، ج ثانی، ص۳۳۲، نمبر ۳۵۷۹ ) اس اثر میں ہے کہ نماز میں کھائے گا یا پیے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی اسلئے نماز دوبارہ پڑھے۔ اور چونکہ جان کر یا بھول کر کی قید نہیں ہے اسلئے جان کر کھائے گا یا بھول کر کھائے گا دونوں صورتوں میں نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ یہ عمل کثیر ہے، اور نماز کی حالت یاد دلانے والی ہے [اسلئے بھول کر بھی نماز میں کھائے گا تو نماز فاسد ہو جائے گی]

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ نماز کی حالت یاد دلانے والی ہے اسلئے اس میں بھول کر کھانا عذر نہیں ہے، اس سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : (۴۴۲) اور کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ امام مسجد میں کھڑا ہو اور انکا سجدہ محراب میں ہو۔ اور خود امام کو محراب میں کھڑا ہونا مکروہ ہے۔

**تشریح** : طاق کا معنی محراب ہے۔ امام محراب میں کھڑا ہو اور سجدہ بھی محراب میں کرے تو یہ مکروہ ہے۔ لیکن اگر امام مسجد میں اس طرح کھڑا ہو کہ پاؤں مسجد میں ہو اور جب سجدے میں جائے تو سجدہ محراب میں ہو جاتا ہو تو یہ جائز ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اس صورت میں امام کی حالت عام مقتدی کی ہو گئی ہے اور کوئی خصوصیت نہیں رہی اسلئے یہ جائز ہے۔

**وجہ** : (۱) امام محراب میں ہو تو اس صورت میں مقتدی سے امام کی ایک اہم خصوصیت ہو جاتی ہے اسلئے یہ مکروہ ہے۔ (۲) عن ابراہیم کان یکرہ أن یصلی فی طاق الامام ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب صلوۃ الامام فی الطاق، ج ثانی، ص ۴۱۲، نمبر ۳۸۹۹ رمصنف ابن ابی شیبۃ ۲۷۸ الصلوۃ فی الطاق، جاول، ص ۴۰۹، نمبر ۴۶۹۷) اس اثر میں ہے کہ امام طاق یعنی محراب میں ہو تو یہ مکروہ

ل لانه يشبه صنيع اهل الكتاب من حيث تخصيص الامام بالمكان بخلاف ماإذاكان سجوده في الطاق (۴۴۳) ويكره ان يكون الامام وحده على الدكان لما قلنا وكذاعلى القلب

---

ہے۔البتہ امام محراب سے باہر ہواور سجدہ محراب کے اندر کرتا ہو،تو چونکہ اس صورت میں امام کی کوئی خصوصیت نہیں رہی اسلئے یہ جائز ہے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ محراب میں کھڑا ہونا اہل کتاب کے طریقے کے مشابہ ہے اسلئے کہ امام کو مکان کی تخصیص ہوگئی بخلاف جبکہ صرف سجدہ محراب میں ہو

**تشریح**: عام لوگوں سے الگ تھلگ کھڑا ہونا اہل کتاب کا طریقہ ہے،اسلئے اسکی مشابہت اچھی نہیں۔کیونکہ اس میں ایک قسم کی خصوصیت ہے۔ہاں امام مسجد میں کھڑا ہواور صرف سجدہ محراب میں کرے تو کوئی بات نہیں ہے۔

**وجہ**: اس حدیث میں اسکا اشارہ ہے۔عن موسى الجهني قال : قال رسول الله ﷺ لا تزال هذه الامة أو قال أمتي بخير ما لم يتخذوا في مساجدهم مدائح كمدائح النصارى . (مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۷۸ الصلوۃ فی الطاق، ج اول،ص ۴۰۹،نمبر ۴۶۹۹)اس اثر میں ہے کہ مسجدوں میں نصاری کی طرح محراب بنانا اچھی بات نہیں ہے۔مدائح کا معنی ہے، محراب۔

**ترجمہ**: (۴۴۳)اور امام اکیلے اونچی جگہ پر ہو تو یہ مکروہ ہے[اس بناء جو میں نے پہلے کہا]اور ایسے ہی اسکا الٹا[یعنی اکیلے امام نیچے ہو]

**تشریح**: امام کے ساتھ دو چار آدمی بھی اونچی جگہ پر ہو تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے لیکن تنہا امام اونچی جگہ پر ہو تو اس میں اس میں اہل کتاب کی طرح ایک خصوصیت ہے اسلئے یہ بھی مکروہ ہے۔اسی طرح مقتدی اونچی جگہ پر ہواور صرف امام نیچی جگہ پر ہو تو اس میں امام کی توہین ہے اسلئے یہ بھی مکروہ ہے۔

**وجہ**: اس حدیث میں ہے۔أنه كان مع عمار بن ياسر بالمدائن ....قال له حذيفة : ألم تسمع رسول الله ﷺ يقول : اذا أم الرجل القوم فلا يقم في مكان أرفع من مقامهم . أو نحو ذالک قال عمار : لذالک اتبعتک حين أخذت على يدي ۔(ابوداود شریف، باب الامام یقوم مکانا ارفع من مکان القوم،ص ۹۸،نمبر ۵۹۸ رمستدرک للحاکم، باب ومن کتاب الامامۃ وصلاۃ الجماعۃ، ج اول،ص ۳۲۹،نمبر ۷۶۰)اس حدیث میں ہے کہ امام اونچی جگہ پر ہواور مقتدی نیچی جگہ پر ہو یہ اچھا نہیں ہے،اسی طرح اکیلا امام نیچی جگہ پر ہو تو اس میں امام کی توہین ہے اسلئے یہ بھی مکروہ ہے۔

اگر کسی مسئلے کو سمجھانے کے لئے اونچی جگہ پر نماز پڑھی تو مکروہ نہیں ہے۔اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ أن رجالاً أتوا سهل

ل في ظاهر الرواية لانه ازدراء بالامام(۴۴۴)ولابأس ان يصلي الى ظهر رجل قاعد يتحدث ﴾
ل لان ابن عمرؓ ربما كان يستتر بنافع في بعض اسفاره

---

ابن سعدالساعدی ....ثم رأيت رسول الله ﷺ صلى عليها و كبر و هو عليها ثم ركع و هو عليها ثم نزل القهقرى فسجد في أصل المنبر ، ثم عاد ، فلما فرغ أقبل على الناس فقال : أيها الناس انما صنعت هذا لتأتموا بي و لتعلموا صلاتي ۔(بخاری شریف، باب الخطبہ علی المنبر ،ص ۱۴۷،نمبر ۹۱۷)اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے منبر کے اوپر نماز پڑھی،لیکن خود حدیث میں ہے کہ یہ لوگوں کو بتلانے کے لئے تھا اسلئے جائز ہے ورنہ عام حالات میں اکیلا اونچائی پر نماز پڑھنا مکروہ ہے۔

**ترجمہ** : ل ظاہر روایت میں،اسلئے کہ اس میں امام کی توہین ہے ۔

**تشریح** : ظاہر روایت یہی ہے کہ اکیلا امام کے نیچے رہنے میں امام کی توہین ہے اسلئے یہ بھی مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: (۴۴۴) کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ بیٹھ کر بات کرنے والے مرد کے پیچھے نماز پڑھے۔

**تشریح** : کوئی آدمی بیٹھ کر بات کر رہا ہو تو اسکے پیچھے نماز پڑھے تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔البتہ اگر اتنی زور زور سے باتیں کر رہے ہوں کہ خشوع خضوع ختم ہونے کا خطرہ ہو تو انکے پیچھے نماز نہ پڑھے تو اچھا ہے،اسی طرح اگر باتیں کرنے والے کا چہرہ نمازی کی طرف ہو تب بھی نماز نہ پڑھے کیونکہ دیکھنے والے کو شبہ ہو سکتا ہے کہ اسی آدمی کی عبادت کر رہا ہو

**وجہ**: آدمی سامنے ہو تو اسکے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔عن عائشة أن النبي ﷺ كان يصلي من الليل و أنا معترضة بينه و بين القبلة كاعتراض الجنازة ۔(ابن ماجۃ ،باب من صلی وبینہ وبین القبلۃ شیء،ص ۱۳۵، نمبر ۹۵۶؍ابو داود شریف، باب من قال :المرأۃ لا تقطع الصلوۃ،ص ۱۱۱،نمبر ۷۱۱ )اس حدیث میں ہے کہ کوئی آدمی سامنے ہو تو اسکے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے۔(۲)اس اثر میں ہے بیٹھنے والے کے پیچھے نماز پڑھی۔اثر یہ ہے عن نافع أن ابن عمر كان يقعد رجلاً فيصلي خلفه و الناس يمرون بين يدي ذالك الرجل ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،۵۸ الرجل یستتر اذا صلی الیہ أم لا ؟،ج اول،ص ۲۵۰،نمبر ۲۸۸۱) اس اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ حضرت نافع جو بیٹھے ہوئے ہوتے انکے پیچھے نماز پڑھتے تھے، جس سے معلوم ہوا کہ بیٹھنے والے کے پیچھے نماز پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ حضرت ابن عمرؓ بعض سفر میں حضرت نافعؒ کو سامنے بیٹھاتے اور پردہ کرتے۔

**تشریح** : صاحب ہدایہ کا اثر یہ ہے۔عن نافع قال : كان ابن عمر اذا لم يجد سبيلا الى سارية من سواری المسجد قال لي : ولني ظهرك ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،۵۸ الرجل یستتر اذا صلی الیہ أم لا؟،ج اول،ص ۲۵۰،نمبر ۲۸۷۸)

(۴۴۵) ولابأس بان یصلی وبین یدیه مصحف معلّق اوسیف معلق ﴾ ل لانهما لا یعبدان وباعتباره تثبت الکراهة. (۴۴۶) ولابأس بان یصلی علی بساط فیه تصاویر ﴾ ل لان فیه استهانة بالصور

اس اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ حضرت نافعؓ کو اپنے سامنے بیٹھاتے اور نماز پڑھتے۔

اور خشوع خضوع میں خلل ہو تو بات کرنے والے کے پیچھے نماز نہ پڑھے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ حدثنی عبد الله بن عباس أن النبی ﷺ قال : لا تصلوا خلف النائم و لا المتحدث۔ (ابوداود شریف باب الصلوۃ الی المتحدثین والنیام، ص ۱۰۸، نمبر ۶۹۴ / ابن ماجۃ، باب من صلی و بینه و بین القبلۃ شیء، ص ۱۳۵، نمبر ۹۵۹) اس حدیث میں ہے کہ بات کرنے والے کے پیچھے نماز نہ پڑھے۔

**ترجمہ**: (۴۴۵) اور کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ اس حال میں نماز پڑھے کہ اسکے سامنے قرآن لٹکا ہوا ہو، یا تلوار لٹکی ہوئی ہو۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کی ان دونوں کی عبادت نہیں کی جاتی، اور اسی عبادت کی وجہ ہی سے کراہیت ثابت ہوتی ہے۔

**تشریح**: سامنے قرآن لٹکا ہوا ہو، یا رکھا ہوا ہو، یا تلوار رکھی ہوئی ہو یا لٹکی ہوئی ہو اور اسکے سامنے نماز پڑھے تو مکروہ نہیں ہے۔

**وجہ**: (۱) اسکی ایک وجہ صاحب ھدایہ نے بیان کی ہے کہ کراہیت عبادت کرنے سے ہوتی ہے اور ان دونوں کی مسلمان عبادت نہیں کرتا اسلئے انکے سامنے ہونے سے کراہیت نہیں ہوگی۔ (۲) دوسری وجہ یہ حدیث ہے۔ عن ابن عمر ان رسول الله ﷺ کان اذا خرج یوم العید أمر بالحربة فتوضع بین یدیه ، فیصلی الیها و الناس ورائه ، و کان یفعل ذالک فی السفر۔ (مسلم شریف، باب سترۃ المصلی والندب الی الصلوۃ الی سترۃ، ص ۱۹۵، نمبر ۱۱۱۵/۵۰۱ / بخاری شریف، باب حمل العنزۃ أو الحربۃ بین یدی الامام یوم العید، ص ۱۵۶، نمبر ۹۷۳) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ اپنے سامنے نیزہ رکھتے اور اسکے سامنے نماز پڑھتے، جس سے معلوم ہوا کہ سامنے تلوار یا ہتھیار ہو تو نماز پڑھنا جائز ہے۔ اور اسی پر قیاس کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ سامنے قرآن کریم ہو تو بھی نماز جائز ہوگی، کیونکہ مسلمان انکی عبادت نہیں کرتے۔

**ترجمہ**: (۴۴۶) اور کوئی حرج کی بات نہیں ہے ایسے بچھونے پر نماز پڑھنے میں جس میں تصویر ہو۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ اس میں تصویر کی توہین ہے۔

**تشریح**: بچھونے پر تصویر ہو اور اس تصویر پر پاؤں رکھکر نماز پڑھے اور اس تصویر پر سجدہ نہ کرے تو یہ جائز ہے۔ یہ مسئلہ اس قاعدے پر ہے کہ جس صورت میں تصویر کی توہین ہوتی ہو تو جائز ہے، اور جس صورت میں تصویر کی تعظیم ہوتی ہو اس صورت میں جائز نہیں ہے۔

(۴۴۷)ولا يسجد على التصاوير ﴾ ۱ لانه يشبه عبادة الصورة ۲ واطلق الكراهية فى الاصل لان المصلّى معظم

**وجه** : (۱) تصویر حرام ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اسکی عبادت نہ کی جائے اور اسکی تعظیم نہ ہو بلکہ توہین ہو، اب تصویر والی جائے نماز پر اس طرح پاؤں رکھا کہ تصویر کی توہین ہو تو جائز ہے۔ (۲) اس حدیث میں اسکا اشارہ ہے۔ سمعت عائشةؓ : قدم رسول الله ﷺ من سفر و قد سترت ُبقرام لی علی سهوة لی فيها تماثيل فلما رأه رسول الله ﷺ و قال أشد الناس عذابا يوم القيامة الذين يضاهون بخلق الله ، قالت : فجعلناه وسادة أو وسادتين . (بخاری شریف، باب ماوطی من التصاویر، ص ۱۰۴۳، نمبر ۵۹۵۴ رمسلم شریف، باب تحریم تصویر صورة الحیوان الخ۔ کتاب اللباس و الزینۃ، ص ۹۴۱، نمبر ۲۱۰۷ ر ۵۵۳۱) اس حدیث میں ہے کہ پردے کو تکیہ بنا دیا، اور تکیہ کو روندا جاتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ اگر جائے نماز کے اوپر تصویر ہو اور اسکو روندا جائے تو اس طرح اس تصویر والے جائے نماز پر نماز پڑھنا جائز ہے۔ اس لئے کہ تصویر کی توہین ہوگئی۔

**ترجمہ** : (۴۴۷) اور تصویر پر سجدہ نہ کرے۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ تصویر کی عبادت کے مشابہ ہے۔

**تشریح** : اوپر فرمایا کہ تصویر والی جائے نماز پر نماز جائز ہے، لیکن خود تصویر پر سجدہ نہ کرے کیونکہ اسکا مطلب یہ ہوگا کہ خود تصویر کی عبادت کر رہا ہے، اور پہلے قاعدہ گزر چکا ہے کہ تصویر کی تعظیم کی شکل جائز نہیں، البتہ توہین کرنے کی شکل میں جائز ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اور اصل [یعنی مبسوط میں] کراہیت کو مطلق رکھا ہے اسلئے کہ جائے نماز عظمت کی چیز ہے۔

**تشریح**: اوپر متن میں تو یہ تھا کہ تصویر والی جائے نماز پر نماز پڑھنے میں کوئی مضائقہ نہیں ہے ، البتہ تصویر پر سجدہ نہ کرے۔ لیکن مبسوط میں یہ لکھا ہوا ہے کہ تصویر والی جائے نماز پر نماز پڑھنا مطلقا مکروہ ہے۔ یعنی تصویر پر سجدہ کرے تب بھی مکروہ ہے اور نہ کرے تب بھی مکروہ ہے۔

**وجہ** : (۱) اسکی ایک وجہ یہ ہے کہ جائے نماز معظم اور محترم چیز ہے اسلئے اس میں تصویر ہو تو مکروہ ہوگی چاہے اس پر سجدہ کرے یا نہ کرے۔ (۲) اور اوپر میں جو حدیث گزری حضرت عائشہؓ نے پردے کو تکیہ بنا دیا تو اسکا جواب یہ دیتے ہیں کہ پردے کو اس طرح پھاڑا کہ تصویر باقی نہیں رہی بلکہ تصویر کا بھی دو ٹکڑا ہو گیا اور اسکی آنکھ کان مٹ کر درخت سا بن گیا اسلئے اسکا تکیہ بنانا جائز ہو گیا ۔(۳) وہ اس حدیث کے عموم سے استدلال کرتے ہیں ۔عن عائشة قالت حشوت ُللنبی ﷺ وسادة فيها تماثيل كانها نمرقة ، فجاء فقام بين الناس و جعل يتغير وجهه فقلت ُما لنا يا رسول الله ؟ قال :ما بال هذه الوسادة؟ قلت ُوسادة جعلتها لک لتضطجع عليها قال أما علمتِ أن الملائكة لا تدخل بيتاً فيه صورة و

(۴۴۸)ویکرہ ان یکون فوق رأسه فی السقف اوبین یدیه اوبحذائه تصاویر اوصورۃ معلقة ﴾ 
۱ لحدیث جبریل انا لاندخل بیتا فیه کلب اوصورۃ

ان من صنع الصورۃ یعذب یوم القیامة فیقول : أحیوا ما خلقتم ۔(بخاری شریف، باب اذا قال احدکم آمین والملائکة فی السماء فوافقت احدھما الاخری غفرلہ ماتقدم من ذنبہ، ص ۵۳۸، نمبر ۳۲۲۴ رمسلم شریف، باب تحریم تصویر صورۃ الحیوان الخ۔ کتاب اللباس والزینة، ص ۹۴۱، نمبر ۲۱۰۷ / ۵۵۲۰) اس حدیث میں ہے کہ بستر اور کپڑے پر بھی جاندار کی تصویر ہو تو اسکو استعمال کرنا مکروہ ہے۔

**ترجمہ** : (۴۴۸) اور مکروہ ہے کہ سر کے اوپر چھت میں تصویر ہو، یا نمازی کے سامنے [سجدے کی جگہ] تصویر ہو، یا اسکے آگے تصویر ہو، یا تصویر لٹکی ہوئی ہو۔

**ترجمہ** : ۱ حضرت جبریلؑ کی حدیث کی وجہ سے کہ میں ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتا جس میں کتا یا تصویر ہو۔

**تشریح** : اوپر متن میں تھا کہ جائے نماز میں تصویر مکروہ ہے۔ اب یہ بتا رہے ہیں کہ [۱] نمازی کے سر کے اوپر چھت میں تصویر ہو تب بھی مکروہ ہے [۲] نمازی کے سامنے سجدے کی جگہ تصویر ہو تب بھی مکروہ ہے۔ [۳] نمازی کے دائیں بائیں تصویر ہو تب بھی مکروہ ہے۔ [۴] نمازی کے سامنے دیوار پر تصویر ہو تب بھی مکروہ ہے۔ [۵] یا سامنے دیوار کے ساتھ لٹکی ہوئی تصویر ہو تب بھی مکروہ ہے۔ البتہ تصویر نمازی کے پیچھے ہو، یا قدم کے نیچے رگڑی جا رہی ہو تب مکروہ نہیں ہے، کیونکہ اس میں تصویر کی توہین ہے، البتہ گھر میں تصویر ہونے کا گناہ ضرور ہوگا۔

**وجہ** : (۱) اوپر کی پانچ شکلوں میں تصویر کی تعظیم ہے اسلئے اس صورت میں نماز مکروہ ہوگی۔ اور تصویر نمازی کے پیچھے ہو یا قدم کے نیچے ہو تو اسکی توہین ہے اسلئے نماز مکروہ نہیں ہوگی۔ البتہ تصویر کو گھر میں بھی رکھنے کی ممانعت ہے اسلئے گھر کے کسی بھی حصے میں ہو تو اسکا رکھنا مکروہ ہو گا۔

(۲) اوپر حضرت عائشہؓ کی حدیث گزری کہ دیوار پر پردہ تھا اور اس میں تصویر تھی تو آپ ﷺ نے کراہیت کا اظہار فرمایا، کیونکہ اس میں اسکی تعظیم تھی اور اسکو تکیہ بنا دیا جس سے تصویر کو روندا جائے تو جواز کا درجہ ہوا حدیث یہ ہے۔ **سمعت عائشةؓ : قدم رسول الله ﷺ من سفر و قد سترت بقرام لی علی سهوة لی فیها تماثیل فلما رأہ رسول الله ﷺ و قال أشد الناس عذابا یوم القیامة الذین یضاهون بخلق الله ، قالت : فجعلناہ وسادۃ أو وسادتین .** (بخاری شریف، باب ما وطی من التصاویر، ص ۱۰۴۳، نمبر ۵۹۵۴ رمسلم شریف، باب تحریم تصویر صورۃ الحیوان الخ۔ کتاب اللباس والزینة، ص ۹۴۱، نمبر ۲۱۰۷ / ۵۵۳۱) اس حدیث میں ہے کہ تصویر دیوار کے پردے پر تھی تو اس سے ناراضگی کا اظہار فرمایا، اور اسکا تکیہ بنا دیا جس سے روندا

**۲؎ ولو كانت الصورة صغيرة بحيث لاتبدوللناظر لا يكره لان الصغار جدالاتعبد(۴۴۹) واذا كان التمثال مقطوع الرأس اى محو الراس فليس بتمثال ﴾**

جائے تو آپؐ نے کچھ نہیں کہا(۳) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے. سمعت أبا طلحة يقول : سمعت رسول الله ﷺ يقول : لا تدخل الملائكة بيتاً فيه كلب و لا صورة تماثيل ۔(بخاری شریف، باب اذا قال أحدکم آمین والملائکۃ فی السماء فوافقت احداھما الاخری غفرلہ ماتقدم من ذنبہ، ص ۵۳۸ نمبر ۳۲۲۵ رمسلم شریف، باب تحریم صورۃ الحیوان، الخ، ص ۹۴۰، نمبر ۲۱۰۴/۵۵۱۱)اس حدیث میں ہے کہ ذی روح کی تصویر جہاں ہو وہاں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور اگر تصویر اتنی چھوٹی ہو کہ دیکھنے والے کو نظر نہ آتی ہو تو مکروہ نہیں ہے اسلئے کہ بہت چھوٹی تصویر کی عبادت نہیں کی جاتی۔

**تشریح**: اگر نمازی آگے پیچھے، یا دائیں بائیں اتنی چھوٹی تصویر ہے کہ دیکھنے والے کو نظر نہیں آتی تو اسکے سامنے نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہے ۔

**وجہ** : اسکی وجہ یہ ہے کہ اس تصویر کا سامنے ہونا مکروہ ہے جس کی عبادت کی جاتی ہو، اور بہت چھوٹی تصویر جو دیکھنے والے کو نظر بھی نہ آتی ہو اسکی عبادت نہیں کی جاتی اسلئے اسکے سامنے نماز پڑھنا مکروہ نہیں ہے۔تاہم گھر میں تصویر رکھنے کی کراہیت ہوگی۔

**ترجمہ** : (۴۴۹)اگر ذی روح تصویر کا سر کٹا ہوا ہو، یعنی سر مٹا ہوا ہو تو وہ اب ذی روح تصویر نہیں ہے۔

**تشریح** : ذی روح کی تصویر بنتی ہے سر سے، اور اگر سر نہ ہو تو نہ اسکی عبادت کی جاتی ہے اور نہ وہ ذی روح تصویر بنتی ہے، بلکہ وہ ایک درخت کی طرح ہوگئی۔اسلئے ذی روح کی تصویر سر کٹی ہوئی ہو یا سر مٹی ہوئی ہو تو گھر میں اسکا رکھنا بھی جائز ہے اور وہ سامنے ہو تو نماز مکروہ نہیں۔

**وجہ**: (۱)سر کٹی ہوئی تصویر کی عبادت نہیں کی جاتی اسلئے وہ مکروہ نہیں۔(۲)حدثنا ابو هريرة قال : قال رسول الله ﷺ أتاني جبرائيل فقال لي : أتيتك البارحة فلم يمنعني أن اكون دخلت الا أنه كان على الباب تماثيل و كان في البيت قرام ستر فيه تماثيل و كان في البيت كلب ، فمر برأس التمثال الذي في باب البيت يقطع فيصير كهيئة الشجرة و مر بالستر فليقطع فليجعل منه و سادتين منبوذتين توطآن و مر بالكلب فليخرج ففعل رسول الله ﷺ . (ابوداؤد شریف، باب فی الصور، ص ۵۸۳، نمبر ۴۱۵۸)اس حدیث میں ہے کہ تصویر کا سر کٹا ہوا ہو تو وہ درخت کی طرح ہو جاتا ہے۔(۳) حضرت عائشہؓ نے اوپر والی حدیث میں پردہ پھاڑ دیا اور تصویر کے سر کا ٹکڑا کر دیا اور اسکو تکیہ بنا دیا تو جائز ہوگیا۔یہ حدیث اوپر گزر گئی۔

ل لانه لاتعبد بدون الرأس وصار كما اذا صلى الىٰ شمع اوسراج علىٰ ما قالوا(۴۵۰) ولو كانت الصورة علىٰ وسادة ملقاة اوعلىٰ بساط مفروش لايكره ﴾ ل لانها تداس وتوطأ ع بخلاف مااذا كانت الوسادة منصوبة او كانت على الستر لانه تعظيم لها

(۴) اس حدیث میں ہے کہ درخت کی تصویر ہو تو کوئی بات نہیں ہے۔ عن ابن عباس .... سمعت رسول الله ﷺ يقول : كل مصور فى النار يجعل له بكل صورة صورها ، نفساً فتعذبه فى جهنم ،

و قال ان كنت لا بد فاعلاً فاصنع الشجر و ما لا نفس له .فأقر به نصر بن على (مسلم شریف، باب تحریم تصویر صورة الحيوان الخ۔ کتاب اللباس والزينة، ص ۹۴۱، نمبر ۵۵۴۰/۲۱۱۰) اس حدیث میں ہے کہ اگر تصویر بنانا ہی ہو تو ذی روح کے علاوہ کی تصویر بنائے۔ جس سے معلوم ہوا کہ ذی روح کا سر کاٹ دیا جائے تو وہ درخت کے درجے میں ہوگا، اور وہ سامنے ہو تو مکروہ نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ بغیر سر کے تصویر کی عبادت نہیں کی جاتی، اور ایسا ہو گیا کہ موم بتی یا چراغ کی طرف نماز پڑھی جیسا کہ لوگوں نے کہا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ بغیر سر کے تصویر کی عبادت نہیں کی جاتی اسلئے سر نہ ہو تو وہ تصویر نہیں رہی، تو ایسا سمجھو کہ چراغ یا شمع کی طرف نماز پڑھی، اور چراغ یا موم بتی کی طرف نماز پڑھنا جائز ہے تو سر کٹے ہوئے تصویر کی طرف بھی جائز ہے۔

**لغت** : تمثال: ذی روح تصویر۔ محو: مح سے مشتق ہے، مٹانا۔ شمع: موم بتی۔ سراج: چراغ۔

**ترجمہ** : (۴۵۰) اور اگر تصویر پڑا ہوا تکیہ پر ہو یا بچھا ہوا بچھونے پر ہو تو مکروہ نہیں ہے

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ تکیہ اور بچھونا روندا اور بچھایا جاتا ہے۔

**تشریح** : اگر تصویر پڑا ہوا تکیہ پر ہو یا بچھا ہوا بچھونے پر ہو تو چونکہ اس صورت میں تصویر کی توہین ہو رہی ہے اسلئے اس پر نماز مکروہ نہیں ہے۔

**وجہ** : اوپر حدیث میں اسکا اشارہ گزرا کہ تصویر کی توہین ہو رہی ہو تو اسکی گنجائش ہے۔ فليجعل منه و سادتين منبوذتين توطآن و مر بالكلب فليخرج ففعل رسول الله ﷺ . (ابوداود شریف، باب فی الصور، ص ۵۸۳، نمبر ۴۱۵۸) کہ تصویر کو پھاڑ کر تکیہ بنا دو جو نیچے پڑا ہوا ہو اور روندا جائے۔

**ترجمہ**: ع بخلاف جبکہ تکیہ کھڑا ہو، یا پردے پر ہو اسلئے کہ اسکی تعظیم ہے۔

**تشریح** : اگر تکیہ سامنے کھڑا ہو تو اس صورت میں تصویر کی تعظیم ہے، اسی طرح دیوار پر لٹکا ہوا پردا ہو تو اس صورت میں بھی تصویر

۳؎ واشدها كراهة ان تكون امام المصلى ثم من فوق راسه ثم علىٰ يمينه ثم علىٰ شماله ثم خلفه

(۴۵۱) ولو لبس ثوبًا فيه تصاوير يكره ﴾ ۱؎ لانه يشبه حامل الصنم ۲؎ والصلوة جائزة فى جميع ذلك لا ستجماع شرائطها

کی تعظیم ہے، اسلئے ان صورتوں میں اسکی طرف نماز پڑھنا مکروہ ہے۔ اور دلیل اوپر والی حدیث ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ اشد کراہیت اس صورت میں ہے جبکہ تصویر نمازی کے سامنے ہو، پھر جبکہ اسکے سر کے اوپر ہو، پھر جبکہ اسکی دائیں جانب ہو، پھر جبکہ اسکی بائیں جانب ہو، پھر جبکہ اسکے پیچھے ہو۔

**تشریح** : یہاں یہ بتا رہے ہیں کہ کس صورت میں کراہیت زیادہ ہے اور کس صورت میں کم ہے۔ اسلئے فرماتے ہیں کہ تصویر نمازی کے سامنے ہو تو اس میں کراہیت بہت زیادہ ہے، اس سے کم اس صورت میں ہے جبکہ نمازی کے سر کے اوپر ہو، اس سے کم ہے جبکہ نمازی کی دائیں جانب ہو، اور اس سے کم ہے جب نمازی کی بائیں جانب ہو، اور اس سے کم ہے جب نمازی کے پیچھے تصویر ہو۔

**وجه** : (۱) سامنے تصویر ہو تو زیادہ کراہیت اس لئے ہے کہ اس میں اسکی عبادت کا پہلو زیادہ واضح ہے۔ (۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ عن انسؓ قال : كان قرام لعائشة سترت به جانب بيتها ، فقال لها النبى ﷺ : أميطى عنى فانه لا تزال تصاويره تعرض لى فى صلاتى . (بخاری شریف، باب کراهية الصلوة فی التصاویر، ص ۱۰۴۳، نمبر ۵۹۵۹) اس حدیث میں ہے کہ سامنے تصویر تھی تو اسکو دور کرنے کے لئے فرمایا۔

**ترجمہ** : (۴۵۱) اور اگر ایسا کپڑا پہنا جس میں تصویر ہو تو مکروہ ہے

**ترجمہ** ۔ ۱؎ اسلئے کہ بت کو اٹھانے والے کی طرح ہو گیا۔

**تشریح** : کسی نے ایسا کپڑا پہنا جس میں تصویر ہو تو یہ مکروہ ہے، اور اسکی وجہ یہ ہے کہ کپڑے کو پہنتے وقت ایسا لگتا ہے کہ وہ تصویر کو اٹھائے پھر رہا ہے، اور اس میں اسکی تعظیم ہوتی ہے اسلئے یہ مکروہ ہے۔

**وجه** : (۱) اس حدیث میں ہے۔ عن عائشةؓ أنها اشترت نمرقة فيها تصاوير فقام النبى ﷺ بالباب فلم يدخل فقلت أتوب الى الله مما أذنبت قال : ما هذه النمرقة ؟ قلت لتجلس عليها و توسدها قال ان أصحاب هذه الصورة يعذبون يوم القيامة ۔ (بخاری شریف، باب من کرہ القعود علی الصورة، ص ۱۰۴۳، نمبر ۵۹۵۷) اس حدیث میں ہے کہ تصویر والے کپڑے پر آپؐ نے بیٹھنا پسند نہیں فرمایا، جب تصویر والے کپڑے پر بیٹھنا مکروہ ہے تو اسکو پہننا بدرجہ اولی مکروہ ہے

**ترجمہ** : ۲؎ اور نماز ان تمام صورتوں میں جائز ہے، اسلئے کہ تمام شرائط جمع ہیں۔

**تشریح** : ان تمام صورتوں میں جن میں نماز مکروہ ہیں وہ نماز جائز ہیں، اسلئے کہ نماز کے اندر کی تمام شرائط موجود ہیں، البتہ چونکہ

۳؎ وتعاد علیٰ وجه غیر مکروه وهو الحکم فی کل صلوٰة ادیت مع الکراهة(۴۵۲) ولایکره تمثال غیرذی الروح لانه لایعبد. (۴۵۳)ولا بأس بقتل الحیة والعقرب فی الصلوة ۱؎ لقوله علیه السلام اقتلوا الاسودین ولو کنتم فی الصلوة

---

خامی ہے اسلئے نمازی کودوبارہ صحیح طور پرنماز پڑھ لینی چاہئے تاکہ ادا کی ہوئی نماز مکروہ باقی نہ رہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ نماز بغیر مکروہ کے طور پر لوٹائی جائے ، یہی حکم ان تمام نمازوں میں ہے جو کراہیت کے ساتھ ادا کی گئی ہو۔

**تشریح** : جونماز کراہیت کے ساتھ ادا کی گئی ہو اسکو دوبارہ ادا کر لینی چاہئے۔ پس اگر مکروہ تنزیہی کے ساتھ نماز ادا کی ہو تو دوبارہ ادا کر لینا مستحب ہے اور مکروہ تحریمی کے ساتھ ادا کی ہو تو دوبارہ ادا کر لینا واجب ہے کیونکہ بہت کمی کے ساتھ نماز ادا کی تھی۔

**ترجمہ** : (۴۵۲) غیر ذی روح کی تصویر مکروہ نہیں ہے۔ ۱؎ اسلئے کہ غیر ذی روح تصویر کی عبادت نہیں کی جاتی ہے۔

**تشریح** : چونکہ غیر ذی روح کی تصویر کی عبادت نہیں کی جاتی ہے اسلئے اسکی تصویر مکروہ نہیں ہے۔

**وجہ** : (۱) اس حدیث میں ہے۔ اس حدیث میں ہے کہ درخت کی تصویر ہو تو کوئی بات نہیں ہے۔ عن ابن عباس .... سمعتُ رسول اللہ ﷺ یقول : کل مصور فی النار یجعل له بکل صورة صورها ، نفساً فتعذبه فی جهنم ،و قال ان کنتَ لا بد فاعلاً فاصنع الشجر و ما لا نفس له .فأقر به نصر بن علی (مسلم شریف، باب تحریم تصویر صورۃ الحیوان الخ۔ کتاب اللباس والزینۃ ،ص ۹۴۱،نمبر ۵۵۴۰/۲۱۱۰ ) اس حدیث میں ہے کہ اگر تصویر بنانا ہی ہو تو ذی روح کے علاوہ کی تصویر بنائے وہ جائز ہے۔ (۲) حدثنا ابو هریرة قال : قال رسول الله ﷺ أتانی جبرائیل فقال لی : أتیتک البارحة فلم یمنعنی أن اکون دخلتُ الا أنه کان علی الباب تماثیل و کان فی البیت قرام ستر فیه تماثیل و کان فی البیت کلب ، فمر برأس التمثال الذی فی باب البیت یقطع فیصیر کهیئة الشجر ة و مر بالستر فلیقطع فلیجعل منه و سادتین منبوذتین توطآن و مر بالکلب فلیخرج ففعل رسول الله ﷺ . (ابو داود شریف، باب فی الصور، ص ۵۸۴، نمبر ۴۱۵۸ ) اس حدیث میں ہے کہ درخت کی مانند ہو جائے تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے جس سے معلوم ہوا کہ غیر ذی روح کی تصویر جائز ہے۔

**ترجمہ** : (۴۵۳) نماز میں سانپ اور بچھو کو قتل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۱؎ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ اسودین یعنی سانپ اور بچھو کو قتل کرو۔

**تشریح** : حضور علیہ السلام نے فرمایا کہ سانپ اور بچھو کو قتل کرو، اس حدیث کی وجہ یہ ثابت کیا کہ اگر نماز میں کسی موذی جانور سے

۲ ولان فيه ازالة الشغل فاشبه درء المارّ ۳ ويستوی جميع انواع الحيات هو الصحيح لاطلاق ماروينا(۴۵۴) ويكره عدّ الآی والتسبيحات باليد في الصلوة﴾

تکلیف کا خطرہ ہوتو نماز میں ہی اسکو قتل کر سکتا ہے۔

**وجه** : (۱) سانپ یا بچھو سامنے ہوتو آدمی کا دل اسکی طرف مشغول رہتا ہے اور خشوع خضوع ختم ہو جاتا ہے، اور اسکو مار دیا جائے تو خشوع خضوع باقی رہے گا اسلئے اسکو نماز میں بھی مارنا جائز ہے۔ (۲) حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ عن ابی هريرة قال : قال رسول الله ﷺ اقتلوا الاسودين في الصلوة : الحية و العقرب ۔ (ابوداود شریف، باب العمل فی الصلوۃ، ص ۱۴۱، نمبر ۹۲۱ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی قتل الاسودین فی الصلوۃ، ص ۱۰۴، نمبر ۳۹۰) اس حدیث میں ہے کہ نماز میں بھی سانپ اور بچھو کو مار سکتے ہو۔ (۳) اس حدیث میں بھی اسکا ثبوت ہے۔ قالت حفصةؓ قال رسول الله ﷺ : خمس من الدواب لا حرج على من قتلهن : الغراب ، و الحدأ ، و الفأرة ، و العقرب ، و الكلب العقور ۔ (بخاری شریف، باب ما یقتل المحرم من الدواب، ص ۲۹۵، نمبر ۱۸۲۸ / مسلم شریف، باب باب ما یندب للمحرم وغیرہ قتلہ من الدواب فی الحل والحرم، ص ۴۹۸، نمبر ۱۱۹۸ / ۲۸۶۱) اس حدیث میں ہے کہ ان پانچ جانوروں کو حرم میں بھی مارنا جائز ہے، اس لئے نماز میں بھی مارنا جائز ہوگا۔

**نوٹ** : بعض حضرات نے فرمایا کہ مارنے میں عمل کثیر ہو جائے تو نماز ٹوٹ جائے گی اسلئے نماز دہرانی ہوگی، اور اگر عمل کثیر نہیں ہوا تو بغیر کراہیت کے نماز ہو جائے گی۔

**ترجمه** : ۲ اور اس لئے کہ سانپ کے موجود رہنے میں مشغولیت ختم ہو جائے گی، اسلئے گزرنے والے کے دور کرنے کے مشابہ ہو گیا۔

**تشريح** : یہ سانپ کے مارنے کی دلیل عقلی ہے، سانپ مارنے میں نماز کے علاوہ کام کرنا ہے پھر بھی وہ جائز اس لئے ہے کہ جس طرح سامنے سے کوئی گزر رہا ہو تو نمازی کا دل اس طرف متوجہ ہو جاتا ہے اسلئے حکم یہ ہے کہ اسکو اشارہ کر کے سجدے کی جگہ سے دور کرے اسی پر قیاس کر کے سانپ بچھو سامنے ہو تو اسکو مارے اور دور کرے تا کہ نمازی کا دل اسکی طرف متوجہ نہ ہو۔

**ترجمه** : ۳ اس بارے میں تمام سانپ برابر ہیں یہی صحیح ہے اس حدیث کے مطلق ہونے کی وجہ سے۔

**تشريح** : حدیث میں مطلق سانپ مارنے کا حکم ہے اسلئے چاہے سفید سانپ ہو چاہے کالا سب کو نماز میں مارنا جائز ہے۔ بعض حضرات نے فرمایا کہ سفید سانپ جو پتلا ہوتا ہے اور گھروں میں رہتا ہے وہ اصل میں جنات ہے۔ اسلئے اسکو نماز میں مارنا جائز نہیں ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ حدیث مطلق ہے اسلئے تمام سانپوں کو مارنا جائز ہے۔

**ترجمه** : (۴۵۴) ہاتھ کے ذریعہ آیتوں اور تسبیحات کو نماز میں گننا مکروہ ہے۔

ل وكذلك عدّ السور لان ذٰلك من اعمال الصلوٰة ٢ وعن ابی یوسفؒ ومحمدؒ انه لابأس بذالک فی الفرائض والنوافل جميعاً مراعاةً لسنة القراءة والعمل بما جاء ت به السنة

**تشریح** : ۔آیتوں اور تسبیحات کو نماز میں گننے کے کئی طریقے ہیں۔[۱] ایک ہے دل سے گننا، یہ جائز ہے۔[۲] دوسرا ہے پوروں کے ذریعہ گننا، یہ بھی نماز میں جائز ہے[۳] اور تیسرا ہے ہاتھ کے ذریعہ نماز میں تسبیح یا آیتوں کو گننا، مصنف فرماتے ہیں کہ یہ مکروہ ہے۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ دل ادھر مشغول ہوگا۔(۲) دوسری وجہ یہ فرماتے ہیں کہ یہ گننا نماز کے اعمال میں سے نہیں ہے، اسلئے اسکو نماز میں کرنا اچھا نہیں ہے(۳) اثر میں ہے کہ نماز کے باہر بھی گننا اچھا نہیں ہے تو نماز کے اندر گننا بدرجہ اولی اچھا نہیں ہے۔اثر یہ ہے۔ كان عبد الله يكره العدد و يقول : أيمن على الله حسناته ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۵۷۶ من کرہ عقد التسبیح، ج ثانی، ص ۱۶۴، نمبر ۷۶۶۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ انگلیوں سے تسبیح گننا مکروہ ہے۔اس لئے نماز میں بھی مکروہ ہوگا۔

**ترجمہ**: ل اسی طرح سورتوں کا گننا بھی مکروہ ہے اسلئے کہ یہ نماز کے اعمال میں سے نہیں ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔کہ تسبیحات کو گننا نماز کے اعمال میں سے نہیں ہے، اسلئے اسکو گننا مکروہ ہے۔

**ترجمہ** : ٢ اور امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ سے روایت یہ ہے کہ گننے میں کوئی حرج نہیں ہے فرائض اور نوافل تمام میں، سنت قرات کی رعایت کرنے کے لئے اور اس پر عمل کرنے کے لئے جو حدیث میں آیا ہے۔

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسفؒ اور حضرت امام محمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ فرائض اور نوافل تمام میں تسبیحات اور آیتوں کو گننے میں کوئی حرج نہیں ہے۔اسکی دو وجہ بیان کرتے ہیں[۱] ایک وجہ یہ ہے کہ مثلا کوئی سنت طریقہ پر فجر کی نماز میں [طوال مفصل] ساٹھ آیتیں پڑھنا چاہتا ہے اب اسکو ساٹھ آیتوں کو گننے کی ضرورت پڑے گی تا کہ سنت طریقہ پر قرأت کر سکے، اسلئے نماز میں آیتوں کو گننا جائز[۲] دوسری وجہ یہ ہے کہ صلوۃ التسبیح میں ایک رکعت میں پچھتر مرتبہ تسبیح پڑھنے کا حکم ہے، اور وہ گنے بغیر نہیں ہوسکتا اسلئے گننا جائز ہے۔صلوۃ التسبیح کے لئے لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ عن ابن عباس أن رسول الله ﷺ قال للعباس بن عبد المطلب : يا عباس ! ثم ترفع رأسك من الركوع فتقولها عشرا ثم تهوى ساجدا فتقولها و أنت ساجدا عشرا ثم ترفع رأسك من السجود فتقولها عشرا ثم تسجد فتقولها عشرا ثم ترفع رأسك فتقولها عشرا فذالك خمس و سبعون . (ابو داود شریف، باب صلوۃ التسبیح، ص ۱۹۴، نمبر ۱۲۹۷) اس حدیث میں ہے کہ صلوۃ التسبیح کی ایک رکعت میں پچھتر مرتبہ تسبیح پڑھو، تو ظاہر ہے کہ اسکو انگلیوں سے گنے گا بھی اس سے گننے کا ثبوت ہوتا ہے۔(۲) اس حدیث میں ہے کہ پوروں سے گننا جائز ہے۔اس کے لئے حدیث یہ ہے۔

۳ قلنا يمكنه ان يعد ذلك قبل الشروع فيستغنى عن العدِ . والله اعلم.

عن يسيرة أخبرتها أن النبى ﷺ أمرهن أن يراعين بالتكبير و التقديس و التهليل و أن يعقد ن بالأنامل ، فانهن مسئولات مستنطقات . (ابوداود شریف، باب التسبیح بالحصی، ص ۲۲۲، نمبر ۱۵۰۱ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۷۶ فی عقد التسبیح و عدد الحصی، ج ثانی، ص ۱۶۳، نمبر ۷۶۵۵) اس حدیث میں ہے کہ انگلیوں سے تسبیح گنے۔

**ترجمہ**: ۳ ہم اسکا جواب دیتے ہیں کہ نمازی کے لئے ممکن ہے کہ نماز شروع کرنے سے پہلے اسکو گن لے تا کہ نماز کے اندر گننے سے بے نیاز ہو جائے۔

**تشریح**: یہ صاحبین کی دلیل کا جواب ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا مثلا طوال مفصل کے لئے نماز میں آیتوں کو گننا پڑے گا جس سے نماز میں گننے کا ثبوت ہوا۔ اسکا جواب دے رہے ہیں کہ یہ ممکن ہے کہ نماز سے پہلے ہی ساٹھ آیتیں گن کر ذہن میں متعین کر لے اور نماز کے اندر اتنی آیتیں پڑھ لے تو نماز میں گننے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ اور اس سے نماز کے اندر گننے کا ثبوت نہیں ہوگا۔

واللہ اعلم بالصواب۔

﴿فصل﴾

(۴۵۵)ویکرہ استقبال القبلة بالفرج فی الخلاء ﴾ ل لانه علیه السلام نهٰی عن ذٰلک

﴿فصل﴾

**ترجمه** : (۴۵۵) شرمگاہ کے ساتھ بیت الخلاء میں قبلہ کا استقبال کرنا مکروہ ہے۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ حضورؐ نے اس سے منع فرمایا ہے۔

**تشریح** : بیت الخلاء[ٹویلٹ] سے باہر ہو اور قبلہ کی طرف شرمگاہ کرکے پیشاب یا پیخانہ کرے تو یہ مکروہ ہے، اسی طرح اگر مکان کے اندر یا بیت الخلاء کے اندر ہو اور قبلہ کی طرف شرمگاہ کرکے پیشاب یا پیخانہ کرے تو یہ بھی مکروہ ہے، کیونکہ حضورؐ نے اس طرح کرنے سے منع فرمایا ہے۔

**وجه** : (۱) چاہے مکان کے اندر ہو پھر بھی اس طرح کرنے سے قبلہ کی توہین ہوتی ہے اسلئے اسکی طرف رخ کرکے پیشاب یا پیخانہ کرنا مکروہ ہے۔(۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے. عن ابی أیوب الانصاری أن النبی ﷺ قال : اذا أتیتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة و لا تستدبروها ، و لکن شرقوا أو غربوا۔(بخاری شریف، باب قبلة أهل الشام و المشرق، ص ۵۷، نمبر ۳۹۴ رمسلم شریف، باب الاستطابة، ص ۱۳۰، نمبر ۲۶۴/۶۰۹ رابوداود شریف، باب کراهیة استقبال القبلة عند قضاء الحاجة، ص ۳، نمبر ۹) اس حدیث میں ہے کہ پیشاب اور پیخانہ کے وقت قبلے کی طرف رخ بھی نہ کرے اور پیٹھ بھی نہ کرے۔ کیونکہ اس طرف شرمگاہ کرنا مکروہ ہے۔

چہار دیواری کے اندر ہو تب بھی قبلے کی طرف رخ کرنا مکروہ ہے اسکی دلیل یہ ہے کہ خود راوی نے شام میں بیت الخلاء قبلہ رخ دیکھا تو وہ بیت الخلاء میں قبلہ سے ہٹ کر پیشاب پیخانہ کیا کرتے تھے۔حدیث یہ ہے۔ عن ابی أیوب روایة قال : : اذا أتیتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة بغائط و لا بول ، و لکن شرقوا أو غربوا فقدمنا الشام فوجدنا مراحیض قد بنیت قبل القبلة ، فکنا ننحرف عنها و نستغفر الله ۔(ابوداود شریف، باب کراهیة استقبال القبلة عند قضاء الحاجة، ص ۳، نمبر ۹ رترمذی شریف، باب فی النهی عن استقبال القبلة بغائط أو بول، ص ۸، نمبر ۸) اس اثر میں ہے کہ قبلے کی طرف بیت الخلاء بنا ہوا تھا تو حضرت ابو ایوبؓ اس سے پھر جاتے تھے۔جس سے معلوم ہوا کہ چہار دیواری کے اندر بھی قبلے کا رخ کرنا مکروہ ہے ۔

قبلے کی طرف رخ کرنا حرام نہیں ہے بلکہ مکروہ ہے، اس لئے کہ حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے قبلے کی طرف رخ کیا ہے۔حدیث یہ ہے۔عن جابر بن عبد الله قال : نهی نبی الله ﷺ أن نستقبل القبلة ببول ، فرأیته قبل أن یقبض بعام یستقبلها ۔(ابوداود شریف، باب الرخصة فی ذالک، [ای کراهیة استقبال القبلة عند قضاء الحاجة، ص ۳، نمبر ۱۳ رترمذی شریف،

**۲ والاستدبا ر۔ ۲ یکرہ فی روایة لما فیه من ترک التعظیم ولایکرہ فی روایة لان المستدبر فرجه غیر موازی للقبلة وما ینحطّ منه ینحط الی الارض بخلاف المستقبل لان فرجه موازلها ومایںحط منه ینحط الیها**

---

باب ماجاء من الرخصة فی ذالک، ص۹، نمبر۹) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے وفات سے پہلے قبلہ کی طرف رخ فرمایا۔ جس سے معلوم ہوا کہ رخ کرنا شدید کراہیت نہیں ہے۔

**فائدہ** : حضرت امام شافعیؒ کی رائے ہے کہ چہار دیواری کے اندر ہو تو قبلہ کی طرف رخ کر سکتا ہے۔

**وجه** : انکی دلیل یہ اثر ہے۔ **عن مروان الاصفر قال رأیت ابن عمر أناخ راحلته مستقبل القبلة ثم جلس یبول الیها فقلتُ : یا ابا عبد الرحمن ! ألیس قد نهی عن هذا ؟ قال : بلی ، انما نهی عن ذالک فی الفضاء ، فاذا کان بینک و بین القبلة شیء یسترک فلا بأس** ۔(ابوداود شریف، باب کراھیة استقبال القبلة عند قضاء الحاجة، ص۳، نمبر۱۱) اس اثر میں ہے کہ قبلہ اور تمہارے درمیان کوئی چیز ہو تو قبلہ کی طرف رخ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۲ ایک روایت میں استدبار بھی مکروہ ہے اسلئے کہ اس میں تعظیم کو چھوڑنا ہے۔ اور دوسری روایت میں مکروہ نہیں ہے اسلئے کہ پیٹھ کرنے والا اپنی شرمگاہ کو قبلے کی طرف نہیں کرتا اور جو نجاست گرتی ہے وہ زمین کی طرف گرتی ہے۔ بخلاف استقبال کرنے والے کے اسلئے کہ اسکی شرمگاہ قبلے کی طرف ہوتی ہے اور جو نجاست گرتی ہے وہ قبلے کی طرف ہو کر گرتی ہے۔

**تشریح** : قبلے کی طرف پیٹھ کر کے پیشاب پیخانہ کرنا ایک روایت میں ہے کہ مکروہ ہے۔ (۱) اور اسکی ایک وجہ تو یہ ہے کہ اس صورت میں بھی قبلے کی تعظیم کو چھوڑنا ہوگا، اور ایک قسم کی توہین ہوگی۔ (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ اوپر حدیث میں جہاں قبلے کی طرف رخ کرنے سے منع فرمایا وہیں اسکی طرف پیٹھ کرنے سے بھی منع فرمایا، اسلئے اسکی طرف پیٹھ کرنا بھی مکروہ ہوگا۔ یہ حدیث گزر گئی۔ **عن ابی أیوب الانصاری أن النبی ﷺ قال : اذا أتیتم الغائط فلا تستقبلوا القبلة و لا تستدبروها ، و لکن شرقوا أو غربوا** ۔(بخاری شریف، باب قبلة أھل الشام والمشرق، ص۵۷، نمبر۳۹۴ / مسلم شریف، باب الاستطابة، ص۱۳۰، نمبر۲۶۴/۶۰۹ / ابوداود شریف، باب کراھیة استقبال القبلة عند قضاء الحاجة، ص۳، نمبر۹) اس حدیث میں ہے کہ قبلے کی طرف رخ بھی نہ کرو اور پیٹھ بھی نہ کرو۔

اور دوسری روایت میں ہے کہ پیشاب پیخانے کے وقت شرمگاہ کے ساتھ قبلے کا رخ کرنا تو مکروہ ہے۔ لیکن پیٹھ کرنا مکروہ نہیں۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ پیٹھ قبلے کی طرف ہو تو پیچھے کے راستے سے جو پیخانہ نکلتا ہے وہ نیچے کی طرف گرتا ہے وہ قبلے کی طرف نہیں گرتا، اور دبر بھی نیچے کی طرف ہوتا ہے وہ قبلے کی طرف نہیں ہوتا اسلئے قبلے کی توہین نہیں ہوئی اسلئے قبلے کی طرف پیٹھ کر کے

(۴۵۶) ویکرہ المجامعۃ فوق المسجد والبول والتخلی ﴾

پیشاب پیخانہ کرنا مکروہ نہیں۔(۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔عن عبد اللہ ابن عمر قال رقیت یوما علی بیت حفصۃ فرأیت النبی ﷺ علی حاجتہ مستقبل الشام مستدبر الکعبۃ. (ترمذی شریف، باب ما جاء من الرخصۃ فی ذالک، ص ۹، نمبر ۱۱/ ابوداود شریف، باب الرخصۃ فی ذالک، [ای کراھیۃ استقبال القبلۃ عند قضاء الحاجۃ، ص ۳، نمبر ۱۲) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے قبلے کی طرف پیٹھ کر کے حاجت پوری کی جس سے معلوم ہوا کہ قبلے کی طرف پیٹھ کر کے پیشاب پیخانہ کرنا جائز ہے۔

**اصول** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ جس شکل میں قبلے کی توہین ہوتی ہو وہ شکل مکروہ ہے اور جس شکل میں قبلے کی توہین نہیں ہوتی ہو وہ جائز ہے۔

**لغت** : استقبال: رخ کرنا۔ فرج: عورت کی شرمگاہ، یا مرد کی شرمگاہ۔ خلاء: بیت الخلاء، ٹوئیلٹ۔ استدبار: دبر سے مشتق ہے، کسی چیز کی طرف پیٹھ کرنا، اسی سے متدبر ہے پیٹھ کرنے والا۔ موازی: وازاہ موازاۃ سے مشتق ہے، کسی کے سامنے ہونا، کسی کے مقابل ہونا۔ یخط: حط سے مشتق ہے، نیچے کرنا۔

**ترجمہ** :(۴۵۶) اور مکروہ ہے مسجد کے اوپر صحبت کرنا اور پیشاب کرنا اور پیخانہ کرنا۔

**تشریح** : مسجد کی چھت کا حکم وہی ہے جو مسجد کا حکم ہے۔اسلئے جو چیز مسجد کے اندر مکروہ ہے وہ مسجد کی چھت پر بھی مکروہ ہے۔ اسلئے مسجد کی چھت پر صحبت کرنا، اس پر پیشاب کرنا، اس پر پیخانہ کرنا سب مکروہ ہے۔

**وجہ** : (۱) چھت کا حکم وہی ہے جو مسجد کا حکم ہے اور مسجد میں نجاست والا کام مکروہ ہے اسلئے اسکی چھت پر بھی نجاست والا کام مکروہ ہوگا۔(۲) حدثنی انس بن مالک و ھو عم اسحاق قال بینما نحن فی المسجد ....ان رسول اللہ ﷺ دعاہ فقال لہ ان ھذہ المساجد لا تصلح لشیء من ھذا البول والقذر انما ھی لذکر اللہ عز وجل و الصلوۃ و قرأۃ القرآن . (مسلم شریف، باب وجوب غسل البول وغیرہ من النجاسات اذا حصلت فی المسجد الخ ،ص ۱۳۸، نمبر ۲۸۵/۶۶۱) اس حدیث میں ہے کہ مسجد نجاست کے لائق نہیں ہے، اسلئے اس میں ناپاکی نہیں ڈالنی چاہئے۔(۳) سمعت انس بن مالک قال : قال النبی ﷺ : البزاق فی المسجد خطیئۃ و کفارتھا دفنھا ۔(بخاری شریف، باب کفارۃ البزاق فی المسجد، ۵۹، نمبر ۴۱۵)(۴) عن انس أن النبی ﷺ رأی نخامۃ فی القبلۃ فشق ذالک علیہ حتی رُئی فی وجھہ ، فقام فحکہ بیدہ ، فقال ان احدکم اذا قام فی صلوتہ فانہ یناجی ربہ أو ان ربہ بینہ و بین القبلۃ فلا یبزقن أحدکم قبل قبلتہ و لکن عن یسارہ أو تحت قدمہ . ثم أخذ طرف ردائہ فبصق فیہ ثم رد بعضہ علی

ل لان سطح المسجد له حكم المسجد حتى يصح الاقتداء منه بمن تحته ع ولا يبطل الاعتكاف بالصعود اليه ٣ ولا يحل للجنب الوقوف عليه (۴۵۷) ولابأس بالبول فوق بيت فيه مسجد﴾ ل والمراد ما اعدّ للصلوٰة في البيت لانه لم يأخذ حكم المسجد وان نُدِبْنَا اليه و

---

بعض ، فقال أو يفعل هكذا ۔(بخاری شریف، باب حك البزاق باليد من المسجد، ص ۵۸، نمبر ۴۰۵) اس حدیث میں ہے کہ قبلہ کی جانب تھوکے بھی نہیں، اس سے معلوم ہوا کہ اس کی طرف شرمگاہ کرنا بھی اچھا نہیں ہے۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ مسجد کی چھت کا حکم وہی ہے جو مسجد کا حکم ہے یہاں تک کہ اوپر والے نیچے والے کی اقتداء کرسکتا ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ چھت کا حکم وہی ہے جو مسجد کے اندر کے حصے کا حکم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جو لوگ مسجد کی چھت کے اوپر ہے وہ مسجد کے اندر والے کی اقتداء کرسکتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ مسجد کے اندر اور مسجد کے اوپر کا حکم ایک ہی ہے۔

**ترجمه** : ع اور چھت کے اوپر چڑھنے سے اعتکاف باطل نہیں ہوگا۔

**تشریح** : یہ دوسری دلیل عقلی ہے کہ معتکف آدمی مسجد کی چھت پر چڑھے تو اس سے اعتکاف باطل نہیں ہوگا، اس سے معلوم ہوا کہ چھت مسجد کا حصہ ہے کیونکہ باہر کا حصہ ہوتا تو اعتکاف ٹوٹ جاتا۔ اس سے معلوم ہوا کہ چھت کا حکم وہی ہے جو مسجد کے اندر کا حکم ہے

**ترجمه** : ٣ اور جنبی کو چھت کے اوپر ٹھہرنا جائز نہیں۔

**تشریح** : یہ تیسری دلیل عقلی ہے۔ کہ جنبی آدمی مسجد کی چھت پر نہیں جاسکتا، جس طرح مسجد کے اندر نہیں جاسکتا، جس سے معلوم ہوا کہ چھت کا حکم بھی مسجد کا ہی حکم ہے۔ اسلئے مسجد کی چھت پر پیشاب، پیخانہ، اور صحبت کرنا مکروہ ہے۔

**اصول** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ چھت بھی مسجد کے حکم میں ہے۔

**ترجمه** : (۴۵۷) اور کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ ایسے گھر کے اوپر پیشاب کرے جسکے اندر مسجد ہو۔

**ترجمه** : ل مراد یہ ہے کہ جو مسجد گھر میں نماز کے لئے تیار کی گئی ہو۔ اسلئے کہ وہ مسجد کے حکم میں نہیں ہے۔ اگر چہ ہمیں گھر میں مسجد بنانے کی ترغیب دی گئی ہے۔

**تشریح** : شریعت نے یہ ترغیب دی ہے کہ گھر میں بھی ایک جگہ متعین کردی جائے تا کہ عورتیں اس خاص جگہ میں نماز ادا کرتیں رہیں۔ اسکو گھر کی مسجد کہتے ہیں۔ لیکن اسکی وجہ سے اس گھر کا حکم مسجد کا حکم نہیں ہوگیا، اس گھر کی مسجد کی وجہ سے ابھی بھی یہ گھر کے حکم میں ہے اسلئے اس گھر میں پیشاب پیخانہ کیا جاسکتا ہے، اور اس گھر کی چھت پر بھی پیشاب پیخانہ کیا جاسکتا ہے۔

**وجه** : (۱) گھر میں مسجد بنانے کا ثبوت اس حدیث میں ہے۔ لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ أن عتبان بن مالك ، و هو من أصحاب رسول الله ﷺ ممن شهد بدراً من الانصار .... وودت يا رسول الله ! أنك تأتيني فتصلي في

(۴۵۸) یکرہ ان یغلق باب المسجد﴾ ۱؎ لانہ یشبہ المنع من الصلوٰۃ وقیل لابأس بہ اذاخیف علیٰ متاع المسجد فی غیراوان الصلوٰۃ (۴۵۹) ولا بأس بان ینقش المسجد بالجصّ و الساج و ماء الذھب﴾

بیتی فأتخذہ مصلی ....ثم قال : ((أین تحب أن أصلی من بیتک ؟)) قال فأشرت لہ الی ناحیۃ من البیت ۔ (بخاری شریف، باب المساجد فی البیوت، ص ۶۰، نمبر ۴۲۵) اس حدیث میں ہے کہ گھر میں نماز پڑھنے کے لئے مسجد بنائی اور حضورؐ نے اس کا افتتاح کیا۔ (۲) اس حدیث میں تو گھر میں مسجد بنانے کی ترغیب دی گئی ہے۔ عن ابن عمر قال : قال رسول اللہ ﷺ ((اجعلوا فی بیوتکم من صلاتکم ، و لا تتخذو ھا قبوراً ۔ (ابوداود شریف، باب صلوۃ الرجل التطوع فی بیتہ، ص ۱۵۸، نمبر ۱۰۴۳) اس حدیث میں ہے کہ گھر میں بھی نماز پڑھو اور اسکو قبرستان کی طرح نہ بناؤ۔ اس سے معلوم ہوا کہ گھر میں بھی ایک مسجد ہونی چاہئے۔

تاہم گھر میں بھی جس جگہ کو نماز کے لئے متعین کیا ہے اس جگہ ناپاکی ڈالنا اچھا نہیں ہے۔ اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ عن عائشۃ قالت : أمر رسول اللہ ﷺ ببناء المساجد فی الدور ، و أن تنظف و تطیب ۔ (ابوداود شریف، باب اتخاذ المساجد فی الدور، ص ۷۱، نمبر ۴۵۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گھروں میں مسجد بناؤ اور اسکو صاف ستھرا رکھو۔

**ترجمہ**: (۴۵۸) اور مکروہ ہے کہ مسجد کا دروازہ بند کیا جائے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ نماز سے روکنے کے مشابہ ہو گیا۔

**تشریح**: مسجد کا دروازہ بند کرنا مکروہ ہے۔ اسلئے کہ مسجد کا دروازہ بند کرنے کا مطلب یہ ہوا کہ مصلی کو نماز سے روکنا چاہتا ہے ۔ اور آیت میں ہے کہ نماز سے روکنے والا ظالم ہے۔ اسلئے مسجد کا دروازہ بند کرنا مکروہ ہے۔

**وجہ** : ۔ اس آیت میں ہے۔ و من أظلم ممن منع مساجد اللہ أن یذکر فیھا اسمہ و سعی فی خرابھا۔ (آیت ۱۱۴، سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت میں ہے کہ جو مسجد میں اللہ تعالی کا نام لینے سے روکے اس سے بڑا ظالم کون ہوگا۔ اور مسجد کو بند کرنے سے لوگوں کو مسجد میں اللہ کا نام لینے سے روکنا ہے اسلئے مسجد کے دروازے کو بند کرنا مکروہ ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ بعض حضرات نے فرمایا کہ مسجد کے سامان پر خطرہ ہو تو نماز کے وقت کے علاوہ بند کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**تشریح** : بعض علماء نے فرمایا کہ مسجد کے سامان چوری ہونے کا خطرہ ہو تو نماز کے وقت کے علاوہ میں مسجد کے دروازے کو بند کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اور اسکی وجہ یہ ہے کہ سامان کی اہمیت ہے اسلئے اسکی چوری ہونے کا خطرہ ہو تو دروازہ بند کر سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۴۵۹) اور مسجد کو گچ، سال کی لکڑی، اور سونے کے پانی سے منقش کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

ل وقوله لابأس يشير الىٰ انه لايوجر عليه لكنه لاياثم به وقيل هو قربة

**تشریح** : مسجد کو بہت زیادہ آرائش وزیبائش کرنا اچھا نہیں ہے لیکن بقدر ضرورت اسکو مضبوط کرنا جائز ہے۔

**وجه** : (۱) أن عبد الله أخبره أن المسجد كان على عهد رسول الله ﷺ مبنيا باللبن ، و سقفه الجريد ، و عمده خشب النخل ، فلم يزد فيه أبو بكر شيئا ، و زاد فيه عمر و بناه على بنيانه في عهد رسول الله ﷺ باللبن و الجريد ، و أعاد عمده خشبا ثم غيره عثمان فزاد فيه زيادة كثيرة و بنى جداره بالحجارة المنقوشة و القصة ، و جعل عمده من حجارة منقوشة و سقفه بالساج ۔(بخاری شریف، باب بنیان المسجد، ص ۶۴، نمبر ۴۴۶ رابوداود شریف، باب فی بناء المساجد، ص ۷۱، نمبر ۴۵۱) اس حدیث میں ہے کہ حضرت عثمانؓ نے تھوڑی بہت مسجد کی زینت کی ہے۔اور مسجد کو مضبوط کیا ہے اسلئے تھوڑی بہت زینت کرنا جائز ہے اور مضبوط کرنا بھی جائز ہے۔

لیکن بہت زیادہ زینت کرنا اچھا نہیں ہے۔اسکی دلیل یہ حدیث ہے (۱) عن ابن عباس قال : قال رسول الله ﷺ : ما أمرت بتشييد المساجد . قال ابن عباس : لتزخرفنها كما زخرفت اليهود و النصارى ۔(ابوداود شریف، باب فی بناء المساجد، ص ۷۱، نمبر ۴۴۸) اس حدیث میں ہے کہ بلا وجہ مسجد کی بہت زینت کرنا اچھا نہیں ہے یہود و نصاری کا کام ہے۔(۲) عن يزيد بن الاصم و كان ابن خالة ابن عباس قال : قال النبي ﷺ : ماأمرت بتشييد المساجد قال : و قال ابن عباس أما و الله لتزخرفنها ۔(مصنف عبد الرزاق، باب تزیین المساجد والممر فی المسجد، ج ثالث، ص ۱۵۲، نمبر ۵۱۲۷) اس حدیث میں بھی ہے کہ مسجد کو بہت زیادہ زینت کرنا ٹھیک نہیں ہے۔(۳) أن عليا قال : ان القوم اذا زينوا مساجدهم فسدت أعمالهم ۔(مصنف عبد الرزاق، باب تزیین المساجد والممر فی المسجد، ج ثالث، ص ۱۵۴، نمبر ۵۱۳۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ مسجد کی زیادہ زینت کرنے سے اعمال فاسد ہو جائیں گے ۔

**ترجمه** : ل اور مصنف کا قول : لابأس۔اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ نقش و نگار کرنے پر اسکو ثواب نہیں دیا جائے گا، لیکن وہ اس سے گناہگار بھی نہیں ہوگا۔اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ عبادت ہے۔

**تشریح** : متن میں ((لابأس)) گزرا، اسلئے اس لابأس کی تفسیر فرما رہے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ مسجد کا نقش و نگار کرے گا تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے، یعنی اس میں کوئی ثواب نہیں دیا جائے گا۔البتہ اس میں گنہگار بھی نہیں ہوگا۔اور بعض حضرات نے فرمایا کہ مسجد کا نقش و نگار کرنا عبادت ہے، اسلئے مسجد کو پاک رکھنے اور اسکو اچھے انداز میں رکھنے کی تاکید ہے۔

**وجه** : (۱) عن عائشة قالت : أمر رسول الله ﷺ ببناء المساجد في الدور ، و أن تنظف و تطيب ۔(ابوداود شریف، باب اتخاذ المساجد فی الدور، ص ۷۱، نمبر ۴۵۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گھروں میں مسجد بناؤ اور اسکو صاف ستھرا رکھو۔ (۲) ابھی حضرت عثمانؓ کا عمل گزرا کہ انہوں نے مسجد نبوی میں نقش و نگار کے پتھر لگائے، تو ظاہر ہے کہ وہ عبادت ہی سمجھ کر

۲ وهذا اذا فعل من مال نفسه اما المتولّی یفعل من مال الوقف مایرجع الی احکام البناء دون مایرجع الی النقش حتی لو فعل یضمن (واللّٰہ اعلم بالصواب.)

---

لگائے ہونگے۔اسلئے تھوڑا بہت نقش ونگار کرنا عبادت ہے۔یہ حدیث گزر چکی۔عبد اللہ .... ثم غیره عثمان فزاد فیه زیادة ً کثیرة ً و بنی جداره بالحجارة المنقوشة و القصة ، و جعل عمده من حجارة منقوشة و سقفه بالساج ۔(بخاری شریف، باب بنیان المسجد، ص۶۴، نمبر ۴۴۶ رابوداود شریف، باب فی بناء المساجد، ص ۷۱، نمبر ۴۵۱) اس حدیث میں ہے کہ حضرت عثمانؓ نے تھوڑا بہت مسجد کا نقش ونگار کیا ہے ۔اور مسجد کو مضبوط کیا ہے اسلئے تھوڑا بہت نقش ونگار کرنا جائز ہے اور مضبوط کرنا بھی جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۲ یہ تھوڑا بہت نقش ونگار کرنا اس وقت ہے کہ اپنے مال سے کیا ہو۔اور متولی وقف کے مال سے وہ کام کرے گا جو عمارت کی مضبوطی کی طرف لوٹتا ہو، وہ کام نہیں کرے گا جو نقش ونگار کی طرف لوٹتا ہو، یہاں تک کہ اگر نقش ونگار کرلیا تو وہ ضامن ہو جائے گا۔

**تشریح**: اوپر جو اختلاف آیا کہ مسجد کا نقش ونگار کرسکتا ہے یا نہیں؟ یہ اس صورت میں ہے کہ آدمی اپنے مال سے نقش ونگار کرے یا نہیں کرے تو بعض نے فرمایا کہ ٹھیک ہے، اور بعض نے فرمایا کہ عبادت ہے۔لیکن اگر مسجد کا متولی وقف کے مال سے مسجد کا کام کرانا چاہے تو وہ کام کرسکتا ہے جو مسجد کی بنیاد کو مضبوط کرے کیونکہ یہی کام کرانے کے لئے لوگوں نے مال وقف کیا ہے۔اور جن کاموں سے نقش ونگار ہوتا ہو وہ کام نہیں کرسکتا۔اور اگر وقف کے مال سے نقش ونگار کیا تو متولی کو اس مال کا ضمان دینا ہوگا۔اسکی وجہ یہ ہے کہ جن لوگوں نے وقف کیا وہ دیوار کو مضبوط کرنے کے لئے وقف کیا ہے نقش ونگار کرنے کے لئے وقف نہیں کیا ہے اسلئے خلاف مقصد کام کیا اسلئے اس مال کا ضامن ہوگا۔

## ﴿باب صلوة الوتر﴾

(۴۶۰) الوتر واجب عند ابی حنیفة ﴾

## ﴿ وتر کا بیان ﴾

**نوٹ** : نماز وتر کے بارے میں پانچ بحثیں ہیں [۱] وتر کی نماز واجب ہے، یا سنت۔ [۲] وتر کی نماز ایک سلام کے ساتھ تین رکعت ہے، یا ایک رکعت ہے۔ [۳] وتر میں دعاء قنوت رکوع سے پہلے ہے یا رکوع کے بعد [۴] دعاء قنوت پورے سال پڑھے یا صرف رمضان کے اخیر میں [۵] اور نمازوں میں بھی قنوت پڑھے یا صرف وتر کی نماز میں یہ پانچ بحثیں ہیں۔

**ترجمہ**: (۴۶۰) وتر امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک واجب ہے۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہ کے نزدیک وتر کی نماز واجب ہے۔ اور تین رکعتیں ایک ساتھ ہیں۔ دو رکعت کے بعد سلام کر کے تیسری رکعت ایک سلام کے ساتھ نہ پڑھے۔ بلکہ تینوں رکعتیں ایک ہی سلام کے ساتھ پڑھے۔

**وجہ**: (۱) وتر کی تاکید بہت سی احادیث میں ہے۔ اور جب تاکید ہوتی ہے تو سنت سے اوپر اٹھا کر واجب میں لے جاتے ہیں۔ لیکن چونکہ آیت سے ثابت نہیں ہے اور نہ اتنی تاکید ہے کہ فرض میں لے جایا جا سکے۔ ورنہ تو پانچ کے بجائے چھ نمازیں فرض ہو جائیں گی۔ اس لئے وتر کو واجب میں رکھا۔

**نوٹ**: امام شافعیؒ کے نزدیک سنت کے بعد فرض کا درجہ ہے۔ واجب کا درجہ نہیں ہے اس لئے وتر ان کے یہاں بھی مؤکد ہے۔ لیکن سنت میں داخل ہے۔ کیونکہ آگے واجب کا درجہ ان کے یہاں نہیں ہے (۲) واجب ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ جسکو صاحب ھدایہ نے نقل کی ہے۔ **قال ابو الولید العدوی قال خرج علینا رسول اللہ ﷺ فقال ان اللہ تعالی قد امدکم بصلوۃ وھی خیرلکم من حمر النعم وھی الوتر فجعلھا لکم فیما بین العشاء الی طلوع الفجر** ۔ (ابو داؤد شریف، باب استحباب الوتر، باب تفریع ابواب الوتر ص ۲۰۸ نمبر ۱۴۱۸ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی فضل الوتر ص ۱۰۳ نمبر ۴۵۲ / ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی الوتر ص ۱۶۴، نمبر ۱۱۶۸) فرض نمازوں پر زیادہ کرنے کا مطلب یہی ہو سکتا ہے کہ وہ بھی فرض کی طرح ہی اہم ہے لیکن ہم فرض تو نہیں کرتے اس لئے واجب قرار دیتے ہیں۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ وتر کا وقت عشاء کے بعد ہے، فجر تک (۳) **عن عبد اللہ بن بریدۃ عن ابیہ قال سمعت رسول اللہ ﷺ یقول الوتر حق فمن لم یوتر فلیس منا، الوتر حق فمن لم یوتر فلیس منا ، الوتر حق فمن لم یوتر فلیس منا** ۔ (ابو داؤد شریف، باب فی من لم یوتر ص ۲۰۸ نمبر ۱۴۱۹ / سنن للبیھقی، باب تاکید صلوۃ الوتر ج ثانی ص ۶۵۹، نمبر ۴۴۶۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وتر حق ہے یعنی واجب ہے (۴) **عن علی قال قال رسول اللہ ﷺ یا اھل القرآن اوتروا فان اللہ وتر یحب الوتر** . (ابوداؤد

ل وقالا سنة لظهور اثار السنن فيه حيث لايكفر جاحده ولا يؤذن له ٢ ولابى حنيفةؒ قوله عليه السلام ان اللّٰه تعالىٰ زادكم صلوٰة الاوهى الوتر فصلّوها مابين العشاء الىٰ طلوع الفجر

---

شریف، باب استحباب الوتر ص ۲۰۷ نمبر ۱۴۱۶ رترمذی شریف، باب ماجاء ان الوتر لیس بحتم ص ۱۰۳ نمبر ۴۵۳) اس حدیث میں امر کا صیغہ ہے جو وجوب کے لئے آتا ہے۔ اس سے بھی وتر کے واجب ہونے کا ثبوت ملتا ہے۔

**فائدة : ترجمه** : ل صاحبینؒ نے فرمایا کہ سنت ہے، کیونکہ سنت کے آثار اس میں ظاہر ہیں[۱] یہی وجہ ہے کہ وتر کا انکار کرنے والا کافر نہیں ہوتا[۲] اور نہ اسکے لئے اذان دی جاتی ہے۔

**تشریح** : صاحبینؒ کی رائے یہ ہے کہ وتر سنت ہے اور یہی رائے حضرت امام شافعیؒ کی بھی ہے۔ اور اسکی وجہ بیان فرماتے ہیں کہ وتر میں سنت کے آثار ظاہر ہیں۔ اور ان آثار کی دو مثالیں دے رہے ہیں۔[۱] ایک وجہ یہ ہے کہ اگر وتر واجب ہوتا تو اسکا انکار کرنے والا کافر ہوتا، حالانکہ وتر کا انکار کرنے والا بالاجماع کافر نہیں ہوتا، جس سے معلوم ہوا کہ وتر واجب نہیں ہے۔[۲] اور دوسری مثال یہ ہے کہ وتر کے لئے اذان نہیں دی جاتی، اگر یہ واجب ہوتا تو اسکے لئے مستقل اذان دی جاتی، لیکن اذان نہ دینا سنت کی دلیل ہے۔

**وجه** : (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن علی قال الوتر لیس بحتم کهیئة الصلوة المکتوبة ولکن سنة سنها رسول اللہ ﷺ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء ان الوتر لیس بحتم ص ۱۰۳ نمبر ۴۵۴ رنسائی شریف، باب الامر بالوتر ص ۱۸۹ نمبر ۱۶۷۷) حضرت علی کے قول سے معلوم ہوا کہ وتر واجب نہیں ہے بلکہ سنت ہے۔ ہم کہتے ہیں کہ فرض کی طرح تو ہم بھی وتر کو فرض نہیں مانتے۔ ہم تو صرف واجب مانتے ہیں۔ (۲) عن عبد اللہ عن النبی ﷺ قال ان اللہ وتر یحب الوتر فاوتروا یا اهل القرأن۔ (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی الوتر ص ۱۶۴، نمبر ۱۱۷۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اللہ وتر کو پسند کرتے ہیں یہ سنت کی دلیل ہے۔

**ترجمه** : ٢ اور ابو حنیفہؒ کی دلیل حضورؐ کا قول ہے۔ کہ اللہ تعالی نے تم پر ایک اور نماز زیادہ کیا ہے، سن لو وہ وتر ہے اسلئے اسکو عشاء اور طلوع فجر سے پہلے کے درمیان پڑھو۔

**تشریح** : یہ حدیث حضرت امام ابو حنیفہؒ کی دلیل ہے کہ وتر واجب ہے۔ ایک حدیث ابوداود شریف کی اوپر گزر چکی ہے۔ اور صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عمرو بن شعیب عن ابیه عن جده قال مکثنا زمانا لا نزید علی الصلوات الخمس، فامرنا رسول اللہ ﷺ فاجتمعنا، فحمد اللہ و أثنی علیه، ثم قال : (( ان اللہ قد زادکم صلوة )) فأمرنا بالوتر۔ (دار قطنی، باب فضیلة الوتر، ج ثانی، ص ۲۱، نمبر ۱۶۴۲) اس حدیث میں ہے کہ پانچ نماز پر ایک اور زیادہ کیا، اور وہ

۳ امر وھو للوجوب ۴ ولھٰذا وجب القضاء بالاجماع ۵ وانما لایکرہ جاحدہ لانہ وجوبہ ثبت بالسنۃ وھو المعنی بماروی عنہ انہ سنۃ ۶ وھو یؤدّی فی وقت العشاء فاکتفی باذانہ و اقامتہ

(۴۶۱) قال الوتر ثلث رکعات لایفصل بینھن بسلام ﴾

---

پانچ فرض تھے اسلئے وتر بھی فرض ہی ہوگا اور اس میں امر کیا گیا ہے جو وجوب کے لئے آتا ہے اس لئے وتر واجب ہے۔

**ترجمہ:** ۳ حدیث میں امر کا صیغہ ہے جو وجوب کے لئے آتا ہے۔

**تشریح:** حدیث یہ ہے۔عن ابی سعید أن النبی ﷺ قال : ((أوتروا قبل أن تصبحوا))۔(مسلم شریف، باب صلوۃ اللیل مثنی مثنی والوتر رکعۃ من آخر اللیل، ص ۳۰۶، نمبر ۱۷۵۴/۱۷۶۴) اس حدیث میں ہے کہ صبح سے پہلے وتر کی نماز پڑھو، اور اس حدیث میں امر کا صیغہ ہے جو وجوب کے لئے آتا ہے، اسلئے وتر واجب ہے۔

**ترجمہ:** ۴ اسلئے بالاجماع وتر کی قضا واجب ہے۔

**تشریح:** یہ دلیل عقلی ہے۔کہ تینوں اماموں کے نزدیک وتر کی قضا واجب ہے، اور اسی وقت قضا واجب ہوگی جب وہ واجب ہو اس سے پتہ چلا کہ وتر واجب ہے۔۔وتر کی قضا واجب ہے یا نہیں اس میں اختلاف ہے۔اسلئے اس سے استدلال کرنا مشکل ہے۔

**ترجمہ:** ۵ اور وتر کا انکار کرنے والا کافر نہیں ہوگا۔اسلئے کہ اسکا وجوب حدیث سے ثابت ہے۔اور یہی مطلب ہے اس قول کا جو امام ابو حنیفہؒ سے روایت کیا گیا ہے، کہ وتر سنت ہے۔

**تشریح:** یہ امام صاحبینؒ کو جواب ہے۔انہوں نے فرمایا تھا کہ وتر سنت ہے اور اسکی دلیل دی تھی کہ یہی وجہ ہے کہ اسکا انکار کرنے والا کافر نہیں ہوتا، اسکا جواب دیا جا رہا ہے کہ اسکا انکار کرنے والا اسلئے کافر نہیں ہوگا کہ اسکا وجوب آیت سے ثابت نہیں ہے، بلکہ اسکا وجوب حدیث سے ثابت ہے، اور حدیث کا انکار کرنے والا کافر نہیں ہوتا۔چنانچہ امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ وتر سنت ہے اسکا مطلب بھی یہی ہے کہ وتر کا وجوب چونکہ سنت یعنی حدیث سے ثابت ہے، اسلئے وتر کو سنت کہا۔

**ترجمہ:** ۶ اور وتر عشاء کے وقت ادا کیا جاتا ہے اسلئے عشاء ہی کی اذان اور اسکی اقامت پر اکتفا کیا گیا۔

**تشریح:** یہ بھی امام صاحبینؒ کو جواب ہے۔انہوں نے فرمایا تھا کہ وتر کیلئے مستقل اذان نہیں دی جاتی جو اسکے سنت ہونے کی دلیل ہے۔اسکا جواب دیا جا رہا ہے کہ وتر عشاء کے وقت میں ادا کیا جاتا ہے اسلئے عشاء ہی کی اذان اور اسکی اقامت پر اکتفاء کیا گیا۔ اسلئے یہ دلیل سنت ہونے کی نہیں ہے۔

**ترجمہ:** (۴۶۱) وتر تین رکعت ہے، اسکے درمیان سلام سے فصل نہ کرے۔

۱؎ لما روت عائشةؓ انه عليه السلام كان يوتر بثلث ۲؎ وحكى الحسنؒ اجماع المسلمين على الثلث ۳؎ وهذا احد اقوال الشافعیؒ وفی قول يوتر بتسليمتين وهو قول مالكؒ والحجة عليهما مارويناه

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ حضورؐ تین رکعت وتر پڑھتے تھے۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک وتر تین رکعت ہے اور دو رکعت کے بعد سلام نہ پھیرے بلکہ تین رکعت کے بعد سلام پھیرے۔ اسلئے کہ حضرت عائشہؓ کی روایت ہے کہ حضورؐ وتر تین رکعت ایک سلام کے ساتھ پڑھتے تھے۔

**وجہ**: (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن علی قال كان رسول الله ﷺ يوتر بثلاث يقرأ فيهن بتسع سور من المفصل يقرأ فی كل ركعة بثلاث سور آخرهن قل هو الله احد۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الوتر بثلاث ص ۱۰۶ نمبر ۴۵۹) (۲) عن ابی بن كعب قال كان رسول الله ﷺ كان يقرأ فی الوتر ﴿بسبح اسم ربك الاعلى﴾ وفی الركعة الثانية ﴿بقل يا ايها الكافرون﴾ وفی الثالثة ﴿بقل هو الله احد﴾ ولا يسلم الا فی آخرهن (نسائی شریف، باب ذکر اختلاف الفاظ الناقلین بخبر ابی بن کعب فی الوتر ص ۱۹۱ نمبر ۱۷۰۲ مستدرک للحاکم، کتاب الوتر، ج اول، ص ۴۴۶، نمبر ۱۱۳۹ رترمذی شریف، باب ماجاء مایقرأ فی الوتر ص ۱۰۶ نمبر ۴۶۳ رابوداؤد شریف، باب مایقرأ فی الوتر ص ۲۰۸ نمبر ۱۴۲۳) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ آپؐ تین رکعتیں وتر پڑھتے تھے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ایک سلام کے ساتھ پڑھتے تھے۔ کیونکہ ابی بن کعب کی حدیث میں ہے ولا یسلم الا فی آخرھن (۳) مسلم شریف میں حضرت عائشہؓ کی ایک لمبی حدیث ہے جس میں حضورؐ کی تہجد کی نماز کا ذکر ہے۔ اس سے بھی پتہ چلتا ہے کہ آپؐ وتر تین رکعت پڑھتے تھے انه سأل عائشة كيف كانت صلوة رسول الله ﷺ؟ ... ثم يصلی اربعا فلا تسأل عن حسنهن وطولهن ثم يصلی ثلاثا (مسلم شریف، باب صلوۃ اللیل وعدد رکعات النبیؐ فی اللیل ص ۲۵۴ نمبر ۷۳۸ / ۱۷۲۳) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ آپؐ وتر تین رکعت پڑھتے تھے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور حضرت حسنؒ سے روایت ہے کہ مسلمانوں کا تین رکعت وتر ہونے پر اجماع ہے۔

**تشریح**: حضرت حسنؒ کی روایت یہ ہے۔ عن الحسن قال: أجمع المسلمون عن أن الوتر ثلاث لا يسلم الا فی آخرهن۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۷۵ من کان یوتر بثلاث او اکثر، ج ثانی، ص ۹۱، نمبر ۶۸۳۳) اس اثر میں ہے کہ مسلمانوں کا اجماع ہے کہ وتر تین رکعتیں ہیں، اور اسکے آخیر ہی میں سلام پھیرے۔

**فائدہ**: **ترجمہ**: ۳؎ اور امام شافعیؒ کے اقوال میں سے ایک قول یہی ہے۔ اور دوسرے قول میں ہے کہ وتر پڑھے گا دو سلاموں کے ساتھ، اور یہی قول امام مالک کا ہے اور ان دونوں پر حجت وہ روایت ہے جو ہم نے بیان کیا۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کا ایک قول یہی ہے کہ وتر تین رکعت ایک ہی سلام کے ساتھ ہے۔ لیکن دوسرا قول یہ ہے کہ وتر تین رکعت دو

(۴۶۲) ويقنت في الثالثة قبل الركوع ﴾

سلاموں کے ساتھ ہے۔اور امام مالکؒ کا قول بھی یہی ہے۔

**وجه:** (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے ۔عن ابن عمر : أن رجلا سأل رسول الله ﷺ عن صلوة الليل : فقال رسول الله ﷺ صلوة الليل مثنى مثنى فاذا خشي احدكم الصبح صلى ركعة واحدة توتر له ما قد صلى. (بخاری شریف، باب ماجاء فی الوتر ص ۱۳۵ نمبر ۹۹۰ رمسلم شریف، باب صلوۃ اللیل وعدد رکعات النبی ﷺ فی اللیل وان الوتر رکعۃ وان الرکعۃ صلوۃ صحیحۃ ص ۲۵۴ نمبر ۱۷۱۷/۳۶) ان احادیث سے اور مسلم کی بہت سی احادیث کی بنا پر ان کے یہاں ایک رکعت وتر ہے۔مسلم شریف کے اوپر کے باب ہی میں ہے عن ابن عمر قال قال رسول الله (( الوتر ركعة من آخر الليل )) (مسلم شریف، باب صلوۃ اللیل وعدد رکعات النبی ﷺ فی اللیل وان الوتر رکعۃ وان الرکعۃ صلوۃ صحیحۃ ص ۲۵۷ نمبر ۷۵۲ ر ۱۷۵۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وتر ایک رکعت ہے۔

لیکن اوپر کی حدیث امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کے خلاف حجت ہے۔

**نوٹ:** تہجد اور صلوۃ اللیل کو بھی وتر کہتے ہیں جیسا کہ حدیث کے تتبع سے معلوم ہوتا ہے۔(۱) خود امام ترمذی نے فرمایا قال اسحق ابن ابراهيم معنى ماروى ان النبي ﷺ كان يوتر بثلاث عشرة ،قال انما معناه انه كان يصلي من الليل ثلاث عشرة ركعة مع الوتر فنسبت صلوة الليل الى الوتر ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء فی الوتر بسبع ص ۱۰۳ نمبر ۴۵۷) اس سے معلوم ہوا کہ تہجد کی نماز کو بھی شامل کر کے وتر کہتے تھے۔(۲) اوپر اس حدیث میں گزرا۔عن ابن عمر : أن رجلا سأل رسول الله ﷺ عن صلوة الليل : فقال رسول الله ﷺ صلوة الليل مثنى مثنى فاذا خشي احدكم الصبح صلى ركعة واحدة توتر له ما قد صلى. (بخاری شریف، باب ماجاء فی الوتر ص ۱۳۵ نمبر ۹۹۰ رمسلم شریف، باب صلوۃ اللیل وعدد رکعات النبی ﷺ فی اللیل وان الوتر رکعۃ وان الرکعۃ صلوۃ صحیحۃ ص ۲۵۴ نمبر ۱۷۱۷/۳۶) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ تہجد کی نماز پڑھتے رہتے تھے اور جب صبح کا وقت ہوتا تو سب کو وتر بنانے کے لئے ایک رکعت پڑھ لیتے،اس سے معلوم ہوا کہ تہجد کی نماز کو بھی وتر کہتے ہیں۔اس لئے جہاں پانچ رکعت یا ایک رکعت وتر ہے وہ تہجد کی نماز کے ساتھ ہے۔وہ وتر نہیں ہے جو حنفیہ کے نزدیک تین رکعتیں ہیں۔

**ترجمه:** (۴۶۲) قنوت پڑھی جائے گی تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے۔

**تشریح:** وتر کی تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھے ۔امام شافعیؒ کے نزدیک رکوع کے بعد پڑھے۔

**وجه:** (۱) حدیث میں ہے۔عن ابی بن کعب ان رسول الله ﷺ قنت في الوتر قبل الركوع. (ابوداؤد شریف،

ل وقال الشافعیؒ بعده لما روی انه علیه السلام قنت فی اٰخر الوتر وهو بعد الرکوع ۲ ولنا ماروی انه علیه السلام قنت قبل الرکوع

باب القنوت فی الوتر ص ۲۰۹ نمبر ۱۴۲۷ رنسائی شریف، باب ذکر اختلاف الفاظ الناقلین لخبر ابی بن کعب فی الوتر ص ۱۹۱ نمبر ۱۷۰۰ ر ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی القنوت قبل الرکوع وبعدہ ص ۱۶، نمبر ۱۱۸۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وتر میں دعاء قنوت تیسری رکعت میں رکوع سے پہلے پڑھی جائے گی (۲) اس اثر میں ہے کہ۔ کان ابن مسعود لا یقنت فی شیء من الصلوات الا فی الوتر قبل الرکوع ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۵۸۱ فی القنوت قبل الرکوع أو بعده، ج ثانی، ص ۹۷ نمبر ۶۹۰۳) اس اثر میں ہے کہ کسی اور نماز میں قنوت نہیں پڑھتے سوائے وتر کے اور دوسری بات یہ ہے کہ رکوع کے بعد قنوت پڑھتے تھے۔ (۳) اور جس حدیث سے رکوع کے بعد ہے یا فجر کی نماز میں قنوت پڑھنے کا ثبوت ہے وہ قنوت نازلہ ہے جو کسی مصیبت کے وقت پڑھی جاتی ہے۔ اسکا ثبوت یہ حدیث ہے عن ابن عباس قال قنت رسول الله شهرا متتابعا فی الظهر والعصر والمغرب والعشاء وصلوة الصبح فی دبر کل صلوة اذا قال سمع الله لمن حمده من الرکعة الآخرة یدعو علی احیاء من بنی سلیم علی رعل و ذکوان و عصیة و یؤمن خلفه . (ابوداؤد شریف، باب القنوت فی الصلوۃ، ص ۲۱۱ نمبر ۱۴۴۳ ر بخاری شریف، باب القنوت قبل الرکوع وبعدہ ص ۱۳۶ نمبر ۱۰۰۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رکوع کے بعد قنوت نازلہ مصیبت کے وقت تھا۔

**فائده: ترجمه:** ل اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ رکوع کے بعد قنوت پڑھے۔ اسلئے کہ روایت کی ہے کہ حضور علیہ السلام وتر کی اخیر میں قنوت پڑھا، اور وہ رکوع کے بعد ہے۔

**وجه:** امام شافعیؒ کے نزدیک قنوت رکوع کے بعد ہے۔ (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے انس بن مالک اقنت النبی ﷺ فی الصبح قال نعم قیل اوقنت قبل الرکوع؟ قال بعد الرکوع یسیرا۔ (بخاری شریف، باب القنوت قبل الرکوع و بعدہ ص ۱۳۶ نمبر ۱۰۰۱ ر ابوداؤد شریف، باب القنوت فی الصلوۃ، ص ۲۰۹ نمبر ۱۴۴۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رکوع کے بعد قنوت پڑھنا چاہئے (۲) سألت انس بن مالک عن القنوت ، فقال (( قنت رسول الله ﷺ بعد الرکوع . (دار قطنی، باب مایقرأ فی رکعات الوتر والقنوت فیہ، ج ثانی، ص ۳۴، نمبر ۱۶۵۰) اس حدیث میں ہے کہ قنوت وتر کے بعد پڑھے (۳) صاحب ہدایہ کی پیش کردہ حدیث یہ ہے۔ عن سوید بن غفلة قال : سمعت ُأبا بکر و عمر و عثمان و علیا ًیقولون: (( قنت رسول الله ﷺ فی آخر الوتر ، و کان یفعلون ذالک (دار قطنی، باب مایقرأ فی رکعات الوتر والقنوت فیہ، ج ثانی، ص ۳۳، نمبر ۱۶۴۸) اس حدیث میں ہے کہ وتر کی اخیر میں قنوت پڑھے جو رکوع کے بعد ہوگا۔

**ترجمه:** ۲ اور ہماری دلیل وہ روایت ہے کہ حضور علیہ السلام نے دعاء قنوت رکوع سے پہلے پڑھی۔ ۔ یہ روایت گزر چکی

٣ ومازاد علىٰ نصف الشئ اٰخره. (۴۶۳) يقنت فى جميع السنة﴾

ہے۔ عن ابی بن کعب ان رسول الله ﷺ قنت فی الوتر قبل الرکوع. (ابوداؤد شریف، باب القنوت فی الوتر ص ۲۰۹ نمبر ۱۴۲۷ رنسائی شریف، باب ذکر اختلاف الفاظ الناقلین لخبر ابی بن کعب فی الوتر ص ۱۹۱ نمبر ۱۷۰۰ رابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی القنوت قبل الرکوع وبعدہ ص ۱۶، نمبر ۱۱۸۲) اس حدیث میں ہے کہ رکوع سے پہلے دعا قنوت پڑھی۔

**ترجمہ**: ٣ اور جو نصف شیء سے زیادہ ہو وہ اخیر ہوتی ہے۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے، انہوں نے حدیث پیش کی تھی کہ وتر کے اخیر میں قنوت پڑھا۔ حدیث یہ تھی۔ عن سوید بن غفلة قال : سمعت أبا بكر و عمر و عثمان و عليا يقولون: ((قنت رسول الله ﷺ فی آخر الوتر ، و كان يفعلون ذالک (دار قطنی، باب ما یقرأ فی رکعات الوتر والقنوت فیہ، ج ثانی، ص ۳۳، نمبر ۱۶۴۸) اس حدیث میں ہے کہ وتر کی آخیر میں قنوت پڑھے۔ جسکا مطلب لیا تھا کہ رکوع کے بعد قنوت پڑھا، اسکا جواب دے رہے ہیں کہ آخیر کا دوسرا مطلب یہ ہے کہ دو رکعت کے بعد یعنی تیسری رکعت میں قنوت پڑھا اور رکوع سے پہلے پڑھا۔ کیونکہ وتر میں تین رکعتیں ہوتی ہیں تو ڈیڑھ رکعت پر نصف ہو جائے گا اور تیسری رکعت میں قنوت پڑھے تو نصف سے زیادہ ہو جائیگا۔ اور اس حدیث میں یہ ثبوت نہیں ہے کہ رکوع سے پہلے پڑھا یا بعد میں اسلئے یہ کہہ سکتے ہیں کہ رکوع سے پہلے پڑھا۔ البتہ بخاری شریف کی جس حدیث میں ہے کہ رکوع کے بعد قنوت پڑھا، اس میں یہ جواب نہیں چلے گا۔

**ترجمہ**: (۴۶۳) اور قنوت پورے سال میں پڑھے

پورے سال میں قنوت پڑھنے کی دلیل یہ حدیث ہے قال ابو هريرة او صانی رسول الله ﷺ بالوتر قبل النوم۔ (بخاری شریف، باب ساعات الوتر ص ۱۳۵ نمبر ۹۹۵ رابو داؤد شریف، باب فی الوتر قبل النوم ص ۲۱۰ نمبر ۱۴۳۲) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ پورے سال وتر پڑھنا ہے۔ اس لئے پورے سال دعائے قنوت بھی اس میں پڑھنا واجب ہوگا۔ کیونکہ ابی بن کعب کی حدیث میں گزری کہ قنت فی الوتر قبل الرکوع کہ وتر میں رکوع سے پہلے قنوت پڑھا کرتے تھے اس لئے پورا سال قنوت پڑھی جائے گی (۲) اثر میں ہے۔ عن ابراهيم قال : لاوتر الا بقنوت (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۵۹۳ من قال لاوتر الا بقنوت، ج ثانی، ص ۱۰۲، نمبر ۶۹۵۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ وتر میں قنوت پڑھنا لازمی ہے۔ (۳) عن ابراهيم قال عبد الله : لا يقنت السنة كلها فی الفجر و يقنت فی الوتر كل ليلة قبل الركوع قال ابو بكر : هذا القول عندنا ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۵۸۶ من قال القنوت فی النصف من رمضان، ج ثانی، ص ۱۰۰، نمبر ۶۹۴۱ رترمذی شریف، باب ماجاء فی القنوت فی الوتر، ص ۱۲۳، نمبر ۴۶۴) اس اثر میں ہے کہ عبد اللہ ابن مسعودؓ پورے سال وتر میں قنوت پڑھتے تھے۔

۱؎ خلافا للشافعیؒ فی غیر النصف الاخیر من رمضان ۲؎ لقوله علیه السلام للحسن بن علی حین علمه دعاء القنوت اجعل هذا فی وترک من غیر فصل (۴۶۴) ویقرأ فی کل رکعة من الوتر فاتحة الکتاب وسورة ﴾ ۱؎ لقوله تعالی: فاقرء وا ماتیسر من القرآن

**فائدہ: ترجمہ**: ۱؎ خلاف امام شافعیؒ کے رمضان کے نصف اخیر کے علاوہ میں۔

**تشریح**: حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ رمضان کے نصف اخیر میں قنوت پڑھے اور باقی سال میں نہ پڑھے۔

**وجہ**: (۱) انکی دلیل یہ اثر ہے۔ ان ابی بن کعب امهم یعنی فی رمضان و کان یقنت فی النصف الاخیر من رمضان (ابوداؤد شریف، باب القنوت فی الوتر ص ۲۰۹ نمبر ۱۴۲۸ ترمذی شریف، باب ماجاء فی القنوت فی الوتر، ص ۱۲۳، نمبر ۴۶۴) اس سے معلوم ہوا کہ ابی بن کعب کا عمل یہ تھا کہ وہ صرف رمضان کے نصف اخیر میں قنوت پڑھا کرتے تھے۔ لیکن ہم نے ثابت کیا کہ حضورؐ رکوع سے پہلے ہمیشہ قنوت پڑھا کرتے تھے (۲) عن ابن عمر أنه کان لا یقنت الا فی النصف، یعنی من رمضان ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۵۸۶ من قال: القنوت فی النصف من الرمضان، ج ثانی، ص ۹۹، نمبر ۶۹۳۱) اس اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمرؓ صرف رمضان کے آخیر میں قنوت پڑھتے تھے۔ (۳) یہ اثر ان کی دلیل ہے عن ابی هریرةؓ قال نزلت علیه عشر سنین فما رأیته قنت فی وتره (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۵۸۸ من کان لا یقنت فی الوتر، ج ثانی، ص ۱۰۰، نمبر ۶۹۴۳) اس اثر میں ہے کہ پورے سال قنوت پڑھتے ہی نہیں تھے۔

**ترجمہ**: ۲؎ حضور علیہ کے قول کی وجہ سے حضرت حسن بن علیؓ کو جس وقت اسکو دعاء قنوت سکھایا، کہ اسکو اپنے وتر میں کرلو۔ بغیر کسی تفصیل کے۔

**تشریح**: حضرت حسن بن علیؓ کو حضورؐ نے دعاء قنوت سکھائی اور فرمایا کہ اسکو اپنے وتر میں کرلو۔ اور یہ تفصیل نہیں فرمایا کہ اسکو پورے سال میں پڑھو یا صرف رمضان کے نصف آخیر میں پڑھو اسلئے اس سے یہی مفہوم لیا جائے گا کہ قنوت کو پورے سال میں پڑھے۔ اس حدیث کا مفہوم یہ ہے۔ قال الحسن بن علی: علمنی رسول اللہ ﷺ کلمات أقولهن فی الوتر. قال ابن جواس: فی قنوت الوتر اللهم اهدنی فیمن هدیت، الخ۔ (ابوداود شریف، باب القنوت فی الوتر، ص ۲۱۴، نمبر ۱۴۲۵ ترمذی شریف، باب ماجاء فی القنوت فی الوتر، ص ۱۲۳، نمبر ۴۶۴) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے مجھے سکھایا اور میں اسکو وتر میں پڑھتا ہوں۔ تو اسکا یہی مطلب ہوسکتا ہے کہ پورے سال میں پڑھتا ہوں۔

**ترجمہ**: (۴۶۴) وتر کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ پڑھے اور اس کے ساتھ سورۃ ملائے گا۔

**ترجمہ**: ۱؎ فاقرء وا ما تیسر من القرآن کی وجہ سے۔

(۴٦۵) وان اراد ان يقنت كبّر ﴾ لـ لان الحالة قد اختلفت. (۴٦٦) ورفع يديه وقنت ﴾

**تشريح** : اس مسئلے میں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ وتر واجب تو ہے لیکن اسکی ایک حیثیت سنت کی بھی ہے اسلئے اسکی ہر رکعت میں سورت ملائی جائے گی۔ کیونکہ سنت کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورت ملائی جاتی ہے۔

**وجه**: (۱) فاقرء وا ما تيسر من القرآن (آیت ۲۰، سورۃ المزمل ۷۳) کی وجہ سے قرأت تو فرض ہے لیکن وتر مکمل فرض کی طرح نہیں ہے کہ تیسری رکعت میں سورۃ نہ ملائی جائے۔ بلکہ من وجہ سنت کی طرح ہے۔ اس لئے اس کی تیسری رکعت میں بھی سورت ملائی جائے گی (۲) عن ابی بن کعب قال کان رسول الله ﷺ کان يقرأ في الوتر ﴿بسبح اسم ربک الاعلى﴾ وفي الركعة الثانية ﴿بقل يا ايها الكافرون﴾ وفي الثالثة ﴿بقل هو الله احد﴾ ولا يسلم الا في آخرهن (نسائی شریف، باب ذکر اختلاف الفاظ الناقلین بخبر ابی بن کعب فی الوتر ص ۱۹۱ نمبر ۱۷۰۲ متدرک للحاکم، کتاب الوتر، ج اول، ص ۴۴٦، نمبر ۱۱۳۹ / ترمذی شریف، باب ما جاء مایقرأ فی الوتر ص ۱۰٦ نمبر ۴٦۳ / ابوداؤد شریف، باب مایقرأ فی الوتر ص ۲۰۸ نمبر ۱۴۲۳) اس حدیث میں ہے کہ وتر کی پہلی رکعت میں سبح اسم، اور دوسری رکعت میں قل یا ایھا الکافرون، اور تیسری رکعت میں قل ھو اللہ احد، پڑھا کرتے تھے، جس سے معلوم ہوا کہ وتر کی تینوں رکعتوں میں سورت ملائی جائے گی۔

**ترجمه**: (۴٦۵) پس جبکہ دعائے قنوت کا ارادہ کرے تو تکبیر کہے۔

**ترجمه**: لـ اسلئے کہ حالت مختلف ہوگئی ہے۔

**وجه** : (۱) دعاء قنوت کا ارادہ کرے تو تکبیر کہے اور ہاتھ اٹھائے، اسکی وجہ یہ ہے کہ قرأت کرنے کے بعد اب دعاء قنوت پڑھنے کی طرف بدل رہی ہے، اور پہلے گزر چکا ہے کہ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف بدلے تو تکبیر کہے، اسلئے یہاں حالت بدلنے پر تکبیر کہے۔ (۲) اثر میں ہے۔ أن عبد الله بن مسعود کان اذا فرغ من القرأة كبّر ثم قنت فاذا فرغ من القنوت كبّر ثم ركع . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۵۹۰ فی التکبیر للقنوت، ج ثانی، ص ۱۰۱، نمبر ٦۹۴۷) اس اثر میں ہے کہ قنوت پڑھتے وقت تکبیر کہے۔

**ترجمه**: (۴٦٦) اور ہاتھ اٹھائے پھر قنوت پڑھے۔

**وجه**: (۱) ہاتھ اٹھانے کا ثبوت اس اثر میں ہے عن عبد الله (بن مسعود) انه كان يرفع يديه في قنوت الوتر. (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۵۹۱ فی رفع الیدین فی القنوت ج ثانی ص ۱۰۱، نمبر ٦۹۵۳) (۲) عبد الرحمن بن الاسود عن ابيه قال كان ابن مسعود يرفع يديه في القنوت الى ثدييه (سنن للبیھقی، باب رفع الیدین فی القنوت، ج ثالث، ص ۵۹، نمبر ۴۸٦۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ قنوت پڑھنے سے پہلے ہاتھ اٹھائے گا۔

ل لقوله عليه السلام لاترفع الايدى الافى سبع مواطن وذكر منها القنوت (۴۶۷) ولا يقنت فى صلوٰة غيرها ل خلافا للشافعیؒ فی الفجر

**ترجمہ**: ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ ہاتھ نہ اٹھایا جائے مگر سات جگہ پر، اوران میں سے قنوت کوذکر کیا۔

**تشریح**: قنوت پڑھتے وقت ہاتھ اٹھانے کی یہ دلیل ہے کہ سات جگہ اٹھانے کا ذکر کیااوران میں سے ایک جگہ قنوت کاوقت بھی ہے۔ اس عبارت میں اس اثر کی طرف اشارہ ہے،لیکن اس میں قنوت کاذکر نہیں ہے۔ اثر یہ ہے ۔عن ابن عباس قال : لا ترفع الأيدى الا فى سبع مواطن : [اذا قام الى الصلوة [۲] و اذا رأى البيت [۳] و على الصفا [۴] و المروة [۵] و فى عرفات [۶] و فى جمع [۷] و عند الجمار ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،۵من کان یرفع یدیہ فی اول تکبیرۃ ثم لایعود ،ج اول،ص ۲۱۴،نمبر۲۴۵۰رسنن بیہقی ،باب رفع الیدین اذ ارأی البیت،ج خامس،ص ۱۱۷،نمبر ۹۲۱۰) اس اثر میں ہے کہ سات جگہ تکبیر کہتے وقت ہاتھ اٹھایا جائے گا۔ اس میں قنوت کا تذکرہ نہیں ہے البتہ اوپر کے اثر میں گزرا کہ عبداللہ بن مسعود قنوت کے وقت ہاتھ اٹھایا کرتے تھے۔

**ترجمہ**: (۴۶۷) اورقنوت نہ پڑھے وتر کے علاوہ میں۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہؒ کا مسلک یہ ہے کہ وتر کے علاوہ فجر کی نماز وغیرہ میں قنوت نہ پڑھے، بلکہ صرف وتر میں قنوت پڑھے، البتہ کوئی عظیم مصیبت پیش آجائے تو اس وقت فجر کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھے۔

**وجہ**: (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن ابن عباس قال قنت رسول الله شهرا متتابعا فى الظهر و العصر والمغرب والعشاء وصلوة الصبح فى دبر كل صلوة اذا قال سمع الله لمن حمده من الركعة الآخرة يدعو على احياء من بنى سليم على رعل و ذكوان و عصية و يؤمن خلفه . (ابوداؤدشریف، باب القنوت فی الصلوۃ،ص ۲۱۱ نمبر ۱۴۴۳ ربخاری شریف، باب القنوت قبل الرکوع وبعدہ ص ۱۳۶ نمبر ۱۰۰۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رکوع کے بعد قنوت نازلہ مصیبت کے وقت تھا۔ (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن انس بن مالک ان النبیؐ و قنت شهرا ثم تركه. (ابو داؤدشریف، باب القنوت فی الصلوۃ ص ۲۱۱ نمبر ۱۴۴۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایک ماہ کے بعد آپ نے قنوت نازلہ چھوڑ دی ۔کیونکہ منسوخ ہوگئی۔ (۳) اس حدیث میں تو فجر کی نماز میں قنوت پڑھنے سے منع فرمایا۔ عن ام سلمةؓ قالت : نهى رسول الله ﷺ عن القنوت فى الفجر ۔(ابن ماجۃ، باب ماجاء فی القنوت فی صلوۃ الفجر، ص ۱۷۵، نمبر ۱۲۴۲ ردار قطنی ، باب صفۃ القنوت وبیان موضعہ، ج ثانی، ص ۲۷، نمبر ۱۶۷۲) اس حدیث میں ہے کہ فجر کی نماز میں قنوت پڑھنے سے منع فرمایا دیا ہے۔

**فائدہ**: **ترجمہ**: ل خلاف امام شافعیؒ کے فجر کی نماز کے بارے میں۔

**تشریح**: امام شافعیؒ نے فرمایا کہ فجر کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھنا مسنون ہے۔

ﷺ لما روى ابن مسعودؓ انه عليه السلام قنت فى صلوٰة الفجر شهرا ثم تركه (۴۶۸) فان قنت الامام فى صلوٰة الفجر يسكت من خلفه عند ابى حنيفة ومحمدؒ وقال ابويوسفؒ يتبعه ﴾

**وجه** : (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ أنه سمع أبا هريرة يقول : و الله ! لأقربن بكم صلوة رسول الله ﷺ فكان أبو هريرة يقنت في الظهر و العشاء الأخرة و صلوة الصبح ، و يدعو للمومنين ، و يلعن الكفار ۔ ( مسلم شریف، باب استحباب القنوت فی جمیع الصلوات اذا نزلت بالمسلمین نازلۃ، ص ۲۷۳، نمبر ۶۷۶/۱۵۴۴ / ابو داود شریف، باب القنوت فی الصلوۃ، ص ۲۱۵، نمبر ۱۴۴۰ ) اس حدیث میں ہے کہ حضرت ابو ہریرہؓ نے حضور کی مشابہت کی نماز پڑھی اور ظہر اور عشاء اور مغرب کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھی۔ (۲) عن البراء ان النبي ﷺ كان يقنت في صلوة الصبح زاد ابن معاذ و صلوة المغرب ۔ ( ابو داؤد شریف، باب القنوت فی الصلوۃ ص ۲۱۱ نمبر ۱۴۴۱ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صبح کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھنا مسنون ہے۔ (۳) عن انس ان النبي ﷺ قنت شهرا يدعوا عليهم ثم تركه ، و أما في الصبح فلم يزل يقنت حتى فارق الدنيا . ( دار قطنی، باب صفۃ القنوت وبیان موضعہ، ج ثانی، ص ۲۸، نمبر ۱۶۷۷ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور نے صبح کی نماز میں آخیر وقت تک قنوت نازلہ پڑھی، اسلئے امام شافعیؒ کے نزدیک صبح کی نماز میں قنوت نازلہ مسنون ہے۔

**ترجمہ** : ﷺ اسلئے کہ حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ نے حضور علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فجر کی نماز میں ایک ماہ تک قنوت پڑھا پھر چھوڑ دیا۔

**تشریح** : یہ روایت حضرت انس بن مالک کی یہ ہے۔ عن انس بن مالك ان النبيؐ و قنت شهرا ثم تركه. ( ابو داؤد شریف، باب القنوت فی الصلواۃ ص ۲۱۱ نمبر ۱۴۴۵ )

**نوٹ** ابھی حنفیہ کے یہاں بھی اس پر عمل ہے کہ مصیبت کے وقت صبح کی نماز میں قنوت نازلہ پڑھتے ہیں۔ جیسا کہ امام مسلمؒ نے باب باندھا ہے۔ مسلم شریف، باب استحباب القنوت فی جمیع الصلوات اذا نزلت بالمسلمین نازلۃ، ص ۲۷۳، نمبر ۶۷۶/۱۵۴۴ ) اس باب میں ہے کہ جب مسلمان پر کوئی مصیبت آئے تو اس وقت قنوت نازلہ پڑھے۔

**ترجمہ** : (۴۶۸) پس اگر امام فجر کی نماز میں قنوت پڑھنے لگے تو پیچھے والا چپ رہے امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک، اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ امام کی اتباع کرے۔

**تشریح** : امام شافعی مذہب کا ماننے والا ہے اور مقتدی حنفی مذہب کا ماننے والا ہے، اب امام نے فجر کی نماز میں قنوت نازلہ شروع کر دی تو امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ مقتدی قنوت نازلہ نہ پڑھے بلکہ پیچھے چپ کھڑا رہے۔

**وجہ** : (۱) اسکی دلیل یہ فرماتے ہیں کہ اوپر حدیث گزری جس سے معلوم ہوا کہ فجر میں قنوت پڑھنا منسوخ ہو چکا ہے، اور منسوخ میں متابعت کرنا اچھا نہیں۔ اسلئے اس قنوت کے وقت چپ رہے۔

ل لانه تبع لا مامه والقنوت فی الفجر مجتهد فيه ۲ ولهما انه منسوخ ولا متابعة فيه ۳ ثم قيل يقف قائما ليتابعه فيما تجب متابعته ۴ وقيل يقعد تحقيقا للمخالفة لان الساكت شريک الداعی

**ترجمه**: ل اسلئے کہ وہ امام کے تابع ہے۔اور فجر میں قنوت پڑھنا مجتہد فیہ ہے۔[اسلئے امام کی اتباع کرے]

**تشریح**: یہ امام ابو یوسفؒ کی دلیل ہے۔وہ فرماتے ہیں کہ امام قنوت پڑھے تو حنفی مقتدی بھی اسکی اقتدا میں قنوت پڑھے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ مقتدی امام کے تابع ہے، اسلئے جیسا امام کرے گا ویسا ہی مقتدی کو کرنا چاہئے۔اس حدیث میں ہے۔عن عائشة ام المؤمنين أنها قالت صلى رسول الله ﷺ فی بيته و هو شاک ، فصلى جالساً و صلى ورائه قوم قياماً ، فأشار اليهم أن اجلسوا ، فلما انصرف قال (( انما جعل الامام ليؤتم به ، فاذا ركع فاركعوا ، واذا رفع فارفعوا ، و اذا قال سمع الله لمن حمد ؛ فقولوا : ربنا لک الحمد ، و اذا صلى جالسا فصلوا جلوساً ))۔( بخاری شریف ، باب انما جعل الامام لیؤتم بہ،ص ۹۵،نمبر ۶۸۸ )اس حدیث میں ہے کہ مقتدی کو چاہئے کہ امام کی پوری اتباع کرے ۔اسلئے جب وہ قنوت پڑھے تو مقتدی بھی قنوت پڑھے۔(۲) اور دوسری دلیل یہ دیتے ہیں کہ فجر میں قنوت پڑھنے کے بارے میں ائمہ کا اختلاف ہے کسی نے فرمایا قنوت پڑھنا سنت ہے اور کسی نے فرمایا کہ یہ منسوخ ہے، اس لئے اس کے بارے میں شک ہوگیا، اور اوپر کی حدیث کی بناء پر امام کی اتباع کرنا ضروری ہے اسلئے شک کو چھوڑ کر یقینی والا کام کرے یعنی امام کی اتباع کرے۔

**ترجمه**: ۲ اور طرفین کی دلیل یہ ہے کہ فجر میں قنوت منسوخ ہے اور منسوخ میں متابعت نہیں ہے۔

**تشریح**: اوپر کی حدیث میں ہے کہ فجر میں قنوت پڑھنا منسوخ ہے اور جب یہ منسوخ ہوگیا تو چاہے شافعی امام اسکو پڑھے تب بھی ہم اسکی اتباع نہ کریں۔

**ترجمه**: ۳ پھر کہا گیا کہ کھڑا رہے تا کہ جس چیز میں اتباع کرنا واجب ہے اس میں بقدر امکان اتباع ہو سکے۔

**تشریح**: امام کے ساتھ فجر میں قنوت تو نہ پڑھے، لیکن چپ کھڑا رہے یا بیٹھ جائے؟ اس بارے میں بعض ائمہ کی رائے ہے کہ چپ کھڑا رہے، کیونکہ امام کی اتباع بھی اوپر کی حدیث کی بناء ضروری ہے اور امام کھڑا ہے اسلئے مقتدی بھی کھڑا رہے، اور جتنی متابعت کرنے میں کوئی حرج نہ ہو اتنی متابعت کر لے، اور قنوت نہ پڑھے اسلئے کہ وہ منسوخ ہے۔

**ترجمه**: ۴ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ بیٹھ جائے تا کہ مخالفت ثابت ہو جائے ۔اسلئے کہ چپ رہنے والا بلانے والے کا شریک سمجھا جاتا ہے۔

**تشریح**: بعض حضرات کی رائے ہے کہ جب شافعی امام فجر میں قنوت شروع کرے تو حنفی مقتدی بیٹھ جائے تا کہ انکی مخالفت باضابطہ ثابت ہو جائے ۔کیونکہ اگر کھڑے رہے اور چپ رہے تو لوگ ایسا ہی سمجھیں گے کہ یہ بھی قنوت میں شریک ہے، کیونکہ

۵ والاوّل اظهر ۶ ودلّت المسألة علٰى جواز الاقتداء بالشفعوية وعلى المتابعة فى قراء ة القنوت فى الوتر ۷ واذا علم المقتدى منه مايزعم به فساد صلاته كالفصد وغيره لايجزيه الاقتداء به

قاعدہ یہ ہے کہ کوئی آدمی کوئی بات کہہ رہا ہو اور دوسرا وہاں چپ کھڑا ہو تو ایسا سمجھا جاتا ہے کہ یہ آدمی بھی کہنے میں شریک ہے اس لئے بیٹھ جائے تاکہ مخالفت واضح ہو جائے

**ترجمہ** : ۵ اول زیادہ ظاہر ہے۔

**تشریح** : پہلا مسلک یہ تھا کہ امام کے ساتھ کھڑا رہے اور چپ رہے۔ فرماتے ہیں کہ یہ مسلک زیادہ ظاہر ہے اور اچھا ہے۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث۔(( انما جعل الامام ليؤتم به ، فاذا ركع فاركعوا ، واذا رفع فارفعوا ، و اذا قال سمع الله لمن حمد ؛ فقولوا : ربنا لک الحمد ، و اذا صلى جالسا فصلوا جلوسا )) ۔(بخاری شریف، باب انما جعل الامام لیؤتم بہ، ص ۹۵، نمبر ۶۸۸) میں ہے کہ امام کی اتباع کرو اسلئے کھڑا ہونے میں اتباع کی جائے گی، اور قنوت منسوخ ہے اسلئے اس میں چپ رہے گا تو دونوں حدیثوں پر عمل ہو گیا۔ اور کوئی قباحت لازم نہیں آئی۔ اور بیٹھنے کی شکل میں امام کی اتباع والی حدیث پر عمل نہیں ہوگا۔ پھر امام کی مخالفت کر کے بیٹھنا یہ اچھا بھی معلوم نہیں ہوتا۔

**نوٹ** : دعاء قنوت تین قسم کی ہیں [۱] مصیبت کے وقت قنوت نازلہ پڑھنا، حضورؐ نے ایک مہینہ پڑھا اسکے بعد چھوڑ دیا۔ البتہ عظیم مصیبت کے وقت ابھی بھی حنفیہ کے یہاں فجر کی نماز میں پڑھنا مسنون ہے۔ [۲] فجر کی نماز میں ہمیشہ قنوت پڑھنا، یہ حنفیہ کے یہاں نہیں ہے اور امام شافعیؒ کے یہاں ہے۔ [۳] وتر میں دعاء قنوت پڑھنا۔ یہ امام شافعیؒ کے یہاں صرف رمضان کے نصف آخیر میں ہے، باقی دنوں میں نہیں۔ اور حنفیہ کے یہاں پورے سال میں ہے۔ دلائل اور تفصیل اوپر گزر گئے۔

**ترجمہ** ۶ یہ مسئلہ شوافع کی اقتداء پر دلالت کرتا ہے۔ اور متابعت پر دلالت کرتا ہے وتر کے قنوت پڑھنے میں۔

**تشریح** : متن کے مسئلے سے دو باتیں معلوم ہوئیں [۱] ایک تو یہ کہ حنفی مقتدی شافعی امام کی اقتداء کر سکتا ہے۔ اسی طرح مالکی اور حنبلی امام کی بھی اقتداء کر سکتا ہے، اور یہ جائز ہے۔ [۲] اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ اگر شافعی امام وتر میں قنوت پڑھے تو حنفی مقتدی انکی اقتداء میں قنوت پڑھے۔

**وجہ** : کیونکہ جب فجر کی نماز میں شافعی امام قنوت پڑھے تو انکی اقتداء میں اس وقت کھڑا رہنا بہتر ہے تو جب وہ وتر میں قنوت پڑھے تو ہم بھی انکی اقتداء میں قنوت پڑھیں کیونکہ یہ قنوت تو ہمارے یہاں بھی واجب ہے۔

**ترجمہ**: ۷ اور اگر حنفی مقتدی شافعی امام کے بارے میں ایسی بات جان لے جس سے حنفی مقتدی کی نماز فاسد ہوتی ہو، جیسے فصد لگانا وغیرہ تو اس وقت شافعی امام کی اقتداء جائز نہیں ہوگی۔

۸ والمختار فی القنوت الاخفاء لانه دعاء.

**تشریح** : امام شافعی تھے اور مقتدی حنفی تھا، شافعی امام نے اپنے مذھب کے مطابق عمل کیا لیکن ایسا عمل کیا جس سے حنفی مذھب کے مطابق وضو ٹوٹ جاتا تھا ، مثلا امام صاحب نے وضو کرنے کے بعد فصد لگوایا اور اس سے خون نکلا اب امام شافعیؒ کے مسلک کے مطابق وضو نہیں ٹوٹا اور امام ابو حنیفہؒ کے مسلک کے مطابق وضو ٹوٹ گیا اب اس حال میں امام نے نماز پڑھادی تو چونکہ امام ابو حنیفہؒ کے مسلک کے مطابق وضو ٹوٹ گیا ہے اسلئے حنفی مقتدی کو انکی اقتداء میں نماز نہیں پڑھنی چاہئے ، کیونکہ مقتدی کے مذھب کے مطابق جب وضو ٹوٹ گیا ہے تو مقتدی کی نماز ہوگی ہی نہیں ۔ ہاں اگر ان تمام باتوں کی رعایت کرتے ہوئے نماز پڑھاتے جس سے حنفی کے وضو میں خلل واقع نہیں ہوتا تو حنفی مقتدی کا اقتداء کرنا درست ہوتا۔

**اصول** : [۱] حنفی مقتدی شافعی، مالکی، حنبلی کی اقتداء کرسکتا ہے بشرطیکہ فساد وضو یا فساد نماز کا ارتکاب اس وقت نہ کررہا ہو۔

**ترجمہ** : ۸ اور قنوت میں مختار مذھب اخفاء پڑھنا ہے اسلئے کہ وہ دعاء ہے۔

**تشریح** : وتر میں دعاء قنوت آہستہ پڑھے ، اسکی وجہ یہ ہے کہ قنوت دعاء ہے اور دعاء کے بارے میں قرآنی ھدایت یہ ہے کہ آہستہ پڑھے اسلئے وتر میں دعاء قنوت آہستہ پڑھنا بہتر ہے ۔ آیت یہ ہے۔ ادعوا ربکم تضرعا و خفية انه لا يحب المعتدين ۔ ( آیت ۵۵ ، سورۃ الاعراف ۷ ) اس آیت میں ہے کہ اللہ کو آہستہ اور گڑ گڑا کر پکارو ، اسلئے دعاء قنوت بھی آہستہ پڑھنا چاہئے۔

البتہ فجر میں جو قنوت نازلہ پڑھتے ہیں اسکو حنفیہ کے یہاں بھی زور سے پڑھتے ہیں اور مقتدی اس پر آمین کہتے ہیں۔

**وجه** : اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ عن ابن عباس قال قنت رسول الله ﷺ شهرا متتابعا فی الظهر و العصر و المغرب و العشاء و صلوة الصبح فی دبر كل صلوة اذا قال : (( سمع الله لمن حمد )) من الركعة الآخرة يدعو على أحياء من بنی سليم على رعل و ذكوان و عصية و يؤمّن من خلفه . (ابو داود شریف ، باب القنوت فی الصلوۃ ، ص ۲۱۵ نمبر ۱۴۴۳ ) اس حدیث میں ہے کہ مقتدی قنوت نازلہ پر آمین کہتے تھے ، اسکا مطلب یہ ہوا کہ حضورؐ زور سے قنوت نازلہ پڑھتے تھے اسی لئے تو صحابہ اس پر آمین کہتے تھے۔

﴿باب النوافل﴾

(۴۶۹) السنة ركعتان قبل الفجر واربع قبل الظهر وبعدها ركعتان و اربع قبل العصر و ان شاء ركعتين و ركعتان بعد المغرب واربع قبل العشاء واربع بعدها وان شاء ركعتين ﴾

﴿ باب النوافل ﴾

**ضروری نوٹ**: النوافل سے مراد فرض کے علاوہ نماز ہے۔ یہاں نوافل میں سنت اور نوافل دونوں شامل ہیں۔ دلیل یہ حدیث ہے سألت عائشة عن صلوة رسول الله ﷺ عن تطوعه؟ فقالت كان يصلى فى بيتى قبل الظهر اربعا ثم يخرج فيصلى بالناس ثم يدخل فيصلى ركعتين وكان يصلى بالناس المغرب ثم يدخل فيصلى ركعتين ويصلى بالناس العشاء و يدخل بيتى فيصلى ركعتين ... وكان اذا طلع الفجر صلى ركعتين (مسلم شریف، باب جواز النافلة قائما وقاعدا ص ۲۵۲ نمبر ۷۳۰/۱۶۹۹/ابو داؤد شریف، ابواب التطوع ورکعات السنة ص ۱۸۵ نمبر ۱۲۵۱/ترمذی شریف، باب ما جاء فی من صلی فی یوم ولیلة ثنتی عشرة رکعة من السنة ماله من الفضل ص ۹۴ نمبر ۴۱۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فرض نماز سے پہلے اور فرض نماز کے بعد پورے دن اور رات میں سنت مؤکدہ ہیں اور وہ بارہ رکعتیں ہیں۔ ان کی تاکید آئی ہے۔

**ترجمہ**: (۴۶۹) سنت نماز میں یہ ہے کہ دو رکعتیں فجر نماز سے پہلے، اور چار ظہر نماز سے پہلے، اور اسکے بعد دو رکعتیں، اور چار عصر کی نماز سے پہلے، اور اگر چاہے تو دو رکعتیں، او دو رکعتیں مغرب کے بعد، اور چار رکعتیں عشاء سے پہلے، اور چار عشاء کے بعد، اور چاہے تو دو رکعتیں پڑھے۔

**تشریح**: ان رکعتوں میں سے کچھ سنت مؤکدہ ہیں اور کچھ سنت غیر مؤکدہ ہیں۔ جنکی تاکید زیادہ ہے وہ سنت موکدہ ہیں اور جنکی تاکید زیادہ نہیں ہے وہ سنت غیر مؤکدہ ہیں۔

یہ بارہ رکعتیں سنت مؤکدہ ہیں انکی تاکید زیادہ آئی ہے [۱] فجر سے پہلے دو رکعتیں [۲] ظہر سے پہلے چار رکعتیں [۳] ظہر کے بعد دو رکعتیں [۳] مغرب کے بعد دو رکعتیں [۴] عشاء کے بعد چار رکعتیں۔

**وجہ**: ۔ اسکی دلیل کے لئے یہ حدیث گزر گئی۔ سألت عائشة عن صلوة رسول الله ﷺ عن تطوعه؟ فقالت كان يصلى فى بيتى قبل الظهر اربعا ثم يخرج فيصلى بالناس ثم يدخل فيصلى ركعتين وكان يصلى بالناس المغرب ثم يدخل فيصلى ركعتين ويصلى بالناس العشاء و يدخل بيتى فيصلى ركعتين ... وكان اذا طلع الفجر صلى ركعتين (مسلم شریف، باب جواز النافلة قائما وقاعدا ص ۲۵۲ نمبر ۷۳۰/۱۶۹۹/ابو داؤد شریف، ابواب التطوع ورکعات السنة ص ۱۸۵ نمبر ۱۲۵۱/ترمذی شریف، باب ما جاء فی من صلی فی یوم ولیلة ثنتی عشرة رکعة من السنة ماله من الفضل ص ۹۴ نمبر

ل والاصل فيه قوله عليه السلام من ثابر علىٰ ثنتى عشرة ركعة فى اليوم و الليلة بنى اللّٰه له بيتا فى الجنة

---

(۴۱۴) اس حدیث میں بارہ رکعتوں کا تذکرہ ہے جو سنت مؤکدہ ہیں۔اور عصر سے پہلے چار رکعتیں یا دو رکعتیں، اسی طرح عشاء سے پہلے چار رکعتیں یہ غیر مؤکدہ ہیں کیوں کہ انکی تاکید کم ہے۔

فجر کی سنت زیادہ مؤکد ہے اسکی دلیل یہ ہے (۱) عن عائشة قالت لم يكن النبى عليه السلام على شىء من النوافل اشد تعاهدا منه على ركعتى الفجر (بخاری شریف، باب تعاهد رکعتی الفجر ص ۱۵۶ نمبر ۱۱۶۹ / مسلم شریف، باب استحباب رکعتی سنة الفجر ص ۲۵۰ نمبر ۱۶۸۶/۷۲۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فجر کی سنت سنت مؤکدہ ہے۔ کیونکہ آپؐ اس کی بہت تاکید فرماتے تھے۔(۲) ظہر سے پہلے چار رکعتیں اور ظہر کے بعد دو رکعتیں سنت ہیں (۲) عن عائشة ان النبى عليه السلام كان لا يدع اربعا قبل الظهر و ركعتين قبل الغداة (بخاری شریف نمبر ۱۱۸۲) (۳) دوسری حدیث میں ہے عن ابن عمر قال حفظت من النبى عليه السلام عشر ركعات ، ركتين قبل الظهر و ركعتين بعدها و ركعتين بعد المغرب فى بيته و ركعتين بعد العشاء فى بيته و ركعتين قبل صلوة الصبح (بخاری شریف، باب رکعتین قبل الظهر ص ۱۵۷ نمبر ۱۱۸۰ / ابو داؤد شریف، باب الاربع قبل الظهر وبعدها ص ۱۸۷ نمبر ۱۲۶۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ظہر سے پہلے چار اور اس کے بعد دو رکعتیں سنت ہیں۔اور ایک حدیث میں ظہر کے بعد بھی چار رکعت سنت کی حدیث ہے۔ قالت ام حبيبة قال رسول الله عليه السلام من حافظ على اربع ركعات قبل الظهر و اربع بعدها حرم على النار۔ (ابو داؤد شریف، باب الاربع قبل الظهر وبعدها ص ۱۸۷ نمبر ۱۲۶۹ / ترمذی شریف، باب آخر (باب ماجاء فی الرکعتین بعد الظهر ص ۹۸ نمبر ۴۲۷) اس حدیث کی بنا پر اوراوپر کی حدیث کی بنا پر ظہر کے بعد چار رکعتیں سنت ہیں۔اس لئے یہ عمل ہے کہ دو رکعت سنت کی نیت سے پڑھتے ہیں۔ پھر دو رکعت نفل کی نیت سے پڑھتے ہیں۔

**ترجمہ**: ل اور اصل اس میں حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ جس نے دن اور رات میں بارہ رکعتوں پر ہمیشگی کی تو اسکے لئے اللہ جنت میں گھر بنائیں گے۔

**تشریح**: صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عائشة قالت قال رسول الله عليه السلام ((من ثابر على ثنتى عشرة ركعة من السنة بنى الله له بيتاً فى الجنة : أربع ركعات قبل الظهر ، و ركعتين بعدها ، و ركعتين بعد المغرب ، و ركعتين بعد العشاء ، و ركعتين قبل الفجر )) (ترمذی شریف، باب ما جاء فیمن صلی فی یوم ولیلة ثنتی عشرة رکعة من السنة، ص ۱۱۲، نمبر ۴۱۴ / ابن ماجہ، باب ما جاء فی ثنتی عشرة رکعة من السنة، ص ۱۶۰، نمبر ۱۱۴۰) اس حدیث میں ہے کہ جس نے بارہ رکعت سنت پر ہمیشگی کی تو اسکے لئے اللہ جنت میں گھر بنائے گا۔

۲؎ وفسر علىٰ نحو ماذكر فى الكتاب غير انه لم يذكر الاربع قبل العصر فلهذا سماه فى الاصل حسنا وخير لاختلاف الأثار والافضل هو الاربع ۳؎ ولم يذكر الاربع قبل العشاء ولهذا كان مستحبا لعدم المواظبة.

**ترجمه** : ۲؎ اورحدیث میں ایسی ہی تفسیر کی جیسا کہ متن میں ذکر کیا گیا ہے۔البتہ عصر سے پہلے چار رکعتوں کا ذکر نہیں ہے اسی لئے مبسوط میں اسکو حسن کہا ہے،اور احادیث میں اختلاف ہونے کی وجہ سے چار اور دو میں اختیار دیا گیا ہے۔لیکن افضل چار رکعتیں ہیں۔

**تشریح** : جس طرح متن میں رکعتوں کی تعداد مذکور ہے اسی طرح حدیث میں بھی ذکر کی گئی ہے البتہ اس حدیث میں عصر سے پہلے چار رکعتوں کا تذکرہ نہیں ہے۔ چونکہ اس حدیث میں عصر سے پہلے چار رکعتوں کا تذکرہ نہیں ہے اسلئے مبسوط میں اسکو حسن کہا ہے، اور اسکی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ بعض حدیث میں چار رکعت سنت کہا ہے اور بعض حدیث میں دو رکعت سنت کہا ہے۔ اسلئے عصر سے پہلے نماز حسن ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ چار رکعت پڑھے۔

**وجه** : (۱) عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ رحم الله امرء صلى قبل العصر اربعا (ابوداؤد شریف، باب الصلوۃ قبل العصر ص ۱۸۷ نمبر ۱۲۷۱ ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاربع قبل العصر ص ۹۸ نمبر ۴۳۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عصر سے پہلے چار رکعت سنت ہیں۔لیکن دوسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دو رکعتیں سنت ہیں۔حدیث میں ہے عن على ان النبى ﷺ كان يصلى قبل العصر ركعتين۔ (ابوداؤد شریف، باب الصلوۃ قبل العصر ص ۱۸۷ نمبر ۱۲۷۲ ترمذی شریف ،باب ماجاء فی الاربع قبل العصر ص ۹۸ نمبر ۴۲۹) اس حدیث کی بنا پر صاحب کتاب نے فرمایا کہ عصر کی سنت دو رکعت بھی پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمه** : ۳؎ اور عشاء سے پہلے چار رکعتوں کا تذکرہ اوپر کی حدیث میں نہیں ہے، اسی لئے وہ مستحب ہیں۔اور اسلئے بھی کہ حضورؐ نے اس پر ہمیشگی نہیں کی

**تشریح** : اوپر کی صاحب ھدایہ کی پیش کردہ حدیث میں اس بات کا بھی ذکر نہیں ہے کہ عشاء سے پہلے چار رکعت سنت ہے یا نہیں۔اس لئے علماء نے اسکو مستحب کہا ہے۔اور دوسری وجہ یہ ہے کہ حضورؐ نے اس سنت کو ہمیشہ نہیں پڑھی ہے اسلئے بھی یہ مستحب ہے۔

**وجه** : چونکہ عشا سے پہلی چار رکعت پڑھنے کی دلیل حدیث مشہورہ میں نہیں ہے اس لئے عشا سے پہلے چار رکعتیں مندوب ہیں۔اور چونکہ منع نہیں فرمایا اور حدیث میں ہے عن عبد الله بن مغفل قال قال النبى ﷺ بين كل اذانين صلوة بين كل

۴؎ وذكر فيه ركعتين بعد العشاء وفي غيره ذكر الاربع فلهذا خير الاان الاربع افضل خصوصًا عند ابي حنيفةؒ علىٰ ما عرف من مذهبه

اذا نين صلوة ثم قال في الثالثة لمن شاء . (بخاری شریف، باب بین کل اذانین صلوة ص ۸۷ باب الاذان نمبر ۶۲۷) اس اعتبار سے عشا کی اذان اور اقامت کے درمیان کچھ رکعتیں ہونی چاہئے۔ اسلئے عشا سے پہلے چار رکعتیں مندوب ہیں، مستحب ہیں۔

**ترجمه:** ۴؎ اور حدیث مذکور میں عشاء کے بعد دو رکعتیں ذکر کی، اور دوسری حدیث میں چار رکعتیں ذکر کی ہیں اسی لئے اختیار دیا گیا ہے، مگر یہ کہ چار افضل ہیں خصوصاً امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جیسا کہ انکے مذہب سے پہچانا گیا۔

**تشـــریح :** ترمذی شریف کی حدیث میں ہے کہ عشاء کے بعد دو رکعتیں سنت ہیں لیکن دوسری حدیث میں ہے کہ عشاء کے بعد چار رکعتیں سنت ہیں، اسی لئے صاحب قدوری نے اپنی کتاب میں اختیار دیا ہے کہ دو پڑھو یا چار رکعتیں پڑھو دونوں جائز ہیں، البتہ چار رکعتیں پڑھنا افضل ہے۔

**وجه:** (۱) عشاء کے بعد دو رکعت کی لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ سألت عائشة عن صلاة رسول الله ﷺ عن تطوعه ؟ .... ويصلي بالناس العشاء و يدخل بيتي فيصلي ركعتين. (مسلم شریف، باب جواز النافلة قائما وقاعدا ص ۲۵۲، نمبر ۱۶۹۹/۷۳۰/ ابو داؤد شریف، ابواب التطوع ورکعات السنة ص ۱۸۵، نمبر ۱۲۵۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عشا کے بعد دو رکعت سنت ہے۔

(۲) اور عشا کے بعد چار رکعت سنت پڑھنے کی حدیث یہ ہے۔ عن عائشة قال سألتها عن صلوة رسول الله ﷺ فقالت ما صلى رسول الله العشاء قط فدخل علي الا صلى اربع ركعات او ست ركعات (ابو داؤد شریف، باب الصلوة بعد العشاء ص ۱۹۲ نمبر ۱۳۰۳/ سنن للبیہقی، باب من جعل بعد العشاء اربع رکعات او اکثر ج ثانی ص ۶۷۱، نمبر ۴۲۵۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عشا کے بعد چار رکعت سنت ہے۔ اس لئے دونوں حدیثوں کی بنا پر حنفیوں کا عمل یہ ہے کہ دو رکعت سنت کی نیت سے پڑھتے ہیں اور اس کے بعد دو رکعت نفل کی نیت سے عشا کے بعد پڑھتے ہیں۔ (۳) اور یہ وجہ بھی ہے کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک رات کی نفل ایک سلام کے ساتھ چار رکعت پڑھنا افضل ہے اسلئے بھی عشاء کے بعد چار رکعت نفل پڑھنی چاہئے۔ (۴) ایک سلام کے ساتھ چار رکعت پڑھنے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابن عباس قال : كان النبي ﷺ يركع قبل الجمعة أربعا ، لا يفصل في شيء منهن . (ابن ماجہ شریف، باب ما جاء فی الصلوة قبل الجمعة، ص ۱۵۸، نمبر ۱۱۲۹) (۵) عن ابي هريرة قال : قال رسول الله ﷺ ((اذا صلى أحدكم الجمعة فليصل بعدها أربعا. (مسلم شریف باب الصلوة بعد الجمعة، ص

۵ والاربع قبل الظهر بتسليمة واحدة عندنا كذا قال رسول الله صلى الله عليه وسلم (۴۷۰)قال ونوافل النهار ان شاء صلى بتسليمة ركعتين وان شاء اربعًا وتكره الزيادة علىٰ ذٰلک فاما نافلة الليل قال ابوحنيفةؒ ان صلى ثمان ركعات بتسليمة جاز وتكره الزيادة علىٰ ذٰلک وقالا لا يزيد بالليل علىٰ ركعتين بتسليمة ﴾

۳۵۲،نمبر ۸۸۱/۲۰۳۶/ابن ماجۃ شریف، باب ما جاء فی الصلوۃ بعد الجمعۃ ،ص ۱۵۸،نمبر ۱۱۳۲) ان حدیثوں میں ہے کہ جمعہ سے پہلے ایک سلام کے ساتھ چار رکعت پڑھے اسلئے امام ابوحنیفہؒ کا مسلک یہ ہے کہ ایک سلام کے ساتھ چار رکعت نفل پڑھنا افضل ہے۔

**ترجمہ:** ۵ اورظہر سے پہلے چار رکعتیں ایک سلام کے ساتھ ہمارے نزدیک ہے،حضور علیہ السلام نے ایسا ہی فرمایا۔

**تشریح:** ہمارے نزدیک ظہر سے پہلے چار رکعتیں سنت ہیں۔(۱) اسکے لئے یہ حدیث گزر چکی ہے۔سألت عائشة عن صلوة رسول الله ﷺ عن تطوعه؟ فقالت كان يصلي في بيتي قبل الظهر اربعا (مسلم شریف، باب جواز النافلۃ قائما وقاعدا ص ۲۵۲ نمبر ۷۳۰/۱۶۹۹/ابو داؤد شریف، ابواب التطوع و رکعات السنۃ ص ۱۸۵ نمبر ۱۲۵۱/ترمذی شریف، باب ما جاء فی من صلی فی یوم ولیلۃ ثنتی عشرۃ رکعۃ من السنۃ مالہ من الفضل ص ۹۴ نمبر ۴۱۴) اس حدیث میں ہے کہ ظہر سے پہلے حضورؐ چار رکعت سنت پڑھتے تھے۔(۲)قالت ام حبيبة زوج النبي ﷺ قال رسول الله ﷺ من حافظ على اربع ركعات قبل الظهر واربع بعدها حرم على النار (ابوداؤد شریف، باب الاربع قبل الظہر وبعدھا ص ۱۸۷ نمبر ۱۲۶۹)اس حدیث سے معلوم ہوا ظہر کی سنت چار رکعتیں ہیں

**ترجمہ:** ۶ اوراس میں امام شافعیؒ کا اختلاف ہے۔

**تشریح:** امام شافعیؒ کی رائے ہے کہ ظہر کی سنت دو سلاموں کے ساتھ چار رکعت پڑھے۔

**وجہ:** ان کی دلیل یہ حدیث ہے عن ابن عمر عن النبي ﷺ قال صلوة الليل والنهار مثنى مثنى ان تشهد في كل ركعتين . (ابوداؤد شریف، باب فی صلوۃ النہار ص ۱۹۰ نمبر ۱۲۹۵)اس حدیث میں ہے کہ رات اور دن کی سنتیں دو دو رکعت کر کے پڑھے اسلئے ظہر کہ چار سنتیں بھی دو سلاموں کے ساتھ پڑھے۔

**ترجمہ:** (۴۷۰)دن کے نوافل اگر چاہے تو ایک سلام سے دو رکعتیں پڑھے،اور اگر چاہے تو چار پڑھے،اوراس پر زیادتی کرنا مکروہ ہے، بہرحال رات کی نفلیں تو امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ اگر آٹھ رکعتیں ایک سلام کے ساتھ پڑھے تو جائز ہے،اوراس پر زیادتی کرنا مکروہ ہے،اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ رات کی نوافل میں ایک سلام کے ساتھ دو رکعتوں پر زیادتی نہ کرے۔

**تشریح** : یہاں دوطرح کے مسئلے ہیں [۱] ایک دن کے نوافل [۲] اور دوسرے رات کے نوافل کہ ایک سلام سے کتنی رکعتیں تک پڑھ سکتے ہیں۔ اور یہ اختلاف استحباب میں ہے، اسلئے اسکے خلاف بھی کرے گا تو کوئی حرج نہیں ہے ۔ امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ دن کے نوافل ایک سلام سے دو رکعتیں بھی پڑھ سکتا ہے اور چار بھی پڑھ سکتا۔ البتہ چار سے زیادہ نہ پڑھے تو اچھا ہے۔ لیکن اگر کسی نے پڑھ ہی لیا تو نماز ہو جائے گی۔ اور اگر رات میں نفل پڑھے تو ایک سلام کے ساتھ آٹھ رکعتیں پڑھ سکتا ہے۔

**وجه**: (۱) اوپر حدیث گزری کہ ظہر کی چار رکعتیں ایک سلام سے پڑھے، حدیث یہ ہے **عن عائشة قالت قال رسول الله ﷺ : أربع ركعات قبل الظهر** ، ) (ترمذی شریف، باب ما جاء فیمن صلی فی یوم ولیلة ثنتی عشرة رکعة من السنة، ص ۱۱۲، نمبر ۴۱۴/ ابن ماجہ، باب ما جاء فی ثنتی عشرۃ رکعۃ من السنۃ، ص ۱۶۰، نمبر ۱۱۴۰) اس حدیث میں ہے کہ ظہر کی سنت چار رکعت پڑھے ۔ (۲) **قال سألت عائشة عن صلوة رسول الله ﷺ عن تطوعه ؟ فقالت : كان يصلي في بيتي قبل الظهر أربعا** ۔ (مسلم شریف، باب جواز النافلة قائما وقاعدا، الخ، ص ۲۵۲، نمبر ۷۳۰/۱۶۹۹) اس حدیث میں بھی ہے کہ ظہر کی سنت چار رکعت پڑھتے تھے۔ (۲) **عن عائشة قالت : كان رسول الله ﷺ يصلي الضحى أربعا و يزيد ما شاء** ۔ (مسلم شریف، باب استحباب صلوۃ الضحی وان اقلھا رکعتان، الخ، ص ۲۴۹، نمبر ۷۱۹/۱۶۶۵) اس حدیث میں ہے کہ چاشت کی نماز چار رکعت پڑھتے تھے۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ دن کی سنت چار رکعت ہے اسلئے ایک سلام کے ساتھ چار رکعت پڑھنا مستحب ہے۔

اور رات کی سنت ایک سلام کے ساتھ آٹھ رکعت پڑھ سکتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے۔ اس لئے کہ حضورؐ نے ایک سلام کے ساتھ آٹھ رکعتوں سے زیادہ نماز نہیں پڑھی ہے۔ اس لئے زیادہ سے زیادہ ایک سلام کے ساتھ آٹھ رکعت نماز پڑھ سکتا ہے۔ اس حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔ **عن عائشة قالت كان رسول الله يصلي من الليل ثلاث عشرة ركعة يوتر من ذلك بخمس لا يجلس في شيء الا في آخرها** . (مسلم شریف، باب صلوۃ اللیل وعدد رکعات النبی فی اللیل ص ۲۵۴ نمبر ۷۳۷) اس حدیث میں ہے کہ تیرہ رکعتیں پڑھی اور پانچ رکعت وتر ہے اور صرف اخیر میں بیٹھے ہیں تو معلوم ہوا کہ آٹھ رکعت ایک سلام کے ساتھ رات میں پڑھی ہے۔ اس لئے ایک سلام کے ساتھ رات میں آٹھ رکعت پڑھنا جائز ہے۔ اس سے زیادہ کا ثبوت نہیں اس لئے ایک سلام کے ساتھ اس سے زیادہ پڑھنا اچھا نہیں ہے۔ (۲) **سألت عائشة عن صلوة رسول الله ﷺ ؟ فقالت كان يصلي ثلاث عشرة ركعة ، يصلي ثمان ركعات ثم يوتر** ( مسلم شریف، باب صلوۃ اللیل وعدد رکعات النبی ﷺ فی اللیل، ص ۲۹۸، نمبر ۷۳۸/۱۷۲۴) اس حدیث میں ہے کہ آپ آٹھ رکعتیں پڑھتے تھے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ رات میں ایک سلام کے ساتھ آٹھ رکعتیں پڑھ سکتا ہے۔ (۳) **عن جابر قال قال رسول الله ﷺ (( أفضل الصلوة طول القنوت ))** (مسلم شریف، باب افضل الصلوۃ طول القنوت، ص ۳۰۶، نمبر ۷۵۶/۱۷۶۸) اس حدیث میں ہے کہ طول قنوت افضل نماز ہے، اسلئے ایک سلام کے ساتھ آٹھ رکعت پڑھے تو طول قنوت ہوگا اسلئے ایک سلام کے ساتھ آٹھ رکعت پڑھ سکتا ہے اس سے زیادہ

**ل** وفی الجامع الصغیر لم یذکر الثمانی فی صلوٰۃ اللیل **ل** ودلیل الکراھۃ انہ علیہ السلام لم یزد علٰی ذٰلک ولولا الکراھۃ لزادتعلیما للجواز **ل** والافضل فی اللیل عند ابی یوسفؒ ومحمدؒ مثنی مثنی

---

نہیں۔

**فائدہ** : اورصاحبینؒ فرماتے ہیں رات کے نوافل دودورکعت ایک سلام کے ساتھ پڑھے اس سے زیادہ نہ پڑھے تو افضل ہے۔

**وجہ** : (۱) حدیث میں ہے عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال صلوۃ اللیل مثنی مثنی ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء ان صلوۃ اللیل مثنی مثنی ص ۹۸ نمبر ۴۳۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ رات میں نفل نماز دودورکعتیں ہیں۔(۲) عن ابن عمر أن رجلاً سأل رسول اللہ ﷺ عن صلوۃ اللیل ؟ فقال رسول اللہ ﷺ (( صلوۃ اللیل مثنی مثنی فاذا خشی أحدکم الصبح صلی رکعۃ واحدۃ توتر لہ ما قد صلی . (مسلم شریف باب صلوۃ اللیل مثنی مثنی والوتر رکعۃ من آخر اللیل، ص ۲۵۴، نمبر ۱۷۴۸/۷۴۹) اس حدیث میں بھی ہے کہ رات کی نماز دودورکعتیں ہیں۔لیکن چونکہ دن کے بارے میں چار کا ثبوت ہے اس لئے دن میں تو چار کے قائل ہو گئے لیکن رات کے بارے میں فرمایا کہ دودورکعتیں ہی افضل ہیں۔

**ترجمہ**: **ل** اور جامع صغیر میں رات کی نفل کے بارے میں آٹھ کا تذکرہ نہیں ہے۔

**تشریح** : جامع صغیر کی اصل عبارت میں رات کی نفل کے بارے میں یہ نہیں ہے کہ ایک ساتھ آٹھ رکعتیں پڑھے، البتہ اسکے املاء کرانے میں اس بات کا ذکر ہے۔جامع صغیر میں یہ عبارت ہے۔ و صلوۃ اللیل ان شئت فصل بتکبیرۃ رکعتین ، و ان شئت أربعاً و ان شئت ستاً ، و ذکر فی(( الاملاء )) ثمانی رکعات ، و صلوۃ النھار رکعتان و أربع ، و یکرہ أن تزید ، و ان فعلت لزمک ، و قال أبو یوسف و محمدؒ : صلوۃ اللیل مثنی مثنی ۔ (جامع صغیر، باب مسائل لم تدخل فی الابواب، ص ۱۱۱) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ جامع صغیر کی اصل عبارت میں آٹھ رکعتوں کا تذکرہ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: **ل** اور کراہیت کی دلیل یہ ہے کہ حضور علیہ السلام نے آٹھ پر زیادہ نہیں کی۔اگر کراہیت نہیں ہوتی تو جواز کی تعلیم کے لئے آٹھ سے زیادہ کرتے۔

**تشریح** : ایک سلام کے ساتھ آٹھ رکعتوں سے زیادہ پڑھنا مکروہ فرمایا اسکی وجہ یہ بتاتے ہیں کہ حضورؐ نے اس سے زیادہ ایک سلام کے ساتھ نہیں پڑھی ہے۔اگر اس سے زیادہ مکروہ نہ ہوتا تو آپؐ امت کو بتلانے کے لئے ضرور ایک مرتبہ بھی آٹھ رکعتوں سے زیادہ پڑھ کر بتاتے ،لیکن کبھی بھی اس سے زیادہ نہیں پڑھی جس سے معلوم ہوا کہ آٹھ سے زیادہ مکروہ ہے۔آٹھ رکعتوں کی دلیل اوپر حدیث مسلم گزر گئی

**ترجمہ**: **ل** امام ابو یوسف اور امام محمدؒ کے نزدیک رات میں افضل دودورکعتیں ہیں اور دن میں چار چار۔

وفی النهار اربع اربع　٤ وعند الشافعیؒ فیهما مثنی مثنی.　۵ وعندابی حنفیةؒ فیهما اربع اربع
٦ للشافعیؒ قوله علیه السلام صلوٰة اللیل والنهار مثنی مثنی

---

**تشریح** : صاحبین فرماتے ہیں کہ رات میں نفل دو دو رکعت کر کے پڑھنا افضل ہے۔اور دن میں ایک سلام کے ساتھ چار چار کر کے افضل ہے

**وجه** : رات میں دو دو کر کے افضل ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال صلوة اللیل مثنی مثنی۔(ترمذی شریف، باب ماجاء ان صلوة اللیل مثنی مثنی ص ۹۸ نمبر ۴۳۷)اس حدیث میں ہے کہ رات کی نفل دو دو رکعت ہے۔ اور دن کے بارے میں اوپر حدیث گزری کہ چار رکعت پڑھتے تھے اسلئے دن میں چار رکعت پڑھنے کے قائل ہوئے۔

**ترجمه** : ٤ اور امام شافعیؒ کے نزدیک دن رات دونوں میں دو دو رکعت پڑھنا افضل ہے۔

**وجه** : حدیث میں ہے کہ دن اور رات میں دو دو رکعت پڑھے۔حدیث یہ ہے ۔(۱)عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال صلوة اللیل والنهار مثنی مثنی ان تشهد فی کل رکعتین (ابوداؤد شریف، باب فی صلوة النهار ص ۱۹۰ نمبر ۱۲۹۵) اس حدیث میں ہے کہ دن میں بھی دو دو رکعت پڑھے اور رات میں بھی دو رکعت پڑھے۔(۲) حدیث میں ہے. عن عائشة قالت کان رسول الله ﷺ یصلی فیما بین ان یفرغ من صلوة العشاء وهی التی یدعو الناس العتمة الی الفجر احدی عشر رکعت یسلم بین کل رکعتین ۔(مسلم شریف، باب صلوة اللیل وعدد رکعات النبی ﷺ فی اللیل ص ۲۵۴ نمبر ۱۷۳۶)اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ رات کی نماز دو دو رکعت پڑھنی چاہئے۔اور دن کے بارے میں یہ حدیث ہے (۳)عن ام هانی بنت ابی طالب ان رسول الله ﷺ یوم الفتح صلی سبحة الضحی ثمانی رکعات یسلم من کل رکعتین ۔(ابوداؤد شریف، باب صلوة الضحی ص ۱۹۰ نمبر ۱۲۹۰)اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ دن کی نماز دو دو رکعتیں پڑھنی چاہئے۔ان احادیث کی بنا پر امام شافعیؒ رات اور دن میں دو دو رکعت نفل پڑھنے کے قائل ہیں۔

**ترجمه** : ۵ اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دن میں بھی چار چار رکعت اور رات میں بھی چار چار رکعت پڑھنا افضل ہے۔

**وجه** : اوپر کئی حدیثیں آگئیں جن میں ہے کہ حضور دن میں بھی سنتیں چار رکعتیں پڑھتے تھے، اور رات میں بھی سنتیں چار رکعتیں پڑھتے تھے۔

**ترجمه** : ٦ امام شافعیؒ کی دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ دن اور رات کی سنتیں دو دو ہیں۔

**تشریح** : حدیث یہ گزر گئی۔عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال صلوة اللیل والنهار مثنی مثنی ان تشهد فی کل رکعتین (ابوداؤد شریف، باب فی صلوة النهار ص ۱۹۰ نمبر ۱۲۹۵) اس حدیث میں ہے کہ دن اور رات کی سنتیں دو دو ہیں۔

ے ولهما الاعتبار بالتراويح ۸ ولابی حنيفةؒ انه عليه السلام كان يصلی بعد العشاء اربعًا روته عائشةؓ ۹ وكان يواظب علی الاربع فی الضحیٰ

**ترجمه**: ے صاحبین کی دلیل یہ ہے کہ وہ تراویح پر قیاس کرتے ہیں۔

**تشریح**: صاحبین کی رائے تھی کہ دن کی سنتیں چار چار رکعتیں ہوں اور رات کی سنتیں دو دو رکعتیں ہوں، انکی کچھ دلیلیں اوپر گزر گئیں، اور ایک دلیل صاحب ھدایہ نے یہ بھی دی کہ رات میں تراویح کی نماز جو سنت ہے وہ دو دو رکعت پڑھتے ہیں اسلئے رات کی اور سنتیں بھی دو دو رکعت ہی ہونی چاہئے۔ اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن ابی عمر انه صلی خلف ابی هريرة و كان يصلی ركعتين ثم يسلم ثم يقوم فيوتر بركعة۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۶۸۵ فی کم یسلم الامام، ج ثانی، ص ۱۷۰، نمبر ۷۷۴۴) اس اثر میں ہے کہ تراویح میں دو رکعت پر سلام پھیرے، جس سے معلوم ہوا کہ تراویح دو دو رکعت ہے تو اس پر قیاس کرتے ہوئے رات کی سنت بھی دو دو رکعت ہونی چاہئے۔

**ترجمه**: ۸ اور امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ حضور علیہ السلام عشاء کے بعد چار رکعت پڑھتے تھے اسکو حضرت عائشہؓ نے روایت کی ہے۔

**تشریح**: حضرت عائشہؓ کی روایت یہ۔ عن أبی سلمة بن عبد الرحمن أنه سأل عائشة: كيف كانت صلوة رسول الله ﷺ فی رمضان؟ قالت: ما كان رسول الله ﷺ يزيد فی رمضان، و لا فی غيره علی احدی عشرة ركعة، يصلی أربعا فلا تسأل عن حسنهن و طولهن، ثم يصلی أربعاً فلا تسأل عن حسنهن و طولهن، ثم يصلی ثلاثا. (مسلم شریف، باب صلوۃ اللیل وعدد رکعات النبی ﷺ فی اللیل، ص ۲۹۸، نمبر ۱۷۲۳/۳۸) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ رات کی سنتیں چار چار رکعتیں پڑھتے تھے۔

**ترجمه**: ۹ اور حضور چاشت کی نماز میں چار رکعت پر ہمیشگی کرتے تھے

**تشریح**: حضورؐ اکثر و بیشتر چاشت کی نماز چار رکعتیں پڑھتے تھے۔ اس حدیث میں ہے۔ عن عائشة قالت: كان رسول الله ﷺ يصلی الضحی أربعاً و يزيد ما شاء۔ (مسلم شریف، باب استحباب صلوۃ الضحی وان اقلھا رکعتان، الخ، ص ۲۴۹، نمبر ۱۹/۱۶۶۵ / ابن ماجۃ شریف، باب فی صلوۃ الضحی، ص ۱۹۶، نمبر ۱۳۸۱) اس حدیث میں ہے کہ چاشت کی نماز چار رکعت پڑھتے تھے۔ اس سے بھی معلوم ہوا کہ دن کی سنت چار رکعت ہے اسلئے ایک سلام کے ساتھ چار رکعت پڑھنا مستحب ہے۔ اس حدیث میں یہ تو نہیں ہے کہ حضورؐ ہمیشہ ایسا کرتے تھے لیکن، کان یصلی، استمرار کا صیغہ ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپؐ اکثر و بیشتر ایسا کرتے تھے۔

١٠ ولانه ادوم تحريمة فيكون اكثر مشقة وازيد فضيلة ١١ ولهذا الونذران يصلى اربعًا بتسليمة لايخرج عنه بتسليمتين وعلى القلب يخرج ١٢ والتراويح تؤدّى بجماعة فيراعى فيها جهة التيسير ١٣ ومعنى مارواه شفعا لا وترا. والله اعلم.

---

**ترجمہ**: ١٠ اس لئے بھی کہ تحریمہ دیر تک رہے گا اسلئے اس میں مشقت زیادہ ہوگی اور فضیلت بھی زیادہ ہوگی۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ چار رکعتوں کا تحریمہ ایک ساتھ باندھے گا تو یہ تحریمہ دیر تک رہے گا اسلئے اس میں مشقت زیادہ ہوگی اور مشقت زیادہ ہونے کی وجہ سے فضیلت اور ثواب بھی زیادہ ہوگا۔ اسلئے چار رکعت ایک ساتھ پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔

**ترجمہ**: ١١ یہی وجہ ہے کہ اگر نذر مانی کہ ایک سلام کے ساتھ چار رکعت پڑھے گا تو دو سلام سے پڑھنے سے اس نذر سے نہیں نکلے گا۔ اور اسکے الٹے میں [یعنی دو رکعت کی نذر مانی اور چار رکعت پڑھ لی] تو نذر سے نکل جائے گا۔

**تشریح**: کسی نے نذر مانی کہ ایک سلام سے چار رکعتیں پڑھونگا، پھر اس نے دو سلام سے چار رکعتیں پڑھی تو نذر پوری نہیں ہو گی۔ اور اگر نذر مانی کہ چار رکعتیں دو سلام کے ساتھ پڑھونگا، پھر اس نے چار رکعتیں ایک ہی سلام کے ساتھ پڑھ لیا تو نذر پوری ہو جائے گی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ چار رکعتوں میں مشقت زیادہ ہے اسلئے دو دو رکعتوں کی نذر مانی اور چار رکعتیں پڑھ لی تو نذر پوری ہو جائے گی، اور چار رکعتوں کی نذر مانی تو اس میں زیادہ مشقت تھی اور دو دو رکعت کر کے پڑھی اس میں مشقت کم ہوئی اسلئے نذر پوری نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** ١٢ اور تراویح جماعت کے ساتھ ادا کی جاتی ہے اسلئے اس میں آسانی کی جہت کی رعایت کی گئی ہے۔

**تشریح**: یہ صاحبین کو جواب ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ تراویح کی نماز دو دو رکعت کر کے پڑھتے ہیں اسلئے رات کی نماز دو دو رکعت کر کے پڑھنا بہتر ہے۔ اسکا جواب ہے کہ تراویح جماعت کے ساتھ ادا کی جاتی ہے اسلئے اس میں آسانی اختیار کرنا بہتر ہے اور آسانی اسی میں ہے کہ دو دو رکعت کر کے سنت پڑھی جائے۔ لیکن اور نوافل الگ الگ پڑھتے ہیں اسلئے اسکو چار رکعت ایک ساتھ پڑھنا بہتر ہے۔

**ترجمہ**: ١٣ اور امام شافعیؒ نے جو روایت کی اسکا معنی یہ ہے کہ شفعہ ادا کرے طاق ادا نہ کرے۔

**تشریح**: یہ امام شافعی کے استدلال کا جواب ہے۔ انہوں نے حدیث پیش کی تھی کہ رات اور دن کی نماز مثنی مثنی پڑھے۔ اس مثنی کی تاویل یہ فرماتے ہیں کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ رات کی نماز طاق طاق نہ پڑھے بلکہ شفعہ شفعہ پڑھے، چاہے دو رکعت کا شفعہ ہو، یا چار رکعت کا شفعہ ہو، اس لئے اس حدیث سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ سنت دو دو رکعت ہی پڑھے۔

﴿فصل فی القراءة﴾

(۴۷۱) والقراءة فی الفرض واجبة فی الرکعتین﴾

﴿ فصل فی القرأة ﴾

**ترجمه**: (۴۷۱) قرأت واجب ہے فرض کی پہلی دو رکعتوں میں

**تشریح**: فرض کی جو نماز چار رکعت والی ہے مثلا ظہر، عصر اور عشاء، یا تین رکعت والی ہے مثلا مغرب تو ان کی پہلی دو رکعتوں میں قرأت کرنا فرض ہے۔ اگر ایک آیت بڑی بھی قرأت نہیں کی تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور سورۂ فاتحہ پڑھنا اور سورت ملانا دونوں واجب ہیں۔ دلائل گزر چکے ہیں

**وجہ**: (۱) اصل میں فرض میں پہلی دو رکعتیں اصل ہیں اور دوسری دو رکعتیں انکے تابع ہیں۔ اس لئے پہلی دو رکعتوں میں قرأت کرنا فرض ہوگا۔ کیونکہ آیت (( فاقرءوا ما تیسر من القرآن )) ۔ (آیت ۲۰، سورۃ المزمل ۷۳) سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ایک رکعت میں بھی قرآن کی آیت پڑھ لی گئی تو فرض کی ادائیگی ہوگئی۔ (۲) حدیث میں ہے۔ عن عبد الله بن ابی قتادة عن ابیه ان النبی ﷺ کان یقرأ فی الظهر فی الاولیین بام الکتاب و سورتین وفی الرکعتین الاخریین بام الکتاب ویسمعنا الآیة و یطول فی الرکعة الاولی ما لا یطیل فی الرکعة الثانیة وهکذا فی العصر. (بخاری شریف، باب یقرأ فی الاخریین بفاتحة الکتاب ص ۱۰۷ نمبر ۷۷۶ رمسلم شریف، باب القراءة فی الظهر والعصر ص ۱۸۵ نمبر ۴۵۱/۱۰۱۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دوسری رکعتوں میں صرف سورۂ فاتحہ پڑھا کرتے تھے۔ لیکن یہ ہمارے یہاں بطور سنت کے ہے وجوب کے نہیں (۳) جابر بن سمرة قال قال عمر لسعد لقد شکوک فی کل شیء حتی الصلوة قال اما انا فامد فی الاولیین واحذف فی الاخریین ولا آلو ما اقتدیت به من صلوة رسول الله ﷺ قال صدقت ذلک الظن بک او ظنی بک۔ (بخاری شریف، باب یطول فی الاولیین ویحذف فی الاخریین ص ۱۰۶ نمبر ۷۷۰ رمسلم شریف، باب القراءة فی الظهر والعصر ص ۱۸۶ نمبر ۴۵۳) احذف فی الاخریین کے دو ترجمے کر سکتے ہیں۔ ایک یہ کہ بالکل قرأت نہیں کرتا ہوں۔ یہ ترجمہ حنفیہ کے مطابق ہوگا کہ دوسری دو رکعتوں میں قرأت نہیں ہے۔ اور دوسرا ترجمہ یہ ہے کہ مختصر قرأت کرتا ہوں یعنی سورۂ فاتحہ پڑھتا ہوں۔ اس ترجمہ سے سورۂ فاتحہ کا ثبوت ہوگا جو حنفیہ کے نزدیک فرض کی دوسری دو رکعتوں میں سنت ہے (۴) عن عبد الله بن ابی رافع قال کان یعنی علیا یقرأ فی الاولیین من الظهر والعصر بام القرآن و سورة ولا یقرأ فی الاخریین (مصنف عبد الرزاق، باب کیف القراءة فی الصلوة ج ثانی ص ۶۵، نمبر ۲۶۵۸ رمصنف ابن ابی شیبة، ۱۴۶ من کان یقول یسبح فی الاخریین ولا یقرأ، ج اول، ص ۳۲۷، نمبر ۳۷۴۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ دوسری دو رکعتوں میں قرأت کوئی ضروری نہیں ہے۔ (۵) عن

۱؎ وقال الشافعیؒ :فی الرکعات کلها لقوله علیه السلام :لا صلوٰة الابقراء ة، وکل رکعة صلوة
۲؎ وقال مالکؒ: فی ثلث رکعات اقامة للاکثر مقام الکل تیسیرا

ابراهیم قال :ما قرأ علقمة فی الرکعتین الأخریین حرفا قط ۔(مصنف عبدالرزاق، باب کیف القراءۃ فی الصلوۃ ج ثانی ص ۶۵، نمبر ۲۶۶۰ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۴۶ من کان یقول یسبح فی الاخریین ولا یقرأ، ج اول ،ص ۳۲۷، نمبر ۳۷۴۲ )اس اثر سے معلوم ہوا کہ دوسری رکعت میں سورت پڑھنا کوئی ضروری نہیں ہے۔

**فائدہ : ترجمہ**: ۱؎ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ تمام ہی رکعتوں میں پڑھنا ضروری ہے۔حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ کوئی نماز بغیر قرأت کے نہیں ہوتی اور اسلئے بھی کہ ہر رکعت نماز ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کے نزدیک ہر رکعت میں قرأت کرنا فرض ہے، چاہے فرض نماز ہو یا نفل نماز ہو۔

**وجہ**: (۱)ان کے نزدیک ہر رکعت مستقل نماز ہے۔اور نماز بغیر قرأت کے نہیں ہوتی اس لئے دوسری دو رکعتوں بھی سورۂ فاتحہ پڑھنا ضروری ہے(۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی هريرة أن رسول الله ﷺ قال (( لا صلوة الا بقرأة ))(مسلم شریف، باب وجوب قرأۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ ،ص ۱۶۹ نمبر ۸۸۲/۳۹۶ )اس حدیث میں ہے کہ قرأت کے بغیر نماز ہی نہیں ہوگی، اور انکے یہاں ہر رکعت نماز ہے اسلئے ہر رکعت میں قرأت فرض ہے۔(۳)اسی مسئلہ میں بخاری کی یہ حدیث گزری ۔عن عبد الله بن ابی قتادة عن ابیه ان النبی ﷺ کان یقرأ فی الظهر فی الاولیین بام الکتاب و سورتین وفی الرکعتین الاخریین بام الکتاب ویسمعنا الآیة و یطول فی الرکعة الاولی ما لا یطیل فی الرکعة الثانیة وهکذا فی العصر. (بخاری شریف، باب یقرأ فی الاخریین بفاتحۃ الکتاب ص ۱۰۷ نمبر ۷۷۶ رمسلم شریف، باب القراءۃ فی الظہر والعصر ص ۱۸۵ نمبر ۴۵۱/۱۰۱۲ )جس میں ہے کہ حضورؐ دوسری دو رکعتوں میں سورۂ فاتحہ پڑھتے تھے جس کا مطلب یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ پڑھنا واجب ہے(۴) عن عبادة بن صامت : أن رسول الله ﷺ قال : (( لاصلوة لمن لم یقرأ بفاتحة الکتاب (بخاری شریف ،باب وجوب القرأۃ للامام والماموم فی الصلوات کلھا ص ۱۰۴ نمبر ۷۵۶ رمسلم شریف، باب وجوب قرأۃ الفاتحۃ فی کل رکعۃ ،ص ۱۶۹ نمبر ۳۹۴/۸۷۴ )اس حدیث کی وجہ سے بھی فاتحہ پڑھنا ضروری ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور امام مالکؒ نے فرمایا کہ تین رکعتوں میں کافی ہے، آسانی کے لئے اکثر کو کل کے قائم مقام کرتے ہوئے۔

**تشریح**: حضرت امام مالکؒ کا مسلک یہ ہے کہ چار رکعت والی نماز میں تین رکعتوں میں قرأت کرلے تب بھی کافی ہوجائے گی۔

**وجہ** : (۱)اسکی وجہ وہ یہ فرماتے ہیں کہ اکثر میں قرأت کرلی تو یہ کل کے حکم میں ہوگیا، اسلئے یہ کافی ہوگیا۔(۲) اثر میں اسکا ثبوت

**۳ ولنا قوله تعالیٰ فاقرء وا ما تیسر من القران والامر بالفعل لایقتضی التکرار ۴ وانما اوجبنا فی الثانیة استدلالا بالاولی لانهما تتشاکلان من کل وجه فاما الاخریان تفارقانهما فی حق السقوط بالسفر وصفة القراء ة وقدرها فلاتلحقان بهما**

ہے. عن ابراهیم قال : اذا لم یقرأ فی ثلاث من الظهر أعاد . (مصنف عبدالرزاق، باب من نسی القرأة، ج ثانی، ص ۸۱، نمبر ۲۷۶۲) اس اثر میں ہے کہ تین رکعتوں میں قرأت نہ کرے تو نماز لوٹائے۔

**ترجمہ:** ۳ اور ہماری دلیل اللہ تعالی کا قول ((فاقرء وا ما تیسر من القرآن))۔ (آیت ۲۰، سورۃ المزمل ۷۳)) ہے اور کسی کام کا امر تکرار کا تقاضا نہیں کرتا۔

**تشریح:** یہ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل ہے کہ ہمیں قرآن میں سے جو آسان ہو اسکو پڑھنے کا حکم دیا گیا ہے اور قاعدہ یہ ہے کہ کسی کام کا حکم ہو تو اسکو ایک مرتبہ کر دینے سے ادا ہو جائے گا، اسکو دوبارہ کرنے کی ضرورت نہیں جب تک کہ الگ سے دوبارہ حکم نہ آ جائے۔ کیونکہ امر تکرار کا تقاضا نہیں کرتا۔ اسلئے آیت کی وجہ سے صرف ایک رکعت میں قرأت کرنا فرض ہوا، لیکن دوسری رکعت میں بھی فرض اسلئے قرار دیتے ہیں کہ وہ بہت حد تک پہلی رکعت کے مشابہ ہے۔ البتہ تیسری اور چوتھی رکعت پہلے دونوں رکعتوں کے مشابہ نہیں ہیں اسلئے ان میں قرأت کرنا فرض نہیں ہوا بلکہ سنت ہوا۔

**ترجمہ:** ۴ اور ہم نے پہلی رکعت پر قیاس کرتے ہوئے دوسری رکعت میں قرأت واجب کی، اسلئے کہ دونوں ہر اعتبار سے مشابہ تھے۔ بہر حال تیسری اور چوتھی رکعت تو وہ دونوں پہلی دونوں سے مختلف ہیں۔ [۱] سفر میں ساقط ہونے کے حق میں [۲] اور قرأت کی صفت میں [۳] اور اسکی مقدار میں اسلئے دوسری دو رکعتیں پہلی کے ساتھ لاحق نہیں ہونگیں۔

**تشریح:** دوسری دو رکعتیں پہلی دو رکعتوں سے ان باتوں میں مختلف ہیں اسلئے قرأت کی فرضیت میں تیسری چوتھی کو پہلی کے ساتھ لاحق نہیں کر سکتے [۱] سفر میں دوسری رکعت ساقط نہیں ہوتی، لیکن تیسری اور چوتھی رکعت ساقط ہو جاتی ہیں، جس سے معلوم ہوا کہ تیسری اور چوتھی پہلی اور دوسری رکعت کے مشابہ نہیں ہیں۔ [۲] پہلی اور دوسری میں رات میں جہری قرأت پڑھی جاتی ہے۔ جبکہ تیسری اور چوتھی میں سری پڑھی جاتی ہے۔ اس صفت کے اعتبار سے بھی مختلف ہیں۔ [۳] تیسری اور چوتھی کی قرأت مقدار کے اعتبار سے بھی مختلف ہیں۔ کیونکہ پہلی اور دوسری میں سورت ملائی جاتی ہے جبکہ تیسری اور چوتھی میں صرف سورہ فاتحہ پڑھنا کافی ہے سورت ملانے کی ضرورت نہیں۔ اس اعتبار سے بھی مختلف ہیں اسلئے تیسری چوتھی رکعت پہلی رکعت کے ساتھ لاحق نہیں ہوگی اور پہلی رکعت پر قیاس کرتے ہوئے تیسری اور چوتھی رکعت میں قرأت فرض نہیں ہوگی، کیونکہ دونوں مختلف ہیں۔ یہ دلیل عقلی ہے، تیسری اور چوتھی رکعت میں قرأت فرض نہ ہونے کے لئے اصل میں اوپر کی حدیث اور قول صحابی ہیں۔

۵ والصلوٰة فيما روى مذكورة صريحا فتصرف الى الكاملة وهي الركعتان عرفا كمن حلف لايصلي صلوٰة بخلاف ما اذا حلف لا يصلي (۴٧٢) وهو مخير في الاخريين ﴿ ل معناه ان شاء سكت وان شاء قرأوان شاء سبّح كذاروى عن ابى حنيفةؒ وهو الماثور عن عليؓ وابن مسعودؓ وعائشةؓ

**ترجمه:** ۵ اور جو امام شافعیؒ نے حدیث روایت کی اس میں ((صلوة)) کالفظ صراحت کے ساتھ مذکور ہے اسلئے صلوة کامل نماز کی طرف پھیری جائے گی، اور وہ عرف میں دو رکعت ہیں۔ جیسے کوئی قسم کھائے ((لایصلی صلوة)) کہ ایک نماز نہیں پڑھونگا، بخلاف جبکہ قسم کھائے ((لایصلی)) کہ کوئی بھی نماز نہیں پڑھے گا۔

**تشریح:** یہ امام شافعیؒ کے استدلال کا جواب ہے۔ حضرت امام شافعیؒ نے اس حدیث سے استدلال فرمایا تھا۔ عن ابی هريرة أن رسول الله ﷺ قال ((لا صلوة الا بقرأة)) (مسلم شریف، باب وجوب قرأة الفاتحة فی کل رکعة، ص ١٦٩ نمبر ٣٩٦/٨٨٢) اس حدیث میں ہے 'لاصلوة الابقرأة' اسلئے اس صلوة سے ہر رکعت مراد نہیں لی جائے بلکہ پوری نماز مراد لی جائے، یعنی دو رکعت مراد لی جائے، اور حدیث کا مطلب یہ ہوگا کہ پہلی دو رکعت بغیر قرأت کے درست نہیں ہوگی، کیونکہ عرف میں نماز سے کامل نماز مراد لیتے ہیں چنانچہ اگر کسی نے قسم کھائی کہ ((لایصلی صلوة)) کہ میں ایک نماز نہیں پڑھونگا تو اس سے دو رکعت والی پوری نماز مراد ہوتی ہے۔ چنانچہ اگر وہ دو رکعت والی پوری نماز پڑھے گا تو حانث ہوگا اور ایک رکعت نماز پڑھے گا تو حانث نہیں ہوگا۔ اور اگر یوں قسم کھائی ((لایصلی)) کہ میں نماز نہیں پڑھونگا، تو اس صورت میں ایک رکعت بھی نماز پڑھے گا تو حانث ہو جائے گا، کیونکہ اس صورت میں صلوة کا لفظ نہیں بڑھایا اسلئے کامل نماز مراد نہیں ہوگی، ایک رکعت پڑھنے سے بھی حانث ہو جائے گا۔

**لغت:** تیسیرا: آسانی کے لئے۔ یقتضی: تقاضا کرتا ہے۔ تتشا کلان: دونوں ایک دوسرے کے مشابہ ہیں۔ لاتلحقان: لاحق نہیں ہونگے، نہیں ملائے جائیں گے۔

**ترجمه:** (۴٧٢) اور اس کو اختیار ہے دوسری دو رکعتوں میں اگر چاہے تو سورۂ فاتحہ پڑھے اور اگر چاہے تو چپ رہے اور اگر چاہے تو تسبیح پڑھے۔

**ترجمه:** ل امام ابوحنیفہؒ سے ایسے ہی روایت کی گئی ہے۔ یہی حضرت علی، حضرت ابن مسعود، اور حضرت عائشہؓ سے منقول ہے۔

**تشریح:** فرض کی پہلے دو رکعتوں میں قرأت فرض ہے لیکن دوسری دو رکعتوں میں اسکو اختیار ہے۔ چاہے تو تسبیح کی مقدار چپ رہے پھر رکوع میں چلا جائے، اور چاہے تو الحمد پڑھے اور چاہے تو تسبیح پڑھے۔

**وجه:** (١) اوپر حدیث سے ثابت کیا جا چکا ہے کہ دوسری دو رکعتوں میں قرأت فرض نہیں ہے اسلئے مصلی کو یہ سب اختیار ہیں۔

ﷺ الا ان الافضل ان یقرأ لانه علیه السلام داوم علی ذلک ولهذا لا یجب السهو بترکها فی ظاهر الروایة (٤٧٣) والقراء ة واجبة فی جمیع رکعات النفل وفی جمیع رکعاتالوتر﴾

---

(٢) اس اثر میں چپ رہنے کا ثبوت ہے۔ عن ابراهیم قال :ما قرأ علقمة فی الرکعتین الأخریین حرفاً قط۔ (مصنف عبد الرزاق ، باب کیف القراءۃ فی الصلوۃ ج ثانی ص ٦٥، نمبر ٢٦٦٠ رمصنف ابن ابی شیبۃ ،٦ ١٤ من کان یقول یسبح فی الاخریین ولایقرأ ،ج اول ،ص ٣٢٧، نمبر ٣٧٤٢) اس اثر سے معلوم ہوا کہ دوسری دو رکعتوں میں چپ رہے۔ اور تسبیح پڑھنے کی دلیل یہ اثر ہے۔ عن علی و عبد الله أنهما قالا : اقرأ فی الاولیین و سبح فی الاخریین ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ، ١٤٦ من کان یقول یسبح فی الاخریین ولایقرأ ، ج اول ،ص ٣٢٧، نمبر ٣٧٤٢ رمصنف عبد الرزاق ، باب کیف القراءۃ فی الصلوۃ ج ثانی ص ٦٥، نمبر ٢٦٥٩) اس اثر میں ہے کہ دوسری دو رکعتوں میں تسبیح پڑھتے تھے۔

**ترجمہ**: ﷺ مگر افضل یہ ہے کہ پڑھے۔ اسلئے کہ حضور علیہ السلام نے اس پر مداومت کی ہے۔ اسی وجہ سے ظاہر روایت میں یہ ہے کہ قرأت چھوڑنے سے سجدہ سہو واجب نہیں ہوگا۔

**تشریح** : حدیث کے انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ آپؐ اکثر وبیشتر دوسری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ پڑھتے تھے اسلئے دوسری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ پڑھنا افضل ہے۔ اس حدیث میں ہے۔ عن عبد الله بن ابی قتادة عن ابیه ان النبی ﷺ کان یقرأ فی الظهر فی الاولیین بام الکتاب و سورتین وفی الرکعتین الاخریین بام الکتاب ویسمعنا الآیة و یطول فی الرکعة الاولی ما لا یطیل فی الرکعة الثانیة وهکذا فی العصر. (بخاری شریف، باب یقرأ فی الاخریین بفاتحۃ الکتاب ص ١٠٧ نمبر ٧٧٦ رمسلم شریف، باب القراءۃ فی الظہر والعصر ص ١٨٥ نمبر ١٠١٢/٤٥١) اس حدیث میں کان یقرأ کا لفظ ہے جو استمرار پر دلالت کرتا ہے، جسکا مطلب یہ ہے کہ اکثر وبیشتر ایسا کرتے تھے کہ دوسری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ پڑھتے تھے اسلئے دوسری دو رکعتوں میں سورہ فاتحہ پڑھنا افضل ہے۔ (٢) اس حدیث میں اسکی صراحت ہے. عن ابی مالک أن النبی ﷺ کان یقرأ فی الظهر و العصر فی کلهن . (مصنف ابن ابی شیبۃ ١٤٥ من کان یقرأ فی الاولیین بفاتحۃ الکتاب وسورۃ وفی الاخریین بفاتحۃ الکتاب، ج اول، ص ٣٢٦، نمبر ٣٧٢٩) اس حدیث میں ہے کہ حضور تمام رکعتوں میں قرأت فرماتے تھے۔ اور چونکہ دوسری دو رکعتوں میں قرأت افضل ہے اسلئے کوئی سورہ فاتحہ چھوڑ دے تو اس پر سجدہ سہو لازم نہیں ہے۔ حضرت حسن بن زیاد نے امام اعظم سے ایک روایت یہ بھی نقل کی ہے کہ اگر دوسری دو رکعتوں میں قرأت چھوڑ دی تو سجدہ سہو لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: (٤٧٣) قرأت واجب ہے نفل کی تمام رکعتوں میں اور وتر کی تمام رکعتوں میں۔

**تشریح** : مثلاً نفل میں چار رکعتوں کی نیت باندھی تو چاروں رکعتوں میں سورہ فاتحہ بھی پڑھے اور سورت بھی ملائے، فرض کی طرح

لے اما النفل فلان کل شفع منه صلوٰة علیٰ حدة و القیام الی الثالثة کتحریمة مبتدأة ۲ے ولهذا لا یجب بالتحریمة الاولی الا رکعتان فی المشهور عن اصحابنا ۳ے ولهذا قالوا یستفتح فی الثالثة ای یقول

---

نہیں ہے کہ صرف پہلی دو رکعتوں میں فاتحہ پڑھے اور دوسری دو رکعتوں میں اختیار ہے۔

**وجہ**: (۱) نفل کی ہر دو رکعت ایک شفعہ ہے اور شفعہ مستقل نماز ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چار رکعت کی نیت باندھی تو دو رکعت ہی لازم ہوگی۔ چار رکعت لازم نہیں ہوگی۔ (۲) ہر دو رکعت الگ الگ شفعہ ہے اس کا اشارہ حدیث میں ہے عن ابن عمر عن النبی ﷺ قال صلوة اللیل و النهار مثنی مثنی (ابو داؤد شریف، باب فی صلوة النہار ص ۱۹۰ نمبر ۱۲۹۵) اس لئے ہر شفعہ میں قرأت کرنا لازم ہے۔ اور ہر شفعہ کی ہر رکعت میں قرأت کرنا ضروری ہے

(۳) وتر بھی من وجہ نفل ہے اس لئے اس کی تیسری رکعت میں قرأت کرے گا۔ احتیاط کا بھی تقاضا یہی ہے (۴) وتر کی تیسری رکعت میں قرأت کرنے کا ثبوت حدیث میں ہے سألت عائشة بای شیء کان یوتر رسول الله؟ قالت کان یقرأ فی الاولی بسبح اسم ربک الاعلی و فی الثانیة بقل یا ایها الکافرون وفی الثالثة بقل هوا الله احد و المعوذتین (ترمذی شریف، باب ماجاء مایقرأ فی الوتر ص ۱۰۶ نمبر ۴۶۳ رابو داؤد شریف، باب مایقرأ فی الوتر ص ۲۰۸ نمبر ۱۴۲۳) اس حدیث میں ہے کہ وتر کی تیسری رکعت میں قل ھو اللہ احد پڑھی۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ وتر کی تیسری رکعت میں سورۃ ملانا واجب ہے۔ اور جب وتر کی تیسری رکعت میں قرأت کی جائے گی تو نفل کی تیسری رکعت میں بدرجہ اولی قرأت کی جائے گی۔

**ترجمہ**: لے بہر حال نفل تو اسلئے کہ ہر شفع اسکی الگ نماز ہے، اور تیسری کی طرف کھڑا ہونا گویا کہ الگ سے تحریمہ باندھنا ہے۔

**تشریح**: یہاں سے تین دلیلیں دے کر یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ تیسری اور چوتھی رکعت الگ شفعہ ہے اور گویا کہ الگ نماز ہے اسلئے اسکے لئے الگ قرأت چاہئے۔ [۱] نفل کی ہر رکعت میں قرأت کے واجب ہونے کی دلیل ہے، جسکی تفصیل اوپر گزری، کہ نفل کی ہر دو رکعت الگ الگ شفعہ ہے، اور گویا کہ الگ الگ نماز ہے، یہی وجہ ہے کہ تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہوا تو گویا کہ اس نے الگ تحریمہ باندھا اسلئے پہلے شفعہ کی قرأت دوسرے شفعہ کے لئے کافی نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۲ے اسی لئے پہلی تحریمہ سے دو ہی رکعت لازم ہوگی۔ ہمارے اصحاب سے مشہور روایت یہی ہے۔

**تشریح**: ۔[۲] اگر کسی نے چار رکعت کی نیت باندھی تو ہمارے اصحاب کی مشہور روایت یہی ہے کہ اس تحریمہ سے صرف دو رکعت ہی لازم ہوگی چار رکعتیں لازم نہیں ہوگی۔ اسلئے کہ پہلی دو رکعتوں کا شفعہ الگ ہوگیا اور دوسری دو رکعتوں کا شفعہ الگ ہوگیا، اسلئے پہلے تحریمہ سے تیسری اور چوتھی رکعت لازم نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۳ے اسی لئے علماء نے فرمایا کہ تیسری رکعت میں ثناء، یعنی ((سبحانک اللھم)) الخ پڑھے۔

سبحانک اللهم ﴿۴﴾ واما الوتر فللاحتياط (۴۷۴) قال ومن شرع فی نافلة ثم افسدها قضاها ﴿
۱﴾ وقال الشافعیؒ لاقضاء عليه لانه متبرع فيه ولا لزوم علی المتبرع

---

**تشریح** : [۴] شفعہ الگ ہونے کی یہ تیسری دلیل ہے۔ کہ علماء نے فرمایا کہ چونکہ تیسری رکعت الگ شفعہ اور گویا کہ الگ نماز ہے اسلئے تیسری رکعت کے لئے جب کھڑا ہو تو اس میں پہلی رکعت کی طرح ثنا یعنی ((سبحانک اللھم وبحمدک))، الخ بھی پڑھے ۔

**ترجمہ** : ۵ بہر حال وتر تو احتیاط کے لئے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ وتر کی تینوں رکعتوں میں قرأت کرنے کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ وتر اگر چہ واجب ہے، اسلئے فرض کی طرح اسکی تیسری رکعت میں قرأت واجب نہیں ہونی چاہئے ،لیکن یہ نفل کی بھی مشابہ ہے، کیونکہ یہ حدیث سے ثابت ہے اسلئے احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ اسکو نفل کے زمرے میں رکھکر اسکی تینوں رکعتوں میں قرأت کی جائے ۔ اسکے علاوہ حدیث سے ثابت کیا کہ حضورؐ وتر کی تینوں رکعتوں میں سورت فاتحہ بھی پڑھتے تھے اور سورت بھی ملاتے تھے۔

**ترجمہ** : (۴۷۴) جو نفل نماز میں داخل ہو پھر اس کو فاسد کر دے تو اس کی قضا کرے گا۔

**تشریح** : اگر کسی نے نفل کی نیت باندھی اور تحریمہ کے بعد اس کو توڑ دیا تو دو رکعت کی قضا لازم ہوگی۔

**وجہ** : (۱) نفل جب تک شروع نہ کرے وہ نفل ہے، تبرع ہے۔ لیکن شروع کرنے کے بعد وہ ایک قسم کی عملا نذر کی طرح ہو جاتی ہے اور نذر کو پوری کرنا ضروری ہے۔ اس لئے نفل شروع کرنے کے بعد توڑ دے تو اس کو قضا کرنا واجب ہوگا۔ نذر پوری کرنے کی دلیل یہ آیت ہے۔ ثم ليقضوا تفثهم وليوفوا نذورهم ۔ (آیت ۲۹، سورۃ الحج ۲۲) اس آیت سے معلوم ہوا کہ نذر پوری کرنا چاہئے (۲)۔ دوسری آیت میں ہے کہ عمل کو باطل نہیں کرنا چاہئے اس لئے نفل کی جب نیت باندھ لی تو وہ ایک عمل بن گیا۔ اس لئے اس کو باطل نہیں کیا جائے گا۔ اور توڑ دیا تو اس کی قضا لازم ہوگی۔ آیت میں ہے يا ايها الذين آمنوا اطيعوا الله واطيعوا الرسول ولا تبطلوا اعمالكم ۔ (آیت ۳۳ سورۂ محمد ۴۷) اس آیت سے معلوم ہوا کہ اعمال کو باطل نہیں کرنا چاہئے اور باطل کر دیا تو اس کی قضا کرے۔

**فائدہ** : **ترجمہ** : ۱ اور امام شافعیؒ نے فرمایا اس پر قضا نہیں ہے اس لئے کہ وہ احسان کر رہا ہے، اور تبرع کرنے والے پر لزوم نہیں ہے۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کے یہاں نفل شروع کرنے کے بعد توڑ دے تب بھی وہ نفل ہی رہتی ہے۔ اس کی قضا کرنا واجب نہیں۔ وہ فرماتے ہیں کہ نفل پڑھنے والا تبرع اور احسان کرنے والا ہے اور تبرع اور احسان کرنے والے پر کوئی چیز واجب نہیں ہوتی۔ اسلئے نفل شروع کرنے کے بعد توڑ دے تو اس پر اسکی قضاء لازم نہیں ہوگی۔

ع ولنا ان المؤدی وقع قربة فیلزم الاتمام ضرورة صیانته عن البطلان (٤٧٥) وان صلی اربعًا وقرأ فی الاوّلیین وقعدثم افسد الاخریین قضی رکعتین﴾ ل لان الشفع الاول قدتم والقیام الی الثالثة

**وجه** : (ا)ان کی دلیل یہ آیت ہے۔ ما علی المحسنین من سبیل واللہ غفور رحیم. (آیت ۹۱ سورۂ توبہ ۹) اس آیت میں ہے کہ احسان کرنے والے اور نفل کام کرنے والے پر کوئی راستہ نہیں ہے۔ یعنی واجب نہیں ہے۔ اس لئے نفل نماز شروع کرنے کے بعد توڑ دے تو قضا واجب نہیں ہے (۲) وہ فرماتے ہیں کہ پہلے بھی وہ نفل تھی اسلئے شروع کرنے کے بعد بھی وہ نفل ہی رہے گی واجب نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ع اور ہماری دلیل یہ ہے کہ ادا کیا ہوا قربت واقع ہوئی تو اسکو پورا کرنا لازم ہوگا اسکو باطل ہونے سے بچانے کے لئے۔

**تشریح** : نفل اگر چہ تبرع ہے لیکن جتنا ادا کر دیا وہ قربت واقع ہوئی، اور قربت کو پورا کرنا ضروری ہے اور آیت کی وجہ سے قربت کو باطل ہونے سے بچانا بھی ضروری ہے اسلئے ادا کئے ہوئے کو باطل ہونے سے بچائے۔ اور یہ اسی صورت میں ہو سکتا ہے جبکہ نفل کی قضاء کرے، اور اسکی قضاء کرنا لازم ہو۔ اسلئے نفل کی قضاء ہوگی۔۔ اسکے لئے آیت اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ** : (٤٧٥) اگر چار رکعت نماز پڑھی اور دو رکعت میں قرأت کی اور بیٹھ گیا پھر دوسری دو رکعت فاسد کر دی تو دو رکعت ہی قضا کرے۔

**تشریح** : چار رکعت نفل نماز کی نیت باندھی۔ پھر دو رکعت میں قرأت کی پھر تشہد میں بیٹھا اور گویا کہ دو رکعت پوری کی پھر دوسری دو رکعت کو فاسد کر دیا تو دوسری دو رکعت ہی قضا کرے۔ پہلی دو رکعت پوری ہو گئی۔۔ اور اگر دو رکعت کے بعد تشہد میں نہ بیٹھتا تو پھر تیسری رکعت کو فاسد کرتا تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک بھی چار رکعت ہی پوری کرے گا، اسلئے کہ جب تشہد میں نہیں بیٹھا تو پہلا شفعہ بھی پورا نہیں ہوا اور تیسری رکعت کو فاسد کر کے اس شفعہ کو بھی خراب کیا اسلئے دونوں شفعے کو قضاء کرنا ہوگا۔

**وجہ** : یہ مسئلہ دو اصولوں پر مبنی ہے۔ ایک یہ کہ ہر دو رکعت الگ الگ شفعہ ہے۔ ایک کے فساد سے دوسرے میں کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ دوسرا قاعدہ یہ ہے کہ پہلی دو رکعت کے بعد تشہد میں بیٹھ گیا تو وہ دونوں رکعتیں پوری ہو گئیں۔ اب صرف سلام باقی ہے۔ اس لئے دوسری دو رکعتوں کو فاسد کیا تو اس کو قضا کرے گا۔ البتہ پہلی دو رکعتیں پوری ہو گئیں۔ اس پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

**اصول** : (ا) نفل میں دو رکعت الگ الگ شفعہ ہیں (۲) ایک کے فساد سے دوسرے پر اثر نہیں پڑے گا۔ حدیث صلوۃ اللیل والنہار مثنی مثنی (ابوداؤد شریف نمبر ۱۲۹۵) سے استدلال کر سکتے ہیں۔

**ترجمہ** : ل اسلئے پہلا شفعہ پورا ہو گیا اور تیسری رکعت کی طرف کھڑا ہونا گویا کہ شروع سے تحریمہ باندھنا ہے اسلئے تیسری چوتھی

بمنزلة التحريمة المبتدأه فيكون ملزما ۲؎ هذا اذا فسد الاخريين بعد الشروع فيهما ولو افسد قبل الشروع في الشفع الثاني لايقضي الاخريين ۳؎ وعن ابي يوسفؒ انه يقضي اعتبارا للشروع بالنذر

---

رکعت لازم ہوگی۔

**تشریح** : چار رکعت نفل کی نیت باندھی اور اسکو قرأت اور تشہد کے ساتھ پوری کر کے سلام پھیرے بغیر تیسری شروع کی اور تیسری رکعت کو فاسد کیا تو چونکہ پہلا شفعہ پورا ہو چکا ہے، اسلئے اسکی قضاء لازم نہیں ہوگی، اور تیسری رکعت کو شروع کرنا گویا کہ الگ تحریمہ باندھنا ہے ،اسلئے اسکو فاسد کرنے سے صرف اس شفعہ کی قضاء لازم ہوگی۔

**ترجمہ** : ۲؎ یہ واجب ہونا جب ہے کہ دوسری دو رکعتوں کو شروع کرنے کے بعد فاسد کیا ہو۔ اور اگر دوسرے شفعہ کو شروع کرنے سے پہلے فاسد کر دیا تو دوسری دو رکعتوں کی قضاء واجب نہیں ہے۔

**تشریح** : اوپر جو گزرا کہ تیسری اور چوتھی رکعت کی قضاء لازم ہوگی یہ اس وقت ہے کہ دوسرے شفعہ کو شروع کیا پھر اسکو فاسد کر دیا تو دوسرے شفعہ کی قضاء لازم ہوگی، اور اگر دوسرے شفعہ کو ابھی شروع ہی نہیں کیا اور پہلی دو رکعت کے تشہد کے بعد نماز فاسد کر دی تو دوسرے شفعہ کی قضاء واجب نہیں ہے۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ دوسرا شفعہ پہلے شفعہ سے بالکل الگ ہے، اور چار رکعت کی نیت باندھنے سے چار رکعت لازم نہیں ہوگی بلکہ دو رکعت ہی لازم ہوگی، کیونکہ دونوں شفعے الگ الگ ہیں، اسلئے دوسرے شفعے کو شروع کرنے سے پہلے اسکی قضاء لازم نہیں ہوگی۔ ہاں اسکو شروع کرنے کے بعد فاسد کرے گا تو اسکی قضاء لازم ہوگی۔

**ترجمہ** : ۳؎ حضرت امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ کہ چاروں رکعتوں کی قضاء کرے گا وہ قیاس کرتے ہیں شروع کو نذر کرنے پر۔

**تشریح** : یہ قول اس اصول پر ہے کہ، چار رکعت کی نیت کرنے سے چاروں رکعتیں ایک ساتھ لازم ہونگیں، اسلئے ایک کو بھی فاسد کرنے سے چاروں فاسد ہونگیں اور چاروں کی قضاء لازم ہوگی۔ اب مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ چار رکعتوں کی نیت باندھی اور دو رکعت پوری کرنے کے بعد نماز فاسد کر دی تو حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ چاروں رکعتوں کی قضاء لازم ہوگی۔ جیسے کوئی چار رکعتوں کی نذر مانے اور تیسری رکعت میں فاسد کر دے تو، یا پہلی رکعت میں فاسد کر دے تو چاروں رکعتوں کی قضاء لازم ہوتی ہے اسی طرح یہاں چاروں رکعتوں کی قضاء لازم ہوگی۔ کیونکہ چار رکعت کی نذر ماننے سے چاروں رکعتیں ایک ساتھ ہی لازم ہوتی ہیں۔

۴ ولهما ان الشروع ملزم ما شرع فيه ومالا صحة له الابه وصحة الشفع الاوّل لاتتعلق بالثانی بخلاف الركعة الثانية ۵ وعلیٰ هذا سنة الظهر لانها نافلة ۶ وقیل يقضی اربعًا احتیاطا لانها بمنزلة صلوٰة واحدة

---

**ترجمه** : ۴ حضرت امام ابو حنیفہ اور امام محمد کی دلیل یہ ہے کہ جسکو شروع کیا وہی لازم ہوگی، اور وہ لازم ہوگی جسکے بغیر یہ صحیح نہیں ہوتی۔ اور شفع اول کا صحیح ہونا شفع ثانی سے متعلق نہیں ہے، بخلاف رکعت ثانی کے [ کہ پہلی رکعت کا صحیح ہونا دوسری رکعت پر موقوف ہے۔

**تشریح** : دوسرے شفع کے لازم نہ ہونے کی یہ دلیل عقلی ہے۔ طرفین کی دلیل یہ ہے کہ جس رکعت کو شروع کی اسکی قضاء لازم ہوگی، اور وہ رکعت بھی لازم ہوگی جس کے بغیر یہ رکعت درست نہ ہوتی ہو۔ مثلا پہلی رکعت شروع کی تو اسکی قضاء لازم ہوگی، لیکن ایک رکعت پڑھنا صلوۃ بتیرا ہے جو حدیث میں ممنوع ہے اسلئے دوسری رکعت کے بغیر پہلی رکعت صحیح نہیں ہے۔ اسلئے پہلی رکعت شروع کی تو دوسری رکعت کی قضاء بھی لازم ہوگی کیونکہ دوسری رکعت کے بغیر پہلی رکعت درست نہیں ہے۔ شفع ثانی کا حال ایسا نہیں ہے۔ کیونکہ شفع ثانی کے بغیر بھی شفع اول جائز ہے، اسلئے شفعہ اول شروع کیا تو اس سے شفع ثانی کی قضاء لازم نہیں ہوگی۔

**اصول** : [۱] جس رکعت کو شروع کیا اسکی قضاء واجب ہوگی۔ [۲] اور شروع کی ہوئی رکعت کا صحیح ہونا جس رکعت پر موقوف ہو اسکی قضاء بھی لازم ہوگی۔ [۳] اور جس پر موقوف نہ ہو اسکی قضاء لازم نہیں ہوگی۔

**ترجمه** : ۵ اسی اختلاف پر ظہر کی سنت ہے اسلئے کہ وہ بھی نفل ہے۔

**تشریح** : ظہر کی سنت ایک ساتھ چار رکعت ہے، اب کسی نے چار رکعت کی نیت کی اور تیسری رکعت شروع کرنے کے بعد فاسد کر دی تو امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک یہاں بھی پہلی دو رکعت الگ شفع ہے اور دوسری دو رکعت الگ شفعہ ہے اسلئے دوسرے شفعہ کو فاسد کرنے کی وجہ سے صرف دوسرے شفع کی ہی قضاء لازم ہوگی، پہلے شفع کی قضاء لازم نہیں ہوگی۔ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک چاروں رکعتیں ایک ہی نیت کے ساتھ باندھی ہے اسلئے تیسری کو فاسد کرنے کی وجہ سے بھی چاروں رکعتوں کی قضاء لازم ہوگی۔

**ترجمه** : ۶ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ احتیاط کے طور پر چار ہی قضاء کرے اسلئے کہ چاروں رکعتیں ایک ہی نماز کے درجے میں ہیں۔

**تشریح** : بعض حضرات کی رائے ہے کہ ظہر کی سنت میں چار رکعتوں کی نیت باندھی تو وہ چاروں رکعتیں ایک ہی نماز کے درجے میں ہیں اسلئے تیسری کو فاسد کیا تب بھی مکمل چار رکعتیں ہی قضاء کرے احتیاط کا تقاضا یہی ہے۔

**(٤٧٦) وان صلی اربعا ولم يقرأ فيهن شيئا اعاد ركعتين وهذا عندابی حنفية ومحمدؒ وعند ابی يوسفؒ يقضی اربعًا﴾**

**ترجمہ:** (٤٧٦) اگر چار رکعتیں نماز پڑھی اور کسی میں بھی کچھ قرأت نہیں کی تو امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک دو ہی رکعتیں لوٹائے، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک چار رکعتیں قضاء کرے۔

**تشریح:** اس مسئلے کی سولہ صورتیں ہیں، البتہ آٹھ صورتوں میں سب صورتیں شامل ہو جاتیں ہیں اسلئے مصنفؒ نے آٹھ صورتیں ہی بیان کی ہیں۔

﴿مسئلے کی سولہ صورتیں﴾

| | | | |
|---|---|---|---|
| [۱] | چاروں رکعتوں میں قرأت کی ہو | [۹] | شفع اول اور تیسری رکعت میں قرأت چھوڑ دی |
| [۲] | چاروں میں سے کسے میں قرأت نہ کی ہو | [۱۰] | شفع اول اور چوتھی رکعت میں قرأت چھوڑ دی ہو |
| [۳] | پہلی دو رکعتوں میں قرأت چھوڑ دی ہو | [۱۱] | پہلی رکعت اور شفع ثانی میں قرأت چھوڑ دی ہو |
| [۴] | دوسری دو رکعتوں میں قرأت چھوڑ دی ہو | [۱۲] | دوسری رکعت اور شفع ثانی میں قرأت چھوڑ دی ہو |
| [۵] | صرف پہلی رکعت میں قرأت چھوڑی ہو | [۱۳] | پہلی رکعت اور تیسری رکعت میں قرأت چھوڑی ہو |
| [۶] | صرف دوسری رکعت میں قرأت چھوڑ دی | [۱۴] | پہلی رکعت اور چوتھی رکعت میں قرأت چھوڑی ہو |
| [۷] | صرف تیسری رکعت میں قرأت چھوڑ دی | [۱۵] | دوسری رکعت اور تیسری رکعت میں قرأت چھوڑی ہو |
| [۸] | صرف چوتھی رکعت میں قرأت چھوڑ دی | [۱۶] | دوسری رکعت اور چوتھی رکعت میں قرأت چھوڑی ہو |

﴿صاحب ھدایہ کی پیش کردہ آٹھ صورتیں یہ ہیں﴾

| | | | |
|---|---|---|---|
| [۱] | چاروں رکعتوں میں قرأت چھوڑ دی ہو | [۵] | شفع اول کی کسی رکعت میں قرأت چھوڑی ہو |
| [۲] | شفعہ ثانی میں قرأت چھوڑ دی ہو | [۶] | شفع اول کی کسی ایک رکعت میں اور شفع ثانی کی کسی ایک رکعت میں قرأت چھوڑی ہو |
| [۳] | شفع اول میں قرأت چھوڑ دی ہو | [۷] | شفع ثانی کی دونوں رکعتوں میں اور شفع اول کی کسی ایک رکعت میں قرأت چھوڑی ہو |
| [۴] | شفع ثانی کی کسی رکعت میں قرأت چھوڑی ہو | [۸] | شفع اول کی دونوں رکعتوں میں اور شفع ثانی کی کسی ایک رکعت میں قرأت چھوڑی ہو |

یہ سب مسائل تین اصولوں پر ہیں۔

**اصول** :امام ابو حنیفہؒ۔ دونوں رکعتوں میں قرأت چھوڑے گا تو تحریمہ باطل ہو جائے گا، اور ایک رکعت میں قرأت چھوڑے گا تو تحریمہ باطل نہیں ہوگا۔

**اصول** : امام محمدؒ۔ ایک رکعت میں بھی قرأت چھوڑے گا تو تحریمہ باطل ہو جائے گا۔

**اصول** : امام ابو یوسفؒ۔ چاروں رکعتوں میں بھی قرأت چھوڑے گا تب بھی تحریمہ باطل نہیں ہوگا۔

﴿تینوں اصولوں کی وجہ﴾

امام ابو حنیفہؒ کے اصول کی وجہ:۔ امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ ایک رکعت میں بھی قرأت کر لی تو بعض ائمہ کی رائے ہے کہ نقصان کے ساتھ دونوں رکعتیں ادا ہو گئیں، اور پورا شفع صحیح ہو گیا، کیونکہ پہلے آیت سے ثابت کیا گیا ہے کہ حقیقت میں پہلی رکعت میں قرأت فرض ہے اور دوسری میں اسکے تابع کر کے فرض کی گئی ہے، اسلئے دوسری میں قرأت چھوڑ بھی دی تو شفع صحیح ہو گیا۔ اسلئے ایک رکعت میں قرأت چھوڑنے کی وجہ سے تحریمہ باطل نہیں ہوگا، اور جب پہلے شفعے کا تحریمہ باطل نہیں ہوا تو دوسرے شفع کا اس پر بناء کرنا درست ہو گیا۔

اور اگر دونوں رکعتوں میں قرأت چھوڑ دی تو کسی امام کے نزدیک نماز نہیں ہوئی اور جب نماز ہی نہیں ہوئی تو تحریمہ باطل ہو گیا، اسلئے اب دوسرے شفع کو اس پر بناء کرنا درست نہیں رہا۔ اس اثر میں ہے۔ أن عمر صلى المغرب فلم يقرأ ، فأمر المؤذن فأعاد الأذان و الاقامة ، ثم أعاد الصلوة ۔(مصنف عبد الرزاق، باب من نسی القرأة، ج ثانی، ص ۸۱، نمبر ۲۷۵۷) اس اثر میں ہے کہ مغرب کی کسی رکعت میں قرأت نہیں کی تو اس نماز کو دوبارہ لوٹایا۔

ل وهذه المسألة علٰى ثمانية اوجه ۲ والاصل فيها ان عند محمدؒ ترك القراءة فی الاوّليين اوفی احدٰهما يوجب بطلان التحريمة لانها تعقد للافعال

امام محمدؒ کے اصول کی وجہ:۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ تحریمہ افعال کے لئے منعقد کیا گیا ہے اور قرأت جیسے اہم فعل چھوڑ دیا تو ایک رکعت بھی اہم فعل سے خالی ہوگی تو تحریمہ باطل ہو جائے گا، اور تحریمہ باطل ہو گیا تو اس پر دوسرے شفع کو بناء نہیں کرسکتا۔

امام ابو یوسفؒ کے اصول کی دلیل:۔ امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ چاروں رکعتوں میں بھی قرأت چھوڑ دے گا تب بھی تحریمہ باطل نہیں ہوگا،، اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں [۱] کہ قرأت ایک زائد رکن ہے، یہی وجہ ہے کہ گونگا قرأت نہیں کرسکتا ہے اسکے باوجود اسکی نماز ہو جاتی ہے۔ اسلئے قرأت چھوڑنے سے نماز تو صحیح نہیں ہوگی لیکن تحریمہ باطل نہیں ہوگا [۲] دوسری وجہ یہ فرماتے ہیں کہ خود نماز کو ادا کرنا چھوڑ دے تو تحریمہ باطل نہیں ہوتا تو ایک رکن قرأت چھوڑ دے تو تحریمہ باطل کیسے ہوگا۔ مثلاً کسی آدمی کو حدث ہوا اور وہ نماز چھوڑ کر وضو کرنے گیا تو واپس آکر دوبارہ بناء کرسکتا ہے اسلئے کہ اسکا تحریمہ باطل نہیں ہوا جب نماز چھوڑنے پر تحریمہ باطل نہیں ہوتا تو ایک رکن قرأت کے چھوڑنے پر بھی تحریمہ باطل نہیں ہوگا اور جب قرأت چھوڑنے سے شفع اول کا تحریمہ باطل نہیں ہوا تو شفع ثانی کا اس پر بناء کرسکتا ہے۔

﴿تشریح مسائل﴾

**مسئلے کی تشریح**: یہ ہے کہ چار رکعتیں نفل نماز پڑھی اور کسی رکعت میں قرأت نہیں کی تو امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک پہلی دو رکعتوں کو لوٹائے گا۔

**وجہ**: امام ابو حنیفہؒ کا اصول گزرا کہ پہلی دونوں رکعتوں میں قرأت نہیں کی تو اسکا تحریمہ ٹوٹ گیا اسلئے دوسری دو رکعتوں کو اس پر بناء کرنا درست نہیں، اسلئے دوسری دو رکعتوں کی نیت ہی نہیں ہوئی، اسلئے پہلی دو رکعتوں کو لوٹائے گا، اسلئے کہ اس میں قرأت نہیں کی ہے۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک تو ایک ہی رکعت میں قرأت نہ کرنے کی وجہ سے اسکا تحریمہ ٹوٹ گیا اسلئے دوسری دو رکعتوں کو اس پر بناء کرنا صحیح نہیں ہوا، اسلئے صرف پہلی دو رکعتوں کو قرأت کے ساتھ ادا کرے گا۔

اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک چاروں رکعتوں میں قرأت چھوڑنے سے تحریمہ نہیں ٹوٹا، اسلئے دوسری دو رکعتوں کو اس پر بناء کرنا صحیح ہوا، لیکن چاروں رکعتوں میں قرأت نہیں کی اسلئے چاروں رکعتوں کو دوبارہ پڑھے۔

**ترجمہ**: ل یہ مسئلہ آٹھ طریقوں پر ہے۔

**تشریح**: یہ آٹھ طریقے اوپر ذکر کر دئے گئے ہیں۔ انکو دوبارہ دیکھ لیں۔

**ترجمہ**: ۲ ان مسئلوں میں قاعدہ یہ ہے۔ کہ امام محمدؒ کے نزدیک پہلے دو میں قرأت چھوڑے یا ان میں سے ایک میں قرأت

۳ وعند ابی یوسفؒ ترک القراءۃ فی الشفع الاوّل لایوجب بطلان التحریمۃ وانما یوجب فساد الاداء لان القراءۃ رکن زائد الاتری ان للصلوۃ وجودا بدونها غیر انه لاصحۃ للاداء الابها

۴ وفساد الاداء لایزید علیٰ ترکه فلایبطل التحریمۃ

چھوڑے تو تحریمے کو باطل کر دیتی ہے، اسلئے کہ تحریمہ افعال کے لئے منعقد کیا گیا ہے [اور افعال یعنی قرأت نہ ہو تو جس کے لئے منعقد کیا گیا ہے وہی نہ ہو تو تحریمہ باطل ہو جائے گا۔

**تشریح** :مصنفؒ یہاں سے امام محمدؒ کا اصول بیان فرما رہے ہیں، کہ تحریمہ اسلئے باندھا تھا کہ رکعتوں میں افعال کریں گے اور جب قرأت جیسی اہم چیز چھوڑ دی تو تحریمہ کا فائدہ ہی نہیں رہا اسلئے تحریمہ باطل ہو جائے گا۔ اسلئے اس پر دوسری دو رکعتوں کو بناء کرنا صحیح نہیں، البتہ پہلی دو رکعتیں نقص کے ساتھ اداء ہوئی ہیں، اسلئے انکو بھی دوبارہ اداء کرنا ہوگا۔

**ترجمہ** : ۳ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک پہلی دو رکعتوں میں قرأت کو چھوڑنا تحریمہ کو باطل نہیں کرتی ،صرف اداء فاسد ہوگی۔ اسلئے کہ قرأت زائد رکن ہے، کیا نہیں دیکھتے ہیں کہ قرأت کے بغیر بھی نماز کا وجود ہے۔ یہ اور بات ہے کہ قرأت کے بغیر نماز کی ادائیگی صحیح نہیں ہوتی۔

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ قرأت ایک زائد رکن ہے اسلئے اسکو تمام رکعتوں میں بھی چھوڑنے سے بھی تحریمہ نہیں ٹوٹے گا چنانچہ گونگا قرأت نہیں کرتا ہے پھر بھی نماز ہو جاتی ہے، اور جب تحریمہ نہیں ٹوٹا تو اس پر دوسری دو رکعتوں کی بناء جائز ہے، ہاں یہ بات ہے کہ بغیر قرأت کے نماز صحیح نہیں ہوگی اسلئے چاروں رکعتوں کو دہرانا ہوگا۔

**لغت** : انما یوجب فساد الاداء: کا مطلب یہ ہے کہ بغیر قرأت کے نماز درست نہیں ہوگی۔ اور ان للصلوۃ وجوداً بدونها : کا مطلب یہ ہے کہ قرأت کے بغیر بھی نماز کا وجود ہے۔ جیسے گونگے کی نماز میں قرأت نہیں ہوتی اسکے باوجود اسکی نماز ہو جاتی ہے۔ غیر انه لاصحۃ للاداء الا بها : کا مطلب یہ ہے کہ کہ قرأت چھوڑنے سے تحریمہ تو نہیں ٹوٹے گا کیونکہ وہ بڑی چیز ہے۔ لیکن قرأت کے بغیر نماز کی ادائیگی بھی صحیح نہیں ہوگی، اسلئے نماز دہرانی ہوگی۔

**ترجمہ** : ۴ اداء کا فساد اسکے چھوڑنے سے زیادہ نہیں ہے اسلئے بھی تحریمہ باطل نہیں ہوگا۔

**تشریح**: نماز کو اداء ہی کرنا چھوڑ دے تب بھی تحریمہ باطل نہیں ہوتا وہ اتنا مضبوط ہوتا ہے تو نماز کی ادائیگی میں فساد آ جائے تو بدرجہ اولی تحریمہ نہیں ٹوٹنا چاہئے۔ مثلا کسی کو حدث پیش آ جائے اور وہ نماز چھوڑ کر وضو کرنے جائے تب بھی تحریمہ نہیں ٹوٹتا تو قرأت چھوڑنے سے نماز کی ادائیگی میں خرابی آ جائے تو کیسے تحریمہ ٹوٹے گا! اور جب تحریمہ نہیں ٹوٹا تو دوسری دو رکعتوں کا اسپر بناء کرنا جائز ہے۔ پھر چاروں رکعتوں میں قرأت چھوڑنے کی وجہ سے نقص آیا تو چاروں کو دہرانا ضروری ہوگا۔

۵ وعند ابی حنفیةؒ ترک القراء ة فی الاولیین یوجب بطلان التحریمة وفی احدهما لایوجب لان کل شفع من التطوع صلوة علیٰ حدة وفسادها بترک القراء ة فی رکعة واحدة مجتهد فیه فقضینا بالفساد فی حق وجوب القضاء وحکمنا ببقاء التحریمة فی حق لزوم الشفع الثانی احتیاطًا

٦ اذا ثبت هذا نقول اذالم یقرأ فی الکل قضی رکعتین عندهما لان التحریمة قدبطلت بترک القراء ة فی الشفع الاوّل عندهما فلم یصح الشروع فی الثانی ٧ وبقیت عند ابی یوسفؒ فصح

**ترجمه** : ۵ اورامام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دونوں رکعتوں میں قرأت چھوڑنے سے تحریمہ باطل ہوتا ہے۔اور دونوں میں سے ایک میں چھوڑنے سے تحریمہ باطل نہیں ہوگا،اسلئے کہ نفل کا ہر شفع الگ الگ نماز ہے اور ایک رکعت میں قرأت کے چھوڑنے سے نماز کا فاسد ہونا مجتہد فیہ ہے، اسلئے قضاء کے واجب ہونے کے حق میں ہمنے فساد کا فیصلہ کیا اور دوسرے شفع کے لازم ہونے کے حق میں احتیاط کے طور پر تحریمہ کے باقی رہنے کا فیصلہ کیا۔

**تشریح** : دونوں رکعتوں میں قرأت چھوڑ دے تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک تحریمہ باطل ہوجائے گا۔اسلئے کہ آیت [ فاقروا ما تیسر من القرآن] کی وجہ سے کم سے کم ایک رکعت میں بھی قرأت کرنا فرض تھا اور کسی میں بھی قرأت نہیں کی تو نماز بھی نہیں ہوئی اور اسکی وجہ سے تحریمہ بھی باطل ہوگیا۔اور ایک رکعت میں قرأت کی اور ایک میں نہیں کی تو کم سے کم ایک رکعت میں فرض کی ادائیگی کر لی اور بعض ائمہ مثلا حضرت حسن بصریؒ کی رائے ہے کہ ایک رکعت میں بھی قرأت کر لی تو نماز ہوجائے گی۔اسلئے ایک رکعت میں قرأت کرنے سے نماز کے صحیح ہونے اور نہ ہونے کا مسئلہ مجتہد فیہ ہے۔اسلئے ہمنے احتیاط اختیار کیا اور یوں کہا کہ تحریمہ تو باقی رہے گا تاکہ اس پر شفع ثانی کی بناء کی جاسکے۔لیکن قرأت نہ کرنے کی وجہ سے نماز فاسد ہوئی اسلئے اسکی قضاء واجب ہوگی۔

**ترجمه** : ٦ جب یہ سب اصول سمجھ گئے تو ہم کہتے ہیں جب چاروں رکعتوں میں قرأت نہیں کی تو امام ابوحنیفہ اور امام محمدؒ کے نزدیک دو ہی رکعتیں قضاء کرے گا اسلئے کہ شفع اول میں قرأت چھوڑنے کی وجہ سے ان دونوں کے نزدیک تحریمہ باطل ہوگیا اسلئے دوسرے شفع کا شروع صحیح نہیں ہوا

**تشریح** : اصول بیان کرنے کے بعد مسئلے کو اس پر چسپاں کر رہے ہیں۔کہ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک پہلی دونوں رکعتوں میں قرأت نہ کرنے کی وجہ سے تحریمہ باطل ہوگیا،اسلئے دوسری دو رکعتوں کو ان پر بناء کرنا صحیح نہیں ہوا،اور جب صحیح نہیں ہوا تو اسکی قضاء کرنے کی ضرورت نہیں رہی،البتہ پہلی دو رکعتوں میں قرأت نہ کرنے کی وجہ سے وہ اداء نہیں ہوئی اسلئے پہلی دو رکعتوں کو قضاء کرے گا۔

**ترجمه**: ٧ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک تحریمہ باقی رہا اسلئے شفع ثانی کو شروع کرنا صحیح ہوا،پھر قرأت چھوڑنے کی وجہ سے کل

**الشـروع فـی الشـفـع الثانی ثم اذا فسد الکل بترک القراء ة فیه فعلیه قضاء الاربع عنده(۴۷۷) ولو قـرأ فی الاوّلیین لاغیر فعلیه قضاء الاخریین بالاجماع﴾ ۱؎ لان التحریمة لم تبطل فصح الشروع فی الشـفـع الثـانـی ثم فساده بترک القراء ة لایوجب فساد الشفع الاوّل(۴۷۸) ولـو قرأ فی الاخریین لاغیر فعلیه قضاء الاوّلیین بالاجماع﴾ ۱؎ لان عندهما لم یصح الشروع فی الشفع الثانی.**

رکعتوں کوفاسد کر دیا تو اس پر چاروں رکعتوں کی قضاء ہے۔

**تشریح** : پہلی دورکعتوں میں قرأت چھوڑنے کے باوجود تحریمہ باقی رہا اسلئے دوسری دورکعتوں کو اس پر بناء کرنا صحیح ہوا،لیکن چاروں رکعتوں میں قرأت ہی نہیں کی ہے اسلئے چاروں رکعتوں کو دوبارہ قضاء کرے۔

**ترجمہ** : (۴۷۷)اوراگر پہلی دورکعتوں میں قرأت کی اور دوسری دورکعتوں میں قرأت نہیں کی تو اس پر بالاجماع دوسری دو رکعتوں کی قضاء واجب ہے۔

**تشریح** : چاررکعت کی نیت باندھی اور پہلی دورکعتوں میں قرأت کی اور گویا کہ انکو صحیح پڑھی،اسلئے کسی کے یہاں تحریمہ باطل نہیں ہوا اسلئے ان پر دوسری دورکعتوں کی بناء درست ہے لیکن دوسری دورکعتوں میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے سب کے نزدیک انکی قضاء واجب ہوگی۔

**ترجمہ** : ۱؎ اسلئے کہ کسی کے یہاں تحریمہ باطل نہیں ہوا اسلئے دوسرے شفع کو شروع کرنا صحیح ہوا پھر قرأت کے چھوڑنے سے دوسرے شفع کا فساد شفع اول کے فساد کو واجب نہیں کرتا[ اسلئے پہلا شفع صحیح اداء ہوا اور دوسرے شفع کو قضاء کرنا پڑے گا]

**تشریح** : پہلی دورکعتوں میں قرأت کی ہے اسلئے تحریمہ باطل نہیں ہوا اسلئے دوسرے شفع کی بناء صحیح ہوئی۔اور پہلی دورکعتوں میں قرأت کر کے انکو صحیح اداء کیا ہے اسلئے ان دونوں کو قضاء کرنے کی ضرورت نہیں ہے البتہ دوسرے شفع میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے اسکی قضاء کرے گا۔

**ترجمہ** : (۴۷۸)اوراگر دوسری دورکعتوں میں قرأت کی اور پہلی دورکعتوں میں نہیں کی ہے تو اس پر بالاجماع پہلی دورکعتوں کی قضاء ہے۔

**ترجمہ** : ۱؎ اسلئے کہ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک دوسرے شفع کو شروع کرنا صحیح نہیں ہے۔

**تشریح** : چاررکعتوں کی نیت باندھی،اور دوسری دورکعتوں میں قرأت کی اور پہلی دورکعتوں میں قرأت نہیں کی تو امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک پہلی دورکعتوں میں قرأت نہ کرنے کی وجہ سے تحریمہ باطل ہوگیا اسلئے دوسری دورکعتوں کی بناء اس پر جائز نہیں، اسلئے وہ بیکار گئیں،اور پہلی دورکعتوں میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے اسکی قضاء واجب ہے ۔

۲؎ وعند ابی یوسفؒ ان صح فقد اداھما (۴۷۹) ولو قرأ فی الاوّلیین واحدی الاخریین فعلیہ قضاء الاخریین بالاجماع﴾ (۴۸۰) ولو قرأ فی الاخریین واحدی الاوّلیین فعلیہ قضاء الاوّلیین بالاجماع (۴۸۱) ولو قرأ فی احدی الاوّلیین واحدی الاخریین علیٰ قول ابی یوسفؒ قضاء الاربع وکذا عند ابی حنیفۃ﴾

**ترجمہ** : ۲؎ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اگر چہ دوسرے شفع کو بناء کرنا صحیح ہے لیکن اسکو اداء بھی کر دیا۔

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ کے نزدیک پہلی دو رکعتوں میں قرأت نہ کرنے کی وجہ سے تحریمہ باطل نہیں ہوا اسلئے شفع ثانی کو اس پر بناء کرنا درست ہوا لیکن شفع ثانی میں قرأت کی ہے اسلئے وہ اداء ہو گیا، اسلئے اسکو دوبارہ اداء کرنے کی ضرورت نہیں ہے، البتہ پہلی دو رکعتوں میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے اسکو اداء کرے گا۔ حاصل یہ ہے کہ تینوں اماموں کے نزدیک پہلی ہی دو رکعتوں کو ہی اداء کرے گا ،البتہ وجہ ہر ایک کی الگ الگ ہیں۔

**ترجمہ** : (۴۷۹) اگر پہلی دو رکعتوں میں قرأت کی اور دوسری دو رکعتوں میں سے ایک میں قرأت کی تو اسکے اوپر بالاجماع دوسری دو رکعتوں کی قضاء ہے۔

**تشریح** : چونکہ پہلی دو رکعتوں میں قرأت کی ہے اسلئے تحریمہ سب کے نزدیک باقی ہے اسلئے دوسری دو رکعتوں کو شروع کرنا صحیح ہے، لیکن دوسری دو رکعتوں میں سے ایک میں قرأت نہیں ہے اسلئے اسکو سب کے نزدیک دہرائے گا۔

**ترجمہ**: (۴۸۰) اور اگر دوسری دو رکعتوں میں قرأت کی اور پہلی دو رکعتوں میں سے ایک میں قرأت کی تو بالاجماع اسپر پہلی دو کی قضاء ہے۔

**وجہ** : پہلی دو رکعتوں میں سے ایک میں قرأت کی ہے اسلئے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک تحریمہ باطل نہیں ہوا اسلئے دوسرے شفع کی بناء کرنا صحیح ہوا اور اس کی دونوں رکعتوں میں قرأت کی ہے اسلئے وہ شفع اداء بھی ہو گیا، البتہ پہلی دو رکعتوں میں سے ایک میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے اسکو دوبارہ اداء کرے، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک بھی یہی بات ہوئی کہ تحریمہ باطل نہیں ہوا اسلئے دوسرے شفع کی بناء صحیح ہے، لیکن اس میں قرأت کر چکا ہے اسلئے اسکی ادائیگی ہو گئی۔ اور پہلے شفع میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے اسکو دوبارہ اداء کرے۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک پہلے شفع میں قرأت نہ کرنے کی وجہ سے تحریمہ باطل ہو گیا اسلئے دوسرے شفع کو شروع کرنا صحیح نہیں ہوا اسلئے پہلے شفع کو اداء کرے۔

**ترجمہ** : (۴۸۱) اور پہلی دو رکعتوں میں سے ایک میں قرأت کی اور دوسری دو رکعتوں میں سے ایک میں قرأت کی تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک چار رکعتیں قضاء کرے گا اور یہی حال ہے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک۔

۱ لان التحريمة باقية ۲ وعند محمدؒ قضاء الاوّليين لان التحريمة قدارتفعت عنده
۳ وقد انكر ابويوسف هذه الرواية عنه وقال رويت لک عن ابی حنيفةؒ انه يلزمه قضاء ركعتين

**ترجمه** : ۱ اسلئے کہ تحریمہ باقی ہے۔

**تشریح** : پہلی دو رکعتوں میں سے ایک میں قرأت کی اسلئے امام ابوحنیفہؒ کے یہاں تحریمہ باقی رہا اسلئے تیسری اور چوتھی رکعتوں کا بناء کرنا صحیح ہوا اور چاروں رکعتوں کی نیت صحیح ہوئی لیکن پہلے شفع کے ایک رکعت میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے اسکو دوبارہ اداء کرنا ہوگا اور دوسرے شفع کی ایک رکعت میں بھی قرأت نہیں کی ہے اسلئے اسکو بھی دوبارہ پڑھنا ہوگا، اس طرح چاروں رکعتوں کی قضاء انکے یہاں لازم ہوگی۔ اور یہی حال امام ابو یوسفؒ کے یہاں ہے کہ انکے یہاں تحریمہ باطل نہیں ہوا اسلئے دوسرے شفع کا بناء کرنا درست ہوا اور دونوں شفع میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے چاروں رکعتوں کی قضاء کرے۔ جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔ و قال أبو یوسفؒ یعید أربعا و ان لم یقرأ فیھن جمیعا ، (جامع صغیر، باب فی القرأۃ فی الصلوۃ، ص ۹۹)

**ترجمه** : ۲ اور امام محمدؒ کے نزدیک پہلی دو کی قضاء کرے گا اسلئے کہ تحریمہ انکے نزدیک ختم ہو چکا ہے۔

**تشریح** : اور امام محمدؒ کے نزدیک پہلے شفع کے ایک رکعت میں قرأت چھوڑنے کی وجہ سے تحریمہ ہی باطل ہوگیا اسلئے دوسرے شفع کی بناء اس پر درست نہیں اسلئے صرف پہلی دو رکعتوں کی قضاء لازم ہوگی۔

**ترجمه** : ۳ حضرت امام ابو یوسفؒ نے حضرت امام ابوحنیفہؒ سے اس روایت کا انکار کیا، اور فرمایا کہ آپ کے سامنے امام ابو حنیفہؒ کی یہ روایت کی تھی کہ اسکو دو ہی رکعت قضاء واجب ہوگی، لیکن امام محمدؒ نے اس سے رجوع نہیں کیا۔

**تشریح** : حضرت امام محمد نے جامع صغیر لکھی اور امام ابو یوسفؒ کو پیش کی تو انہوں نے فرمایا کہ میں نے امام ابوحنیفہؒ کی روایت آپ سے یہ بیان کی تھی کہ شفع اول میں سے ایک رکعت میں اور شفع ثانی میں سے ایک رکعت میں قرأت نہ کی ہو تو مصلی امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دو ہی رکعت قضاء کرے گا، اور آپ نے جامع صغیر میں لکھ دی کہ چار رکعت قضاء کرے گا؟ اس جملہ کے کہنے کے بعد بھی امام محمدؒ نے رجوع نہیں فرمایا اور یہی لکھا کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک چار رکعت ہی قضاء کرے گا۔ جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔ رجل صلی أربع رکعات تطوعا لم یقرأ فیھن شیئا أعاد رکعتین، و ان لم یقرأ فی الثانیة و الرابعة أعاد أربعا ( جامع صغیر، باب فی القرأۃ فی الصلوۃ، ص ۹۹ ) اس عبارت میں ہے کہ دوسری اور چوتھی رکعت میں قرأت نہیں کی تو چار رکعتیں قضاء کرے گا۔

امام ابوحنیفہؒ کا جو اصول اوپر بیان کیا اس سے امام محمدؒ کی تائید ہوتی ہے کہ چار رکعت قضاء کرے، کیونکہ ایک رکعت میں قرأت چھوڑنے سے انکے یہاں تحریمہ باطل نہیں ہوگا اسلئے دوسرے شفع کا بناء کرنا صحیح ہے اور دونوں شفع میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے دونوں شفع کی قضاء کرے، یعنی چار رکعت قضاء کرے۔

ومحمدؒ لم یرجع عن روایة عنه(۴۸۲) ولو قرأ فی احدی الاولیین لاغیر قضی اربعا عندهما وعند محمدؒ قضی رکعتین ﴾(۴۸۳)ولو قرأ فی احدی الاخریین لاغیر قضی اربعًا عند ابی یوسفؒ وعندهما رکعتین ﴾ ل قال وتفسیر قوله علیه السلام لایصلی بعد صلوٰة مثلها یعنی رکعتین بقراء ة ورکعتین بغیر قراء ة فیکون بیان فرضیة القراء ة فی رکعات النفل کلها

البتہ دوسری روایت میں ہے کہ دوسری اور چوتھی رکعت میں قرأت چھوڑ دے تو دو رکعت ہی قضاء کرے گا۔ جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔ و ان لم یقرأ فی الاولین أو فی الاخریین أعاد اللتین لم یقرأ فیهما ، وهو قول محمدؒ الا اذا لم یقرأ فی الثانیة و الرابعة ، فانه یعید رکعتین ، (جامع صغیر، باب فی القرأة فی الصلوة، ص ۹۹) اس عبارت میں ہے کہ دو ہی رکعت قضاء کرے۔

**ترجمہ**: (۴۸۲) اور اگر پہلی دو میں سے ایک میں قرأت کی اور اسکے علاوہ میں قرأت نہیں کی امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک چار رکعت قضاء کرے، اور امام محمدؒ کے نزدیک دو رکعت قضاء کرے۔

**تشریح**: پہلی ایک رکعت میں قرأت کی اسلئے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک تحریمہ باطل نہیں ہوا اسلئے دوسرے شفع کا بناء کرنا صحیح ہوا اور پہلے شفع کی ایک رکعت میں قرأت نہیں کی ہے اور دوسرے شفع کی دونوں رکعتوں میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے چاروں رکعتوں کی قضاء کرے ۔اور امام ابو یوسفؒ کے یہاں بھی تحریمہ باقی رہا اسلئے دوسرے شفع کا بناء کرنا صحیح ہوا اسلئے دونوں شفع کی قضاء کرے۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک ایک رکعت میں قرأت چھوڑنے کی وجہ سے تحریمہ باطل ہو گیا اسلئے دوسرے شفع کا بناء کرنا صحیح نہیں ہوا اسلئے صرف پہلے شفع کی قضاء کرے۔

**ترجمہ**: (۴۸۳) اور اگر تیسری اور چوتھی میں سے ایک میں قرأت کی اسکے علاوہ میں قرأت نہیں کی تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک چار رکعت قضاء کرے، اور امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک دو رکعت قضاء کرے۔

**تشریح**: چونکہ پہلی دونوں رکعتوں میں قرأت نہیں کی ہے اسلئے امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک تحریمہ باطل ہو گیا اسلئے دوسرے شفع کو بناء کرنا صحیح نہیں ہوا اسلئے پہلی دو رکعتوں کی ہی قضاء کرے گا۔ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک دونوں رکعتوں میں قرأت چھوڑنے کے باوجود تحریمہ باقی رہا اسلئے دوسرے شفع کا بناء کرنا صحیح ہوا اسلئے دونوں شفع یعنی چار رکعت کی قضاء لازم ہوگی۔

**ترجمہ**: ل جامع صغیر میں حضور ﷺ کا قول (( لا یصلی بعد صلوة مثلها )) کی یہ تفسیر بیان کی کہ دو رکعت قرأت کے ساتھ اور دو رکعت بغیر قرأت کے نہ پڑھے تو یہ بیان ہو گیا کہ نفل کے تمام رکعتوں میں قرأت فرض ہے۔

**تشریح**: جامع صغیر کی عبارت یہ ہے ۔ و تفسیر قوله ﷺ (( لا یصلی بعد صلوة مثلها )) یعنی رکعتین

(۴۸۴) ( ويصلي النافلة قاعدًا مع القدرة على القيام ﴾ ل لقوله عليه السلام صلوٰة القاعد على النصف من صلوٰة القائم ٢ ولان الصلوة خير موضوع وربما يشق عليه القيام فيجوزله تركه كيلا

بقرأة و ركعتين بغير قرأة . (جامع صغیر، باب فی القرأۃ فی الصلوۃ، ص ۹۹) اس عبارت میں حضرت امام محمدؒ نے یہ حدیث (ایک نماز کے بعد اسی کی مثل نماز نہ پڑھو) کا مطلب یہ بیان کیا کہ چار رکعت والی نفل نماز کی پہلی دو رکعت میں قرأت کرے اور فرض کی طرح دوسری دو رکعت میں قرأت نہ کرے، ایسا نہ کرے بلکہ نفل کی دوسری دو رکعتوں میں بھی قرأت کرے۔ گویا کہ نفل کی چاروں رکعتوں میں قرأت فرض ہے۔ فرض کی طرح نہیں ہے کہ پہلی دو رکعتوں میں فرض ہو اور دوسری دو رکعتوں میں فرض نہ ہو۔ البتہ حدیث کا یہ مطلب علماء نے مناسب نہیں سمجھا، کیونکہ حدیث کا واضح مطلب یہ ہے کہ ایک ہی فرض کو دو مرتبہ نہ پڑھے۔ اصل حدیث یہ ہے۔ أتيت ابن عمر على البلاط و هم يصلون ، فقلت الا تصلي معهم ؟ قال قد صليت ، انى سمعت رسول الله ﷺ يقول (( لا تصلوا صلوة في يوم مرتين ۔ (ابوداود شریف، باب اذا صلی فی جماعۃ ثم أدرک جماعۃ یعید، ص ۹۳، نمبر ۵۷۹ رنسائی شریف، باب سقوط الصلوۃ عمن صلی مع الامام فی المسجد جماعۃ، ص ۱۱۹، نمبر ۸۶۱) اور مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت عبد اللہ ابن عمرؓ کا قول اس طرح ہے۔ قال عبد الله : لا يصلى على أثر صلوة مثلها (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۶۳ من کرہ ان یصلی بعد الصلوۃ مثلھا، ج ثانی، ص ۲۲، نمبر ۵۹۹۸) اس اثر میں ہے کہ جو نماز پڑھ چکا ہو اس طرح پھر نہ پڑھو۔

**ترجمه**: (۴۸۴) نفل نماز کھڑے ہونے پر قدرت ہونے کے باوجود بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمه**: ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے بیٹھنے والے کی نماز کا ثواب کھڑے ہونے والے سے آدھا ہے۔

**تشريح**: فرض میں تو کھڑا ہونا فرض ہے، لیکن نفل نماز میں گنجائش ہے کہ کھڑا ہونے پر قدرت ہو پھر بھی بیٹھ کر نماز پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے، البتہ اس میں کھڑے ہونے سے آدھا ثواب ملے گا۔

**وجه**: (۱) صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے عن عمران بن حصين قال سألت النبي ﷺ عن صلو ة الرجل وهو قاعد فقال من صلى قائما فهو افضل ومن صلى قاعدا فله نصف اجر القائم ومن صلى نائما فله نصف اجر القاعد (بخاری شریف، باب صلوۃ القاعد ص ۱۵۰، ابواب تقصیر الصلوۃ نمبر ۱۱۱۶ رترمذی شریف، باب ماجاء ان صلوۃ القاعد علی النصف من صلوۃ القائم ص ۸۵ نمبر ۳۷۱) حدیث سے معلوم ہوا کہ نفل نماز قدرت کے باوجود بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے، البتہ اس کو ثواب کھڑے ہونے والے سے آدھا ملے گا۔

**ترجمه**: ٢ اور اسلئے بھی کہ نماز بہت اچھا کام ہے اور کبھی کبھی کھڑا ہونے میں مشقت ہوتی ہے اسلئے اسکو چھوڑنا بھی جائز قرار

ینقطع عنه ٣ واختلفوا فی کیفیة القعود والمختار ان یقعد کما یقعد فی حالة التشهد لانه عهد مشروعًا فی الصلوٰة (٤٨٥) وان افتتحها قائما ثم قعد من غیر عذر جاز عند ابی حنیفة ؒ ١ وهذا استحسان

---

دیا گیا تا کہ اس سے یہ خیر کا کام منقطع نہ ہو جائے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ نماز بہت اچھا کام ہے۔ اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کھڑا ہو تو سکتا ہے لیکن کھڑا ہونا دشوار ہوتا ہے اب اگر نفل نماز میں بھی ہمیشہ کھڑے ہونے ہی کی شرط لگا دی جائے تو اس خیر کے کام سے محروم ہو جائے گا اسلئے یہ کہا گیا کہ کھڑے ہونے پر قدرت کے باوجود بیٹھ کر نفل نماز پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے البتہ اس صورت میں اسکو آدھا ثواب ملے گا۔

**ترجمہ**: ٣ بیٹھنے کی کیفیت میں علماء نے اختلاف کیا ہے۔ لیکن مختار یہ ہے کہ ایسے ہی بیٹھے جیسے تشہد کی حالت میں بیٹھتے ہیں ،اسلئے کہ نماز کی حالت میں یہی مشہور بھی ہے اور مشروع بھی ہے۔

**تشریح**: نفل نماز میں کس طرح بیٹھے اس بارے میں مختلف اقوال ہیں۔ لیکن جس طرح تشہد میں بیٹھتے ہیں یہ زیادہ پسندیدہ ہے، اور نماز میں یہ مشروع ہے، اور اس طرح کا بیٹھنا نماز میں مشہور بھی ہے۔ تشہد میں بیٹھنے کی کیفیت یہ ہے کہ دایاں پاؤں کھڑا کرے اور بایاں بچھائے اور اس پر سرین رکھ کر اس پر بیٹھ جائے۔ اس کے لئے یہ حدیث گزر گئی ہے۔ فقال ابو حمید الساعدی.... فاذا جلس فی الرکعتین جلس علی رجله الیسری و نصب الیمنی واذا جلس فی الرکعة الآخرة قدم رجله الیسری ونصب الاخری وقعد علی مقعدته۔ (بخاری شریف، باب سنة الجلوس فی التشہد ص ١١٤ نمبر ٨٢٨ رمسلم شریف، باب ما تجمع صفة الصلوة وما یفتتح بہ ص ١٩٤ نمبر ٤٩٨ / ١١١٠) مسلم شریف میں یہ حدیث حضرت عائشہؓ سے منقول ہے (٢) عن وائل بن حجر قال قدمت المدینة قلت لانظرن الی صلوة رسول الله ﷺ فلما جلس یعنی للتشهد افترش رجله الیسری ووضع یده الیسری یعنی علی فخذه الیسری ونصب رجله الیمنی۔ (ترمذی شریف، باب کیف الجلوس فی التشہد ص ٦٥ نمبر ٢٩٢) اس حدیث میں ہے کہ بایاں پاؤں بچھائے اور اس پر سرین رکھ کر بیٹھ کر جائے اور دایاں پاؤں کھڑا رکھے، یہی زیادہ مختار ہے۔

**ترجمہ**: (٤٨٥) اگر کھڑے ہو کر نفل شروع کی پھر بغیر عذر کے بیٹھ گیا تو جائز ہے امام ابو حنیفہ کے نزدیک۔

**ترجمہ**: ١ اور یہ استحسان ہے۔

**تشریح**: کھڑا ہو کر نفل نماز پڑھ رہا تھا اسلئے بہتر یہی ہے کہ کھڑا ہو کر ہی نماز پوری کرے، لیکن پھر بھی بغیر عذر کے بیٹھ گیا تو جائز

۲ وعندهما لایجزیه وهو قیاس لان الشروع معتبر بالنذر. ۳ له انه لم یباشر القیام فیما بقی ولما باشر صحة بدونه

ہے، کوئی گناہ نہیں یہ استحسان کا تقاضاء ہے کیونکہ جب بغیر عذر کے پوری نماز بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے تو کھڑا ہونے کے بعد آدھی نماز بھی بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے۔

**وجہ:** (۱) وجہ امام ابو حنیفہ : پہلے گزر چکا ہے کہ نفل میں کھڑا ہونا لازم نہیں ہے۔ اس لئے جتنی دیر تک کھڑا رہا کھڑا رہا اور آگے کے کھڑے ہونے کو لازم نہیں کیا ہے۔ اس لئے وہ بیٹھ سکتا ہے (۲) حدیث میں ہے عن عائشة ان رسول الله ﷺ کان یصلی جالسا فیقرأ وهو جالس فاذا بقی من قرأته نحو من ثلثین آیة او اربعین آیة قام فقرأها وهو قائم ثم رکع ثم سجد یفعل فی الرکعة الثانیة مثل ذلک . (بخاری شریف، باب اذا صلی قاعدا ثم صح اووجد خفة تمم ما بقی، ص ۱۵۰ نمبر ۱۱۱۹ر مسلم شریف، باب جواز النافلة قائما وقاعدا ص ۲۵۲ نمبر ۱۷۰۴/۳۱ر ترمذی شریف، باب من تطوع جالسا ص ۸۵ نمبر ۳۷۴) اس حدیث میں آپ نے بیٹھ کر بھی نماز پڑھی اور کھڑے ہو کر بھی جس کا مطلب یہ ہے کہ کھڑے ہو کر شروع کیا تو بیٹھ کر پوری کر سکتا ہے۔ اگر چہ کھڑا ہو کر ہی پوری کرنا بہتر ہے۔

**ترجمہ:** ۲ اور صاحبین کے نزدیک کافی نہیں ہے اور قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے اسلئے کہ شروع کرنا نذر پر قیاس کیا جائے گا۔

**تشریح:** صاحبینؒ کی رائے یہ ہے کہ کھڑا ہو کر نفل نماز شروع کی تو اب بغیر عذر کے بیٹھ کر نماز پڑھنا کافی نہیں ہے۔

**وجہ:** (۱) صاحبین فرماتے ہیں کہ کھڑے ہو کر نفل شروع کیا تو گویا کہ اس نے اپنے اوپر کھڑے ہونے کو لازم کیا تو گویا کہ یہ عملا نذر ہو گئی جس طرح کوئی آدمی کھڑا ہو کر نماز پڑھنے کی نذر مانی تو اسکے لئے بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز نہیں اسی طرح کھڑا ہو کر نماز شروع کی تو بیٹھ کر نماز پڑھنا کافی نہیں ہے۔ اس لئے بغیر عذر کے بیٹھنا جائز نہیں ہے۔ قیاس کا تقاضا بھی یہی ہی۔ (۲) حدیث میں ہے۔ سألنا عائشة عن صلوة رسول الله ﷺ فقالت کان رسول الله یکثر الصلوة قائما وقاعدا فاذا افتتح الصلوة قائما رکع قائما واذا افتتح الصلوة قاعدا رکع قاعدا (مسلم شریف، باب جواز النافلة قائما وقاعدا ص ۲۵۲ نمبر ۱۷۰۳/۳۰) اس حدیث میں ہے کہ کھڑے ہو کر نماز شروع کرتے تو کھڑے ہو کر ہی رکوع سجدہ کرتے تھے۔

**ترجمہ:** ۳ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ باقی میں قیام نہیں کیا اور ایسا بھی اختیار نہیں کیا جس کے بغیر صحیح نہ ہو۔

**تشریح:** انه لم یباشر القیام فیما بقی: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ رکعت کے جس حصے میں قیام کیا اس میں تو قیام کر لیا، اور جس حصے میں قیام نہیں کیا اسکے قیام کو لازم نہیں کیا ہے، اور حدیث سے معلوم ہوتا ہے بغیر قیام کے بھی وہ حصہ جائز ہے کیونکہ نفل نماز بیٹھ کر بھی جائز ہے اسلئے جتنا حصہ کھڑا ہو کر پڑھا وہ ٹھیک ہے اور جتنے حصے میں بیٹھ گیا وہ بھی ٹھیک ہے۔

ع بخلاف النذر لانه التزمه نصا حتی لولم ینص علی القیام لایلزم القیام عند بعض المشائخ

(۴۸۶) ومن کان خارج المصر تنفل علیٰ دابته الی ای جهة توجهت یومی ایماء

و لما باشر صحة بدونه: اس عبارت کا مطلب یہ ہے۔ مثلا دوسری رکعت کے بغیر پہلی رکعت صحیح نہیں ہے ورنہ نماز بتیرہ ہو جائے گی اسلئے پہلی رکعت پڑھے گا تو دوسری رکعت بھی پڑھنا ہوگا۔ لیکن قیام میں ایسی بات نہیں ہے کہ آدھی رکعت میں قیام کیا ہو تو باقی آدھی میں قیام کئے بغیر صحیح نہ ہو اسلئے جتنے میں قیام کیا وہ کر لیا اور باقی میں قیام لازم نہیں ہے بیٹھ کر بھی پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ**: ع بخلاف نذر کے اسلئے کہ نذر مان کر صراحت کے ساتھ اپنے اوپر قیام کو لازم کیا، یہاں تک کہ اگر قیام کی صراحت نہ کی ہو تو بعض مشائخ کے نزدیک اسکو قیام لازم نہیں ہوگا۔

**تشریح**: یہ صاحبینؒ کو جواب ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ جس طرح کھڑے ہونے کی نذر مانی ہو تو کھڑے ہو کر نماز پڑھنا ضروری ہے اسی طرح کھڑا ہو کر نفل شروع کی ہو تو باقی میں بھی قیام کرنا ضروری ہے، کیونکہ نذر فعلی ہو گئی۔ اسکا جواب یہ دے رہے ہیں کہ نذر ماننے کی صورت میں باضابطہ زبان سے اقرار کیا ہے کہ کھڑا ہو کر نفل پوری کرے گا اسلئے کھڑا ہوئے بغیر نذر پوری نہیں ہو گی، کھڑا ہو کر نفل شروع کرنے کی صورت میں صراحت کے ساتھ کھڑا ہونے کا اقرار نہیں کیا ہے اسلئے اس پر کھڑا ہونا لازم نہیں ہوگا۔ یہی وجہ ہے کہ اگر کسی نے صرف یوں کہا کہ نفل پڑھونگا، اور یوں صراحت نہیں کی کھڑا ہو کر نفل پڑھیگا تو اس نذر میں بعض مشائخ کے نزدیک اس پر کھڑا ہو کر نفل پوری کرنا لازم نہیں ہے بیٹھ کر نفل پڑھ لے گا تب بھی نذر پوری ہو جائے گی ۔ حاصل یہ ہے کہ صراحت کے ساتھ کھڑے ہونے کی نذر مانے گا تو کھڑا ہونا لازم ہوگا، اور صرف کھڑا ہو کر نفل شروع کرے گا تو کھڑا ہونا لازم نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: (۴۸۶) جو شہر سے باہر ہو وہ نفل پڑھ سکتا ہے سواری پر جس جانب بھی متوجہ ہو اشارہ کر کے۔

**تشریح**: شہر سے باہر ہو تو نفل نماز سواری پر بیٹھ کر پڑھ سکتا ہے۔ اور سواری قبلہ کی طرف متوجہ نہ ہو تو ظاہر ہے کہ قبلہ کی جانب رخ نہیں کر سکے گا اس لئے قبلہ کی خلاف جانب رخ کر کے بھی نفل نماز پڑھ سکتا ہے۔ نیز سواری پر رکوع وسجدہ بھی پورے طور پر نہیں کر سکے گا تو اشارہ سے رکوع اور سجدہ کرے گا۔ اس کی بھی گنجائش ہے۔

**وجہ**: (۱) نفل نماز ہر وقت پڑھ سکتا ہے اس کو زیادہ سے زیادہ پڑھے اس لئے یہ تمام سہولتیں شریعت نے دی ہے کہ خلاف قبلہ ہو، رکوع اور سجدہ کا اشارہ ہو۔ سواری پر ہو تب بھی نفل نماز پڑھ سکتا ہے۔ فرض کے لئے قدرت ہو تو سواری سے اترے گا (۲) حدیث میں ہے جابر بن عبد الله اخبره ان النبی ﷺ کان یصلی التطوع وهو راکب فی غیر القبلة . (بخاری شریف ، باب صلوة التطوع علی الدواب حیثما توجهت به ص ۱۴۸ نمبر ۱۰۹۴ رمسلم شریف ، باب جواز صلوة النافلة علی الدابة فی السفر حیث توجهت ص ۲۴۴ نمبر ۱۶۱۰/۷۰۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبلہ کے رخ کے خلاف نفل نماز پڑھ لے تب بھی جائز ہوگی (۳) عامر

ل لحدیث ابن عمرؓ قال رأیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصلی علیٰ حمار وھو متوجہ الیٰ خیبر یؤمی ایماء ۲ ولان النوافل غیر مختصۃ بوقت فلو الزمناہ النزول والاستقبال تنقطع عنہ النافلۃ اوینقطع ھو عن القافلۃ

---

بن ربیعۃ اخبرہ قال رأیت النبی ﷺ وھو علی الراحلۃ یسبح یؤمی برأسہ قبل الی ای وجہ توجہ ولم یکن رسول اللہ ﷺ یصنع ذلک فی الصلوۃ المکتوبۃ . (بخاری شریف، باب ینزل للمکتوبۃ ص ۱۴۸ نمبر ۱۰۹۷ رمسلم شریف، باب جواز صلوۃ النافلۃ علی الدابۃ فی السفر حیث توجہت ص ۲۴۴ نمبر ۷۰۰ / ۱۶۱۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نفل نماز میں سواری پر رکوع سجدے کا اشارہ کرے گا۔ اور فرض نماز میں اتر کر نماز پڑھنا ہوگی۔

**ترجمہ**: ل عبد اللہ ابن عمرؓ کی حدیث کی وجہ سے، وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو گدھے پر نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اس حال میں کہ وہ خیبر کی متوجہ تھے، اور اور اشارہ کر رہے تھے۔

**تشریح**: اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ سواری جس طرف متوجہ ہو اسی طرف رخ کر کے نفل پڑھنا جائز ہے، اور رکوع سجدہ نہیں کر سکے گا اسلئے رکوع سجدے کا اشارہ کرے۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عمر قال رأیت رسول اللہ ﷺ یصلی علی حمار و ھو موجہ الی خیبر۔ (مسلم شریف، باب جواز صلوۃ النافلۃ علی الدابۃ فی السفر ص ۲۴۴ نمبر ۷۰۰ / ۱۶۱۴) اور یومی کا لفظ دوسری حدیث میں ہے وہ یہ ہے۔ عامر بن ربیعۃ اخبرہ قال رأیت النبی ﷺ وھو علی الراحلۃ یسبح یؤمی برأسہ قبل الی ای وجہ توجہ ولم یکن رسول اللہ ﷺ یصنع ذلک فی الصلوۃ المکتوبۃ . (بخاری شریف، باب ینزل للمکتوبۃ ص ۱۴۸ نمبر ۱۰۹۷) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ سر کے اشارے سے نفل نماز پڑھتے تھے۔

**ترجمہ**: ۲ اسلئے کہ نوافل کسی وقت کے ساتھ خاص نہیں ہے، پس اگر مصلی کو اترنا لازم کریں اور قبلے کا استقبال لازم کریں تو اس سے نفل چھوٹ جائے گی، یا وہ قافلے سے دور ہو جائے گا۔

**تشریح**: نوافل کسی وقت کے ساتھ خاص نہیں ہے کسی وقت بھی پڑھ سکتا ہے اسلئے اگر نفل پڑھنے کے لئے یہ شرط لگائیں کہ سواری سے نیچے اترے اور قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر ہی نفل پڑھے تو اس صورت میں بہت مرتبہ نماز نہیں پڑھ سکے گا، پھر اتر کر نماز پڑھے گا تو قافلے سے دور ہو جائے گا اس سہولت کی خاطر نہ اترنے کی شرط لگائی اور نہ استقبال قبلہ کی شرط لگائی تاکہ ہمہ وقت نفل پڑھ سکے۔

۳ اما الفرائض مختصة بوقت ۴ والسنن الرواتب نوافل ۵ وعن ابی حنیفةؒ انه ینزل لسنة الفجر لانه اٰکدمن سائرها ۶ والتقیید بخارج المصر ینفی اشتراط السفر والجوازَ فی المصر

**ترجمہ:** ۳ بہر حال فرائض تو وقت کے ساتھ خاص ہیں۔

**تشریح**: چونکہ فرائض وقت کے ساتھ خاص ہیں اسلئے اس خاص وقت میں اتر کر نماز پڑھ لے گا اسلئے اس میں اترنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۴ اور سنن رواتب نوافل کے درجے میں ہیں۔

**تشریح**: فرض نماز سے پہلے اور اسکے بعد جو بارہ سنتیں ہیں وہ نوافل کے درجے میں ہیں اسلئے انکو بھی سواری پر بیٹھ کر اشارے سے پڑھنا جائز ہے وہ فرض کے درجے میں نہیں ہیں۔

**ترجمہ:** ۵ اور امام ابوحنیفہؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ فجر کی سنت کے لئے اترے اسلئے کہ اور نوافل سے وہ زیادہ مؤکد ہے۔

**تشریح**: فجر کی سنت اور سنتوں سے اہم ہے اسلئے امام ابوحنیفہؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ فجر کی سنت کے لئے سواری سے اترے اور رکوع اور سجدہ کر کے نماز اداء کرے۔

**وجہ**: (۱) فجر کی سنت اہم ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے :عن عائشة قالت : أن رسول الله ﷺ لم یکن علی شیء من النوافل أشد معاهدة منه علی الرکعتین قبل الصبح . (ابوداود شریف، باب رکعتی الفجر، ص ۱۸۸، نمبر ۱۲۵۴) (۲) عن أبی هریرة قال قال رسول الله ﷺ (( لا تدعوهما و ان طردتکم الخیل . (ابوداود شریف، باب فی تخفیفهما. ای رکعتی الفجر ، ص ۱۸۸، نمبر ۱۲۵۸) اس حدیث میں ہے کہ فجر کی سنت اور سنتوں سے اہم ہے اسلئے اسکو سواری سے نیچے اتر کر پڑھے۔

**ترجمہ:** ۶ متن میں شہر سے باہر ہونے کی قید سفر کی شرط کی نفی کرتی ہے اور شہر میں جائز ہونے کی بھی نفی کرتی ہے۔

**تشریح**: متن میں یہ قید لگائی کہ جو آدمی شہر سے باہر ہو وہ سواری پر سوار ہو کر نفل پڑھ سکتا ہے، اس قید سے دو باتیں معلوم ہوئیں [۱] ایک تو یہ کہ اس آدمی کے لئے مدت سفر ہونا ضروری نہیں ہے صرف شہر سے باہر ہو تو سواری پر سوار ہو کر نفل پڑھ سکتا چاہے تھوڑے ہی فاصلے کے لئے سفر کر رہا ہو، [۲] اور دوسری بات یہ معلوم ہوئی کہ شہر سے باہر ہو تب ہی سواری پر نفل پڑھ سکتا ہے اگر شہر میں ہو تو نہیں پڑھ سکتا۔

**وجہ**: (۱) حدثنی انس ابن مالک : أن رسول الله ﷺ کان اذا سافر فأراد أن یتطوع استقبل بناقته القبلة فکبر ثم صلی حیث وجهه رکابه ۔ (ابوداود شریف، باب التطوع علی الراحلة والوتر، ص ۱۸۲، نمبر ۱۲۲۵) اس حدیث

ے وعن ابی یوسفؒ انه یجوز فی المصر ایضاً ۸ ووجه الظاهر ان النص ورد خارج المصر والحاجة الی الرکوب فیه اغلب(۴۸۷) فان افتتح التطوع راکبا ثم نزل یبنی وان صلی رکعة نازلا ثم رکب استقبل

میں ہے کہ سفر میں ہوتے تھے تب سواری پر نفل پڑھتے تھے جس سے معلوم ہوا کہ شہر سے باہر سواری پر سوار ہو کر نفل پڑھے، شہر کے اندر نہیں (۲) حدیث میں ہے کان عبد الله بن عمر یصلی فی السفر علی راحلته اینما توجهت به یؤمی وذکر عبد الله ان النبی ﷺ کان یفعله . (بخاری شریف، باب الایماء علی الدابۃ ص ۱۴۸ ابواب تقصیر الصلوۃ نمبر ۱۰۹۶ مسلم شریف، باب جواز صلوۃ النافلۃ علی الدابۃ فی السفر ص ۲۴۴ نمبر ۷۰۰/۱۶۱۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت عبد اللہ بن عمر سفر میں قبلہ کے خلاف رخ پر نماز پڑھتے تھے۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ شہر میں ایسا کرنا جائز نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ے حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ شہر میں بھی سواری پر نفل پڑھنا جائز ہے

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ شہر کے اندر رہتے ہوئے بھی سواری پر نفل پڑھ سکتا ہے ۔ وہ فرماتے ہیں کہ اس حدیث میں یہ نہیں ہے کہ شہر سے باہر ہو اسلئے شہر کے اندر بھی رہ کر سواری پر نفل پڑھ سکتا ہے۔ عامر بن ربیعة اخبره قال رأیت النبی ﷺ وهو علی الراحلة یسبح یؤمی برأسه قبل الی ای وجه توجه ولم یکن رسول الله ﷺ یصنع ذلک فی الصلوة المکتوبة . (بخاری شریف، باب ینزل للمکتوبۃ ص ۱۴۸ نمبر ۱۰۹۷) اس حدیث میں ہے کہ آپ سواری پر نفل پڑھ رہے تھے اور یہ نہیں ہے کہ شہر کے باہر تھے اسلئے شہر کے اندر بھی سواری پر نفل پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ**: ۸ اور ظاہر کی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں جو وارد ہوا ہے وہ شہر سے باہر ہے اور شہر سے باہر ہی سوار ہونے کی زیادہ ضرورت ہے۔

**تشریح**: اوپر جو امام ابو حنیفہؒ کا مسلک بیان کیا گیا ہے کہ شہر سے باہر ہو تب ہی نفل سواری پر پڑھ سکتا ہے۔ اسکی وجہ یہ بیان کر رہے کہ اوپر حدیث میں تھا کہ آپ سفر میں تھے اور خیبر کی طرف جا رہے تھے اور نفل سواری پر پڑھ رہے تھے جس سے معلوم ہوا کہ شہر سے باہر ہو تب ہی نفل سواری پر پڑھے ۔ اور دوسری وجہ یہ بیان کر رہے ہیں کہ شہر سے باہر ہی زیادہ تر سواری پر سوار ہونے کی ضرورت پڑتی ہے اسلئے شہر سے باہر ہی سواری پر نفل پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۴۸۷) اگر سوار ہو کر نفل شروع کی پھر نیچے اترا تو اس پر بناء کرے گا۔ اور اگر ایک رکعت اتر کر نفل پڑھی پھر سوار ہوا تو شروع سے نماز پڑھے گا۔

**تشریح**: سواری پر سوار ہو کر نفل کی نیت کی پھر سواری سے اتر کر نفل پوری کرنا چاہتا ہے تو کر سکتا ہے، اور نیچے اتر کر نفل کی تحریمہ

ل لان احرام الراکب انعقد مجوزا للرکوع والسجود لقدرته علی النزول فاذا اتی بهما صح

---

باندھا اور ایک رکعت پڑھ کر اب سواری پر سوار ہو کر نفل پوری کرنا چاہتا ہے تو نہیں کر سکتا۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ سواری پر تحریمہ باندھا تو اپنے اوپر لازم کیا کہ رکوع سجدے کا اشارہ کرے گا اور ہو سکے گا تو پورا رکوع اور سجدہ بھی کرے گا، تو گویا کہ اشارہ کر کے اور باضابطہ رکوع اور سجدہ کرے گا دونوں کا تحریمہ باندھا ہے۔ اسلئے سواری پر بھی نفل پڑھے اور نیچے اتر کر بھی بناء کر سکتا ہے (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ سواری پر رکوع اور سجدے کا اشارہ کرے گا اور قیام بھی نہیں کر سکے گا اسلئے سواری پر نماز کمزور ہے اور نیچے اترے گا رکوع اور سجدے کا اتمام کرے گا اور قیام بھی کرے گا اسلئے نیچے اترنے میں تحریمہ قوی ہے، اسلئے ضعیف کی بناء قوی پر ہو سکتی ہے، اسلئے بھی سواری سے اتر کر بناء کر سکتا ہے، (۳) تیسری وجہ یہ ہے کہ سواری سے نیچے اترنے میں عمل کثیر نہیں ہے اسلئے بھی بناء کر سکتا ہے۔

**اصول**: ضعیف کی بناء قوی پر ہو سکتی ہے۔ لیکن قوی کی بناء ضعیف پر نہیں ہو سکتی ہے۔

اور زمین پر تحریمہ باندھا اور ایک رکعت پڑھ چکا ہے اب سواری پر چڑھ کر بناء کرنا چاہے تو نہیں کر سکتا۔ اسکی وجہ یہ ہے (۱) جب زمین پر تحریمہ باندھا تو اس بات کا التزام کیا کہ رکوع سجدے کا اتمام کرے گا اشارے کے ساتھ نہیں اداء کرے گا، اور قیام بھی کرے گا، اب سواری پر سوار ہو کر بناء کرے گا تو رکوع سجدے کا اشارہ کرے گا اور قیام بھی نہیں کر سکے گا تو اکمل شروع کر کے اضعف سے پورا کرنا چاہتا ہے اسلئے اضعف کی بناء اقوی پر نہیں کر سکے گا۔ (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ سواری پر سوار ہوتے وقت عمل کثیر ہو گا جس سے تحریمہ باطل ہونے کا خطرہ ہے اسلئے بھی زمین سے شروع کر کے سواری پر بناء نہیں کر سکتا۔ (۳) اور تیسری وجہ یہ ہے کہ زمین پر تحریمہ باندھا تو اکمل کا تحریمہ باندھا، اضعف کا نہیں باندھا، اسلئے اکمل کا تحریمہ باندھ کر اضعف اداء نہیں کر سکتا اسلئے کہ اسکا تحریمہ ہی نہیں باندھا ہے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ سوار ہونے والے کا تحریمہ رکوع اور سجدے کو جائز کرنے والا منعقد ہوا ہے اترنے پر قدرت ہونے کی وجہ سے پس جبکہ اتر کر اسکو اداء کیا تو صحیح ہے۔

**تشریح** : . مجوزا للرکوع و السجود : کا مطلب یہ ہے کہ رکوع اور سجدہ جائز ہیں یعنی رکوع سجدے کا اشارہ کرنا بھی جائز ہے اور رکوع سجدے کا اتمام یعنی پورا رکوع سجدہ بھی جائز ہیں۔ پوری عبارت کا مطلب یہ ہے کہ سوار ہونے والے کا تحریمہ رکوع سجدے کے اشارے کے لئے بھی منعقد ہوا ہے اور رکوع اور سجدے کے اتمام کے لئے بھی منعقد ہوا ہے اسلئے سواری پر اشارے سے بھی اداء کر سکتا ہے اور اتر کر اتمام بھی کر سکتا ہے، اور دونوں کر لیا تو بناء کرنا صحیح ہے۔

۲ واحرام النازل انعقد لوجوب الرکوع والسجود فلا یقدر علیٰ ترک مالزمه من غیر عذر ۳ وعن ابی یوسفؒ انه یستقبل اذا نزل ایضًا. ۴ وکذا عن محمدؒ اذا نزل بعد ماصلی رکعة والاصح هو الظاهر.

**ترجمه**: ۲ احرام النازل انعقد لوجوب الرکوع والسجود: کا مطلب یہ ہے کہ رکوع سجدہ واجب منعقد ہوئے ہیں، یعنی رکوع بھی پورا کرنا ہے اور سجدہ بھی پورا کرنا ہے اشارہ کرنا کافی نہیں۔ پوری عبارت کا مطلب یہ ہے کہ زمین پر جو تحریمہ باندھا ہے تو وہ تحریمہ پورا رکوع سجدہ اداء کرنے کے لئے منعقد ہوا ہے اسلئے جو اس نے لازم کیا ہے بغیر بیماری کے عذر کے اسکو چھوڑ نہیں سکتا۔ اسلئے سواری پر سوار ہوکر اس پر بناء نہیں کرسکتا۔

**ترجمه**: ۳ امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ جب سواری سے اترے تب بھی شروع سے نماز پڑھے۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ سواری پر نفل کی نیت باندھی تو سواری سے اتر کر بناء کرنا چاہے تو بناء نہیں کرسکتا۔ اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ سواری پر نفل کمزور ہے کیونکہ اشارے سے رکوع سجدہ اداء کرے گا اور زمین پر نفل قوی ہے کیونکہ پورا رکوع سجدہ کرے گا، اور قوی کی بناء ضعیف پر نہیں ہوتی، جیسے کوئی بیمار آدمی لیٹ کر اشارے سے نماز پڑھ رہا ہو اسکو درمیان نماز میں قوت ہو جائے اور رکوع سجدہ پورا کرنے پر قدرت ہو جائے تو یہ پہلے پر بناء نہیں کرسکتا ہے بلکہ شروع سے نماز پڑھے اسلئے کہ قوی کی بناء ضعیف پر ہے، اسی طرح یہاں قوی کی بناء ضعیف پر ہے اسلئے زمین پر اترنے کے بعد سواری کی نفل پر بناء نہیں کرسکتا۔

**ترجمه**: ۴ ایسے ہی امام محمدؒ سے روایت ہے کہ اگر ایک رکعت پڑھنے کے بعد اترے تو بناء کرنا جائز نہیں، لیکن صحیح ظاہر روایت ہی ہے۔

**تشریح**: امام محمدؒ سے روایت یہ ہے کہ اگر نفل کی ایک رکعت سواری پر پڑھ چکا ہے اسکے بعد سواری سے اتر کر زمین پر بناء کرنا چاہے تو بناء نہیں کرسکتا۔ اور ایک رکعت پڑھنے سے پہلے بناء کرنا چاہے تو بناء کرسکتا ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ ایک رکعت پوری کرنے سے پہلے صرف تحریمہ ہے اور تحریمہ کمزور نماز کے لئے بھی ہوتا اور قوی نماز کے لئے بھی ہوتا ہے اسلئے کمزور نماز کا تحریمہ باندھ کر قوی نماز پڑھ سکتا ہے، اور ایک رکعت پڑھنے کے بعد وہ صرف تحریمہ باقی نہیں رہا بلکہ نماز ہوگئی اور یہ ضعیف نماز ہے، اور اوپر گزرا کہ ضعیف نماز پر قوی نماز کی بناء نہیں کرسکتا اسلئے ایک رکعت کے بعد سواری سے اترا تو اب سواری والی نماز پر بناء نہیں کرسکتا۔ صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ ظاہر روایت جو گزری کہ سواری پر نفل پڑھنے والا نیچے اتر کر بناء کرسکتا ہے اور نیچے والا سواری پر چڑھنے کے بعد بناء نہیں کرسکتا یہی روایت صحیح ہے۔

## ﴿فصل فی قیام رمضان﴾

(۴۸۸) یستحب ان یجتمع الناس فی شهر رمضان بعد العشاء فیصلی بهم امامهم خمس ترویحات کل ترویحة بتسلیمتین ﴾

## ﴿فصل فی قیام رمضان﴾

**ضروری نوٹ:** قیام رمضان سے مراد یہاں تہجد نہیں ہے بلکہ تراویح ہے۔ مسلم شریف میں 'باب الترغیب فی قیام رمضان وھوالتراویح' باب باندھا ہے کہ قیام رمضان وہ تراویح ہے۔

**ترجمہ:** (۴۸۸) مستحب یہ ہے کہ لوگ رمضان کے مہینہ میں عشا کے بعد جمع ہوں اور امام ان کو پانچ ترویحہ پڑھائے

**تشریح:** رمضان میں عشاء کے بعد امام لوگوں کو پانچ ترویحہ پڑھائے، تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ تراویح بیس رکعتیں پڑھائے، اسلئے کہ ایک ترویحہ جب دو سلام کے ساتھ ہوگا تو ہر سلام دو رکعتوں پر مشتمل ہوگا، تو دو سلام چار رکعتوں پر مشتمل ہوگا اس طرح ہر ترویحہ چار رکعتوں پر مشتمل ہوا، اور پانچ ترویحہ بیس رکعتیں ہوگئیں۔

**وجہ:** تراویح پڑھنے کی دلیل یہ حدیث ہے (۱) ان عائشة اخبرته ان رسول الله ﷺ خرج لیلة من جوف اللیل فصلی فی المسجد و صلی رجال بصلاته فاصبح الناس فتحدثوا فاجتمع اکثر منهم فصلی فصلوا معه فاصبح الناس فتحدثوا فکثر اهل المسجد من اللیلة الثالثة فخرج رسول الله فصلی بصلوته فلما کانت اللیلة الرابعة عجز المسجد عن اهله حتی خرج لصلوة الصبح فلما قضی الفجر اقبل علی الناس فتشهد ثم قال اما بعد! فانه لم یخف علیّ مکانکم لکنی خشیت ان تفرض علیکم فتعجزوا عنها فتوفی رسول الله والامر علی ذلک ۔ (بخاری شریف، باب فضل من قام رمضان ص ۲۶۹ نمبر ۲۰۱۲ رمسلم شریف، باب الترغیب فی قیام رمضان وھوالتراویح ص ۲۵۹ نمبر ۱۷۶۱ر۱۷۸۴ رابو داؤد شریف، کتاب تفریع ابواب شهر رمضان باب فی قیام شهر رمضان ص ۲۰۲ نمبر ۱۳۷۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور تراویح کے لئے رمضان میں تین راتیں کھڑے ہوئے تھے اور لوگوں کو تراویح پڑھائی تھی۔ البتہ ہمیشہ اس لئے نہیں پڑھائی کہ کہیں فرض نہ ہو جائے۔ (۲) أن ابا هریرةؓ قال: سمعت رسول الله ﷺ یقول لرمضان ((من قامه ایمانا و احتسابا غفر له ما تقدم من ذنبه . (بخاری شریف، باب فضل من قام رمضان ص ۲۶۹ نمبر ۲۰۰۸ رمسلم شریف، باب الترغیب فی قیام رمضان وھوالتراویح ص ۲۵۹ نمبر ۱۷۷۹ر۱۷۵۹ رابو داؤد شریف، کتاب تفریع ابواب شهر رمضان باب فی قیام شهر رمضان ص ۲۰۲ نمبر ۱۳۷۱) اس حدیث میں ہے کہ ایمان کے ساتھ جو تراویح پڑھے گا اسکا گناہ معاف

کردیا جائے گا۔اس میں تراویح کا ثبوت ہے۔

بیس رکعت تراویح کی دلیل یہ حدیث ہے(۱)۔عن ابن عباس قال کان النبی ﷺ یصلی فی شهر رمضان عشرین رکعة والوتر ۔(طبرانی الکبیر، باب مقسم عن ابن عباس، ج حادی عشر، ص۳۱۱، نمبر ۱۲۱۰۲ رسنن للبیھقی، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ج ثانی ص ۶۹۸، نمبر ۴۶۱۵ر) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضورؐ بیس رکعتیں تراویح پڑھتے تھے (۲) ان عمر بن خطاب امر رجلا یصلی بهم عشرین رکعة (مصنف ابن ابی شیبة، ۶۷۷ کم یصلی فی رمضان من رکعة، ج ثانی، ص ۱۶۵، نمبر ۷۶۸۱ رمصنف عبد الرزاق، باب قیام رمضان ج رابع ص ۲۰۰ نمبر ۷۷۶۰) اس حدیث اور عمل صحابہ سے معلوم ہوا کہ تراویح کی نماز بیس رکعتیں ہیں۔ (۳)ان علیا أمر رجلا یصلی بهم عشرین رکعة . (مصنف ابن ابی شیبة، ۶۷۷ کم یصلی فی رمضان من رکعة، ج ثانی، ص ۱۶۵، نمبر ۷۶۸۰ رسنن للبیھقی، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ج ثانی ص ۶۹۸، نمبر ۴۶۲۰) اس اثر میں بھی ہے کہ حضرت علیؓ بیس رکعتیں تراویح پڑھنے کا حکم دیا کرتے تھے۔

(۴) امام ترمذیؒ نے فرمایا کہ اہل مدینہ کی ایک رائے ہے کہ ۴۱ رکعتیں تراویح پڑھے، البتہ امام شافعیؒ کا مسلک یہ بیان فرمایا کہ وہ بیس رکعتیں پڑھنے کے قائل ہیں ترمذی شریف کی عبارت یہ ہے۔و اختلف اهل العلم فی قیام رمضان ، فرأی بعضهم أن یصلی احدی و اربعین رکعة مع الوتر ، و هو قول أهل المدینة ، و العمل علی هذا عندهم بالمدینة وأکثر اهل العلم علی ما روی عن علی و عمر و غیرهما من أصحاب النبی ﷺ عشرین رکعة و هو قول سفیان الثوری و ابن المبارک و الشافعی ، و قال الشافعی و هکذا أدرکت ببلدنا بمکة یصلون عشرین رکعة . (ترمذی شریف، باب ماجاء فی قیام شہر رمضان، ۲۰۱، نمبر ۸۰۶) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ امام شافعیؒ کا مسلک بھی یہی ہے کہ تراویح بیس رکعتیں پڑھی جائے۔

**نوٹ**: (۱) حضرت عائشہؓ کی ایک حدیث ہے جس سے یہ استدلال کرتے ہیں کہ تراویح کی نماز صرف آٹھ رکعتیں ہیں، لیکن اس حدیث سے استدلال کرنا اسلئے صحیح نہیں ہے کہ امام بخاری، امام مسلم، امام ابوداود اور امام ترمذی نے اس حدیث کو حضورؐ کے تہجد کے باب میں نقل کیا ہے، جس کا مطلب یہ نکلا کہ یہ حضرات اس حدیث کو تہجد کے ساتھ خاص مانتے تھے کہ آپ تہجد میں آٹھ رکعتیں پڑھا کرتے تھے تراویح میں نہیں۔حدیث یہ ہے۔سأل عائشةؓ کیف کانت صلوة رسول الله ﷺ فی رمضان ؟ فقالت : ما کان رسول الله ﷺ یزید فی رمضان و لا فی غیره علی احدی عشرة رکعة ، یصلی اربعا فلا تسأل عن حسنهن و طولهن ، ثم یصلی ثلاثا . (بخاری شریف، باب قیام النبی ﷺ باللیل فی رمضان وغیرہ، ص ۱۸۳، نمبر ۱۱۴۷ رمسلم شریف، باب صلوة اللیل وعدد رکعات النبی ﷺ فی اللیل و ان الوتر رکعة، ص ۲۹۹، نمبر ۱۷۱۸/۷۳۸ رابوداود شریف، باب فی صلوة اللیل، ص ۱۹۹، نمبر ۱۳۴۱ رترمذی شریف، باب ماجاء فی وصف صلوة النبی ﷺ باللیل، ص ۹۹، نمبر ۴۳۹) یہ

حدیث مسلم شریف، ابوداود شریف، ترمذی شریف میں صرف تہجد کے باب میں ذکر فرمایا ہے تراویح کے باب میں ذکر نہیں فرمایا جسکا مطلب یہ ہے کہ حضورؐ تہجد میں آٹھ رکعتیں پڑھتے تھے (۲) اس حدیث سے بھی اسکی تائید ہوتی ہے۔ عن ابن عباس قال کان النبی ﷺ یصلی من اللیل ثمان رکعات و یوتر بثلاث ۔(طبرانی کبیر، باب یحیی بن وثاب عن ابن عباس، ج ثانی عشر، ص ۱۰۶، نمبر ۱۲۶۹۰) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ تہجد کی نماز حضورؐ آٹھ رکعتیں پڑھتے تھے۔

(۳) صرف امام بخاریؒ نے اس حدیث کو تراویح کے باب میں بھی ذکر فرمایا ہے، اور تہجد کے باب میں بھی ذکر فرمایا ہے۔ تہجد کے بارے میں بخاری کی اوپر حدیث گزر چکی اور تراویح کے بارے میں حدیث کا باب یہ ہے ۔ سأل عائشةؓ کیف کانت صلوة رسول الله ﷺ فی رمضان ؟ فقالت : ما کان یزید فی رمضان و لا فی غیره علی احدی عشرة رکعة ، یصلی اربعا فلا تسأل عن حسنهن و طولهن ، ثم یصلی أربعا فلا تسأل عن حسنهن و طولهن ثم یصلی ثلاثا . ( بخاری شریف، باب فضل من قام رمضان، ص ۳۲۲، نمبر ۲۰۱۳) اس آٹھ رکعتوں کی حدیث کو امام بخاریؒ نے قیام رمضان یعنی تراویح کے باب میں ذکر فرمایا ہے۔ (۴) اس حدیث میں تذکرہ ہے کہ آپ چار رکعتیں ایک ساتھ پڑھا کرتے تھے جن کے حسن کا کیا کہنا۔ اور تراویح کی نماز ایک ساتھ چار رکعت نہیں ہوتی۔ بلکہ دو دو رکعت کر کے ہوتی ہے۔ اس لئے وہ حدیث تراویح کے بارے میں نہیں ہے بلکہ تہجد کے بارے میں ہے۔ (۳) سنن للبیہقی نے دونوں روایتوں کو اس طرح جمع کیا ہے کہ پہلے گیارہ رکعت تہجد پڑھتے ہوں گے۔ پھر بیس رکعت تراویح پڑھتے ہوں گے۔ ان کا جملہ اس طرح ہے ویمکن الجمع بین الروایتین فانهم کانوا یقومون باحدی عشرة ثم کانوا یقومون بعشرین و یوترون بثلاث (سنن للبیہقی، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شهر رمضان ج ثانی ص ۶۹۹، نمبر ۴۶۱۸) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ رمضان میں بھی پہلے تہجد کی نماز آٹھ رکعتیں پڑھتے ہونگے، اسکے بعد تراویح کی بیس رکعتیں پڑھتے تھے۔

اور امام جماعت کے ساتھ تراویح اور وتر پڑھائے اسکی دلیل یہ اثر ہے (۱) ان عمر بن خطاب امر رجلا یصلی بهم عشرین رکعة ( مصنف ابن ابی شیبة، ۷۷۶ کم یصلی فی رمضان من رکعة، ج ثانی، ص ۱۶۵، نمبر ۷۶۸۱ رمصنف عبد الرزاق، باب قیام رمضان ج رابع ص ۲۰۰ نمبر ۷۷۶۰) (۲) ان علیا أمر رجلا یصلی بهم عشرین رکعة . ( مصنف ابن ابی شیبة، ۷۷۶ کم یصلی فی رمضان من رکعة، ج ثانی، ص ۱۶۵، نمبر ۷۶۸۰ رسنن للبیہقی، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شهر رمضان ج ثانی ص ۶۹۸، نمبر ۴۶۲۰) ان دونوں اثروں سے معلوم ہوا کہ حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کسی امام کو حکم فرماتے کہ وہ لوگوں کو جماعت کے ساتھ تراویح پڑھائے جس سے ثابت ہوا کہ تراویح کی نماز جماعت کے ساتھ ہوگی۔

اور تراویح دو دو رکعتیں پڑھائے اسکی دلیل یہ اثر ہے .عن ابی عمر انه صلی خلف ابی هریرة و کان یصلی رکعتین ثم یسلم ثم یقوم فیوتر برکعة ۔(مصنف ابن ابی شیبة، باب ۶۸۵ فی کم یسلم الامام، ج ثانی، ص ۱۰۷، نمبر ۶۷۷۴) اس اثر میں

**(۴۸۹) ویجلس بین کل ترویحتین مقدار ترویحة ﴿ (۴۹۰) ثم یوتربھم ﴾ ل ذکر لفظ الاستحباب والاصح انها سنة کذا روی الحسن عن ابی حنیفةؒ لانه واظب علیها الخلفاء الراشدون**

ہے کہ تراویح میں دو رکعت پر سلام پھیرے، جس سے معلوم ہوا کہ تراویح دو دو رکعت ہے۔

**ترجمہ:** (۴۸۹) اور ہر دو ترویحوں کے درمیان ایک ترویحہ کی مقدار بیٹھے۔

**تشریح** : دو ترویحہ آٹھ رکعتیں بنتی ہیں، اسکا مطلب یہ ہوا کہ ہر چار رکعتوں کے بعد تھوڑی دیر بیٹھے جس میں دو رکعتیں پڑھی جا سکتی ہوں۔ اور اسکا اصل مقصد یہ ہے کہ نمازی تھک نہ جائے اسلئے تھوڑی دیر آرام کر کے اگلی نماز شروع کرے۔ ایسا کرنا مستحب ہے، اگر یہ آرام نہ بھی کرے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

**وجہ:** (۱) دو ترویحہ کے درمیان بیٹھنے کے لئے اثر یہ ہے۔ **کان عمر بن خطاب یروحنا فی رمضان یعنی بین الترویحتین قدر ما یذهب الرجل من المسجد الی سلع** . (سنن للبیہقی، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ص ۷۰۰، نمبر ۴۶۲۲) اس عمل سے معلوم ہوا کہ دو ترویحہ کے درمیان تھوڑا آرام بھی کرنا چاہئے تاکہ لوگ پریشان نہ ہو جائیں (۲) اس حدیث میں ہے . **عن عائشةؓ قالت کان رسول الله ﷺ یصلی اربع رکعات فی اللیل ثم یتروح فأطال حتی رحمته فقلت بأبی انت و أمی یا رسول الله قد غفر الله لک ما تقدم من ذنبک و ما تأخر، قال : أفلا أکون عبدا شکوراً** ۔ (سنن للبیہقی، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ص ۷۰۰، نمبر ۴۶۲۳) اس حدیث میں بھی ہے کہ آپ تہجد کی چار رکعتوں کے بعد آرام فرماتے تھے ۔

**ترجمہ:** (۴۹۰) پھر امام لوگوں کو وتر پڑھائے۔

**تشریح** : اور دنوں میں لوگ وتر تنہا تنہا پڑھیں گے لیکن رمضان میں وتر تراویح کے بعد جماعت کے ساتھ پڑھیں۔

**وجہ** : (۱) اور وتر کی نماز بھی رمضان میں جماعت کے ساتھ ہوگی اسکے لئے یہ اثر ہے ۔ **عن علی قال دعا القراء فی رمضان فامرهم منهم رجلا یصلی بالناس عشرین رکعة قال و کان علی یوتربهم** . (سنن للبیہقی، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ص ۶۹۹، نمبر ۴۶۲۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ رمضان میں وتر جماعت کے ساتھ پڑھائی جائے گی۔ اور دنوں میں لوگ اپنے اپنے طور پر وتر پڑھیں گے۔

**ترجمہ:** ل متن میں استحباب کا لفظ ذکر کیا لیکن صحیح بات یہ ہے کہ تراویح سنت ہے۔ حضرت حسنؒ نے امام ابو حنیفہؒ سے ایسے ہی نقل فرمایا ہے، اسلئے کہ خلفاء راشدین نے اس پر ہمیشگی کی ہے۔

**تشریح** : متن میں فرمایا کہ تراویح کی نماز مستحب ہے، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ تراویح کی نماز سنت ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ خلفاء

٢ والنبی علیه السلام بین العذرفی ترکه المواظبة وهو خشية ان تکتب علينا (۴٩١) والسنة فيها الجماعة﴾

راشدین اسکو ہمیشہ پڑھتے رہے ہیں۔اور خلفاء راشدین جس بات کو ہمیشہ کرتے رہے ہوں وہ سنت ہوتی ہے۔اور حضورؐ نے ہمیشہ تراویح اسلئے نہیں پڑھی کہ کہیں وہ امت پر فرض نہ ہو جائے، چنانچہ حدیث میں اسکو بیان بھی فرمایا۔

**وجه** : (۱) خلفاء راشدین نے تراویح ہمیشہ پڑھی اسکے لئے یہ اثر ہے۔ عن السائب بن يزيد قال : كانوا يقومون على عهد عمر بن الخطابؓ فی شهر رمضان بعشرين ركعة قال : و كانوا يقرأون بالمئين و كانوا يتوكأون على عصيهم فی عهد عثمان بن عفانؓ من شدة القيام۔ (سنن للبیھقی ، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ص ۶۹۹، نمبر ۴۶۱۷) اس اثر میں ہے کہ حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کے زمانے میں لوگ تراویح پڑھتے تھے اور دیر تک کھڑے رہنے کی وجہ سے لکڑیوں پر ٹیک لگاتے تھے۔

(۲) اس حدیث میں (( کان النبی ﷺ یصلی )) ہے جس سے معلوم ہوا کہ حضورؐ اس پر ہمیشگی کرتے تھے اسلئے بھی تراویح سنت ہے۔حدیث یہ گزری۔ عن ابن عباس قال كان النبی ﷺ يصلی فی شهر رمضان عشرين ركعة والوتر۔ (طبرانی الکبیر ، باب مقسم عن ابن عباس ، ج حادی عشر ، ص ۳۱۱ ، نمبر ۱۲۱۰۲ / سنن للبیھقی ، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ج ثانی ص ۶۹۸ ، نمبر ۴۶۱۵) اس حدیث میں کان یصلی سے تراویح سنت معلوم ہوتی ہے۔

**ترجمه** : ٢ اور نبی علیہ السلام نے ہمیشگی کے چھوڑنے کے بارے میں عذر بیان فرمایا، وہ یہ کہ اس ڈر چھوڑ دیا کہ ہم لوگوں پر تراویح فرض نہ ہو جائے۔

حضورؐ نے ہمیشہ تراویح کی نماز نہیں پڑھی جسکی وجہ یہ فرمایا کہ اگر میں ہمیشہ تراویح پڑھوں تو خطرہ ہے کہ امت پر فرض نہ ہو جائے اسلئے ہمیشہ تراویح کی نماز نہیں پڑھی۔لمبی حدیث مسئلہ نمبر ۴۸۸ میں گزر چکی ہے جسکا ٹکڑا یہ ہے۔ ان عائشة اخبرته ان رسول الله ﷺ خرج ليلة من جوف الليل .... اما بعد ! فانه لم يخف علیّ مكانكم لكنی خشيت ان تفرض عليكم فتعجزوا عنها فتوفی رسول الله والامر على ذلك ۔ (بخاری شریف ، باب فضل من قام رمضان ص ۲۶۹ نمبر ۲۰۱۲ / مسلم شریف ، باب الترغیب فی قیام رمضان وھو التراویح ص ۲۵۹ نمبر ۱۷۸۴ / ۷۶۱ / ابو داود شریف ، کتاب تفریع ابواب شہر رمضان باب فی قیام شہر رمضان ص ۲۰۲ نمبر ۱۳۷۳) اس حدیث میں ہے کہ امت پر فرض ہونے کے خوف سے تراویح ہمیشہ نہیں پڑھ رہا ہوں۔

**ترجمه** : (۴۹۱) اور تراویح میں سنت جماعت ہے۔

**تشريح** : تراویح میں سنت جماعت ہے، اور اگر جماعت چھوڑ کر الگ الگ نماز پڑھے تو جماعت کی فضیلت نہیں ملے گی۔

**وجه** : (۱) اوپر حدیث گزری کہ تراویح کے لئے صحابہ جمع ہوئے اور حضورؐ نے تین دن تک جماعت کے ساتھ نماز پڑھائی۔حدیث

ل لكن على وجه الكفاية حتى لو امتنع اهل المسجد عن اقامتها كانوا مسيئين ولو اقامها البعض فالمتخلف عن الجماعة تارك للفضيلة لان افراد الصحابة يروى عنهم التخلف.

یہ گزری

ان عائشة اخبرته ان رسول الله ﷺ خرج ليلة من جوف الليل فصلى في المسجد وصلى رجال بصلاته فاصبح الناس فتحدثوا فاجتمع اكثر منهم فصلى فصلوا معه فاصبح الناس فتحدثوا فكثر اهل المسجد من الليلة الثالثة فخرج رسول الله فصلى بصلوته فلما كانت الليلة الرابعة عجز المسجد عن اهله حتى خرج لصلوة الصبح فلما قضى الفجر اقبل على الناس فتشهد ثم قال اما بعد ! فانه لم يخف عليّ مكانكم لكني خشيت ان تفرض عليكم فتعجزوا عنها فتوفي رسول الله و الامر على ذلك۔(بخاری شریف، باب فضل من قام رمضان ص ۲۶۹ نمبر ۲۰۱۲ر مسلم شریف، باب الترغیب فی قیام رمضان وھوالتراویح ص ۲۵۹ نمبر ۷۶۱ر۱۷۸۴ر ابو داؤد شریف، کتاب تفریع ابواب شہر رمضان باب فی قیام شہر رمضان ص ۲۰۲ نمبر ۱۳۷۳) اس حدیث میں ہے کہ صحابہ تراویح کے لئے جمع ہوئے، جس سے تراویح کی جماعت ثابت ہوتی ہے۔(۲) امام جماعت کے ساتھ تراویح اور وتر پڑھائے اسکی دلیل یہ اثر ہے(۱) ان عمر بن خطاب امر رجلا يصلي بهم عشرين ركعة (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۷۷۶ کم یصلی فی رمضان من رکعۃ، ج ثانی، ص ۱۶۵، نمبر ۷۶۸۱ر مصنف عبد الرزاق، باب قیام رمضان ج رابع ص ۲۰۰ نمبر ۷۷۶۰) (۳) ان عليا أمر رجلا يصلي بهم عشرين ركعة. (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۷۷۶ کم یصلی فی رمضان من رکعۃ، ج ثانی، ص ۱۶۵، نمبر ۷۶۸۰ر سنن للبیہقی، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ج ثانی ص ۶۹۸، نمبر ۴۶۲۰) ان دونوں اثروں سے معلوم ہوا کہ حضرت عمرؓ اور حضرت علیؓ کسی امام کو حکم فرماتے کہ وہ لوگوں کو جماعت کے ساتھ تراویح پڑھائے جس سے ثابت ہوا کہ تراویح کی نماز جماعت کے ساتھ ہوگی۔

**ترجمہ**: ل لیکن کفایہ کے طور پر ہے، یہاں تک کہ مسجد والے جماعت قائم کرنے سے رک جائے تو سب گنہگار ہونگے، اور اگر بعض نے جماعت کر لی تو جماعت کو چھوڑنے والے فضیلت کو چھوڑنے والے ہونگے، اسلئے کہ افراد صحابہ کا پیچھے رہنا مروی ہے۔

**تشریح**: فرماتے ہیں کہ تراویح کی جماعت سنت کفایہ ہے اسلئے اگر کسی نے بھی جماعت نہیں کی تو سب گنہگار ہونگے، اور اگر کچھ لوگوں نے جماعت کر لی تو سب سے گناہ ختم ہو جائے گا، البتہ جن لوگوں نے جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھی انہوں نے جماعت کی فضیلت چھوڑ دی، اسکی وجہ یہ ہے کہ بعض صحابہ سے ثابت ہے کہ انہوں نے تنہا تراویح کی نماز پڑھی ہے۔

**وجہ**: اثر یہ ہے۔ عن ابن عمر أنه كان لا يقوم مع الناس في شهر رمضان قال: و كان سالم و القاسم لا

۲ والمستحب فی الجلوس بین الترویحتین مقدار الترویحة وکذا بین الخامسة وبین الوتر لعادة اهل الحرمین ۳ واستحسن البعض الاستراحة علیٰ خمس تسلیمات ولیس بصحیح

یقومون مع الناس ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۶۸۰ من کان لایقوم مع الناس فی رمضان، ج ثانی، ص ۱۶۸، نمبر ۷۷۱۳)
اس اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمر، حضرت سالم اور حضرت قاسم لوگوں کے ساتھ تراویح کی نماز نہیں پڑھتے تھے بلکہ تنہا تنہا پڑھتے تھے اس سے معلوم ہوا کہ تراویح کی جماعت سنت کفایہ ہے، اور تنہا پڑھنے کی بھی گنجائش ہے۔

**لغت** : مسیئین: سئی سے مشتق ہے، گناہگار۔ المتخلف: خلف سے مشتق ہے، پیچھے رہنے والے۔ افراد: فرد کی جمع ہے، بعض حضرات۔

**ترجمہ** : ۲ اور مستحب دو ترویحہ کے درمیان بیٹھنا ایک ترویحہ کی مقدار ہے اور ایسے ہی پانچویں ترویحہ اور وتر کے درمیان اہل حرمین کی عادت کی وجہ سے۔

**تشریح** : تراویح: راح سے مشتق ہے، جسکا معنی ہی ہے آرام کرنا، اسلئے تراویح میں ہر چار رکعتوں کے بعد آرام کرنا مستحب ہے۔ اہل حرم کے بعض حضرات اس آرام کے درمیان دو رکعتیں نماز پڑھا کرتے تھے۔ لیکن صاحب ھدایہ اس بات کی طرف اشارہ کر رہے ہیں کہ اس موقع پر آرام کرے، اور اتنی دیر تک آرام کرے جتنی دیر دو رکعتیں پڑھنے میں لگی ہے۔

**وجہ** : آرام کرنے کے لئے اوپر یہ اثر گزر گیا۔ (۱) کان عمر بن خطاب یروحنا فی رمضان یعنی بین الترویحتین قدر ما یذهب الرجل من المسجد الی سلع. (سنن للبیہقی، باب ما روی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ص ۷۰۰، نمبر ۴۶۲۲) اس اثر میں ہے کہ حضرت عمرؓ ترویحہ کے درمیان اتنی دیر آرام کرنے کے لئے دیتے جتنی دیر میں آدمی مقام سلع تک جا سکتا ہے۔ (۲) اور اس درمیان نماز نہ پڑھے اسکے لئے یہ اثر ہے۔ عن سعید ابن جبیر أنه کان یکره أن یقوم بین الترویحتین الصلوة ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۶۸۳ فی الصلوۃ بین التراویح، ج ثانی، ص ۱۶۹، نمبر ۷۷۳۰) اس اثر میں ہے کہ تراویح کے درمیان نماز پڑھنا مکروہ سمجھتے تھے (۳) اور اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ وقت آرام کرنے لئے ہے تا کہ چستی کے ساتھ تراویح پڑھ سکے نماز پڑھنے کے لئے نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۳ بعض حضرات نے پانچویں سلام کے بعد آرام کرنا اچھا سمجھا، لیکن یہ صحیح نہیں ہے۔

**تشریح** : پانچ سلام کے بعد کا مطلب یہ ہے کہ دس رکعتوں کے بعد بھی آرام کے لئے بیٹھے، لیکن یہ اچھا اسلئے نہیں ہے کہ پھر دو ترویحہ کے بعد بیٹھنا نہیں ہوگا بلکہ آٹھ رکعت کے بعد، پھر دس رکعت کے بعد، پھر بارہ رکعت کے بعد بیٹھنا ہو جائے گا تو ان رکعتوں میں چار کے بجائے ہر دو رکعت کے بعد بیٹھنا ہو جائے گا۔ اسلئے یہ اچھا نہیں ہے کیونکہ اوپر حضرت عمر کے اثر میں تھا کہ ہر دو ترویحہ یعنی

ع وقوله ثم يوتربهم يشير الى ان وقتها بعد العشاء قبل الوتر وبه قال عامة المشائخ والاصح ان وقتها بعد العشاء الى اخر الليل قبل الوتر وبعده لانها نوافل سُنَّتْ بعد العشاء ۵ ولم يذكر قدر القراء ة واكثر المشائخ على ان السنة فيها الختم مرة فلا يترك لكسل القوم بخلاف ما بعد التشهد من الدعوات حيث يتركها لانها ليست بسنة

---

ہر چار رکعت کے بعد آرام کے لئے بیٹھنا ہے۔

**ترجمہ:** ع متن میں تھا (ثم یوتر بھم) یہ عبارت اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ تراویح کا وقت عشاء کے بعد اور وتر سے پہلے ہے، عام مشائخ نے یہی فرمایا، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ تراویح کا وقت عشاء کے بعد سے آخیر رات تک ہے، چاہے وہ وتر سے پہلے ہو یا وتر کے بعد ہو، اسلئے کہ تراویح نوافل ہے، اور عشاء کے بعد سنت قرار دی گئی ہے۔

**تشریح:** متن میں یہ عبارت تھی (ثم یوتر بھم) کہ تراویح کے بعد لوگوں کو وتر پڑھائے، جسکا مطلب یہ ہوتا ہے کہ تراویح کا وقت عشاء کے بعد اور وتر سے پہلے ہے، چنانچہ بہت سے مشائخ نے یہی فرمایا، لیکن صحیح بات یہ ہے کہ تراویح کا وقت عشاء کے بعد ہے چاہے وہ وتر سے پہلے پڑھ لے چاہے وتر کے بعد پڑھ لے۔ عشاء کے بعد تو اسلئے ہے کہ تراویح سنت ہے اور عشاء کے بعد مسنون کیا گیا ہے اسلئے عشاء کے بعد ہی ہونا چاہئے، کیونکہ یہ عشاء کے تابع ہے۔ اور وتر سے پہلے یا بعد ہونے کی شرط اسلئے نہیں ہے کہ تراویح وتر کے تابع نہیں ہے۔

**وجہ:** عن ابی ذر قال : صمنا مع رسول الله ﷺ رمضان فلم يقم بنا شيئا من الشهر ....فلما كانت الثالثة جمع أهله و نسائه و الناس فقام بنا حتى خشينا أن يفوتنا الفلاح ، قال قلت : ما الفلاح ؟ قال السحور ، ثم لم يقم بنا بقية الشهر ۔ (ابوداود شریف، باب فی قیام شھر رمضان، ص ۲۰۵، نمبر ۱۳۷۵) اس حدیث میں ہے کہ سحری تک تراویح پڑھتے رہے جسکا مطلب یہ ہوا کہ سحری تک تراویح کا وقت ہے۔ اور یہ بھی معلوم ہوا کہ عشاء کے بعد تراویح کا وقت ہے۔ البتہ چونکہ وتر کو آخیر وقت میں پڑھنا مستحب ہے اسلئے وتر کو تراویح کے بعد پڑھے تو بہتر ہے، لیکن وتر سے پہلے بھی پڑھ لے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۵ قرأت کی مقدار ذکر نہیں کی، اور اکثر مشائخ اس بات پر ہے کہ تراویح میں سنت ایک مرتبہ قرآن ختم کرنا ہے، اسلئے قوم کی سستی کی وجہ سے نہ چھوڑے، بخلاف تشہد کے بعد جو اور دعائیں ہیں اس طرح کہ اسکو چھوڑ سکتا ہے اسلئے کہ وہ سنت نہیں ہیں۔

**تشریح:** تراویح کی ایک رکعت میں کتنی آیتیں پڑھے متن میں اسکا تذکرہ نہیں ہے۔ لیکن سنت یہ ہے کہ پورے رمضان میں

(۴۹۲) **ولا يصلي الوتر بجماعة في غير شهر رمضان** ﴾ل عليه اجماع المسلمين. والله اعلم بالصواب.

تراویح میں کم سے کم ایک مرتبہ قرآن کریم ختم کرے۔اور قوم کی سستی کی وجہ سے ایک مرتبہ ختم کرنا نہ چھوڑے۔البتہ اگر لوگوں پر گراں گزرتا ہوتو تشہد کے بعد جو دعائیں ہیں انکو چھوڑ دے کیوں کہ وہ اتنی اہم سنتوں میں سے نہیں ہیں، تاہم ایک مرتبہ قرآن ختم کرنا نہ چھوڑے۔تشہد کے بعد درود شریف پڑھنا پھر بھی نہ چھوڑے کیونکہ درود شریف امام شافعیؒ کے یہاں فرض ہے اسلئے ہمارے یہاں اہم سنت ہوگی اسلئے قوم کتنی ہی سست ہو تراویح میں درود شریف پڑھنا نہ چھوڑے۔

**وجه** : (۱) اس حدیث میں ہے۔عن عبد الله ابن عمر و ان النبی ﷺ قال له : ((أقرأ القرآن في شهر)) قال انی اجد قوة قال : أقرأ في عشرين . ( ابوداود شریف، باب فی کم یقرأ القرآن، ص ۲۰۸، نمبر ۱۳۸۸) اس حدیث میں ہے کہ قرآن کو ایک مہینے میں ختم کرنا چاہئے۔اس لئے پورے رمضان میں ایک مرتبہ قرآن ختم کرے۔(۲) عن ابی عثمان قال : دعا عمر القراء في رمضان فأمر اسرعهم قراءة أن يقرأ ثلاثلين آية و الوسط خمسا و عشرين آية و البطیء عشرين آية ۔( مصنف ابن ابی شیبة، باب ۶۷۶ فی صلوۃ رمضان، ج ثانی ص ۱۶۴، نمبر ۷۶۷۱ رسنن بیہقی، باب قدر قراءتهم فی قیام شهر رمضان، ج ثانی، ص ۷۰۰، نمبر ۴۶۲۴) اس اثر میں ہے کہ سست پڑھنے والے کو بھی بیس آیتیں پڑھنے کے لئے کہتے تھے ۔اب ہر رکعت میں بیس آیتیں پڑھے تو ایک دن کی بیس رکعتوں میں چارسو آیتیں ہونگیں اور تیس دنوں میں بارہ ہزار آیتیں ہونگیں۔ قرآن کریم میں ۶۲۳۶ آیتیں ہیں اسلئے بارہ ہزار کو ۶۲۳۶ سے تقسیم دیں تو پورے رمضان میں دو ختم ہوئے، اسکا مطلب یہ ہوا کہ حضرت عمرؓ پورے رمضان میں دو ختم کرواتے تھے، لیکن سہولت کے لئے ہم کہتے ہیں کہ کم سے کم ایک ختم کرے۔اس سے حافظ صاحبان کا قرآن بھی یاد رہےگا۔ (۳) ایک مرتبہ ختم کرنے کا ثبوت اس اثر میں ہے۔كان عمر بن عبد العزيز يأمر الذين يقرأون في رمضان في كل ركعة بعشر آيات عشر آيات . (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۶۷۶ فی صلوۃ رمضان، ج ثانی، ص ۱۶۴، نمبر ۷۶۷۵) اس اثر میں ہے کہ ہر رکعت میں دس دس آیتیں پڑھنے کا حکم دیا کرتے تھے تو پورے رمضان میں چھ ہزار آیتیں پڑھی جائے گی جس سے ایک قرآن کریم ختم ہوگا۔

**ترجمه**: (۴۹۲) رمضان کے مہینے کے علاوہ میں وتر جماعت کے ساتھ نہ پڑھے۔

**ترجمه**: ل اسی پر مسلمانوں کا اجماع ہے۔

**وجــه** : (۱) وتر ایک قسم کی سنت ہے اور سنت کے بارے میں یہ ہے کہ جہاں جہاں اسکی جماعت ثابت ہے وہیں اسکی جماعت مسنون ہوگی ورنہ عام حالات میں تنہا تنہا اسکی نماز پڑھی جائے گی، چونکہ وتر کے بارے میں صرف رمضان میں اسکی جماعت ثابت ہے اسلئے صرف رمضان میں اسکو جماعت کے ساتھ پڑھی جائے گی، اور سال کے باقی حصے میں تنہا تنہا پڑھی جائے گی۔(۲) تراویح

کے بعد وتر جماعت کے ساتھ پڑھنے کے بارے میں یہ اثر گزر چکا ہے۔ عن علی قال دعا القراء فی رمضان فامرهم منهم رجلا یصلی بالناس عشرین رکعة قال و کان علی یوتربهم. (سنن للبیهقی، باب ماروی فی عدد رکعات القیام فی شہر رمضان ص ۶۹۹، نمبر ۴۶۲۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ رمضان میں وتر جماعت کے ساتھ پڑھائی جائے گی۔ اور دنوں میں لوگ اپنے اپنے طور پر وتر پڑھیں گے۔ واللہ اعلم۔

## ﴿باب ادراک الفریضة﴾

(۴۹۳) ومن صلى ركعة من الظهر ثم اقيمت يصلى اخرى ﴾ صيانة للمؤدى عن البطلان. ﴿ ثم يدخل مع القوم ﴾ ل احرازا لفضيلة الجماعة

## ﴿ باب ادراک الفریضة﴾

**ضروری نوٹ** : اس باب میں تمام مسائل جامع صغیر سے لئے گئے ہیں، (جامع صغیر، باب الرجل یدرک الفریضة فی جماعة وقد صلی بعض صلوته، ص ۸۹) اور دو قاعدے سے مستنبط ہیں۔ [۱] ایک تو ہے کہ اگر فرض نماز جماعت کے ساتھ پڑھی جا رہی ہو تو اس میں شریک ہونا چاہئے اور اپنی نماز چھوڑ دینی چاہئے، اور اگر فرض پڑھ چکا ہو تو دوبارہ جماعت کے ساتھ شامل ہو جانا چاہئے، یہ نماز نفل ہوگی اور پہلے پڑھی ہوئی نماز فرض برقرار رہے گی۔ اور اگر سنت پڑھ رہا ہو تو اسکو چھوڑ کر جماعت میں شریک ہو جانا چاہئے۔

**وجه** : اسکی وجہ یہ ہے جماعت کی ایک اہمیت ہے اسکے لئے یہ حدیث ہے (۱)۔ عن ابی هريرة أن النبی ﷺ قال (( و الذی نفسی بیده لقد هممت ان آمر بحطب ليحطب ثم آمر بالصلوة فيؤذن لها ثم آمر رجلا فيؤم الناس ، ثم أخالف الى رجال فأحرق عليهم بيوتهم ، و الذی نفسی بیده ! لو يعلم أحدهم أنه يجد عرقا سمينا ، أو مرماتين حسنتين لشهد العشاء ۔ (بخاری شریف، باب وجوب صلوة الجماعة، ص ۸۹، نمبر ۶۴۴ مسلم شریف، باب فضل صلوة الجماعة و بیان التشدید فی التخلف عنها وأنها فرض کفایة، ص ۲۶۲، نمبر ۱۴۸۱/۶۵۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جماعت کے ساتھ شریک ہونا چاہئے۔ (۲) عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال : (( اذا أقيمت الصلوة فلا صلوة الا المكتوبة)) . مسلم شریف، باب کراهیة الشروع فی نافلة بعد شروع المؤذن فی اقامة الصلوة، الخ، ص ۲۸۸، نمبر ۷۱۰/۱۶۴۴ ترمذی شریف، باب ماجاء اذا اقیمت الصلوة فلا صلوة الا المکتوبة، ص ۱۱۳، نمبر ۴۲۱) اس حدیث میں ہے کہ فرض نماز کی اقامت کہی جا رہی ہو تو کوئی نماز نہ پڑھے، بلکہ فرض ہی پڑھے۔

**ترجمه**: (۴۹۳) کسی نے ظہر کی ایک رکعت پڑھی پھر ظہر ہی کی اقامت کہی گئی تو ایک رکعت ملا لے [اداء کی ہوئی نماز کو باطل سے بچانے کے لئے] پھر قوم کے ساتھ داخل ہو جائے۔

**ترجمه**: ل جماعت کی فضیلت کو حاصل کرنے کیلئے۔

**تشریح** : ایک آدمی نے اپنے طور پر مثلا ظہر کی ایک رکعت فرض پڑھی اسی دوران ظہر کی ہی جماعت کھڑی ہو گئی تو اسکو چاہئے کہ اپنی نماز کے ساتھ ایک رکعت اور ملا لے تاکہ یہ نماز بتیر یعنی ایک رکعت نہ رہ جائے، بلکہ شفع ہو جائے اور پڑھی ہوئی نماز باطل نہ جائے بلکہ دو رکعتوں کا ثواب مل جائے۔ پھر جماعت کی فضیلت کو حاصل کرنے کے لئے جماعت کے ساتھ مل جائے۔

(۴۹۴) وان لم یقید الاولیٰ بالسجدة یقطع ویشرع مع الامام هو الصحیح

**وجه** : (۱) حدیث میں ہے کہ جماعت ہورہی ہوتو دوسری نماز نہیں پڑھنی چاہئے ۔اسکے لئے حدیث یہ ہے۔ عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال : (( اذا أقیمت الصلوة فلا صلوة الا المکتوبة ))( مسلم شریف، باب کراهیة الشروع فی نافلة بعد شروع المؤذن فی اقامة الصلوة، الخ ص ۲۸۸ ،نمبر ۱۰ ۷ /۱۶۴۴ ترمذی شریف، باب ما جاء اذا اقیمت الصلوة فلا صلوة الا المکتوبة ،ص ۱۱۳ ،نمبر ۴۲۱ ) اس حدیث میں ہے کہ فرض نماز کی اقامت کہی جا رہی ہو تو کوئی نماز نہ پڑھے ، بلکہ فرض ہی پڑھے۔(۲)عن ابن بحینة قال : أقیمت صلوة الصبح ، فرأی رسول الله ﷺ رجلا یصلی و المؤذن یقیم فقال : (( أتصلی الصبح أربعا ))؟ ۔( مسلم شریف، باب کراهیة الشروع فی نافلة بعد شروع المؤذن فی اقامة الصلوة، الخ ص ۲۸۸ ،نمبر ۷۱۱ /۱۶۵۰ )اس حدیث میں ہے کہ اقامت کے وقت اکیلے اکیلے فجر کا فرض پڑھ رہا تھا تو آپ نے انکو کہا کہ کیا چار رکعت فجر پڑھ رہے ہو،جس سے معلوم ہوا کہ جماعت کے وقت اپنی الگ نماز نہیں پڑھنی چاہئے ۔(۳) اور جماعت میں شریک ہوجائے اسکے لئے یہ حدیث ہے۔۔عن ابی هریرة أن النبی ﷺ قال (( و الذی نفسی بیده لقد هممت ان آمر بحطب لیحطب ثم آمر بالصلوة فیؤذن لهاثم آمر رجلا فیؤم الناس ، ثم أخالف الی رجال فأحرق علیهم بیوتهم ، و الذی نفسی بیده ! لو یعلم أحدهم أنه یجد عرقا سمینا ، أو مرماتین حسنتین لشهد العشاء ۔( بخاری شریف، باب وجوب صلوة الجماعة ،ص ۸۹ ،نمبر ۶۴۴ )اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جماعت کے ساتھ شریک ہونا چاہئے۔

**ترجمه** : (۴۹۴) اور اگر پہلی رکعت کو سجدے سے مقید نہیں کیا تو امام کے ساتھ شروع کر دے، صحیح یہی ہے۔

**تشریح** : نماز اپنے طور پر شروع کیا تھا لیکن ابھی ایک رکعت پوری نہیں ہوئی تھی ،یعنی رکعت کو سجدے سے مقید نہیں کیا تھا کہ اسی نماز کی جماعت شروع ہوگئی،تو اسی وقت اپنی نماز چھوڑ کر جماعت کے ساتھ شریک ہوجانا چاہئے ،صحیح یہی ہے۔

هو الصحیح : کہہ کر اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ امام سرخسیؒ نے فرمایا کہ اس صورت میں بھی دو رکعت پوری کرے اسکے بعد جماعت کے ساتھ شریک ہو۔ وہ فرماتے ہیں کہ اگر سنت پڑھ رہا ہو اور فرض کی جماعت کھڑی ہوگئی ہو تو سنت کی دو رکعتیں پوری کر تے ہیں اسکے بعد سلام پھیر کر جماعت میں شریک ہونے کا حکم ہے اسی طرح فرض میں بھی دو رکعت پوری کرنے کے بعد سلام پھیر کر جماعت میں شریک ہونا چاہئے ۔لیکن صحیح بات یہ ہے کہ چونکہ ابھی تک ایک رکعت پوری نہیں ہوئی ہے اسلئے اسی وقت نماز توڑ کر جماعت کے ساتھ شریک ہوجائے۔

**اصول** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ سجدہ کرنے سے پہلے مکمل رکعت نہیں ہے بلکہ ابھی صرف تحریمہ ہے۔سجدہ کرنے کے بعد نماز بتیرا بنے گی

**وجه** : اگر رکعت کا سجدہ نہیں کیا تو ابھی رکعت مکمل نہیں ہوئی اسلئے صلوة بتیرا ابھی نہیں ہوئی اسلئے اسکو چھوڑ سکتا ہے اور اسکو چھوڑ کر

۱ لانه بمحل الرفض ۲ والقطع للاکمال ۳ بخلاف ماإذا کان فی النقل لانه لیس للاکمال.
۴ ولو کان فی السنة قبل الظهر والجمعة فاقیم او خطب یقطع علی راس الرکعتین یروی ذٰلک عن ابی یوسفؒ

جماعت میں شریک ہوسکتا ہے۔ کیونکہ یہ چھوڑنا اسکو اعلی درجے پر پورا کرنے کے لئے ہے اسلئے یہ چھوڑنا نہیں ہے بلکہ اکمال ہے۔

**ترجمہ:** ۱ اسلئے کہ یہ رکعت چھوڑنے کی جگہ میں ہے۔

**تشریح:** یہ رکعت ابھی سجدہ نہ کرنے کی وجہ سے بتیرا نہیں ہوئی ہے اسلئے اس درجے میں ہے کہ اسکو چھوڑ دیا جائے۔ اسلئے اسکو چھوڑ کر جماعت میں شریک ہوسکتا ہے۔

**ترجمہ:** ۲ اور توڑنا اعلی درجے پر پورا کرنے کے لئے ہے۔

**تشریح:** یہ ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ، نماز کے چھوڑنے میں اسکو باطل کرنا ہے، اور ابھی اوپر گزرا کہ عمل کو باطل کرنا اچھا نہیں ہے۔ تو یہاں نماز کو چھوڑ کر جماعت میں شریک ہونا کیسے جائز ہوگا؟ اسکا جواب دیا جارہا ہے کہ ، یہاں پہلی نماز کو اسلئے باطل کررہے ہیں کہ اسکو کمال کے درجے میں جماعت کے ساتھ اداء کیا جائے، تو یہ باطل کرنا نہیں ہے بلکہ اسکو اس سے اعلی درجے پر اداء کرنا ہے، جیسے مسجد کو اسلئے شہید کرتے ہیں کہ اسکو اس سے اعلی درجے پر تعمیر کی جائے تو اس سے اور ثواب ملے گا عذاب نہیں ہوگا، اسی طرح یہاں ہے کہ توڑنا اکمال کے لئے ہے۔

**ترجمہ:** ۳ بخلاف جبکہ نفل میں ہو اسلئے کہ وہ اعلی درجے پر اداء کرنے لئے نہیں ہے۔

**تشریح:** یہ حضرت امام سرخسیؒ کو جواب ہے، انہوں نے فرمایا تھا کہ جس طرح سنت کو دو رکعت سے پہلے نہیں چھوڑتے اسی طرح فرض کو بھی دو رکعت سے پہلے نہیں چھوڑنا چاہئے۔ اسکا جواب دے رہے ہیں کہ سنت کو درمیان میں چھوڑنے کے بعد اسکو اعلی درجے پر پورا کرنے کے لئے جماعت میں شریک نہیں ہورہا، اسلئے سنت کو چھوڑنا اسکو باطل کرنا ہے اسلئے سنت کو دو رکعت پوری کئے بغیر نہ چھوڑے اور فرض کو درمیان میں چھوڑ کر جماعت میں شریک ہونا اسی فرض کو اعلی درجے پر پورا کرنا ہے اسلئے فرض کو درمیان میں چھوڑ سکتا ہے۔

**ترجمہ:** ۴ اور اگر ظہر اور جمعہ سے پہلے کی سنت میں مشغول ہو اور اقامت کہی گئی، یا خطبہ شروع کیا گیا تو دو رکعتوں پر سنت چھوڑ دے، حضرت امام ابو یوسفؒ سے یہی روایت ہے

**تشریح:** یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ ظہر سے پہلے کی چار رکعت سنت اور جمعہ سے پہلے چار رکعت سنت ایک نماز ہے، یا نفل کی طرح دو شفع ہے، اگر ایک نماز ہے تو چاروں رکعت پڑھنے کے بعد سلام پھیر کر جماعت میں شریک ہو اور اگر دو شفع ہیں تو دو رکعت

ؐ وقد قیل یتمھا (۴۹۵) وان کان قد صلی ثلثا من الظھر یتمھا﴾

پوری کرنے کے بعد سلام پھیر کر جماعت میں شریک ہو جائے۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ امام ابو یوسفؒ کی روایت یہی ہے کہ یہ دو شفع ہیں اسلئے اگر ظہر کی سنت پڑھتے وقت جماعت شروع ہو گئی تو دو رکعت پر سلام پھیر کر جماعت میں شریک ہو جائے، اسی طرح جمعہ سے پہلی والی چار سنت پڑھ رہا تھا کہ خطبہ شروع ہو گیا تو دو رکعت پر سلام پھیر کر خطبہ سننے میں شریک ہو جائے۔

**وجہ** : انکی دلیل یہ حدیث ہے، اس لمبی حدیث کا ٹکڑا یہ ہے۔ سألنا علیا عن تطوع رسول اللہ ﷺ بالنہار فقال : ..... و أربعا قبل الظھر اذازلت الشمس ، و رکعتین بعدھا ، و اربعا قبل العصر ، یفصل بین کل رکعتین بالتسلیم علی الملائکۃ المقربین و النبیین ، و من تبعھم من المسلمین و المؤمنین . (ابن ماجۃ، باب ماجاء فیما یستحب من التطوع بالنہار، ص۱۶۳، نمبر ۱۱۶۱) اس حدیث میں ہے کہ ہر دو رکعتوں کے درمیان سلام پھیرے جس سے معلوم ہوا کہ ہر دو رکعتیں الگ الگ شفع ہیں

**ترجمہ**: ۵ ،اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ چار رکعت پوری کرے۔

**تشریح** : اور دوسرے حضرات نے فرمایا کہ پوری چار رکعت ایک نماز ہے اسلئے چاروں رکعتیں پوری کرنے کے بعد جماعت اور خطبہ میں شریک ہوں۔

**وجہ** : (۱) انکی رائے ہے کہ چاروں رکعتیں ایک ہی نماز ہے اسلئے چاروں رکعتیں پڑھنے کے بعد ہی سلام پھیرے۔ (۲) اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ چاروں رکعتیں ایک ہی نماز ہے دو شفع نہیں ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن أبی أیوب عن النبی ﷺ قال : (( أربع قبل الظھر لیس فیھن تسلیم تفتح لھن أبواب السماء )) (ابو داود شریف ، باب الاربع قبل الظہر و بعدھا ص ۱۹۰، نمبر ۱۲۷۰) اس حدیث میں ہے کہ درمیان میں سلام نہ ہو جسکا مطلب یہ ہے کہ وہ ایک ہی نماز ہے۔

**ترجمہ**: (۴۹۵) اور اگر ظہر کی تین رکعتیں پڑھ چکا ہو تو ظہر کو پوری کرے گا۔

**تشریح** : ظہر کی فرض تین رکعتیں پوری کر چکا تھا اور تیسری رکعت کا سجدہ کر چکا تھا اور جماعت کی اقامت کہی گئی تو اب فرض کی چاروں رکعتیں پوری کرے اسکے بعد سلام پھیر کر جماعت میں شریک ہو، تیسری رکعت کو چھوڑ کر جماعت میں شریک نہ ہو۔

**وجہ** : تین رکعت پوری کر چکا ہے تو اکثر نماز پڑھ چکا ہے اور اکثر کا حکم کل کا حکم ہوتا ہے اسلئے اسکو توڑنا اچھا نہیں، اسلئے تین رکعت کے بعد نہ توڑے بلکہ چوتھی رکعت ملا لے اور سلام پھیرنے کے بعد اگر جماعت جاری ہو تو شریک ہو جائے ورنہ معاملہ ختم ہو گیا۔۔ اور اگر تیسری رکعت کا سجدہ نہیں کیا ہے تو تیسری رکعت نہیں پڑھی تو گویا کہ دو ہی رکعت ابھی فرض پڑھی ہے اور دو رکعت پر نماز چھوڑ کر جماعت میں شریک ہو سکتا ہے اسلئے جماعت میں شریک ہو جائے۔

ل لان للاکثر حکم الکل فلا یحتمل النقض بخلاف ما اذا کان فی الثالثة بعد ولم یقید ھا بالسجدة حیث یقطعها لانه بمحل الرفض ۲ ویتخیر ان شاء عاد فقعد وسلم وان شاء کبّر قائما ینوی الدخول فی صلوٰة الامام (۴۹۶) واذا اتمها یدخل مع القوم والذی یصلی معهم نافلة ﴾ ل لان الفرض لایتکرر فی وقت واحد.

---

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ اکثر کا حکم کل کا حکم ہے، اسلئے توڑنے کا احتمال نہیں رکھتا، بخلاف جبکہ ابھی تیسری رکعت میں ہو اور سجدہ نہ کیا ہو اس حیثیت سے کہ اسکو توڑ سکتا ہے اسلئے کہ وہ توڑنے کی جگہ پر ہے۔

**تشریح** : اگر تیسری رکعت کا سجدہ کر چکا ہو تو یہ رکعت مکمل ہو گئی اور اکثر رکعتیں ہو گئیں جو کل کے حکم میں ہے اسلئے وہ توڑنے کے درجے میں نہیں ہے اسلئے اب چار رکعت مکمل کرے اور سلام پھیر کر جماعت میں شریک ہو، اور تیسری رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو تو اسکو توڑ کر جماعت میں شریک ہو جائے کیونکہ وہ توڑنے کے محل میں ہے

**ترجمہ** : ۲ اور اختیار ہے کہ توڑتے وقت لوٹ کر بیٹھے اور سلام پھیرے پھر جماعت کے ساتھ ملے اور چاہے تو کھڑے کھڑے تکبیر کہے اور امام کی نماز میں داخل ہونے کی نیت کر لے۔

**تشریح** : جماعت کے ساتھ کس طرح ملے اسکی دو صورتیں بتاتے ہیں۔[۱] ایک صورت یہ ہے کہ جب جماعت میں شریک ہونے کا ارادہ ہو تو بیٹھ کر سلام پھیرے اور پہلی نماز سے باہر نکلنے کے بعد جماعت میں شرک ہو۔[۲] اور دوسری صورت یہ ہے کہ کھڑے کھڑے ہی تکبیر کہہ کر جماعت میں شریک ہو جائے اور جماعت میں شریک ہونے کی نیت کر لے۔۔ بہتر یہ ہے کہ بیٹھ کر سلام پھیرے پھر جماعت میں شریک ہو جائے۔

**ترجمہ**: (۴۹۶) اور جب نماز پوری کر لے تو قوم کے ساتھ شامل ہو جائے، اور جو نماز قوم کے ساتھ پڑھی ہے وہ نفل ہو گی۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ فرض ایک وقت میں دو بار نہیں ہوتی۔

**تشریح** : اگر اکیلے میں پڑھے ہوئے فرض کو پورا نہیں کیا اور جماعت میں شامل ہو گیا، پس اگر پہلی دو رکعت مکمل کر کے شامل ہوا ہے تب تو وہ نفل ہو گی اور اگر ایک رکعت سے پہلے چھوڑ دی ہے تو وہ بیکار جائے گی، اور امام کے ساتھ جو نماز پڑھی وہ فرض شمار کی جائے گی۔ اور اگر پہلی فرض پوری کرنے کے بعد امام کے ساتھ نماز میں شریک ہوا تو جو فرض اکیلے میں پہلے پڑھی ہے وہ فرض شمار کی جائے گی اور جو نماز امام کے ساتھ پڑھی ہے وہ نفل شمار کی جائے گی۔

**وجہ** : (۱) ایک دن میں ایک ہی فرض نماز پڑھی جاتی ہے اسلئے لازمی طور پر ایک نماز نفل ہو گی اور دوسری نماز فرض ہو گی، اسلئے کہ پہلی نماز فرض کی نیت سے پڑھی گئی ہے اسلئے وہ فرض ہو گی۔ اور امام کے ساتھ نفل۔ (۲) ایک دن میں ایک ہی فرض ہے اسکے

**(۴۹۷) فان صلی من الفجر رکعة ثم اقیمت یقطع ویدخل معهم لانه** ﴾ ۱؎ لو اضاف الیها اخری تفوته الجماعة

لئے یہ حدیث ہے۔ اتیت ابن عمر علی البلاط و هم یصلون ، فقلت الا تصلی معهم ؟ قال قد صلیت ، انی سمعت رسول الله ﷺ یقول (( لا تصلو صلوة فی یوم مرتین ۔ (ابو داود شریف، باب اذا صلی فی جماعۃ ثم أدرک جماعۃ یعید ،ص ۹۳،نمبر ۵۷۹ رنسائی شریف، باب سقوط الصلوۃ عمن صلی مع الامام فی المسجد جماعۃ ،ص ۱۱۹،نمبر ۸۶۱ )(۳) اور مصنف ابن ابی شیبہ میں حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کا قول اس طرح ہے۔ قال عبد الله : لا یصلی علی أثر صلوة مثلها (مصنف ابن ابی شیبۃ ،۶۳ ۴ من کرہ ان یصلی بعد الصلوۃ مثلها ، ج ثانی ،ص ۲۲،نمبر ۵۹۹۸ ) اس اثر میں ہے کہ جو نماز پڑھ چکا ہو اس طرح پھر نہ پڑھو۔ (۴) اور اکیلے میں پڑھی ہوئی نماز فرض ہوگی اور جماعت کے ساتھ پڑھی ہوئی نماز نفل ہوگی اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن جابر بن یزید الاسود عن ابیه أنه صلی مع رسول الله ﷺ و هو غلام شاب ....فقال ما منع کما أن تصلیا معنا ؟ قالا : قد صلینا فی رحالنا ، فقال لا تفعلوا اذا صلی أحدکم فی رحله ثم أدرک الامام ولم یصل فلیصل معه فانها له نافلة ۔ (ابو داود شریف، باب فیمن صلی فی منزلہ ثم أدرک الجماعۃ یصلی معھم ،ص ۹۵،نمبر ۵۷۵ ) اس حدیث میں ہے کہ اگر فرض ایک مرتبہ پڑھ چکا ہو دوبارہ جماعت کھڑی ہوگئی تو اسکے ساتھ دوبارہ نماز پڑھ لے اور یہ نماز نفل ہوگی۔

**ترجمہ:** (۴۹۷) پس اگر فجر کی ایک رکعت پڑھی پھر اقامت کہی گئی تو نماز توڑ دے اور قوم کے ساتھ داخل ہو جائے۔

**ترجمہ:** ۱؎ اسلئے کہ اگر دوسری رکعت ملائے گا تو اسکی جماعت فوت ہو جائے گی۔

**تشریح:** فجر کی نماز دو ہی رکعت ہے، اور دوسری مجبوری یہ ہے کہ فجر کے فرض کے بعد کوئی نفل نہیں ہے۔ اب چاہے ایک رکعت پڑھ چکا ہو اور اس رکعت کو سجدے سے مقید کر چکا ہو پھر بھی اسکو اسی وقت چھوڑ کر جماعت میں شریک ہو جائے۔ اسی طرح اگر فجر کی دوسری رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا ہو اور ابھی اسکا سجدہ کر کے دوسری رکعت کو مکمل نہ کیا ہو تو بھی اسکو چھوڑ کر جماعت میں شامل ہو جائے۔

**وجہ:** (۱) اگر دوسری رکعت ملایا تو اسکا فرض پورا ہو جائے گا اب وہ جماعت کے ساتھ شریک نہیں ہو سکے گا، اسلئے کہ اگر جماعت کے ساتھ بھی فرض کی نیت کی تو فرض دو مرتبہ ہو جائے گا، اور ابھی گزرا کہ ایک فرض کو دو مرتبہ نہیں پڑھ سکتا۔ اور اگر بعد میں نفل کی نیت سے جماعت میں شریک ہوا تو فجر کے بعد نفل نہیں ہے اسلئے بہتر یہ ہے کہ دوسری رکعت ملائے بغیر نماز توڑ کر جماعت میں شریک ہو جائے۔ (۲) حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ عن ابن بحینۃ قال اقیمت صلاۃ الصبح ،فرأی رسول اللہ ﷺ رجلا یصلی ، والمؤذن یقیم فقال: أتصلی الصبح أربعا؟ (مسلم شریف، باب کراهیۃ الشروع فی نافلۃ بعد شروع المؤذن فی اقامۃ الصلوۃ ،الخ ،ص ۲۴۸،نمبر ۷۱۱ ر۱۶۵۰ ) اس حدیث میں ہے کہ جماعت کے وقت فجر کی نماز اکیلے پڑھ رہے تھے تو آپؐ نے فرمایا کہ کیا فجر چار رکعت پڑھ رہے ہو،

۲ وكذا اذا قام الى الثانية قبل ان يقيد ها بالسجدة ۳ وبعد الاتمام لايشرع فى صلوٰة الامام لكراهية النفل بعده ۴ وكذا بعد المغرب فى ظاهر الرواية لان التنفل بالثلٰث مكروه وفى جعلها اربعا مخالفة لا مامه (۴۹۸) و من دخل مسجد اقداذن فيه يكره له ان يخرج حتى يصلى ﴾ ۱ لقوله عليه السلام لايخرج من المسجد بعد النداء الامنافق اورجل يخرج لحاجة يريد الرجوع

جسکا مطلب یہ تھا کہ آپ کو جماعت میں شریک ہوجانا چاہئے۔ اور فرض پوری کرنے کے بعد نفل کے طور پر جماعت میں شریک ہوگا تو فجر کے فرض کے بعد نفل نہیں ہے اسلئے فرض کرنے کے بعد کیسے جماعت میں شریک ہوگا؟ فجر کے فرض کے بعد نفل نہیں ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے. عن ابن عباس ....أن النبی ﷺ نهى عن الصلوة بعد الصبح حتى تشرق الشمس ، و بعد العصر حتى تغرب . (بخاری شریف، باب الصلوۃ بعد الفجر حتی ترتفع الشمس، ص۸۲، نمبر۵۸۱ر مسلم شریف، باب الاوقات التی نھی عن الصلوۃ فیھا، ص۳۳۳، نمبر۸۲۵ر۱۹۲۰) اس حدیث میں ہے کہ فجر کے فرض کے بعد کوئی نفل نہیں ہے، اسلئے فرض پڑھنے کے بعد فجر کی جماعت میں شریک نہیں ہوسکتا۔

**ترجمه**: ۲ ایسے ہی اگر دوسری رکعت کے لئے کھڑا ہوا اسکو سجدے سے مقید کرنے سے پہلے۔

**تشریح**: اکیلا آدمی فجر کا فرض پڑھ رہا تھا اور دوسری رکعت میں تھا ابھی اسکو سجدہ سے مقید نہیں کیا تھا کہ جماعت کھڑی ہوگئی تب بھی اسکو توڑ کر جماعت کے ساتھ مل جانا چاہئے، کیونکہ دوسری رکعت پوری کرے گا تو جماعت کے ساتھ نہیں مل پائے گا، وہ جماعت کی فضیلت سے محروم رہے گا۔

**ترجمه**: ۳ اور فرض مکمل کرنے کے بعد امام کی نماز میں شریک نہ ہو، فرض کے بعد نفل مکروہ ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: پہلے گزر چکا ہے کہ فجر کے فرض کے بعد نفل مکروہ ہے اسلئے اگر فرض مکمل کر لیا تو اب جماعت میں شریک نہ ہو۔

**ترجمه**: ۴ اور ایسے ہی مغرب کے بعد ظاہر روایت میں اسلئے کہ تین رکعت نفل مکروہ ہے، اور اسکو چار رکعت کرنے میں اپنے امام کی مخالفت ہے۔

**تشریح**: مغرب کا فرض پڑھنے کے بعد جماعت کھڑی ہورہی ہو تو ظاہر روایت میں ہے کہ جماعت کے ساتھ شریک نہ ہو، اسکی وجہ یہ ہے کہ فرض پڑھ چکا ہے اسلئے امام کے ساتھ یہ نماز نفل ہوگی، پس اگر امام کے ساتھ تین رکعت پڑھے گا تو تین رکعت وتر کے علاوہ کوئی نفل نہیں ہے، اور اگر چوتھی رکعت ملائے گا تو امام کی مخالفت ہوگی، اسلئے بہتر یہ ہے کہ جماعت میں شریک ہی نہ ہو۔

**ترجمه**: (۴۹۸) کوئی ایسی مسجد میں داخل ہوا جس میں اذان دی جاچکی ہو تو اسکے لئے نماز پڑھنے سے پہلے نکلنا مکروہ ہے۔

**ترجمه**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ اذان کے بعد مسجد سے نہیں نکلتا ہے مگر منافق، یا ایسا آدمی جو ضرورت کے

(٤٩٩) قال الا اذا کان ینتظم بہ امر جماعة ﴾ لے لانہ ترک صورة تکمیل معنی

لئے نکلا ہو پھر واپس آنے کا ارادہ رکھتا ہو۔

**تشریح** : اگر ابھی تک فرض نماز نہیں پڑھی ہو اور مسجد میں اذان ہو جائے تو نماز پڑھے بغیر مسجد سے نکلنا مکروہ ہے، ہاں کسی ضرورت سے جائے اور جماعت کے وقت واپس آنے کی نیت ہو تو نکل سکتا ہے، یا وہ کسی اور مسجد کا منتظم یا امام وغیرہ ہو کہ دوسری مسجد میں جماعت کا انتظام کرنا ہو تو اسکے لئے مسجد سے نکلنا مکروہ نہیں ہے۔

**وجہ** : (١) اس حدیث میں ہے کہ اذان کے بعد بغیر نماز پڑھے ہوئے منافق ہی نکل سکتا ہے، یا ضرورت والا نکل سکتا ہے۔ صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عثمان قال قال رسول الله ﷺ ((من ادرکہ الأذان فی المسجد ثم خرج لم یخرج لحاجة و ھو لا یرید الرجعة فھو منافق ۔ (ابن ماجہ شریف، باب اذا اذن وانت فی المسجد فلا تخرج، ص ١٠٥، نمبر ٧٣٤) اس حدیث میں ہے کہ منافق ہی نکل سکتا ہے (٢) عن ابی ھریرة .... ثم قال أمرنا رسول الله ﷺ اذا کنتم فی المسجد فنودی بالصلوة ، فلا یخرج أحدکم حتی یصلی ۔ (مسند احمد، باب مسند ابی ھریرة، ج ثالث، ص ٣٥٦، نمبر ١٠٥٥١) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اذان کے بعد مسجد سے نماز پڑھے بغیر نہیں نکلنا چاہئے (٣) عن ابی الشعثاء قال : کنا قعودا فی المسجد مع ابی ھریرة ، فأذن المؤذن ، فقام رجل من المسجد یمشی فأتبعہ أبو ھریرة بصرہ حتی خرج من المسجد ، فقال أبو ھریرة : أما ھذا فقد عصی أبا القاسم ﷺ . (مسلم شریف، باب النھی عن الخروج من المسجد اذا أذن المؤذن، ص ٢٦٤، نمبر ٦٥٥ / ١٤٨٩ / ابو داؤد شریف، باب الخروج من المسجد بعد الأذان، ص ٨٦، نمبر ٥٣٦ / ترمذی شریف، باب ما جاء فی الکراھیة الخروج من المسجد بعد الأذان، ص ٥٧، نمبر ٢٠٤) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اذان ہونے کے بعد بغیر نماز پڑھے ہوئے مسجد سے نکلنا اچھا نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (٤٩٩) مگر یہ کہ اسکے ذریعہ جماعت کے کام کا انتظام ہوتا ہو۔

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ صورت میں جماعت چھوڑنا ہے اور معنی کے اعتبار سے اسکی تکمیل ہے۔

**تشریح** : اگر وہ آدمی دوسری جگہ جماعت کا انتظام کرتا ہو، یا وہ دوسری جگہ نماز پڑھاتا ہو اسکے لئے اس مسجد سے نکلنا مکروہ نہیں ہے۔ اس لئے کہ ظاہر میں جماعت کو چھوڑنا ہے لیکن حقیقت میں اور معنوی طور پر جماعت کی تکمیل کر رہا ہے اسلئے اسکے لئے آذان کے بعد اس مسجد سے نکلنا مکروہ نہیں ہے۔ اور اگر فرض ایک مرتبہ پڑھ چکا ہے تو اسکے لئے گنجائش ہے۔

**وجہ** : اس حدیث میں اس بات کا اشارہ ہے کہ ضرورت کے لئے جانا چاہے تو کراہیت نہیں ہے۔ عن عثمان قال قال رسول الله ﷺ ((من ادرکہ الأذان فی المسجد ثم خرج لم یخرج لحاجة و ھو لا یرید الرجعة فھو

(۵۰۰) وان کان قد صلی وکانت الظهر والعشاء فلا بأس بان یخرج ﴾ لـ لانه اجاب داعی اللّٰه مرة. (۵۰۱) الا اذا اخذ المؤذن فی الاقامة﴾ لـ لانه یتهم لمخالفة الجماعة عیانا (۵۰۲) وان کانت العصر اوالمغرب او الفجر خرج وان اخذ المؤذن فیها﴾ لـ لکراهیة النفل بعدها

منافق۔ (ابن ماجہ شریف، باب اذا اذن وانت فی المسجد فلا تخرج، ص ۱۰۵، نمبر ۷۳۴) اس حدیث میں ہے کہ ضرورت کے لئے نکلنا چاہے تو نکل سکتا ہے، اور دوسری مسجد کے انتظام کی ضرورت ہو تو بدرجہ اولی نکل سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۵۰۰) اور اگر نماز پڑھ چکا ہے اور ظہر اور عشاء کا وقت ہے تو مسجد سے نکلنے میں کوئی حرج نہیں ہے

**ترجمہ**: لـ اسلئے کہ ایک مرتبہ اللہ کے پکار کو قبول کر لیا

**تشریح**: اگر ایک مرتبہ فرض نماز پڑھ چکا ہے اور مسجد میں اس نماز کی اذان ہوگئی اور ظہر اور عشاء کا وقت ہے تب بھی اسکے لئے گنجائش ہے کہ مسجد سے نکل جائے۔ کیونکہ ایک مرتبہ وہ نماز پڑھ چکا ہے اور اللہ تعالی کی پکار کو قبول کر چکا ہے اسلئے دوبارہ اسکی پکار کو قبول کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ البتہ امام کے پیچھے نفل کی نیت باندھ کر دوبارہ نماز پڑھ لے تو بہتر ہے کیونکہ ان دونوں نمازوں کے بعد نفل ہے، اور لوگوں کے دلوں میں بھی یہ نہیں آئے گا کہ یہ آدمی مسجد سے بھاگ گیا۔

**ترجمہ**: (۵۰۱) مگر یہ کہ مؤذن اقامت کہنے لگے [تو جماعت کے ساتھ نماز پڑھ لے]

**ترجمہ**: لـ اسلئے کہ وہ ظاہری طور پر جماعت کی مخالفت کا متہم ہوگا۔

**تشریح**: اگر اقامت کہی جارہی ہو اور عشاء یا ظہر کا وقت ہو تو جماعت کے ساتھ نفل نماز پڑھ لینا ہی چاہئے۔ کیونکہ نہیں پڑھے گا تو سامنے جماعت کی مخالفت ظاہر ہوگی، اس لئے پڑھ ہی لے۔ (۲) عن ابی هريرة .... ثم قال أمرنا رسول الله ﷺ اذا کنتم فی المسجد فنودی بالصلوة ، فلا یخرج أحدکم حتی یصلی۔ (مسند احمد، باب مسند ابی ھریرۃ، ج ثالث، ص ۳۵۶، نمبر ۱۰۵۵۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اذان کے بعد مسجد سے نماز پڑھے بغیر نہیں نکلنا چاہئے، تو اقامت کے بعد بدرجہ اولی نہیں نکلنا چاہئے۔

**ترجمہ**: (۵۰۲) اور اگر عصر یا مغرب یا فجر کا وقت ہو تو مسجد سے نکل جائے، چاہے مؤذن اقامت کہنا شروع کر دے۔

**ترجمہ**: لـ اسلئے کہ ان نمازوں کے بعد نفل مکروہ ہے۔

**تشریح**: عصر، یا فجر، یا مغرب کی نماز ہو اور فرض پڑھ چکا ہو اور جماعت کھڑی ہوئی تو جماعت میں شریک نہیں ہوگا۔ اسکی وجہ گزر چکی ہے کہ عصر اور فجر کے بعد نفل مکروہ ہے، اور یہ آدمی فرض پڑھ چکا ہے اسلئے نفل کی نیت سے ہی جماعت میں شریک ہوگا۔ اور مغرب میں شریک ہوگا تین رکعت نفل پڑھنا پڑے گا، اور تین رکعت نفل نہیں ہے، اور چوتھی رکعت ملائے گا تو امام کی مخالفت ہوگی،

(۵۰۳) ومن انتهى الى الامام فى صلوٰة الفجر وهو لم يصل ركعتى الفجران خشى ان تفوته ركعة ويدرك الاخرى يصلى ركعتى الفجر عند باب المسجد ثم يدخل لانه ﴿ امكنه الجمع بين الفضيلتين ﴾ ﴿ وان خشى فوتها دخل مع الامام ﴾ ل لان ثواب الجماعة اعظم والوعيد بالترك الزم

اسلئے مغرب میں بھی جماعت میں شریک نہ ہو۔

**وجه** : (۱) عصر اور فجر کے بعد نفل مکروہ ہے اسکے لئے یہ حدیث گزر چکی ہے۔ عن ابن عباس ....أن النبی ﷺ نهی عن الصلوة بعد الصبح حتی تشرق الشمس ، و بعد العصر حتی تغرب . (بخاری شریف، باب الصلوۃ بعد الفجر حتی ترتفع الشمس، ص ۸۲، نمبر ۵۸۱ / مسلم شریف، باب الاوقات التی نهی عن الصلوۃ فیها، ص ۳۳۳، نمبر ۱۹۲۰/۸۲۵) اس حدیث میں ہے کہ فجر اور عصر کے فرض کے بعد کوئی نفل نہیں ہے، اسلئے فرض پڑھنے کے بعد فجر اور عصر کی جماعت میں شریک نہ ہو۔

**ترجمه**: (۵۰۳) کوئی فجر کی نماز میں امام تک پہنچا اور اس نے فجر کی دو سنتیں نہیں پڑھی ہیں، پس اگر خوف ہو کہ فرض کی ایک رکعت نکل جائے گی اور دوسری پالے گا، تو فجر کی دو سنتیں مسجد کے دروازے کے پاس پڑھ لے پھر فرض میں داخل ہو جائے [اسلئے کہ دونوں فضیلتوں کو جمع کرنا ممکن ہے] اور اگر ڈر ہو کہ دوسری رکعت بھی فوت ہو جائے گی تو امام کے ساتھ شامل ہو جائے۔

**ترجمه**: ل اسلئے کہ جماعت کا ثواب زیادہ ہے، اور جماعت چھوڑنے کی وعید بہت سخت ہے۔

**تشریح** : فجر کی جماعت ہو رہی تھی اس وقت مسجد میں پہنچا، اور اس نے فجر کی سنت ابھی نہیں پڑھی تھی، پس اگر اس بات کا غالب گمان ہو کہ سنت پڑھنے کے باوجود کم سے کم فرض کی ایک رکعت مل جائے گی تو بہتر یہ ہے کہ صف سے باہر مسجد کے کسی کونے میں یا مسجد کے دروازے کے پاس دو رکعت سنت پڑھ لے پھر جماعت میں شریک ہو جائے، تاکہ فجر کی جماعت بھی مل جائے اور فجر کی سنت بھی اس سے نہ چھوٹے، اور دونوں فضیلتیں مل جائے۔ اور اگر اس بات کا خطرہ ہو کہ سنت پڑھنے جائے گا تو جماعت کی دونوں رکعتیں ختم ہو جائیں گی تو ایسی صورت میں جماعت کے ساتھ مل جائے اور سنت چھوڑ دے۔

**وجه** : (۱) جماعت کے فوت ہونے کے خطرے سے سنت چھوڑ کر جماعت میں اس لئے شریک ہو جائے کہ جماعت کا ثواب بہت ہے، اور اسکے چھوڑنے کی وعید بھی بہت سخت ہے۔ (۲) جماعت کا ثواب یہ ہے۔ عن عبد الله بن عمر : أن رسول الله ﷺ قال : (( صلوة الجماعة تفضل صلوة الفذ بسبع و عشرين درجة . (بخاری شریف، باب فضل صلوۃ الجماعۃ، ص ۸۹، نمبر ۶۴۵ / مسلم شریف، باب فضل صلوۃ الجماعۃ وبیان التشدید فی التخلف عنها وانها فرض کفایۃ، ص ۲۶۲، نمبر ۱۴۷۸/۶۵۰) اس حدیث میں ہے کہ جماعت کا ثواب ستائیس گنا زیادہ ہے۔ (۳) اور اسکی وعید یہ ہے ۔عن ابی هريرة أن النبی ﷺ قال

٢ بخلاف سنة الظهر حيث يتركها في الحالين لانه يمكنه اداؤ ها في الوقت بعد الفرض وهو الصحيح

(( و الذی نفسی بیده لقد هممت ان آمر بحطب لیحطب ثم آمر بالصلوة فیؤذن لهاثم آمر رجلا فیؤم الناس ، ثم أخالف الی رجال فأحرق علیهم بیوتهم ، و الذی نفسی بیده ! لو یعلم أحدهم أنه یجد عرقا سمینا ، أو مرماتین حسنتین لشهد العشاء ۔ (بخاری شریف، باب وجوب صلوۃ الجماعۃ ،ص ٨٩، نمبر ٦٤٤ رمسلم شریف، باب فضل صلوۃ الجماعۃ و بیان التشدید فی التخلف عنھا وانھا فرض کفایۃ ،ص ٢٦٢ ،نمبر ١٤٨١/٦٥١ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جماعت کے ساتھ شریک نہ ہوتو اسکا گھر جلا دینا چاہئے۔(٤)عن عثمان قال قال رسول الله ﷺ (( من ادرکه الأذان فی المسجد ثم خرج لم یخرج لحاجة و هو لا یرید الرجعة فهو منافق ۔(ابن ماجہ شریف، باب اذا اذن وانت فی المسجد فلاتخرج ،ص ١٠٥، نمبر ٧٣٤ )اس حدیث میں ہے کہ منافق ہی بغیر ضرورت شدیدہ کے مسجد سے نکل سکتا ہے۔

اور فجر کی سنت پڑھے اسکی دلیل یہ حدیث ہے(١)۔عن علی قال کان النبی ﷺ یصلی الرکعتین عند الاقامة .(ابن ماجہ شریف، باب ما جاء فی الرکعتین قبل الفجر ،ص ١٦٠، نمبر ١١٤٧)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فجر کی سنت اتنی اہم ہے کہ فرض کی اقامت کے وقت بھی اسکو پڑھ سکتا ہے۔(٢)اور دروازے کے پاس سنت پڑھے اسکی دلیل یہ اثر ہے.عن سعید بن جبیر أنه جاء الی المسجد و الامام فی صلاة الفجر فصلی الرکعتین قبل أن یلج المسجد عند باب المسجد . (مصنف ابن ابی شیبۃ ، باب الرجل یدخل المسجد فی الفجر، ج ثانی ،ص ٥٦، نمبر ٦٤١٢ )اس اثر میں ہے کہ فجر کی جماعت کھڑی ہوگئی ہوتو مسجد کے دروازے کے پاس سنت پڑھ لینی چاہئے۔(٣)عن حارثة بن مضرب أن ابن مسعود و أبا موسی خرجا من عند سعید بن العاص فأقیمت الصلوة فرکع ابن مسعود رکعتین ثم دخل مع القوم فی الصلوة و أما أبو موسی فدخل فی الصف (مصنف ابن ابی شیبۃ ، باب الرجل یدخل المسجد فی الفجر، ج ثانی ،ص ٥٦، نمبر ٦٤١٤ )اس اثر میں ہے کہ فجر کی سنت اتنی اہم ہے کہ فرض نماز کھڑی ہوگئی ہوتب بھی فجر کی سنت پڑھے تب فرض میں شریک ہو۔(٤) فجر کی سنت بہت اہم ہے اسلئے جماعت کے وقت بھی پڑھنے کی اسکی تاکید ہے ۔اسکے لئے یہ حدیث ہے۔ عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ (( لاتدعوهما و ان طردتکم الخیل ) )(ابو داود شریف، باب فی تخفیفھما[ای سنۃ الفجر]ص ١٨٩، نمبر ١٢٥٨) اس حدیث میں ہے کہ گھوڑا بھی روند دے تب بھی فجر کی سنت پڑھنی چاہئے۔

**ترجمه**: ٢ بخلاف ظہر کی سنت اس طرح کہ اسکو دونوں حالتوں میں چھوڑے، اسلئے کہ فرض کے بعد وقت ہی میں اسکا اداء کرنا ممکن ہے۔صحیح یہی ہے

**تشریح** : ظہر کی سنت نہ پڑھی ہو اور نہ ابھی شروع کی ہو اور ظہر کی جماعت کھڑی ہوگئی تو چاہے فرض کی چوتھی رکعت ملنا ممکن ہو

۳ وانما الاختلاف بین ابی یوسفؒ ومحمدؒ فی تقدیمھا علی الرکعتین وتاخیرھا عنھما
۴ ولاکذلک سنۃ الفجر علی مانبین ان شاء اللہ تعالیٰ

پھر بھی سنت نہ پڑھے، بلکہ جماعت میں شریک ہو جائے۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ ظہر کی سنت فجر کی سنت کی طرح اہم نہیں ہے (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ فجر کی سنت چھوٹنے کے بعد طلوع آفتاب سے پہلے اسکو نہیں پڑھ سکتے کیونکہ حدیث میں آیا کہ فجر کے بعد کوئی سنت نہیں ہے اسلئے وہ قضاء ہو جائے گی اور وقت میں نہیں پڑھ سکے گا، اسکے برخلاف ظہر کے فرض کے بعد سنت کا وقت ہے اسلئے اس سنت کو فرض کے بعد وقت ہی میں اداء کر سکتا ہے اسلئے اسکو ابھی چھوڑ دے۔ (۳) حدیث میں ہے کہ ظہر سے پہلے کی سنت چھوٹ جائے تو ظہر کے بعد اسکو اداء کر لے۔ حدیث یہ ہے. عن عائشۃ قالت : کان رسول اللہ ﷺ اذا فاتتہ الاربع قبل الظھر ، صلاھا بعد الرکعتین بعد الظھر ۔ (ابن ماجۃ شریف، باب من فاتتہ الاربع قبل الظھر ، ص ۱۶۲، نمبر ۱۱۵۸) اس حدیث میں ہے کہ ظہر کی چھوٹی ہوئی سنت فرض کے بعد اداء کرے۔

**ترجمہ**: ۳ صرف اختلاف امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے درمیان اس بارے میں ہے کہ پہلے کی چار رکعتوں کو ظہر کی دو رکعتوں سے پہلے پڑھے یا انکے بعد۔

**تشریح** : اس بارے میں تو متفق ہیں کہ ظہر کی چھوٹی ہوئی سنت ظہر کے بعد پڑھے، البتہ اس بارے میں اختلاف ہے کہ ظہر کے بعد جو دو رکعت سنت ہے اسکے بعد چھوٹی ہوئی سنت پڑھے یا پہلے پڑھے۔ حضرت امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ پہلے چھوٹی ہوئی پڑھے اسکے بعد دو رکعت پڑھے۔ کیونکہ جو پہلے چھوٹی ہے اسکو پہلے اداء کرے اس حدیث میں اسکا اشارہ ہے۔ عن عائشۃ أن النبی ﷺ کان اذا لم یصل أربعا قبل الظھر صلاھن بعدھا . (ترمذی شریف، باب منہ [ای من الرکعتین بعد الظھر ] آخر، ص ۱۱۵، نمبر ۴۲۶) اس حدیث میں ہے کہ پہلے کی چار رکعت سنت ظہر کے فرض کے بعد پڑھے، یعنی فوراً بعد پڑھے۔

اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ چھوٹی ہوئی سنت اپنے وقت سے مؤخر ہو چکی ہے اسلئے ظہر کے بعد کی رکعت کو اپنے وقت سے مؤخر نہ کریں اسکو ظہر کے بعد متصلا اپنے وقت میں پڑھے اور چھوٹی ہوئی سنت کو اسکے بعد پڑھے۔

**وجہ** : اس حدیث میں ہے کہ ظہر کی دو رکعت کے بعد ظہر سے پہلے کی چھوٹی ہوئی سنت کو پڑھے۔ حدیث یہ گزر چکی ہے. عن عائشۃ قالت : کان رسول اللہ ﷺ اذا فاتتہ الاربع قبل الظھر ، صلاھا بعد الرکعتین بعد الظھر ۔ (ابن ماجۃ شریف، باب من فاتتہ الاربع قبل الظھر ، ص ۱۶۲، نمبر ۱۱۵۸) اس حدیث میں ہے کہ ظہر کی چھوٹی ہوئی سنت فرض کے بعد جو دو رکعت سنت ہے اسکے بعد اداء کرے

**ترجمہ**: ۴ فجر کی سنت میں ایسی بات نہیں ہے، جیسا کہ ہم اسکو انشاء اللہ بیان کریں گے۔

۵ والتقیید بالاداء عند باب المسجد یدل علی الکراهة فی المسجد اذا کان الامام فی الصلوٰة.

۶ والافضل فی عامة السنن والنوافل المنزل هو المروی عن النبی علیه السلام

**تشریح**: فجر کی سنت کا معاملہ ایسا نہیں ہے کہ اسکو فرض کے بعد اسکے وقت میں پڑھے، کیونکہ فجر کے فرض کے بعد حدیث سے معلوم ہوا کہ نوافل ہے ہی نہیں اگر اسکو اداء بھی کرنا ہو تو سورج طلوع ہونے کے بعد اداء کرے، وقت میں نہیں اسلئے فجر کی سنت نہ پڑھی ہو تو فرض کی ایک رکعت ملنے کی امید ہو تب بھی سنت پڑھ کر جماعت میں شامل ہو۔ اور ظہر کی سنت ظہر کے فرض کے بعد میں وقت ہی میں پڑھ سکتا ہے اسلئے ظہر کی سنت شروع نہ کی ہو تو جماعت میں شامل ہو جائے اور فرض کے بعد وقت ہی میں پڑھ لے۔

**ترجمہ**: ۵ مسجد کے دروازے پر اداء کرنے کی قید دلالت کرتی ہے مسجد میں مکروہ ہونے پر جبکہ امام نماز میں ہو۔

**تشریح**: متن میں یہ تھا کہ فجر کی جماعت شروع ہو چکی ہو تو فجر کی سنت مسجد کے دروازے پر پڑھے، یہ جملہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اگر مسجد میں نماز ہو رہی ہو تو مسجد میں سنت پڑھنا مکروہ ہے۔

**وجہ**: (۱) مسجد میں نماز ہو رہی ہو تو وہاں سنت پڑھنا مکروہ ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ ابی هریرة عن النبی ﷺ قال: ((اذا أقیمت الصلوة فلا صلوة الا المکتوبة)). مسلم شریف، باب کراهیة الشروع فی نافلة بعد شروع المؤذن فی اقامة الصلوة، الخ، ص ۲۸۸، نمبر ۱۶۴۴/۷۱۰ ترمذی شریف، باب ما جاء اذا اقیمت الصلوة فلا صلوة الا المکتوبة، ص ۱۱۳، نمبر ۴۲۱) اس حدیث میں ہے کہ فرض نماز کی اقامت کہی جا رہی ہو تو کوئی نماز نہ پڑھے، بلکہ فرض ہی پڑھے۔ اس سے استدلال کرتے ہیں کہ جماعت کے وقت مسجد ہی میں سنت شروع کرنا مکروہ ہے۔ لیکن کراہیت شدیدہ نہیں ہے اسکی وجہ یہ اثر ہے۔ عن مسروق أنه دخل االمسجد و القوم فی صلوة الغداة و لم یکن صلی الرکعتین فصلا هما فی ناحیة ثم دخل مع القوم فی صلاتهم۔ (مصنف ابن ابی شیبة، باب الرجل یدخل المسجد فی الفجر، ج ثانی، ص ۵۶، نمبر ۶۴۱۱) اس اثر میں ہے کہ مسجد کے کنارے میں سنت پڑھے۔

**ترجمہ**: ۶ عام سنت اور نوافل کے بارے میں افضل یہ ہے کہ گھر میں پڑھے، یہی نبی علیہ السلام سے مروی ہے۔

**تشریح**: تراویح وغیرہ مخصوص سنتوں کے علاوہ عام سنت اور نوافل میں افضل یہی ہے کہ اسکو گھر میں پڑھے، حضورؐ سے یہی منقول ہے۔ صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن زید بن ثابت أن رسول الله ﷺ اتخذ حجرة .... فصلوا ایها الناس فی بیوتکم فان أفضل الصلوة صلوة المرء فی بیته الا المکتوبة. (بخاری شریف، باب صلاة اللیل، ص ۱۱۹، نمبر ۷۳۱/ مسلم شریف، باب استحباب صلوة النافلة فی بیته و جوازها فی المسجد، الخ، ص ۳۱۷، نمبر ۷۸۱/۱۸۲۵/ ابو داود شریف، باب فضل التطوع فی البیت، ص ۲۱۶، نمبر ۱۴۴۷) اس حدیث میں ہے کہ نفل نماز گھر میں پڑھنا بہتر ہے۔

اصول:۔ [۱] فجر کی سنت کی زیادہ اہمیت ہے [۲] اسکے بعد ظہر کی سنت کی [۳] اسکے بعد مغرب اور عشاء کی سنت کی [۴] اسکے بعد عصر

(۵۰۴) واذا فاتته رکعتا الفجر لا یقضیهما قبل طلوع الشمس ﴾ ل لانه یبقی نفلا مطلقا وهو مکروه بعدالصبح (۵۰۵) ولا بعد ارتفاعها عند ابی حنیفة وابی یوسفؒ وقال محمدؒ احب الیّ ان یقضیهما الی وقت الزوال ﴾ ل لانه علیه السلام قضاهما بعد ارتفاع الشمس غداةلیلة التعریس

سے پہلے کی سنت۔ ان سنتوں کو ((سنن رواتب)) کہتے ہیں [۵] اسکے بعد جونوافل ان نمازوں کی سنتوں کے بعد ہیں [۶] اسکے بعد تہجد کی نماز کی [۷] اسکے بعد باقی نوافل کی۔ اور وقت میں گنجائش ہونے پر اسی ترتیب پر انکو اداء کرنے کی تاکید ہے۔

**ترجمہ**: (۵۰۴) اگر فجر کی دوسنتیں فوت ہو جائے تو اسکو سورج طلوع ہونے سے پہلے قضاء نہ کرے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ وہ صرف نفل باقی رہی اور نفل فجر کے فرض کے بعد مکروہ ہے۔

**تشریح**: فجر کی دوسنتیں فوت ہوگئی اسکو نہ پڑھ سکا اور فجر کا فرض پڑھ لیا، تو اب اس سنت کو سورج کے طلوع ہونے سے پہلے نہ پڑھے۔

**وجہ**: (۱) ایک وجہ تو یہ ہے کہ سنت اپنے وقت سے فوت ہونے کے بعد اب سنت نہیں رہی بلکہ فقط نفل ہوگئی، اور اوپر حدیث گزر چکی ہے کہ فجر کے فرض کے بعد نفل پڑھنا مکروہ ہے اسلئے سورج طلوع ہونے سے پہلے نہ پڑھے۔ (۲) حدیث یہ گزر چکی ہے .عن ابن عباس .... أن النبی ﷺ نهی عن الصلوة بعد الصبح حتی تشرق الشمس ، و بعد العصر حتی تغرب . (بخاری شریف، باب الصلوة بعد الفجر حتی ترتفع الشمس، ص ۸۲، نمبر ۵۸۱ رمسلم شریف، باب الاوقات التی نهی عن الصلوة فیها ،ص ۳۳۳، نمبر ۸۲۵ / ۱۹۲۰) اس حدیث میں ہے کہ فجر کے فرض کے بعد کوئی نفل نہیں ہے، اسلئے فرض پڑھنے کے بعد فجر کی جماعت میں شریک نہیں ہو سکتا۔

**ترجمہ**: (۵۰۵) اور سورج بلند ہونے کے بعد بھی امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک نہ پڑھے۔ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ مجھے زیادہ پسندیدہ یہ ہے کہ ان دونوں رکعتوں کو زوال سے پہلے تک قضاء کر لے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ حضور علیہ السلام نے اسکو لیلۃ التعریس میں سورج بلند ہونے کے بعد قضاء فرمائی۔

**تشریح**: سورج کے طلوع ہونے کے بعد فجر کی سنت قضاء کرے یا نہیں اس بارے میں اختلاف ہے، امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ سورج بلند ہونے کے بعد بھی قضاء نہ کرے۔

**وجہ**: (۱) انکی دلیل یہ ہے کہ سنت اپنے وقت سے ہٹ جانے کے بعد ایک نفل باقی رہ جاتی ہے، اور نفل کی قضاء نہیں ہے، قضاء تو واجب کی ہے اسلئے اسکی قضاء نہ کرے۔ (۲) اور لیلۃ التعریس میں جو حضور ﷺ نے فجر کی سنت طلوع آفتاب کے بعد قضاء کی اسکا جواب دیتے ہیں کہ وہ فرض کے تابع کر کے کی ہے مستقل طور پر سنت کی قضاء نہیں ہے (۳) چنانچہ خود لیلۃ التعریس کی سنت کے

۲ ولهما ان الاصل فی السنة لاتقضی لاختصاص القضاء بالواجب.

---

بارے میں آپؐ نے فرمایا کہ کسی کو سنت پڑھنا ہو تو پڑھو جس سے معلوم ہوا کہ اب یہ سنت اہم نہیں رہی۔حدیث یہ ہے۔ حدثنی ابو قتادة الانصاری فارس رسول اللہ ﷺ قال : بعث رسول اللہ ﷺ جیش الامراء ، بھذہ القصة .....حتی اذا تعالت الشمس قال رسول اللہ ﷺ (( من کان منکم یرکع رکعتی الفجر فلیرکعھما )) فقام من کان یرکعھما و من لم یکن یرکعھما ، فرکعھما ۔(ابوداود شریف، باب فی من نام عن صلوة أو نسیھا، ص ۷۵، نمبر ۴۳۸) اس حدیث میں ہے کہ جسکو سنت پڑھنی ہو وہ پڑھے، جس سے معلوم ہوا کہ وقت سے ہٹ جانے کے بعد سنت نفل ہو جاتی ہے۔

اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ فجر کی سنت بغیر فرض کے بھی فوت ہو جائے تو افضل یہ ہے کہ زوال سے پہلے پہلے اسکی قضاء کر لے، البتہ یہ قضاء کرنا واجب نہیں ہے صرف افضل ہے۔

**وجہ** : (۱) فجر کی سنت کی بہت اہمیت ہے اسلئے اسکی قضاء افضل ہے (۲) حدیث میں ہے کہ فجر کی سنت فوت ہو جائے تو سورج طلوع ہونے کے بعد اسکو پڑھے۔حدیث یہ ہے۔عن ابی ھریرة قال قال رسول اللہ ﷺ (( من لم یصل رکعتی الفجر فلیصلھما بعد ما تطلع الشمس . (ترمذی شریف، باب ماجاء فی اعادتھما بعد طلوع الشمس، ص ۱۱۴، نمبر ۴۲۳ / ابن ماجہ، شریف، باب ماجاء فیمن فاتتہ الرکعتان قبل صلوة الفجر متی یقضیھما، ص ۱۶۲، نمبر ۱۱۵۵) اس حدیث میں ہے کہ فجر کی سنت فوت ہو گئی تو سورج طلوع ہونے کے بعد اسکی قضاء کرے۔(۳) حدیث میں ہے کہ لیلة التعریس میں فجر کی سنت کی قضاء کی۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابی ھریرة قال عرسنا مع نبی اللہ ﷺ فلم نستیقظ حتی طلعت الشمس ....و قال یعقوب : ثم صلی سجدتین ثم أقیمت الصلوة فصلی الغداة . (مسلم شریف، باب قضاء الصلوة الفائتة واستحباب تعجیل قضائھا، ص ۲۳۸، نمبر ۱۵۶۱/۶۸۰ / ابوداود شریف، باب من نام عن صلوة أو نسیھا، ص ۷۵، نمبر ۴۴۳) اس حدیث میں ہے کہ فجر کے فرض کو بھی سورج طلوع ہونے کے بعد قضاء کیا اور اسکی سنت کی بھی قضاء کی

**ترجمہ** : ۲ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ سنت میں اصل یہ ہے کہ قضاء نہ کی جائے، کیونکہ قضاء واجب کے ساتھ خاص ہے۔

**تشریح** : یہ طرفین کی دلیل ہے کہ سنت کی اصل یہ ہے کہ اسکی قضاء نہیں ہے، قضاء واجب ہونا واجب کی خصوصیت ہے۔اور یہ واجب نہیں اسلئے اسکی قضاء بھی نہیں۔

۳ والحديث ورد فی قضائهما تبعا للفرض فبقی ماوراء ه علی الاصل ۴ وانما تقضی تبعا له وهو يصلی بالجماعة او وحده الیٰ وقت الزوال وفيما بعده اختلاف المشائخ ۵ واما سائر السنن سواها لاتقضی بعد الوقت وحدها واختلف المشائخ فی قضائها تبعًا للفرض

**ترجمہ**: ۳ اورحدیث جوقضاء کے بارے میں وارد ہوئی ہےوہ فرض کے تابع ہےاسلئے اسکےعلاوہ سنت اصل پر باقی رہی۔

**تشریح**: یہ امام محمدؒ کی پیش کردہ حدیث کا جواب ہے۔انہوں نے کہا تھا کہ لیلۃ التعریس میں فجر کی سنت قضاء کی ہے۔تو اسکا جواب دے رہے ہیں کہ وہاں فرض بھی قضاء ہوئی تھی اسلئے جب فرض کی قضاء کی گئی تو اسکے تابع کر کے اسکی سنت کی بھی قضاء کردی گئی۔لیکن مستقل طور پر سنت کی قضاء واجب نہیں۔

**ترجمہ**: ۴ فرض کے تابع کر کے سنت کی قضاء کی جائے گی چاہے جماعت کے ساتھ قضاء کرے، چاہے تنہا زوال کے وقت تک۔اورزوال کے بعد قضاء کرنے میں مشائخ کا اختلاف ہے۔

**تشریح**: فرض کے تابع کر کے فجر کی سنت زوال تک ہی قضاء کرے، یہ بالاتفاق ہے،اورزوال کے بعد فرض پڑھےتو اسکے تابع کر کے سنت قضاء کرے یا نہیں اس بارے میں مشائخ کا اختلاف ہے،بعض حضرات نے فرمایا کہ سنت کی بھی قضاء کرے اور بعض حضرات نے فرمایا کہ صرف فرض کی قضاء کرے اب سنت کی قضاء نہ کرے۔۔البتہ زوال سے پہلے پہلے فرض جماعت کے ساتھ پڑھ رہا ہوتب بھی سنت کی قضاء کرے اورتنہا تنہا پڑھ رہا ہوتب بھی سنت کی قضاء کرسکتا ہے۔دونوں کی گنجائش ہے۔

**ترجمہ**: ۵ بہرحال فجر کے علاوہ ساری سنتوں کا حال یہ ہے کہ وقت کے بعد تنہا قضاء نہیں کی جائے گی۔اورفرض کے تابع کر کے اسکی قضاء کرنے میں مشائخ کا اختلاف ہے۔

**تشریح**: فرض قضاء نہیں ہوا صرف سنت قضاء ہوئی تو فجر کی سنت کے علاوہ کا حال یہ ہے کہ وقت کے بعد اسکی قضاء نہیں کی جائے گی۔۔اورفرض کے تابع کر کے قضاء کرے تو اس بارے میں مشائخ کا اختلاف ہے۔

**وجہ**: فجر کی سنت کی اہمیت تھی،اوراسکی قضاء کے بارے میں لیلۃ التعریس کی حدیث بھی تھی جسکی وجہ سے یہ کہا گیا کہ اسکی قضاء کر لے،لیکن دوسری سنتوں کی اتنی اہمیت نہیں ہےاسلئے وقت سے ہٹ جانے کے بعد تنہا اسکی قضاء نہیں ہے۔البتہ استحباب کے طور پر قضاء کرنا چاہےتو کرسکتا ہے۔ اورفرض کے تابع کر کے قضاء کرے یا نہیں اسکے بارے میں مشائخ کا اختلاف ہے۔

**فائدہ**: بعض حضرات کی رائے ہے کہ سنت کی قضاء سنت ہےاور کرنا چاہےتو کرسکتا ہے۔

**وجہ**: انکی دلیل یہ حدیث ہے(۱) فسأل أم سلمة فقالت ان رسول الله ﷺ بينما هو يتوضأ فی بيتی للظهر ....ثم قال (( شغلنی أمر الساعی أن اصليهما بعد الظهر فصليتهما بعد العصر ۔(ابن ماجہ شریف،باب

**(۵۰۶) ومن ادرک من الظهر رکعة ولم یدرک الثلث فانه لم یصل الظهر بجماعة وقال محمد: قدادرک فضل الجماعة﴾**

فیمن فاتتہ الرکعتان بعد الظھر ،ص ۱۶۲،نمبر ۱۱۵۹رابوداؤد شریف، باب الصلوۃ بعد العصر ،ص ۱۹۱، نمبر ۱۲۷۳)اس حدیث میں ہے کہ ظہر کے بعد کی سنت فوت ہوگئی تو اسکو عصر کے بعد اداء کی۔ اس سے معلوم ہوا کہ اور سنتوں کی قضاء سنت ہے(۲)۔ **عن عائشة قالت : کان رسول الله ﷺ اذا فاتته الاربع قبل الظهر ، صلاها بعد الرکعتین بعد الظهر** ۔(ابن ماجۃ شریف، باب من فاتتہ الاربع قبل الظھر ،ص ۱۶۲، نمبر ۱۱۵۸)اس حدیث میں ہے کہ ظہر کی چھوٹی ہوئی سنت فرض کے بعد جو دو رکعت سنت ہے اسکے بعد اداء کی ، جس سے معلوم ہوا کہ سنت کی قضاء ہے۔(۳) اور عام نوافل کی قضاء کے بارے میں یہ حدیث ہے۔ **عن عمر بن الخطاب یقول : قال رسول الله ﷺ (( من نام عن حزبه أو عن شیء منه فقرأه فیما بین صلوة الفجر و صلوة الظهر کتب له کأنما قرأه من اللیل** .(۴) **عن عائشة أن رسول الله ﷺ کان اذا فاتته الصلوة من اللیل من وجع أو غیره صلی من النهار ثنتی عشرة رکعة** (مسلم شریف، باب من جامع صلوۃ اللیل ومن نام عنہ اومرض، ص ۳۰۲ نمبر ۱۷۴۷ر۱۷۴۵ر۱۷۴۶نمبر۱۷۴۳)اس حدیث میں ہے کہ تہجد کی نماز چھوٹ جائے تو دن میں اسکی قضاء کرے۔

**اصول** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ سنت کی قضاء سنت ہے، واجب کی قضاء واجب ہے، فرض کی قضاء فرض ہے، اور نفل کی قضاء نفل ہے۔

**ترجمہ**: (۵۰۶) کسی نے ظہر کی ایک رکعت پائی اور تین رکعتیں نہیں پائیں تو اس نے ظہر کی نماز جماعت کے ساتھ نہیں پڑھی۔ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ اس نے جماعت کی فضیلت پالی۔

**تشریح** : یہاں دو باتیں ہیں[۱] ایک ہے جماعت کی فضیلت پانا۔ ایک رکعت بھی پائے گا تو جماعت کی فضیلت پالے گا۔ اور یہ کہا جائے گا کہ اس نے جماعت کی فضیلت پالی۔

**وجہ** : (۱) حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ حدیث یہ ہے۔ **عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ (( من أدرک رکعة من الصلوة فقد أدرک الصلوة ))** (ابوداؤد شریف، باب من أدرک من الجمعۃ رکعۃ ،ص ۱۶۸، نمبر ۱۱۲۱رترمذی شریف، باب ما جاء فیمن یدرک من الجمعۃ رکعۃ ،ص ۱۳۸، نمبر ۵۲۴)اس حدیث میں ہے کہ ایک رکعت بھی پائی تو اس نے جماعت کی فضیلت پالی۔

[۲] اور دوسری بات ہے پوری نماز کو جماعت کے ساتھ پڑھنا۔ یہ اس وقت ہوگا جب اکثر نماز جماعت کے ساتھ پڑھی ہو، چنانچہ اگر ظہر کی نماز میں دو رکعت یا دو سے کم جماعت کے ساتھ پڑھی تو کہا جائے گا جماعت کے ساتھ نماز نہیں پڑھی، البتہ جماعت کی فضیلت پالی۔

۱ لان من ادرک اخر الشئ فقد ادرکه فصار محرزا ثواب الجماعة لکنه لم یصلها بالجماعة حقیقة ۲ ولهذا یحنث به فی یمینه لایدرک الجماعة ولایحنث فی یمینه لایصلی الظهر بالجماعة

(۵۰۷) ومن اتی مسجدًا قد صلی فیه فلا بأس بان یتطوع قبل المکتوبة مابداله مادام فی الوقت﴾

**اصول** : اکثر چیز کو پانے سے اس چیز کا پانا شمار کیا جاتا ہے۔

متن کی تشریح یہ ہے کہ ظہر کی چار رکعت میں سے صرف ایک رکعت پائی اور تین رکعت نہیں پائی تو فرماتے ہیں کہ ظہر کی پوری نماز جماعت کے ساتھ نہیں پڑھی، اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ جماعت کی فضیلت مل گئی۔ یہی رائے حضرت امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی بھی ہے۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ اکثر رکعت ملتی تو گویا کہ وہ چیز ملتی اور اکثر رکعت نہیں ملی اسلئے اس نے جماعت کے ساتھ ظہر نہیں پڑھی۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ جس نے آخری چیز کو پایا تو گویا کہ اس نے جماعت کے ثواب کو جمع کر لیا، لیکن اسکو حقیقت میں جماعت کے ساتھ نہیں پڑھا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ، جس نے چیز کے اخیر حصے کو پالیا تو گویا کہ اسکے ثواب کو جمع کر لیا، لیکن یوں نہیں کہا جائے گا کہ اس نے حقیقت میں جماعت کے ساتھ پوری نماز کو پڑھا۔ اسلئے فضیلت جماعت کو پانے والا تو ہوا لیکن پوری نماز کو جماعت کے ساتھ پڑھنے والا نہیں ہوا۔ محرزا: حرز سے مشتق ہے، جمع کرنے والا۔

**ترجمہ** : ۲ اسی لئے کوئی قسم کھائے کہ جماعت نہیں پائے گا [تو ایک رکعت کے پانے سے حانث ہو جائے گا] اور کوئی قسم کھائے کہ ظہر کو جماعت کے ساتھ نہیں پڑھے گا [تو ایک رکعت کے پانے سے حانث نہیں ہوگا]

**تشریح** : یہ اوپر کے قاعدے پر قسم کھانے کو متفرع کر رہے ہیں۔ کسی نے قسم کھائی کہ ((لا یدرک الجماعة)) جماعت کو نہیں پائے گا۔ پھر ظہر کی ایک رکعت جماعت کے ساتھ پڑھ لی تو قسم میں حانث ہو جائے گا، کیونکہ اسنے ایک رکعت جماعت تو پالی، اور قسم کھائی تھی کہ جماعت نہیں پائے گا، اسلئے قسم میں حانث ہو جائے گا۔

اور قسم کھائی ((لا یصلی الظهر بالجماعة)) ظہر کی نماز کو جماعت کے ساتھ نہیں پڑھے گا، اور ایک رکعت جماعت کے ساتھ پڑھی تو حانث نہیں ہوگا اسلئے کہ ایک رکعت پانے میں ظہر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھنے والا نہیں ہوا۔

**ترجمہ** : (۵۰۷) کوئی ایسی مسجد میں آیا جس میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھی جا چکی ہو تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ فرض سے پہلے جتنا ہو سکے وقت کے اندر نفل کی نماز پڑھے۔

ل ومراده اذا كان في الوقت سعة وان كان فيه ضيق تركه ٢ قيل هذا في غير سنة الظهر والفجر لان لهما زيادة مزيّة قال عليه السلام في سنة الفجر صلوها ولو طردتكم الخيل

**تشریح** : ایسی مسجد میں کوئی آدمی آیا جس میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھی جا چکی ہے۔ پس اگر فجر اور ظہر کا وقت ہے اور اتنا وقت ہے کہ فجر کی سنت اور فرض پڑھ سکے، یا ظہر سے پہلے کی سنت اور اسکا فرض پڑھ سکے تو پہلے سنت پڑھے پھر فرض پڑھے، اور اگر اتنا تنگ وقت ہے کہ صرف فرض پڑھ سکتا ہے تو اب مجبوری ہے صرف فرض پڑھ لے۔ دوسری سنتوں کی اگر چہ اتنی اہمیت نہیں ہے تاہم اگر وقت میں گنجائش ہو تو پڑھ لے، اسکی وجہ یہ ہے کہ سنتیں فرض کو تکمیل کرنے والی ہیں اسلئے تنہا نماز پڑھ رہا تب بھی سنتوں کا اہتمام کرے۔

**وجہ** : (۱) فجر کی سنت اہم ہے اسلئے تھوڑی سی بھی وقت میں گنجائش ہو تو اسکو پڑھ لے، اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ (( لاتدعوهما و ان طردتكم الخيل )) (ابوداود شریف، باب فی تخفیفهما [ای سنة الفجر] ص ۱۸۹، نمبر ۱۲۵۸) اس حدیث میں ہے کہ گھوڑا بھی روند دے تب بھی فجر کی سنت پڑھنی چاہئے۔ (۲) اس حدیث میں ہے کہ فجر اور ظہر کی سنت اہم ہے۔

اسلئے اسکو بھی نہیں چھوڑنا چاہئے۔ حدیث یہ ہے. عن عائشةؓ أن النبي ﷺ كان لا يدع أربعا قبل الظهر ، و ركعتين قبل الغداة . (بخاری شریف، باب الرکعتین قبل الظہر، ص ۱۸۸، نمبر ۱۱۸۱) اس حدیث میں ہے کہ ظہر سے پہلے اور فجر سے پہلے کی سنتیں آپ نہیں چھوڑتے تھے۔

**ترجمہ** : ل اسکی مراد یہ ہے کہ جب وقت میں گنجائش ہو، اور وقت میں تنگی ہو تو سنت کو چھوڑ دے گا۔

**تشریح** : یہ متن کا مطلب بتا رہے ہیں، متن میں تھا کہ جہاں تک ہو سکے وقت میں سنت پڑھے، اسکا مطلب یہ ہے کہ وقت میں گنجائش ہو تو سنت پڑھے، اور اگر وقت میں گنجائش نہ ہو تو سنت کو چھوڑ دے۔ یہ سنت رواتب کے بارے میں ہے۔ فجر سے پہلے دو رکعتیں، ظہر سے پہلے چار رکعتیں، ظہر کے بعد دو رکعتیں، عصر سے پہلے چار رکعتیں، مغرب کے بعد دو رکعتیں، اور عشاء کے بعد دو رکعتیں یہ سنت رواتب ہیں، انکی تاکید حدیث میں گزر چکی ہے

**ترجمہ** : ٢ وقت تنگ ہو تو سنت چھوڑ دے، یہ بات ظہر اور فجر کی سنت کے علاوہ میں ہے۔ اسلئے کہ ظہر اور فجر کی سنت کی زیادہ اہمیت ہے۔ چنانچہ حضور علیہ السلام نے فجر کی سنت کے بارے میں فرمایا کہ اسکو پڑھو چاہے تمکو گھوڑا روند دے۔

**تشریح** : وقت میں تھوڑی بہت بھی گنجائش ہو تو فجر اور ظہر کی سنت ضرور پڑھ لے کیونکہ اور سنتوں کے مقابلے میں فجر اور ظہر کی سنتوں کی اہمیت زیادہ ہے، چنانچہ حدیث میں ہے کہ چاہے گھوڑا روند دے پھر بھی فجر کی سنت پڑھو، اسکا مطلب یہ ہے کہ اسکی اہمیت

**۳** وقال فی الاخریٰ من ترک الاربع قبل الظھر لم تنله شفاعتی **۴** وقیل ھذا فی الجمیع لانه علیه السلام واظب علیها عند اداء المکتوبات بالجماعة ولاسنة دون المواظبة **۵** والاولیٰ ان لایترکها فی الاحوال کلها لکونها مکمّلات للفرائض الااذاخاف فوت الوقت

---

زیادہ ہے۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ گزری۔عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ (( لاتدعوھما و ان طردتکم الخیل ))(ابوداود شریف، باب فی تخفیفھما [ای سنۃ الفجر] ص۱۸۹،نمبر ۱۲۵۸)اس حدیث میں ہے کہ گھوڑا بھی روند دے تب بھی فجر کی سنت پڑھنی چاہئے۔

**ترجمہ**: **۳** اور ظہر کی سنت کے بارے میں فرمایا کہ ،جس نے ظہر سے پہلے چار رکعت چھوڑ دی اسکو میری شفاعت نہیں ملے گی۔

**تشریح**: یہ حدیث اس الفاظ کے ساتھ نہیں ملی۔البتہ ترمذی شریف میں اس طرح ہے۔عن ام حبیبة قالت : قال رسول اللہ ﷺ (( من صلی قبل الظھر أربعا و بعدھا أربعا حرمه الله علی النار ۔(ترمذی شریف، باب منہ [فی الرکعتین بعد الظھر] آخر، ص۱۱۵،نمبر ۴۲۷)اس حدیث میں ہے کہ ظہر سے پہلے چار رکعت پڑھے تو اس پر جہنم حرام کردی جائے گی۔

**ترجمہ**: **۴** کہا گیا کہ سنتوں کو نہ چھوڑے یہ تمام سنتوں کے بارے میں ہے،اسلئے کہ حضور علیہ السلام نے جماعت کے ساتھ فرض کی ادائیگی کے وقت اس پر ہمیشگی کی ہے۔اور بغیر ہمیشگی کے سنت نہیں ہوسکتی۔

**تشریح**: حضرت صدر الاسلام نے فرمایا کہ وقت میں گنجائش ہو تو تمام ہی سنن رواتب کو اداء کرنا چاہئے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ حضورؐ نے جماعت کے ساتھ فرض اداء کی تو تمام سنتوں کو ہمیشہ اداء کیا اور اس پر مواظبت کی اسلئے تمام ہی سنتوں کو اداء کر لینا چاہئے۔اور جب کبھی سنت وقت میں نہ پڑھ سکے تو بعد میں اسکی قضاء کی۔جسکی دلیل اوپر گزر چکی ہے، یہاں تک کہ رات کی تہجد فوت ہوئی تو اسکو دن میں اداء کرلیا ۔عن عمر بن الخطاب یقول : قال رسول الله ﷺ (( من نام عن حزبه أو عن شیء منه فقرأہ فیما بین صلوۃ الفجر و صلوۃ الظھر کتب له کأنما قرأہ من اللیل .(۴) عن عائشة أن رسول الله ﷺ کان اذا فاتته الصلوۃ من اللیل من وجع أو غیرہ صلی من النھار ثنتی عشرۃ رکعة (مسلم شریف، باب من جامع صلوۃ اللیل ومن نام عنہ أو مرض، ص۳۰۲ نمبر ۱۷۴۷/۱۷۴۵نمبر ۱۷۴۶/۱۷۴۳)اس حدیث میں ہے کہ تہجد کی نماز چھوٹ جائے تو دن میں اسکی قضاء کرے۔اسلئے فجر اور ظہر کی سنتوں کے علاوہ کو بھی اہتمام سے اداء کرنا چاہئے۔

**ترجمہ**: **۵** زیادہ بہتر ہے کہ تمام احوال میں سنتوں کو نہ چھوڑے اسلئے کہ وہ فرائض کو مکمل کرنے والی ہیں۔مگر جبکہ وقت کے فوت ہونے کا خوف ہو

(۵۰۸) ومن انتهی الی الامام فی رکوعه فکبر و وقف حتی رفع الامام رأسه لایصیر مدرکالتلک الرکعة﴾ ۱؎ خلافا لزفرؒ وهو یقول ادرک الامام فیما له حکم القیام ۲؎ ولنا ان الشرط هو المشارکة فی افعال الصلوٰة ولم یوجد فی القیام ولا فی الرکوالمشارکة فی افعال الصلوٰة ولم یوجد فی القیام ولا فی الرکوع

**تشریح** : زیادہ بہتر یہ ہے کہ کسی بھی سنت رواتب کوکسی بھی وقت میں نہ چھوڑے، کیونکہ وہ فرائض کو پوری کرنے والی ہیں، ہاں وقت کےفوت ہونے کا خوف ہوتو اب چھوڑ دے کیونکہ اسکو اداء کرنے جائے گا تو فرض ہی قضاء ہوجائے گا۔

**ترجمہ** : (۵۰۸) کوئی آدمی امام تک اسکے رکوع میں پہنچا، پس اس نے تکبیر کہی اور ٹھہرا رہا یہاں تک کہ امام نے اپنا سر اٹھالیا تو آدمی اس رکعت کو پانے والا نہیں ہوا۔

**تشریح** : کوئی آدمی اس وقت صف میں پہنچا جبکہ امام رکوع میں تھے، اس آدمی نے تکبیر کہی اور ابھی کھڑا ہی تھا کہ رکوع میں شامل نہیں ہوا تھا کہ امام نے رکوع سے سر اٹھالیا، تو اس آدمی نے اس رکعت کو نہیں پایا، اس رکعت کو دوبارہ پڑھنا ہوگا۔

**وجہ** : (۱) اثر میں ہے۔عن ابن عمر قال : اذا أدرکت الامام راکعا فرکعت قبل ان یرفع فقد أدرکت ، و ان رفع قبل أن ترکع فقد فاتتک . (مصنف عبدالرزاق، باب الرجل یدرک الامام وھوراکع فیرفع الامام قبل أن یرکع، ج ثانی، ص ۱۸۱، نمبر ۳۳۷۰ رمصنف ابن ابی شیبة، باب من قال اذا ادرکت الامام وھوراکع فوضعت یدیک علی رکبتیک من قبل أن یرفع رأسہ فقد ادرکتہ، ج اول، ص ۲۲۰، نمبر ۲۵۲۰) اس اثر میں ہے کہ امام کے سر اٹھانے سے پہلے امام کو رکوع میں پالیا تو وہ رکعت ملی ورنہ نہیں۔

(۲) اور دلیل عقلی یہ ہے کہ نماز کے افعال میں شرکت سے وہ رکعت ملے گی، اور قیام قرأت اور رکوع فرض ہیں، اب قیام اور قرأت میں شریک نہ ہوسکا تو کم سے کم رکوع میں تو شریک ہو اب اگر اس میں بھی شریک نہ ہوسکے تو تین فرائض چھوٹ جائیں گے، اب اتنے فرائض چھوٹنے سے کیسے رکعت ملے گی۔

گی !اس لئے امام کے ساتھ رکوع میں ملے گا تو رکعت ملے گی ورنہ نہیں۔

**ترجمہ** : ۱؎ خلاف امام زفرؒ کے، وہ فرماتے ہیں کہ امام کو ایسی حالت میں پایا جسکا حکم قیام کا ہے۔

**تشریح** : امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ رکوع آدھا قیام ہے تو مقتدی بھی قیام میں ہے اور امام بھی رکوع یعنی قیام میں ہے، تو گویا کہ قیام میں دونوں کی شرکت ہوگئی، اور ایک رکن میں شرکت ہوگئی تو اس رکعت کو پالیا۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ شرط افعال نماز میں شرکت کرنا ہے اور وہ نہیں پائی گئی، نہ قیام میں اور نہ رکوع میں [اسلئے اس رکعت کو نہیں پایا]

**(۵۰۹) ولو رکع المقتدی قبل امامه فادرکه الامام فیه جاز ﴾** ل وقال زفرؒ لایجزیه لان ماتی به قبل الامام غیر معتدبه فکذا مایبنی علیه

**تشریح** : ہماری دلیل عقلی یہ ہے کہ رکعت پانے کے لئے افعال نماز میں شرکت شرط ہے۔ یا قیام میں شرکت ہو یا رکوع میں شرکت ہو۔ اور یہ آدمی نہ قیام میں شرکت کر پایا اور نہ امام کے ساتھ رکوع میں شریک ہوسکا، اسلئے وہ رکعت نہیں ہوئی، اسکو دوبارہ پڑھنی ہوگی۔

**ترجمہ**: (۵۰۹) اگر مقتدی امام سے پہلے رکوع میں گیا پھر امام نے اسکو رکوع میں پایا تو رکوع ہوگیا۔

**تشریح** : مقتدی امام سے پہلے ہی رکوع میں چلا گیا بعد میں امام رکوع میں گیا تو مقتدی کا رکوع ہوا یا نہیں؟ تو فرماتے ہیں کہ مقتدی کا رکوع ہوگیا، اور اسکی اقتداء بھی درست ہوگئی

**وجہ** : اسکی وجہ یہ ہے کہ اقتداء کے لئے، یا رکوع درست ہونے کے لئے امام اور مقتدی کا ایک ساتھ شریک ہونا شرط ہے، اور دونوں رکوع میں شریک ہوگئے اسلئے رکوع ہوگیا، یہ اور بات ہے کہ امام کو پہلے رکوع میں جانا چاہئے اور مقتدی کو بعد میں، لیکن یہاں الٹا ہوگیا، تاہم رکوع ہوجائے گا

مقتدی امام سے پہلے رکوع سجدے میں جائے یہ مکروہ ہے۔ اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ (۱) سمعت أبا هريرة عن النبی ﷺ قال : (( أما يخشى أحدكم أو لا يخشى أحدكم اذا رفع رأسه قبل الامام أن يجعل الله رأسه رأس حمار ؟ أو يجعل الله صورته صورة حمار (بخاری شریف، باب اثم من رفع رأسہ قبل الامام، ص ۹۶، نمبر ۶۹۱ / ابوداؤد شریف، باب التشدید فیمن یرفع قبل الامام او یضع قبلہ، ص ۹۸، نمبر ۶۲۳) اس حدیث میں ہے کہ امام سے پہلے رکوع سجدے میں چلا جائے تو کہیں اسکا سر گدھے کے سر میں تبدیل نہ ہوجائے۔ (۲) عن معاوية بن ابی سفيان قال : قال رسول الله ﷺ (( لا تبادرونی بركوع و لا بسجود فانه مهما أسبقكم به اذا ركعت تدركونی به اذا رفعت انی قد بدنت ' ۔ (ابو داؤد شریف، باب مایؤمر بہ الماموم من اتباع الامام، ص ۹۲، نمبر ۶۱۹) اس حدیث میں ہے کہ مجھسے پہلے رکوع سجدے میں مت جایا کرو۔ اسلئے امام سے پہلے رکوع یا سجدے میں جانا مکروہ ہے، تاہم نماز ہوجائے گی۔

**ترجمہ** : ل امام زفرؒ نے فرمایا کہ اسکو رکوع کافی نہیں ہے، اسلئے کہ جو کچھ امام سے پہلے لایا اسکا اعتبار نہیں ہے، اور اس چیز کا بھی اعتبار نہیں جو اس پر بناء کی گئی۔

**تشریح** : امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ مقتدی نے امام سے پہلے رکوع کیا اور پھر بعد میں امام بھی اس رکوع میں شریک ہوگیا پھر بھی مقتدی کا وہ رکوع نہیں ہوا۔

**وجہ**: اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ رکوع کا جو حصہ امام سے پہلے ادا کیا اسکا اعتبار نہیں ہے، اور امام کے شریک ہونے کے بعد رکوع کا

۲ ولنا ان الشرط هو المشاركة فی جزء واحد كما فی الطرف الاول .... والله اعلم.

جو حصہ اداء ہوا اسکی بناء رکوع کے پہلے حصے پر ہوا جو فاسد ہے، اور قاعدہ یہ ہے کہ فاسد پر جسکی بناء ہوگی وہ بھی فاسد ہو جائے گی، اسلئے رکوع کے بعد والا حصہ بھی فاسد ہو گیا، اور گویا کہ پورا رکوع فاسد ہو گیا، اور جب رکوع فاسد ہوا تو پوری رکعت بیکار گئی اسکو دوبارہ اداء کرنا ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ کسی ایک جز میں شرکت شرط ہے، جیسے کہ پہلے ہی حصے میں شریک ہو جاتا۔

**تشریح**: ہماری دلیل یہ ہے کہ امام کے ساتھ رکوع کے کسی ایک حصے میں شریک ہو جانا ہی رکوع پانے کے لئے کافی ہے، چاہے شروع کے حصے میں، یا درمیان کے حصے میں، یا آخیر کے حصے میں، اور اس آدمی نے درمیان کے حصے میں امام کے ساتھ شرکت کر لی اسلئے رکوع مل گیا، اور رکوع ملنے کی وجہ سے پوری رکعت مل گئی۔ اب اسکو اس رکعت کو لوٹانے کی ضرورت نہیں ہے۔ ۔ واللہ اعلم۔

## ﴿باب قضاء الفوائت﴾

(۵۱۰) من فاتته صلوٰة قضاها اذا ذکرها وقدمها علٰی فرض الوقت﴾

## ﴿ باب قضاء الفوائت ﴾

**ضروری نوٹ:** قضاء الفوائت : جو نماز فوت ہو جائے اور چھوٹ جائے اس کو فوائت کہتے ہیں۔ اور اس کے پڑھنے کو قضا کہتے ہیں۔ نماز قضا کرنا فرض ہے۔ کیونکہ نماز کو وقت پر پڑھنا فرض تھا جب وقت پر نہ پڑھ سکا تو اب قضا کرنا فرض ہوگا۔ اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن انس بن مالک عن النبی ﷺ قال من نسی صلوۃ فلیصل اذا ذکر لا کفارۃ لھا، الا ذلک﴿ و اقم الصلوۃ لذکری﴾ ، آیت ۱۴ سورۃ طٰہ ۲۰ (بخاری شریف، باب من نسی صلوۃ فلیصل اذا ذکر ص ۸۴ نمبر ۵۹۷/ ابو داؤد شریف، باب فی من نام عن صلوۃ او نسیھا ص ۷۰ نمبر ۴۳۵) اس حدیث اور آیت سے معلوم ہوا کہ فوت نماز پڑھنا فرض ہے۔

**اصول** : یہ مسائل اس اصول پر ہیں کہ: جو نماز پہلے فوت ہوئی ہے اسکو پہلے ادا کرنا چاہئے۔ اسلئے اگر وقت میں گنجائش ہو تو فوت شدہ نماز پہلے پڑھے اور اسکے بعد وقتیہ نماز پڑھے، اسی طرح اگر مثلا چار نمازیں فوت ہوئیں ہیں تو جو نماز پہلے فوت ہوئی ہے اسکو پہلے پڑھے اور جو اسکے بعد فوت ہوئی ہے اسکو اسکے بعد پڑھے مثلا ظہر عصر اور مغرب فوت ہوئی ہیں تو پہلے ظہر پڑھے اسکے بعد عصر پڑھے، اسکے بعد مغرب پڑھے۔ ایسے آدمی کو صاحب ترتیب کہتے ہیں۔

**ترجمہ:** (۵۱۰) جس کی نماز فوت ہوگئی اس کو قضا کرے جب یاد آئے۔ اور قضاء نماز کو وقتیہ فرض پر مقدم کرے۔

**تشریح** : کسی کی نماز فوت ہوگئی ہو تو تین شرطیں پائی جائیں تو فوت شدہ نماز کو پہلے پڑھنا واجب ہے [۱] ایک تو یہ کہ وقت تنگ نہ ہو۔ اگر وقت اتنا سا ہی کہ وقتیہ نماز ہی پڑھ سکتا ہے تو وقتیہ پڑھے فائتہ نماز چھوڑ دے اب ترتیب واجب نہیں رہی [۲] دوسری شرط یہ ہے کہ بھولا نہ ہو۔ اگر فائتہ نماز یاد ہی نہیں تھی کہ وقتیہ نماز پڑھ لی تو ترتیب ساقط ہو جائے گی۔ [۳] فوت شدہ نماز کثیر نہ ہو جائے، یعنی چھ نماز نہ ہو جائے۔ اگر چھ نماز سے کم فوت ہوئی ہے تو ترتیب واجب ہے اور چھ نماز ہوگئی تو ترتیب ساقط ہو جائے گی۔ اب یہ صاحب ترتیب نہیں رہا۔

**وجہ:** (۱) اوپر کی حدیث بخاری کے الفاظ ' فلیصل اذا ذکر' سے معلوم ہوا کہ فائتہ کا وقت یاد آتے ہی قضا واجب ہوئی۔ اور وقتیہ کا وقت اس کے بعد ہوگا۔ اس لئے پہلے فائتہ ادا کی جائے گی بعد میں وقتیہ۔ حدیث کی اس تاکید سے ترتیب واجب ہوتی ہے (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عبد اللہ بن عمر ان رسول اللہ ﷺ قال من نسی صلوۃ فلم یذکرھا الا وھو مع الامام فلیصل مع الامام فاذا فرغ من صلوتہ فلیعد الصلوۃ التی نسی ثم لیعد الصلوۃ التی صلی مع الامام (سنن للبیہقی، باب من ذکر صلوۃ وھو فی اخری ج ثانی ص ۳۱۲، نمبر ۳۱۹۳ / دار قطنی، باب الرجل یذکر صلوۃ وھو فی

ل والاصل فيه ان الترتيب بين الفوائت وفرض الوقت عندنا مستحق ۲ وعندالشافعیؒ مستحب لان کل فرض اصل بنفسه فلا یکون شرطا لغیره

اُخری، ج اول، ص ۴۰۰، نمبر ۴۴ ۱۵۴) اس حدیث میں ہے کہ امام کے ساتھ بھی وقتیہ نماز پڑھی ہے تو فائتہ قضا کرے۔ ترتیب برقرار رکھنے کے لئے وقتیہ کو لوٹائے۔ اس سے معلوم ہوا کہ فائتہ اور وقتیہ کے درمیان ترتیب واجب ہے (۳) فائتہ اور وقتیہ کے درمیان ترتیب برقرار رکھنے کی حدیث بخاری میں ہے عن جابر قال جعل عمر یوم الخندق یسب کفارهم وقال یا رسول اللہ ! ما کدت اصلی العصر حتی غربت الشمس قال فنزلنا بطحان فصلی رسول الله ﷺ بعد ما غربت الشمس ثم صلی المغرب (بخاری شریف، باب قضاء الصلوات الاول فالاولی ص ۸۴ نمبر ۵۹۸ رترمذی شریف، باب ماجاء فی الرجل تفوته الصلوات بایتھن یبدأ ص ۴۳ نمبر ۱۷۹ ر۱۸۰) اس حدیث میں عصر کی فائتہ پہلے پڑھی پھر مغرب کی وقتیہ پڑھی۔ جس سے معلوم ہوا کہ فائتہ اور وقتیہ کے درمیان ترتیب ضروری ہے۔ ورنہ تو مغرب کو مؤخر نہ کرتے۔ (۴) اثر میں ہے۔ عن عامر وعن مغیرة عن عن ابراهیم قالا : اذا کنت فی صلوة العصر فذکرت أنک لم تصل الظهر فانصرف فصل الظهر ثم صل العصر . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۲۸۷، الرجل یذکر صلوة علیه وهو فی اُخری، ج اول، ص ۴۱۴، نمبر ۴۷۵۷) اس اثر میں ہے کہ پہلے فائتہ نماز پڑھے اسکے بعد وقتیہ نماز پڑھے۔

**ترجمہ**: ل اصل اس میں یہ ہے کہ فوت نماز کے درمیاں اور وقت کے فرض کے درمیان ترتیب مستحق ہے، یعنی واجب ہے۔

**تشریح** : وقتیہ نماز اور فوت شدہ نماز کے درمیان ہمارے یہاں ترتیب واجب ہے۔ اسکی دلیل حدیث اوپر گزر چکی ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور امام شافعیؒ کے نزدیک مستحب ہے۔ اسلئے کہ ہر فرض خود اصل ہے، اسلئے دوسرے کے لئے شرط نہیں ہوگی۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کے یہاں اور دگر ائمہ کرام کے یہاں وقتیہ اور فائتہ کے درمیان ترتیب مستحب ہے، اسی طرح خود فائتہ نمازوں کے درمیان بھی ترتیب مستحب ہے واجب نہیں ہے۔ موسوعہ میں انکی عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ : من فاتته الصلوة فذکرها و قد دخل فی صلوة غیرها مضی علی صلوته التی هو فیها و لم تفسد علیه ، اماما کان أو ماموما، فاذا فرغ من صلوته صلی الصلوة الفائتة (موسوعۃ امام شافعیؒ، الرجل یصلی وقتا فاتته قبلها صلوۃ، ج الثانی، ص ۴۴، نمبر ۱۰۴۳) اس عبارت میں ہے کہ امام شافعیؒ کے یہاں ترتیب سنت ہے۔

**وجہ** : انکی دلیل عقلی یہ دے رہے ہیں کہ فوت شدہ نماز بھی اصل فرض ہے اور وقتیہ نماز بھی اصل فرض ہے، اسلئے وقتیہ نماز صحیح ہونے کے لئے فوت شدہ نماز کو اداء کر لینے کی شرط ہو یہ محتاجگی صحیح نہیں ہے، اسلئے ترتیب کے ساتھ نماز پڑھنا زیادہ سے زیادہ مستحب ہونا چاہئے (۲) امام شافعیؒ اور دیگر ائمہ کے نزدیک فائتہ اور وقتیہ کے درمیان اسی طرح بہت سی فائتہ کے درمیان ترتیب سنت ہے۔ وہ

**۳ ولنا قوله عليه السلام من نام عن صلوة اونسيها فلم يذكرها الا وهو مع الامام فليصل التى هو فيها ثم ليصل التى ذكرها ثم ليعدالتى صلى مع الامام**

بھی اوپر کی احادیث سے استدلال کرتے ہیں۔اور ایک حدیث یہ بھی ہے جو سنت پر دلالت کرتی ہے عن علی بن طالب انه قال شغل رسول الله ﷺ يوم الاحزاب عن صلوة العصر حتى صلى ما بين المغرب والعشاء فقال شغلونا عن الصلوة الوسطى صلوة العصر ملأ الله قبورهم وبيوتهم نارًا (سنن للبیہقی، باب من قال بترک الترتیب فی قضائھن وھو قول طاؤس والحسن ج ثانی ص ۳۱۲، نمبر ۳۱۸۹) اس حدیث میں آپؐ نے عصر کی نماز مغرب کے بعد پڑھی ہے۔جس سے معلوم ہوا کہ فائتہ اور وقتیہ کے درمیان ترتیب واجب نہیں سنت ہے۔(۳) اس حدیث میں ہے کہ وقتیہ نماز پڑھنے لگے اور فائتہ یاد آجائے تو پہلے وقتیہ پڑھ لے بعد میں فائتہ قضاء کرے، اس حدیث میں یہ جملہ نہیں ہے کہ فائتہ قضاء کرنے کے بعد پھر دوبارہ وقتیہ قضاء کرے جس سے معلوم ہوا کہ فائتہ اور وقتیہ کے درمیان ترتیب واجب نہیں ہے، صرف سنت ہے۔حدیث یہ ہے ۔عن عبد الله بن عباس قال : قال رسول الله ﷺ ((اذا نسى أحدكم الصلوة فذكرها و هو فى صلاة مكتوبة ، فليبدأ بالتى هو فيها ، فاذا فرغ منها صلى التى نسى . (دار قطنی، باب الرجل یذکر صلوۃ وھو فی أخری، ج اول ص ۴۰۰، نمبر ۱۵۴۳ رسنن للبیہقی، باب من ذکر صلوۃ وھو فی اخری ج ثانی ص ۳۱۳، نمبر ۳۱۹۶) اس حدیث میں ہے کہ وقتیہ شروع کر دیا ہو تو پہلے وقتیہ پڑھے پھر فائتہ نماز پڑھے۔جس سے معلوم ہوا کہ ترتیب واجب نہیں ہے، سنت ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول: جو نماز سے سو گیا یا بھول گیا، اور اسکو یاد نہیں آیا مگر یہ کہ وہ امام کے ساتھ ہو تو وہ نماز پڑھے جس میں وہ ہے، پھر وہ نماز پڑھے جو یاد آئی، پھر وہ نماز لوٹائے۔ یہ حدیث گزر چکی ہے، وہ یہ ہے۔عن عبد الله بن عمر ان رسول الله ﷺ قال من نسى صلوة فلم يذكرها الا وهو مع الامام فليصل مع الامام فاذا فرغ من صلوته فليعد الصلوة التى نسى ثم ليعد الصلوة التى صلى مع الامام (سنن للبیہقی، باب من ذکر صلوۃ وھو فی اخری ج ثانی ص ۳۱۳، نمبر ۳۱۹۳ ر دار قطنی، باب الرجل یذکر صلوۃ وھو فی أخری، ج اول، ص ۴۰۰، نمبر ۱۵۴۴) اس حدیث میں ہے کہ امام کے ساتھ جو وقتیہ نماز پڑھی ہے، فوت شدہ نماز پڑھنے کے بعد اس وقتیہ نماز کو بھی لوٹائے تا کہ فوت شدہ اور وقتیہ نماز کے درمیان ترتیب برقرار ہو جائے، اس سے ترتیب کے واجب ہونے کا اشارہ ملتا ہے۔أن ابا جمعة حبيب بن سباع و كان قد ادرك النبى ﷺ ((ان النبى ﷺ عام الاحزاب صلى المغرب ، فلما فرغ قال : هل علم أحدمنكم أنى صليت العصر ؟ قالا : يا رسول الله ما صليتها ، فأمر المؤذن فأقام الصلوة فصلى العصر ثم أعاد المغرب . (مسند احمد، مسند حدیث أبی جمعۃ حبیب بن سباعؓ، ج خامس، ص ۷۷، نمبر ۱۶۵۲۷) اس حدیث میں ہے کہ مغرب کی نماز پڑھ لی

(۵۱۱) ولو خاف فوت الوقت يقدّم الوقتية ثم يقضيها ﴾ ۱؎ لان الترتيب يسقط بضيق الوقت ۲؎ وكذا بالنسيان ۳؎ وكثرة الفوائت كيلا يؤدِّيَ الى تفويت الوقتية

تھی، پھر یاد آیا کہ عصر کی نماز نہیں پڑھی تو عصر کی نماز پڑھ کر مغرب کی نماز لوٹائی، جس سے معلوم ہوا کہ ترتیب واجب ہے۔

**ترجمه:** (۵۱۱) اور اگر وقتیہ نماز فوت ہونے کا خوف ہو تو وقتیہ نماز کو مقدم کرے پھر فوت شدہ نماز کو قضاء کرے۔

**ترجمه:** ۱؎ اسلئے کہ ترتیب وقت کے تنگ ہونے سے ساقط ہو جاتی ہے۔

**تشریح:** یہاں سے ان تین شرطوں کا بیان ہے جن سے ترتیب ساقط ہو جاتی ہے۔ ان میں سے پہلی شرط یہ ہے کہ وقت اتنا تنگ ہو کہ اگر فوت شدہ نماز اداء کریں تو وقتی نماز کا وقت نہیں رہے گا، وہ قضاء ہو جائے گی۔

**وجه:** کیونکہ فوت شدہ نماز پڑھنے میں جب وقتیہ ہی قضاء ہو جائے گی اور فوت ہو جائے گی تو فوت شدہ نماز کو کیسے پڑھیں؟ اس سے تو وقتیہ جو اصلی ہے اسکا حق مارا جائے گا۔ اسلئے وقت تنگ ہو تو ترتیب ساقط ہو جائے گی۔ عن الحسن قال: اذا نسی الصلوات فليبدأ بالاولى فالاولى فان خاف الفوت يبدأ بالتي يخاف فوتها. (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۲۸۳ فی الرجل ینسی الصلوات جمیعا، ج اول، ص ۴۱۰، نمبر ۴۷۲۵) اس اثر میں ہے کہ وقتیہ نماز کے فوت ہونے کا خوف ہو تو وقتیہ نماز پڑھے اور وقت تنگ ہونے کی وجہ سے ترتیب ساقط ہو جائے گی۔

**ترجمه:** ۲؎ اور ایسے ہی بھول جانے سے۔

**تشریح:** آدمی بھول گیا کہ اس پر نماز قضاء ہے، اور وقتیہ نماز پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی، اور ترتیب ساقط ہوگی

**وجه:** (۱) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ سألت الحكم و حماد ا عن رجل ذكر صلوة و هو فی صلوة قالا: اذا ذكر ها قبل أن يتشهد أو يجلس مقدار التشهد ترك هذه و عاد الى تلك فان ذكر ها بعد ذالك اعتد بهذه و عاد الى تلك. (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۲۸۷، الرجل یذکر صلوة علیه وهو فی أخری، ج اول، ص ۴۱۴، نمبر ۴۷۶۱) اس اثر میں ہے کہ بھول کر عصر کی نماز پوری پڑھ لی بعد میں یاد آیا کہ مجھ پر ظہر کی نماز قضاء ہے تو اب ترتیب ساقط ہوگئی اور عصر کی نماز صحیح ہوگئی۔ (۲) بھول جانا عذر ہے اسلئے اس سے بھی ترتیب ساقط ہو جائے گی۔

**ترجمه:** ۳؎ اور فائتہ نماز کثیر ہو جائے [تب بھی ترتیب ساقط ہو جائے گی] تا کہ وقتیہ کے فوت ہونے تک نہ پہنچائے

**تشریح:** ایک دن ایک رات کی نماز پانچ ہوتی ہیں، یہ قلیل ہیں اور اس سے زیادہ ہو جائے، یعنی چھ نمازیں قضاء ہو جائے تو یہ کثیر ہیں اس سے بھی ترتیب ساقط ہو جاتی ہے۔

**وجه:** اسکی وجہ یہ ہے کہ ان تمام کو اداء کرنے جائے گا تو اس میں اتنا وقت صرف ہو جائے گا کہ وقتیہ نماز جسکا وقت ہے وہی قضاء ہو جائے گی، اور اسکا حق مارا جائے گا اسلئے نماز زیادہ ہونے سے بھی ترتیب ساقط ہو جائے گی۔

**(۵۱۲) ولو قدم الفائتة جاز﴾ ۱؎ لان النهی عن تقدیمها لمعنی فی غیرها ۲؎ بخلاف ماذا کان فی الوقت سَعَۃٌ وقدّم الوقتیة حیث لایجوز لانه ادّاها قبل وقتها الثابتِ بالحدیث**

**ترجمہ**: (۵۱۲) اوراگرفوت شدہ نماز کو پہلے پڑھ لیا تو جائز ہے۔

**تشریح**: وقت اتنا تنگ ہے کہ فوت شدہ نماز پڑھے گا تو وقتیہ نماز فوت ہو جائے گی اسلئے اسکو وقتیہ نماز پڑھنی چاہئے، لیکن پھر بھی اس نے فوت شدہ نماز پڑھ لی اور وقتیہ نماز فوت کر دی، تو فوت شدہ نماز ہو جائے گی، البتہ وقتیہ نماز کو فوت کرنے کا گناہ ہوگا۔

**وجہ**: یہ وقت وقتیہ نماز کا بھی ہے اور اس میں فوت شدہ نماز بھی پڑھ سکتا ہے، اسلئے وقتیہ چھوڑ کر فائتہ پڑھ لیا تو فائتہ نماز ہو جائے گی۔ اگر چہ ایسا نہیں کرنا چاہئے۔ کیونکہ فائتہ پڑھنے سے وقتیہ فوت ہو گئی۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ مقدم کرنے سے جو روکا گیا ہے وہ ایسے معنی کی وجہ سے ہے جو غیر میں ہے۔

**تشریح**: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ تنگ وقت میں فوت شدہ نماز پہلے پڑھنے سے اسلئے روکا گیا ہے کہ غیر کا حق مارا جائے گا ، یعنی وقتیہ نماز جو اصل ہے وہ بھی فوت ہو جائے گی۔ تاہم فوت شدہ نماز کا بھی یہ وقت ہے اسلئے اسکو پڑھنے سے اداء ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۲؎ بخلاف جبکہ وقت میں گنجائش ہو اور وقتیہ کو پہلے پڑھ لے تو جائز نہیں ہے اسلئے کہ وقتیہ کو اسکے وقت سے پہلے اداء کر لیا جو حدیث سے ثابت ہے۔

**تشریح**: وقت میں اتنی گنجائش ہو کہ فوت شدہ نماز پڑھ سکے پھر بھی یاد ہوتے ہوئے فوت شدہ نماز نہیں پڑھی اور وقتیہ نماز پڑھ لی تو یہ وقتیہ نماز ہوگی ہی نہیں۔ فوت شدہ نماز پڑھنے کے بعد وقتیہ کو دوبارہ پڑھنی ہوگی۔

**وجہ**: اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث سے پتہ چلا کہ وقت میں گنجائش ہو تو فوت شدہ نماز اداء کرنے کے بعد وقتیہ نماز کا وقت آتا ہے اور اس نے فوت شدہ نماز پڑھنے سے پہلے وقتیہ پڑھ لی تو گویا کہ وقتیہ کو وقت سے پہلے پڑھی، اور قاعدہ یہ ہے کہ وقت سے پہلے نماز پڑھی ہو تو وہ نماز ہی نہیں ہوتی اسلئے یہ وقتیہ نماز ہی نہیں ہوگی۔ (۲) اس حدیث میں بھی ہے کہ فوت شدہ نماز سے پہلے وقتیہ پڑھ لی تو اسکو دہرائے۔ اور اسکی وجہ یہی ہو سکتی ہے کہ گویا کہ وقت سے پہلے پڑھ لی۔ حدیث یہ ہے۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔

**عن عبد الله بن عمر ان رسول الله ﷺ قال من نسی صلوة فلم یذکرها الا وهو مع الامام فلیصل مع الامام فاذا فرغ من صلوته فلیعد الصلوة التی نسی ثم لیعد الصلوة التی صلی مع الامام** (سنن للبیھقی، باب من ذکر صلوۃ وھو فی اخری ج ثانی ص ۳۱۳، نمبر ۳۱۹۳ / دار قطنی، باب الرجل یذکر صلوۃ وھو فی اخری، ج اول، ص ۴۰۰، نمبر ۱۵۴۴) اس حدیث میں ہے کہ فوت شدہ نماز سے پہلے وقتیہ پڑھ لی تو اس نماز کو دوبارہ پڑھے۔

(**نوٹ**) بعض علماء کی رائے ہے کہ حدیث سے اتنا تو پتہ چلتا ہے کہ فوت شدہ نماز اور وقتیہ کے درمیان ترتیب باقی رکھنے کے لئے وقتیہ کو دوبارہ پڑھ لے۔ لیکن اس حدیث سے یہ نہیں معلوم ہوتا ہے کہ وقتیہ نماز فاسد ہو جائے گی، اور یہ بھی معلوم نہیں ہوتا ہے کہ یہ

(۵۱۳) ولو فاتته صلواتٌ رَتَّبَهَا فی القضاء کما وجبت فی الاصل﴾ ل لان النبی علیه السلام شغل عن اربع صلوٰت یوم الخندق فقضا هن مرتبًا ثم قال صلُّوا کما رأیتمونی اصلّی (۵۱۴) الا ان یزید الفوائت علیٰ ستة صلواتٍ﴾

اسکا وقت بھی نہیں ہے۔

**ترجمه**: (۵۱۳) اوراگر بہت سی نمازیں اس سے فوت ہوگئیں تو قضاء میں انکو ترتیب وار کرے جیسا کہ اصل میں واجب ہوئی

**تشریح**: جس طرح فائتہ اور وقتیہ میں ترتیب ضروری ہے اسی طرح بہت سے فوائت ہو جائیں تو ان کے درمیان میں بھی ترتیب ضروری ہے۔ مثلا پہلے ظہر پھر عصر پھر مغرب پھر عشا پڑھے گا۔ جس ترتیب سے اصل میں وقتیہ نماز واجب ہوئی تھی، اسی ترتیب سے قضاء بھی واجب ہوگی۔ اس کی دلیل یہ حدیث ہے جس کی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ کیا ہے۔ قال عبد الله ان المشرکین شغلوا رسول الله عن اربع صلوات یوم الخندق حتی ذهب من اللیل ما شاء الله فامر بلالا فاذن ثم اقام فصلی الظهر ثم اقام فصلی العصر ثم اقام فصلی المغرب ثم اقام فصلی العشاء (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الرجل تفوته الصلوات بأیتهن یبدأ ص ۴۳، نمبر ۱۷۹ / نسائی شریف، باب کیف یقضی الفوائت من الصلوۃ، ص ۸۵، نمبر ۶۲۳) اس حدیث میں ترتیب کے ساتھ نماز پڑھی گئی ہے۔ پہلے ظہر پھر عصر پھر مغرب پھر عشا پڑھی ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ کئی نمازیں فوت ہوئیں ہوں تو انکے درمیان بھی ترتیب ضروری ہے۔ لیکن اگر چھ نمازیں قضا ہو جائیں تو چونکہ اب ان کو قضا کرتے کرتے وقتیہ بھی فوت ہو جائے گی۔ اس لئے اب ترتیب ساقط ہو جائے گی۔ تاہم وقت ملے تو ترتیب برقرار رکھے۔

**ترجمه**: ل اسلئے کہ نبی علیہ السلام جنگ خندق کے دن چار نمازوں سے مشغول ہو گئے تو انکو ترتیب وار قضا فرمائی۔ پھر فرمایا کہ ایسے ہی نماز پڑھو جیسے تم لوگ مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھے۔

**تشریح**: یہ حدیث دو حدیثوں کا مجموعہ ہے۔ اس حدیث کا ایک ٹکڑا ابھی اوپر گزرا، (ابوداود شریف، نمبر ۱۷۹، نسائی شریف، نمبر ۶۲۳) اور دوسرا ٹکڑا یہ ہے۔ حدثنا مالک قال: أتینا الی النبی ﷺ و نحن شببة متقاربون فأقمنا عنده عشرین یوماً و لیلة .... و صلوا کما رأیتمونی أصلی فاذا حضرت الصلوة فلیؤذن لکم أحدکم و لیؤمکم أکبرکم. (بخاری شریف، باب الاذان للمسافرین اذا کانوا جماعة والاقامة وکذالک بعرفة وجمع، ص ۸۷، نمبر ۶۳۱) اس حدیث میں ہے کہ (( و صلوا کما رأیتمونی أصلی)) کہ جس طرح تم مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو اسی طرح نماز پڑھا کرو۔

**ترجمه**: (۵۱۴) مگر یہ کہ فوت شدہ نمازیں چھ سے زیادہ ہو جائے [تو ترتیب ساقط ہو جائے گی]

**وجه**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے یہ نمازیں کثیر ہو گئیں، اب ان سب کو ادا کرنے جائیں تو وقتیہ نماز بھی فوت ہو سکتی ہے اسلئے اب ترتیب

۱ لان الفوائت قد كثرت فتسقط الترتيب فيما بين الفوائت بنفسها كما يسقط بينها وبين الوقتية ۲ وحده الكثرة ان تصير الفوائت ستا بخروج وقت الصلوٰة السادسة وهو المراد بالمذكور فى الجامع الصغير وهو قوله

---

ساقط ہو جائے گی۔(۲)عن ابراهيم قال : كان يقول فى المغمى عليه اذا أغمى عليه يوم و ليلة أعاد و اذا كان اكثر من ذالك لم يعد ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، ۷۴۵ ما یعید المغمی علیہ من الصلوۃ، ج ثانی، ص ۷۱، نمبر ۶۵۹۱ رمصنف عبد الرزاق، باب صلوۃ المریض علی الدابۃ وصلوۃ المغمی علیہ، ج ثانی، ص ۴۷۱، نمبر ۴۱۶۳) اس اثر میں ہے کہ ایک دن رات سے زیادہ نمازیں بیہوشی میں گزر جائیں تو اسکی قضاء نہیں ہے اور اس سے کم ہو تو اسکی قضاء ہے، جس سے معلوم ہوا کہ ایک دن رات یعنی پانچ نمازوں تک کم ہے اور اس سے زیادہ کثیر ہے۔(۳) اس اثر میں ہے۔عن الحسن قال : اذا نسى الصلوات فليبدأ بالاولى فالاولى فان خاف الفوت يبدأ بالتى يخاف فوتها . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۲۸۳ فی الرجل ینسی الصلوات جمیعا، ج اول، ص ۴۱۰، نمبر ۴۷۲۵) اس اثر میں ہے کہ وقتیہ نماز کے فوت ہونے کا خوف ہو تو وقتیہ نماز پڑھے اور وقت تنگ ہونے کی وجہ سے ترتیب ساقط ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ۱ اس لئے کہ فوت شدہ نماز زیادہ ہوگئی تو خود فوت شدہ نمازوں کے درمیان ترتیب ساقط ہو جائے گی، جیسے کہ وقتیہ اور فوت شدہ کے درمیان ترتیب ساقط ہو جائے گی۔

**تشریح** : یہ ترتیب ساقط ہونے کی دلیل عقلی ہے۔ کہ نماز زیادہ ہو جائے تو وقتیہ اور فوت شدہ کے درمیان ترتیب ساقط ہو جاتی ہے۔اسی طرح خود فوت شدہ نمازوں کے درمیان بھی ترتیب ساقط ہو جاتی ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اور کثرت کی حد یہ ہے کہ فوت شدہ نمازیں چھ ہو جائیں، چھٹی نماز کے وقت کے نکل جانے سے۔ جامع صغیر میں جو مذکور ہے اسکا یہی مطلب ہے۔

**تشریح** : یہاں سے یہ بتاتے ہیں کہ چھٹی نماز کا وقت نکل جائے اور فوت ہو جائے تب چھ نمازیں پوری ہونگیں اور اسکے بعد وقتیہ نماز پڑھے تو اسکے لئے پڑھنا جائز ہے، کیونکہ ترتیب ساقط ہوگئی۔ جامع صغیر میں ایک عبارت ہے اسکا مطلب بھی یہی ہے۔ جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔ محمد عن يعقوب عن ابى حنيفةؒ فى رجل فاتته صلوة يوم و ليلة أو اقل فصلى صلوة دخل وقتها قبل أن يبدأ بما فاته لم يجز ، و ان فاته أكثر من يوم و ليلة أجزته التى بدأ . (جامع صغیر، باب فیمن تفوتہ الصلوۃ، ص ۱۰۶) اس عبارت میں ہے کہ ایک دن سے کم نماز فوت ہوئی ہو تو ترتیب واجب ہے اور ایک دن سے زیادہ یعنی چھ نمازیں قضاء ہو جائے تو ترتیب ساقط ہو جاتی ہے۔ اور ایک دن رات سے زیادہ ہونے کا مطلب یہ ہے چھٹی نماز کا وقت نکل جائے۔

(۵۱۵) وان فاتته اكثر من صلوات يوم وليلة اجزأته التى بدأبها ﴾ ل لانه اذازاد علىٰ يوم وليلة تصيرستاً ٢ وعن محمدؒ انه اعتبر دخول وقت السادسة ٣ والاوّل هو الصحيح لان الكثرة بالدخول فى حدالتكرار وذٰلک فى الاول

**ترجمه**: (۵۱۵) اوراگرایک دن اورایک رات سے زیادہ کی نماز فوت ہوجائے توجس نماز کوشروع کیاوہ جائز ہوجائے گی۔

**ترجمه**: ل اسلئے کہ ایک دن اورایک رات سے زیادہ ہوجائے توچھ نمازیں ہوجائیں گی۔

**تشریح**: متن کی یہ عبارت جامع صغیر کی ہے جسکواوپر لکھ چکا ہوں۔ جسکا مطلب یہ ہے کہ ایک دن ایک رات سے زیادہ نماز فوت ہوجائے اورچھٹی نماز کا بھی وقت نکل جائے توچھ نماز ہوجائے گی اوراب انکویاد کرتے ہوئے بھی وقتیہ نماز پڑھ لے وقتیہ نماز فاسد نہیں ہوگی، بلکہ ہوجائے گی۔

**ترجمه**: ٢ اورمحمدؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ انہوں نے چھٹی کے وقت کے داخل ہونے کا اعتبار کیا۔

**تشریح**: امام محمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ چھٹی نماز کا وقت صرف داخل ہوگیا، پھر بھی کثیر ہوگئی اوراب وقتیہ کو پڑھنا جائز ہوگیا۔

**ترجمه**: ٣ پہلی روایت صحیح ہے۔اسلئے کہ کثرت ہوتی ہے حدتکرار میں داخل ہونے سے،اوریہ پہلی روایت میں ہے

**تشریح**: پہلی روایت یہ ہے کہ چھٹی نماز کاوقت نکل جائے تب کثیر ہوگی،صرف داخل ہونے سے کثیر نہیں ہوگی۔اسکی وجہ یہ ہے کہ کثیراس وقت ہوگی جب قضاء نماز کی تکرار ہوجائے،مثلا فجر سے عشاء تک قضاء ہوئی ہے توتکرار اس وقت ہوگی جب اگلے دن کی فجر بھی قضاء ہوجائے،اوراگلے دن کی فجر اس وقت قضاء شمار کی جائے گی جب اسکاوقت نکل جائے، کیونکہ وقت باقی ہوتو ابھی اداء کر سکتا ہے ،اسلئے چھٹی نماز کاوقت نکل جائے تو نماز کثیر ہوگی اوراب ترتیب ساقط ہوگی۔

**وجه**: اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔(۱) عن ابراهيم قال : كان يقول فى المغمى عليه اذا أغمى عليه يوم و ليلة أعاد و اذا كان اكثر من ذالك لم يعد ۔(مصنف ابن ابی شیبة، ۷۴ ۵ ما یعید المغمی علیہ من الصلوة، ج ثانی، ص ۷۱، نمبر ۶۵۹۱ رمصنف عبدالرزاق، باب صلوة المریض علی الدابة وصلوة المغمی علیہ، ج ثانی، ص ۳۱، نمبر ۴۱۶۳ رکتاب الآثار لامام محمدؒ، باب صلوة المغمی علیہ، ص ۳۴، نمبر ۱۶۹)(۲)عن نافع عن ابن عمر أنه أغمى عليه أياما فأعاد صلوة يومه الذى أفاق فيه و لم يعد شيئا مما مضى . (مصنف ابن ابی شیبة، ۷۴ ۵ ما یعید المغمی علیہ من الصلوة، ج ثانی، ص ۷۱، نمبر ۶۵۸۵ رمصنف عبد الرزاق، باب صلوة المریض علی الدابة وصلوة المغمی علیہ، ج ثانی، ص ۳۱، نمبر ۴۱۶۳) ان دونوں اثروں سے معلوم ہوا کہ چھٹی نماز قضاء ہوجائے تب وہ کثیر ہوگی۔

(۵۱۶) ولو اجتمعت الفوائت القديمة والحديثة قيل يجوز الوقتية مع تذكر الحديثة لكثرة الفوائت ﴾ ل وقيل لايجوز ويجعل الماضي كان لم يكن زجرا له عن التهاون (۵۱۷) ولو قضى بعض الفوائت حتى قلّ مابقي عاد الترتيب عند البعض ﴾ ل وهو الاظهر

**ترجمہ**: (۵۱۶) اگر پرانی فوت شدہ نماز اور نئی فوت شدہ نماز جمع ہوگئیں، تو کہا گیا ہے کہ نئی نماز کو یاد کرتے ہوئے وقتیہ نماز پڑھنا جائز ہے، فوت شدہ نماز کی کثرت ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: مثلا پانچ نمازیں پرانی قضاء ہوئیں اور پانچ نمازیں نئی قضاء ہوئیں، تو دونوں ملاکر دس ہوئیں، لیکن نئی نمازیں تو پانچ ہی ہیں جو کثیر نہیں ہیں، تاہم اس وقت میں گنجائش تو ان پانچ نمازوں کو یاد کرتے ہوئے وقتیہ نماز پڑھنا جائز ہے، اسلئے کہ پرانی اور نئی دونوں کو ملاکر دس نمازیں ہوگئیں جو کثیر ہے، اسلئے وقتیہ نماز جائز ہے۔

**ترجمہ**: ل اور بعض حضرات نے فرمایا کہ وقتیہ پڑھنا جائز نہیں ہے، اور پرانی نمازوں کو ایسا سمجھو کہ قضاء ہوئی ہی نہیں سستی سے تنبیہ کرنے کے لئے۔

**تشریح**: بعض حضرات نے فرمایا کہ سستی کی وجہ سے اس پر تنبیہ کرنے کے لئے پرانی نماز کو کالعدم کیا جائے گا اور نئی کو سامنے رکھا جائے گا اور نئی نمازیں کثیر نہیں ہیں اسلئے وقتیہ نماز پڑھنا جائز نہیں ہے۔

**لغت**: حدیثۃ: نئی نماز۔ زجرا: تنبیہ کرنا۔ تھاون: سستی۔

**ترجمہ**: (۵۱۷) اگر بعض فوت شدہ نماز کو قضاء کرلی یہاں تک کہ باقی نمازیں چھ سے کم ہوگئی تو بعض کے نزدیک ترتیب لوٹ آئے گی۔

**ترجمہ**: ل ظاہر روایت یہی ہے۔

**تشریح**: مثلا سات نمازیں قضاء ہوگئیں جنکی وجہ سے ترتیب ساقط ہوگئی، لیکن اس آدمی نے چار نمازیں قضاء کرلی اور اس پر صرف تین نمازیں باقی رہیں تو اب یہ آدمی دوبارہ صاحب ترتیب بن جائے گا یا نہیں۔ اس بارے میں بعض حضرات کی رائے یہ ہے کہ ترتیب واپس آجائے گی۔ اور ان تین نمازوں کو یاد کرتے ہوئے وقتیہ پڑھنا جائز نہیں ہوگا۔ ظاہر روایت یہی ہے۔

**وجہ**: (۱) زیادہ نماز فوت ہونے سے ترتیب اس لئے ساقط کی گئی کہ اتنی نمازوں کو پڑھنے میں خود وقتیہ نماز فوت ہونے کا خطرہ ہے۔ اور جب نماز قضاء کرتے کرتے پانچ سے کم ہوگئی تو اب اسکو اداء کرنے میں وقتیہ نماز کے فوت ہونے کا خطرہ نہیں ہے اسلئے ترتیب واپس لوٹ آنی چاہئے۔ (۲) اس اثر میں اسکا اشارہ ہے عن الحسن قال : اذا نسی الصلوات فلیبدأ بالاولی فالاولی فان خاف الفوت یبدأ بالتی یخاف فوتھا (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۲۸۳ فی الرجل ینسی الصلوات جمیعا، ج

۲؎ فانہ رُوِیَ عن محمدؒ فی من ترک صلوٰۃ یوم ولیلۃ وجعل یقضی من الغد مع کل وقتیۃ فائتۃ فالفوائت جائزۃ علیٰ کل حال و الوقتیات فاسدۃ ان قدمها لدخول الفوائت فی حدالقلۃ

اول، ص ۱۰۱۴، نمبر ۴۷۲۵) اس اثر میں ہے کہ وقتیہ فوت ہونے کا خطرہ ہوتو فائتہ نہ پڑھے بلکہ وقتیہ پڑھے، اس سے معلوم ہوا کہ کثرت نماز سے وقتیہ فوت ہونے کا خطرہ ہوتو ترتیب ساقط ہوگی، اور پانچ نماز سے کم باقی رہی ہوتو اسکے اداء کرنے میں وقتیہ فوت ہونے کا خطرہ نہیں ہے اسلئے اب ترتیب لوٹ آئے گی۔

**ترجمہ**: ۲؎ چنانچہ امام محمدؒ سے روایت ہے کہ کسی نے ایک دن ایک رات کی نماز چھوڑی، اور اگلے دن ہر وقتیہ کے ساتھ فوت شدہ نماز قضاء کرتا رہا، تو فائتہ ہر حال میں جائز ہیں، اور وقتیات فاسد ہوتی رہیں گی اگر انکو فائتہ سے مقدم کیا، اسلئے کہ فوت شدہ نماز قلیل کی حد میں داخل ہوتی رہی۔

**تشریح**: اس عبارت سے ثابت یہ کرنا چاہتے ہیں کہ امام محمدؒ کے نزدیک بھی فائتہ نمازیں قضاء کرتے کرتے چھ سے کم ہو جائیں تو ترتیب لوٹ آتی ہے، جس سے معلوم ہوا کہ فائتہ کم ہونے سے ترتیب لوٹ آئے گی۔

مسئلے کی صورت یہ ہے کہ، ایک آدمی نے ایک دن اور ایک رات کی پانچ نمازیں چھوڑ دیں، اسلئے یہ آدمی صاحب ترتیب ہے، مثلا پیر کے دن کی فجر، ظہر، عصر، مغرب، اور عشاء چھوڑی۔ دوسرے دن یعنی منگل کے دن ہر وقتیہ نماز کے ساتھ ایک نماز کی قضاء کرنی شروع کی۔ تو اب دو صورتیں ہیں [۱] ایک تو یہ کہ ہر وقت میں وقتیہ نماز پہلے پڑھے اور فوت شدہ بعد میں۔ [۲] اور دوسری صورت یہ ہے کہ ہر وقت میں فوت شدہ نماز پہلے پڑھے اور اسکے بعد وقتیہ نماز پڑھے۔ دونوں صورتوں میں فوت شدہ نماز اداء ہوتی جائے گی اور وقتیہ نماز کا حال یہ ہوگا کہ جن صورتوں میں وہ صاحب ترتیب ہے ان صورتوں میں وقتیہ نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور جن صورتوں وہ صاحب ترتیب نہیں ہے ان صورتوں میں وقتیہ نماز صحیح ہوگی۔

**نوٹ**: ان تمام صورتوں میں دو باتیں قدر مشترک ہیں [۱] ان تمام صورتوں میں فائتہ نمازیں اداء ہوتی جاتیں ہیں۔ اور صاحب ترتیب ہونے کی وجہ سے وقتیہ نمازیں فاسد ہوتیں جاتیں ہیں۔ [۲] جب جب اس پر چھ نمازیں قضاء ہوتیں ہیں تو وہ صاحب ترتیب باقی نہیں رہتا۔ اور جوں ہی اداء کرتے کرتے چھ سے کم ہو جاتیں ہیں تو یہ واپس صاحب ترتیب بن جاتا ہے۔ اب تفصیل دیکھیں۔

﴿ وقتیہ نماز پہلے اور فوت شدہ بعد میں پڑھنے کا اثر ﴾

[۱۔ فجر]۔ منگل کے دن کی فجر وقتیہ کے ساتھ پیر کی فجر کی بھی قضاء کی۔ لیکن وقتیہ پہلے پڑھی اور فوت شدہ فجر بعد میں، اب جیسے ہی وقتیہ فجر پڑھی تو وہ فاسد ہوگئی، کیونکہ اس آدمی پر پیر کے دن کی صرف پانچ نمازیں (۱۔ فجر، ۲۔ ظہر، ۳۔ عصر، ۴۔ مغرب، ۵۔ عشاء

)قضاء ہونے کی وجہ سے صاحب ترتیب تھا ۔لیکن اب اس پر چھ نمازیں فوت ہوگئیں ۔ پانچ نمازیں پیر کے دن کی اور منگل کے دن کی (۶۔فجر )۔اور یہ آدمی صاحب ترتیب نہیں رہا،اب تین منٹ کے بعد اس نے پیر کے دن کی فوت شدہ فجر پڑھی تو وہ جائز ہو گئی، کیونکہ اس آدمی پر چھ نمازیں قضاء ہونے کی وجہ سے صاحب ترتیب نہیں رہا۔لیکن جیسے ہی پیر کے دن کی فجر کی قضاء کی اور وہ جائز بھی ہوگئی تو اب اس پر صرف پانچ نمازیں ہی فوت رہی ۔۔ پیر کے دن کی (۱۔ظہر،۲۔عصر،۳۔مغرب،۴۔عشاء)،اور منگل کے دن کی (۵۔فجر )۔کل پانچ نمازیں ہوئیں ۔اور یہ آدمی دوبارہ صاحب ترتیب لوٹ آیا۔

[۲۔ظہر] پھر منگل کے دن منگل کی وقتیہ ظہر پہلے پڑھی تو وہ فاسد ہوگئی۔ کیونکہ وہ صاحب ترتیب ہے۔لیکن پھر اس پر چھ نمازیں قضاء ہوگئیں ۔پیر کے دن کی ۔(۱۔ظہر،۲۔عصر،۳۔مغرب،۴۔عشاء،)۔اور منگل کے دن کی (۵۔فجر،۶۔ظہر) اسلئے یہ صاحب ترتیب نہیں رہا۔

اب تین منٹ کے بعد پیر کی فوت شدہ ظہر پڑھی تو وہ جائز ہو جائے گی۔اور اس پر صرف پانچ نمازیں باقی رہیں گی۔

پیر کے دن کی (۱۔عصر،۲۔مغرب،۳۔عشاء)۔اور منگل کے دن کی (۴۔فجر،۵۔ظہر) اسلئے اب یہ صاحب ترتیب لوٹ آیا۔

[۳۔عصر] پھر منگل کے دن منگل کی وقتیہ عصر پہلے پڑھی تو وہ فاسد ہوگئی کیونکہ وہ صاحب ترتیب ہے۔لیکن پھر اس پر چھ نمازیں قضاء ہوگئیں ۔پیر کے دن کی ۔(۱۔عصر،۲۔مغرب،۳۔عشاء)۔اور منگل کے دن کی (۴۔فجر،۵۔ظہر،۶۔عصر) اسلئے یہ صاحب ترتیب نہیں رہا۔

اب تین منٹ کے بعد پیر کی فوت شدہ عصر پڑھی تو وہ جائز ہو جائے گی۔اور اس پر صرف پانچ نمازیں باقی رہیں گی۔

پیر کے دن کی (۱۔عصر،۲۔مغرب،۳۔عشاء)۔اور منگل کے دن کی (۴۔فجر،۵۔ظہر) اسلئے اب یہ صاحب ترتیب لوٹ آیا۔

[۴مغرب] پھر منگل کے دن منگل کی وقتیہ مغرب پہلے پڑھی تو وہ فاسد ہوگئی کیونکہ وہ صاحب ترتیب ہے لیکن پھر اس پر چھ نمازیں قضاء ہوگئیں پیر کے دن کی (۱۔مغرب،۲۔عشاء،)اور منگل کے دن کی (۳۔فجر،۴۔ظہر،۵۔عصر،۶۔مغرب) اسلئے یہ صاحب ترتیب نہیں رہا۔

اب تین منٹ کے بعد پیر کی فوت شدہ مغرب پڑھی تو وہ جائز ہو جائے گی۔اور اس پر صرف پانچ نمازیں باقی رہیں گی۔

پیر کے دن کی (۱۔عشاء)۔اور منگل کے دن کی (۲۔فجر،۳۔ظہر،۴۔عصر،۵۔مغرب) اسلئے اب یہ صاحب ترتیب لوٹ آیا۔

[۵عشاء] پھر منگل کے دن منگل کی وقتیہ عشاء پہلے پڑھی تو وہ فاسد ہوگئی کیونکہ وہ صاحب ترتیب ہے لیکن پھر اس پر چھ نمازیں قضاء ہوگئیں ۔پیر کے دن کی ۔(۱۔عشاء،)۔اور منگل کے دن کی (۲۔فجر،۳۔ظہر،۴۔عصر،۵۔مغرب،۶۔عشاء) اسلئے یہ صاحب ترتیب نہیں رہا۔

اب تین منٹ کے بعد پیر کی فوت شدہ عشاء پڑھی تو وہ جائز ہو جائے گی۔اور اس پر صرف پانچ نمازیں باقی رہیں گی۔

**۳؎ وان اخرها فکذلک ۴؎ الا العشاء الاخیرة لانه لافائتة علیه فی ظنه حال ادائها**

منگل کے دن کی (۱۔فجر،۲۔ظہر،۳۔عصر،۴۔مغرب،۵۔عشاء) اسلئے اب یہ صاحب ترتیب لوٹ آیا۔

اس تفصیل سے معلوم ہوا کہ کثیر نماز والا نماز اداء کرتے کرتے چھ سے کم پر آجائے تو پھر وہ دوبارہ صاحب ترتیب بن جائے گا۔

البتہ مسئلہ نمبر ۵۲۰، سے پتہ چلتا ہے کہ ایک دن ایک رات تک وقتیہ نماز فاسد ہوتی رہے گی، اسکے بعد اگر انہوں نے ترتیب کی رعایت نہیں کی تو سمجھا جائے گا کہ یہ پرانی نماز بھول گیا، اور قاعدہ یہ ہے کہ فائتہ نماز بھول کر وقتیہ پڑھ لے تو وقتیہ نماز ہو جاتی ہے۔ اسلئے اب اس آدمی کی وقتیہ نماز ہوتی جائے گی۔

## ﴿فوت شدہ نماز پہلے اور وقتیہ بعد میں پڑھے تو اسکا اثر﴾

**ترجمہ:** ۳؎ اور اگر وقتیہ کو بعد میں پڑھا تو بھی ایسا ہی ہوگا کہ [کہ وقتیہ فاسد ہوتی جائے گی اور فائتہ اداء ہوتی جائے گی]۔

**تشریح:** اگر وقتیہ نماز پہلے پڑھی تو اس پر صرف پانچ نمازیں فوت ہیں اسلئے وہ فاسد ہوتی جائے گی، اور اسکے بعد جو فائتہ نماز پڑھتا جا رہا ہے وہ اداء ہوتی جائے گی۔ جیسا کہ پہلے گزرا۔ اور اگر فائتہ نماز پہلے پڑھی تو وہ ہو جائے گی، اور صاحب ترتیب ہونے کی وجہ سے وقتیہ نماز فاسد ہوتی جائے گی۔ مثلاً پیر کے دن کی (۱۔فجر،۲۔ظہر،۳۔عصر،۴۔مغرب،۵۔عشاء،) قضاء ہوگئی۔ اب اسکو منگل کے دن اس ترتیب سے قضاء کر رہا ہے کہ فوت شدہ نماز پہلے پڑھی اور وقتیہ نماز بعد میں۔ اب پیر کے دن کی فجر پہلے پڑھی تو وہ اداء ہوگئی، اور اس آدمی پر پیر کے دن کی صرف چار نمازیں فوت رہیں، ۱۔ظہر،۲۔عصر،۳۔مغرب،۴۔عشاء، اور یہ صاحب ترتیب باقی رہا، تین منٹ کے بعد منگل کے دن کی وقتیہ فجر پڑھی تو وہ فاسد ہوگئی، اسلئے کہ یہ صاحب ترتیب ہے، لیکن اب اس پر پانچ نمازیں فوت ہوگئیں۔ پیر کے دن کی (۱۔ظہر،۲۔عصر،۳۔مغرب،۴۔عشاء) اور منگل کے دن کی (۵۔فجر) تاہم یہ ابھی بھی صاحب ترتیب ہے اسلئے کہ اس پر صرف پانچ نمازیں ہی فوت ہیں۔ اس صورت میں ہر موقع پر چار نمازیں فوت ہونگیں، یا پانچ نمازیں۔ چھ نمازیں کبھی فوت نہیں ہونگیں اسلئے آدمی ہمیشہ صاحب ترتب ہی رہے گا

**ترجمہ:** ۴؎ مگر آخیر عشاء [فاسد نہیں ہوگی] اسلئے اسکے اداء کرنے کے وقت اسکے گمان میں ہے کہ اس پر فوت شدہ نماز نہیں ہے۔

**تشریح:** آخیر عشاء سے مراد ہے دوسرے دن کی وقتیہ عشاء، پچھلی مثال میں منگل کے دن کی عشاء بنتی ہے۔ یہ وقتیہ عشاء صاحب ترتیب ہونے کے باوجود فاسد نہیں ہوگی، جائز ہو جائے گی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پڑھنے والا فائتہ نماز کو اداء نہیں کر رہا ہے تو اسکا مطلب یہ ہے کہ گویا کہ وہ اسکو بھولا ہوا ہے، یا یاد ہے لیکن یہ مسئلہ معلوم نہیں ہے کہ وہ صاحب ترتیب ہے، اور اسکی وقتیہ نماز فاسد ہوتی چلی جا رہی، تو وہ بھی فائتہ کے بھولنے والے ہی کے درجے میں ہے، اور بھول کر وقتیہ پڑھ لے تو وہ جائز ہو جاتی ہے، اسلئے

(۵۱۸) ومن صلى العصر وهو ذاكر انه لم يصل الظهر فهي فاسدة الا اذا كان في اٰخر الوقت ﴾ ل وهي مسألة الترتيب (۵۱۹) واذا فسدت الفرضية لايبطل اصل الصلوٰة عند ابي حنيفة وابي يوسف﴾

دوسرے دن کی عشاء بھی جائز ہو جائے گی۔ چنانچہ بعض حضرات نے فرمایا کہ اسکو یاد ہو کہ اس پر فائتہ ہے، اور مسئلہ بھی معلوم ہو کہ صاحب ترتیب کی وقتیہ فاسد ہو جاتی ہے تو اسکی یہ عشاء فاسد ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: (۵۱۸) کسی نے عصر کی نماز پڑھی یہ یاد کرتے ہوئے کہ اس نے ظہر کی نماز نہیں پڑھی ہے تو عصر کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ مگر جبکہ آخری وقت میں ہو۔

**ترجمہ**: ل اور یہ ترتیب کا مسئلہ ہے۔ [دوبارہ اصل نماز اور وصف نماز کو بیان کرنے لئے لایا ہے۔]

**تشریح**: کسی نے عصر کی نماز پڑھی، اور اسکو یاد ہے کہ اس نے ظہر کی نماز نہیں پڑھی اور وقت میں گنجائش بھی ہے تو اسکی عصر کی نماز فاسد ہو جائے گی۔ یہ مسئلہ گزر چکا ہے لیکن یہ بیان کرنے لئے کہ ترتیب کو چھوڑنے کی وجہ سے نماز باطل ہوئی تو اصل نماز بھی باطل ہو گئی، یا صرف نماز کا وصف باطل ہوا، اسلئے اس مسئلے کو دوبارہ ذکر کیا۔

**وجہ**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ اس آدمی پر ایک نماز قضاء ہے اسلئے یہ صاحب ترتیب ہے، اور وقت میں بھی گنجائش ہے اسلئے فوت شدہ نماز کو یاد کرتے ہوئے وقتیہ پڑھے گا تو وہ فاسد ہو جائے گی۔ ہاں اگر وقت تنگ ہو اور آخری وقت میں عصر کی نماز پڑھ رہا ہو تو عصر کی نماز فاسد نہیں ہوگی، کیونکہ وقت کے تنگ ہونے کی وجہ سے ترتیب ساقط ہو جاتی ہے (۲) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن عامر وعن مغيرة عن عن ابراهيم قالا : اذا كنت في صلوة العصر فذكرت أنك لم تصل الظهر فانصرف فصل الظهر ثم صل العصر. (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۲۸۷، الرجل یذکر صلوة علیه وھوفی اخری، ج اول، ص ۴۱۴، نمبر ۴۷۵۷) اس اثر میں ہے کہ عصر پڑھ رہا ہو اور اسکو یاد آجائے کہ اس نے ظہر کی نماز نہیں پڑھی تو ظہر کی نماز پڑھ کر پھر عصر لوٹائے۔

**ترجمہ**: (۵۱۹) جب فرض فاسد ہو جائے تو امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسفؒ کے یہاں اصل نماز باطل نہیں ہوگی۔

**تشریح**: ایک ہے اصل نماز جو کم سے کم نفل ہوتی ہے، آدمی مطلق نماز کی نیت کرے گا تو وہ نفل ہوگی۔ البتہ فرض یا واجب، یا سنت کی صفت کی زیادتی کرے گا تو پھر فرض یا واجب یا سنت ہوگی۔ اور دوسری ہے فرضیت کی صفت۔ امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی رائے ہے کہ اگر فائتہ یاد کرتے ہوئے صاحب ترتیب نے وقتیہ نماز پڑھی اور وہ فاسد ہو گئی تو وہ بالکل باطل نہیں ہوگی بلکہ نفل کے درجے میں باقی رہے گی۔

**وجہ**: اسکی وجہ یہ ہے کہ تحریمہ دو باتوں کا مجموعہ تھا، ایک اصل نماز جو نفل ہے، اور دوسری فرضیت کی صفت۔ اب فرضیت کی صفت

ا وعندمحمدؒ تبطل لان التحريمة عقدت للفرض فاذا بطلت الفرضية بطلت التحريمة اصلا
۲ ولهما انها عقدت لاصل الصلوة بوصف الفرضية فلم يكن من ضرورة بطلان الوصف بطلان
الاصل(۵۲۰) ثم العصر يفسد فسادا ﴾[موقوفاً] حتى لوصلى ست صلوات ولم يعد الظهر انقلب
الكل جائزا﴿ا وهذا عند ابى حنيفةؒ.

فاسد ہوئی تو کم سے کم اصل نماز باقی رہی جو نفل ہے، اسلئے صاحب ترتیب کی نماز فاسد ہونے کے بعد نفل باقی رہے گی۔

**ترجمہ**: ا اور محمدؒ کے نزدیک اصل نماز باطل ہو جائے گی۔ اسلئے کہ تحریمہ فرض کے لئے منعقد ہوا ہے پس جب فرضیت باطل ہوئی تو اصل تحریمہ باطل ہو جائے گا۔

**تشریح**: امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ جس کام کے لئے تحریمہ باندھا ہے وہ کام ہی فاسد ہو گیا تو اسکی وجہ سے تحریمہ ہی باطل ہو جائے گا۔ اسلئے صاحب ترتیب کی نماز فاسد ہوئی تو اب وہ نفل بھی باقی نہیں رہے گی اصل نماز بھی باطل ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۲ شیخین کی دلیل یہ ہے کہ تحریمہ اصل نماز کے لئے منعقد ہوا ہے، فرضیت کی صفت کے ساتھ، پس صفت کے باطل ہونے سے کوئی ضروری نہیں ہے کہ اصل نماز بھی باطل ہو جائے۔

**تشریح**: شیخین کی دلیل یہ ہے کہ تحریمہ نماز کے لئے منعقد ہوا ہے، فرضیت کی صفت کے ساتھ، اب صاحب ترتیب کی فرضیت ختم ہو گئی تو کوئی ضروری نہیں ہے کہ اصل نماز بھی ختم ہو جائے۔ اصل نماز نفل باقی رہے گی۔ اسکی مثال یہ ہے کہ ایک غریب آدمی کفارہ یمین کے لئے روزہ رکھ رہا تھا، وہ دن میں مالدار ہو گیا تو اب وہ کھانا کھلا کر یا کپڑا پہنا کر کفارہ ادا کرے گا، کیونکہ مالدار آدمی کا کفارہ کھانا کھلانا ہے یا کپڑا پہنانا ہے، لیکن جو روزہ وہ رکھ رہا تھا وہ باطل نہیں ہوگا بلکہ نفل ہو جائے گا، اسی طرح یہ نماز نفل ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: (۵۲۰) پھر عصر فساد موقوف ہوگا یہاں تک کہ اگر چھ نمازیں پڑھ لی اور ظہر کو نہیں لوٹایا تو کل نمازیں جائز ہو جائیں گی۔

**ترجمہ**: ا یہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ہے۔

**تشریح**: صورت مسئلہ یہ ہے کہ صاحب ترتیب آدمی پر ظہر کی نماز قضاء تھی، اسکو یاد کرتے ہوئے عصر کی نماز پڑھ لی تو عصر کی نماز فاسد ہو گئی۔ اور یہ فساد موقوف ہے۔ یعنی، ۱۔ عصر فاسد ہوئی۔ پھر ظہر یاد کرتے ہوئے ۲۔ مغرب پڑھ لی، اسلئے وہ بھی فاسد ہو گئی۔ پھر ظہر یاد کرتے ہوئے ۳۔ عشاء پڑھ لی اسلئے وہ بھی فاسد ہو گئی، پھر ظہر یاد کرتے ہوئے ۴۔ فجر پڑھ لی اسلئے وہ بھی فاسد ہو گئی۔ پھر ظہر یاد کرتے ہوئے دوسرے دن کی ۵۔ ظہر پڑھ لی اسلئے وہ بھی فاسد ہو گئی، پھر ظہر یاد کرتے ہوئے دوسرے دن کی ۶۔ عصر پڑھ لی

۲ وعندهما يفسد فسادا باتًا لا جواز لها بحال وقد عرف ذالک فی موضعه (۵۲۱) ولو صلی الفجر وهو ذاکر انه لم یوتر فهی فاسدة ﴾ ۱ عند ابی حنیفة خلافا لهما

اسلئے وہ بھی فاسد ہوگئی۔

اور قضاء شدہ ظہر نہیں پڑھی، اب چھ نمازیں فاسد ہوئیں، اسلئے اب یہ صاحب ترتیب نہیں رہا، اس سے ترتیب ساقط ہوگئی، اور ترتیب ساقط ہونے کا حکم پہلے دن کے ظہر کے وقت سے ہی لگایا جائے گا اسلئے پہلے دن کی عصر اب واپس صحیح ہوگئی اور اسکے بعد کی بھی ساری نمازیں واپس صحیح ہوگئیں۔ اسی کو [فساد موقوف] کہتے ہیں کہ چھ نمازوں سے پہلے فاسد شدہ نمازیں اداء کر لے تو اداء ہو جائے گی، اور اداء نہیں کی تو چھ نمازوں کے بعد ترتیب ساقط ہونے کی وجہ سے واپس سب نمازیں صحیح ہو جائیں گی۔

**ترجمہ:** ۲ اور صاحبین کے نزدیک فساد بات [یعنی فساد قطعی] ہوگی کسی حال میں بھی واپس جائز نہیں ہوگی۔ اور یہ اپنے موقع پر معلوم ہو چکا ہے۔

**تشریح:** صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ چھٹی نمازیں فاسد ہونے سے پہلے جتنی نمازیں فاسد ہوئیں وہ سب دوبارہ جائز نہیں ہونگیں وہ فاسد ہی رہیں گی انکو دوبارہ اداء کرنا ہوگا۔

**وجہ:** چھ نمازوں سے پہلے وہ صاحب ترتیب تھا اسی لئے اسکی نمازیں فاسد ہوئیں۔ چھٹی نماز کے بعد اسکی ترتیب ساقط ہوئی، اسلئے اس سے پہلے جو نماز فاسد ہوئی وہ فاسد ہی رہے گی، کیونکہ ترتیب ساقط ہونے کی علت بعد میں آئی ہے۔ باتا: کٹنا، یہاں مراد ہے فاسد ہی باقی رہ جانا۔

**ترجمہ:** (۵۲۱) اگر فجر کی نماز پڑھی یہ یاد کرتے ہوئے کہ اس نے وتر نہیں پڑھی ہے تو فجر فاسد ہے۔

**ترجمہ:** ۱ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک خلاف صاحبینؒ کے

**تشریح:** کوئی آدمی صاحب ترتیب تھا، اس پر وتر کی نماز قضاء تھی اسکو یاد کرتے ہوئے فجر کی نماز پڑھے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک فجر کی نماز فاسد ہو جائے گی۔

**وجہ:** امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک وتر کی نماز واجب ہے، جو فرض کے درجے میں ہے، اور فرض نماز کو یاد کرتے ہوئے فجر کی نماز پڑھے تو وہ فاسد ہو جائے گی، اسی طرح وتر کو یاد کرتے ہوئے فجر کی نماز پڑھے تو وہ فاسد ہو جائے گی۔

اور صاحبینؒ کے نزدیک وتر سنت ہے اسلئے وتر یاد کرتے ہوئے فجر کی نماز پڑھی تو فجر فاسد نہیں ہوگی، کیونکہ سنت اور فرض کے درمیان ترتیب نہیں ہے۔ وہ تو فرض اور واجب کے درمیان ہے۔

**۲ وهذا ابناء علیٰ ان الوتر واجب عنده. سنة عندهما ولا ترتیب فیما بین الفرائض والسنن.**
**۳ وعلیٰ هٰذا اذا صلی العشاء ثم توضأ وصلی السنة والوتر تبین انه صلی العشاء بغیر طهارةٍ فعنده یعید العشاء والسنة دون الوتر لان الوتر فرض علٰی حدة عنده وعندهما یعید الوتر ایضًا لکونہٖ تبعًا للعشاء.. واللہ اعلم.**

---

**ترجمہ**: ۲ یہ اختلاف اس بنیاد پر ہے وتر امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک واجب ہے، اور صاحبینؒ کے نزدیک سنت ہے۔ اور فرض اور سنت کے درمیان ترتیب نہیں ہے۔

**تشریح**: ھدایہ، مسئلہ نمبر ۴۶۰، باب صلوۃ الوتر، میں عبارت اس طرح ہے۔(الوتر واجب عند ابی حنیفةؒ و قالا سنة) جس سے معلوم ہوا کہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک وتر واجب ہے اور صاحبینؒ کے نزدیک سنت ہے۔ اسی بنیاد پر یہ اختلاف ہے کہ وتر یاد کرتے ہوئے فجر پڑھی تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک فجر فاسد ہو جائے گی اور صاحبینؒ کے نزدیک فاسد نہیں ہوگی۔ کیونکہ واجب فرض کے درجے میں ہے اور فرضوں کے درمیان ترتیب ضروری ہے، اور صاحبینؒ کے نزدیک سنت ہے اور فرض اور سنت کے درمیان ترتیب نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اسی اختلاف پر ہے۔ کہ اگر عشاء کی نماز پڑھی پھر وضو کیا اور سنت اور وتر پڑھی، پھر معلوم ہوا کہ عشاء کی نماز بغیر وضو کے پڑھی ہے، تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک عشاء اور سنت لوٹائے۔ وتر نہیں لوٹائے، اسلئے کہ وتر انکے نزدیک الگ فرض ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک وتر بھی لوٹائے گا اسلئے کہ وہ عشاء کے تابع ہے۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ جو واجب ہوگا وہ کسی فرض کے تابع نہیں ہوگا، وہ مستقل چیز ہے، اسلئے اگر فرض لوٹایا تو اسکے تابع کر کے واجب کو لوٹانے کی ضرورت نہیں، اور جو سنت کسی فرض کے تابع ہے اور اسکے بعد ہے تو اگر فرض کو لوٹایا تو ترتیب باقی رکھنے کے لئے اسکے بعد والی سنت کو بھی لوٹانا ہوگا۔

اس اصول پر مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ کسی نے عشاء کی نماز پڑھی اسکے بعد وضو کی اور عشاء کی سنت پڑھی اور وتر بھی پڑھی، بعد میں معلوم ہوا کہ عشاء کی نماز بغیر طہارت کے پڑھی ہے اسلئے عشاء کی نماز کو دہرایا، تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک صرف عشاء کی سنت دہرانی ہوگی، وتر کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے، اسکی وجہ یہ ہے کہ وتر واجب ہے اور مستقل چیز ہے، عشاء کے تابع نہیں ہے کہ عشاء کے تابع کر کے اسکو دہرانے کی ضرورت ہو، اور وتر کو پڑھی بھی ہے طہارت کے ساتھ اسلئے اسکو دہرانے کی ضرورت نہیں، البتہ عشاء کی بعد والی سنت عشاء کے تابع ہے اسلئے فرض اور سنت کے درمیان ترتیب باقی رکھنے کے لئے عشاء کے ساتھ اسکی سنت بھی دہرائے گا۔ یہ اور بات ہے کہ عام حالات میں وتر عشاء کے بعد پڑھتے ہیں لیکن یہاں عشاء کو دہرانے کی وجہ سے یہ ترتیب باقی نہیں رہی۔ اور

صاحبینؒ کے نزدیک وتر سنت ہے،تو گویا کہ عشاء کی نماز کے تابع ہے، اسلئے جب عشاء کی نماز دہرائی تو جس طرح اسکے تابع کر کے عشاء کی سنت دہرائے گا تو وتر بھی اسکے تابع کر کے دہرائے گا، کیونکہ وہ بھی تو سنت ہی ہے۔ واللہ اعلم۔

## ﴿باب سجود السهو﴾

(۵۲۲) یسجد للسهو فی الزیادة والنقصان سجدتین بعد السلام ثم یتشهد ثم یسلم﴾

## ﴿ باب سجود السہو ﴾

**ضروری نوٹ** : سجود السہو : کوئی واجب بھول جائے یا واجب کی زیادتی ہو جائے یا فرائض مکرر ادا ہو جائیں تو اس کو گویا کہ پورا کرنے کے لئے سجدۂ سہو واجب ہے۔ سنت کے چھوڑنے سے سجدۂ سہو نہیں ہے۔ فرض چھوٹ جائے تو نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ (۱) واجب کے بھولنے میں سجدہ سہو ہے، اسکی دلیل یہ ہے۔ عن المغیرة بن شعبة قال قال رسول الله ﷺ (( اذا قام الامام فی الرکعتین فان ذکر قبل أن یستوی قائما فلیجلس ، فان استوی قائما فلا یجلس و یسجد سجدتی السهو )) ۔ (ابوداود شریف، باب من نسی أن یتشهد وھو جالس، ص ۱۵۷، نمبر ۱۰۳۶ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی سجدتی السہو قبل السلام، ص ۹۰، نمبر ۳۹۱) اس حدیث میں ہے کہ قاعدہ اولی بھول جائے تو سجدہ سہو کرے، اور قاعدہ اولی واجب ہے جس سے معلوم ہوا کہ واجب کے چھوٹنے سجدہ سہو واجب ہوگا۔

اس حدیث میں ہے کہ ہر بھول کے لئے سجدہ سہو ہے، لیکن احادیث سے پتہ چلتا ہے سنت کے بھولنے سے سجدہ نہیں ہے بلکہ واجب کے بھولنے سے سجدہ ہے حدیث یہ ہے۔ (۲) عن ثوبان عن النبی ﷺ قال : (( لکل سهو سجدتان بعد ما یسلم )) ۔ (ابوداود شریف، باب من نسی أن یتشهد وھو جالس، ص ۱۵۷، نمبر ۱۰۳۸ / ابن ماجة شریف، باب ماجاء فیمن سجدھما بعد السلام ص ۱۷۱، نمبر ۱۲۱۹) اس حدیث میں ہے کہ ہر بھول میں سجدہ سہو ہے۔ (۳) عن عمران بن حصین قال سلم رسول الله ﷺ فی ثلاث رکعات من العصر ثم قام فدخل الحجرة فقام رجل بسیط الیدین فقال اقصرت الصلوة یا رسول الله فخرج مغضبا فصلی الرکعة التی کان ترک ثم سلم ثم سجد سجدتی السهو ثم سلم (مسلم شریف، باب فصل من ترک الرکعتین اونحوھما فلیتم مابقی ویسجد سجدتین بعد التسلیم ص ۲۱۴، نمبر ۱۲۹۴/۵۷۴ / بخاری شریف، باب ھل یأخذ الامام اذا شک بقول الناس، ص ۹۹، نمبر ۷۱۴ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی الامام ینھض فی الرکعتین ناسیا، ص ۸۳، نمبر ۳۶۴ / ابو داؤد شریف، باب السہو فی السجدتین، ص ۱۵۳، نمبر ۱۰۱۸ اس باب کی آخری حدیث ہے) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کوئی واجب بھول جائے تو سلام کرے پھر سجدۂ سہو کرے پھر سلام پھیرے۔

**ترجمہ** : (۵۲۲) بھول سے زیادہ کرنے یا نقصان کرنے سے دو سجدہ سہو کرے سلام کے بعد پھر تشہد پڑھے، پھر دوبارہ سلام کرے۔

**تشریح** : نماز میں واجب کی کمی رہ جائے یا زیادتی ہو جائے یا خلاف ترتیب ہو جائے تو اس کو پورا کرنے کے لئے سجدۂ سہو

کرے۔ اور سلام پھیرے۔ حنفیہ کے نزدیک تشہد پڑھ کر دائیں جانب ایک سلام کرے پھر دو سجدۂ سہو کرے پھر دوبارہ تشہد پڑھے، درود پڑھے، دعا پڑھے اور دوبارہ دونوں جانب سلام کرے۔

**وجہ**: (۱) اوپر کی حدیث میں اس کا ثبوت ہے کہ آپ نے کمی زیادتی میں سلام کیا ہے پھر سجدۂ سہو کیا ہے اور پھر دوبارہ سلام کیا ہے۔ عن عمران بن حصین قال سلم رسول الله ﷺ فی ثلاث رکعات من العصر ثم قام فدخل الحجرة فقام رجل بسیط الیدین فقال اقصرت الصلوة یا رسول الله فخرج مغضبافصلی الرکعة التی کان ترک ثم سلم ثم سجد سجدتی السھو ثم سلم (مسلم شریف، باب فصل من ترک الرکعتین اونحوھما فلیتم مابقی ویسجد سجدتین بعد التسلیم ص ۲۱۴، نمبر ۱۲۹۴/۵۷۴ر بخاری شریف، باب ھل یأخذ الامام اذ اشک بقول الناس، ص ۹۹، نمبر ۷۱۴ر ترمذی شریف، باب ماجاء فی الامام ینھض فی الرکعتین ناسیا، ص ۸۳ نمبر ۳۶۴ر ابو داؤد شریف، باب السھو فی السجدتین، ص ۱۵۳، نمبر ۱۰۱۸ اس باب کی آخری حدیث ہے) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کوئی واجب بھول جائے تو سلام کرے پھر سجدۂ سہو کرے پھر سلام پھیرے۔ (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ثوبان عن النبی ﷺ قال: ((لکل سھو سجدتان بعد ما یسلم))۔ (ابوداود شریف، باب من نسی ان یتشھد وھو جالس، ص ۱۵۷، نمبر ۱۰۳۸ر ابن ماجۃ شریف، باب ما جاء فیمن سجدھما بعد السلام، ص ۱۷۱، نمبر ۱۲۱۹) اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ سلام کے بعد سجدہ سہو کرے۔ (۳) زیادہ ہونے پر سجدۂ سہو کیا ہو اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن عبد الله قال صلی النبی ﷺ الظھر خمسا فقالوا ازید فی الصلوة؟ قال وما ذاک قالوا صلیت خمسا قال فثنی رجله وسجد سجدتین (بخاری شریف، باب ماجاء فی القبلۃ ومن یر الاعادۃ علی من سھی ص ۵۸ نمبر ۴۰۴ر مسلم شریف، باب من صلی خمسا اونحوہ ص ۲۱۲ نمبر ۱۲۸۳/۵۷۲) اس حدیث میں پانچ رکعت پڑھنے پر آپ نے سجدۂ سہو کیا ہے جو زیادہ کرنے پر سجدۂ سہو ہوا۔ (۴) کمی پر سجدۂ سہو کی دلیل یہ حدیث ہے عن عبد الله بن بحینة انه قال صلی لنا رسول الله ﷺ رکعتین ثم قام فلم یجلس فقام الناس معه فلما قضی صلوته وانتظر نا التسلیم کبر فسجد سجدتین وھو جالس قبل التسلیم ثم سلم صلی الله علیه وسلم (ابوداؤد شریف، باب من قام من ثنتین ولم یتشھد ص ۱۵۵ نمبر ۱۰۳۴ر ترمذی شریف، باب ماجاء فی الامام ینھض فی الرکعتین ناسیا، ص ۸۳، نمبر ۳۶۴ر نسائی شریف، باب مایفعل من قام من اثنتین ناسیا ولم یتشھد ص ۱۳۷ نمبر ۱۲۲۳) اس حدیث میں کمی ہونے پر سجدہ کیا، قعدۂ اولی نہ کرنے اور تشہد نہ پڑھنے پر سجدہ کیا۔ یہ بھی پتہ چلا کہ قعدۂ اولے اور تشہد کا پڑھنا واجب ہے تو واجب کے چھوڑنے پر سجدۂ سہو کیا۔ دو سلاموں کے درمیان دوبارہ تشہد پڑھے (۵) اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عمران بن حصین ان النبی ﷺ صلی بھم فسھا فسجد سجدتین ثم تشھد ثم سلم (ابوداؤد شریف، باب سجدتی السھو فیھما تشھد وتسلیم ص ۱۵۶ نمبر ۱۰۳۹ر ترمذی شریف، باب ماجاء فی التشھد فی سجدتی السھو ص ۹۰ نمبر ۳۹۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دونوں سلاموں کے درمیان تشہد دوبارہ پڑھے گا۔ اور تشہد پڑھے گا تو اخیر میں درود شریف اور دعا بھی پڑھے۔ پہلا

**۱؎ وعند الشافعیؒ یسجد قبل السلام لما روی انه علیه السلام سجد للسهو قبل السلام ۲؎ ولنا قوله علیه السلام لکل سهو سجدتان بعد السلام**

سلام نماز پوری ہونے کے لئے ہے اور دوسرا سلام اس لئے ہے کہ سجدۂ سہو نماز کے اندر ہو جائے تا کہ سجدۂ سہو کے اندر کوئی کمی بیشی ہو جائے تو اس کو سجدہ کے ذریعہ پوری کی جا سکے۔

**فائدہ : ترجمہ**: ۱؎ امام شافعیؒ کے نزدیک سلام سے پہلے سجدہ سہو کرے اسلئے کہ روایت کی گئی ہے کہ حضور علیہ السلام نے سلام سے پہلے سجدہ فرمایا ہے۔

تشریح:۔ حضرت امام شافعیؒ کے یہاں سجدہ سہو سلام کے بعد ہے، تاہم یہ استحباب کا اختلاف ہے اسلئے سلام سے پہلے بھی کر لیا تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ سجود السهو کله عندنا فی الزیادة و النقصان قبل السلام . (موسوعۃ الشافعی، باب سجود السہو، ج ثانی، ص ۲۳۱، نمبر ۱۶۰۱) اس عبارت میں ہے کہ سجدہ سہو سلام سے پہلے ہے۔

**وجہ** : (۱) انکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عبد الله ابن بحینة الاسدی حلیف بنی المطلب : أن رسول الله ﷺ قام فی صلوة الظهر و علیه جلوس فلما أتم صلوته سجد سجدتین یکبر فی کل سجدة و هو جالس قبل أن یسلم ، و سجد هما الناس معه مکان ما نسی من الجلوس ۔ (بخاری شریف، باب یکبر فی سجدتی السہو، ص ۱۹۶، نمبر ۱۲۳۰ رمسلم شریف، باب السہو فی الصلوۃ والسجود لہ، ص ۲۲۹، نمبر ۵۷۰/۱۲۶۹) (۲) عن عبد الله بن بحینة انه قال صلی لنا رسول الله ﷺ رکعتین ثم قام فلم یجلس فقام الناس معه فلما قضی صلوته و انتظر نا التسلیم کبر فسجد سجدتین وهو جالس قبل التسلیم ثم سلم صلی الله علیه و سلم (ابوداؤد شریف، باب من قام من ثنتین ولم یتشہد ص ۱۵۵ نمبر ۱۰۳۴ رترمذی شریف، باب ماجاء فی الامام ینہض فی الرکعتین ناسیا، ص ۸۳، نمبر ۳۶۴ رنسائی شریف، باب ما یفعل من قام من اثنتین ناسیا ولم یتشہد ص ۱۳۷ نمبر ۱۲۲۳) اس حدیث میں سلام سے پہلے سجدہ سہو فرمایا ہے اسلئے سلام سے پہلے سجدہ سہو کرنا بہتر ہے۔

اور امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ نماز میں کمی ہوئی ہو تو سلام سے پہلے سجدۂ سہو کریگا اور زیادتی ہوئی ہو تو سلام کے بعد سجدۂ سہو کرے گا۔ انہوں نے دیکھا کہ سلام سے پہلے اور سلام کے بعد دونوں طرح سجدۂ سہو ثابت ہے اس لئے انہوں نے یہ مسلک اختیار فرمایا۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے: ہر سہو کے لئے دو سجدے ہیں سلام کے بعد

**تشریح** : ۔ صاحب ھدایہ کی یہ حدیث اوپر گزر گئی ہے۔ وہ یہ ہے۔ عن ثوبان عن النبی ﷺ قال : (( لکل سهو سجدتان بعد ما یسلم )) ۔ (ابوداود شریف، باب من نسی أن یتشہد وھو جالس، ص ۱۵۷، نمبر ۱۰۳۸ رابن ماجۃ شریف، باب ما جاء فیمن سجدھما بعد السلام، ص ۱۷۱، نمبر ۱۲۱۹) اس حدیث میں ہے کہ ہر بھول میں سلام کے بعد سجدہ سہو ہے، اور یہ حدیث قولی ہے۔

۳ وروی انہ علیہ السلام سجد سجدتی السهو بعد السلام ۴ فتعارضت روايتا فعله فبقی التمسک بقوله سالما ۵ ولان سجود السهو مما لایتکرر فیؤخر عن السلام حتی لو سهی عن السلام ینجبر به. ۶ وهذا الخلاف فی الاولوية

---

**ترجمه** : ۳ اورروایت کی گئی ہےحضورعلیہ السلام نےسجدہ سہو کےدوسجدے سلام کےبعدفرمائے۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن عبد اللہ ؓ أن رسول الله ﷺ صلی الظهر خمسا ، فقیل له : أزید فی الصلوة ؟ فقال (( و ما ذاک ؟ )) قال صلیت خمسا ، فسجد سجدتین بعد ما سلم .( بخاری شریف، باب اذا صلی خمسا، ص ۱۹۶، نمبر ۱۲۲۶ رمسلم شریف، باب السهو فی الصلوة والسجود له، ص ۲۳۴، نمبر ۱۲۹۰/۵۷۳)اس حدیث میں ہے کہ سلام کےبعد سجدہ سہوفرمایا ۔اور یہ حدیث فعلی ہے۔

**ترجمه** : ۴ پس حضورعلیہ السلام کی دوفعلی حدیثیں متعارض ہوگئیں، اسلئے انکی قولی حدیث سےدلیل پکڑنا سالم رہ گیا۔

**تشریح** : امام شافعیؒ نےحضورؐ کی فعلی حدیث پیش کی کہ حضورؐ نےسلام سے پہلے سجدہ سہوفرمایا،اور حنفیہ نےبھی حضورؐ کی فعلی حدیث پیش کی کہ حضورؐ نے سلام کے بعد سجدہ سہو فرمایا، اسلئے دوفعلی حدیثیں متعارض ہوگئیں، اسلئے دونوں حدیثیں چھوڑ دیں، اور حضورؐ کی قولی حدیثیں لےلیں، اورقولی حدیث میں ہے کہ سلام کے بعد سجدہ کرو۔اس لئے اسی سے دلیل پکڑنا چاہئے۔

**ترجمه** : ۵ اوراسلئےکہ سجدہ سہواس میں سے ہے جو بار بارنہیں ہوتا اسلئے سلام کےبعد کریں، تا کہ اگرسلام سےسہوہوجائے تو سجدہ سےاسکو پورا کرلے۔

**تشریح** : سلام کےبعدسجدہ سہوہواسکی یہ دلیل عقلی ہے۔سجدہ ان اعمال میں سے ہے کہ وہ مکررنہیں ہوتا،اب اگرسلام سے پہلے سجدہ کرلیں،اورمثلاسوچ میں پڑگیا کہ چاررکعتیں پڑھیں یا تین رکعتیں پڑھیں، اسی سوچ میں سلام کی تاخیر ہوگئی اورسلام میں تاخیر کی وجہ سےدوبارہ سجدہ سہولازم ہوگیا تو اب دوبارہ سجدہ سہوکرنا ہوگا،اورسجدہ سہومکررنہیں ہے۔اسلئےسلام کےبعدسجدہ سہوکریں تا کہ سلام میں کوئی خامی آجائےتواس سجدہ سے وہ خامی بھی پوری ہوجائے۔ اسلئے سلام کےبعدسجدہ کرنا زیادہ بہتر ہے۔ینجبر :نقصان کو پورا کرنا۔

**ترجمه** : ۶ یہ اختلاف اولویت میں ہے۔

**تشریح** : سلام سے پہلے سجدہ کرے یابعدمیں دونوں جائزہیں۔لیکن ہمارے یہاں اولی یہ ہے کہ سلام کےبعدسجدہ کرے۔یہ اختلاف اولی ہونے میں ہے ، جواز اورعدم جواز میں نہیں ہے۔

ے ویاتی بتسلیمتین ھو الصحیح صرفا للسلام المذکور الی ماھو المعھود ۸ے ویاتی بالصلوٰۃ علی النبی علیه السلام والدعاء فی قعدۃ السھو ھو الصحیح لان الدعاء موضعه اخر الصلوٰۃ

**ترجمه**: ے دونوں سلام پھیرے، صحیح یہی ہے، مذکورہ سلام کو معہود کی طرف پھیرنے کے لئے۔

**تشریح**: سجدہ سہو سے پہلے جو سلام پھیرے گا وہ دو سلام پھیرے گا، یا ایک ہی سلام پھیر کر سجدہ سہو کرے گا۔ اس بارے میں صاحب ھدایہ کی رائے یہ ہے کہ دونوں سلام پھیر کر سجدہ سہو کرے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ سلام پھیر کر سجدہ کرے تو اس سلام سے وہی سلام مراد ہوگی لوگوں کے ذہن میں پہلے سے ہے، اور لوگوں کے ذہن میں نماز کا سلام ہے جو دونوں طرف پھیرتے ہیں، اس لئے وہی سلام مراد ہوگی جو معہود و متعین ہے، اسلئے دونوں طرف سلام پھیر کر سجدہ سہو کرے۔

ھو الصحیح ؛ کہہ کر اس بات کی طرف اشارہ کیا کہ بعض حضرات کی رائے ہے کہ ایک سلام پھیر کر ہی سجدہ سہو کرے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں بعد ما یسلم کا لفظ ہے جس سے اشارہ ہے کہ ایک ہی سلام کرے۔ آج کل حنفیہ کے یہاں اسی پر عمل ہے۔

**ترجمه** : ۸ے قاعدہ سہو میں حضورؐ پر درود پڑھے، اور دعاء کرے، صحیح یہی ہے، اسلئے کہ دعاء کی جگہ نماز کا اخیر حصہ ہے۔

**تشریح**: یہاں دو قسم کے قعدہ ہیں [۱] سجدہ سہو سے پہلے کا قعدہ، جس کو قعدہ صلوۃ، کہتے ہیں [۲] اور دوسرا ہے سجدہ سہو کے بعد کا قعدہ جسکو قعدہ سہو، کہتے ہیں۔ مصنف فرماتے ہیں کہ حضورؐ پر درود شریف، اور امت کے لئے دعاء قعدہ سہو کے بعد یعنی سجدہ سہو کے بعد جو قعدہ ہے اسکے بعد کرے، صحیح یہی ہے۔

**وجه** : اسکی وجہ یہ ہے کہ (۱) دعاء کا مقام نماز کا اخیر ہے، اور درود شریف دعاء کے قبول ہونے کے لئے کی جاتی ہے اسلئے وہ بھی دعاء کے ساتھ اخیر میں ہونی چاہئے (۲) **عن عمران بن حصین : أن النبی ﷺ صلی بھم فسھا فسجد سجدتین ثم تشھد ثم سلم** ۔ (ابو داود شریف، باب سجدتی السھو فیھما تشھد و تسلیم، ص ۱۵۸، نمبر ۱۰۳۹) اس حدیث میں ہے کہ سجدہ سہو کے بعد تشہد پڑھا اور سلام فرمایا، اور یہ بات معلوم ہے کہ تشہد کے بعد درود شریف پڑھتے ہیں، اور اسکے بعد دعاء کرتے ہیں، جس سے معلوم ہوا کہ قعدہ سہو کے بعد درود اور دعاء پڑھے۔ (۳) اس اثر میں بھی اسکا ثبوت ہے۔ **عن الحکم و حماد أنھما قالا : یتشھد فی سجود السھو ثم یسلم** ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۲۴۴، ما قالوا فیھما تشھد أم لا؟ و من قال : لا یسلم فیھما، ج اول، ص ۳۸۸، نمبر ۴۴۶۶ / مصنف عبد الرزاق، باب ھل فی سجدتی السھو تشھد و تسلیم، ج ثانی، ص ۲۰۴، نمبر ۳۵۱۲) اس اثر میں ہے کہ سجدہ سہو کے بعد تشہد اور سلام ہے۔ تو درود اور دعاء بھی اسکے بعد ہوگی۔

**نوٹ** : حنفیہ کے یہاں پہلے تشہد پڑھتے ہیں اسکے بعد دائیں جانب ایک سلام پھیر کر دو سجدہ سہو کرتے ہیں، اسکے بعد دوبارہ تشہد پڑھتے ہیں، اسکے بعد درود شریف، اسکے بعد دعاء پڑھ کر دو سلام پھیرتے ہیں۔ سجدہ سہو سے پہلے اور سجدہ سہو کے بعد دونوں میں تشہد پڑھے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ **عن ابی عبیدۃ عن عبد اللہ قال : یتشھد فیھما** ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۲۴۴، ما قالوا فیھما

(۵۲۳) قال ويلزمه السهو اذا زاد فى صلاته فعلا من جنسها ليس منها﴾

تشهد أم لا؟ ومن قال: لا يسلم فيهما، ج اول، ص ۳۸۸، نمبر ۴۴۵۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ سجدہ سہو کے بھی بیٹھنے میں تشہد پڑھے اور اسکے بعد بھی تشہد پڑھے۔

**ترجمہ**: (۵۲۳) سجدہ سہو لازم ہوگا جبکہ نماز میں ایسا فعل زیادہ ہو جائے جو نماز کی جنس میں سے ہو لیکن نماز کا جزء نہ ہو۔

**تشریح**: سجدہ سہو کب لازم ہوگا اس کا سبب بتا رہے ہیں۔ کہ ایسا کام جو نماز کی جنس سے ہو لیکن نماز کا جزء نہ ہو وہ کر لے تو سجدہ سہو لازم ہو جائے گا۔ مثلا، سجدہ نماز کی جنس ہے، لیکن تیسرا سجدہ نماز کا جزء نہیں ہے، اب کسی نے دو کے بجائے تین سجدہ کر لیا تو تیسرے سجدے کی وجہ سے سجدہ سہو لازم ہو جائے گا۔ اسی طرح رکوع نماز کی جنس ہے، لیکن ایک رکوع کے بعد دوسرا رکوع نماز کا جزء نہیں ہے، اسلئے اگر کسی نے دو رکوع کر لیا تو دوسرے رکوع کی وجہ سے سجدہ سہو لازم ہوگا۔ حاصل یہ ہے کہ کسی واجب کے چھوٹنے سے، یا کسی واجب کے زیادہ ہونے سے، یا کسی فرض کے تاخیر ہونے سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے۔

**وجہ**: (۱) واجب کی کمی رہنے سے نقصان ہوا اس نقصان کو پورا کرنے کے لئے سجدہ کیا جاتا ہے، جیسے حج میں کوئی کمی رہ جائے تو اس کمی کو پورا کرنے لئے دم دینا پڑتا ہے [یعنی جانور ذبح کرنا پڑتا ہے] اسی طرح یہاں کمی پورا کرنے کے لئے سجدہ کیا جاتا ہے۔
(۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ (۲) عن عبد الله قال صلينا مع رسول الله ﷺ فاما زاد او نقص قال ابراهيم وايم الله ما جاء ذاک الا من قبلی قال قلنا يا رسول الله ﷺ احدث فى الصلوة شیء؟ فقال لا قال فقلنا له الذی صنع فقال اذا زاد الرجل او نقص فليسجد سجدتين قال ثم سجد سجدتين (مسلم شریف، باب من ترک الركعتين اونحوهما فليتم مابقى ويسجد سجدتين بعد التسليم ص ۲۱۳ نمبر ۵۷۲/۱۲۸۰ ابو داؤد شریف، باب من قال يتم على اكثر ظنه ص ۱۵۴ نمبر ۱۰۲۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز میں زیادتی ہو جائے یا کچھ واجب چھوٹ جائے تو سجدۂ سہو کرے۔ اور اس حدیث میں [ فليسجد سجدتين ] امر کا صیغہ ہے جو وجوب کے لئے آتا ہے اسلئے اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سجدہ سہو بھی خود واجب ہے۔ (۳) عن ثوبان عن النبی ﷺ قال: (( لكل سهو سجدتان بعد ما يسلم )). (ابو داود شریف، باب من نسی أن يتشهد وهو جالس، ص ۱۵۷، نمبر ۱۰۳۸ /ابن ماجة شريف، باب ماجاء فيمن سجدهما بعد السلام، ص ۱۷۱، نمبر ۱۲۱۹) اس حدیث میں ہے کہ ہر بھول میں سلام کے بعد سجدہ سہو ہے، (۴) پتہ نہیں چلا کہ رکعت کم ہوگئی یا زیادہ ہوگئی تو اس پر بھی سجدہ سہو ہے، اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی سعيد الخدری، قال قال رسول الله ﷺ (( اذا شک أحدكم فى صلوته فلم يدر كم صلى ؟ ثلاثا أم أربعا ؟ فليطرح الشک و ليبن على ما استيقن، ثم يسجد سجدتين قبل أن يسلم، فان كان صلى خمسا، شفعن له صلوته و ان كان صلى اتماما لاربع كانتا ترغيما للشيطان. (مسلم شریف، باب السهو فى الصلوة

ل وهذا يدل على ان سجدة السهو واجبة هو الصحيح لانها تجب لجبر نقصان تمكن في العبادة فتكون واجبة كالدماء في الحج ۲ واذا كان واجبًا لايجب الابترك واجب اوتاخيره اوتاخير ركن ساهيا هذا هو الاصل

---

والسجو دله، ص۲۳۰، نمبر ۱۷۱/۵/۲/۱۲۷) اس حدیث میں ہے کہ رکعت کم ہو جائے یا زیادہ ہو جائے اور پتہ نہ چلے تو سجدہ سہو کرے۔ جس سے معلوم ہوا کہ کمی اور زیادتی دونوں میں سجدہ سہو واجب ہے، اور چونکہ حدیث میں [یسجد، اور دوسری حدیث میں فلیسجد سجدتین۔ مسلم شریف، نمبر ۴۸۹/۱۲۶۵] امر کا صیغہ ہے اسلئے اس سے وجوب ثابت ہوگا۔

**ترجمہ** : ل متن میں [یلز مہ السہو] کا جملہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ، سجدہ سہو واجب ہے، اور یہی بات صحیح ہے، اسلئے کہ سجدہ سہو نقصان کو پورا کرنے لئے واجب ہوتا ہے جو عبادت میں آ گیا ہے، جیسے کہ حج میں جنایت کے وقت دم دینا پڑتا ہے۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ اس عبارت سے دو باتیں ثابت کرنا چاہتے ہیں [۱] ایک یہ کہ سجدہ سہو خود واجب ہے، سنت نہیں ہے ۔[۲] اور دوسری بات یہ کہ سجدہ سہو کسی واجب کے چھوڑنے سے، یا زیادہ کرنے سے، یا مؤخر کرنے سے واجب ہوگا۔ سنت کے چھوڑنے سے واجب نہیں ہوگا، یا فرض کے چھوڑنے سے واجب نہیں ہوگا۔ اسکے چھوڑنے سے تو نماز ہی باطل ہو جائے گی، اسکو دوبارہ دہرانی ہوگی۔

متن کی عبارت [یلز مہ السہو] سے معلوم ہوتا ہے کہ سجدہ سہو واجب ہے۔ کیونکہ یلز مہ کا لفظ وجوب کے لئے آتا ہے۔ حضرت امام ابو الحسن کرخیؒ فرماتے ہیں کہ سجدہ سہو سنت ہے ، اسلئے کہ سنت یعنی حدیث سے ثابت ہے۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ سجدہ سہو واجب ہے۔

**وجہ** : (۱) اسکی دلیل عقلی یہ ہے کہ عبادت میں جو نقصان گھس آیا ہے اسکو پورا کرنے اور مکافات کرنے کے لئے سجدہ سہو واجب ہو تا ہے، اور جو نقصان پورا کرنے لئے آئے وہ واجب ہوتا ہے، جیسے کہ حج میں کوئی جنایت ہو جائے تو اسکو پورا کرنے لئے اور مکافات کرنے لئے دم دینا پڑتا ہے اور جانور ذبح کرنا پڑتا ہے اور وہ واجب ہے اسی طرح سجدہ سہو بھی واجب ہوگا۔ (۲) اصل تو یہ ہے کہ حدیث میں [فلیسجد] امر کا صیغہ ہے جس سے وجوب ثابت ہوتا ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اور جب سجدہ سہو واجب ہے تو واجب ہی کے چھوڑنے سے، یا واجب ہی کے مؤخر ہونے سے، یا کسی فرض کو بھول کر مؤخر کرنے سے واجب ہوتا ہے، یہ قاعدہ ہے۔

**تشریح** : اوپر کی دلیل سے ثابت کیا کہ سجدہ سہو کرنا واجب ہے۔ اب یہ فرما رہے ہیں کہ سجدہ سہو [۱] واجب ہی کے چھوڑنے سے ،[۲] یا اسکو مؤخر کرنے سے واجب ہوگا، [۳] یا کوئی فرض اپنی جگہ سے مؤخر ہو جائے تو اسکی وجہ سے سجدہ سہو واجب ہوگا۔

مثالیں ۔[۱] واجب چھوڑنے کی مثال۔ جیسے۔ قعدہ اولی چھوڑ دیا تو اس سے سجدہ سہو واجب ہوگا، اور قاعدہ اولی واجب ہے۔ تو یہ

۳ے وانما وجبت بالزيادة لانها لا تعرى عن تاخير ركن اوترك واجب

واجب کے چھوڑنے کی مثال ہوئی۔۔[۲]واجب مؤخر ہونے کی مثال۔جیسے بھول سے پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہوگیا،جسکی وجہ سے سلام پھیرنے میں تاخیر ہوئی، جوواجب ہے،تو واجب میں تاخیر کرنے سے سجدہ سہوواجب ہوا۔[۳] نماز کا رکن یعنی فرض مؤخر ہونے کی مثال۔جیسے قعدہ اولی میں تشہد کے بعد درودشریف پڑھنے لگا جسکی وجہ سے تیسری رکعت جوفرض ہے اسکوادا کرنے میں تاخیر ہوئی۔یہ تاخیر رکن کی مثال ہوئی۔ان سے سجدہ سہوواجب ہوگا۔

**وجه** : [۱]قعدہ اولی۔واجب چھوٹ جائے جس سے سجدہ سہوواجب ہواسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن المغيرة بن شعبة قال قال رسول الله ﷺ (( اذا قام الامام فی الرکعتين فان ذکر قبل أن يستوی قائما فليجلس ، فان استوی قائما فلا يجلس و يسجد سجدتی السهو )) ۔(ابوداودشریف،باب من نسی أن یتشھد وھو جالس،ص۱۵۷،نمبر ۱۰۳۶ر ترمذی شریف،باب ما جاء فی سجدتی السھوقبل السلام،ص۹۰،نمبر ۳۹۱)اس حدیث میں ہے کہ قاعدہ اولی بھول جائے تو سجدہ سہو کرے،اور قاعدہ اولی واجب ہے،جس سے معلوم ہوا کہ واجب کے چھوٹنے سجدہ سہوواجب ہوگا۔[۲] پانچویں رکعت میں کھڑا ہونے کی وجہ سے سلام پھیرنے جیسا واجب مؤخر جائے اور اسکی وجہ سے سجدہ سہولازم ہو اسکی دلیل اس حدیث میں ہے۔ عن عبد الله ؓ أن رسول الله ﷺ صلى الظهر خمسا ، فقيل له : أزيد فی الصلوة ؟ فقال (( و ما ذاک ؟ )) قال صليت خمسا ، فسجد سجدتين بعد ما سلم . ( بخاری شریف،باب اذا صلی خمسا،ص۱۹۶،نمبر ۱۲۲۶ر مسلم شریف،باب السھو فی الصلوۃ والسجو دلہ،ص۲۳۳،نمبر ۱۲۹۰/۵۷۳)اس حدیث میں ہے کہ پانچویں رکعت کے لئے کھڑے ہوئے جسکی وجہ سے سلام پھیرنا جوواجب تھا اس میں تاخیر ہوگئی ہوجسکی وجہ سے سجدہ سہولازم ہوا۔

**اصول** : اسلئے اصول یہ ہے کہ[۱]واجب کے چھوڑنے سے[۲]یاواجب کے مؤخر ہونے سے[۳]یا کسی فرض کے مؤخر ہونے سے سجدہ سہوواجب ہوگا۔

**ترجمه** : ۳ے واجب کی زیادتی کی وجہ سے سجدہ واجب ہے،اسلئے کہ وہ رکن کی تاخیر یاواجب کے چھوڑنے سے خالی نہیں ہے۔

**تشريح** : متن کی عبارت پر ایک اشکال ہو رہا ہے اسکا یہ جواب ہے۔اشکال یہ ہے کہ متن میں یہ ہے کہ نماز میں واجب کی زیادتی ہوتب سجدہ سہوواجب ہوگا۔اور صاحب ھدایہ نے اسکی تشریح میں فرمایا کہ۔واجب چھوڑ دے۔یاواجب کی تاخیر ہو۔یافرض کی تاخیر ہوتو سجدہ سہولازم ہوگا۔اسکی تشریح میں یہ نہیں فرمایا کہ واجب کی زیادتی ہوتو سجدہ سہولازم ہوگا؟۔ایسی تشریح کیوں کی؟۔تو اسکا جواب دیتے ہیں کہ جب بھی واجب کی زیادتی ہوگی تو یا تو کسی فرض کی تاخیر ہوگی،یا کوئی واجب چھوٹے گا۔یا کوئی واجب مؤخر ہوگا،چونکہ واجب کی زیادتی سے ان باتوں میں سے ایک ہوگا اسلئے واجب کی زیادتی کی تشریح ان باتوں سے کردی۔بس فرع بول کر اصل مرادلیا۔

(۵۲۴) قال ويلزمه اذا ترک فعلا مسنونا ﴾ ل كانه ارادبه فعلا واجباً الا انه ارادبتسميته سنة ان وجوبها بالسنة (۵۲۵) قال اوترک قراء ة الفاتحة لانها واجبة او القنوت او التشهد او تكبيرات العيدين

واجب کی زیادتی سے فرض کی تاخیر کی مثال: کسی نے دو سجدے کے بجائے تین سجدے کر لئے ،تو تیسرے سجدے کی زیادتی سے اگلی رکعت کا قیام جوفرض ہےاس میں تاخیر ہوگی ،تو ایک واجب کی زیادتی سے رکن کی تاخیر ہوئی۔

واجب کی زیادتی سے دوسرے واجب کا چھوڑنا ہواسکی مثال۔ کوئی آدمی قعدہ ثانیہ میں بھول کر پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا اور اسکا سجدہ بھی کر لیا تو حکم یہ ہے کہ اسکے ساتھ چھٹی رکعت بھی ملا لے، تاکہ چار رکعتیں فرض ہو جائے ،اور دو رکعتیں نفل شمار کی جائیں ،اسکے بعد سلام پھیرے۔ اس صورت میں چار رکعت کے بعد سلام جو واجب ہے وہ چھوٹ گیا، تو ایک واجب کی زیادتی سے دوسرا واجب چھوٹ گیا

**لغت** : تعری :عری سے مشتق ہے، خالی ہونا۔ رکن :رکن کا معنی فرض ہے۔

**ترجمہ** :(۵۲۴) اگر فعل مسنون چھوڑ دے تب بھی سجدہ سہو لازم ہوگا۔

**ترجمہ** : ل یہاں فعل مسنون سے فعل واجب مراد ہے۔لیکن سنت بول کر وجوب مراد لیا ہے۔اسلئے کہ سارے وجوب سنت یعنی حدیث سے ثابت ہوئے ہیں۔

**تشریح** : ۔صاحب قدوری نے فرمایا کہ سنت کے چھوڑنے سے سجدہ سہو لازم ہوگا۔حالانکہ سجدہ سہو تو واجب کے چھوڑنے سے لازم ہوتا ہے تو صاحب ھدایہ نے اسکی توضیح کی کہ یہاں سنت سے مراد واجب ہے ،اور صاحب قدوری نے انکو سنت اسلئے کہا کہ یہ واجبات سنت یعنی حدیث سے ثابت ہے اسلئے ان اعمال کو سنت کہہ دیا ہے۔

**ترجمہ**: (۵۲۵) [۱] یا سورۂ فاتحہ کی قرأت چھوڑ دی [اسلئے کہ وہ واجب ہے] [۲] ،یا دعائے قنوت چھوڑ دی [۳] یا تشہد چھوڑ دی ،[۴] یا تکبیرات عیدین چھوڑ دی۔

**تشریح** : یہاں سے واجب چھوڑنے کی آٹھ مثالیں دے رہے ہیں جنکے چھوڑنے سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے۔ان میں چار کی تشریح اس متن میں ہے ۔اور تشہد کی تفصیل میں تین مثالیں اور آئیں گی۔اور قرأت جہری کے بجائے سری اور قرأت سری کے بجائے قرأت جہری کر لی جسکی وجہ سے سجدہ سہو لازم ہو اسکی مثالیں اگلے متن میں آرہی ہے۔

[۱] مثلا سورہ فاتحہ کی قرأت واجب ہے اسکو چھوڑ دیا تو اسکے چھوڑنے سے سجدہ سہو واجب ہوگا [۲] وتر میں دعاء قنوت پڑھنا واجب ہے اسکو چھوڑ دیا تو سجدہ سہو لازم ہوگا۔وتر میں دعاء قنوت چھوڑنے سے سجدہ لازم ہوگا ،اسکے لئے اثر دلیل ہے۔ عن الحسن قال

لے لانها واجبات فانه عليه السلام واظب عليها من غير تركها مرة وهي اَمارة الوجوب

: من نسي القنوت في الوتر سجد سجدتي السهو ، قال سفيانؒ و به نأخذ . (سنن بیہقی ، باب من نسی القنوت سجد للسهو قیاسا علی مارو ینا فیمن قام من اثنتین فلم تجلس ، ج ثانی ، ص ۴۹۳ ، نمبر ۳۸۷۶) اس اثر میں ہے کہ قنوت چھوٹ جائے تو سجدہ سہو کرے گا۔

[۳] تشہد چھوڑ دیا تو اس میں سجدہ سہو ہوگا۔ تشہد کی قعدہ اولی میں بیٹھنا مراد ہے [۴] قعدہ آخیرہ میں بھی بیٹھنا مراد ہے [۵] اور ان دونوں میں تشہد پڑھنا بھی مراد ہے۔ اسلئے یہاں تشہد سے تین چیزیں مراد ہیں۔ اور تینوں کی دلیل یہ حدیث ہے

**وجه** : (۱) عن عبد الله ابن بحينة الاسدي حليف بني المطلب : أن رسول الله ﷺ قام في صلوة الظهر و عليه جلوس فلما أتم صلوته سجد سجدتين يكبر في كل سجدة و هو جالس قبل أن يسلم ، و سجد هما الناس معه مكان ما نسي من الجلوس ۔ (بخاری شریف ، باب یکبر فی سجدتی السہو ، ص ۱۹۶ ، نمبر ۱۲۳۰ / مسلم شریف ، باب السہو فی الصلوۃ والسجود لہ ، ص ۲۲۹ ، نمبر ۵۷۰ / ۱۲۶۹) (۲) عن عبد الله بن بحينة انه قال صلى لنا رسول الله ﷺ ركعتين ثم قام فلم يجلس فقام الناس معه فلما قضى صلوته وانتظر نا التسليم كبر فسجد سجدتين وهو جالس قبل التسليم ثم سلم صلى الله عليه وسلم (ابوداؤد شریف ، باب من قام من ثنتین ولم یتشہد ص ۱۵۵ نمبر ۱۰۳۴ / ترمذی شریف ، باب ماجاء فی الامام ینھض فی الرکعتین ناسیا ، ص ۸۳ ، نمبر ۳۶۴ / نسائی شریف ، باب ما یفعل من قام من اثنتین ناسیا ولم یتشہد ص ۱۳۷ نمبر ۱۲۲۳) ان دونوں حدیثوں میں ہے کہ قعدہ اولی کرنا چاہئے تھا لیکن بھول سے نہ کر کے کھڑے ہوگئے تو اس پر سجدہ سہو واجب ہوا، اور قعدہ ہو یا اس میں تشہد پڑھنا ہو یہ سب واجب ہیں جن سے سجدہ سہو لازم ہوا۔ جس سے معلوم ہوا کہ واجب چھوڑنے سے سجدہ سہو لازم ہوتا ہے۔ اسی پر باقی واجبوں کو قیاس کیا جائے گا۔ [۶] عید کی نماز میں چھ تکبیریں زائد کہتے ہیں جنکو تکبیرات زوائد کہتے ہیں۔ یہ واجب ہیں اسلئے انکے چھوٹنے سے بھی سجدہ سہو واجب ہونا چاہئے، لیکن بھیڑ کی وجہ سے مسئلہ یہ ہے کہ یہ چھوٹ جائیں تو سجدہ سہو نہ کرے۔

**وجه** : تکبیر زوائد واجب ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عبد الله بن عمرو بن العاص قال قال نبي الله التكبير في الفطر سبع في الاولى و خمس في الآخرة و القراءة بعدهما كليتهم (ابوداؤد شریف ، باب التکبیر فی العیدین ص ۱۷۰ نمبر ۱۱۵۱ / ترمذی شریف ، باب ماجاء فی التکبیر فی العیدین ، ص ۱۴۰ ، نمبر ۵۳۶ / دار قطنی ، کتاب العیدین ج ثانی ص ۳۶ نمبر ۱۷۱۱) اس حدیث میں ہے کہ عیدین میں تکبیر زوائد کہتے تھے، جس سے معلوم ہوا کہ تکبیرات عیدین واجب ہیں۔ اور واجب چھوٹنے پر سجدہ سہو کرنے کی دلیل پہلے گزر گئی۔ البتہ بھیڑ کی وجہ سے اسکے چھوٹنے پر سجدہ سہو واجب نہیں ہوگا۔

**ترجمه** لے یہ سب واجبات ہیں، اسلئے کہ حضور علیہ السلام نے بغیر ایک مرتبہ بھی چھوڑنے کے ہمیشگی فرمائی ہے، اور یہ وجوب کی

**۲ ولانها تضاف الی جمیع الصلوٰۃ فدل انها من خصائصها وذٰلک بالوجوب ۳ ثم ذکر التشہد یحتمل القعدۃ الاولیٰ والثانیۃ والقراءۃ فیھما وکل ذٰلک واجب وفیھا سجدۃ السھو**

دلیل ہے۔

**تشریح** : سورہ فاتحہ پڑھنا، وتر میں دعاء قنوت پڑھنا، تشہد پڑھنا، یا تشہد میں بیٹھنا، عیدین میں تکبیرات زوائد کہنا یہ سب واجبات ہیں،

اسلئے انکے چھوڑنے سے سجدہ سہو واجب ہوگا، اوران چیزوں کے واجب ہونے کے لئے پہلے حدیث گزر چکی ہے۔ مصنف نے ایک دلیل یہ بیان کی ہے کہ حضورؐ نے ان چیزوں پر ہمیشگی کی ہیں، کبھی ایک مرتبہ بھی چھوڑا نہیں، اور حضورؐ کا ہمیشہ عمل فرمانا واجب ہو نے کی دلیل ہے۔ اسلئے سورہ فاتحہ پڑھنا، دعاء قنوت پڑھنا، تشہد پڑھنا، اور تکبیرات زوائد یہ سب واجب ہیں۔

**لغت** : امارۃ: دلیل۔ واظب: مواظبت سے مشتق ہے، ہمیشہ کرنا۔

**ترجمہ** : ۲ اور اسلئے کہ یہ چیزیں پوری نماز کی طرف منسوب کی جاتیں ہیں، پس اس بات پر دلالت ہوئی کہ یہ نماز کی خصوصیت میں سے ہیں، اور یہ اختصاص واجب ہونے کی وجہ سے ہوگا۔

**تشریح** : مصنف یہ ثابت کرنا چاہتے ہیں کہ اوپر چاروں باتیں واجب ہیں، اسکے لئے یہ دوسری دلیل عقلی دے رہے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ یہ چیزیں پوری نماز کی طرف منسوب کی جاتیں ہیں، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ نماز کی خصوصیت میں سے ہیں، اور جو نماز کے خصائص میں سے ہو وہ واجب ہوتا ہے، اسلئے یہ چیزیں [سورہ فاتحہ پڑھنا، وتر میں دعاء قنوت پڑھنا، تشہد پڑھنا، یا تشہد میں بیٹھنا، عیدین میں تکبیرات زوائد کہنا یہ سب] واجبات ہیں۔ چنانچہ لوگ کہتے ہیں: قنوت الوتر۔ تو قنوت کو پوری نماز کی طرف منسوب کیا۔ اسی طرح، کہتے ہیں: تشہد الصلوۃ۔ تو تشہد کو پوری نماز کی طرف منسوب کیا۔ اسی طرح کہتے ہیں: تکبیرات صلوۃ العدین۔ تو تکبیرات کو پوری نماز کی طرف منسوب کیا، اور پوری نماز کی طرف کسی چیز کو منسوب کرنا اس بات پر دلیل ہے کہ وہ چیز اسکی خصوصیت ہے، اور جو چیز خصائص میں سے ہو وہ واجب ہوتی ہے اسلئے یہ چیزیں واجب ہونگیں۔

**نوٹ** : یہ دلیل عقلی ہیں۔ ان چیزوں کے واجب ہونے کی اصل دلیل احادیث ہیں جو مسئلہ نمبر ۲۵۸ میں گزر گئیں۔

**ترجمہ** : ۳ پھر متن میں تشہد کا ذکر ہے، یہ لفظ [۱] قعدہ اولی کا احتمال رکھتا ہے [۲] قعدہ ثانیہ کا احتمال رکھتا ہے [۳] اور دونوں میں تشہد پڑھنے کا بھی احتمال رکھتا ہے۔ اور یہ تینوں واجب ہیں اور ان میں سجدہ سہو ہے۔

**تشریح** : متن میں [التشہد] کا لفظ ہے، اسکا تین مطلب ہے۔ [۱] قعدہ اولی میں بیٹھنا [۲] قعدہ ثانیہ میں بیٹھنا [۳] دونوں قعدہ میں تشہد پڑھنا۔ اور یہ تینوں باتیں واجب ہیں، اور تینوں کے چھوٹنے سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے، بلکہ قعدہ ثانیہ تو اس سے بڑھ کر فرض ہے۔

۴؎ وهو الصحيح (۵۲۶) ولو جهر الامام فيما يخافت اوخافت فيما يجهر تلزمه سجدتا السهو﴾ ۱؎ لان الجهر في موضعه والمخافتة في موضعها من الواجبات. ۲؎ واختلف الرواية في المقدار والاصح قدر ما تجوزبه الصلوة في الفصلين لان اليسير من الجهر والاخفاء لايمكن الاحتراز عنه

**ترجمه**: ۴؎ هو الصحيح : کہہ کراس بات کی طرف اشارہ کیا کہ صاحب قدوری نے اسی کتاب کے مسئلہ نمبر ۲۵۸ میں فرمایا ہے کہ یہ سب سنت ہیں، تو اسکی طرف اشارہ کر کے فرمایا کہ یہ سب سنت نہیں واجب ہیں صحیح بات یہی ہے۔

**ترجمہ**: (۵۲۶) جہاں سری قرأت کی جاتی ہے امام نے وہاں جہری کردی۔ یا جہاں سری کی جاتی ہو وہاں جہری کردی تو اسکو دو سجدے سہو لازم ہونگے۔

**ترجمه** : ۱؎ اسلئے کہ جہری کی جگہ میں جہری قرأت اور سری کی جگہ میں سری قرأت کرنا واجبات میں سے ہے۔

**تشریح** : جس نماز میں جہری قرأت کرنی ہے وہاں جہری قرأت کرنا واجب ہے۔ اور جس نماز میں سری قرأت کرنی ہے وہاں سری قرأت کرنی واجب ہے۔ اسلئے اگر سری کی جگہ پر جہری اور جہری کی جگہ پر سری قرأت کردی تو سجدہ سہو واجب ہو جائے گا۔

**وجه** : اس کی دلیل یہ اثر ہے۔ عبد الرزاق عن الثوری قال اذا قمت فيما يجلس فيه او جلست فيما يقام فيه او جهرت فيما يخافت فيه او خافت فيما يجهر فيه ناسيا سجدت سجدتی السهو (مصنف عبد الرزاق، باب اذا قام فيما يقعد فيه او قعد فيما يقام اوسلم فی مثنی ج ثانی ص ۳۰۲، نمبر ۳۵۰۵ / مصنف ابن ابی شیبۃ ، ۱۳۷، من کان اذا اجهر فیما یخافت فیہ سجد سجدتی السھو، ج اول، ص ۳۱۹، نمبر ۳۶۴۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جہری نماز میں سری قرأت کردی اور سری نماز میں جہری قرأت کی تو سجدۂ سہو کرے۔

**فائده**: بعض ائمہ کے نزدیک سری کو جہری اور جہری کو سری کرنے سے سجدۂ سہو لازم نہیں ہوگا۔ ان کا استدلال اس حدیث سے ہے۔ عن قتادة قال : كان النبي ﷺ يقرأ في الركعتين من الظهر والعصر بفاتحة الكتاب وسورة وسورة، و يسمعنا الآية احيانا (بخاری شریف، باب القراءۃ فی العصر ص ۱۰۵ نمبر ۷۶۲ / مسلم شریف، باب القراۃ فی الظہر والعصر، ص ۱۹۰، نمبر ۴۵۱ / ۱۰۱۳) اس حدیث میں ظہر اور عصر کی نماز کی سری قرأت میں جہری قرأت کی ہے اور سجدہ سہو بھی نہیں فرمایا۔ جس سے معلوم ہوا کہ جہری قرأت میں سری، اور سری میں جہری کردی تو سجدۂ سہو لازم نہیں ہوگا۔ (۲) اس اثر میں ہے۔ عن عبد الرحمن بن الاسود : أن الاسود و علقمة كانا يجهران في الظهر و العصر فلا يسجدان ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۳۶، من کان یجہر فی الظہر والعصر ببعض القراۃ، ج اول، ص ۳۱۸، نمبر ۳۶۴۵) اس اثر میں ہے کہ

**ترجمه**: ۲؎ آیت کی مقدار کے بارے میں اختلاف ہے، صحیح روایت یہ ہے کہ آیت کی جتنی مقدار سے نماز جائز ہو جائے

**وعن الكثير ممكن ۳؎ وما تصح به الصلوٰة كثير غير ان ذٰلك عنده اٰية واحدة وعندهما ثلث اٰيات ۴؎ وهذا فى حق الامام دون المنفرد لان الجهر والمخافتة من خصائص الجماعة**

---

دونوں فصلوں میں اتنے سے سجدہ سہو ہوگا۔ اسلئے کہ تھوڑے جہر اور اخفاء سے بچنا ممکن نہیں ہے، اور زیادہ سے بچنا ممکن ہے۔

**تشریح** : آیت کے کتنے حروف، یا کتنے جملے کو جہر کی جگہ سر اور سر کی جگہ جہر کرے گا تو اس سے سجدہ سہو لازم ہوگا۔ اس بارے میں اختلاف ہے۔ صحیح روایت یہ ہے کہ جتنی آیت سے نماز جائز ہوتی ہے، مثلا امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ایک آیت پڑھنے سے نماز کا فرض اداء ہو جاتا ہے، اور صاحبینؒ کے نزدیک ایک لمبی آیت یا تین چھوٹی آیتیں پڑھنے سے فرض اداء ہوتا ہے تو اتنی دیر تک جہری قرأت کو سری، اور سری قرأت کو جہری کرے گا تو اس سے سجدہ سہو لازم ہو جائے گا۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ ایک آدھ جملے کو جہری کے بجائے سری کرنے سے بچنا ناممکن ہے۔ اسی طرح تھوڑی سی سری کو جہری ہونے سے بچانا ناممکن ہے، کبھی نہ کبھی ظہر، عصر کی نماز میں جہری ہو ہی جاتی ہے۔ اسلئے اتنی مقدار سہو کے لئے رکھی جائے جس سے بچنا ممکن ہو، اور وہ فرض کی مقدار آیت ہے۔ (۲) اس حدیث میں بھی اسکا اشارہ ہے کہ تھوڑا سا جہر جائز ہے (۲)۔ عن قتادة قال: كان النبى ﷺ يقرأ فى الركعتين من الظهر والعصر بفاتحة الكتاب وسورة وسورة، ويسمعنا الآية احيانا (بخاری شریف، باب القراءة فی العصر ص ۱۰۵ نمبر ۷۶۲ رمسلم شریف، باب القرأة فی الظهر والعصر، ص ۱۹۰، نمبر ۴۵۱/۱۰۱۳) اس حدیث میں ہے کہ ظہر اور عصر میں تھوڑی سی آیت حضورؐ جہری کر کے سنا بھی دیتے تھے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اتنے سے سجدہ سہو لازم نہیں ہوگا۔

**ترجمه** : ۳؎ جتنی آیت سے نماز صحیح ہو جاتی ہو وہ کثیر ہے، یہ الگ بات ہے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ایک آیت، اور صاحبینؒ کے نزدیک تین آیتیں ہیں۔

**تشریح** : آیت کی کتنی مقدار کثیر ہے، جس کے جہر یا سر کرنے سے سجدہ سہو لازم ہوگا۔ اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ جتنی آیت سے نماز جائز ہو جاتی ہو وہ کثیر ہے اور اس سے کم قلیل ہے۔ حضرت امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ایک آیت سے نماز کا فرض اداء ہو جائے گا۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک ایک لمبی آیت، یا تین چھوٹی آیتوں سے فرض اداء ہوگا۔ اور اتنی مقدار کو جہری کے بجائے سری، اور سری کے بجائے جہری کرے گا تو سجدہ لازم ہوگا۔ باب صفة الصلوة مسئلہ نمبر ۳۲۱ میں اسکی تفصیل گزر چکی ہے۔

**ترجمه** : ۴؎ یہ امام کے حق میں ہے منفرد کے حق میں نہیں، اسلئے جہر اور سر جماعت کی خصوصیت میں سے ہے۔

**تشریح** : ظاہر روایت یہ ہے کہ تنہا نماز پڑھنے والے پر جہری نماز میں جہری قرأت اور سری نماز میں سری قرأت کرنا واجب نہیں ہے، سنت ہے، بلکہ جہری نماز میں جہری اور سری دونوں قرأت کرنے کا اختیار ہے، صرف جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے

(۵۲۷) قال وسهو الامام يوجب على المؤتم السجود ﴾ ۱؎ لتقرر السبب الموجب في حق الاصل

میں جہری نماز میں جہر کرنا واجب ہے اور سری نماز میں سر کرنا واجب ہے، کیونکہ یہ جماعت کی خصوصیت ہے اسلئے تنہا نماز پڑھنے والا اسکے خلاف کرے گا تو اس پر سجدہ سہو لازم نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۵۲۷) امام کے سہو سے مقتدی پر سجدہ واجب ہوگا۔

**تشریح**: امام پر کسی بھول کی وجہ سے سجدہ سہو لازم ہوا تو اسکی وجہ سے مقتدی پر بھی سجدہ سہو لازم ہوگا، اور اگر مثلا پہلی رکعت میں امام پر سجدہ سہو لازم ہوا، اور مسبوق مقتدی دوسری رکعت میں جماعت میں شریک ہوا، پھر بھی مسبوق مقتدی پر بھی امام کے ساتھ سجدہ سہو لازم ہوگا

**وجہ**: (۱) امام ضامن ہے اس لئے امام پر سجدۂ سہو لازم ہوا اور اس نے سجدۂ سہو کیا تو چاہے مقتدی پر سجدۂ سہو لازم نہ ہوا ہو پھر بھی مقتدی پر سجدہ لازم ہوگا (۲) اس کی دلیل حدیث میں ہے عن عبد الله بن لجينة انه قال صلى لنا رسول الله ركعتين ثم قام فلم يجلس فقام الناس معه فلما قضى صلوته و انتظرنا التسليم كبر فسجد سجدتين وهو جالس قبل التسليم ثم سلم صلى الله عليه وسلم. (ابوداؤد شریف، باب من قام من ثنتين ولم يتشهد ص ۱۵۵ نمبر ۱۰۳۴ رترمذی شریف، باب ماجاء فی الامام ينهض فی الركعتين ناسیا ص ۸۳ نمبر ۳۶۵ رمسلم شریف، باب اذا نسی الجلوس فی الرکعتین فلیسجد سجدتین قبل ای یسلم ص ۲۱۱ نمبر ۵۷۰) اس حدیث میں امام پر سجدۂ سہو تھا تو مقتدیوں کو بھی اس کی اقتدا میں کرنا پڑا۔ اس سے معلوم ہوا کہ امام کی وجہ سے مقتدی پر بھی سجدۂ سہو لازم ہوگا۔ (۳) عن عمر عن النبی ﷺ قال ليس على من خلف الامام سهو فان سها الامام فعليه وعلى من خلفه السهو و ان سها من خلف الامام فليس عليه سهو و الامام كافيه ۔ (دار قطنی، باب لیس علی المقتدی سہو وعلیہ سہو الامام ج اول ص ۳۶۵ نمبر ۱۳۹۸ رسنن بیہقی، باب من سھی خلف الامام دونہ لم یسجد للسہو، ج ثانی، ص ۴۹۵، نمبر ۳۸۸۴) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ مقتدی کے سہو سے امام پر سجدۂ سہو لازم نہیں ہوگا اور امام کے سہو سے مقتدی پر لازم ہوگا (۳) عن حماد عن قال : اذا سها الامام سجد من خلفه ، و اذا سها من خلفه فليس عليهم حتى لا يضر هم سهو مع الامام . (مصنف عبد الرزاق، باب ھل علی من خلف الامام سہو ج ثانی ص ۲۰۵ نمبر ۳۵۱۹) اس اثر میں ہے کہ امام پر سجدہ سہو ہو تو مقتدی پر بھی لازم ہوگا۔ اور اگر مقتدی پر سہو ہو تو اسکی وجہ سے امام پر لازم نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۱؎ سجدہ سہو کے سبب کے ثابت ہونے کی وجہ سے اصل کے حق میں۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ امام جو اصل ہے اس پر سجدہ سہو کے واجب ہونے کا سبب ثابت ہوگیا کہ وہ کچھ بھول گیا۔ اور جب اصل پر واجب ہوگیا، تو فرع پر بھی لازم ہو جائے گا۔

ع ولهذا يلزمه حكم الاقامة بنية الامام (۵۲۸) فان لم يسجد الامام لم يسجد المؤتم ﴾ ل لانه يصير مخالفا وما التزم الاداء الا متابعا(۵۲۹) فان سهى المؤتم لم يلزم الامام و لا المؤتم السجودُ﴾

**ترجمہ**: ع اسی لئے امام کی اقامت کی نیت سے مقتدی پر بھی اقامت لازم ہوگی۔

**تشریح**: یہ دوسری دلیل عقلی ہے۔ کہ مثلا امام مسافر تھا، اسلئے وہ ظہر کی نماز دو رکعت پڑھ رہے تھے، اسی درمیان اس نے اقامت کی نیت کر لی تو اب وہ چار رکعت نماز پڑھیں گے، اور مقتدی بھی مسافر تھا لیکن اس نے اقامت کی نیت نہیں کی پھر بھی امام کی وجہ سے مقتدی پر بھی اقامت لازم ہو جائے گی۔ اسی طرح امام کے سہو کی وجہ سے مقتدی پر بھی سہو لازم ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: (۵۲۸) پس اگر امام نے سجدہ نہیں کیا تو مقتدی بھی سجدہ نہیں کرے گا۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ مقتدی مخالفت کرنے والا ہو جائے گا۔ حالانکہ اس نے اطاعت کے ساتھ ہی نماز اداء کرنے کا التزام کیا ہے۔

**تشریح**: امام پر سجدہ سہو تھا لیکن کسی وجہ سے اس نے سجدہ نہیں کیا تو اسکی مخالفت کر کے مقتدی سجدہ نہ کرے۔ اسلئے کہ اس نے یہ التزام کیا ہے کہ پوری نماز امام کی متابعت کر کے اداء کرے گا۔ اسلئے اسکی مخالفت نہ کرے۔

**وجہ**: عن ابی هريرة أن رسول الله ﷺ قال: (( انما جعل الامام ليؤتم به ، فلا تختلفوا عليه ، فاذا كبر فكبروا ))۔ (مسلم شریف، باب ائتمام الماموم بالامام، ص ۱۷۶، نمبر ۹۳۰/۴۱۴) اس حدیث میں ہے کہ امام کی مخالفت نہیں کرنی چاہئے۔

**ترجمہ**: (۵۲۹) پس اگر مقتدی بھول جائے تو امام کو سجدہ سہو لازم نہیں ہوگا اور نہ مقتدی کو سجدہ سہو لازم ہوگا۔

**تشریح**: اگر مقتدی بھول گیا تو اسکی وجہ سے نہ امام پر سہو لازم ہوگا اور نہ مقتدی پر سہو لازم ہوگا۔

**وجہ**: (۱) مقتدی تابع ہے اس لئے امام کے خلاف ہو کر سجدہ سہو نہیں کر سکتا اور یہ بھی قاعدے کے خلاف ہے جو اصل ہو وہ اپنے تابع کی اتباع کرے۔ یہ تو اصل ہونے کے خلاف ہے۔ (۲) حدیث گزر چکی۔ وہ یہ ہے۔ عن عمر عن النبی ﷺ قال ليس على من خلف الامام سهو فان سها الامام فعليه وعلى من خلفه السهو وان سها من خلف الامام فليس عليه سهو والامام كافيه۔ (دار قطنی، باب لیس علی المقتدی سہو وعلیہ سہو الامام ض اول ص ۳۶۵ نمبر ۱۳۹۸ رسنن بیہقی، باب من سھی خلف الامام دونہ لم یسجد للسہو، ج ثانی، ص ۴۹۵، نمبر ۳۸۸۴)) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ مقتدی کے سہو سے امام پر سجدہ سہو لازم نہیں ہوگا اور امام کے سہو سے مقتدی پر لازم ہوگا۔

ل لانه لو سجد وحده كان مخالفالامامه ولوتابعه الامام ينقلب الاصل تبعًا.(۵۳۰) ومن سهى عن القعدة الاولىٰ ثم تذكروهو الىٰ حالة القعود اقرب عاد وقعد وتشهد ﴾ ل لان ما يقرب من الشئ يأخذ حكمه ٢ ثم قيل يسجد للسهو للتاخير و الاصح انه لايسجد كما اذا لم يقم

**ترجمه**: ل اسلئے کہ اگر مقتدی نے تنہا سجدہ کیا تو اپنے امام کی مخالفت ہوگی، اور اگر امام نے مقتدی کی اتباع کی تو اصل تابع ہوکر بدل جائے گا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ اگر مقتدی کے سہو کی وجہ سے اس نے امام کے بغیر ہی سجدہ کرلیا تو اس میں امام کی مخالفت ہوگی، جو اوپر کی حدیث کی وجہ سے صحیح نہیں ہے۔ اور اگر امام نے بھی مقتدی کے ساتھ سجدہ سہو کرلیا تو اصل تابع بن جائے گا، جو خلاف قاعدہ ہے۔ اسلئے مقتدی کے سہو سے نہ امام سجدہ کرے اور نہ مقتدی سجدہ کرے، وہ معاف ہے۔

**ترجمہ** : (۵۴۰) جو قعدہ اولی بھول جائے پھر یاد آئے اس حال میں کہ بیٹھنے کے زیادہ قریب ہو تو لوٹ جائے اور بیٹھے اور تشہد پڑھے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ جو قریب ہوتا ہے اسی کا حکم لیا جاتا ہے۔

**تشریح**: قعدہ اولی واجب ہے لیکن اس کو بھول کر کھڑا ہو گیا تو اگر بیٹھنے کے قریب تھا کہ یاد آیا تو ابھی کھڑا نہیں ہوا ہے اس لئے بیٹھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اسلئے کہ بیٹھنے کے قریب ہے اسلئے گویا کہ بیٹھا ہوا ہی ہے۔ جو جسکا قریب ہوتا اسکو اسکا حکم دے دیا جاتا ہے۔ اور سجدہ سہو بھی لازم نہیں ہوگا۔

**وجہ**: (۱) اسلئے کہ جب بیٹھنے کے قریب ہے تو اسکو اسکا حکم دے دیا جائے گا (۲) حدیث میں ہے عن مغيرة بن شعبة قال قال رسول الله ﷺ اذا قام الامام فى الركعتين فان ذكر قبل ان يستوى قائما فليجلس فان استوى قائما فلا يجلس ويسجد سجدتى السهو (ابوداؤد شریف، باب من نسی ان یتشہد وھو جالس ص ۲۵۵ نمبر ۱۰۳۶ / دار قطنی، باب الرجوع الی القعود قبل استتمام القیام ج اول ص ۳۶۷ نمبر ۱۴۰۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیٹھنے کے قریب ہو تو بیٹھ جائے۔ اور کھڑے ہونے کے قریب ہو تو نہ بیٹھے اور سجدہ سہو کرے۔

**ترجمہ** : ٢ پھر یہ کہا گیا ہے کہ تاخیر کی وجہ سے سجدہ سہو کرے، اور صحیح بات یہ ہے کہ سجدہ نہ کرے، جیسا کہ کھڑا ہی نہ ہوا۔

**تشریح** : جو آدمی بیٹھنے کے زیادہ قریب ہو اس کو بیٹھ جانا چاہئے، اور اس پر سجدہ سہو بھی نہیں ہے صحیح روایت یہی ہے۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ چونکہ کھڑا نہیں ہوا تو ابھی کوئی زیادہ فرق نہیں پڑا ہے، اور ایسا سمجھو کہ وہ تھوڑا سا بھی کھڑا نہیں ہوا۔ (۲) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن الزهرى فى الرجل يسهو فى الصلوة ان استوى قائما فعليه السجدتان ، و

(۵۳۱) ولو كان الى القيام اقرب لم يعد لانه [كالقائم معنى] ويسجد للسهو ﴾ ل لانه ترك الواجب(۵۳۲) وان سهى عن القعدة الاخيرة حتى قام الى الخامسة رجع الى القعدة مالم يسجد ﴾

ان ذكر قبل أن يعتدل قائما فلا سهو عليه ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ، ۲۴۹ من کان یقول :اذا لم یستقم قائما فلیس علیہ سھو، ج اول ،ص ۳۹۰،نمبر ۴۴۹۱ )اس اثر سے معلوم ہوا کہ بیٹھنے کے قریب ہو سجدہ سہو نہ کرے اور کھڑا ہو گیا ہو تو سجدہ سہو کرے۔ دوسری روایت یہ بھی ہے کہ سجدہ کرے۔اسکی دلیل یہ اثر ہے۔عن انس ابن مالک أنه تحرک للقيام في الركعتين من العصر فسبحو به فجلس ثم سجد سجدتي السهو و هو جالس . (سنن بیہقی ، باب من سھا فقام من اثنتین ثم ذکر قبل ان یستتم قائما عاد فجلس وسجد للسھو ، ج ثانی ،ص ۴۸۴،نمبر ۳۸۴۵ )اس اثر میں ہے کہ تھوڑا سا اٹھے تو سجدہ سہو فرمایا ، اس سے ثابت کرتے ہیں کہ سجدہ سہو کرے ،لیکن صحیح روایت پہلی ہے۔

**ترجمه** : (۵۳۱) اور اگر کھڑے ہونے کے زیادہ قریب ہو گئے تو واپس لوٹ کر نہ بیٹھے۔اسلئے کہ وہ کھڑا ہونے کی طرح ہے۔ اور سجدہ سہو کرے۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ واجب چھوڑا ہے۔

**تشریح** : اگر قعدہ اولی میں نہیں بیٹھا اور کھڑا ہونے کے قریب ہو گیا تو اب کھڑا ہی ہو جائے ،اور چونکہ قعدہ اولی جو واجب ہے چھوڑ دیا اسلئے اسکے چھوڑنے کی وجہ سے سجدہ سہو کرے۔

**وجه** : (۱)قعدہ اولی واجب ہے اسکے چھوڑنے کی وجہ سے سجدہ سہو واجب ہوگا۔(۲) اسکے لئے یہ حدیث گزر گئی ہے۔ عن مغيرة بن شعبة قال قال رسول الله ﷺ اذا قام الامام في الركعتين فان ذكر قبل ان يستوى قائما فليجلس فان استوى قائما فلا يجلس ويسجد سجدتي السهو (ابو داؤد شریف ،باب من نسی ان یتشھد وھو جالس ص ۱۵۵ نمبر ۱۰۳۶ /دار قطنی ، باب الرجوع الی القعود قبل استتمام القیام ج اول ص ۳۶۷ نمبر ۱۴۰۳ )اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیٹھنے کے قریب ہو تو بیٹھ جائے۔اور کھڑے ہونے کے قریب ہو تو نہ بیٹھے اور سجدۂ سہو کرے۔

**ترجمه** : (۵۳۲) اگر قعدۂ اخیرہ بھول گیا اور پانچویں رکعت کی طرف کھڑا ہو گیا تو قعدۂ اخیرہ کی طرف لوٹے گا جب تک سجدہ نہ کیا ہو۔

**تشریح** : مثلا چار رکعت ظہر کا فرض پڑھ رہا تھا کہ قعدہ آخیرہ بھول گیا ،اس میں بالکل بیٹھا ہی نہیں اور پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا تو جب تک کہ پانچویں رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو تو اسکے لئے یہ ہے کہ یہ واپس آکر بیٹھ جائے اور سجدہ سہو کرے۔اسی طرح فجر کی نماز میں تیسری رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا ،اور مغرب کی نماز میں چوتھی رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا اور قعدہ آخیرہ چھوڑ دیا ،تو اسکے

ل لان فيه اصلاح صلاته وامكنه ذلک لان مادون الركعة بمحل الرفض (۵۳۳) قال والغى الخامسة ﴾ ل لانه رجع الى شئ محله قبلها فيرتفض

لئے یہ ہے کہ واپس آکر قعدہ آخیرہ میں بیٹھ جائے۔

**وجه**: (۱) باب صفة الصلوة کے مسئلہ نمبر ۲۵ میں گزر گیا ہے کہ قعدۂ اخیرہ فرض ہے اب اس کو چھوڑ کر پانچویں رکعت کی طرف گیا جو گویا کہ نفل ہوگی تو فرض کو چھوڑ کر نفل میں شامل ہوا ہے اس لئے جب تک پانچویں رکعت کا سجدہ نہ کیا ہو اور اس کو مضبوط نہ کیا ہو اس کو چھوڑ کر قعدۂ اخیرہ کی طرف لوٹ آئے اور قعدۂ اخیرہ کر کے سلام پھیرے اور سجدۂ سہو کرے (۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔عن عبد الله قال ان رسول الله ﷺ صلى الظهر خمسافقيل له ازيد في الصلوة؟ قال وما ذاک ؟قال صليت خمسا فسجد سجدتين بعد ما سلم (بخاری شریف، باب اذ اصلی خمسا، ص ۱۹۶، نمبر ۱۲۲۶ رمسلم شریف، باب من صلى خمسا اونحوہ ص ۲۱۲ نمبر ۱۲۸۳/۵۷۲) اس حدیث میں پانچ رکعت پڑھنے پر آپؐ نے سجدۂ سہو کیا ہے۔اور پانچویں رکعت بیکار گئی۔

**ترجمه**: ل اسلئے کہ اس میں اپنی نماز کی اصلاح ہے۔اور اصلاح کا امکان بھی ہے اسلئے کہ ایک رکعت سے کم کو چھوڑا جا سکتا ہے۔

**تشريح**: پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا ہو اور ابھی تک اسکا سجدہ نہ کیا ہو تو اسکو چھوڑ کر قعدہ آخیرہ میں واپس آجائے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ اسکا فرض باطل ہونے سے بچ جائے گا۔تو اس صورت میں اسکی نماز کی اصلاح ہے۔اور ابھی اسکی اصلاح کرنا ممکن بھی ہے، کیونکہ پانچویں رکعت کا سجدہ نہیں کیا ہو تو ایک رکعت مکمل نہیں ہوئی، ایک رکعت مکمل کر کے اسکو چھوڑنا مشکل ہے لیکن ایک رکعت مکمل ہونے سے پہلے چھوڑنا مشکل نہیں اسلئے ابھی اسکو چھوڑ سکتا ہے کیونکہ اپنی نماز کی اصلاح کرنی ہے۔ایک رکعت مکمل ہو جائے تو نماز بتیرا ہوتی ہے، اور پانچویں رکعت کے سجدہ کرنے سے پہلے ابھی نماز بتیرا نہیں ہوئی اسلئے اسکو چھوڑ سکتا ہے۔باب ادراک الفريضة مسئلہ نمبر ۴۹۴ میں اسکی تفصیل گزر چکی ہے۔

**لغت**: رفض: چھوڑنا۔محل الرفض: چھوڑنے کی جگہ میں۔

**ترجمه**: (۵۳۳) اور پانچویں رکعت بیکار جائے گی۔

**ترجمه**: ل اسلئے کہ وہ اس سے پہلے کے محل کی طرف لوٹ گیا، اسلئے پانچویں رکعت کو چھوڑ دے۔

**تشريح**: اس عبارت میں یہ کہنا چاہتے ہیں کہ نمازی پانچویں رکعت سے پیچھے ہٹ کر قعدہ آخیرہ کی طرف چلا آیا تو خود بخود پانچویں رکعت چھوٹ گئی، اسلئے پانچویں رکعت خود بخود بیکار ہو جائے گی۔۔اسکی ایک مثال یہ ہے کہ، کوئی آدمی قعدہ آخیرہ میں تھا، اسکو یاد آیا کہ مجھ پر سجدہ ہے، اسلئے وہ سجدہ میں چلا گیا تو قعدہ آخیرہ خود بخود باطل ہو گیا، اب دوبارہ قعدہ آخیرہ کرے، اسی طرح

(۵۳۴) وسجد للسهو﴾ لے لانه اخر واجبا (۵۳۵) وان قيد الخامسة بسجدة بطل فرضه عندنا﴾
لے خلافاللشافعیؒ

پانچویں رکعت سے واپس قعدہ کی طرف آ گیا تو پانچویں رکعت خود بخود باطل ہوگی، اب سجدہ سہو کر کے نماز پوری کرے۔ (۲) اوپر حدیث گزری جس میں حضورؐ نے پانچویں رکعت کو چھوڑ کر سجدہ فرمایا ہے (بخاری شریف، باب اذا صلی خمسا ص ۱۹۶، نمبر ۱۲۲۶)

**ترجمہ**: (۵۳۴) سجدہ سہو کرے۔

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ اس نے واجب کو مؤخر کیا۔

**تشریح**: واجب کے مؤخر کرنے کا یہاں دو مطلب ہیں [۱] ایک تو سلام واجب ہے جو مؤخر ہوا۔ [۲] اور دوسرا قعدہ آخیرہ مراد ہے، جو واجب سے بڑھ کر فرض ہے لیکن مجازا واجب کہہ سکتے ہیں، پانچویں رکعت پڑھنے کی وجہ سے یہ بھی مؤخر ہوا، یہ بھی مراد ہو سکتی ہے۔ اس تاخیر کی وجہ سے سجدہ سہو کرے۔

**ترجمہ**: (۵۳۵) اور اگر پانچویں رکعت کو سجدے سے مقید کر دیا تو ہمارے نزدیک اسکا فرض باطل ہو جائے گا۔

**تشریح**: پانچویں رکعت کا سجدہ بھی کر لیا تو چونکہ فرض کے ساتھ نفل ملا لیا اسلئے اب اسکا فرض باطل ہو جائے گا اور وہ نماز نفل ہو جائے گی۔

**وجہ**: (۱) پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تو اب جو قعدہ کرے گا وہ نفل نماز کا قعدہ ہوگا اور فرض نماز کا قعدۂ اخیرہ چھوٹ گیا اور قاعدہ ہے کہ فرض چھوڑ دے تو نماز فاسد ہو جاتی ہے۔ اس لئے فرض فاسد ہو جائے گا اور نفل بن جائے گا۔ اس لئے اس نماز کو دوبارہ پڑھے (۲) اثر میں ہے عن حماد قال اذا صلی الرجل خمسا ولم یجلس فی الرابعة فانه یزید السادسة ثم یسلم ثم یستأنف صلوته (مصنف عبد الرزاق، باب الرجل یصلی الظهر او العصر خمسا ج ثانی ص ۱۹۷ نمبر ۳۴۷۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ چھٹی رکعت ملا لے تاکہ چھ رکعتیں نفل بن جائیں اور فاسد شدہ فرض دوبارہ پڑھے۔

**اصول**: فرض چھوڑنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔

**فائدہ**: **ترجمہ**: لے خلاف امام شافعیؒ کے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ، امام مالک، امام احمدؒ کی رائے یہ ہے کہ چاہے چوتھی رکعت میں بیٹھا ہو یا نہ بیٹھا ہو، اور پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو گیا ہو تو چاہے پانچویں رکعت کا سجدہ کر چکا ہو یا نہ کیا ہو ہر حال میں سجدہ سہو کرے گا تو چار رکعت فرض پورا ہو جائے گا، اسکی نماز باطل نہیں ہوگی۔

**وجہ**: (۱) انکی دلیل یہ حدیث ہے (۱) عن عبد الله قال صلی بنا رسول الله ﷺ خمسا فقلنا یا رسول الله ازید فی الصلوة؟ قال وما ذاک؟ قالوا صلیت خمسا قال انما انا بشر مثلکم اذکر کما تذکرون وانسی کما

۲؎ لانہ استحکم شروعہ فی النافلۃ قبل اکمال ارکان المکتوبۃ ومن ضرورتہ خروجہ عن الفرض ۳؎ وھذا لان الرکعۃ بسجدۃ واحدۃ صلوٰۃ حقیقۃ حتی یحنث بھا فی یمینہ لایصلی

---

تنسون ثم سجد سجدتی السھو (مسلم شریف، باب من صلی خمسا اونحوہ فلیسجد سجدتین ص ۲۱۳ نمبر ۱۲۸۴/۵۷۲ رابوداؤد شریف ،باب اذا صلی خمسا ص ۱۵۳ نمبر ۱۰۱۹) اس حدیث میں اس کا ثبوت نہیں ہے کہ آپؐ چوتھی رکعت کے بعد قعدۂ اخیرہ کر کے پانچویں رکعت کے لئے کھڑے ہوئے تھے یا بغیر قعدۂ اخیرہ کئے ہوئے کھڑے ہوئے تھے۔اور آپؐ نے دو سجدۂ سہو کر کے چار رکعت فرض پوری کی ہے۔اس لئے قعدۂ اخیرہ میں بیٹھے یا نہ بیٹھے ہر حال میں سجدۂ سہو کرے گا تو چار رکعت فرض پورا ہو جائے گا۔(۲) اثر میں ہے . عن قتادہ فی رجل صلی الظھر خمسا ، قال : یزید الیھا رکعۃ ، فتکون صلوۃ الظھر ، و رکعتین بعدھا ، واذا صلی الصبح ثلاثا صلی الیھا رابعۃ ، فتکون رکعتان تطوعا ، و سجد سجدتین و ھو جالس ۔(مصنف عبدالرزاق، باب الرجل یصلی الظھر اوالعصر خمسا، ج ثانی، ص ۱۹۶، نمبر ۳۴۶۹) اس اثر میں ہے کہ چار رکعت فرض ہو جائے گا، اور باقی دو نفل ہو جائے گا، اور فرض باطل نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ اسلئے کہ فرض کو مکمل کرنے سے پہلے نفل کے شروع کرنے کو مضبوط کرلیا، اور اسکی ضرورت میں سے ہے کہ فرض سے نکل جائے۔

**تشریح**: یہ حنفیہ کی دلیل عقلی ہے۔پانچویں رکعت کا سجدہ کرلیا تو ابھی قعدہ آخیرہ باقی ہے جو فرض ہے تو چار رکعت فرض پورا کرنے سے پہلے نفل شروع کر لیا، اور یہ ایک حقیقت ہے کہ فرض پورا کرنے سے پہلے نفل شروع کرلے تو وہ فرض سے نکل جائے گا۔اسلئے فرض باطل ہو گیا۔

**ترجمہ**: ۳؎ یہ اسلئے کہ رکعت ایک سجدے کی وجہ سے حقیقت میں نماز بن گئی۔ یہاں تک کہ ((لایصلی)) کی قسم کھائے تو ایک رکعت پڑھنے سے حانث ہو جائے گا۔

**تشریح**: اس عبارت سے یہ بتلانا چاہتے ہیں کہ پانچویں رکعت کا سجدہ کرنے سے پہلے فرض کیوں باطل نہیں ہوگا۔اور خود پانچوں رکعت ہی کیوں بیکار ہو جائے گی؟ اور پانچویں رکعت کا سجدہ کرنے کے بعد خود فرض کیوں باطل ہو جائے گا؟ تو اسکی وجہ یہ بتاتے ہیں کہ سجدہ کرنے سے پہلے رکعت مکمل نہیں تھی، اور نہ نماز بنی تھی، اسلئے سجدہ کرنے سے پہلے واپس قعدہ میں بیٹھ گیا تو پانچویں رکعت بیکار ہو جائے گی۔اور سجدہ کرنے کے بعد اب ایک رکعت مکمل ہوگئی، اور نماز بن گئی تو گویا کہ فرض پورا کرنے سے پہلے نفل شروع کر دیا، اور قاعدہ یہ ہے کہ فرض پورا کرنے سے پہلے نفل شروع کر دے اور اسکو مستحکم کر دے تو فرض باطل ہو جاتا ہے اسلئے فرض باطل ہو جائے گا۔سجدہ کرنے کے بعد ایک رکعت مکمل ہوتی ہے اور نماز بنتی ہے۔اسکی دلیل یہ ہے کہ، کوئی قسم کھائے ((لایصلی))

(۵۳۶) وتحولت صلاته ﴿ لے نفلا عند ابی حنیفۃؒ وابی یوسفؒ خلافا لمحمدؒ علی ما مر
(۵۳۷)فیضم الیها رکعة سادسة ولو لم یضم لاشئ علیه ﴾ لے لانه مظنون.

کہ نماز نہیں پڑھے گا۔تو رکعت کا سجدہ کرنے کے بعد حانث ہوگا، اور ابھی تک سجدہ نہیں کیا صرف قیام، قرأت، اور رکوع کیا ہے تو حانث نہیں ہوگا۔جس سے معلوم ہوا کہ سجدے کے بعد نماز بنتی ہے، اور رکعت پوری ہوتی ہے۔اس سے پہلے نہیں۔

**ترجمہ**: (۵۳۶)اسکی نماز نفل میں تبدیل ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: لے امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک۔خلاف امام محمدؒ کے، جیسا کہ پہلے گزر گیا۔

**تشریح**: پانچویں رکعت کا سجدہ کرنے کے بعد فرض نماز باطل ہو جائے گی، تاہم امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہ نماز نفل بن جائے گی۔اور نفل کا ثواب ملے گا، کیونکہ انکے یہاں صفت نماز باطل ہونے سے اصل نماز باطل نہیں ہوتی، جو کم سے کم نفل کے درجے میں ہے۔اور امام محمدؒ کی یہاں اصل نماز باطل ہو جائے گی، کیونکہ انکے یہاں صفت نماز کے باطل ہونے سے تحریمہ بھی باطل ہو جاتا ہے، اسلئے وہ نماز نفل بھی باقی نہیں رہے گی۔اسکی تفصیل باب قضاء الفوائت، مسئلہ نمبر ۵۱۹۔میں گزر چکی ہے۔

**ترجمہ**: (۵۳۷) پس اسکے ساتھ چھٹی رکعت ملالے، اور اگر نہ ملائے تو مصلی پر کچھ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: لے اسلئے کہ یہ گمان کی نماز ہے۔

**تشریح**: پانچویں رکعت کا سجدہ کیا تو فرض باطل ہو گیا، اور ایک رکعت بتیرا ہو گیا اسلئے نماز بتیرا سے بچانے کے لئے چھٹی رکعت ملالے تا کہ چھ رکعت نفل ہو جائے۔لیکن چونکہ ارادہ اور قصد سے پانچویں رکعت شروع نہیں کیا ہے بلکہ بھول میں ہوا ہے اسلئے اگر چھٹی رکعت نہ بھی ملائے تو کوئی حرج نہیں ہے۔

**وجہ**: اثر میں ہے کہ چھٹی رکعت ملالے۔ عن حماد قال اذا صلی الرجل خمسا ولم یجلس فی الرابعة فانه یزید السادسة ثم یسلم ثم یستأنف صلوته (مصنف عبد الرزاق، باب الرجل یصلی الظہر اوالعصر خمسا ج ثانی ص ۱۹۷ نمبر ۳۴۷۰)اس اثر سے معلوم ہوا کہ چھٹی رکعت ملالے تا کہ چھ رکعتیں نفل بن جائیں اور فاسد شدہ فرض دوبارہ پڑھے۔

اور نہ ملائے تو کوئی حرج نہیں اسکی دلیل (۱) یہ آیت ہے۔ما علی المحسنین من سبیل و الله غفور رحیم ۔(آیت ۹۱، سورۃ توبۃ ۹) اس آیت میں ہے کہ احسان کرنے والے پر کوئی زبردستی نہیں ہے، اور یہ نفل بھول میں ہے اسلئے بھی یہ لازم نہیں ہے ۔(۲)اس حدیث میں ہے۔عن ابی ذر الغفاری قال قال رسول الله ﷺ ((ان الله تجاوز لی عن أمتی الخطأ و النسیان و ما استکرهوا علیه . (ابن ماجۃ شریف، باب طلاق المکرہ والناسی، ص ۲۹۳، نمبر ۲۰۴۳)اس حدیث میں ہے کہ اللہ بھول سے کئے ہوئے کام کو معاف فرمایا ہے اسلئے بھول میں پانچویں رکعت شروع ہوئی تو وہ لازم نہیں ہے

**٢** ثم انما یبطل فرضہ بوضع الجبھۃ عند ابی یوسفؒ لانہ سجود کامل **٣** وعند محمدؒ برفعہ لان تمام الشیٔ باٰخرہ وھو الرفع ولم یصح مع الحدث **٤** وثمرۃ الاختلاف تظھر فیما اذا سبقہ الحدث فی السجود بنی عند محمدؒ خلافا لابی یوسفؒ.

**لغت**: مظنون: ظن سے مشتق ہے، اس کا ترجمہ ہے، گمان ۔یعنی پانچویں رکعت اس گمان میں شروع ہوگئی ہے کہ ابھی چار رکعت پوری نہیں ہوئی ہے۔ اور جب تک ارادہ اور قصد سے نماز شروع نہ کرے چھٹی رکعت ملا کر نماز کی تکمیل اس پر لازم نہیں ہوگی ۔

**ترجمہ**: **٢** پھر اسکا فرض چہرہ کے رکھتے ہی باطل ہوجائے گا، امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اسلئے کہ یہ سجدہ کامل ہے۔

**تشریح**: پانچویں رکعت کا سجدہ کرنے سے فرض باطل ہوگا، تو امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ زمین پر سر رکھتے ہی سجدہ مکمل ہو جائے گا اور فرض باطل ہوجائے گا۔ انکی دلیل یہ ہے کہ زمین پر سر رکھنے کا نام سجدہ ہے اسلئے سر رکھتے ہی سجدہ ہوجائے گا اور فرض باطل ہوجائے گا، چاہے ابھی سجدہ سے سر نہ اٹھایا ہو۔ اثر یہ ہے۔ عن ابن عمر قال : اذا وضع الرجل جبھتہ بالارض أجزاہ . (مصنف ابن ابی شیبۃ، ١٩، فی ادنی ما یجزیٔ من الرکوع والسجود، ج اول، ص ٢٢٦، نمبر ٢٥٨٠) اس اثر میں ہے کہ زمین پر پیشانی رکھتے ہی سجدہ ہوجائے گا ،اسلئے زمین پر سر رکھتے ہی فرض باطل ہوجائے گا۔

**ترجمہ**: **٣** اور امام محمدؒ کے نزدیک زمین سے سر اٹھانے سے، اسلئے کہ کوئی چیز آخیر پر جانے سے مکمل ہوتی ہے، اور وہ سر اٹھانا ہے، یہی وجہ ہے کہ سجدہ حدث کے ساتھ مکمل نہیں ہوتا۔

**تشریح**: امام محمدؒ نے فرمایا کہ زمین سے سر اٹھائے گا تب سجدہ مکمل ہوگا اور اسکے بعد فرض باطل ہوگا۔

**وجہ**: (١) اسکی وجہ یہ ہے کہ کوئی چیز اس وقت مکمل ہوتی ہے جب وہ چیز آخری حد کو پہنچ جاتی ہے۔ اور سجدہ آخری حد کو زمین سے سر اٹھانے کے بعد پہنچتا ہے۔ اسلئے سجدہ سر اٹھانے کے بعد پورا ہوگا۔ (٢) یہی وجہ ہے کہ سجدے میں سر رکھے اور ابھی اٹھایا بھی نہیں کہ حدث ہوگیا تو وہ سجدہ مکمل نہیں سمجھا جاتا ہے ۔جس سے معلوم ہوا کہ سر اٹھانے کے بعد سجدہ مکمل ہوگا۔

**ترجمہ**: **٤** اختلاف کا نتیجہ ظاہر ہوگا اس صورت میں کہ نمازی کو سجدے میں حدث پیش آجائے تو امام محمدؒ کے نزدیک بناء کر سکے گا، خلاف امام ابو یوسفؒ کے۔

**تشریح**: پانچویں رکعت کے سجدے میں تھا کہ حدث ہوگیا تو امام محمدؒ کے یہاں ابھی سجدہ مکمل نہیں ہوا ہے، اسلئے ابھی فرض بھی باطل نہیں ہوا ہے، اسلئے وہ وضو کرے اور بناء کرے، پس اگر اسی درمیان اسکو یاد آیا کہ قعدہ اخیرہ باقی ہے تو چونکہ پانچویں رکعت مکمل نہیں ہوئی ہے اسلئے وہ قعدہ کی طرف واپس آسکتا ہے اور فرض پورا کرسکتا ہے ۔اور بناء بھی کرسکتا ہے

لیکن امام ابو یوسفؒ کے یہاں سر رکھتے ہی سجدہ پورا ہوگیا اسلئے فرض باطل ہوگیا، اب گویا کہ اسکے بعد حدث ہوا، اسلئے یہ آدمی حدث

(۵۳۸) ﴿ولو قعد فی الرابعة ثم قام ولم یسلم عاد الی القعدة مالم یسجد للخامسة وسلم﴾ ۱؎ لان التسليم فی حالة القيام غير مشروع وامكنه الاقامة علی وجهه بالقعود لان مادون الركعة بمحل الرفض (۵۳۹) ﴿وان قيد الخامسة بالسجدة ثم تذكر ضم اليها ركعة اخری وتم﴾

کے بعد نہ واپس وضو کر سکتا ہے، اور نہ قعدہ آخیرہ کر سکتا ہے، اسلئے کہ سر رکھتے ہی سجدہ پورا ہو گیا اور پانچویں رکعت پوری ہو گئی۔

**ترجمہ**: (۵۳۸) اور اگر چوتھی رکعت میں بیٹھا پھر کھڑا ہوا اور سلام نہیں کیا تو جب تک پانچویں کا سجدہ نہیں کیا ہے تو قعدہ کی طرف واپس آ جائے۔ اور سلام پھیرے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ کھڑے ہونے کی حالت میں سلام پھیرنا مشروع نہیں ہے۔ اور سلام کو بیٹھ کر مشروع طریقے پر قائم کرنا ممکن ہے۔ اسلئے کہ رکعت سے کم چھوڑنے کی جگہ پر ہے۔

**تشریح** : یہ مسئلہ اس بنیاد پر ہے کہ قعدہ آخیرہ جو فرض ہے وہ کیا ہے اسلئے اس نماز کا فرض تو پورا ہو گیا، صرف سلام جو واجب ہے وہ باقی ہے، اسکے بعد پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہوا ہے، لیکن ابھی اسکا سجدہ نہیں کیا ہے اسلئے رکعت پوری نہیں ہوئی اسلئے اسکو چھوڑنا آسان ہے، اسلئے اسکو چھوڑ کر قعدہ میں واپس آئے اور مشروع طریقے پر سلام پھیرے، قیام میں کھڑے کھڑے سلام پھیرنا اچھا نہیں ہے، مشروع طریقہ یہی ہے کہ قعدہ میں بیٹھ کر سلام پھیرے۔

**وجہ** : (۱) حدیث میں ہے کہ پانچویں رکعت کے لئے کھڑے ہوئے تو یاد آنے پر بیٹھ کر سلام پھیرا۔ حدیث کا ٹکڑا یہ ہے. عن ابی هريرةؓ ان رسول الله ﷺ قال (( ان أحدكم اذا قام يصلی جاء الشيطان فلبس عليه حتى لا يدری كم صلى ، فاذا وجد ذالک أحدكم فليسجد سجدتين و هو جالس ۔ (بخاری شریف، باب السہو فی الفرض والتطوع، ص ۱۹۷، نمبر ۱۲۳۲) اس حدیث میں ہے کہ اس قسم کی بھول ہو جائے تو سلام بیٹھ کر پھیرے۔ (۲) حضور پانچویں رکعت کے لئے کھڑے ہوئے تو آپؐ نے بیٹھ کر سلام پھیرا. عن عبد الله قال صلى رسول الله ﷺ فزاد ، او نقص .....فقال انما انا بشر مثلكم أنسى كما تنسون ، فاذا نسی احدكم فليسجد سجدتين و هو جالس )) ثم تحول رسول الله ﷺ فسجد سجدتين . (مسلم شریف، باب السہو فی الصلوۃ والسجود لہ، ص ۲۳۲، نمبر ۱۲۸۵/۵۷۲/ابوداود شریف، باب اذا صلی خمسا، ص ۱۵۵، نمبر ۱۰۲۲) اس حدیث میں ہے کہ بیٹھ کر سجدہ سہو کرے، تو ظاہر بات ہے کہ سلام بھی بیٹھ کر ہی کرے گا (۳) پانچویں رکعت کے لئے کھڑا ہو گا تو سجدہ سہو بھی کرنا ہو گا، اور سجدہ سہو بیٹھ کر ہوتا ہے، اسلئے سلام بھی بیٹھ کر ہی ہو گا۔

**ترجمہ**: (۵۳۹) اور اگر پانچویں رکعت کو سجدے کے ساتھ مقید کر دیا پھر یاد آیا تو اسکے ساتھ چھٹی رکعت ملائے اور اسکا فرض پورا ہو جائے گا۔

ل فرضه لان الباقی اصابة لفظة السلام وهی واجبة ۲ وانما یضم الیها اخریٰ لتصیر الرکعتان نفلا لان الرکعة الواحدة لاتجزیه لنهیه علیه السلام عن البتیراء ۳ ثم لاتنوبان سنة الظهر هو الصحیح لان المواظبة علیها بتحریمة مبتدأة (۵۴۰) ویسجد للسهو ﴾

**ترجمه**: ل اسلئے کہ باقی صرف سلام کا لفظ ہے، اور وہ صرف واجب ہے۔

**تشریح**: قعدہ آخیرہ کر چکا ہے اسلئے تمام فرض پورے ہو چکے ہیں، صرف سلام پھیرنا باقی ہے جو واجب ہے، اسلئے چار رکعت فرض مکمل ہو جائے گا باطل ہو کر نفل نہیں بنے گا، البتہ سجدہ کرنے کی وجہ سے ایک رکعت مکمل ہو چکی ہے جو نماز بتیرا ہے جس سے حضورؐ نے منع فرمایا ہے، اسلئے اس سے بچنے کے لئے چھٹی رکعت ملالے تا کہ چار رکعت فرض ہو جائے اور باقی دو رکعت نفل ہو جائے، اوپر گزر چکا ہے کہ یہ چھٹی رکعت ملانا واجب نہیں ہے، بہتر ہے، کیونکہ قصد اور ارادہ سے پانچویں رکعت شروع نہیں کیا ہے۔ قصد اور ارادہ سے نفل شروع کرے تب ایک شفع پورا کرنا واجب ہوتا ہے۔

**وجه**: (ا) چھٹی رکعت ملانے کا اثر گزر چکا ہے عن قتادہ فی رجل صلی الظهر خمسا، قال: یزید الیها رکعة، فتکون صلوة الظهر، و رکعتین بعدها، و اذا صلی الصبح ثلاثا صلی الیها رابعة، فتکون رکعتان تطوعا، و سجد سجدتین و هو جالس۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الرجل یصلی الظہر أو العصر خمسا، ج ثانی، ص ۱۹۶، نمبر ۳۴۶۹) اس اثر میں ہے کہ چار رکعت فرض ہو جائے گا، اور باقی دو نفل ہو جائے گا، اور فرض باطل نہیں ہوگا۔

**ترجمه**: ۲ پانچویں رکعت کے ساتھ چھٹی رکعت ملائے تا کہ دو رکعت نفل ہو جائے، اسلئے کہ ایک رکعت کافی نہیں ہے، اسلئے کہ حضورؐ نے بتیرا نماز سے منع فرمایا ہے۔

**تشریح**: یہ حدیث تلاش کے باوجود نہیں مل پائی۔

**ترجمه**: ۳ پھر یہ دو رکعتیں سنت ظہر کے بدلے میں کافی نہیں ہے، صحیح یہی ہے، اسلئے کہ حضورؐ نے اس پر ہمیشہ نئے تحریمے سے مواظبت کی ہے۔

**تشریح**: یہ پانچویں اور چھٹی رکعت نفل ہوگی لیکن اس سے ظہر کے بعد کی سنت ادا نہیں ہوگی، کیونکہ حضورؐ نے ہمیشہ الگ تحریمے کے ساتھ اس سنت کو ادا فرمایا ہے، اور یہ دو رکعتیں فرض کے ساتھ اداء ہوئی ہیں، دوسری بات یہ ہے کہ یہ رکعتیں بھول سے پڑھی گئیں ہیں، اور ظہر کی سنت حضورؐ ہمیشہ قصد اور ارادہ سے پڑھتے رہے ہیں، اسلئے یہ دو رکعتیں سنت رواتب کے لئے کافی نہیں۔

**ترجمه**: (۵۴۰) اور سجدہ سہو کرے۔

**لـ استحسانا لتمكن النقصان فى الفرض بالخروج لا على الوجه المسنون وفى النفل بالدخول لا على الوجه المسنون ۲ ولو قطعها لم يلزمه القضاء لانه مظنون**

---

**ترجمه**: لـ استحسانا، فرض میں نقصان کے داخل ہونے کی وجہ سے کیونکہ غیر مسنون طریقے سے فرض سے نکلا ہے اور غیر مسنون طریقے سے نفل میں داخل ہوا ہے۔

**تشریح**: یہ سجدہ سہو استحسانا کریں، اسلئے کہ سلام جو واجب ہے وہ فرض کا مؤخر ہوا ہے اسلئے فرض میں سجدہ سہو کرنا چاہئے، لیکن فرض کے بجائے نفل میں سجدہ کیا جارہا ہے، اسلئے یہ سجدہ استحسان کے طور پر کرنے کے لئے کہا۔ اور سجدہ سہو کرنے کی وجہ یہ ہیں

**وجه**: [۱] مسنون طریقہ یہ ہے کہ چار رکعت فرض سے سلام پھیر کر باہر ہونا چاہئے، لیکن سلام پھیرے بغیر نفل شروع کر دیا اسلئے سجدہ سہو لازم ہوگا۔ [۲] نفل کو قصد اور ارادے سے نئے تحریمہ کے ساتھ شروع کرنا چاہئے، اس نے فرض کے تحریمہ میں شامل کر دیا اور نئے تحریمہ کے ساتھ شروع نہیں کیا، اسلئے سجدہ سہو لازم ہونا چاہئے۔ [۳] فرض کے سلام میں تاخیر ہوئی، اور قاعدہ گزر چکا ہے کہ واجب میں تاخیر ہو تو سجدہ سہو لازم ہوتا ہے اس لئے بھی سجدہ سہو لازم ہوگا۔

**ترجمه**: ۲ اور اگر پانچویں رکعت کو توڑ دیا تو قضاء لازم نہیں ہے، اسلئے کہ یہ بھول کی نماز ہے۔

**تشریح**: پانچویں رکعت کے سجدے کے بعد فرمایا تھا کہ چھٹی رکعت ملالے تاکہ یہ نفل بن جائے، لیکن اس نے نہیں ملایا اور نماز قطع کر دی تو اس پر اس دو رکعت کی قضاء لازم نہیں ہے۔

**وجه**: (۱) اسلئے کہ یہ دو رکعت قصد اور ارادے سے شروع نہیں کی ہے، بلکہ بھول میں شروع ہوئی ہے، اور بھول میں شروع کی ہوئی نماز کی قضا نہیں ہے۔ اس حدیث میں اسکا اشارہ موجود ہے۔ عن ابی ذر الغفاری قال قال رسول اللہ ﷺ (( ان اللہ تجاوز لی عن أمتی الخطأ و النسیان و ما استکرھوا علیہ . (ابن ماجۃ شریف، باب طلاق المکرہ والناسی، ص ۲۹۳، نمبر ۲۰۴۳) اس حدیث میں ہے کہ اللہ بھول سے کئے ہوئے کام کو معاف فرمایا ہے اسلئے بھول میں پانچویں رکعت شروع ہوئی تو وہ لازم نہیں ہے (۲) اس آیت میں بھی اسکا اشارہ ہے۔ ما علی المحسنین من سبیل و اللہ غفور رحیم ۔ (آیت ۹۱، سورۃ توبۃ ۹) اس آیت میں ہے کہ احسان کرنے والے پر زبردستی نہیں، اور یہ رکعت تو بھول میں ہوئی ہے اسلئے بدرجہ اولی لازم نہیں ہونی چاہئے۔ (۳) حضورؐ نے بھی چھٹی رکعت نہیں ملائی ہے اسلئے چھٹی رکعت ملانا ضروری نہیں ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن عبد اللہ قال ان رسول اللہ ﷺ صلی الظھر خمسافقیل لہ ازید فی الصلوۃ؟ قال وما ذاک ؟قال صلیت خمسا فسجد سجدتین بعد ما سلم (بخاری شریف، باب اذا صلی خمسا، ص ۱۹۶، نمبر ۱۲۲۶ رمسلم شریف، باب من صلی خمسا ونحوہ ص ۲۱۲ نمبر ۵۷۲ر ۱۲۸۳) اس حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ آپؐ نے چھٹی رکعت نہیں ملائی ہے، اسلئے ملانا ضروری نہیں ہے۔

۳ ولو اقتدى به انسان فيهما يصلى ستا عند محمدؒ لانه المؤدّى بهٰذه التحريمة وعندهما ركعتين لانه استحكم خروجه عن الفرض ۴ ولو افسده المقتدى لاقضاء عليه عند محمدؒ اعتبارا بالامام
۵ وعند ابى يوسفؒ يقضى ركعتين لان السقوط بعارض يخص الامام

**ترجمه**: ۳ اوراگرکسی انسان نے پانچویں یا چھٹی رکعت میں اسکی اقتداءکی تو امام محمدؒ کے نزدیک چھ رکعت پڑھے اسلئے کہ اس تحریمہ سے اتنی اداء کی جارہی ہے۔ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک دو رکعت اداء کرے، اسلئے کہ فرض سے نکلنا مضبوط ہوگیا۔

**تشریح**: یہ بھول کر پانچویں اور چھٹی رکعت پڑھنے والا نمازی نماز پڑھ رہا تھا کہ کسی نے اسکی اقتداء میں نیت باندھ لی، تو امام محمدؒ کے نزدیک اقتداءکرنے والا پوری چھ رکعت پڑھے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ بھولنے والا اس تحریمے سے چھ رکعت پڑھ رہا ہے اسلئے امام کی اقتداء میں اسکی اقتداءکرنے والا بھی چھ رکعت ہی پڑھے۔ تاکہ امام کی مخالفت لازم نہ آئے۔

**اصول**: امام محمدؒ کا اصول یہ ہے کہ جیسا امام پر لازم ہوگا ویسا ہی مقتدی پر لازم ہوگا۔

اور امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ فرض کی چار رکعت سے نکل چکا ہے، اور اب نفل کی دو رکعت شروع کر چکا ہے، جو مستقل الگ شفع ہے، اسلئے اس میں اقتداءکرنے والا یہی دو رکعت اداء کرے، امام کی پچھلی چار رکعت اداءکرنے کی ضرورت نہیں ، اسلئے کہ وہ نماز فرض ہے اور الگ ہے، اور یہ شفع نفل ہے اور الگ ہے۔

**اصول**: شیخین کا اصول یہ ہے کہ فرض الگ ہو چکا ہے، اور نفل الگ شفع ہے، اگر چہ یہاں دونوں کا تحریمہ بھول میں ایک ہے۔

**ترجمه**: ۴ اور اگر مقتدی نے اسکو فاسد کر دیا تو امام محمدؒ کے نزدیک اس پر قضا نہیں ہے ، امام پر قیاس کرتے ہوئے۔

**تشریح**: بھول کر پانچویں اور چھٹی رکعت پڑھنے والے کی جس نے اقتداء کی اس مقتدی نے اس نماز کو توڑ دیا تو امام محمدؒ کے نزدیک اس مقتدی پر اسکی قضا نہیں ہے۔

**وجه**: اسکی وجہ یہ ہے کہ ابھی اوپر گزرا کہ بھولنے والا خود پانچویں، چھٹی رکعت کو توڑ دے تو اس پر اسکی قضا نہیں ہے۔ جب امام پر قضا نہیں ہے تو اس پر قیاس کرتے ہوئے اسکے مقتدی پر بھی قضا نہیں ہے۔

**ترجمه**: ۵ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک دو رکعت قضاءکرے، اسلئے کہ امام سے ساقط ہونا ایک عارض کی وجہ سے ہے جو امام کے ساتھ خاص ہے۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ امام نے بھول کر پانچویں اور چھٹی رکعت شروع کی ہے، اس بھولنے کی وجہ سے اس پر قضاء واجب نہیں ہے، لیکن اسکا مقتدی بھول کر پانچویں اور چھٹی شروع نہیں کیا ہے بلکہ جان کر اقتداء کی ہے اسلئے اس پر دو رکعت کی

**(۵۴۱) قال ومن صلّٰی رکعتین تطوعًا فسھی فیھما وسجد للسھو ثم اراد ان یصلی اخریین لم یبن ﴿۱﴾ لان السجود یبطل لوقوعہ فی وسط الصلوٰۃ.**

قضاء واجب ہوگی، اسلئے بھولنے کی وجہ سے جو سہولت امام کو ملی جان کر کرنے کی وجہ سے وہ سہولت اسکے مقتدی کو نہیں ملے گی۔ اسلئے کہ قیاس کا تقاضا یہ تھا کہ امام پر بھی اس دو رکعت کی قضاء واجب ہو کیونکہ نفل شروع کرنے کے بعد توڑے تو عام حالات میں اسکی قضاء لازم ہوتی ہے اسلئے مقتدی پر بھی اسکی قضاء لازم ہونی چاہئے۔ اور دو ہی رکعت اسلئے قضاء لازم ہوگی کہ پہلے گزر چکا ہے کہ یہ دونوں رکعت فرض سے الگ ہو چکی ہیں، اور نفل ہیں، اسلئے اسکے توڑنے پر یہ دو ہی رکعت قضاء لازم ہوگی۔

**ترجمہ** : (۵۴۱) کسی نے دو رکعت نفل پڑھی پس اس میں بھول گیا اور سجدہ سہو کیا، پھر دوسری دو رکعت اسکے ساتھ پڑھنا چاہے تو بناء نہ کرے۔

**ترجمہ**: ﴿۱﴾ اسلئے کہ سجدہ سہو نماز کو ختم کر دیتا ہے نماز کے بیچ میں واقع ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ سجدہ سہو نماز کے آخیر میں واقع ہونا چاہئے، حدیث سے یہی پتہ چلتا ہے، اور اگر درمیان میں سجدہ سہو واقع ہو گیا تو سجدہ باطل ہو جائے گا، اسلئے اسکو دوبارہ اداء کرنا ہوگا۔ اسکے لئے حدیث یہ ہے۔ **عن عطاء بن یسار ....قال ان النبی ﷺ قال اذا شک أحدکم فی صلاتہ فان استیقن أن قد صلی ثلاثا فلیقم فلیتم رکعۃ بسجودھا ثم یجلس فیتشھد ،فاذا فرغ فلم یبق الا ان یسلم فلیسجد سجدتین و ھو جالس ثم یسلم** ۔(ابو داود شریف، باب اذا شک فی الثنتین والثلاث من قال یلقی الشک ،ص ۱۵۶، نمبر ۱۰۲۷) اس حدیث میں ہے کہ سلام کے علاوہ کوئی چیز باقی نہ رہے تو سجدہ سہو کرے۔ جس سے معلوم ہوا کہ سجدہ سہو آخیر میں ہوتا ہے ۔

مسئلے کی تشریح یہ ہے، کہ کسی نے دو رکعت نفل شروع کی، اس میں سہو ہوا اسلئے دو رکعت کے بعد سجدہ سہو کیا، اب یہ چاہتا ہے کہ اسی پر دوسری دو رکعت کا بناء کروں تو نہیں کر سکتا، اور اگر بناء کر لیا تو درمیان والا سجدہ سہو بیکار جائے گا اور نماز کے آخیر میں دوبارہ سجدہ سہو کرنا ہوگا۔

**وجہ** : (۱) حدیث میں ہے کہ پہلے سلام کرے پھر سجدہ سہو کرے پھر دوبارہ سلام کرے، اسلئے پہلا سلام نماز سے آخیر کا سلام ہے جس سے معلوم ہوا کہ سجدہ سہو نماز کے آخیر میں ہونا چاہئے ، اور جب آخیر میں ہو گیا تو اب اس پر کسی نفل کی بناء صحیح نہیں ہے۔ (۲) حدیث یہ ہے **عن عمران بن حصین قال سلم رسول اللہ ﷺ فی ثلاث رکعات من العصر ثم قام فدخل الحجرۃ فقام رجل بسیط الیدین فقال اقصرت الصلوۃ یا رسول اللہ فخرج مغضبا فصلی الرکعۃ التی کان ترک ثم سلم ثم سجد سجدتی السھو ثم سلم** (مسلم شریف، باب فصل من ترک الرکعتین اونحوھما فلیتم مابقی ویسجد سجدتین

۲ بخلاف المسافر اذا سجد للسهو ثم نوى الاقامة حيث يبنى لانه لو لم يبن تبطل جميع الصلوٰة.

۳ ومع هٰذا لوادى صح لبقاء التحريمة، ويبطل سجود السهو هو الصحيح (۵۴۲) ومن سلم وعليه سجدتاالسهو فدخل رجل فى صلاته بعد التسليم فان سجد الامام كان داخلا و الافلا﴾

بعد التسلیم ،ص ۲۱۴،نمبر ۱۲۹۴ /۱۲۹۴۷ ربخاری شریف ،باب ھل یأخذ الامام اذا شک بقول الناس،ص ۹۹،نمبر ۷۱۴ رترمذی شریف ،باب ماجاء فی الامام ینھض فی الرکعتین ناسیا،ص ۸۳ نمبر ۳۶۴ رابوداؤد شریف ،باب السھو فی السجدتین،ص ۱۵۳،نمبر ۱۰۱۸ اس باب کی آخری حدیث ہے) اس حدیث میں ہے کہ سلام کیا پھر سجدہ سہو کیا پھر سلام کیا۔جس سے معلوم ہوا کہ سجدہ نماز کے آخیر میں ہو۔

**ترجمہ** : ۲ بخلاف مسافر کے جبکہ سجدہ سہو کیا پھر اقامت کی نیت کی تو وہ بناء کر سکتا ہے،اسلئے کہ بناء نہ کرے تو تو پوری نماز باطل ہو جائے گی۔

**تشریح** : مسافر ظہر کی نماز دو رکعت پڑھ رہا تھا کہ اس میں سہو ہوا،اسکا سجدہ سہو کیا،لیکن سلام پھیرنے سے پہلے مقیم ہونے کی نیت کر لی،تو سجدہ سہو کرنے کے باوجود ظہر کی دو رکعت اور ملا کر چار رکعت نماز پڑھ سکتا ہے

**وجہ** : اسکی وجہ یہ ہے کہ اگر سجدہ سہو کے بعد دو رکعت ملانے کی اجازت نہ دی جائے تو پہلی دو رکعت باطل ہو جائے گی،کیونکہ نماز میں اقامت کی نیت کرتے ہی اسکا فرض چار رکعت ہو گیا اور اس نے دو ہی رکعت پڑھی ہے اسلئے وہ بیکار جائے گی اس لئے اس فرض کو بچانے کے لئے سجدہ سہو کے بعد مزید دو رکعت ملانا جائز ہے۔اتنی بات ضرور ہے کہ درمیان کا سجدہ سہو جو واجب ہے وہ باطل ہو جائے گا،اور دوبارہ سجدہ سہو کرنا ہوگا۔لیکن فرض اعلی درجہ ہے اسکو بچانے کے لئے واجب کو بیکار کرنا جائز ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اسکے باوجود نفل کی دوسری دو رکعت اداء ہی کر لیا تو صحیح ہے تحریمہ کے باقی رہنے کی وجہ سے،اور سجدہ سہو باطل ہو جائے گا،صحیح یہی ہے۔

**تشریح** : نفل کی دو رکعت پڑھنے کے بعد سجدہ سہو کیا،اب مزید اس پر دو رکعت نہیں پڑھنی چاہئے۔لیکن اگر پڑھ ہی لیا تو یہ دو دسری دو رکعت بھی ہو جائے گی۔

**وجہ** : سجدہ سہو کرنے کے باوجود ابھی سلام نہیں پھیرا ہے اسلئے تحریمہ باقی ہے اسلئے مزید دو رکعت ملا سکتا ہے۔البتہ اس ملانے کی وجہ سے درمیان کا سجدہ سہو باطل ہو جائے گا،اور دوبارہ سجدہ سہو کرنا ہوگا ۔کیونکہ سجدہ سہو نماز کے آخیر میں ہوتا ہے۔

**اصول** : سجدہ سہو آخیر میں ہونا چاہئے۔

**ترجمہ** : (۵۴۲) کسی نے سلام کیا اور اس پر سجدہ سہو لازم ہے،پس ایک آدمی سلام کے بعد اسکی نماز میں داخل ہوا،تو اگر امام نے سجدہ کیا تو مقتدی اس میں داخل ہوگا،اور نہیں کیا تو داخل نہیں ہوگا۔

۱ وهذا عند ابی حنيفةؒ وابی يوسف ؒ ۲ وقال محمدؒ هو داخل سجد الامام اولم يسجد لان عنده سلام من عليه السهو لايخرجه عن الصلوٰة اصلالانها وجبت جبرا للنقصان فلا بد ان يكون فی احرام الصلوٰة ۳ وعند هما يخرجه علی سبيل التوقف لانه محلل فی نفسه وانما لا يعمل لحاجته الی اداء السجدة فلا يظهر دونها ولا حاجة علی اعتبار عدم العود

---

**ترجمہ**: ۱ یہ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہے۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ سجدہ سہو سے پہلے جو سلام کیا اس سے نماز ختم ہو جائے گی، یا باقی رہے گی؟ امام محمدؒ کے یہاں ابھی سجدہ سہو جو واجب ہے وہ باقی ہے، اسلئے نماز باقی رہے گی، اور امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے یہاں اگر آگے سجدہ سہو کیا تب تو نماز باقی سمجھی جائے گی اور اگر سجدہ سہو نہیں کیا تو پہلے ہی سلام پر نماز ختم سمجھی جائے گی۔ ۔ صورت مسئلہ یہ ہے کہ ایک آدمی مثلا زید نماز پڑھ رہا ہے، اس پر سجدہ سہو لازم ہے، اب سجدہ سہو سے پہلے والا سلام پھیرا ابھی سجدہ سہو نہیں کیا ہے کہ ایک دوسرا آدمی مثلا عمر نیت کر کے اسکی اقتداء میں داخل ہوا، تو عمر کی اقتداء درست ہوگی، یا نہیں؟ تو شیخین فرماتے ہیں کہ اگر امام زید نے سجدہ سہو کیا تو مقتدی عمر اسکی اقتداء میں داخل ہوگا، اور زید نے سجدہ سہو نہیں کیا تو عمر زید کی اقتداء میں داخل نہیں ہوگا۔

**وجہ**: (۱) یہ سلام ایک انداز ے میں نماز کے ختم کرنے کے لئے ہے، لیکن ابھی سجدہ سہو باقی ہے، اسلئے دیکھا جائے گا کہ سجدہ سہو کرتا ہے یا نہیں۔ اگر سجدہ سہو کیا تو نماز باقی رہے گی اور عمر کا اقتداء کرنا درست ہوگا، اور سجدہ سہو نہیں کیا تو سلام کے وقت ہی نماز ختم ہو گئی اور تحریمہ منقطع ہو گیا، اسلئے عمر کا اقتداء کرنا درست نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۲ حضرت امام محمدؒ نے فرمایا کہ مقتدی نماز میں داخل ہے امام سجدہ کرے یا نہ کرے، اسلئے کہ انکے نزدیک یہ ہے کہ جس پر سہو ہو سلام پھیرنا اسکو نماز سے بالکل نہیں نکالتا، اسلئے کہ سجدہ سہو نقصان کے پورا کرنے کے لئے واجب ہوا ہے، اسلئے ضروری ہے کہ نماز کے احرام رہے۔

**تشریح**: امام محمدؒ کا اصول یہ ہے کہ سجدہ سہو نماز کے نقصان کو پورا کرنے لئے واجب ہوا ہے اسلئے یہ ضروری ہے کہ سجدہ سہو کرنے تک نماز کا احرام باقی رہے، اسلئے سلام کرنے سے نماز ختم نہیں ہوگی اور نہ تحریمہ ختم ہوگا، اور جب تحریمہ ختم نہیں ہوا تو عمر مقتدی کا اقتداء کرنا بھی صحیح ہوا اور امام کی نماز میں داخل بھی ہو گیا۔

**اصول**: امام محمدؒ کے یہاں: سجدہ سہو ہو تو سلام نماز سے نہیں نکالتا۔

**ترجمہ**: ۳ اور امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک توقف کے طور پر نمازی کو نماز سے نکالے گا، اسلئے کہ سلام فی نفسہ نماز کو ختم کرنے والی ہے صرف سجدے کی ادائیگی کی ضرورت کی وجہ سے اپنا عمل نہیں کرے گا اسلئے بغیر سجدہ کے ظاہر نہیں ہوگا، اور

**۴** ویظھر الاختلاف فی ھذا وفی انتقاض الطھارۃ بالقھقۃ وتغیر الفرض بنیۃ الاقامۃ فی ھذہ الحالۃ

عدم عود کا اعتبار کرتے ہوئے اسکی ضرورت نہیں ہے۔

**تشریح** : شیخین کی دلیل یہ ہے کہ سلام ہوتا ہی ہے نماز سے نکالنے کے لئے۔ حدیث میں ہے۔ عن ابی سعید قال قال رسول اللہ مفتاح الصلوۃ الطھور وتحریمھا التکبیر وتحلیلھا التسلیم ولا صلوۃ لمن لم یقرأ بالحمد وسورۃ فی فریضۃ او غیرھا. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی تحریم الصلوۃ وتحلیلھا ص ۵۵ نمبر ۲۳۸ رابوداؤد شریف، باب الامام یحدث بعد ما یرفع رأسہ من آخر رکعۃ ص ۹۸ نمبر ۶۱۸) اس حدیث میں ہے کہ سلام نماز کو حلال کر دیتا ہے، یعنی نماز کو ختم کر دیتا ہے۔ اسلئے اس سلام سے بھی نماز ختم ہو جانی چاہئے، لیکن چونکہ آگے سجدہ سہو کرنا ہے اسلئے انتظار کیا جائے گا، اگر سجدہ سہو کیا تو نماز ختم نہیں ہوگی اور اقتداء کرنا درست ہوگا، اور اگر سجدہ سہو نہیں کیا تو سلام کا اثر ظاہر ہوگا اور نماز ختم ہو جائے گی۔ اسلئے عمر کا اقتداء کرنا بھی صحیح نہیں ہوگا۔

**لغت** : عبارت پیچیدہ ہے اسلئے ہر عبارت کا مطلب بیان کر رہا ہوں۔ محلل فی نفسہ: سلام فی نفسہ حلال کرنے والا ہے، یعنی نماز کو ختم کرنے والا ہے۔ انما لا یعمل لحاجتہ الی اداء السجدۃ: سلام کا اصلی عمل ہے نماز کو ختم کرنا۔ لیکن سجدے کی ادائیگی کی ضرورت کی وجہ سے سلام کا یہ اپنا عمل ظاہر نہیں ہوگا، اور نماز سجدے کے انتظار میں باقی رہے گی۔ فلا یظھر دونھا: سجدہ سہو کرنے سے پہلے سلام کا عمل ظاہر نہیں ہوگا۔ پس اگر سجدہ سہو کرے گا تو سلام کا عمل یہ ظاہر ہوگا کہ نماز ابھی ختم نہیں ہوگی، اور اگر سجدہ سہو نہیں کرے گا تو سلام کا عمل یہ ظاہر ہوگا کہ نماز ختم ہو جائے گی، اور اب کسی کا اقتداء کرنا درست نہیں ہوگا۔ ولا حاجۃ علی اعتبار عدم العود۔ اگر سجدہ سہو نہیں کرتا ہے تو سلام کے بعد نماز برقرار رکھنے کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔ یہاں عدم العود: کا مطلب یہ ہے کہ اگر لوٹ کر سجدہ سہو نہیں کرتا ہے تو سلام کا اثر [نماز کو ختم کرنا] اسکو ختم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ** : **۴** اور اختلاف کا نتیجہ ایک تو اس مسئلے میں ظاہر ہوگا [۲] اور قہقہہ مارنے کی وجہ سے طہارت ٹوٹنے میں ہوگا [۳] اور اس حالت میں اقامت کی نیت سے فرض کے بدلنے میں ہوگا۔

**تشریح** : شیخین اور امام محمدؒ کے درمیان اختلاف کا نتیجہ ان تین مسئلوں میں ہوگا۔ [۱] ایک تو اقتداء کے مسئلے میں ہوا کہ سلام پھیرنے کے بعد اور سجدہ سہو کرنے سے پہلے کسی نے اسکی اقتداء کی تو شیخین کے نزدیک سجدہ سہو کرے گا تو اسکی اقتداء درست ہوگی، اور امام محمدؒ کے نزدیک سجدہ سہو کرے یا نہ کرے ہر حال میں اسکی اقتداء درست ہے، کیونکہ سجدہ نہ بھی کرے تب بھی سلام کے بعد اسکا تحریمہ باقی ہے۔ [۲] دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ سلام کے بعد اس امام نے قہقہہ لگایا، تو امام محمدؒ کے نزدیک اسکا وضو ٹوٹ جائے گا، کیونکہ ابھی تحریمہ باقی ہے اسلئے نماز کے درمیان قہقہہ لگانا ہوا۔ اور شیخین کے یہاں اگر سجدہ سہو کرے گا تو اسکا وضو ٹوٹے گا کیونکہ اس صورت میں نماز کے درمیان قہقہہ لگانا ہوگا، اور اگر سجدہ سہو نہ کیا تو وضو نہیں ٹوٹے گا، اسلئے کہ گویا کہ سلام کے بعد ہی نماز ختم ہو گئی تھی۔ [۳]

**(۵۴۳) ومن سلم يريد به قطع الصلوٰة وعليه سهو فعليه ان يسجد لسهوه ﴾ ۱؎ لان هذا السلام غير قاطع ونيته تغيير للمشروع فلغت**

مسافر آدمی تھا ظہر کی نماز دو رکعت پڑھ رہا تھا۔ سلام کے بعد اقامت کی نیت کی تو امام محمدؒ کے یہاں فرض بدل کر چار رکعت ہو جائے گی، کیونکہ ابھی تحریمہ باقی ہے۔ اور شیخین کے یہاں اگر سجدہ سہو کرے گا تو اسکا فرض بدل کر چار رکعت ہوگی، اور اگر سجدہ سہو نہیں کیا تو اسکا فرض بدل کر چار رکعت نہیں ہوگی، اسلئے کہ سلام کے وقت ہی اسکی نماز ختم ہو چکی تھی، اور نماز ختم ہونے کے بعد اقامت کی نیت کرے تو فرض پڑھ چکا ہے اسلئے یہ فرض اب چار رکعت نہیں ہوگا، اگلا فرض چار رکعت ہوگا۔

**اصول** : امام محمدؒ کے نزدیک سجدہ سہو کرے یا نہ کرے سلام کے بعد بھی تحریمہ باقی ہے۔ اور شیخین کے نزدیک سجدہ سہو کرے تو تحریمہ باقی رہے گا، اور نہ کرے تو سلام پر ہی تحریمہ ختم ہو جائے گا۔

**ترجمہ** : (۵۴۳) نماز کو قطع کرنے کے لئے کسی نے سلام کیا حالانکہ اس پر سجدہ سہو ہے تو اس پر ضروری ہے کہ سہو کے لئے سجدہ کرے۔

**ترجمہ** : ۱؎ اسلئے کہ یہ سلام نماز کو توڑنے والا نہیں ہے، اور اسکی نیت مشروع چیز کو بدلنے والی ہے، اسلئے اسکی نیت بیکار جائے گی۔

**تشریح** : ایک آدمی پر سجدہ سہو تھا لیکن اسکو یاد نہیں رہا اور نماز کو ختم کرنے کی نیت سے سلام پھیر دیا لیکن قبلہ سے رخ پھیرنے سے پہلے یاد آ گیا تو سجدہ سہو کر لے، اور قبلہ سے رخ پھیرنے کے بعد یاد آیا تو سجدہ سہو نہ کرے۔

**وجہ** : (۱) سجدہ سہو سے پہلے ایک سلام تو کرنا ہی تھا، یہ اور بات ہے کہ سجدہ سہو کرنے کی نیت سے وہ سلام کرنا تھا، اور اس نے نماز قطع کرنے کی نیت سے سلام کیا، لیکن اس پر سجدہ واجب ہے اسلئے نیت بیکار جائے گی اور یہ سلام نماز ختم کرنے کا نہیں سمجھا جائے گا بلکہ سجدہ سہو سے پہلے جو سلام کرتے ہیں وہ سلام سمجھا جائے گا، اسلئے کہ اسکی نیت مشروع طریقے کے خلاف ہے۔ (۲) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے پانچ رکعت پڑھ کر بھول کر نماز ختم کرنے کا سلام پھیرا، پھر سجدہ کیا۔ حدیث یہ ہے۔ **عن عبد اللہ قال ان رسول اللہ ﷺ صلی الظہر خمسافقیل له ازید فی الصلوۃ؟ قال وما ذاک ؟قال صلیت خمسا فسجد سجدتین بعد ما سلم** (بخاری شریف، باب اذا صلی خمسا ص ۱۹۶، نمبر ۱۲۲۶ / مسلم شریف، باب من صلی خمسا اونحوہ ص ۲۱۲ نمبر ۵۷۲ / ۱۲۸۳) اس حدیث میں پانچ رکعت پڑھنے کے بعد انقطاع کا سلام کیا اور یاد آنے پر پھر سجدہ سہو کیا۔ (۳) اس اثر میں ہے **.عن الحسن فی رجل نسی سجدتی السہو ، قال اذا لم یذکر هما حتی انصرف و لم یسجدهما ، فقد مضت صلوته فان ذکر هما و هو قاعد لم یقم ،و یسجدهما** ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب نسیان سجدتی السہو، ج ثانی،

(۵۴۴) ومن شک فی صلاته فلم یدرثلثا صلی ام اربعًا وذٰلک اوّل ما عرض استانف ﴾ لے لقوله علیه السلام: اذا شک احدکم فی صلاته انه کم صلی فلیستقبل الصلوٰة، (۵۴۵) وان کان یعرض له کثیرا بنی علیٰ اکبر رأیه ﴾ لے لقوله علیه السلام من شک فی صلاته فلیتحر الصواب.

ص ۲۱۱، نمبر ۳۵۵۲) اس اثر میں ہے کہ سجدہ سہو کرنا بھول گیا تو رخ پھیرانے سے پہلے یاد آیا تو سجدہ کرسکتا ہے۔

**ترجمه** : (۵۴۴) جس کو شک ہوگیا نماز میں، پس نہیں جانتا ہے کہ تین رکعت پڑھی یا چار رکعت اور یہ پہلی مرتبہ اس کو پیش آیا ہے تو شروع سے نماز پڑھے گا۔

**تشریح** : کسی کو نماز میں شک ہوگیا، اور یہ یاد نہیں کہ تین رکعت پڑھی ہے یا چار رکعت پڑھی ہے تو اگر یہ صورت بار بار پیش آتی ہے تو غالب گمان پر بناء کرے، اور اگر پہلی مرتبہ پیش آئی ہے تو شروع سے نماز پڑھے، بہتر یہی ہے۔

**وجه: ترجمه** : لے حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ تم میں سے کسی ایک کو نماز میں شک ہو، کہ وہ کتنی پڑھی، تو شروع سے نماز پڑھے۔

یہ اثر ہے۔ عن ابن عمر فی الذی لایدری ثلاثا صلی او اربعا قال یعید حتی یحفظ (مصنف ابن ابی شیبة، ۲۳۹ باب من قال اذا شک فلم یدر کم صلی اعاد، ج اول، ص ۳۸۵، نمبر ۴۴۲۲) اس اثر کو ہم اس پر حمل کرتے ہیں کہ پہلی مرتبہ شک ہوا ہو تو شروع سے نماز پڑھے، اور بار بار شک ہوتا ہو تو ظن غالب پر عمل کرے اور یقین پر عمل کرے۔ جیسا کہ آگے آرہا ہے۔

**لغت**: استانف : شروع سے پڑھے۔

**ترجمه** (۵۴۵) اور اگر اس کو بار بار شک پیش آتا ہو تو غالب گمان پر بنا کرے گا۔

**تشریح**: مثلا تین رکعت اور چار رکعت میں شک ہوا اور غالب گمان ہو کہ چار رکعت پڑھی ہے تو غالب گمان چار رکعت پر عمل کرے گا اور سلام پھیر دے گا۔ اور کسی طرف ظن غالب نہ ہو تو تین رکعت یقینی ہے اس لئے تین کو بنیاد بنا کر ایک رکعت ملائے گا۔ تاکہ چار رکعت ہوجائے۔ اور سجدۂ سہو بھی کرے گا۔

**وجه: ترجمه** : لے حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ جسکو اپنی نماز میں شک ہو وہ ٹھیک بات کے لئے تحری کرے۔

صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ قال عبد الله صلی رسول الله ... واذا شک احدکم فی صلوته فلیتحر الصواب فلیتم علیه ثم یسجد سجدتین ۔دوسری حدیث میں ہے فلینظر احری ذلک للصواب (مسلم شریف ، باب من شک فی صلوته فلم یدر کم صلی فلیطرح الشک الخ ص ۲۱۱ نمبر ۱۲۷۵/۵۷۲ ۱۲۷۶/ ابو داود شریف، باب اذا صلی خمسا، ص ۱۵۵، نمبر ۱۰۲۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ غور کرنا چاہئے کہ کتنی رکعت پڑھی ہے تاکہ جس طرف ظن غالب ہو اس پر عمل کیا جاسکے۔

(۵۴۶) وان لم یکن له رأی بنی علی الیقین ﴾ ١ لقوله علیه السلام: من شک فی صلاته فلم یدرا ثلثا صلی ام اربعًا بنی علی الاقل ٢ والاستقبال بالسلام اولٰی لانه عرف محلِّلا دون الکلام ومجرد النیة تلغو

**ترجمہ**: (۵۴۶) اوراگراسکی رائے نہ ہوتویقین پر بناءکرے۔

**تشریح**: کسی طرف گمان غالب نہ ہوتو مثلاتین اور چار میں سے تین رکعت یقینی ہے،تو یقینی پر بناءکرے۔

**وجہ : ترجمہ** : ١ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے،جسکو اپنی نماز میں شک ہواور یہ نہ یاد ہو کہ تین پڑھی ہے یا چارتو کم پر بناءکرے۔

صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ ﷺ اذا شک احدکم فی صلوته فلم یدر کم صلی؟ ثلاثا ام اربعا؟ فلیطرح الشک ولیبن علی ما استیقن ثم یسجد سجدتین قبل ان یسلم (مسلم شریف، باب السھو فی الصلوۃ والسجود ص ۲۱۱ نمبر ۱۲۷۲/۵۷۱/ابو داؤدشریف، باب اذا شک فی الثنتین والثلاث ص ۱۵۴ نمبر ۱۰۲۴) اس حدیث میں ہے کہ ظن غالب نہ ہو بلکہ دونوں طرف شک ہوتو یقین پر بنا کرے۔

(۲) حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ جسکو اپنی نماز میں شک ہواور یہ معلوم نہیں کہ تین پڑھی یا چارتو اقل پر بناءکرے۔

صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن عبد الرحمن ابن عوف قال سمعت النبی ﷺ یقول ((اذا سھا أحدکم فی صلاتہ فلم یدر واحدۃ صلی أو اثنین فلیبن علی واحدۃ فان لم یدر ثنتین صلی أو ثلاثا فلیبن علی ثنتین ،فان لم یدر ثلاثا صلی أو أربعا فلیبن علی ثلاثا ، ولیسجد سجدتین قبل أن یسلم (ترمذی شریف،باب فیمن یشک فی الزیادۃ والنقصان ص ۹۱ نمبر ۳۹۸/ابن ماجۃ شریف، باب ماجاء فیمن شک فی صلاتہ فرجع الی الیقین ،ص ۱۶۹، نمبر ۱۲۰۹) اس حدیث میں ہے کہ اقل پر بناءکرے۔

**ترجمہ**: ٢ اور سلام کے ساتھ استقبال کرنا زیادہ بہتر ہے اسلئے کہ سلام محلل کے طور پر پہچانا گیا ہے، نہ کہ کلام، اور محض نیت لغو ہے۔

**تشریح**: جسکو شک ہوا اور شروع سے نماز پڑھنا چاہتا ہے،تو پہلی نماز سلام کے ساتھ ختم کرنا بہتر ہے، بات کر کے ختم کرنا بہتر نہیں۔

**وجہ** : (۱) سلام کے بارے میں حدیث میں شہرت ہے کہ وہ نماز کو ختم کرنے والا ہے، اسلئے سلام پھیر کر نماز کو ختم کرے۔

حدیث یہ ہے عن ابی سعید قال قال رسولؐ اللہ مفتاح الصلوۃ الطھور وتحریمھا التکبیر وتحلیلھا التسلیم

۳ وعند البناء على الاقل يقعد في كل موضع يتوهم اخر صلاته كيلا يصير تاركافرض القعدة.. والله اعلم.

ولاصلوة لمن لم يقرأ بالحمد وسورة في فريضة او غيرها. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی تحریم الصلوۃ وتحلیلھا ص ۵۵ نمبر ۲۳۸ رابوداؤد شریف، باب الامام یحدث بعد مایرفع رأسہ من آخر رکعۃ ص ۹۸ نمبر ۶۱۸) اس حدیث میں ہے کہ سلام نماز کو حلال کر دیتا ہے، یعنی نماز کو ختم کر دیتا ہے، اسلئے سلام سے نماز کو ختم کرنا بہتر ہے۔ بات کر کے نماز ختم کرنا بہتر نہیں۔۔ اور اگر نہ بات کرے اور نہ سلام کرے، صرف نیت کر کے نماز ختم کرے تو یہ بھی صحیح نہیں، کیونکہ صرف نیت لغو ہے، جب تک نماز توڑنے کی کوئی حرکت نہ کرے صرف نیت سے نماز نہیں ٹوٹے گی۔

**ترجمہ**: ۳ کم پر بناء کے وقت ہر وہ جگہ جہاں آخری نماز کا وہم ہو اس میں بیٹھے گا تا کہ قعدہ کا فرض چھوڑنے والا نہ ہو۔

**تشریح**: کم پر بناء مثلا: ایک رکعت اور دو رکعت میں شک تھا اسلئے اقل درجہ ایک رکعت مان کر اسکو پوری کی تو اس پر بھی بیٹھے گا، کیونکہ ہو سکتا ہو کہ وہ دوسری رکعت ہو، اور دوسری رکعت پر قعدہ اولی ہے۔۔ اور دوسری رکعت ملانے کے بعد بھی بیٹھے گا، کیونکہ دوسری رکعت کے بعد قعدہ اولی ہے، اور یہ دوسری رکعت مان کر چل رہا ہے۔۔ اور تیسری رکعت کے بعد بھی بیٹھے گا کیونکہ ہو سکتا ہے کہ یہ چوتھی رکعت ہو اور چوتھی کے بعد قعدہ آخیرہ ہے۔ اور چوتھی کے بعد تو بیٹھے گا ہی، کیونکہ چوتھی پر تو قعدہ آخیرہ ہے ہی۔ تو گویا کہ ہر رکعت کے بعد بیٹھے گا......واللہ اعلم

## ﴿باب صلوٰة المريض﴾

(۵۴۷) اذا عجز المريض عن القيام صلی قاعدا یرکع ویسجد ﴾ ۱ لقوله علیه السلام لعمران بن حُصینؓ صلِّ قائما فان لم تستطع فقاعدا فان لم تستطع فعلی الجنب تؤمی ایماء

## ﴿ باب صلوۃ المریض ﴾

**ضروری نوٹ** : مریض کو اللہ نے گنجائش دی ہے کہ جتنی طاقت ہو اتنا کام کرے۔اس سے زیادہ کا مکلّف نہیں ہے۔ چنانچہ کھڑے ہوکر نماز نہ پڑھ سکتا ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھے اور بیٹھ کر نہ پڑھ سکتا ہو تو لیٹ کر اشارہ سے پڑھے۔البتہ جب تک ہوش وحواس ہے اور اشارہ کر کے نماز پڑھ سکتا ہے تو نماز ساقط نہیں ہوگی۔ دلیل یہ آیت ہے لیس علی الاعمی حرج ولا علی الاعرج حرج ولا علی المریض حرج (آیت ۱۷ سورۃ الفتح ۴۸) اس آیت سے ثابت ہوا کہ قدرت کے مطابق آدمی کام کرتا رہے لایکلف الله نفسا الا وسعها (آیت ۲۸۶ سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت سے ثابت ہوا کہ وسعت سے زیادہ اللہ تعالی مکلّف نہیں بناتے۔

**ترجمہ**: (۵۴۷) اگر بیار کھڑا ہونے سے عاجز ہو جائے تو بیٹھ کر نماز پڑھے، اور بیٹھ کر ہی رکوع اور سجدہ کرے۔

**تشریح**: جو آدمی کھڑا نہ ہو سکتا ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھے گا۔ اور بیٹھ کر رکوع اور سجدہ کرے گا۔ اور رکوع اور سجدہ بھی نہ کر سکتا ہو تو رکوع اور سجدہ کا اشارہ کرے گا۔ اور سجدہ کے لئے سر کو زیادہ جھکائے گا

**ترجمہ**: ۱ عمران ابن حصینؓ سے حضور علیہ السلام نے فرمایا کھڑے ہو کر نماز پڑھو پس اگر کھڑا نہ ہو سکو تو بیٹھ کر نماز پڑھو، اور اگر اس پر بھی قدرت نہ ہو تو پہلو کے بل لیٹ کر اشارہ کر کے نماز پڑھو۔

**وجہ**: (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے عن عمران بن حصین قال کانت بی بواسیر فسألت رسول الله ﷺ عن الصلوۃ فقال صل قائما فان لم تستطع فقاعدا فان لم تستطع فعلی جنب۔ (بخاری شریف، باب اذا لم یطق قاعدا صلی علی جنب ص ۱۵۰ نمبر ۱۱۱۷ رترمذی شریف، باب ماجاء ان صلوۃ القاعد علی النصف من صلوۃ القائم ص ۸۵ نمبر ۳۷۲ رابوداؤد شریف، باب فی صلوۃ القاعد ص ۱۴۴ نمبر ۹۵۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر بیٹھ نہ سکتا ہو تو پہلو کے بل لیٹ کر نماز پڑھے۔ رکوع اور سجدہ کے لئے اشارہ کرے۔ (۲) اور سجدہ کے لئے رکوع سے زیادہ سر جھکائے اس کی دلیل یہ ہے قال علی کل حال مستلقیا ومنحرفا فاذا استقبل القبلة وکان لایستطیع الا ذلک فیومئ ایماء ویجعل سجوده اخفض من رکوعه (مصنف عبد الرزاق، باب صلوۃ المریض ج ثانی ص ۴۱۴ نمبر ۴۱۴۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ سجدہ کے لئے سر زیادہ جھکائے۔

۲ ولان الطاعة بحسب الطاقة (۵۴۸) قال فان لم يستطع الركوع والسجود اومى ايماء ﴾ ۱ يعنى قاعدالانه وسع مثله (۵۴۹) وجعل سجوده اخفض من ركوعه ﴾ ۱ لانه قائم مقامهما فاخذحكمهما.

**ترجمہ**: ۲ اوراسلئے کہ عبادت طاقت کے اعتبار سے ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔کہ جتنی طاقت ہو عبادت اتنی ہی لازم ہوتی ہے۔اب اسکو کھڑے ہونے کی طاقت نہیں ہے تو بیٹھ کر ہی نماز لازم ہوگی۔اسی لئے اوپر کی حدیث میں ہے بیٹھنے کی طاقت نہ ہو تو پہلو کے بل لیٹ کر نماز پڑھواس آیت میں اسکی صراحت ہے۔ لایکلف الله نفسا الا وسعها ( آیت ۲۸۶ سورۃ البقرۃ ۲ ) اس آیت سے ثابت ہوا کہ وسعت سے زیادہ اللہ تعالی مکلف نہیں بناتے۔

**ترجمہ**: (۵۴۸) پس اگر رکوع سجدہ نہ کرسکتا ہو تو اشارہ کرے گا۔

**ترجمہ**: ۱ یعنی بیٹھ کر اشارہ کرے گا اسلئے کہ اس قسم کے آدمی کو گنجائش دی گئی ہے۔

**تشریح**: ۔اگر کوئی آدمی بیٹھ کر بھی رکوع سجدہ نہ کرسکتا ہو تو بیٹھ کر رکوع سجدے کا اشارہ کرے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ ایسا آدمی جو رکوع سجدہ نہ کرسکتا ہو تو اسکو بیٹھ کر رکوع اور سجدے کا اشارہ کرنے کی گنجائش دی گئی ہے۔۔اوپر کی حدیث میں تھا کہ بیٹھ کر نماز پڑھے۔

**وجہ**: (۱)اور بیٹھ کر اشارہ کرنے کے لئے حدیث یہ ہے۔عن جابر بن عبد اللهؓ أن رسول الله ﷺ عاد مريضا فرأه يصلى على وسادة فأخذ فرمى بها فأخذ عودا ليصلى عليه فأخذه فرمى به و قال صل على الأرض ان استطعت و الا فأوم ايماء و اجعل سجودك أخفض من ركوعك (سنن للبیہقی ، باب الایماء بالرکوع والسجو داذا عجز عنهما ج ثانی ،ص ۴۳۵،نمبر ۳۶۶۹، ابواب المریض )اس حدیث میں ہے کہ باضابطہ رکوع سجدہ نہ کرسکتا ہو تو رکوع سجدے کا اشارہ کرے گا۔(۲)اثر یہ ہے۔قال على كل حال مستلقيا ومنحرفا فاذا استقبل القبلة وكان لايستطيع الا ذلك فيومئ ايماء ويجعل سجوده اخفض من ركوعه( مصنف عبدالرزاق ، باب صلوۃ المریض ج ثانی ص ۴۱۴ نمبر ۴۱۴۶ )اس اثر سے معلوم ہوا کہ رکوع اور سجدے کا اشارہ کرے۔اور یہ بھی ہے کہ سجدہ کے لئے سر زیادہ جھکائے۔

**لغت**: اومئ : اشارہ کرے۔

**ترجمہ**: (۵۴۹)اور سجدے کو رکوع سے زیادہ جھکائے۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ اشارہ رکوع اور سجدے کے قائم مقام ہے اسلئے اشارہ دونوں کا حکم لیگا۔

(۵۵۰) ولا يرفع الیٰ وجهه شئ يسجد عليه لِ لقوله عليه السلام ان قدرت تسجد على الارض فاسجدو الافاوم برأسک.

**تشــریــح** : رکوع کا اشارہ کرنا ایسا ہی ہے جیسا کہ رکوع کیا۔ اسی طرح سجدے کا اشارہ کرنا ایسا ہی ہے جیسا کہ سجدہ کرنا۔ یعنی اشارہ رکوع اور سجدے کے حکم میں ہے۔ اور سجدے میں زیادہ جھکنا ہوتا ہے اس لئے اسکے اشارے میں بھی رکوع سے زیادہ جھکنا ہوگا ۔ یہ دلیل عقلی ہے۔ اور اسکے لئے حدیث اوپر گزر گئی ہے جسکا ٹکڑا یہ تھا ۔اجعل سجودک أخفض من رکوعک (سنن للبیھقی ، باب الایماء بالرکوع والسجود اذا عجز عنھما ج ثانی، ص ۴۳۵، نمبر ۳۶۶۹، ابواب المریض) اس حدیث میں ہے کہ سجدہ کو رکوع سے زیادہ جھکائے۔

**ترجمہ**: (۵۵۰) اور چہرے کی طرف کوئی چیز نہ اٹھائے جس پر سجدہ کرے۔

**تشریح** : کوئی آدمی سجدہ نہ کر سکتا ہو تو اگر وہ کسی چیز لکڑی وغیرہ کو اٹھا کر پیشانی سے لگا دے تو یہ صحیح نہیں ہے، بلکہ اسکو سجدے کا اشارہ کرنا چاہئے اسی سے سجدہ ادا ہو جائے گا۔

**وجــــہ** : اوپر اثر میں آیا کہ رکوع اور سجدہ کا اشارہ کرے گا اس لئے لکڑی وغیرہ کوئی چیز چہرے کی طرف نہ اٹھائے کہ اس پر سجدہ کرے۔ اس کو منع فرمایا گیا ہے۔ اثر میں ہے ان ابن عمر کان يقول اذا كان احدكم مريضا فلم يستطع سجودا على الارض فلا يرفع الى وجهه شيئا وليجعل سجوده ركوعا وليومئ برأسه۔ (مصنف عبد الرزاق، باب المریض ج ثانی ص ۳۱۵ نمبر ۴۱۴۸ سنن للبیھقی، باب الایماء بالرکوع والسجود اذا عجز عنھما ج ثانی، ص ۴۳۵، نمبر ۳۶۷۱، ابواب المریض) اس حدیث میں ہے اجعل سجودک اخفض من رکوعک ۔اس حدیث اور اثر سے معلوم ہوا کہ چہرے کی طرف کوئی چیز نہ اٹھائے بلکہ سر کے اشارہ سے نماز پڑھے۔ اور رکوع میں کم جھکائے اور سجدہ میں زیادہ جھکائے۔

**ترجمہ**: لِ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ اگر تمکو زمین پر سجدہ کرنے کی قدرت ہو تو اس پر سجدہ کرو، اور اگر سجدہ کرنے کی قدرت نہ ہو تو اپنے سر سے اشارہ کرو۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی پیش کردہ حدیث یہ ہے۔ عن جابر بن عبد اللهؓ أن رسول الله ﷺ عاد مريضا فرأه يصلى على وسادة فأخذ فرمى بها فأخذ عودا ليصلى عليه فأخذه فرمى به و قال صل على الأرض ان استطعت و الا فأوم ايماء و اجعل سجودك أخفض من ركوعك (سنن للبیھقی، باب الایماء بالرکوع والسجود اذا عجز عنھما ج ثانی، ص ۴۳۵، نمبر ۳۶۶۹، ابواب المریض) اس حدیث میں ہے کہ باضابطہ رکوع سجدہ نہ کر سکتا ہو تو رکوع سجدے کا اشارہ کرے گا۔ اور یہ بھی ہے کہ اپنے چہرے کے لئے تکیہ اٹھایا تو آپؐ نے اسکو پھینک دیا۔ پھر لکڑی اٹھایا تو آپؐ نے اسکو بھی پھینک دیا

**۲ وان فعل ذلک وهو يخفض رأسه اجزاه لوجود الايماء وان وضع ذلک علی جبهته لايجزيه لانعدامه (۵۵۱) وان لم يستطع القعود استلقی علی ظهره وجعل رجليه الی القبلة واومی بالركوع والسجود ﴾ ۱ لقوله عليه السلام يصلی المريض قائما فان لم يستطع فقاعدا فان لم يستطع فعلیٰ قفاه يؤمی ايماء فان لم يستطع فالله تعالیٰ احق بقبول العذر منه**

اور یوں فرمایا کہ زمین پر سجدہ نہ کرسکتا ہوتو اسکا اشارہ کرو۔جس سے معلوم ہوا کہ چہرے کی طرف کسی چیز کو اٹھانا صحیح نہیں ہے۔(۲) یہ اثر بھی گزر چکا ہے کہ۔**ان ابن عمر كان يقول اذا كان احدكم مريضا فلم يستطع سجودا على الارض فلا يرفع الی وجهه شيئا وليجعل سجوده ركوعا وليومیٔ برأسه**۔(مصنف عبدارزاق، باب المريض ج ثانی ص ۳۱۵ نمبر ۴۱۴۸/ سنن للبیھقی، باب الایماء بالرکوع والسجود اذا عجز عنھما ج ثانی، ص ۴۳۵، نمبر ۳۶۱۷، ابواب المریض) اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ اپنی پیشانی کی طرف کوئی چیز نہ اٹھائے۔

**ترجمہ**: ۲ اور اگر ایسا کیا اور سر کو بھی جھکایا تو سجدہ کافی ہو جائے گا اشارہ پائے جانے کی وجہ سے۔اور اگر اس چیز کو پیشانی پر رکھا تو کافی نہیں ہے اسلئے کہ اشارہ نہیں پایا گیا۔

**تشریح**: جو مریض سجدہ نہ کرسکتا ہو اسکو اشارہ کرنا چاہئے۔لیکن اس نے لکڑی وغیرہ کسی چیز کو پیشانی پر رکھ لیا، لیکن تھوڑا سا سر کو بھی جھکایا، تو چونکہ سر کا جھکانا پایا گیا جو اشارہ ہو گیا اسلئے اس اشارے کی وجہ سے سجدہ ہو گیا۔اور اگر تھوڑا سا بھی سر کو نہیں جھکایا، تو چونکہ اشارہ نہیں پایا گیا اسلئے سجدہ ادا نہیں ہوگا، دوبارہ سجدے کا اشارہ کرے یا پھر نماز کو دہرائے۔اسکے لئے حدیث اور اثر اوپر گزر چکے ہیں۔

**ترجمہ**: (۵۵۱) اگر بیٹھنے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو گدی کے بل چت لیٹے اور دونوں پاؤں کو قبلہ کی طرف کرے اور رکوع اور سجدہ کا اشارہ کرے۔

**ترجمہ**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ مریض کھڑا ہو کر نماز پڑھے، پس اگر قدرت نہ رکھتا ہو تو بیٹھ کر، اور بیٹھنے کی بھی طاقت نہ ہو تو گدی کے بل لیٹ کر اشارہ کرے، پھر اگر یہ بھی نہ ہو سکے تو اللہ تعالی زیادہ لائق ہیں کہ اس سے عذر قبول کریں۔

**تشریح**: چت لیٹ کر پاؤں کو قبلہ کی طرف کرے گا تو اس میں ایک فائدہ یہ ہے کہ قبلہ رخ ہوگا۔جو نمازی کے لئے صحت کی حالت میں فرض ہے۔اگر چہ ایک کراہیت بھی ہے کہ پاؤں قبلہ کی طرف ہوئے

صاحب ھدایہ کی حدیث کا مفہوم اس حدیث میں ہے۔(۱) **علی بن ابی طالب عن النبی ﷺ قال يصلی المريض قائما ان استطاع فان لم يستطع صلی قاعدا فان لم يستطع ان يسجد أومأ وجعل سجوده اخفض من ركوعه**

(۵۵۲) وان استلقی علیٰ جنبہ ووجھہ الی القبلۃ جاز ﴾ ۱؎ لما روینا من قبل الا ان الاولیٰ ھو الاولیٰ عندنا

فان لم یستطع ان یصلی قاعدا صلی علی جنبہ الایمن مستقبل القبلۃ فان لم یستطع ان یصلی علی جنبہ الایمن صلی مستلقیا رجلہ مما یلی القبلۃ . (سنن للبیھقی ، باب ماروی فی کیفیۃ الصلوۃ علی الجنب او لاستلقاء، ج ثانی، ص ۳۰۶، نمبر ۳۶۷۸ /دار قطنی ، باب صلوۃ المریض ومن رعف فی صلوتہ الخ، ج ثانی، ص ۳۱ نمبر ۱۶۹۰) اس حدیث میں ہے کہ پہلو کے بل لیٹ کر نماز پڑھے۔ لیکن بعد میں یہ بھی ہے کہ چت لیٹ کر نماز پڑھے، اور پاؤں قبلہ کی طرف ہو (۲) اس اثر میں بھی ہے کہ چت لیٹ کر نماز پڑھے۔ عن ابن عمر قال یصلی المریض مستلقیا علی قفاہ تلی قدماہ القبلۃ. (سنن للبیھقی، باب روی فی کیفیۃ الصلوۃ علی الجنب او الاستلقاء وفیہ نظر ج ثانی، ص ۴۳۶، نمبر ۳۶۷۹ /دار قطنی ، باب صلوۃ المریض ومن رعف فی صلوتہ الخ، ج ثانی، ص ۳۱ نمبر ۱۶۹۱ /مصنف عبد الرزاق، باب صلوۃ المریض، ج ثانی، ص ۳۱۴، نمبر ۴۱۴۱) اس اثر میں ہے کہ چت لیٹ کر نماز پڑھے۔ مریض کے سر کے نیچے تکیہ رکھ دے تو چہرہ قبلہ کی طرف ہو جائے گا۔ اور بیٹھنے والے کی مشابہت ہو جائے گی۔

**لغت** : استلقی: لقی سے مشتق ہے، چت لیٹے۔ قفا: گدی۔ سر۔

**ترجمہ** : (۵۵۲) اور اگر پہلو کے بل لیٹا اور اس کا چہرہ قبلہ کی طرف ہو اور اشارہ کرے تب بھی جائز ہے۔

**ترجمہ** : ۱؎ اس حدیث کی بنا پر جو میں نے پہلے بیان کیا۔ مگر یہ کہ پہلا ہمارے نزدیک زیادہ بہتر ہے۔

**تشریح** : ہمارے نزدیک مریض کو چت لیٹ کر نماز پڑھنا افضل ہے۔ تاہم اگر پہلو کے بل لیٹا اور چہرہ کو قبلے کی طرف کیا تب بھی جائز ہے۔ کیونکہ حدیث کے اندر دونوں کی گنجائش ہے۔

**وجہ** : (۱) صاحب ھدایہ اس حدیث کی طرف اشارہ کر رہے ہیں جس میں یہ گزرا کہ پہلو کے بل لیٹ کر نماز پڑھے۔ حدیث یہ ہے۔ عن عمران بن حصین قال کانت بی بواسیر فسألت رسول اللہ ﷺ عن الصلوۃ فقال صل قائما فان لم تستطع فقاعدا فان لم تستطع فعلی جنب ۔ (بخاری شریف، باب اذا لم یطق قاعدا صلی علی جنب ص ۱۵۰ نمبر ۱۱۱۷ /ترمذی شریف، باب ماجاء ان صلوۃ القاعد علی النصف من صلوۃ القائم ص ۸۵ نمبر ۳۷۲ /ابو داؤد شریف، باب فی صلوۃ القاعد ص ۱۴۴ نمبر ۹۵۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر بیٹھ نہ سکتا ہو تو پہلو کے بل لیٹ کر نماز پڑھے۔ (۲) اس اثر میں ہے کہ دونوں جائز ہیں، اثر یہ ہے۔ قال علی کل حال مستلقیا ومنحرفا فاذا استقبل القبلۃ وکان لایستطیع الا ذلک فیومئ ایماء ویجعل سجودہ اخفض من رکوعہ (مصنف عبد الرزاق، باب صلوۃ المریض ج ثانی ص ۴۱۳ نمبر ۴۱۴۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ چت لیٹنا، اور پہلو کے بل لیٹ کر نماز پڑھنا دونوں جائز ہیں۔ (۳) یہ حدیث بھی گزری کہ جس میں ہے کہ پہلو کے بل لیٹ

٢ خلافا للشافعیؒ ٣ لان اشارۃ المستلقی تقع الیٰ هواء الکعبۃ و اشارۃ المضطجع علی جنبه الیٰ جانب قدمیه و به تتادی الصلوۃ (٥٥٣) فان لم یستطع الایماءَ برأسه اخرت عنه ولا یومی بعینیه ولا بقلبه ولا بحاجبیه ﴾

کرنماز پڑھے وہ نہ ہوسکتا ہوتب چت لیٹ کرنماز پڑھے۔حدیث یہ ہے۔علی بن ابی طالب عن النبی ﷺ قال یصلی المریض قائما ان استطاع فان لم یستطع صلی قاعدا فان لم یستطع ان یسجد أومأ وجعل سجوده اخفض من رکوعه فان لم یستطع ان یصلی قاعدا صلی علی جنبه الایمن مستقبل القبلة فان لم یستطع ان یصلی علی جنبه الایمن صلی مستلقیا رجله مما یلی القبلة . (سنن للبیهقی ،باب ماروی فی کیفیۃ الصلوۃ علی الجنب اوالاستلقاء، ج ثانی،ص ٣٠٦،نمبر ٣٦٧٨ ردارقطنی ، باب صلوۃ المریض ومن رعف فی صلوتہ الخ، ج ثانی،ص ٣١نمبر ١٦٩٠)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دائیں پہلو کے بل لیٹ کرنماز پڑھے۔اگراس پرنماز نہ پڑھ سکتا ہوتب چت لیٹ کرقبلہ کی طرف پاؤں کرے۔

**فائده : ترجمه** ٢ خلاف امام شافعیؒ کے۔

**تشریح** :امام شافعیؒ کے نزدیک بہتر یہ ہے کہ دائیں پہلو کے بل لیٹے اور چہرہ کوقبلہ کی طرف کرے اورنماز پڑھے۔

**وجه** : اسکی وجہ اوپر والی حدیث ہے جس میں ہے کہ مریض پہلو کے بل لیٹے ،اورنماز پڑھے۔

**ترجمه**: ٣ اسلئے کہ چت لیٹنے والے کا اشارہ کعبہ کی فضا کی طرف پڑتا ہے۔اور پہلو کے بل لیٹنے والے کا اشارہ اپنے قدم کی طرف پڑتا ہے۔اور کعبہ کی فضا کی طرف اشارہ ہونے سے نماز ادا ہوتی ہے۔

**تشریح** :۔یہ دلیل عقلی ہے۔۔اسکا حاصل یہ ہے کہ چت ہوکرنماز پڑھے اوراسکے سر کے نیچے تکیہ ہوتو اسکا اشارہ قبلہ کی طرف ہو گا۔اورنمازی کا اشارہ قبلہ کی طرف ہوتو نماز ادا ہوجاتی ہے۔اسلئے یہ صورت زیادہ بہتر ہے۔۔اوراگر پہلو کے بل لیٹے تو نماز کا اشارہ قبلہ کی طرف نہیں ہوگا بلکہ نمازی کے قدم کی طرف ہوگا۔اسلئے یہ صورت افضل نہیں ہے۔لیکن چونکہ حدیث میں ہے اسلئے یہ بھی جائز ہے۔

**ترجمه**: (٥٥٣)پس اگرسر سے اشارہ کرنے کی طاقت نہ ہوتو نماز مؤخر ہوجائے گی ،اور نہ اشارہ کرے اپنی آنکھوں سے اور نہ دل سے اور نہ بھوؤں سے۔

**تشریح** : اگرسر سے بھی اشارہ کرنے کی طاقت نہ ہوتو نماز مؤخر ہوگی۔چونکہ عقل دماغ موجود ہے اس لئے شریعت کا خطاب اس پرموجود ہے اس لئے نماز لازم ہوگی۔البتہ مؤخر کرکے نماز پڑھے گا۔کیونکہ جب سر سے بھی اشارہ نہیں کرسکتا ہے تو کس چیز سے اشارہ کرے گا!دل سے اشارہ کرے گا تو اسکا اعتبار نہیں ،اور بھوؤں سے اشارہ کرے گا تو اسکا بھی اعتبار نہیں ہے۔

ل خلافا لزفرؒ ۲ لما روينا من قبل. ۳ ولان نصب الابدال بالرای ممتنع ۴ ولا قياس على الرأس لانه يتادى به ركن الصلوٰة دون العين و اختيها

---

**وجه** : (۱) اس اثر میں ہے کہ سر سے اشارہ کرے، جس کا مطلب یہ نکلا کہ اگر سر سے بھی اشارہ کرنے کی قدرت نہیں ہے تو اب اس سے نماز مؤخر ہو جائے گی۔ پھر آگے دو صورتیں ہیں۔[۱] اگر بیمار کو عقل اور ہوش ہے، صرف سر سے اشارہ نہیں کر سکتا ہے تب تو نماز فرض رہے گی، جب اشارہ کرنے پر قدرت ہو جائے اس وقت نماز ادا کرے گا۔ کیونکہ عقل اور ہوش موجود ہے۔[۲] اور اگر ایک دن ایک رات تک عقل اور ہوش بھی نہیں رہی تو اب ان بیہوشی کی نماز واجب نہیں رہے گی ساقط ہو جائے گی، کیونکہ ایک دن رات تک عقل ہی باقی نہیں رہی۔ سر سے اشارہ نہ کرنے پر نماز مؤخر ہوگی اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ ان ابن عمر كان يقول اذا كان احدكم مريضا فلم يستطع سجودا على الارض فلا يرفع الى وجهه شيئا وليجعل سجوده ركوعا وليومىء برأسه۔ (مصنف عبدالرزاق، باب المریض ج ثانی ص ۳۱۵ نمبر ۴۱۴۸ سنن للبیھقی، باب الایماء بالرکوع والسجود اذا عجز عنھما ج ثانی، ص ۴۳۵، نمبر ۳۶۱۷، ابواب المریض) اس اثر میں ہے کہ سر سے اشارہ کرے، تو اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ سر سے اشارہ نہ کر سکتا ہو تو نماز مؤخر ہو جائے گی۔

**لغت** : بحاجبیہ : دونوں بھوؤں سے۔

**ترجمہ** : ل خلاف ہے امام زفرؒ کے۔

**تشریح** : امام زفر رحمۃ اللہ فرماتے ہیں کہ اگر سر سے اشارہ نہ کر سکتا ہو تو دل سے اور بھوں سے اشارہ کر کے نماز پڑھے۔

**ترجمہ**: ۲ اس روایت کی وجہ سے جو پہلے میں نے بیان کی۔

**تشریح** :یہ دلیل امام ابوحنیفہؒ کی ہے۔ جو ابھی اوپر حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کا قول گزرا۔

**ترجمہ** ۳ اور رائے سے بدل کو متعین کرنا ممتنع ہے۔

**تشریح** : اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ سر کا اشارہ یہ سجدے کے بدلے میں ہے۔ اور یہ بدل ہمنے رائے سے متعین نہیں کی بلکہ حدیث کے اشارے، اور حضرت عبداللہ ابن عمر کے قول سے متعین کیا۔ اب اگر آنکھ اور دل سے اشارے کو سجدے کا بدل قرار دیں تو اسکے لئے کوئی حدیث چاہئے۔ اور اسکے لئے کوئی حدیث نہیں ہے اسلئے اپنی رائے سے آنکھ اور دل سے اشارے کو سجدے کا بدلہ قرار نہیں دے سکتے۔ کیونکہ اپنی رائے سے بدل قرار دینا ممتنع ہے۔

**ترجمہ**: ۴ اور سر پر قیاس نہیں کیا جا سکتا اسلئے کہ سر سے نماز کا ایک رکن ادا ہوتا ہے۔ آنکھ اور اسکی دو بہنیں [یعنی بھوں اور دل] سے رکن ادا نہیں ہوتا

ﮯ وقولـه اخرت عنه اشارة الى انه لاتسقط الصلوٰة عنه وان كان العجزا كثر من يوم وليلة اذا كان مفيقا وهو الصحيح لانه يفهم مضمون الخطاب بخلاف المغمى عليه (۵۵۴) وان قدر على القيام ولم يقدرعلى الركوع والسجود لم يلزمه القيام ويصلى قاعدا يؤمى ايماء ﴾

**تشریح** : یہ عبارت ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ سر پر قیاس کرلیا جائے۔ یعنی جس طرح سجدے کا بدلہ سر کا اشارہ ہے۔ تو اسی سر پر ہی دل، آنکھ، اور بھوں سے اشارے کو قیاس کرلیا جائے؟ اس میں کیا حرج ہے؟ تو اسکا جواب دیتے ہیں کہ سر سے نماز کا ایک اہم رکن ,,سجدہ،، ادا ہوتا ہے۔ اسلئے سر کا اشارہ سجدے کا قائم مقام ہو سکتا ہے۔ اور دل، یا آنکھ، یا بھوں سے کوئی رکن ادا نہیں ہوتا اسلئے ان عضوؤں کا اشارہ سجدے کا قائم مقام نہیں ہو سکتا اور اسکے لئے کوئی حدیث ہے نہیں اسلئے انکے اشارے سے نماز ادا نہیں ہوگی اب نماز مؤخر ہو جائے گی

**ترجمہ**: ﮯ متن میں یہ قول ,,اخرت عنہ،، اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ نماز اس سے ساقط نہیں ہوگی [صرف مؤخر ہوگی] اگر چہ یہ عجز ایک دن ایک رات سے زیادہ ہی کیوں نہ ہو بشرطیکہ اسکو ہوش ہو۔ صحیح روایت یہی ہے۔ اس لئے کہ وہ خطاب کے مضمون کو سمجھتا ہے۔ بخلاف جس پر بیہوشی طاری ہوئی ہو۔

**تشریح** : متن میں یہ جملہ ہے کہ ,,اخرت عنہ،، اس سے اس بات کی طرف اشارہ ہوتا ہے کہ جو مریض سر سے اشارہ نہ کرسکتا ہو اور اس کو ہوش حواس ہے تو اس سے نماز ساقط نہیں ہوگی۔ البتہ اس سے نماز مؤخر ہو جائے گی بعد میں قضا کرے۔ چاہے اس قسم کی عاجزی ایک دن ایک رات سے زیادہ ہی کیوں نہ ہو۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ جب ہوش وحواس باقی ہے تو اللہ تعالی کے خطاب کو سمجھتا ہے کہ اس پر نماز فرض ہے اسلئے نماز فرض رہے گی۔ اس کے برخلاف کوئی ایک دن ایک رات سے زیادہ بیہوش رہا ہو تو وہ اللہ تعالی کے خطاب کو نہیں سمجھتا ہے اسلئے اس سے نماز ساقط ہو جائے گی۔ اسکو بعد میں بھی ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۵۵۴) اگر کھڑے ہونے پر قدرت رکھتا ہو لیکن رکوع اور سجدے پر قدرت نہ رکھتا ہو تو اس کو کھڑا ہونا لازم نہیں ہے۔ اور اس کے لئے جائز ہے کہ بیٹھ کر اشارہ سے نماز پڑھے۔

**تشریح** : ایک آدمی کھڑا تو ہو سکتا ہے لیکن پیٹھ میں درد کی وجہ سے رکوع سجدہ نہیں کرسکتا تو اس کے لئے کھڑا ہونا ضروری نہیں ہے۔ وہ بیٹھ کر رکوع اور سجدے کا اشارہ کر کے نماز پڑھے۔

**وجہ**: اس کی وجہ یہ ہے کہ کھڑا ہونا اس لئے تھا تا کہ صحیح طور پر رکوع اور سجدہ کر سکے۔ لیکن جب رکوع اور سجدہ ہی نہیں کر سکا تو کھڑا ہونا جو فرض تھا اس سے ساقط ہو جائے گا۔ اب چاہے تو کھڑا ہو چاہے تو بیٹھ کر اشارہ سے نماز پڑھے۔

ل لان ركنية القيام للتوسل به الى السجدة لما فيها من نهاية التعظيم فاذا كان لايتعقبه السجود لا يكون ركنا فيتخير ۲ والافضل هو الايماء قاعدا لانه اشبه بالسجود (۵۵۵) وان صلى الصحيح بعض صلاته قائما ثم حدث به مرض اتمها قاعدا يركع ويسجد اويؤمى ان لم يقدر اومستلقيا ان لم يقدر ﴾ ل لانه بنى الادنىٰ على الاعلىٰ فصار كالاقتداء

**ترجمه**: ل اسلئے کہ کھڑے ہونے کا رکن سجدے کے وسیلے کے لئے ہے اسلئے کہ اس میں پوری تعظیم ہے۔ پس جب اسکے بعد سجدہ نہ کرسکتا ہو تو کھڑا ہونا رکن بھی نہیں رہا اسلئے اختیار ہوگا۔

**تشریح** : جو آدمی کھڑا تو ہوسکتا ہو لیکن کھڑا ہونے کے بعد رکوع سجدہ نہ کرسکتا ہو تو اس پر کھڑا ہونا فرض نہیں ہے بیٹھ کر رکوع سجدہ کرے۔ اس پر کھڑا ہونا فرض نہیں ہے۔ اسکی دلیل عقلی یہ ہے کہ کھڑا ہونا فرض اسلئے تھا کہ اسکے بعد رکوع سجدہ کیا جائے۔ کیونکہ اس میں بہت تعظیم ہے۔ اور اگر رکوع سجدہ نہ کرسکتا ہو تو اب کھڑا ہونے کی ضرورت نہیں رہی بیٹھ کر ہی رکوع سجدے کا اشارہ کرے۔

**ترجمه**: ۲ افضل یہ ہے کہ بیٹھ کر اشارہ کرے، اسلئے کہ یہ سجدے کے مشابہ ہے۔

**تشریح** : کھڑا ہو قیام کرے، پھر بیٹھ کر رکوع سجدے کا اشارہ کرے، یہ بھی جائز ہے۔ لیکن افضل یہ ہے کہ بیٹھ کر رکوع سجدے کا اشارہ کرے۔

**وجه** : اسکی وجہ یہ ہے کہ بیٹھ کر اشارہ کرنا سجدے کے مشابہ ہے اسلئے بیٹھ کر رکوع سجدے کا اشارہ کرے یہ بہتر ہے۔

**ترجمه** (۵۵۵) اگر تندرست آدمی نے بعض نماز کھڑے ہو کر پڑھی پھر اسکو مرض پیدا ہو گیا تو بیٹھ کر پوری کرے۔ اور رکوع سجدہ کرے اور اسکی بھی قدرت نہ ہو تو اشارہ کرے، اور اگر بیٹھ کر بھی رکوع سجدے پر قدرت نہ ہو تو چت لیٹ کر اشارہ کرے۔

**ترجمه**: ل اسلئے کہ ادنی کی بنا اعلی پر ہے تو اقتداء کی طرح ہو گیا۔

**تشریح** : آدمی تندرست تھا، اس نے کھڑے ہو کر نماز شروع کی درمیان نماز میں بیمار ہو گیا اور کھڑا ہونے کی ہمت نہیں رہی تو باقی نماز بیٹھ کر پوری کرے، اور بیٹھنے کی ہمت نہ ہو تو لیٹ کر اشارہ سے نماز پوری کرے۔

**وجه** :(۱) جتنے پر طاقت ہوئی اتنے پر عمل کرسکا (۲) جس طرح اقتدا کرنے والا اعلی امام کی اقتدا ادنی مقتدی کے لئے جائز ہے۔ مثلا امام کھڑا ہو کر نماز پڑھا رہا ہے تو بیٹھنے والا مقتدی اسکی اقتدا کرسکتا ہے، کیونکہ ادنی کی بنا اعلی پر ہے اسلئے جائز ہوگا۔ فصار کالاقتداء کا یہی مطلب ہے (۳) حدیث میں ہے کہ کھڑا نہ ہوسکتا ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھے، حدیث یہ ہے۔ عن عمران بن حصين قال كانت بى بواسير فسألت رسول الله ﷺ عن الصلوة فقال صل قائما فان لم تستطع فقاعدا فان لم تستطع فعلى جنب۔ (بخاری شریف، باب اذا لم يطق قاعدا صلى على جنب ص ۱۵۰ نمبر ۱۱۱۷ ترمذی شریف، باب ما جاء ان صلوة القاعد على

(۵۵۶) ومن صلى قاعدا يركع ويسجد لمرض ثم صح بنى علىٰ صلاته قائما عند ابى حنيفة وابى يوسفؒ ﴾ (۵۵۷) وقال محمدؒ استقبل ﴾ لـ بناء علىٰ اختلافهم فى الاقتداء وقد تقدم بيانه.

النصف من صلوة القائم ص ۸۵ نمبر ۳۷۲ رابوداؤد شریف، باب فی صلوة القاعد ص ۱۴۴ نمبر ۹۵۲) اس حدیث میں ہے کہ کھڑا نہ ہوسکتا ہو تو بیٹھ کر نماز پڑھے، اور بیٹھ بھی نہ سکتا ہو تو لیٹ کر نماز پڑھے۔

**ترجمہ**: (۵۵۶) کوئی آدمی مرض کی وجہ سے بیٹھ کر کے رکوع سجدے کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا، پھر تندرست ہوگیا تو امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اپنی پہلی نماز پر بناء کرے۔

**تشریح** : ایک آدمی بیمار تھا اسلئے بیٹھ کر نماز شروع کی اور بیٹھ کر ہی رکوع سجدہ کرتا رہا، اسی درمیان وہ تندرست ہوگیا اور کھڑے ہونے پر قدرت ہوگئی تو کھڑا ہو کر اسی نماز پر بناء کرے، شروع سے نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں۔ یہ رائے امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی ہے۔

**وجہ**: (۱) بیٹھنا آدھا کھڑا ہونا ہے اس لئے اگر بیٹھا ہوا رکوع و سجدہ کر رہا تھا اور کھڑے ہونے پر قدرت ہوگئی تو اسی پر بنا کرے اور باقی نماز کھڑے ہو کر پوری کرے (۲) کھڑے ہونے والے بیٹھنے والے کی اقتدا کر سکتے ہیں لیکن لیٹنے والے کی اقتدا نہیں کر سکتے اس سے بھی معلوم ہوا کہ بیٹھنا آدھا کھڑا ہونا ہے۔ اس لئے اسی پر بنا کرے گا۔ شروع نماز سے پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے (۳) حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔ عن عائشة ان رسول الله كان يصلى جالسا فيقرأ وهو جالس فاذا بقى من قرأته قدر ما يكون ثلثين او اربعين آية قام فقرأ وهو قائم ثم ركع ثم سجد ثم يفعل فى الثانية مثل ذلك (الف) (مسلم شریف، باب جواز النافلة قائما وقاعدا ص ۲۵۲ نمبر ۷۳۱) اس حدیث میں آپؐ نے بیٹھ کر نماز پڑھی ہے پھر آخر میں کھڑے ہو کر اس پر بنا کیا ہے۔ یہ حدیث اگر چہ نوافل کے بارے میں ہے لیکن اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بیماری کی صورت میں فرائض میں بھی بیٹھنے پر کھڑا ہونے کو بنا کر سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۵۵۷) اور امام محمدؒ نے فرمایا شروع سے نماز پڑھے۔

**ترجمہ**: لـ بناء کرتے ہوئے ان حضرات کے اختلاف پر اقتداء کے بارے میں۔ اور اسکا بیان پہلے گزر چکا ہے۔

**تشریح** : امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ بیٹھنے والا مریض تندرست ہو جائے تو کھڑا ہو کر بنا نہیں کر سکتا۔ شروع سے نماز پڑھے گا۔ اصل اختلاف یہ ہے کہ امام بیٹھ کر نماز پڑھا رہے ہوں تو کھڑا ہونے والا مقتدی اسکی اقتداء کر سکتا ہے یا نہیں؟ اس بارے میں شیخین اور امام محمدؒ کا اختلاف ہے امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اقتداء جائز ہے اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کھڑا ہونے والا بیٹھنے والے امام کی اقتداء کرے تو جائز نہیں۔ اور اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ مقتدی کھڑا ہے اسلئے اسکی حالت اعلی ہے اور امام بیٹھا ہے اسلئے

(۵۵۸) ﴿وان صلی بعض صلاته بایماء ثم قدر علی الرکوع و السجود استانف عندهم جمیعًا﴾ لـ لانه لایجوز اقتداء الراکع بالمؤمی فکذا البناء (۵۵۹) ومن افتتح التطوع قائما ثم اعیٰی لا بأس ان یتوکأ علیٰ عصا اوحائط اویقعد﴾ لـ لان هٰذا عذر.

اسکی ادنی ہے، اسلئے اعلی والا ادنی کی اقتدا نہیں کرسکتا۔ باب الامامة مسئلہ نمبر ۳۶۴ میں یہ مسئلہ گزر چکا ہے۔ تفصیل وہاں دیکھیں۔ یہاں بھی کھڑا ہونا اعلی ہے اسلئے بیٹھنے والا کھڑا ہونے پر بناء نہیں کرسکتا۔

**اصول**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ بیٹھنا کھڑا ہونے کے قریب ہے۔ اسلئے ایک دوسرے پر بناء کرسکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۵۵۸) پس اگر بعض نماز اشارہ سے پڑھی پھر رکوع اور سجدہ پر قدرت ہوگئی تو سب کے نزدیک نماز شروع سے پڑھے گا۔

**وجہ**: اشارہ کرنا بہت ہی کمزور حالت ہے۔ اس پر اعلی کی بنا نہیں کرسکتے (۲) یہی وجہ ہے کہ لیٹنے والے یا اشارہ کرنے والے کی اقتدا بیٹھنے والے یا کھڑے ہونے والے نہیں کرسکتے ہیں۔ کیونکہ ایک بہت اعلی حالت ہے اور دوسری بہت ادنی حالت ہے۔ اس لئے اشارہ کر کے نماز پڑھ رہا تھا اور درمیان میں رکوع اور سجدہ پر قدرت ہوگئی تو اس پر بنا نہیں کرے گا بلکہ شروع سے نماز پڑھے گا (۳) اوپر کی حدیث سے ثابت ہوا کہ بیٹھنے پر کھڑے ہونے کو بنا آپؐ نے کیا ہے۔ لیکن اشارہ کرنے پر بنا کرنے کی حدیث نہیں ہے۔ اس لئے احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ اشارہ کرنے پر رکوع وسجدہ کرنے کو بنا نہ کیا جائے۔

**ترجمہ**: لـ اسلئے کہ اشارہ کرنے والے کے پیچھے رکوع سجدہ کرنے والے کی اقتداء جائز نہیں۔ اسی طرح اس پر بناء کرنا بھی ہے۔

**تشریح**: یہ اوپر ہی کی دلیل عقلی ہے۔ حاصل یہ ہے کہ جو آدمی بیٹھ کر رکوع سجدہ کرتا ہو اسکا اشارہ نہیں کرتا ہو وہ رکوع سجدے کے اشارے کرنے والے کی اقتداء کرنا چاہے تو نہیں کرسکتا۔ اسی طرح اشارہ کر کے نماز پڑھ رہا تھا اور درمیان میں رکوع سجدہ کرنے کی قدرت ہوگئی تو رکوع سجدے پر بناء نہیں کرسکتا، اسلئے کہ یہ بہت اعلی حالت ہے اور اشارہ کرنا بہت ادنی حالت ہے۔

**ترجمہ**: (۵۵۹) کسی نے نفل نماز کھڑے ہو کر شروع کی پھر وہ تھک گیا تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ لکڑی یا کسی دیوار پر ٹیک لگائے، یا بیٹھ جائے۔

**ترجمہ**: لـ اسلئے کہ یہ عذر ہے۔

**تشریح**: کسی نے نفل نماز کھڑے ہو کر شروع کی درمیان میں تھک گیا تو اسکے لئے گنجائش ہے کہ کسی لکڑی پر ٹیک لگالے، یا کسی دیوار پر ٹیک لگالے، یا بیٹھ جائے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ تھک جانا عذر ہے، اور نفل نماز میں اتنے عذر سے بھی بیٹھ سکتا ہے، یا ٹیک لگا سکتا

۲ وان کان الاتکاء بغیر عذر یکرہ لانہ اساءۃ فی الادب ۳ وقیل لا یکرہ عند ابی حنیفۃؒ لانہ لوقعد عندہ یجوز من غیر عذر فکذا لایکرہ الاتکاء ۴ وعندھما یکرہ لانہ لا یجوز القعود عندھما فیکرہ الاتکاء

---

ہے۔

**وجہ** : (۱) حدیث میں ہے کہ حضرت زینبؓ نفل نماز میں تھک جاتی تو رسی سے سہارا لیتی تھیں۔ حدیث یہ ہے۔ عن انس بن مالکؓ قال دخل النبی ﷺ فاذا حبل ممدود بین الساریتین ، فقال : ما ھذا الحبل ؟ قالوا : ھذا حبل لزینب فاذا فترت تعلقت ، فقال النبی ﷺ : لا ، حلوہ لیصل أحدکم نشاطہ ، فاذا فتر فلیقعد ۔ (بخاری شریف، باب ما یکرہ من التشدید فی العبادۃ، ص۱۸۴، نمبر ۱۱۵۰) اس حدیث میں ہے کہ حضرت زینبؓ نفل نماز میں تھک جاتی تھیں تو رسی کے ساتھ سہارا لیتی تھیں۔ (۲) حدیث میں ہے کہ حضورؐ نفل بیٹھ کر پڑھتے تھے اور بعد میں کھڑے ہو جایا کرتے تھے۔ حدیث یہ ہے۔ عن عائشۃ قالت : کان رسول اللہ ﷺ یقرأ وھو قاعد ، فاذا أراد أن یرکع ، قام قدر ما یقرأ انسان أربعین آیۃ ۔ (مسلم شریف باب جواز النافلۃ قائما وقاعدا وفعل بعض الرکعۃ قائما وبعضھا قاعدا، ص ۲۹۶، نمبر ۱۷۰۶/۷۳۱ ر بخاری شریف، باب اذا صلی قاعدا ثم صح او وجد خفۃ تمم ما بقی، ص۱۵۰، نمبر ۱۱۱۹) اس حدیث میں ہے کہ بیٹھ کر نماز پڑھتے تھے پھر آخیر میں کھڑا ہو جاتے تھے۔ جس پر قیاس کرتے ہوئے یہ جائز ہوگا کہ تھک جائے تو بیٹھ جائے۔

**لغت** : اعیی: تھک گیا۔ یتوکأ: ٹیک لگائے۔ عصا: لاٹھی۔

**ترجمہ** : ۲ اور اگر ٹیک لگانا بغیر عذر کے ہو تو مکروہ ہے، کیونکہ یہ بے ادبی ہے۔

**تشریح** : کھڑا ہو کر نفل پڑھ رہا تھا ابھی تھکا نہیں تھا کہ درمیان میں کسی چیز سے ٹیک لگایا تو یہ مکروہ ہے۔ کیونکہ یہ بے ادبی ہے۔ تاہم نماز ہو جائے گی۔ اسلئے کہ نفل نماز بیٹھ کر بھی پڑھنا جائز ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ امام ابو حنیفہؒ بغیر عذر کے بھی ٹیک لگانا مکروہ نہیں ہے۔ اسلئے کہ انکے نزدیک بغیر عذر کے بیٹھ گیا تو جائز ہے۔ اسی طرح بغیر عذر کے ٹیک لگانا بھی مکروہ نہیں۔

**تشریح** : بعض حضرات نے فرمایا کہ امام ابو حنیفہؒ کی رائے ہے کہ بغیر عذر کے بھی نفل نماز کے درمیان ٹیک لگالیا تو مکروہ نہیں ہے۔ اسلئے کہ انکے نزدیک بغیر عذر کے بیٹھنا جائز ہے، تو بغیر عذر کے ٹیک لگانا بھی مکروہ نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۴ اور صاحبینؒ کے نزدیک مکروہ ہے اسلئے کہ انکے نزدیک نفل کے درمیان بیٹھنا جائز نہیں، تو بغیر عذر کے ٹیک لگانا بھی مکروہ ہوگا۔

(۵۶۰) وان قعد بغير عذر يكره بالاتفاق ﴿ لے وتجوز الصلوٰة عنده ولا تجوز عندهما وقد مرفى باب النوافل

**تشریح** : صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ نفل کے درمیان بغیر عذر کے بیٹھنا جائز نہیں، اسی پر قیاس کر کے نفل کے درمیان بغیر عذر کے ٹیک لگانا مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: (۵۶۰) اور اگر بغیر عذر کے بیٹھ گیا تو بالاتفاق مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: لے البتہ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک نماز جائز ہو جائے گی۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک نماز بھی جائز نہیں ہوگی۔

**تشریح** : ٹیک لگانے کا مسئلہ تھوڑا ہلکا ہے، اور بیٹھ جانے کا مسئلہ تھوڑا بھاری ہے۔ اسلئے اگر بغیر عذر کے نفل نماز میں بیٹھ گیا تو بالاتفاق مکروہ ہے۔ البتہ امام ابوحنیفہ کے نزدیک نفل جائز ہو جائے گی۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ آپ بیٹھ کر نماز پڑھتے تو آخیر میں کھڑا ہو جاتے جس سے معلوم ہوا کہ نفل نماز میں کھڑا ہونا ضروری نہیں ہے۔ حدیث یہ ہے۔ حدیث میں ہے عن عائشة ان رسول الله ﷺ كان يصلي جالسا فيقرأ وهو جالس فاذا بقي من قرأته نحو من ثلثين آية او اربعين آية قام فقرأها وهو قائم ثم ركع ثم سجد يفعل في الركعة الثانية مثل ذلك . (بخاری شریف، باب اذا صلی قاعدا ثم صح او وجد خفة تمم ما بقی، ص ۱۵۰ نمبر ۱۱۱۹ رمسلم شریف، باب جواز النافلة قائما وقاعدا ص ۲۵۲ نمبر ۱۷۰۴/۷۳۱ رترمذی شریف، باب من تطوع جالسا ص ۸۵ نمبر ۳۷۴) اس حدیث میں آپ نے بیٹھ کر بھی نماز پڑھی اور کھڑے ہو کر بھی جس کا مطلب یہ ہے کہ کھڑے ہو کر شروع کیا تو بیٹھ کر پوری کر سکتا ہے۔ اگر چہ کھڑا ہو کر ہی پوری کرنا بہتر ہے۔

اور صاحبینؒ کے نزدیک شروع سے بیٹھ کر نماز پڑھی تو جائز ہے لیکن درمیان میں بیٹھ گیا تو جائز نہیں۔

**وجہ** : (۱) صاحبین فرماتے ہیں کہ کھڑے ہو کر نفل شروع کیا تو گویا کہ اس نے اپنے اوپر کھڑے ہونے کو لازم کیا تو گویا کہ یہ عملا نذر ہو گئی جس طرح کوئی آدمی کھڑا ہو کر نماز پڑھنے کی نذر مانی تو اسکے لئے بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز نہیں اسی طرح کھڑا ہو کر نماز شروع کی تو بیٹھ کر نماز پڑھنا کافی نہیں ہے۔ اس لئے بغیر عذر کے بیٹھنا جائز نہیں ہے۔ قیاس کا تقاضا بھی یہی ہی۔ (۲) حدیث میں ہے۔ سألنا عائشة عن صلوة رسول الله ﷺ فقالت كان رسول الله يكثر الصلوة قائما وقاعدا فاذا افتتح الصلوة قائما ركع قائما واذا افتتح الصلوة قاعدا ركع قاعدا (مسلم شریف، باب جواز النافلة قائما وقاعدا ص ۲۵۲ نمبر ۱۷۰۳/۷۳۰) اس حدیث میں ہے کہ کھڑے ہو کر نماز شروع کرتے تو کھڑے ہو کر ہی رکوع سجدہ کرتے تھے۔ اسکی تفصیل، فصل فی القراۃ، مسئلہ نمبر ۴۸۵۔ میں گزر چکی ہے۔

(۵۶۱) ومن صلی فی السفينة قاعدا من غير علة اجزاه عند ابی حنيفة والقيام افضل﴾ (۵۶۲) وقالا لا يجزيه الامن عذر﴾ ل لان القيام مقدور عليه فلا يترک ۲ وله ان الغالب فيها دوران الرأس وهو كالمتحقق الا ان القيام افضل لانه ابعد عن شبهة الخلاف

**ترجمہ**: (۵۶۱) کوئی کشتی میں بغیر کسی عذر کے بیٹھ کر نماز پڑھے تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کافی ہوجائے گی، البتہ کھڑا ہوکر پڑھنا افضل ہے

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ اگر عذر پیدا ہوجائے تو فرض نماز میں کھڑا ہونا ساقط ہوجائے گا۔ اور اگر عذر پیدا نہ ہو تو قیام ساقط نہیں ہوگا۔ کشتی کنارے پر بندھی ہوئی نہ ہو تو وہ پانی پر ہلتی رہتی ہے اور کھڑا ہوکر نماز پڑھنا مشکل ہوتا ہے اسلئے کھڑا ہونے میں عذر ہوگیا اسلئے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک چاہے سر کا چکر نہ ہو پھر بھی بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز ہے۔ البتہ چونکہ فرض نماز میں قیام فرض ہے اسلئے کھڑا ہونا افضل ہے۔

**وجه**: (۱) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ حدثت عن أنس بن مالک أنه قصر فی سفینة، فصلی فیها جالسا و صلی معه جلوسا ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب هل یصلی الرجل وهو یسوق دابته؟ وقصر الصلوة، ج ثانی، ص ۳۸۳، نمبر ۴۵۵۷) اس اثر میں ہے کہ حضرت انسؓ نے کشتی میں بیٹھ کر نماز پڑھائی۔ جس سے معلوم ہوا کہ بغیر عذر کے بھی کشتی میں فرض نماز بیٹھ کر پڑھی تو نماز ہوجائے گی۔

**ترجمہ**: (۵۶۲) اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ جائز نہیں ہے مگر عذر کی وجہ سے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ کھڑے ہونے پر اسکو قدرت ہے اسلئے کھڑا ہونا چھوڑا نہیں جائے گا۔

**تشریح**: صاحبین کا اصول یہ ہے کہ واقعی عذر ہوجائے اور کھڑا ہونا مشکل ہوجائے تب تو بیٹھ کر نماز پڑھے، اور کھڑا ہونا مشکل نہ ہو اور سر میں چکر نہ ہو تو بیٹھنا جائز نہیں۔ اسلئے جو آدمی کشتی میں ہے اور سر میں چکر نہیں ہے، اور کھڑا ہونا مشکل بھی نہیں ہے اسکے لئے کھڑا ہونا ضروری ہے۔ بغیر عذر کے کھڑا ہونا ساقط نہیں ہوگا۔

**وجه**: اس اثر میں ہے۔ عن عطاء قال: یصلون فی السفینة قیاما الا أن یخافوا أن یغرقوا، فیصلون جلوسا یتبعون القبلة حیث ما زالت ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الصلوة فی السفینة، ج ثانی، ص ۳۸۳، نمبر ۴۵۶۱) اس اثر میں ہے کہ ڈوبنے کا خطرہ ہو تب ہی بیٹھ کر نماز پڑھے۔ یا پھر کھڑا ہونا مشکل ہو تب ہی بیٹھ کر نماز پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ**: ۲ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ غالب یہ ہے کہ کشتی میں دوران رأس [سر کا چکر] ہوتا ہے، یہ ایسا سمجھو کہ سر کا چکر ہو ہی گیا۔ مگر کھڑا ہونا افضل ہے اسلئے کہ اختلاف کے شبہ سے دور ہے۔

۳ والخروج افضل ما امكنه لانه اسكن لقلبه ۴ والخلاف في غير المربوطة ۵ والمربوطة كالشط هو الصحيح. (۵۶۳) ومن اغمي عليه خمس صلوات او دونها قضى وان كان اكثر من ذلك لم يقض ﴾

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ چلتی ہوئی کشتی میں عموما سر کا چکر ہو ہی جاتا ہے۔ اسلئے کسی چیز کا غالب ہونا ایسا ہے کہ وہ متحقق ہو ہی گئی، تو گویا کہ سر کا چکر ہو ہی گیا اسلئے سر میں چکر نہ ہو تب بھی بیٹھ کر نماز پڑھنا جائز ہے۔ البتہ کھڑا ہونا افضل ہے تا کہ اس میں اختلاف کا شبہ نہ رہے، اور اطمینان قلب کے ساتھ نماز ہو جائے۔

**اصول** : امام ابوحنیفہؒ کا اصول یہ ہے کہ کوئی چیز اکثر ہوتی رہتی ہو تو گویا کہ وہ ہو ہی گئی۔

اور صاحبینؒ کا اصول یہ ہے کہ وہ چیز متحقق ہو جائے تب اسکا اعتبار ہوگا ورنہ نہیں۔

**ترجمہ**: ۳ اور جہاں تک ہو سکے کشتی سے باہر نکل کر نماز پڑھنا افضل ہے کیونکہ اس میں اطمینان قلب ہے۔

**تشریح** : کشتی کے اندر بیٹھ کر نماز پڑھنے میں ائمہ کا اختلاف ہے۔ اسلئے جہاں تک ہو سکے کشتی سے باہر ہو کر نماز پڑھے تا کہ کسی کا اختلاف بھی نہ رہے اور اطمینان قلب ہو جائے۔

**ترجمہ**: ۴ بیٹھ کر نماز پڑھنے میں اختلاف اس کشتی میں ہے جو کنارے پر بندھی ہوئی نہ ہو۔

**تشریح**: جو کشتی کنارے پر بندھی ہوئی نہ ہو اسکے بارے میں یہ اختلاف ہے کہ اس میں بیٹھ کر نماز پڑھے یا نہیں۔

**ترجمہ**: ۵ اور بندھی ہوئی کشتی کنارے کی طرح ہے۔ صحیح یہی ہے۔

**تشریح** : جو کشتی کنارے پر بندھی ہوئی ہو اسکا حکم دریا کے کنارے کی طرح ہے۔ یعنی جس طرح کنارے پر کھڑا ہو کر نماز پڑھنا ضروری ہے اسی طرح بندھی ہوئی کشتی پر کھڑا ہو کر نماز پڑھنا ضروری ہے۔ صحیح یہی ہے کیونکہ کنارے پر بندھی ہوئی کشتی اتنی نہیں ہلتی ہے کہ قیام مشکل ہو۔

**لغت** : علة: وجہ، بیماری۔ یہاں دوران رأس، مراد ہے۔ مربوطۃ: ربط سے مشتق ہے، بندھی ہوئی۔ شط: دریا کا کنارہ۔

**ترجمہ** : (۵۶۳) جس پر پانچ نمازیں یا اس سے کم کی بیہوشی طاری ہوئی تو ان کو قضا کرے گا جب تندرست ہوگا۔ اور اگر فوت ہوگئی ہے بیہوشی کی وجہ سے پانچ نمازوں سے زیادہ تو قضا نہ کرے۔

**تشریح** : بیہوشی کے سلسلے میں تین اقوال ہیں

[۱] ایک یہ کہ چھ نمازوں سے زیادہ بھی قضاء ہو اور چاہے جتنی نمازیں فوت ہو جائیں سب کی قضاء لازم ہو۔ یہ قول امام احمدؒ کی طرف منسوب ہے۔ انکی دلیل یہ اثر ہے۔ قيل لعمران بن حصين : ان سمرة بن جندب يقول في المغمى عليه : يقضي

مع كل صلوة مثلها فقال عمران : ليس كما يقول ، يقضيهن جميعا ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،باب مایعید المغمی علیہ من الصلوۃ، ج ثانی،ص ۷۱،نمبر ۶۵۸۴)اس اثر سے معلوم ہوا کہ چاہے ایک ہزار نمازیں قضاء ہوئیں ہوں سب کوادا کرنی ہوگی۔ ۔اس قول میں حرج ہے

[۲] اور دوسرا قول یہ ہے کہ پورے ایک نماز میں بیہوش رہا ہو تو اسکی قضا نہیں ہے۔یہ قول امام شافعیؒ اور امام مالکؒ کا ہے۔انکی دلیل یہ حدیث ہے۔ . عن القاسم أنه سأل عائشة عن الرجل يغمى عليه فيترك الصلوة اليوم و اليومين وأكثر من ذالک ، فقالت قال رسول الله ﷺ : ليس بشيء من ذالک قضاء الا أن يغمى عليه في صلاته فيفيق و هو في وقتها فيصليها ۔(سنن بیہقی ،باب المغمی علیہ یفیق بعد ذھاب الوقتین فلا یکون علیہ قضوٗھما، ج اول ،ص ۵۷۱، نمبر ۱۸۲۰)اس حدیث میں ہے کہ جس نماز میں افاقہ ہوا اسی نماز کی قضاء کرے۔باقی گزری ہوئی نماز چاہے ایک دن مکمل ہو یا اس سے کم ہو اسکی قضا نہیں ہے۔ اور اسکے علاوہ اثر بھی ہے۔اس قول میں تسہیل زیادہ ہے۔

[۳]اور تیسرا قول یہ ہے کہ بیہوشی میں چھ نماز تک فوت ہوگئی ہو تو معاف ہے کیونکہ حرج ہے،اور اگر اس سے کم فوت ہوئی ہو تو اسکی قضاء کرے، کیونکہ اس میں حرج نہیں ۔انکی دلیل یہ اثر ہے۔عن ابراهيم قال : كان يقول في المغمى عليه : اذا أغمى عليه يوم و ليلة أعاد و اذا كان اكثر من ذالک لم يعد ۔( مصنف ابن ابی شیبۃ ،باب مایعید المغمی علیہ من الصلوۃ، ج ثانی،ص ۷۱،نمبر ۶۵۹۱ مصنف عبد الرزاق ،باب صلوۃ المریض علی الدابۃ وصلوۃ المغمی علیہ، ج ثانی،ص ۳۱۷،نمبر ۴۱۶۵ر) اس اثر میں ہے کہ ایک دن رات کے اندر ہو تو اسکو قضاء کرے اور اس سے زیادہ ہو تو قضاء نہ کرے۔۔اب اصل مسئلے کی تشریح اور وجہ دیکھیں۔

**تشریح:** بیہوشی کی وجہ سے پانچ نماز یا اس سے کم قضا ہوئی ہو تو اس کو قضا کرے گا۔اور اس سے زیادہ قضا ہوگئی ہو تو اس کو قضا نہیں کرے گا۔معاف ہے۔

**وجہ:** (۱) بیہوشی طاری ہوئی تو عقل گویا کہ ختم ہوگئی اس لئے شریعت کا خطاب اس سے اٹھ گیا۔لیکن ایک دن ایک رات سے کم بیہوشی رہی تو وہ نیند کے درجہ میں ہے۔اس لئے اس کی نماز قضا کرے گا۔اور ایک دن ایک رات سے زیادہ بیہوشی رہی تو اس سے خطاب اٹھا ہوا ہے۔اس لئے اب اس کی نماز قضا نہیں کرے گا (۲) اس طرح قضا کروائیں تو حرج لازم ہوگا تو جس طرح حائضہ سے نماز معاف ہے اسی طرح اس سے بھی نماز معاف ہوگی۔(۳) آثار میں ہے عن عبد الله بن عمر عن نافع قال اغمى على ابن عمر يوما وليلة فلم يقض ما فاته ... وفي حديث آخر ... ان ابن عمر اغمى عليه شهرا فلم يقض ما فاته وصلى يومه الذى افاق فيه. (مصنف عبد الرزاق ،باب صلوۃ المریض علی الدابۃ وصلوۃ المغمی علیہ ج ثانی ص ۳۱۷ نمبر ۴۱۶۳ر۴۱۶۴ مصنف ابن ابی شیبۃ ،مایعید المغمی علیہ من الصلوۃ، ج ثانی،ص ۷۱،نمبر ۶۵۸۵)ان دونوں آثار سے معلوم ہوا کہ

۱ وھذا استحسان والقیاس ان لا قضاء علیہ اذا استوعب الاغماء وقت صلوۃ کامل لتحقق العجز فشبہ الجنون ۲ وجہ الاستحسان ان المدۃ اذا طالت کثرت الفوائت فیحرج فی الاداء و اذا قصرت قلت فلا حرج

---

ایک دن ایک رات کی نماز قضا ہوئی ہوتو قضا کرے گا اور زیادہ ہوئی ہوتو قضا نہیں کرے گا۔ معاف ہے ورنہ حرج لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: ۱ یہ استحسان کا تقاضا ہے۔ اور قیاس یہ ہے کہ اس پر قضاء نہ ہو اگر بیہوشی ایک پوری نماز کے وقت کو گھیر لے عجز کے متحقق ہونے کی وجہ سے، اسلئے مجنون ہونے کے مشابہ ہو گیا۔

**تشریح**: پانچ نمازوں سے زیادہ بیہوش رہے تو قضاء نہ کرے اور اس سے کم ہو تو قضاء کرے یہ استحسان کا تقاضا ہے۔ ورنہ قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ ایک نماز کا پورا وقت بھی بیہوش رہا تو اسکی قضاء واجب نہیں ہونی چاہئے۔ کیونکہ وہ اس وقت میں نماز اداء کرنے سے عاجز ہے۔ تو جس طرح مجنون نماز کے ایک وقت بھی مجنون رہے تو اسکی قضاء اس پر واجب نہیں اسی طرح بیہوش رہنے والا بھی ایک وقت بھی بیہوش رہے تو اس پر اسکی قضاء واجب نہیں ہونی چاہئے۔

**وجہ**: (۱) اس قیاس کی وجہ یہ اثر ہے۔ عن نافع أن عبد اللہ بن عمر أغمی علیہ فذھب عقلہ فلم یقض الصلوۃ .قال : و قال مالک ذالک : أن الوقت قد ذھب ، و أما من أفاق و ھو فی وقت فانہ یصلی۔ (سنن بیہقی، باب المغمی علیہ یفیق بعد ذھاب الوقتین فلا یکون علیہ قضوٴھما، ج اول، ص ۵۷۰، نمبر ۱۸۱۸ر مصنف عبد الرزاق باب صلوۃ المریض علی الدابۃ وصلوۃ المغمی علیہ، ج ثانی، ص ۳۱۷، نمبر ۴۱۶۳) اس اثر میں ہے کہ ایک وقت بھی مکمل طور پر بیہوش رہا تو اسکی قضاء نہیں ہے۔
(۲) اس حدیث میں ہے. عن القاسم أنہ سأل عائشۃ عن الرجل یغمی علیہ فیترک الصلوۃ الیوم و الیومین وأکثر من ذالک ، فقالت قال رسول اللہ ﷺ : لیس بشیء من ذالک قضاء الا أن یغمی علیہ فی صلاتہ فیفیق و ھو فی وقتھا فیصلیھا ۔ (سنن بیہقی، باب المغمی علیہ یفیق بعد ذھاب الوقتین فلا یکون علیہ قضوٴھما، ج اول، ص ۵۷۱، نمبر ۱۸۲۰) اس حدیث میں ہے کہ جس نماز میں افاقہ ہوا اسی نماز کی قضاء کرے۔ باقی گزری ہوئی نماز چاہے ایک دن مکمل ہو یا اس سے کم ہو اسکی قضاء نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۲ استحسان کی وجہ یہ ہے کہ اگر مدت لمبی ہوگی تو فوت شدہ نمازیں زیادہ ہوں گی تو اداء کرنے میں حرج ہوگا، اور اگر مدت کم ہوگی تو نمازیں کم ہوں گی تو اداء کرنے میں حرج نہیں ہوگا۔

**تشریح**: یہ استحسان کی دلیل عقلی ہے۔ کہ ایک دن رات سے زیادہ وقت بیہوش رہے تو مدت لمبی ہوگی اور اس میں بہت سی نمازیں قضاء ہوں گی اور تمام کا قضاء کرنا مشکل ہوگا، اسلئے اسکی قضاء لازم نہیں۔ اور مدت کم ہو تو نمازیں بھی کم قضاء ہوں گی، اسلئے اس کو

**۳ والكثيران تزيد على يوم وليلة لانه يدخل فى حد التكرار ۴ والجنون كالاغماء كذا ذكره ابوسليمانؒ ۵ بخلاف النوم لان امتداده نادر فيلحق بالقاصر.**

اداء کرنا مشکل نہیں اسلئے اسکی قضاء لازم ہوگی۔۔اصل تو وہ اثر ہے جو اوپر گزرا۔

**ترجمہ:** ۳ اور کثیر یہ ہے کہ ایک دن اور ایک رات پر زیادہ ہو جائے۔اسلئے کہ وہ تکرار کی حد میں داخل ہو جاتی ہے ۔

**تشریح** : یہاں سے یہ بتاتے ہیں کہ کم مدت کتنی مدت کو کہتے ہیں۔اور کثیر مدت کتنی مدت کو کہتے ہیں؟۔فرماتے ہیں کہ ایک دن ایک رات کی مدت کو قلیل مدت کہتے ہیں۔اور ایک دن ایک رات سے زیادہ مدت کو کثیر مدت کہتے ہیں۔

**وجہ** : (۱) اسکی دلیل عقلی یہ ہے کہ ایک دن ایک رات میں پانچ نمازیں ہوتی ہیں اسلئے چھٹی نماز کا وقت گزرے گا تو یہ مدت کثیر ہوگئی، کیونکہ مثلا ظہر کی نماز سے چھوٹی ہے تو اگلے دن کی ظہر کی نماز گویا کہ مکرر ظہر ہوگئی، اور ظہر کی نماز تکرار ہونے سے کثرت کی حد میں داخل ہوگئی (۲) اور اسکے لئے اثر یہ ہے۔عن ابراهيم قال : كان يقول في المغمى عليه : اذا أغمى عليه يوم و ليلة أعاد و اذا كان اكثر من ذالك لم يعد ۔( مصنف ابن ابی شیبۃ، باب مایعید المغمی علیہ من الصلوۃ، ج ثانی، ص ۷۱، نمبر ۶۵۹۱ مصنف عبد الرزاق، باب صلوۃ المریض علی الدابۃ وصلوۃ المغمی علیہ، ج ثانی، ص ۳۱۷، نمبر ۴۱۶۵ ) اس اثر میں ہے کہ ایک دن رات کے اندر ہو تو اسکو قضاء کرے اور اس سے زیادہ ہو تو قضاء نہ کرے۔

**ترجمہ:** ۴ اور جنون بیہوشی کی طرح ہے، حضرت ابوسلیمانؒ نے ایسے ہی ذکر کیا۔

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کے قیاس کا جواب ہے۔انہوں نے فرمایا تھا کہ بیہوشی جنون کی طرح ہے۔یعنی جنون ایک وقت میں بھی ہو جائے تو اسکی قضاء نہیں، اسی طرح بیہوشی ایک وقت میں بھی ہو جائے تو اسکی قضاء نہیں ہونی چاہئے۔اسکا جواب دے رہے ہیں، کہ حضرت ابوسلیمانؒ نے فرمایا کہ جنون بیہوشی کی طرح ہے۔یعنی بیہوشی میں پانچ نمازیں فوت ہو جائے تو اسکی قضاء نہیں ہے اسی طرح جنون میں بھی پانچ نمازیں فوت ہو جائے تو قضاء نہیں ہے۔اسلئے کہ جنون بیہوشی کی طرح ہے۔

**ترجمہ:** ۵ بخلاف نیند کے اسلئے کہ اسکا لمبا ہونا نادر ہے۔اسلئے نیند کو عذر قاصر کے ساتھ لاحق کیا جائے گا۔

**تشریح** : اگر کسی کو چھ نماز، یا اس سے زیادہ دیر تک نیند برقرار رہی تو اس پر سب نماز کی قضاء ہے۔بیہوشی کی طرح معاف نہیں ہوگی۔ اسکی وجہ (۱) یہ ہے کہ عموما نیند اتنی دیر تک نہیں رہتی، ایسا ہونا نادر ہے، اسلئے کسی کو اتنی دیر تک نیند رہی تو اسکو سب نمازیں قضاء کرنی ہوگی۔کیونکہ یہ چھوٹا سا عذر ہے۔بیہوشی کی طرح قوی عذر نہیں ہے۔(۲) اثر میں ہے۔عن الثوری قال : يقضي النائم و السكران الصلوة و لا يقضي المريض . ( مصنف عبد الرزاق، باب النائم والسکران والقرأۃ علی الغناء، ج ثانی، ص ۳۱۸، نمبر ۴۱۷۲ ) اس اثر میں ہے کہ سونے والا چاہے دو روز تک سویا رہے نماز معاف ہوگی۔۔اور اس اثر میں مریض سے مراد بیہوش یا مجنون ہے۔

٦ ثم الزيادة تعتبر من حيث الاوقات عند محمدؒ لان التكرار يتحقق به ٧ وعندهما من حيث الساعات ٨ هو الماثور عن عليؓ وابن عمرؓ والله اعلم بالصواب.

**ترجمہ:** ٦ پھر زیادتی کا اعتبار امام محمدؒ کے نزدیک وقت کے اعتبار سے ہے۔ اسلئے کہ تکرار اسی سے متحقق ہوتا ہے۔

**تشریح** : ایک دن ایک رات سے زیادہ بیہوش رہے تو اس پر نماز کی قضاء نہیں ہے۔ اس بارے میں اختلاف ہے کہ وقت کے اعتبار سے زیادتی ہو یا گھنٹے کے اعتبار سے۔ امام محمدؒ کی رائے ہے کہ وقت کے اعتبار سے زیادتی کا اعتبار ہے۔ یعنی اگر بیہوشی پر چھ نمازوں کا وقت گزر گیا تو اب ساری نمازیں معاف ہیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ چھٹے نماز کے وقت کے گزرنے سے نماز مکرر ہوگی، اسلئے چھٹی نماز کا وقت گزر جائے تب ایک دن ایک رات پر زیادتی سمجھی جائے گی۔ مثلا ظہر کے وقت میں ساڑھے بارہ دن کو بیہوش ہوا تو اگلے دن ظہر کی نماز گزر جانے کے بعد مثلا چار بجے تک بیہوش رہا تو سب نمازیں معاف ہوں گی، اور اگر اس سے پہلے ہوش میں آگیا تو تمام نمازیں قضاء کرنی ہوگی۔

**ترجمہ:** ٧ اور امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک گھنٹے کے اعتبار سے۔

**تشریح** : شیخینؒ کی رائے یہ ہے کہ گھنٹے کے اعتبار سے ایک دن رات سے زیادہ ہو جائے تو تمام نمازیں معاف ہو جائیں گی۔ مثلا پچیس گھنٹہ بیہوش رہ گیا تو تمام نمازیں معاف ہو جائیں گی۔

اختلاف کا نتیجہ:۔ اختلاف کا نتیجہ اس صورت میں ظاہر ہوگا کہ ایک آدمی چاشت کے وقت آٹھ بجے بیہوش ہوا اور دوسرے دن نو بجے ہوش میں آیا تو شیخینؒ کے نزدیک ایک دن رات سے ایک گھنٹہ زائد ہو چکا ہے اسلئے تمام نمازیں معاف ہوں گی۔ اور امام محمدؒ کے نزدیک اب تک پانچ ہی نمازیں فوت ہوئیں ہیں چھٹی نماز تو ظہر کے بعد گویا کہ چار بجے قضاء ہوگی اور نماز مکرر ہوگی اسلئے ابھی نمازیں معاف نہیں ہوں گی۔

**ترجمہ:** ٨ یہی استحسان کا معاملہ حضرت علی، اور حضرت عبد اللہ ابن عمر سے منقول ہے۔

**تشریح** : یعنی چھ نمازوں سے کم ہو تو قضاء ہے اور چھ نمازوں سے زیادہ ہوں تو قضاء نہیں ہے۔ حضرت علیؓ کا تو کوئی قول نہیں ملا، البتہ حضرت عبد اللہ ابن عمرؓ کا قول کئی مرتبہ نقل کر چکا ہوں۔

## ﴿باب سجود التلاوة﴾

## ﴿ باب سجود التلاوة ﴾

**ضروری نوٹ**: قرآن کریم میں چودہ آیتیں ہیں جن کے پڑھنے سے سجدہ کرنا واجب ہوتا ہے۔ ان کو سجدۂ تلاوت کہتے ہیں۔ سجدۂ تلاوت واجب ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابن عباس ان النبی ﷺ سجد بالنجم و سجد معه المسلمون و المشرکون و الجن و الانس (بخاری شریف، باب سجدة النجم ص ۱۴۶ نمبر ۱۰۷۱ رمسلم شریف، باب سجود التلاوة ص ۲۱۵ نمبر ۵۷۶/۱۲۹۷) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ آیت سجدہ پڑھنے سے سجدہ کرنا چاہئے۔ اور جو لوگ سنے ان کو بھی سجدہ کرنا چاہئے۔ وہ آیتیں یہ ہیں۔

﴿باب فی سجدة التلاوة﴾

[۱] ان الذین عند ربک لا یستکبرون عن عبادته و یسبحونه و له یسجدون . (سورۂ اعراف ۷ آیت ۲۰۶)

[۲] و لله یسجد من فی السماوات و الارض طوعا و کرها و ظلالهم بالغدو و الاصال (سورۂ رعد ۱۳ آیت ۱۵)

[۳] و لله یسجد ما فی السموات و ما فی الارض من دآبة و الملائکة و هم لا یستکبرون (سورۃ النحل ۱۶ آیت ۴۹)

[۴] اذا تتلی علیهم یخرون للاذقان سجدا (سورۂ اسراء ۱۷ آیت ۱۰۷)

[۵] اذا تتلی علیهم آیات الرحمن خروا سجدا و بکیا (سورۂ مریم ۱۹ آیت ۵۸)

[۶] الم ترا ان الله یسجد له من فی السموات و من فی الارض و الشمس و القمر و النجوم و الجبال و الشجر و الدواب و کثیر من الناس (سورۃ الحج ۲۲، آیت ۱۸)

[۷] و اذا قیل لهم اسجدوا للرحمن قالوا و ما الرحمن أنسجد لما تأمرنا (سورۂ فرقان ۲۵ آیت ۶۰)

[۸] الا یسجدوا لله الذی یخرج الخبء فی السموات و الارض و یعلم ما یخفون و ما یعلنون (سورۃ النمل ۲۷، آیت ۲۵)

[۹] انما یؤمن بآیاتنا الذین اذا ذکروا بها خروا سجدا و سبحوا بحمد ربهم و هم لا یستکبرون (سورۂ سجدۃ (الم تنزیل ۳۲ آیت ۱۵)

[۱۰] وظن داؤد انما فتناه فاستغفر ربه و خر راکعا و اناب (سورۂ ص ۳۸، آیت ۲۴)

[۱۱] فان استکبروا فالذین عند ربک یسبحون له باللیل و النهار و هم لا یسأمون (سورۂ حم سجدۃ ۴۱ آیت ۳۸)

[۱۲] فاسجدوا لله و اعبدوا (سورۃ النجم ۵۳ آیت ۶۲)

(۵۶۴)قال سجود التلاوة فی القرآن اربعة عشر[۱] فی اٰخر الاعراف[۲] وفی الرعد[۳] والنحل [۴]وبنی اسرائیل [۵]ومریم [۶]والاولیٰ من الحج [۷]والفرقان [۸]والنمل[۹] والٓمٓ تنزیل [۱۰]و صٓ[۱۱] وحٰمٓ السجدة [۱۲]والنجم[۱۳] واذا السمآء انشقت[۱۴] واقرأ. ۱ کذا کتب فی مصحف عثمانؓ وهو المعتمد ۲ والسجدة الثانیة فی الحج للصلوٰة.

[۱۳] و اذا قرئ علیهم القرآن لا یسجدون (اذا السماء انشقت ۸۴ آیت ۲۱)

[۱۴] و اسجدوا اقترب (سورۂ علق ۹۶ آیت ۱۹)

**ترجمه**: (۵۶۴) سجدہ تلاوت قرآن کریم میں چودہ جگہیں ہیں[۱]سورہ اعراف کے آخیر میں [۲]سورہ رعد میں[۳]النحل میں[۴] بنی اسرائیل میں [۵]سورہ مریم میں [۶]سورہ حج کی پہلے سجدے میں [۷] سورہ فرقان میں [۸]سورہ نمل میں [۹]الم تنزیل میں[۱۰]سورہ ص میں

[۱۱] سورہ حم سجدہ میں[۱۲] سورہ نجم میں[۱۳] سورہ اذا السماء انشقت میں[۱۴] اورسورہ اقرأ باسم میں۔

**ترجمه**: ۱ حضرت عثمانؓ کے مصحف میں ایسا ہی لکھا ہوا ہے،اوراسی پر اعتماد ہے۔

**تشریح**: یہ چودہ سورتیں ہیں جن میں چودہ آیتیں ہیں جنکے پڑھنے سے سجدہ واجب ہوتا ہے۔حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے قرآن کریم میں ایسا ہی لکھا ہوا ہے۔اوراسی پر اعتماد ہے۔

**وجه**: (۱)اس حدیث میں ہے کہ قرآن کریم میں پندرہ سجدے ہیں،حدیث ہے۔ عن عمرو بن العاص أن النبی ﷺ أقرأه خمس عشرة سجدة فی القرآن ، منها ثلاث فی المفصل ، و فی سورة الحج سجدتان . (ابوداود شریف، باب تفریع ابواب السجود وکم سجدة فی القرآن؟ ص۲۱۰،نمبر۱۴۰۱/ابن ماجة ،باب عدد سجود القرآن ،ص ۱۴۸،نمبر ۱۰۵۷)اس حدیث میں ہے کہ قرآن کریم میں پندرہ سجدے ہیں،البتہ ہمارے یہاں سورہ حج میں ایک ہی سجدہ ہے اسلئے کل چودہ سجدے رہ گئے۔

**ترجمه**: ۲ اوردوسرا سجدہ سورہ حج میں حنفیہ کے یہاں نماز کے لئے ہے۔

**تشریح**: سورہ حج میں دوجگہ سجدے کی آیت ہے۔اس میں سے پہلی جگہ حنفیہ کے یہاں سجدہ تلاوت کے لئے ہےیعنی اس آیت کی تلاوت کرے گا تو سجدہ تلاوت واجب ہوگا۔وہ آیت یہ ہے۔ [۶] الم ترا ان الله یسجد له من فی السمٰوات و من فی الارض و الشمس و القمر و النجوم و الجبال و الشجر و الدواب و کثیر من الناس (سورۃ الحج ۲۲،آیت ۱۸)

**وجه**: (۱) اس کی وجہ یہ اثر ہے عن سعید بن المسیب والحسن قالا فی الحج سجدة واحدة الاولی منها

۳؎ وموضع السجدة فی حٰمٓ السجدة عند قوله لا یسأمون فی قول عمرؓ وهو الماخوذ للاحتیاط

(مصنف بن ابی شیبة، باب ۲۱۵ من قال ھی واحدة وھی الاولی، ج اول، ص ۳۷۳ نمبر ۴۳۰۰) (۲) عن ابن عباس قال فی سورة الحج الاولی عزیمة والآخرة تعلیم وکان لایسجد فیها . (مصنف عبدالرزاق، باب کم فی القرآن من سجدة ص ۲۰۴ نمبر ۵۹۰۹) ان دونوں آثار سے معلوم ہوا کہ سورۂ حج میں پہلی آیت پر سجدہ ہے دوسری آیت تعلیم کے لئے ہے۔

**فائدة** : امام شافعیؒ کے یہاں سورہ حج میں دوسری آیت میں سجدہ ہے پہلی آیت میں نہیں ہے۔ دوسری آیت یہ ہے۔ یآ یها الذین ا منوا ارکعوا و اسجدوا و اعبدوا ربکم و افعلوا الخیر لعلکم تفلحون (سورہ حج ۲۲، آیت ۷۷)، اس آیت کے پڑھنے سے امام شافعیؒ کے یہاں سجدہ واجب ہوگا۔

**وجه** : اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن نافع أن عمر ، و ابن عمر کانا یسجدان فی الحج سجدتین ، قال و قال ابن عمر : لو سجدت فیها واحدة کانت السجدة فی الآخرة أحب الی (مصنف عبدالرزاق، باب کم فی القرآن من سجدة ص ۲۰۴ نمبر ۵۹۰۷) اس اثر میں ہے کہ پہلی آیت پر سجدہ کرنا زیادہ بہتر ہے۔

**فائده** : امام مالکؒ کے نزدیک دونوں جگہ سجدے ہیں ان کی دلیل یہ حدیث ہے ان عقبة بن عامر حدثه قال قلت لرسول الله ﷺ فی سورة الحج سجدتان قال نعم و من لم یسجد هما فلا یقرأهما . (ابوداؤد شریف، باب کم سجدة فی القرآن ص ۲۰۶ نمبر ۱۴۰۲ / باب تفریع ابواب السجو د در ترمذی شریف، باب فی السجدة فی الحج ص ۱۲۸ نمبر ۵۷۸) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ سورۂ حج میں دو سجدے ہیں۔ اس اعتبار سے کل سجدے پندرہ ہو جائیں گے۔ یہی امام مالکؒ کا قول ہے۔

**ترجمه** : ۳؎ اور سورہ حم السجدة میں سجدے کی جگہ اللہ تعالی کے قول : لا یسأمون پر ہے حضرت عمرؓ کے قول میں احتیاط کے طور پر اسی قول کو لیا گیا ہے۔

**تشریح** : سورہ حم سجدہ میں دو آیتیں ہیں جن میں سے پہلے میں سجدہ کرنے کا تذکرہ ہے اور دوسری آیت اسکی تکمیل ہے۔ اسلئے سجدہ تو پہلی آیت ہی کے پڑھنے سے واجب ہوتا ہے۔ لیکن حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا کہ دوسری آیت جو تکمیل کے لئے ہے اسکو بھی پڑھ لے تب سجدہ کرے تو زیادہ بہتر ہے تاکہ احتیاط پر عمل ہو جائے۔ دونوں آیتیں یہ ہیں۔ و من آیاته اللیل و النهار و الشمس و القمر و اسجدوا لله الذی خلقهن ان کنتم ایاه تعبدون ○ فان استکبروا فالذین عند ربک یسبحون له بالیل و النهار و هم لا یسأمون (سورۃ حم سجدة ۴۱ آیت ۳۷/۳۸) اس میں پہلی آیت میں سجدے کا حکم ہے، اور دوسری آیت اسکی تکمیل ہے۔

**وجه** : یہ قول حضرت عمرؓ کا نہیں بلکہ حضرت ابن عباسؓ کا ہے۔ وہ یہ ہے۔ عن ابن عباس أنه کان یسجد فی الآخرة

(۵۶۵) والسجدة واجبة في هذه المواضع على التالي والسامع سواء قصد سماع القران اولم يقصد﴾

﴿وهم لا يسأمون﴾ (مصنف عبدالرزاق، باب کم فی القرآن من سجدة ص۲۰۲ نمبر ۵۸۹۳ رمصنف ابن ابی شیبة، من كان يقول: السجود فی الآية الآخرة فی سورة حم، ج اول، ص۳۷۲، نمبر ۴۲۷۶) اس اثر میں ہے کہ حضرت ابن عباسؓ دوسری آیت پر سجدہ فرمایا کرتے تھے۔

**ترجمہ**: (۵۶۵) سجدہ واجب ہے ان جگہوں میں پڑھنے والے پر اور سننے والے پر چاہے قرآن سننے کا ارادہ کیا ہو یا ارادہ نہ کیا ہو۔

**تشریح**: ان آیتوں کے پڑھنے سے پڑھنے والے اور سننے والے دونوں پر سجدہ واجب ہوتا ہے۔ چاہے سننے کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو۔

**وجہ**: (۱) واجب ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابن عباس قال ص ليس من عزائم السجود وقد رأيت النبي ﷺ يسجد فيها (بخاری شریف، باب سجدة ص۔ ص۱۴۶ نمبر ۱۰۶۹ رابوداؤد شریف، باب السجود فی ص۔ ص۲۰۷ نمبر ۱۴۰۹ ر ترمذی شریف، باب ما جاء فی السجدة فی ص۔ ص۱۲۷ نمبر ۵۷۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سورۂ ص میں سجدہ تاکیدی نہیں ہے۔ اس کا مفہوم مخالف یہ ہوگا کہ دوسری آیتوں کا سجدہ تاکیدی ہے اور اسی کا نام وجوب ہے۔ اس لئے سجدۂ تلاوت واجب ہے۔ (۲) ایک اور حدیث سے اس کا اشارہ ملتا ہے عن ابن عمر قال كان النبي ﷺ يقرأ السجدة ونحن عنده فيسجد ونسجد معه فنزدحم حتى مايجد احدنا لجبهته موضعا يسجد عليه (بخاری شریف، باب ازدحام الناس اذا قرأ الامام السجدة ص۱۴۶ نمبر ۱۰۷۶ رباب ما جاء فی سجود القرآن رمسلم شریف، باب سجود التلاوة ص۲۱۵ نمبر ۵۷۵) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ سجدہ واجب ہے اور سننے والوں پر بھی واجب ہے۔ اسی لئے تو سننے کے بعد تمام لوگ سجدہ کرتے تھے۔ یہاں تک کہ سجدہ کے لئے جگہ باقی نہیں رہتی تھی۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ آیت سجدہ سننے کا ارادہ نہ بھی رکھتا ہو تو بھی سننے سے سجدہ واجب ہوگا۔ کیونکہ اس میں بہت سے لوگ وہ بھی ہوں گے جو سننے کا ارادہ نہ رکھتے ہوں گے پھر بھی انہوں نے سجدہ کیا (۳) اس اثر سے اس کی تائید ہوتی ہے عن ابن عمر قال انما السجدة على من سمعها. نمبر ۴۲۲۵ (۴) عن ابراهيم، و نافع و سعيد بن جبير قالوا: من سمع السجدة فعليه ان يسجد۔ (مصنف ابن ابی شیبة، ۲۰۷، باب من قال السجدة على من جلس لها ومن سمعها، ج اول، ص۳۶۷، نمبر ۴۲۲۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جو بھی آیت سجدہ سنے گا اس پر سجدہ کرنا واجب ہوگا چاہے سننے کا ارادہ کرے یا نہ کرے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے نزدیک سجدۂ تلاوت سنت ہے۔ (۱) ان کی دلیل یہ اثر ہے عن عمر بن الخطاب قرأ يوم الجمعة

۱ لقوله عليه السلام السجدة علىٰ من سمعها وعلىٰ من تلاها وهى كلمة ايجاب وهو غير مقيد بالقصد(۵۲۶) واذا تلا الامام اية السجدة سجدها وسجدها المأموم معه

على المنبر بسورة النحل حتى اذا جاء السجدة نزل فسجد و سجد الناس حتى اذا كانت الجمعة القابلة قرأ بها حتى اذا جاء السجدة قال ايها الناس انما نمر بالسجود فمن سجد فقد اصاب ومن لم يسجد فلا اثم عليه ولم يسجد عمر (بخاری شریف، باب من رأی ان اللہ عز وجل لم یوجب السجود ص ۱۴۷ نمبر ۱۰۷۷/ابوداؤد شریف، باب السجود فی ص آ،ص ۲۰۷ نمبر ۱۴۱۰/ترمذی شریف، باب ماجاء من لم یسجد فیہ ص ۱۲۷ نمبر ۵۷۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ سجدۂ تلاوت واجب نہیں ہے سنت ہے۔ سجدہ کرے گا تو ثواب ملے گا اور نہیں کرے گا تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔ بعض حضرات کا مذہب یہ بھی ہے کہ سننے کے ارادے سے سنے تو سجدہ کرے گا اور اگر بغیر ارادہ کے سن لیا تو اس پر ضروری نہیں ہے۔ (۲) ان کی دلیل یہ اثر ہے قال سلمان ما لهذا غدونا وقال عثمان انما السجدة على من استمعها (بخاری شریف، باب من رأی ان اللہ عز وجل یاجب السجود ص ۱۴۶ نمبر ۱۰۷۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ سننے کے ارادے سے سنے تو سجدہ ضروری ہے ورنہ نہیں۔ (۳) یہ حدیث بھی انکی دلیل ہے عن زيد بن ثابت قال : قرأت على النبى ﷺ ﴿و النجم﴾ فلم يسجد فيها۔ (بخاری شریف، باب من قرأ السجدة ولم یسجد، ص ۱۴۷، نمبر ۱۰۷۳) اس حدیث میں ہے کہ سورہ نجم میں آیت سجدہ پڑھی لیکن حضور ﷺ نے سجدہ نہیں فرمایا، جس سے معلوم ہوا کہ سجدہ واجب نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ سجدہ اس پر ہے جس نے آیت سجدہ سنی، اور اس پر بھی ہے جس نے اسکی تلاوت کی۔ اور لفظ ,,علی،، وجوب کا کلمہ ہے، اور یہ ارادے کے ساتھ مقید نہیں ہے۔

**تشریح**: یہ حضورؐ کا قول تو نہیں مل سکا البتہ حضرت عبداللہ ابن عمرؓ کا قول یہ ہے۔ عن ابن عمر قال انما السجدة على من سمعها. (مصنف ابن ابی شیبة، ۲۰۷، باب من قال السجدة علی من جلس لھا ومن سمعھ، ج اول، ص ۳۶۷، نمبر ۴۲۲۵) اس اثر میں ہے کہ جو سجدہ تلاوت کی آیت سنے اس پر سجدہ ہے۔ اور اس اثر میں ,,علی،، کا لفظ ہے جو وجوب کے لئے آتا ہے جس سے معلوم ہوا کہ سجدہ واجب ہے۔ اور چونکہ اس اثر میں قصد اور ارادہ کی قید نہیں ہے اسلئے بغیر ارادے کے بھی سنے گا تو سجدہ واجب ہوگا۔ (۲) اس اثر میں بھی اسکا ثبوت ہے۔ عن ابراهيم، و نافع و سعيد بن جبير قالوا : من سمع السجدة فعليه ان يسجد۔ (مصنف ابن ابی شیبة، ۲۰۷، باب من قال السجدة علی من جلس لھا ومن سمعھ، ج اول، ص ۳۶۷، نمبر ۴۲۲۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جو بھی آیت سجدہ سنے گا اس پر سجدہ کرنا واجب ہوگا چاہے سننے کا ارادہ کرے یا نہ کرے۔

**ترجمہ**: (۵۲۶) پس اگر امام نے آیت سجدہ پڑھی تو اس کا سجدہ کرے گا اور مقتدی بھی اس کے ساتھ سجدہ کرے گا۔

لِلالتزامه متابعته(٥٦٧)واذا اتلاالمأموم لم یسجد الامام و لا الماموم فی الصلوٰۃ ولا بعد الفراغ
لِ عند ابی حنیفةؒ وابی یوسفؒ ٢ وقال محمدؒ یسجدونها اذا فرغوا لان السبب قد تقرر ولا مانع
بخلاف حالة الصلوٰۃ لانه یؤدی الی خلاف وضع الامامة او التلاوۃ

---

**ترجمه**: لِ امام کی اتباع لازم ہونے کی وجہ سے

**تشریح** : امام نے نماز میں آیت سجدہ پڑھی تو امام بھی نماز میں سجدہ تلاوت کریں گے، اور اسکی اقتداء میں مقتدی بھی سجدہ تلاوت کریں۔ کیونکہ مقتدی نے امام کی اتباع اپنے اوپر لازم کی ہے۔

**وجه**: (۱) پہلے گزر چکا ہے کہ امام ضامن ہے اس لئے امام پر سجدۂ تلاوت واجب ہوگا تو مقتدی پر بھی واجب ہو جائے گا (۲) اس کے لئے یہ حدیث بھی دلیل ہے۔ عن ابن عمر قال : کان النبی ﷺ یقرأ السجدة و نحن عنده فیسجد ونسجد معه، فنزدحم حتی ما یجد أحدنا لجبهته موضعا یسجد علیه . (بخاری شریف، باب ازدحام الناس ص ۱۴۶ نمبر ۱۰۷۶) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ سجدہ کرتے تھے اور ہم لوگ بھی ان کی اقتدا میں سجدہ کرتے تھے۔ (۳) اس اثر میں ہے۔ و قال ابن مسعود لتمیم بن حذلم . و هو غلام . فقرأ علیه سجدة فقال : اسجد فانک امامنا فیها ۔ (بخاری شریف، باب من سجد لسجود القاری، ص ۱۷۳، نمبر ۱۰۷۵) اس اثر میں بھی ہے کہ امام سجدہ کرے تو مقتدی بھی اسکی اقتداء میں سجدہ کرے۔

**ترجمه**: (٥٦٧) پس اگر مقتدی نے آیت سجدہ پڑھی تو نہ امام کو لازم ہوگا اور نہ مقتدی کو سجدہ لازم ہوگا۔ نہ نماز میں اور نہ نماز سے باہر۔

**ترجمه**: لِ امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک۔

**ترجمه**: مقتدی امام کے تابع ہے اس لئے اگر مقتدی نے آیت سجدہ پڑھی تو اس کی وجہ سے امام پر سجدہ لازم نہیں ہوگا۔ اور مقتدی امام کے خلاف کر کے سجدہ نہیں کر سکتا ورنہ امام کی مخالفت لازم ہوگی اس لئے نہ امام پر سجدہ لازم ہوگا اور نہ مقتدی پر لازم ہوگا (۲) امام ابو حنیفہ کے اعتبار سے مقتدی کو قرأت ہی نہیں کرنی چاہئے۔ اس نے جو قرأت کی ہے یہی خلاف قاعدہ کی ہے، اور جو خلاف قاعدہ ہو اسکا کوئی حکم نہیں ہوتا اسلئے نماز میں جو آیت سجدہ پڑھی ہے اسکا کوئی حکم نہیں ہوگا، یعنی نہ نماز کے اندر سجدہ لازم ہوگا اور نہ نماز سے باہر سجدہ لازم ہوگا۔ نہ امام پر اور نہ مقتدی پر، اسلئے کہ خلاف قاعدہ آیت پڑھی گئی ہے ۔

**ترجمه**: ٢ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ جب نماز سے فارغ ہو جائیں تو امام اور مقتدی دونوں سجدہ کریں۔ اسلئے کہ سجدے کا سبب ثابت ہو چکا ہے اور سجدہ کرنے سے اب کوئی مانع بھی نہیں ہے۔ بخلاف نماز کی حالت کے اسلئے کہ وہ امامت کے وضع کے خلاف یا تلاوت کے وضع کے خلاف تک پہنچائے گا۔

۳ ولهما ان المقتدی محجور عن القراء ة لنفاذ تصرف الامام علیه تصرف المحجور لاحکم له
۴ بخلاف الجنب والحائض لانهما منهیان عن القراء ة الا انه لایجب علی الحائض بتلاوتها کما لایجب بسماعها لانعدام اھلیة الصلوٰة بخلاف الجنب

---

**تشریح** : امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ مقتدی نے نماز میں تلاوت کی تو نماز میں تو کوئی سجدہ نہ کرے نہ امام اور نہ مقتدی، لیکن نماز سے فارغ ہونے کے بعد امام بھی سجدہ کرے اور مقتدی بھی۔ کیونکہ آیت پڑھی ہے اسلئے سجدہ واجب ہونے کا سبب لازم ہو چکا ہے۔ اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد کوئی بات مانع نہیں ہے اسلئے نماز سے فراغت کے بعد دونوں سجدہ کرلیں۔

وضع امامت، اور وضع تلاوت کے خلاف کیسے ہوگا؟ اسکی تشریح یہ ہے کہ امام پہلے سجدہ کرے یا مقتدی؟ اگر مقتدی پہلے سجدہ کرے تو امام کو اسکے تابع ہونا پڑتا ہے، یہ وضع امامت کے خلاف ہے اور اگر امام پہلے سجدہ کرے اور آیت سجدہ پڑھنے والا مقتدی بعد میں سجدہ کرے تو یہ تلاوت کے قاعدے کے خلاف ہے۔ کیونکہ تلاوت کا قاعدہ یہ ہے کہ آیت پڑھنے والا پہلے سجدہ کرے، حدیث میں ہے۔ عن زید ابن اسلم أن غلاما قرأ عند النبی ﷺ السجدة فانتظر الغلام النبی ﷺ أن یسجدة فلما لم یسجد قال یا رسول اللہ ألیس فی ھذہ السورة سجدة قال : بلی و لکنک کنت امامنا فیھا فلو سجدتَ لسجدنا . (مصنف ابن ابی شیبة، السجدة یقرأھا الرجل ومعہ قوم لایسجدون حتی یسجد، ج اول، ص ۳۷۹، نمبر ۴۳۶۳) اس حدیث میں ہے کہ آیت پڑھنے والا پہلے سجدہ کرے، اسلئے اگر امام نے پہلے سجدہ کیا تو یہ تلاوت کے وضع کے خلاف ہے۔

**ترجمہ** : ۳ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ مقتدی کو قرأت سے روک دیا گیا ہے۔ کیونکہ اس پر امام کے تصرف کا نفاذ ہے، اور جسکو روک دیا گیا ہو اسکی تلاوت کا کوئی حکم نہیں ہے۔

**تشریح** : شیخین کی دلیل یہ ہے کہ مقتدی کو قرات کرنے سے روک دیا گیا ہے، قرأت پر تو امام کا حق ہے، اسلئے مقتدی کو قرأت نہیں کرنی چاہئے۔ اسکے لئے یہ حدیث ہے۔ عن جابرؓ قال : قال رسول اللہ ﷺ من کان له امام فقرأة الامام له قرأة ۔ (ابن ماجہ شریف، باب اذا قرأ الامام فانصتوا، ص ۱۲۱، نمبر ۸۵۰) اس حدیث میں ہے کہ امام کی قرأت مقتدی کے لئے کافی ہے اسلئے مقتدی کو قرأت نہیں کرنی چاہئے اس پر تو امام کا تصرف اور حق ہے اسلئے مقتدی نے تلاوت کی تو بیجا کام کیا اسلئے اس تلاوت کا کوئی حکم نہیں ہوگا، اور اس سے کسی پر سجدہ تلاوت بھی لازم نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ۴ بخلاف جنبی اور حائضہ عورت کے، اسلئے کہ ان دونوں کو صرف قرأت سے روکا ہے۔ مگر حائضہ عورت پر اسکی تلاوت کی وجہ سے سجدہ واجب نہیں ہے، جیسے کہ آیت سجدہ کے سننے کی وجہ سے سجدہ واجب نہیں ہے، اس لئے کہ اس میں نماز کی اھلیت ہی نہیں ہے۔ بخلاف جنبی کے کہ اس پر سجدہ واجب ہے [یہ اور بات ہے کہ غسل کے بعد سجدہ کرے گا]

**(۵٦٨) ولو سمعها رجل خارج الصلوٰة سجدها ﴿ل﴾ هو الصحيح لان الحجر ثبت فی حقهم فلا يَعْدُوهم**

**تشریح**: یہاں سے حائضہ عورت اور جنبی کا حکم بتانا چاہتے ہیں اور مقتدی کی تلاوت اور حائضہ اور جنبی کی تلاوت میں فرق بتانا چاہتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ حائضہ عورت میں حیض کی وجہ سے نماز کی اہلیت بالکل نہیں ہے اسلئے یہ آیت سجدہ کو تلاوت کرے تب بھی اس پر سجدہ واجب نہیں، اور آیت سجدہ کو کسی سے سنے تب بھی اس پر سجدہ واجب نہیں ہے، کیونکہ سجدہ نماز کا حصہ ہے اور اس میں نماز پڑھنے کی اہلیت ہی نہیں ہے تو سجدہ کرنے کی اہلیت کیسے ہوگی؟ اسلئے نہ آیت سجدہ پڑھنے سے سجدہ واجب ہوگا اور نہ آیت سجدہ کے سننے سے سجدہ واجب ہوگا۔

**وجه**: اسکے ثبوت کے لئے اثر یہ ہے۔ **عن ابراهيم انه كان يقول فی الحائض تسمع السجدة قال : لا تسجد ، هی تدع أعظم من السجدة : الصلوة المكتوبة** ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب الحائض تسمع السجدۃ، ج اول، ص ۳۷۵، نمبر ۴۳۱۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ حائضہ عورت سجدہ نہیں کرے گی۔ اس اثر میں دونوں حکم ہیں کہ پڑھنے سے بھی نہیں اور سننے سے بھی نہیں۔

اور جو شخص جنابت کی حالت میں ہے اس میں نماز کی اہلیت تو ہے اسی لئے تو اس پر وقتیہ نماز واجب ہے، لیکن ناپاک ہونے کی وجہ سے ابھی نماز نہیں پڑھ سکتا، اسی طرح آیت سجدہ پڑھنے، یا سننے سے سجدہ واجب ہو جائے گا، کیونکہ سجدہ کا سبب پایا گیا۔ البتہ ناپاک ہونے کی وجہ سے ابھی سجدہ نہیں کر سکتا غسل کے بعد سجدہ ادا کرے گا۔

**وجه**: اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ **عن حماد عن سعيد بن جبير أنهما قالا : اذا سمع الجنب اغتسل ثم سجد** (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب الرجل الجنب یسمع السجدۃ ما یصنع، ج اول، ص ۳۷۵، نمبر ۴۳۱۴) اس اثر میں ہے کہ جنبی آدمی آیت سجدہ سنے تو غسل کے بعد سجدہ کرے جس سے معلوم ہوا کہ سجدہ واجب ہے۔

**ترجمه**: (۵٦٨) اگر امام یا مقتدی کی تلاوت کو نماز سے باہر کے آدمی نے سنا تو وہ سجدہ کرے۔

**ترجمه**: ل صحیح یہی ہے، اسلئے کہ روکنا امام اور مقتدی کے حق میں ثابت ہے اسلئے انکے علاوہ کی طرف تجاوز نہیں کرے گا۔

**تشریح**: مثلا مقتدی نے تلاوت کی تو اسکی وجہ سے نہ امام پر سجدہ تھا اور نہ مقتدی پر، لیکن اگر اسی مقتدی کی تلاوت نماز سے باہر کے آدمی نے سنی تو اس پر بالاتفاق سجدہ واجب ہے۔ صحیح روایت یہی ہے۔

**وجه**: اسکی وجہ یہ ہے کہ امام کو مقتدی کا تابع بنا پڑتا ہے اسلئے اس پر سجدہ واجب نہیں ہے لیکن جو آدمی نماز سے باہر ہے اسکو تو کسی کے تابع ہونے کا سوال نہیں ہے، اسلئے اس پر سجدہ واجب ہو جائے گا کیونکہ آیت سجدہ کا سننا سبب پایا گیا، اور سجدہ کرنے سے کوئی مانع بھی نہیں ہے اسلئے سجدہ واجب ہوگا۔ **هو الصحيح**، کہہ کر اس بات کی طرف اشارہ فرمایا کہ ایک روایت یہ بھی ہے کہ جب

(۵۶۹)وان سمعوا وهم فی الصلوٰة سجدة من رجل لیس معهم فی الصلوٰة لم یسجدوها فی الصلوٰة﴾ ل لانها لیست بصلاتیة لان سماعهم هذه السجدة لیس من افعال الصلوٰة وسجدوها لتحقق سببها

مقتدی کی قرأت کو کالعدم قرار دیا تو باہر کے آدمی پر بھی سجدہ واجب نہیں ہونا چاہئے۔جس طرح امام اور مقتدی پر سجدہ واجب نہیں کیا۔لیکن صحیح روایت پہلی ہے۔

﴿لان الحجر ثبت فی حقهم فلا یعدوهم ﴾ اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ مقتدی آیت سجدہ پڑھے تو سجدہ کرنے سے روکنا صرف امام اور مقتدی کے حق میں ہے،اسلئے ان سے تجاوز کر کے انکے علاوہ جو خارج لوگ ہیں ان پر یہ حکم نافذ نہیں ہوگا، بلکہ ان پر سجدہ واجب ہوگا۔خارجی پر سجدہ واجب ہونے کی یہ دلیل عقلی ہے۔

**ترجمہ**: (۵۶۹) اگر امام اور مقتدی نے آیت سجدہ کو ایسے آدمی سے سنی جو انکے ساتھ نماز میں نہیں ہے،تو وہ نماز میں سجدہ نہ کرے۔

**تشریح**: کچھ لوگ نماز پڑھ رہے تھے۔ایک آدمی اس نماز میں نہیں تھا اس نے آیت سجدہ پڑھی اور نمازی لوگوں نے اس کو سنی تو نمازی لوگوں کو چاہئے کہ ابھی اس کا سجدہ نہ کرے بلکہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد اس کا سجدہ کرے۔لیکن اگر انہوں نے نماز ہی میں سجدہ کرلیا تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**وجہ**: (۱) یہ سجدہ نماز کے اعمال میں سے نہیں ہے۔اس کا سبب نماز کے باہر سے آیا ہے۔اس لئے اس کو نماز میں ادا نہیں کرنا چاہئے۔نماز سے باہر ادا کرنا چاہئے۔تاہم کر دیا تو چونکہ خلاف نماز کام نہیں ہے اس لئے نماز فاسد نہیں ہوگی (۲) اس اثر سے اس کی تائید ہوتی ہے عن طاؤس فی الرجل سمع السجدة وهو فی الصلوة قال لا یسجد. (مصنف ابن ابی شیبة ۲۱۶ باب یسمع السجدة قرأت وھو فی الصلوۃ من قال لایسجد ،ج اول،ص ۳۷۴، نمبر ۴۳۰۳ اس باب میں کئی اثر ہیں رمصنف عبد الرزاق، باب اذا سمعت السجدۃ وانت تصلی ج ثالث ص ۲۱۲ نمبر ۵۹۶۰) اس اثر میں ہے کہ نماز میں رہتے ہوئے سجدہ نہ کرے۔

اور بعد میں سجدہ کرے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن ابن سیرین قال : یسجد اذا انصرف ۔(مصنف ابن ابی شیبة ۲۱۶ باب یسمع السجدة قرأت وھو فی الصلوۃ من قال لایسجد ،ج اول،ص ۳۷۴، نمبر ۴۳۰۷ اس باب میں کئی اثر ہیں رمصنف عبد الرزاق، باب اذا سمعت السجدۃ وانت تصلی ج ثالث ص ۲۱۲ نمبر ۵۹۶۰) اس اثر میں ہے کہ بعد میں سجدہ کرے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ یہ نماز کا سجدہ نہیں ہے،اسلئے اس آیت سجدہ کا سننا نماز کے افعال میں سے نہیں ہے۔البتہ نماز کے بعد میں اسکا سجدہ کرے اسلئے کہ سجدے کا سبب متحقق ہوگیا ہے۔

(۵۷۰) ولو سجدوها فی الصلوٰة لم يجزهم ﴾ لـ لانه ناقص لمكان النهی فلا يتادی به الكامل(۵۷۱)قال واعادوها ﴾ لـ لتقرر سببها(۵۷۲) ولم يعيدوا الصلوٰة ﴾ لـ لان مجرد السجدة لاينا فی احرام الصلوٰة

**تشریح** : نماز کے اندر سجدہ کیوں نہ کرے یہ اسکی دلیل عقلی ہے۔کہ یہ سجدہ نماز والانہیں ہے،اور نہ یہ نماز کے افعال میں سے ہے،کیونکہ اس آیت کوامام سے نہیں سنی بلکہ ایک ایسے آدمی سے سنی جونماز میں نہیں ہے، بلکہ نماز سے باہر ہےاسلئے نماز میں اسکا سجدہ نہ کرے،لیکن چونکہ آیت سجدہ کا سننا سبب واقع ہو چکا ہےاسلئے نماز سے فارغ ہونے کے بعد اسکا سجدہ کرے گا۔

**ترجمہ** (۵۷۰)اور اگر نماز ہی میں سجدہ کرلیا تو یہ کافی نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: لـ اسلئے کہ نماز میں سجدہ سے روکنے کی وجہ سے یہ ناقص ہے،اسلئے اس سے کامل سجدہ اداءنہیں ہوگا۔

**تشریح** : امام اور مقتدی کو باہر والے آدمی کی آیت سجدہ سن کر نماز میں سجدہ نہیں کرنا چاہئے،لیکن اگر کر ہی لیا تو یہ سجدہ اداءنہیں ہو گا۔نماز سے فارغ ہونے کے بعد دوبارہ سجدہ کرنا ہوگا۔

**وجہ** : اسکی وجہ یہ ہے کہ نماز میں اس سجدہ کو کرنے سے منع کیا ہے،اسلئے یہ سجدہ ناقص ہو گیا،اور جو سجدہ واجب ہوا ہے وہ کامل ہے۔اسلئے ناقص سے کامل سجدہ اداءنہیں ہوگا۔اسلئے دوبارہ اداء کرے۔

**فائدہ** : ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ نماز میں بھی سجدہ اداء کرے گا تو سجدہ اداء ہو جائے گا۔اثر یہ ہے۔ عن ابراهيم انه كان يقول : اذا سمع الرجل السجدة و هو يصلی فليسجد ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،باب من قال اذا سمعها وهو يصلی فليسجد ،ج اول ،ص ۳۷۴،نمبر ۴۳۰۹)اس اثر میں ہے کہ سجدہ کرلے۔جسکا مطلب یہ نکلا کہ نماز میں بھی سجدہ کرے گا تو سجدہ اداء ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: (۵۷۱)اور سجدہ کو لوٹائے۔

**ترجمہ**: لـ سبب کے ثابت ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: چونکہ آیت سجدہ پڑھی ہے اسلئے سجدے کا سبب واقع ہو گیا۔اسلئے نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدہ لوٹائے۔

**ترجمہ**: (۵۷۲)اور نماز نہ لوٹائے۔

**ترجمہ**: لـ اسلئے کہ محض سجدہ نماز کے احرام کے منافی نہیں ہے۔

**تشریح** : کسی نے نماز میں سجدہ کر ہی لیا تو نماز فاسد نہیں ہوئی اسلئے نماز کو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے۔

**وجہ**:اسکی وجہ یہ ہے کہ سجدہ کرنا نماز کے منافی نہیں ہے،یہ تو عمل نماز میں سے ہے،اسلئے اگر سجدہ تلاوت کرلیا تو نماز فاسد نہیں ہوگی

۲ وفی النوادر انها تفسد لانهم زادوا فیها مالیس منها وقیل وهو قول محمد(۵۷۳) فان قرأها الامام وسمعها رجل لیس معه فی الصلوٰة فدخل معه بعدما سجدها الامام لم یکن علیه ان یسجدها ﴾ ۱ لانه صار مدرِ کالها بادراک الرکعة(۵۷۴) وان دخل معه قبل ان یسجدها ﴾ ۱ سجدها معه لانه لولم یسمعها سجدها معه فهنا اولی

**ترجمہ** : ۲ نوادر کی روایت میں یہ ہے کہ نماز فاسد ہو جائے گی۔ اسلئے کہ اس نے ایسی چیز زیادہ کی جو نماز میں سے نہیں ہے۔اور بعض حضرات نے کہا کہ یہ امام محمدؒ کا قول ہے۔

**تشریح** : نوادر کی روایت یہ ہے کہ سجدہ تلاوت کرنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔اور اسکی وجہ یہ ہے کہ اس سجدے کا سبب باہر سے تھا اسلئے اسکو نماز میں نہیں کرنا چاہئے تھا باہر کرنا چاہئے تھا۔اسلئے اس نے ایسی چیز کی زیادتی کی جو نماز میں سے نہیں ہے اسلئے نماز فاسد ہو جائے گی۔بعض حضرات فرماتے ہیں کہ یہ امام محمدؒ کا قول ہے۔

**نوٹ** : ناچیز کے پاس حضرت امام محمدؒ کی کتاب نوادر نہیں ہے اسلئے کچھ نہیں کہہ سکتا۔

**ترجمہ** : (۵۷۳) اگر امام نے آیت سجدہ پڑھی اور اسکو کسی ایسے آدمی نے سنا جو ابھی نماز میں نہیں تھا، پھر سجدہ کرنے کے بعد امام کے ساتھ نماز میں داخل ہوا تو اس آدمی پر اسکا سجدہ کرنا لازم نہیں ہے

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ رکعت کے پانے کی وجہ سے اس سجدہ کو پانے والا ہو گیا۔

**تشریح** : امام نے نماز میں آیت سجدہ پڑھی، ایک آدمی نماز سے باہر تھا اس نے اس آیت کو سنی، پھر امام نے سجدہ تلاوت کیا، اسکے بعد اسی رکعت میں باہر والا آدمی نماز میں شریک ہوا تو اس آدمی کو سجدہ تلاوت کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**وجہ** : اسکی وجہ یہ ہے کہ یہاں سجدے کا حکم قرأت کے حکم میں ہے، چنانچہ یہ آدمی رکوع میں امام کے ساتھ ملتا تو تو امام کی قرأت اسکے لئے کافی ہو جاتی، اسی طرح رکوع میں امام کے ساتھ ملا تو امام کا سجدہ اسکے لئے کافی ہو گیا۔۔یہی وجہ ہے کہ دوسری رکعت میں امام کے ساتھ ملے تو امام کا سجدہ اسکے لئے کافی نہیں ہوگا بلکہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد اسکو سجدہ کرنا ہوگا۔

**اصول** : سجدے کا حکم قرأت کا حکم ہے۔

**ترجمہ** : (۵۷۴) اور اگر امام کے ساتھ سجدہ کرنے سے پہلے شامل ہوا تو امام کے ساتھ سجدہ کرے گا۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ اگر نہ سنتا پھر بھی سجدہ کرتا تو یہاں تو بدرجہ اولی ہے۔

**تشریح** : اگر امام کے منہ سے آیت سجدہ نہ سنتا اور سجدہ کرنے سے پہلے امام کے ساتھ شامل ہوتا تب بھی امام کے ساتھ سجدہ کرتا کیونکہ وہ امام کے تابع ہے، اور یہاں تو امام کے منہ سے آیت سجدہ سن چکا ہے اور سجدہ کرنے کا سبب واجب ہو چکا ہے اسلئے یہاں

(۵۷۵) وان لم یدخل معه سجدها ﴾ ل لتحقق السبب (۵۷٦) و کل صلوة وجبت فی الصلوٰة فلم یسجدها فیها لم تقض خارج الصلوٰة ل لانها صلاتية ولها مزية الصلوٰة فلا تتادی بالناقص. (۵۷۷) ومن تلاسجدةً فلم یسجدها حتی دخل فی صلوة فاعادها وسجداجزأته السجدة

بدرجہ اولی امام کے ساتھ سجدہ کرنا ہوگا۔

**ترجمہ**: (۵۷۵) اور اگر امام کے ساتھ شامل نہ ہوسکا تو اسکا سجدہ بعد میں کرے گا۔

**ترجمہ**: ل سبب کے متحقق ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: اگر امام کے ساتھ سجدے میں شریک نہ ہوسکا، اور اس رکعت کو بھی نہیں پایا جس میں آیت سجدہ پڑھی گئی تو تو چونکہ اس نے سجدہ نہیں پایا، اور سجدے کا سبب واقع ہو چکا ہے اسلئے نماز سے فارغ ہونے کے بعد سجدہ ادا کرے۔

**ترجمہ**: (۵۷٦) ہر وہ سجدہ جو نماز میں واجب ہوا اور نماز میں سجدہ نہ کرسکا تو نماز سے باہر قضاء نہ کرے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ یہ سجدہ نماز والا ہے، اور اسکے لئے نماز کی فضیلت ہے اسلئے ناقص کے ساتھ ادا نہیں ہوگا۔

**تشریح**: یہ ایک قاعدہ بتا رہے ہیں۔ کہ جو سجدہ نماز میں آیت سجدہ پڑھنے کی وجہ سے نماز میں واجب ہوا ہو اسکو نماز سے باہر ادا کرنا چاہے تو ادا نہیں کرسکتا۔

**وجہ**: (۱) اسکی ایک وجہ تو یہ ہے کہ یہ نماز کے اندر کا سجدہ ہے، اور اسکی ایک اہمیت ہے، اسلئے یہ کامل سجدہ ہے، اور نماز کے باہر جو سجدہ ہے وہ اسکے مقابلے میں ناقص ہے اسلئے کامل سجدہ ناقص سے ادا نہیں ہوگا۔ اسلئے باہر سجدہ کرے گا تو ادا نہیں ہوگا۔ (۲) دوسری وجہ یہ اثر ہے۔ عن یونس عن الحسن فی رجل نسی سجدة من صلوته فلم یذکرها حتی کان فی آخر رکعة من صلوته قال یسجد فیها ثلاث سجدات فان لم یذکرها حتی یقضی صلوته غیر انه لم یسلم بعد، قال : یسجد سجدة واحدة ما لم یتکلم فان تکلم استأنف الصلوة . (مصنف ابن ابی شیبة ، باب الرجل ینسی السجدة من الصلوة فیذکرها وهو یصلی ، ج اول ، ص ۳۸۳ ، نمبر ۴۳۹۸) اس اثر میں ہے کہ اگر نماز میں سجدہ نہیں کیا اور بات کر لی، تو شروع سے نماز پڑھے۔ جسکا مطلب یہ نکلا کہ نماز ہوئی ہی نہیں، اور اشارۃ النص سے یہ بھی معلوم ہوا کہ باہر سجدہ نہیں کرسکتا ورنہ نماز دہرانے کی ضرورت کیا تھی باہر سجدہ کر لیتا۔ (۳) دوسرے اثر میں ہے۔ عن ابراهیم قال : اذا نسی الرجل سجدة من الصلوة فلیسجدها متی ما ذکرها فی صلوته (مصنف ابن ابی شیبة ، باب الرجل ینسی السجدة من الصلوة فیذکرها وهو یصلی ، ج اول ص ۳۸۳ ، نمبر ۴۳۹۹) اس اثر میں ہے کہ نماز میں جب تک ہو تو سجدہ کرسکتا ہے۔ جسکا مطلب یہ نکلا کہ نماز سے باہر سجدہ نہ کرے۔

**ترجمہ**: (۵۷۷) کسی نے نماز سے باہر سجدہ کی آیت پڑھی، اس کا ابھی سجدہ نہیں کیا کہ نماز شروع کر دی اور نماز میں دوبارہ

**عن التلاوتین ﴾ ۱ لان الثانیة اقوی لکونها صلوتیة فاستتبعت الاولی ۲ وفی النوادر یسجد اخری بعد الفراغ لان للاولی قوة السبق فاستوتا ۳ قلنا للثانیة قوة اتصال المقصود فترجحت بها**

اسی آیت کو پڑھا اور سجدہ کیا تو یہ سجدہ دونوں تلاوتوں کے لئے کافی ہے۔[بشرطیکہ کہ مجلس ایک ہو]

**تشریح** : کسی نے نماز سے پہلے سجدے کی آیت پڑھی، اور ابھی اس کا سجدہ نہیں کیا، پھر نماز شروع کی اور اسی آیت کو دوبارہ نماز میں پڑھی اور سجدہ کیا تو نماز کا سجدہ باہر کے سجدے کے لئے کافی ہوگا۔

**ترجمہ** : (۱) نماز کا سجدہ اعلی ہے اس لئے ادنی کے لئے کافی ہے۔ اور چونکہ مجلس ایک ہے اسلئے نماز والا ایک ہی سجدہ کافی ہوگا (۲) ایک ہی سجدہ کافی ہونے کے لئے یہ اثر ہے ۔عن مجاهد قال اذا قرأت السجدة اجزأک ان تسجد بها مرة ، عن ابراهیم فی الرجل یقرأ السجدة ثم یعید قرأتها قالا تجزیها السجدة الاولی. (مصنف بن ابی شیبة ۲۰۴، باب الرجل یقرأ السجدة ثم یعید قرأتها کیف یصنع ج اول ص ۳۶۵، نمبر ۴۲۰۰/۴۱۹۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ کئی مرتبہ آیت سجدہ پڑھنے سے اگر مجلس ایک ہو تو ایک ہی سجدہ کافی ہے۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ دوسرا سجدہ زیادہ قوی ہے، اسلئے کہ وہ نماز کا سجدہ ہے، اسلئے پہلا سجدہ اسکے تابع ہوگا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ دوسرا سجدہ نماز میں پڑھی ہوئی آیت کا سجدہ اسلئے وہ زیادہ قوی ہے، اور دوسرا سجدہ نماز سے پہلے ہے اور باہر ہے اسلئے وہ اتنا قوی نہیں ہے اسلئے پہلا سجدہ دوسرے سجدے کے تابع ہو کر اداء ہو جائے گا۔

**ترجمہ** : ۲ نوادر کتاب میں یہ ہے کہ نماز سے فارغ ہونے کے بعد دوسرا سجدہ کرے۔ اسلئے کہ پہلے سجدے کو پہلے ہونے کی قوت ہے اسلئے دونوں سجدے درجے میں برابر ہو گئے۔

**تشریح** : امام محمدؒ کی کتاب نوادر میں ہے کہ نماز سے پہلے جو آیت پڑھی ہے اسکا سجدہ الگ سے نماز سے فارغ ہونے کے بعد کرے، نماز میں کیا ہوا سجدہ نماز سے پہلے پڑھی ہوئی آیت کے لئے کافی نہیں ہے۔

**وجہ** : اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ نماز کا سجدہ زیادہ قوی نہیں ہے، اور نماز سے پہلے جو آیت پڑھی ہے اسکا سجدہ کمزور نہیں ہے، بلکہ دونوں برابر درجے کے ہیں۔ کیونکہ نماز کا سجدہ نماز میں ہونے کی وجہ سے قوی ہے، تو نماز سے پہلے کا سجدہ پہلے ہونے کی وجہ قوی ہے کیونکہ پہلے ہونا بھی ایک قوت ہے اسلئے دونوں سجدے برابر درجے کے ہو گئے۔ اسلئے نماز سے پہلے کا سجدہ نماز کے اندر کے تابع ہو کر اداء نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ۳ ہم کہتے ہیں کہ دوسرے سجدے کے لئے مقصود سے متصل ہونے کی قوت ہے، اسلئے دوسرے سجدے کو ترجیح ہو گئی۔

**تشریح** : یہ ہمارا جواب ہے۔ اسکا حاصل یہ ہے کہ پہلے سجدے کو پہلے ہونے کی قوت ہے، لیکن اس وقت سجدہ اداء نہیں کیا گیا۔ اور دوسرے سجدے کو تلاوت کے بعد فوراً اداء کیا گیا ہے، تو یہ سجدہ مقصود سے متصل ہے، اسلئے اسکو دو قوت حاصل ہو گئی[۱] ایک

(٥٧٨) وان تلاها فسجد ثم دخل فی الصلوٰة فتلاها سجدلها ﴾ ١ لان الثانية هی المستتبعة.
٢ ولاوجه الی الحاقها بالاولیٰ لانه يؤدی الی سبق الحکم علی السبب

نماز میں ہونے کی وقت [٢] اور دوسری آیت سے متصل ہونے کی، اسلئے یہ سجدہ پہلے سے قوی ہو گیا، اسلئے پہلا سجدہ دوسرے سجدے کے تابع ہو کر ادا ہو جائے گا۔ اصل تو اوپر کا اثر ہے۔

**لغت** : اعاد: عود سے مشتق ہے، لوٹایا۔ اجزأ: کافی ہو جائے گا۔ صلوتیۃ: نماز کی چیز۔ استتبعت: تبع سے مشتق ہے، تابع ہونا، پیچھے چلنا۔ السبق: پہلے ہونا، سبقت کرنا۔ استوتا: سوی سے مشتق ہے، برابر ہو گیا۔ المقصود: یہاں مقصود سے مراد آیت سجدہ کو پڑھنا ہے اور اسکے ساتھ ہی سجدہ ادا کرنا ہے۔

**ترجمہ**: (٥٧٨) اور اگر آیت سجدہ تلاوت کی اور اسکا سجدہ بھی کر لیا، پھر نماز میں داخل ہوا اور اسی آیت کی تلاوت کی تو اس کے لئے دوبارہ سجدہ کرے۔

**تشریح** : نماز سے پہلے آیت سجدہ پڑھا اور اسکا سجدہ بھی کر لیا، اسکے بعد نماز شروع کی اور دوبارہ اسی آیت سجدہ کو پڑھی تو نماز میں دوبارہ سجدہ کرے گا، نماز سے پہلے والا سجدہ نماز کے اندر والے سجدے کے لئے کافی نہیں ہے۔

**وجہ** : (١) نماز والا سجدہ اعلی ہے، اور نماز سے پہلے باہر والا سجدہ ادنی ہے، اسلئے ادنی سجدے سے اعلی سجدہ کیسے ادا ہوگا؟ اسلئے پہلے والا سجدہ نماز کے سجدے کے لئے کافی نہیں ہوگا۔ (٢) نماز سے پہلے جو سجدہ ہے وہ نماز کے اندر کی تلاوت سے پہلے ہے۔ اور قاعدہ یہ ہے کہ تلاوت پہلے ہو اور اسکے سبب سے سجدہ اسکے بعد ہو۔ پس اگر پہلے والا سجدہ نماز والے سجدے کے لئے کافی سمجھیں تو سجدہ پہلے ہو جائے گا اور تلاوت اسکے بعد ہوگی۔ حکم پہلے آجائے گا اور اسکا سبب اسکے بعد ہوگا، اسلئے پہلے والا سجدہ نماز کے اندر والے سجدے کے لئے کافی نہیں۔ نماز کے اندر دوبارہ سجدہ کرنا ہوگا۔

**اصول** : ادنی سے اعلی ادا نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ١ اسلئے کہ دوسرا سجدہ تو تابع بنانے والا ہے [وہ پہلے سجدے کے تابع کیسے ہوگا]

**تشریح** : نماز سے پہلے کا سجدہ ادنی ہے اور نماز کے اندر کا سجدہ اعلی ہے، اور وہ ادنی کو تابع بنانے والا ہے اسلئے وہ ادنی کے تحت میں کیسے ادا ہوگا؟۔ مستتبعۃ کا ترجمہ ہے تابع بنانے والا۔

**ترجمہ**: ٢ اور کوئی وجہ نہیں ہے کہ نماز کے سجدے کو پہلے کے ساتھ لاحق کرے، اسلئے کہ یہ اس بات کی طرف پہنچائے گا کہ حکم سبب سے بھی پہلے ہو جائے۔

**تشریح** : اگر نماز سے پہلے جو سجدہ ادا کیا گیا نماز کے اندر کا سجدہ اسی کے تحت ادا کر دیا جائے تو اسکا مطلب یہ ہوگا کہ حکم یعنی سجدہ پہلے ادا ہو جائے اور اس سجدے کا سبب یعنی آیت کی تلاوت بعد میں آئے، اور یہ خلاف قاعدہ ہے اسلئے باہر کے سجدے سے

**(۵۷۹) ومن كَرَّر تلاوة سجدةٍ واحدةٍ فی مجلس واحد اجزأته سجدةٌ واحدة ﴾ (۵۸۰)فان قرأها فی مجلسه فسجدها ثم ذهب ورجع فقرأها سجدها ثانية وان لم يكن سجد للاولی فعليه سجدتان﴾**

نماز کا سجدہ ادا نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: (۵۷۹) کسی نے ایک ہی آیت سجدہ کو ایک ہی مجلس میں مکرر تلاوت کی تو اس کو ایک ہی سجدہ کافی ہے ۔

**تشریح**: کسی نے سجدے کی آیت کو ایک مجلس میں بار بار پڑھی تو ایک ہی سجدہ سب کے لئے کافی ہے، چاہے ایک مرتبہ آیت سجدہ پڑھ کر سجدہ کر لے، یا کئی مرتبہ آیت پڑھنے کے بعد آخیر میں سجدہ کر لے دونوں صورتوں میں ایک ہی سجدہ کافی ہے۔

**وجہ**: (۱) قیاس کے اعتبار سے ہر آیت پڑھنے کے لئے الگ الگ سجدہ واجب ہونا چاہئے۔لیکن حرج کے لئے تداخل کر دیا جائے گا۔لیکن اس میں شرط یہ ہے کہ مجلس ایک ہو۔دوسری بات یہ ہے کہ ادنی اعلی میں داخل ہوگا لیکن اعلی ادنی میں داخل نہیں ہوگا۔اب اوپر کی صورت میں ایک ہی آیت کئی مرتبہ پڑھی ہے تو اگر مجلس ایک ہے تو تداخل ہو کر ایک ہی سجدہ لازم ہوگا۔اور مجلس بدل گئی تو کئی سجدے لازم ہونگے۔(۲) اثر میں موجود ہے۔ **عن ابی عبد الرحمن انه كان يقرأ السجدة فيسجد ثم يعيد ها فی مجلسه ذلک مرارا لا يسجد** ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۰۴، باب الرجل یقرأ السجدة ثم یعید قرأتها کیف یصنع، ج اول، ص ۳۶۶، نمبر ۴۲۰۱) اس اثر سے معلوم ہوا کہ ایک مجلس میں کئی مرتبہ آیت سجدہ پڑھا تو تداخل ہوگا اور ایک ہی سجدہ لازم ہوگا۔(۳) **عن مجاهد قال اذا قرأت السجدة اجزأک ان تسجد بها مرة** ،(۴) **عن ابراهيم فی الرجل يقرأ السجدة ثم يعيد قرأتها قالا تجزيها السجدة الاولی.** (مصنف بن ابی شیبۃ ۲۰۴، باب الرجل یقرأ السجدة ثم یعید قرأتها کیف یصنع ج اول ص ۳۶۵ نمبر ۴۲۰۰/۴۱۹۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ کئی مرتبہ آیت سجدہ پڑھنے سے اگر مجلس ایک ہو تو ایک ہی سجدہ کافی ہے۔

**ترجمہ**: (۵۸۰) پس اگر سجدے کی آیت مجلس میں پڑھی اور اسکا سجدہ کیا پھر وہاں سے چلا گیا اور واپس آیا اور آیت پڑھی تو دوبارہ سجدہ کرے۔اور اگر پہلے کے لئے سجدہ نہ کیا ہو تو اس پر دو سجدے ہیں۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ مجلس ایک ہو تو حرج کی وجہ سے تداخل ہو جائے گا، اسلئے سب کے لئے ایک ہی سجدہ کافی ہے۔

مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ ایک آدمی نے آیت سجدہ پڑھی اور سجدہ کر لیا پھر وہاں سے کہیں چلا گیا اور مجلس بدل گئی پھر دوبارہ اسی مقام پر آیا اور آیت سجدہ پڑھی تو دوبارہ سجدہ کرنا ہوگا۔پہلا سجدہ کافی نہیں ہے۔

**وجہ**: اس اثر میں ہے کہ مجلس ایک ہو تو ایک ہی سجدہ کافی ہے۔ **عن ابی عبد الرحمن انه كان يقرأ السجدة فيسجد**

۱؎ والاصل ان مبنی السجدة علی التداخل دفعًا للحرج وهو تداخل فی السبب دون الحکم وهو الیق بالعبادات والثانی بالعقوبات ۲؎ وامکان التداخل عند اتحاد المجلس لکونه جامعًا للمتفرقات فاذا اختلف عاد الحکم الی الاصل

ثم یعید ھا فی مجلسه ذلک مرارا لا یسجد ۔ (مصنف ابن ابی شیبة ۴ ۲۰۴، باب الرجل یقرأ السجدة ثم یعید قرأتھا کیف یصنع ، ج اول ، ص ۳۶۶ ، نمبر ۴۲۰۱) اس اثر میں ہے کہ مجلس ایک ہو تو ایک سجدہ کافی ہے، جسکے اشارۃ النص سے معلوم ہوا کہ مجلس بدل جائے تو ایک سجدہ کافی نہیں ہوگا، بلکہ الگ سجدہ لازم ہوگا۔

**ترجمہ** : ۱؎ اصل قاعدہ یہ ہے کہ سجدے کا دارومدار حرج کی وجہ سے تداخل پر ہے۔ اور یہاں سبب میں تداخل ہے حکم میں تداخل نہیں ہے، اور عبادات کے زیادہ لائق یہی ہے، اور حکم میں تداخل یہ سزاؤں کے زیادہ لائق ہے۔

**تشریح** : بار بار آیت پڑھنے کے باوجود ایک ہی سجدہ واجب ہونے کی وجہ بتا رہے ہیں کہ آیت یاد کرنے کے لئے، یا بچوں کو پڑھانے کے لئے ایک آیت کو بار بار پڑھنا پڑتا ہے، اب اگر ہر ہر آیت پر سجدہ کرے تو حرج لازم ہوگا، اسلئے سبب میں تداخل کر دیا گیا تاکہ سب کے لئے ایک ہی سجدہ کافی ہو جائے۔

سبب میں تداخل کیا ہے؟ آیت کا پڑھنا سجدے کا سبب ہے۔ مثلا دس مرتبہ آیت پڑھی تو دس سجدے کا سبب بنی۔ اور سجدہ کرنا حکم ہوا۔ اب دس مرتبہ آیت پڑھنے کو ایک مرتبہ پڑھنا قرار دیا جائے، یہ سبب میں تداخل ہو گیا، کیونکہ دس سبب کو ایک ہی قرار دیا۔ اور اسکی وجہ سے ایک ہی سجدہ لازم کیا جائے جو ایک حکم ہے۔ عبادت کے لائق یہ ہے کہ سبب میں تداخل کیا جائے، تاکہ سبب ایک ہو تو حکم بھی ایک ہو، تاکہ ایسا نہ ہو کہ سبب کئی ہو اور حکم ایک ہو اور سبب بغیر حکم کے باقی رہ جائے۔

حکم میں تداخل کیا ہے؟ سبب کئی ہوں اس میں تداخل نہ کرے، اور سب کا حکم ایک ہی ہو تو اسکو حکم میں تداخل کہتے ہیں۔ مثلا کئی مرتبہ زنا کیا اسلئے کئی مرتبہ حد لگانے کا سبب ہوا لیکن سب کے بدلے میں ایک مرتبہ حد لگائے تو یہ سبب کئی ہونے کے باوجود حکم میں تداخل ہوا۔ سزا کے مناسب یہی ہے کہ حکم میں تداخل ہو، کیونکہ اللہ رحیم ہے اسلئے حد کا سبب کئی ہونے کے باوجود حکم ایک ہی ہوا اور ایک ہی حد لگی۔ کیونکہ حدیث میں ہے کہ جہاں تک ہو سکے حد کو ساقط کرنے کی کوشش کرو۔

**ترجمہ** : ۲؎ تداخل کا ممکن ہونا مجلس کے متحد ہوتے وقت ہے اسلئے کہ مجلس متفرقات کو جمع کرنے والی ہے۔ پس جبکہ مجلس مختلف ہو گئی تو حکم اپنے اصل کے طرف لوٹ آیا [یعنی جتنے سبب ہوئے اتنے ہی حکم لازم ہوئے]

**تشریح** : آیت سجدہ جو پڑھا اس میں تداخل تو ہوگا لیکن شرط یہ ہے کہ مجلس ایک ہو۔ اور اگر مجلس ایک نہ ہو تو حکم اپنے اصل کی طرف لوٹ آئے گا، یعنی جتنی مرتبہ آیت پڑھے اتنا ہی سجدہ لازم ہو۔

۳ ولا یختلف بمجرد القیام ۴ بخلاف المخیرة لانه دلیل الاعراض وهو المبطل هنالک ۵ وفی تسدیة الثوب یتکرر الوجوب وفی المنتقل من غصن الی غصن کذلک فی الاصح وکذا فی الدیاسة للاحتیاط

**وجہ** :(۱) مجلس متحد ہوتو سبب میں تداخل ہوا سکی ایک وجہ تو اوپر کا اثر ہے۔ (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ مجلس متفرق چیزوں کو جمع کر نے والی ہے۔ مثلا تھوڑی تھوڑی قے کئی بار ہوئی ہو تو اگر مجلس ایک ہو تو سب کو جمع کر کے حکم لگے گا، جس سے معلوم ہوا کہ مجلس متفرق چیزوں کو جمع کرتی ہے، اسی طرح مجلس ایک ہو تو کئی مرتبہ آیت سجدہ پڑھی ہو پھر بھی ایک ہی سجدہ لازم ہوگا۔ اور مجلس ایک نہ ہو تو حکم اپنے اصل کی طرف لوٹ آئے گا۔

فاذا اختلف عاد الحکم الی الاصل :کا مطلب۔ اصل حکم یہ ہے کہ جتنی مرتبہ آیت پڑھے اتنا ہی مرتبہ سجدہ لازم ہو، چنانچہ جتنی مرتبہ مجلس بدلے گی، اور آیت پڑھتا جائے گا اتنا ہی مرتبہ سجدہ لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳ صرف کھڑا ہونے سے مجلس نہیں بدلے گی۔

**تشریح** : یہاں یہ بتا رہے ہیں کہ مجلس بدلنے کا معیار کیا ہے؟ فرماتے ہیں کہ صرف کھڑا ہونے سے آیت کی مجلس نہیں بدلے گی بلکہ دو چار قدم چلے اور دور جائے تب مجلس کا بدلنا سمجھا جائے گا۔ اور الگ سجدہ لازم ہوگا۔ اور ایک دو قدم چلا تو یہ قریب ہے اس سے مجلس نہیں بدلے گی

**ترجمہ**: ۴ بخلاف اختیار دی ہوئی عورت کے اسلئے کہ اسکا کھڑا ہونا اعراض کی دلیل ہے، اور یہاں اتنے ہی سے اختیار باطل ہو جاتا ہے۔

بخلاف سے مخیّرہ عورت کا حکم بیان فرماتے ہیں۔ کسی عورت کو اسکے شوہر نے کہا ,, اختاری نفسک :تمکو اپنے آپ کو طلاق دینے کا اختیار ہے، تو اس عورت کو مخیّرہ کہتے ہیں، یعنی جسکو اپنے آپ کو طلاق دینے کا اختیار دیا گیا ہو۔ ایسی عورت کو مجلس کے اندر ہی طلاق دینے کا اختیار رہتا ہے، مجلس بدل جائے تو اختیار ختم ہو جاتا ہے۔ اور انکی مجلس کا حال یہ ہے کہ صرف طلاق دینے سے اعراض کرے تو مجلس بدل جاتی ہے، اسکے لئے دو چار قدم چلنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اب شوہر نے طلاق دینے کا اختیار دیا اور وہ طلاق دینے کے بجائے کھڑی ہوگئی، تو کھڑا ہونا اعراض کی دلیل ہے، اسلئے کھڑا ہونے سے مجلس بدل جائے گی اور عورت کا اختیار ختم ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: ۵ [۱] اور تانا تننے میں وجوب مکرر ہوگا۔ [۲] اور ایک شاخ سے دوسری شاخ پر منتقل ہونے میں صحیح روایت میں ایسے ہی ہوگا۔ [۳] اور ایسے ہی کھلیان کے روندنے میں احتیاط کی وجہ سے۔

**تشریح** : یہاں تین مسئلے بیان فرما رہے ہیں۔ [۱] پہلا مسئلہ یہ ہے کہ کپڑا بننے کے لئے سوت کا تانا تنتے ہیں، وہ تانا تقریبا میں

(۵۸۱) ولو تبدل مجلس السامع دون التالی یتکرر الوجوب علی السامع ﴾ لے لان السبب فی حقه السماع (۵۸۲) وکذا اذا تبدل مجلس التالی دون السامع علی ﴾

میٹر لمبا ہوتا ہے۔ اسکو تنتے وقت ایک جگہ سے دوسری جگہ جاتے ہیں تو اگر چہ یہ کام ایک ہی ہے لیکن اتنی دور تک منتقل ہونے سے مجلس بدلتی جائے گی اور ہر آیت پر الگ الگ سجدہ لازم ہوگا۔ اور سجدے کا واجب ہونا مکرر ہوتا جائے گا۔

[۲] دوسرا مسئلہ یہ ہے کہ ایک شاخ سے دوسری شاخ الگ الگ مجلس ہے۔ اسلئے ایک شاخ پر آیت پڑھی، پھر دوسری شاخ پر جا کر اسی آیت کو پڑھی تو دوسرا سجدہ واجب ہوگا ایک ہی سجدہ کافی نہیں ہوگا، کیونکہ ہر شاخ گویا کہ الگ الگ مجلس ہے۔ صحیح روایت یہی ہے ۔۔ دوسری روایت یہ ہے کہ ان تینوں مسئلوں میں مجلس متحد ہے اسلئے ایک ہی سجدہ لازم ہوگا۔

[۳] تیسرا مسئلہ یہ ہے کہ کھلیان میں فصلوں کو بیل سے روندواتے ہیں اور گولائی میں بیل کو گھوماتے ہیں تا کہ دانہ نکل جائے۔ یہ گول دائرہ تقریبا پندرہ میٹر ہوتا ہے، اسلئے بیل کو گھومانے میں بھی مجلس بدل جائے گی اور ہر مرتبہ کے پڑھنے سے الگ الگ سجدہ لازم ہوگا۔ احتیاط اسی میں ہے۔

**لغت** : تسدیة : سدی سے مشتق ہے سوت کا تانا بنانا۔ غصن : شاخ۔ دیاسة : گاہنا، فصل کو روندنا۔

**ترجمہ** : (۵۸۱) اگر سننے والے کی مجلس بدل گئی لیکن پڑھنے والے کی مجلس نہیں بدلی تو سننے والے پر آیت سجدہ کا وجوب مکرر ہو گا۔

**ترجمہ** : لے اسلئے کہ سبب اسکے حق میں سننا ہے۔

**تشریح** : پڑھنے والا ایک ہی جگہ بیٹھا ہوا ہے، لیکن آیت سننے والا بار بار جگہ بدل رہا ہے اور اسکی مجلس بدل رہی ہے تو جتنی مرتبہ سننے والے کی مجلس بدلے گی اتنی ہی مرتبہ سجدہ واجب ہوگا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ سننے والے کے حق میں سجدے کا سبب سننا ہے، اور سننے کی مجلس بدل رہی ہے تو گویا کہ سبب بھی مکرر ہو رہا ہے اسلئے سجدہ بھی بار بار لازم ہوگا۔

**ترجمہ** : (۵۸۲) ایسے ہی اگر پڑھنے والے کی مجلس بدلے اور سننے والے کی مجلس نہ بدلے [ تب بھی سننے والے پر بار بار سجدہ لازم ہوگا جیسا کہ بعض حضرات نے کہا ہے ]

**تشریح** : سننے والا ایک جگہ بیٹھا ہوا ہے، لیکن آیت پڑھنے والا جگہ بدل بدل کر پڑھ رہا ہے، تو بعض حضرات نے فرمایا کہ اس صورت میں بھی جس طرح پڑھنے والے پر کئی سجدے لازم ہونگے اسی طرح سننے والے پر بھی کئی سجدے لازم ہونگے۔

**وجہ** : اس قول کی وجہ یہ ہے کہ سننا سجدے کا سبب نہیں بلکہ پڑھنے والے کا پڑھنا سجدے کا سبب ہے، اور پڑھنے والے کی مجلس بدل رہی ہے اسی لئے پڑھنے والے پر کئی سجدے لازم ہو رہے ہیں، اسلئے سننے والے پر بھی کئی سجدے لازم ہونگے، ایک سجدہ سبب

لے ماقیل والاصح انه لا یتکررا لوجوب علی السامع لما قلنا.(۵۸۳) ومن اراد السجود کبر ولم یرفع یدیه وسجد ثم کبر ورفع رأسه ﴾ لے اعتبارا بسجدة الصلوٰة وهو المروی عن ابن مسعودؓ

کے لئے کافی نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : لے صحیح روایت یہ ہے کہ سننے والے پر سجدے کا وجوب مکرر نہیں ہوگا۔اس سبب کی وجہ سے جسکو میں نے کہا۔

**تشریح** : صحیح روایت یہ ہے کہ سننے والے کی مجلس نہ بدلے چاہے پڑھنے والے کی بدل جائے تو سننے والے پر کئی سجدے لازم نہیں ہونگے ، ایک ہی سجدہ کافی ہوگا۔اور اسکی وجہ ابھی یہ کہا گیا کہ سننے والے پر سجدے کے وجوب کا سبب آیت کا سننا ہے، اور سننے میں جگہ ایک ہے اسلئے ایک ہی سجدہ لازم ہوگا۔ پڑھنے والے کی جگہ بدلنے کی وجہ سے کئی سجدے لازم نہیں ہونگے۔

**ترجمہ** : (۵۸۳) جس نے سجدۂ تلاوت کا ارادہ کیا تو تکبیر کہے اور ہاتھ نہ اٹھائے اور سجدہ کرے، پھر تکبیر کہے اور اپنے سر کو اٹھائے۔اس پر تشہد نہ پڑھے اور نہ سلام کرے۔

**تشریح** : جو آدمی سجدہ تلاوت کرنا چاہے اسکا وضو نہ ہو تو وضو کرے کیونکہ یہ سجدہ نماز کا ایک حصہ ہے، پھر تکبیر کہہ کر سجدہ میں جائے ، سجدے میں نماز کے سجدے کی طرح ، سبحان ربی الاعلی ، پڑھے اور تکبیر کہتے ہوئے سر اٹھائے ۔بس اتنا ہی سے سجدہ تلاوت اداء ہو جائے گا، آگے نہ سلام پھیرنے کی ضرورت ہے اور نہ تشہد پڑھنے کی ضرورت ہے۔

**وجہ**: (۱) اثر میں ہے۔عن عبد الله بن مسلم قال کان ابی اذا قرأ السجدة قال الله اکبر ثم سجد.(مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۰۲، باب من قال اذا قرأت السجدۃ فکبر واسجد ج اول ص ۳۶۴،نمبر ۴۱۸۷)اس اثر سے معلوم ہوا کہ صرف تکبیر کہہ کر سجدہ میں جائے گا۔(۲) تشہد نہیں پڑھے گا اس کے لئے یہ اثر دلیل ہے ۔عن سعید بن جبیر انه کان یقرأ السجدة فیرفع رأسه ولا یسلم، قال کان الحسن یقرأ بنا سجود القرآن ولا یسلم . (مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۰۱، باب من کان لایسلم من السجدۃ ج اول ص ۳۶۴،نمبر ۴۱۸۴/۴۱۸۳)اس اثر سے معلوم ہوا کہ سجدۂ تلاوت میں تشہد اور سلام نہیں ہیں۔صرف تکبیر کہہ کر سجدہ کرے پھر تکبیر کہہ کر سر اٹھائے بس اتنا ہی کافی ہے۔

**نوٹ**: سجدۂ تلاوت نماز کا حصہ ہے اس لئے اس کے لئے وضو ضروری ہے۔اس کے ثبوت کے لئے یہ اثر ہے۔عن ابراهیم قال اذا سمعه وهو علی غیر وضوء فلیتوضأ ثم لیقرأ فلیسجد. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۲۰، باب فی الرجل یسجد السجدۃ وھو علی غیر وضوء ج اول ص ۳۷۵،نمبر ۴۳۲۴)اس اثر میں ہے کہ وضو کرے اور اسکے بعد سجدہ تلاوت کرے۔

**ترجمہ**: لے قیاس کرتے ہوئے نماز کے سجدے پر اور یہی حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ سے منقول ہے۔

**تشریح** : سجدہ تلاوت نماز کے سجدے کی طرح ہے، اور نماز کے سجدے میں اللہ اکبر کہتے ہوئے جاتے ہیں، اور تکبیر کہتے ہوئے

۲ ولا تشهد علیه ولا سلام لان ذلک للتحلل وهو یستدعی سبق التحریمة وهی منعدمة

(۵۸۴)قال ویکره ان یقرأ السورة فی صلوٰة اوغیرها ویدع اية السجدة ﴾ ۱ لانه یشبه الاستنکاف عنها

سر اٹھاتے ہیں اسی طرح سجدہ تلاوت میں بھی اللہ اکبر کہتے ہوئے سجدے میں جائے اور اللہ اکبر کہتے ہوئے سر اٹھائے۔حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ سے یہی منقول ہے۔۔ یہ حدیث حضرت عبد اللہ ابن عمر کی اس طرح ہے۔عن ابن عمر قال کان رسول الله ﷺ یقرأ علینا القرآن فاذا مر بالسجدة کبر و سجد و سجدنا معه . (ابوداود شریف، باب فی الرجل یسمع السجدۃ وھو راکب او فی غیر صلوۃ،ص ۲۱۱،نمبر ۱۴۱۳) اس حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ سجدے کی آیت پر گزرتے تو اللہ اکبر کہہ کر سجدے میں جاتے۔(۲) اس اثر میں بھی اسکا تذکرہ گزر چکا ہے۔عن عبد الله بن مسلم قال کان ابی اذا قرأ السجدة قال الله اکبر ثم سجد. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۰۲،باب من قال اذا قرأت السجدۃ فکبر واسجد ج اول ص ۳۶۴،نمبر ۴۱۸۷)اس اثر میں ہے کہ سجدہ تلاوت کرے تو تکبیر کہتے ہوئے سجدے میں جائے۔

**ترجمہ** : ۲ سجدہ تلاوت میں تشہد بھی نہیں ہے اور سلام بھی نہیں ہے۔اسلئے کہ تشہد اور سلام نماز سے حلال ہونے کے لئے ہے اور وہ چاہتا ہے کہ تحریمہ پہلے باندھا گیا ہو اور پہلے تحریمہ ہے نہیں۔

حضور سجدہ تلاوت میں یہ دعاء پڑھا کرتے تھے۔ عن عائشه أن رسول الله ﷺ کان یقول فی سجود القرآن (( سجد وجهی للذی خلقه و صوره و شق سمعه و بصره بحوله و قوته۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب فی سجود القرآن و مایقرأ فیہ،ج اول،ص ۳۸۰،نمبر ۴۳۷۲)اس حدیث میں ہے کہ حضور سجدہ تلاوت میں کیا پڑھا کرتے تھے۔

**تشریح** : سجدہ تلاوت سے سر اٹھانے کے بعد سجدہ پورا ہو گیا، اب تشہد پڑھنے اور سلام کرنے کی ضرورت نہیں۔

**وجہ** : (۱) اسکی دلیل عقلی یہ ہے کہ تشہد پڑھنا اور سلام کرنا تحریمے سے حلال ہونے کے لئے ہیں اور سجدہ تلاوت کے لئے کوئی تحریمہ نہیں باندھا گیا ہے اسلئے تشہد پڑھ کر اور سلام پھیر کر اس سے حلال ہونے کی بھی ضرورت نہیں ہے۔(۲) اصل تو یہ اثر ہے جس میں ہے کہ سلام نہ کرے۔ عن سعید بن جبیر انه کان یقرأ السجدة فیرفع رأسه ولا یسلم، قال کان الحسن یقرأ بنا سجود القرآن ولا یسلم . (مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۰۱،باب من کان لا یسلم من السجدۃ ج اول ص ۳۶۴، نمبر ۴۱۸۴/۴۱۸۳)اس اثر میں ہے کہ سلام نہ کرے، اور اسی سے یہ پتہ چلتا ہے کہ تشہد بھی نہ پڑھے۔

**ترجمہ**: (۵۸۴)اور مکروہ ہے کہ نماز یا اسکے علاوہ میں سورت پڑھے اور آیت سجدہ کو چھوڑ دے۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ یہ سجدہ سے منہ موڑنے کے مشابہ ہے۔

(٥٨٥) ولا باس بان يقرأ اٰية السجدة ويدع ماسواها ﴾ ١ لانه مبادرة اليها ٢ قال محمد احب الىّ ان يقرأ قبلها اية وايتين دفعًا لوهم التفضيل ٣ واستحسنوا اخفاء ها شفقة على السامعين والله اعلم.

---

**تشریح** : نماز میں یا نماز کے علاوہ میں آیت سجدہ والی سورت پڑھے، اور جب آیت سجدہ پر آئے تو اسکو چھوڑ دے یہ مکروہ ہے۔

**وجه** :(۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ اس سے شبہ ہوتا ہے کہ آیت سجدہ سے منہ موڑ رہے ہیں اور اسکو پڑھنا نہیں چاہتے ہیں، اسلئے اسکو چھوڑنا مکروہ ہے۔(۲) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن الشعبی قال : كانوا يكرهون اختصار السجود و كانوا يكرهون اذا اتوا على السجدة أن يجاوزوها حتى يسجدوا ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب فی اختصار السجود، ج اول، ص ۳۶۶، نمبر ۴۲۰۳) اس اثر میں ہے کہ آیت سجدہ کو چھوڑ دینا اچھا نہیں سمجھتے تھے۔

**ترجمه**: (۵۸۵) اور کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ آیت سجدہ کو پڑھے اور اسکے علاوہ کو چھوڑ دے۔ ۱ اس لئے کہ اس صورت میں اسکی طرف دوڑ کر جانا ہے۔

**تشریح** : صرف آیت سجدہ کو پڑھے اور باقی کو چھوڑ دے اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اسلئے اس سے تو یہ معلوم ہوتا ہے کہ آیت سجدہ کی طرف اور رغبت کر رہا ہے اسلئے اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۲ حضرت امام محمدؒ نے فرمایا کہ مجھے یہ پسند ہے کہ اس سے پہلے ایک یا دو آیتیں پڑھ لے تا کہ آیت سجدہ کی فضیلت کا وہم نہ ہو۔

**تشریح** : حضرت امام محمدؒ نے فرمایا کہ جب آیت سجدہ کو پڑھنا ہو تو اس سے پہلے ایک دو آیتیں اور پڑھ لے تا کہ کسی کو یہ وہم نہ ہو کہ آیت سجدہ کی اور آیتوں کے مقابلے میں زیادہ فضیلت ہے۔

**ترجمه**: ۳ اور اچھا سمجھا آیت سجدہ کو آہستہ پڑھنا سننے والوں پر مہربانی کرنے لئے۔

**تشریح** : اگر دیکھے کہ سننے والے سجدے کے لئے اتنے تیار نہیں ہیں، اور انکو سجدہ کرنا گراں گزرے گا تو اچھا ہی سمجھا گیا ہے کہ آیت سجدہ جب آئے تو اسکو آہستہ پڑھے تا کہ انکو سجدہ نہ کرنا پڑے اور ان پر مہربانی ہو جائے۔ اور اگر وہ سجدہ کے لئے رغبت کرتے ہوں تو آیت سجدہ زور سے پڑھے۔ واللہ اعلم۔

## ﴿باب صلوٰۃ المسافر﴾

(۵۸۶) السفر الذی یتغیر بہ الاحکام ان یقصد مسیرۃ ثلثۃ ایام ولیا لیھا بسیر الابل ومشی الاقدام﴾

## ﴿باب صلوۃ المسافر﴾

**ضروری نوٹ**: آدمی سفر میں چلا جائے تو اس کو مسافر کہتے ہیں۔ سفر کی حالت میں آدمی آدھی نماز پڑھے اس کی دلیل (۱) یہ آیت ہے و اذا ضربتم فی الارض فلیس علیکم جناح أن تقصروا من الصلوۃ ان خفتم أن یفتنکم الذین کفروا (سورۃ النساء ۴، آیت ۱۰۱) اس آیت میں ہے کہ جب سفر کرو تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ نماز میں قصر کرو۔ (۲) اس حدیث میں اسکا ثبوت ہے۔ سمع ابن عمر یقول صحبت رسول اللہ فکان لایزید فی السفر علی رکعتین وابا بکر و عمر و عثمان کذلک. (بخاری شریف، باب من لم یتطوع فی السفر دبر الصلوات ص ۱۴۹ نمبر ۱۱۰۲ رمسلم شریف، باب صلوۃ المسافرین وقصرھا ص ۲۴۲ نمبر ۶۸۹/۱۵۷۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضورؐ اور صحابہ نے سفر میں دو رکعت سے زیادہ نماز نہیں پڑھی۔ (۳) عن ابن عباس قال: ان اللہ فرض علی لسان نبیکم ﷺ علی المسافر رکعتین، و علی المقیم أربعا، و فی الخوف رکعۃ. (مسلم شریف، باب صلوۃ المسافرین وقصرھا، ص ۲۸۰، نمبر ۶۸۷/۱۵۷۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسافر کے اوپر دو رکعت ہی فرض ہے۔

**ترجمہ**: (۵۸۶) وہ سفر جس سے احکام بدلتے ہیں یہ ہے کہ تین دن اور تین راتیں چلنے کا ارادہ کرے، اونٹ کی چال سے، یا پیدل۔

**تشریح**: جس مقام سے جس مقام تک جانا ہے وہاں کا سفر تین دن کا راستہ ہو۔ درمیانی چال سے کہ صبح سے زوال تک چلے۔ اور اونٹ کی چال اور انسان کی پیدل چال کا اعتبار ہے۔ کیونکہ انسان عام طور پر اسی رفتار سے چلتا ہے۔ اس لئے شریعت نے اسی کی چال کا اعتبار کیا ہے۔ اس سے تیز رفتار کی چال کا اعتبار نہیں کیا۔ کیونکہ شریعت انسان کی عمومی حالت کا اعتبار کرتی ہے۔

**نوٹ**: آدمی عموما ایک دن میں اوسط چال سے صبح سے دو پہر تک میں سولہ (۱۶) میل چل سکتا ہے۔ اس اعتبار سے تین دن میں اڑتالیس (۴۸) میل ہوتے ہیں۔ اور حنفیوں کے یہاں اڑتالیس میل اسی حساب سے مشہور ہے۔

**وجہ**: (۱) تین دن کے سفر کا اعتبار اس حدیث سے ہے۔ عن ابی سعید الخدری قال قال رسول اللہ لا یحل لامرأۃ تؤمن باللہ والیوم الآخر ان تسافر سفرا یکون ثلاثہ ایام فصاعدا الا و معھا ابوھا او ابنھا او زوجھا او اخوھا او ذو محرم منھا۔ (مسلم شریف، باب سفر المرأۃ مع محرم الی حج وغیرہ ص ۴۳۴ ابواب الحج نمبر ۱۳۴۰/۳۲۷۰ ربخاری شریف،

ل لقوله عليه السلام يمسح المقيم كمال يوم وليلة والمسافر ثلثة ايام ولياليها

باب فی کم یقصر الصلوۃ ص ۱۴۷،ابواب تقصیر الصلوۃ نمبر ۱۰۸۶) اس حدیث میں جس مسافت کو سفر قرار دیا ہے وہ تین دن کی مسافت ہے۔اس لئے تین دن کی مسافت پر نماز کے قصر کا حکم لگایا جائے گا (۲) موزے پر مسح میں بھی تین دن کے سفر کو سفر قرار دینے کا اشارہ ملتا ہے۔حدیث یہ ہے ۔ عن شريح ابن هانى قال اتيت عائشة اسألها عن المسح على الخفين ... فقال جعل رسول الله ﷺ ثلاثة ايام ولياليهن للمسافر ويوما وليلة للمقيم، (مسلم شریف، باب التوقیت فی المسح علی الخفین ص ۱۳۵ نمبر ۶۳۹/۲۷۶ رابو داؤد شریف، باب التوقیت فی المسح ص ۲۳ نمبر ۱۵۷) اس حدیث سے معلوم ہوتا کہ سفر کی مدت تین دن ہونی چاہئے۔اسی کو سفر شرعی کہیں گے (۳) اس اثر سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے ۔ كان ابن عمر وابن عباس يقصران ويفطران فى اربعة برد وهو ستة عشر فرسخا۔ (بخاری شریف، باب فی کم یقصر الصلوۃ ص ۱۴۷ نمبر ۱۰۸۶) اس اثر میں ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن عمر اور حضرت عبد اللہ ابن عباس سولہ فرسخ پر قصر کرتے تھے اور سولہ فرسخ ارتالیس میل شرعی ہوتا ہے، اور عام حالات میں یہ تین دن تین رات میں طے کیا جاتا ہے، جس سے معلوم ہوا کہ تین دن کے سفر پر قصر ہے۔ (۴) اس اثر میں بھی ہے۔ عن عطاء بن ابى رباح قال : قلت لابن عباس : أقصر الى عرفة فقال : لا ، قلتُ: أقصر الى مر قال: لا ، قلتُ أقصر الى الطائف و الى عسفان قال : نعم ، و ذالک ثمانية و أربعون ميلا و عقد بيده . (مصنف ابن ابی شیبہ، باب ۳۴۷۔ فی مسیرۃ کم یقصر الصلوۃ، ج ثانی، ص ۲۰۴، نمبر ۸۱۳۸) اس اثر میں ہے کہ ۴۸ میل ہو تو مسافر بنے گا۔

ایک فرسخ تین میل شرعی کا ہوتا ہے اس اعتبار سے سولہ فرسخ اڑتالیس میل ہوئے۔اور انگریزی میل چھوٹا ہوتا ہے اس لئے وہ ساڑھے چون میل انگریزی ہوئے۔ایک دن میں وسط چال کے ساتھ عموما سولہ میل سفر طے کر پاتے ہیں۔اس لئے تین دن میں اڑتالیس میل ہوئے۔حدیث کے ساتھ اس اثر سے بھی استدلال کرتے ہیں کہ تین دن کا مسافر ہو تو سفر کے احکام بدلیں گے، اس سے پہلے نہیں۔

**نوٹ:** اصل تین دن کا سفر ہے۔میل کو متعین کرنا سہولت کے لئے ہے۔ اور اوپر کے اثر سے ہے۔

**لغت:** مقصد : جانے کی جگہ،قصد کرنے کی جگہ، مسیر : سیر سے مشتق ہے،سفر۔

**ترجمہ:** ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ مقیم پورا ایک دن ایک رات مسح کرے، اور مسافر تین دن تین رات۔

**تشریح** : یہ حدیث اوپر گزر گئی ہے۔ عن شريح ابن هانى قال اتيت عائشة اسألها عن المسح على الخفين ... فقال جعل رسول الله ﷺ ثلاثة ايام ولياليهن للمسافر ويوما وليلة للمقيم، (مسلم شریف، باب التوقیت فی

۲ عمت الرخصة الجنس ومن ضرورته عمومُ التقدير ۳ وقدّرَ ابويوسفؒ بيومين واكثر اليوم الثالث ۴ والشافعي بيوم وليلة في قول.

المسح علی الخفین ص ۱۳۵ نمبر ۶۲۷/۶۳۹ / ابوداؤد شریف، باب التوقیت فی المسح ص ۲۳ نمبر ۱۵۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سفر کی مدت تین دن ہونی چاہئے۔ اسی کو سفر شرعی کہیں گے۔

**ترجمه**: ۲ رخصت جنس مسافر کو عام ہے۔ جسکی ضرورت میں سے ہے کہ دن کا تعین بھی عام ہو۔

**تشریح**: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ حدیث میں المسافر، کا جملہ ہے جو تمام کو شامل ہے، اسلئے اسکے اشارے سے یہ پتہ چلتا ہے کہ مسافر اسکو کہا جائے گا جو تین دن کا سفر کرے۔

**ترجمه**: ۳ حضرت امام ابو یوسفؒ نے دو دن اور تیسرے دن کا اکثر حصہ متعین فرمایا۔

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ دو دن اور تیسرے دن کا اکثر حصہ سفر کرے تب بھی مسافر بن جائے گا، اور وہ قصر کر سکے گا۔

**وجه**: (۱) انکی دلیل یہ حدیث ہے۔ **سمعت ابا سعيد الخدری قال سمعت من رسول الله ﷺ أربعا فأعجبنی و أيقننی : نهی أن تسافر المرأة مسيرة يومين الا و معها زوجها أو ذو محرم ،** ۔ (مسلم شریف باب سفر المرأۃ مع محرم الی حج وغیرہ، ص ۵۶۵، نمبر ۱۳۳۸/۳۲۶۲) اس حدیث میں ہے کہ عورت دو دن سفر کرے تو اسکے ساتھ ذی رحم محرم ہو۔ اور اوپر کی حدیث میں تین دن کا تذکرہ تھا اسلئے دونوں حدیثوں کو ملا کر دو دن سے زیادہ اور تین دن سے کم کا معیار سفر کے لئے بنایا۔

**فائده ترجمه**: ۴ اور امام شافعیؒ کے ایک قول میں ایک دن ایک رات کے سفر میں ہی مسافر بن جائے گا۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کا ایک قول یہ ہے کہ ایک دن ایک رات میں مسافر بنے گا انکی دلیل (۱) یہ حدیث ہو سکتی ہے۔ **عن ابی هريرة قال قال النبی ﷺ لا يحل لامرأة تؤمن بالله و اليوم الآخر ان تسافر يوم وليلة ليس معها حرمة .** (بخاری شریف، باب فی کم تقصیر الصلوۃ ص ۱۴۸ نمبر ۱۰۸۸/ مسلم شریف، باب سفر المرأۃ مع محرم الی حج وغیرہ، ص ۵۶۵، نمبر ۱۳۳۹/۳۲۶۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایک دن اور ایک رات کے سفر کو بھی سفر کہتے ہیں۔ اس لئے اس پر بھی قصر ہو سکتا ہے۔ (۲) اس اثر میں بھی ہے۔ **قال ابن عباس تقصر الصلوة فی اليوم التام و لا تقصر فيما دون ذالک** ۔ (مصنف ابن ابی شیبہ، باب ۳۴۷۔ فی مسیرۃ کم یقصر الصلوۃ، ج ثانی، ص ۲۰۴، نمبر ۸۱۴۷/ مصنف عبد الرزاق، باب فی کم یقصر الصلوۃ، ج ثانی ص ۳۴۶، نمبر ۴۳۰۷) اس اثر میں ہے کہ ایک دن سے کم ہو تو قصر نہ کرے اور ایک دن کا سفر ہو تو قصر کرے گا۔

امام شافعیؒ کا دوسرا قول یہ ہے کہ دو دن دو رات میں مسافر بنے گا۔ کتاب الام۔ موسوعۃ امام شافعی کی عبارت یہ ہے۔ **و لم يبلغنا**

۵ و كفىٰ بالسنة حجةً عليهما.

أن يقصر فيما دون يومين ، الا أن عامة من حفظنا عنه لا يختلف فى أن لا يقصر فيما دونهما، فللمرء عندى أن يقصر فيما كان مسيرة ليلتين قاصدتين ، و ذالک ستة و أربعون ميلا بالهاشمى ، و لا يقصر فيما دونهما . (موسوعة امام شافعیؒ، باب السفر الذی تقصر فی مثلہ الصلوۃ بلا خوف، ج ثانی،ص ١٩،نمبر ١٨٩٥) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ دو دن سے پہلے مسافر نہیں بنے گا، اور دوسری بات معلوم ہوئی کہ دو دن کی مسافت 46 [چھیالیس] میل ہوتی ہے، اور تقریبا یہی قول امام ابو حنیفہ کا ہے کہ 48 [اڑتالیس] میل سفر کرے تو مسافر ہو جائے گا۔ اس لئے دونوں اماموں کا قول قریب قریب ہی ہے۔

**وجه** :(۱) اسکی وجہ یہ حدیث ہے۔ سمعت ابا سعيد الخدرى قال سمعت من رسول الله ﷺ أربعا فأعجبنى و أيقننى : نهى أن تسافر المرأة مسيرة يومين الا و معها زوجها أو ذو محرم ، ۔(مسلم شریف باب سفر المرأۃ مع محرم الی حج وغیرہ،ص ۵۶۵،نمبر ۳۲۶۲/۱۳۳۸) اس حدیث میں ہے کہ دو دن کی مسافت ہو تو عورت سفر نہ کرے جس کے اشارے سے پتہ چلا کہ سفر شرعی دو دن کا ہوتا ہے۔(۲) اس اثر میں ہے۔عن الحسن قال: تقصر الصلوة فى مسيرة الليلتين . ( مصنف ابن ابی شیبہ، باب ۳۴۷۔فی مسیرۃ کم یقصر الصلوۃ، ج ثانی،ص ۲۰۴،نمبر ۸۱۲۴) اس اثر سے بھی پتہ چلا کہ دو دن کی مسافت ہو تو قصر کرے گا۔

**ترجمه**: ۵ حدیث ان دونوں پر حجت کافی ہے۔

**تشريح** : حضرت امام شافعیؒ اور امام ابو یوسفؒ کے خلاف وہ احادیث حجت اور دلیل ہیں جو میں نے پہلے بیان کئے۔ ۔امام ابو حنیفہؒ دلائل کی روشنی میں احتیاط کی طرف گئے ہیں۔

﴿ فرسخ،میل اور کیلومیٹر کا حساب ﴾

پچھلے زمانے میں عرب میں برد، فرسخ اور غلوہ رائج تھے، بعد میں میل شرعی آیا اور ابھی دنیا میں انگریزی میل اور کیلومیٹر کا حساب رائج ہے۔اس لئے ان کی تفصیل یہ ہے۔

ایک برد چار فرسخ کا ہوتا ہے۔اور ایک فرسخ تین شرعی میل کا ہوتا۔اور ایک شرعی میل چار ہزار ہاتھ یعنی دو ہزار گز کا ہوتا ہے۔اس طرح ایک برد بارہ شرعی میل کا ہوا۔ایک برد چار فرسخ کا ہوتا ہے اس کا ذکر عبد اللہ بن عباسؓ کے اثر میں گزرا۔ كان ابن عمر و ابن عباس يقصران و يفطران فى اربعة برد وهو ستة عشر فرسخا (بخاری شریف، باب فی کم یقصر الصلوۃ، ص ۱۴۷،نمبر ۱۰۸۶) اس اثر میں ہے کہ چار برد سولہ فرسخ کا ہوتا تھا۔یعنی ایک برد چار فرسخ کا۔اور چار برد سولہ فرسخ کا ہوا جس پر عبد اللہ بن عمر اور عبد اللہ بن عباس سفر کا حکم لگاتے تھے۔(۲) یہ اثر بھی گزرا جس میں ہے کہ 48 میل پر قصر کرے، اثر یہ ہے. عن

عطاء بن ابی رباح قال : قلت لابن عباس : أقصر الی عرفة فقال : لا ، قلت : أقصر الی مر قال: لا ، قلتُ أقصر الی الطائف و الی عسفان قال : نعم ، و ذالک ثمانیة و أربعون میلا و عقد بیده . (مصنف ابن ابی شیبہ، باب ۳۴۴۷۔ فی مسیرۃ کم یقصر الصلوۃ، ج ثانی،ص ۲۰۴،نمبر ۸۱۳۸)اس اثر میں ہے کہ ۴۸ میل ہو تو مسافر بنے گا۔ (۳) موسوعۃ امام شافعیؒ کے حاشیہ میں ہے کہ ایک برد 22176 میٹر کا ہوتا ہے۔اور یہ بھی لکھا ہے کہ 81 کیلومیٹر کے سفر میں قصر ہوگا۔ موسوعۃ امام شافعی، باب السفر الذی تقصر فی مثلہ الصلوہ بلا خوف، ج ثانی،ص ۱۹،نمبر ۱۸۹۵) یہ وہی حساب ہے جو آگے پیش کیا جا رہا ہے۔

اور ایک فرسخ تین میل کا ہوتا ہے۔اور ایک میل شرعی چار ہزار ہاتھ کا۔جس کا مطلب یہ ہوا کہ دو ہزار گز کا میل ہوا۔اس کی دلیل در مختار کی یہ عبارت ہے۔الفرسخ : ثلاثة امیال و المیل : اربعة آلاف ذراع (ردالمحتار علی درالمختار، باب صلوۃ المسافر، ج ثانی ص ۷۲۵)اس عبارت سے معلوم ہوا کہ فرسخ تین میل کا ہوتا ہے۔اور ایک میل شرعی 4000 ہاتھ کا ہوتا ہے۔اور دو ہاتھ کا ایک گز ہوتا ہے،اس حساب سے 2000 [دو ہزار گز] کا ایک شرعی میل ہوا۔اب بارہ فرسخ کو تین میل سے ضرب دیں تو 48 میل شرعی ہوئے۔

(میل شرعی،میل انگریزی اور کیلومیٹر میں فرق)

انگریزی میل شرعی میل سے 1.13636 چھوٹا ہوتا ہے۔کیونکہ میل انگریزی 1760 گز کا ہوتا ہے.اور شرعی میل 2000 گز کا ہوتا ہے۔اور کیلومیٹر شرعی میل سے 1.828 چھوٹا ہوتا ہے۔اس لئے کہ کیلومیٹر صرف 1093.61 گز کا ہوتا ہے۔اور کیلو میٹر انگریزی میل سے 1.6092 فیصد چھوٹا ہوتا ہے۔اس حساب سے 48 میل شرعی 54.545 میل انگریزی ہوگا۔اور 87.782 کیلومیٹر ہوگا۔جس پر قصر نماز کا حکم لگایا جا سکے گا۔کلکیولیٹر سے حساب کر لیں۔

﴿شرعی میل،انگریزی میل،اور کیلومیٹر کا فرق﴾

| کون | کتنا | ہوتا ہے۔ |
|---|---|---|
| | | |
| ایک گز ........................ | 0.914399 میٹر ............ | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک میٹر ...................... | 1.0936143 گز .......... | کا ہوتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| ایک انگریزی میل .............. | 3520 ہاتھ .................... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک انگریزی میل .............. | 1760 گز .................... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک انگریزی میل .............. | 1.6093422 کیلومیٹر .... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک انگریزی میل ................ | 1609.3422 میٹر .......... | کا ہوتا ہے۔ |
| | | |
| ایک کیلو میٹر ..................... | 1000 میٹر .................... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک کیلو میٹر ..................... | 1093.61 گز ................ | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک کیلو میٹر ..................... | 0.62137 انگریزی میل .... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک کیلو میٹر ..................... | 2187.22 ہاتھ ............. | کا ہوتا ہے۔ |
| | | |
| ایک شرعی میل .................... | 4000 ہاتھ .................... | کا ہوتا ہے۔ |
| کون | کتنا | ہوتا ہے۔ |
| ایک شرعی میل .................... | 2000 گز .................... | کا ہوتا ہے۔ |

| | | |
|---|---|---|
| ایک شرعی میل ............... | 1828.798 میٹر ........... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک شرعی میل ............... | 1.828798 کیلومیٹر ....... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک شرعی میل ............... | 1.13636 انگریزی میل .... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک شرعی میل ............... | انگریزی میل سے 1.13636 | بڑا ہوتا ہے۔ |
| | | |
| 48 شرعی میل ............... | 54.5452 انگریزی میل .... | کا ہوتا ہے۔ |
| 48 شرعی میل ............... | 87.782 کیلو میٹر ........... | کا ہوتا ہے۔ |

﴿برد اور فرسخ کا حساب﴾

| کون | کتنا | کیا چیز | ہوتا ہے۔ |
|---|---|---|---|
| | | | |
| ایک برد ............... | 12 ............... | میل شرعی ............... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک برد ............... | 13.63632 ........... | انگریزی میل ............... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک برد ............... | 21.9455 ........... | کیلو میٹر ............... | کا ہوتا ہے۔ |

(۵۸۷) والسير المذكور هو الوسط﴾

| | | | |
|---|---|---|---|
| ایک برد<br>.................. | 21945.576<br>........ | میٹر<br>..................... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک برد<br>.................. | 23999.92<br>.......... | گز<br>...................... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک برد<br>.................. | 4<br>...................... | فرسخ<br>.................... | کا ہوتا ہے۔ |
| 4 برد<br>.................. | 4 8<br>.................... | میل شرعی<br>................ | کا ہوتا ہے۔ |
| | | | |
| ایک فرسخ<br>.................. | 3<br>...................... | میل شرعی<br>............... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک فرسخ<br>.................. | 3.40908<br>............ | انگریزی میل<br>.............. | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک فرسخ<br>.................. | 5.48639<br>............ | کیلومیٹر<br>................ | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک فرسخ<br>.................. | 5486.39<br>............ | میٹر<br>..................... | کا ہوتا ہے۔ |
| ایک فرسخ<br>.................. | 6 0 0 0<br>............... | گز<br>...................... | کا ہوتا ہے۔ |
| 6 1 فرسخ<br>.................. | 4 8<br>................... | میل شرعی<br>............... | کا ہوتا ہے۔ |

**ترجمہ**: (۵۸۷) اور مذکورہ چال وسط چال ہو۔

ل وعن ابی حنیفةؒ التقدیر بالمراحل وهو قریب من الاوّل ولا معتبر بالفراسخ هو الصحیح

**تشریح** : چلنا تیز بھی ہوتا ہےاور آہستہ بھی ہوتا، سواری سے بھی ہوتا اور پیدل بھی ہوتا ہے۔لیکن شریعت کے اندر وسط چال کا اعتبار ہے۔البتہ ان دونوں باتوں کا اعتبار ہے کہ پیدل چلے، یا اونٹ پر چلے ۔

قافلہ چلنے کا طریقہ:۔ جب تک موٹر کار اور ہوائی جہاز کا زمانہ نہیں تھا تو لوگ قافلے کی شکل میں اونٹ پر سفر کرتے تھے، یا پیدل چلتے تھے۔ریتیلی زمین میں تیز دھوپ ہوتو قافلہ صبح روانہ ہوتا اور درمیانی چال سے دو پہر تک چلتے رہتے، دوپہر میں آرام کرتے اور جانور کو کھانا کھلاتے، پھر شام کو تھوڑی دیر سفر کرتے، پھر دوسرے دن صبح کو سفر شروع کرتے، اس طرح ایک دن میں ایک منزل طے کرتے جو تقریبا ۱۶ میل کا ہوتا تھا اور تین دن میں تین منزل تقریبا ۴۸ میل شرعی سفر طے کرتے تھے۔اسی درمیانی چال کا شریعت میں اعتبار ہے۔اس میں اعتبار تین منزل کا ہے چاہے جتنا میل ہو جائے، لیکن سہولت کے لئے ۴۸ میل کو متعین کیا ہے۔آج کل کے دور میں تیز رو گاڑیاں ہیں اسلئے پرانے منزل کا اعتبار مشکل ہے۔اسلئے ۴۸ میل پر فیصلہ کیا جاتا ہے۔

**وجه** :(۱)اس لئے کہ آدمی عمومی طور پر یا پیدل چلتا ہے، یا اونٹ پر سفر کرتا ہے۔اہل عرب کو یہی میسر تھا۔گھوڑے پر یا موٹر کار پر سفر کرنے کا اعتبار نہیں ہے۔(۲) فكفّٰرته اطعام عشرة مساكين من اوسط ما تطعمون أهليكم أو كسوتهم . (آیت ۸۹،سورۃ المائدۃ ۵)اس آیت سے معلوم ہوا کہ شریعت میں وسط کا اعتبار ہے۔

**ترجمه**: ل امام ابوحنیفہؒ کی ایک رائے یہ ہے کہ منزلوں کے ساتھ اندازہ لگایا جائے گا، اور یہ قول پہلے قول کے قریب ہے، اور فرسخ کا اعتبار نہیں ہے، صحیح بات یہی ہے۔

**تشریح** : اوپر حضرت امام ابوحنیفہؒ کی رائے تھی کہ تین دن میں جتنا چل سکے اس تین دن کا اعتبار ہے۔اور یہ دوسری رائے یہ ہے کہ تین منزل چلے تو مسافر قصر کرے۔صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ یہ قول پہلے قول کے قریب قریب ہے، کیونکہ تین دن میں تین منزل چلے گا، تو دونوں قول کا حاصل ایک ہی ہوا۔اس قول میں اس بات کا اعتبار نہیں ہے کہ کتنا فرسخ چلے، تین دن میں چاہے ۱۶ فرسخ طے کرے یا اس سے کم ہر حال میں قصر کر سکتا ہے۔

**وجه**: (۱)اس کی دلیل اوپر کی حدیث ہے۔(۲)عن ابن عمر أنه قصر الصلوة في خيبر و قال : هذه ثلاث قواصد يعني ليال۔(سنن بیہقی، باب سفر الذی تقصر فی مثلہ الصلوۃ، ج ثالث، ص ۱۹۵، نمبر ۵۳۹۱)اس اثر میں ہے کہ تین منزل یعنی تین راتیں ہوں تو قصر کرے (۳)فرسخ حساب ہے اور شریعت عام محض حساب کا مکلف نہیں بناتی بلکہ عام طور پر جو عوام آسانی سے سمجھ لے اسی کا مکلّف بناتی ہے، اسلئے قصر کا اصل مدار تین دن، یا تین منزل پر ہوگا، اور فرسخ کا اعتبار سہولت کے لئے ہوگا۔اور اسکی

(۵۸۸) ولا یعتبر السیر فی الماء ﴿۱﴾ معناه لایعتبربه السیر فی البرفا ما المعتبر فی البحر فما یلیق بحاله کما فی الجبل.

دلیل یہ اثر ہے. وکان ابن عمر وابن عباس یقصران ویفطران فی اربعة برد وهو ستة عشر فرسخا۔(بخاری شریف، باب فی کم یقصر الصلوۃ ص ۱۴۷ نمبر ۱۰۸۶) اس اثر میں ہے کہ حضرت ابن عمر، اور حضرت ابن عباس ۱۶ فرسخ پر قصر فرماتے تھے۔

**ترجمہ**: (۵۸۸) جو رفتار خشکی کا ہے دریا میں اس رفتار کا اعتبار نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اسکے معنی یہ ہیں کہ جس رفتار کا اعتبار خشکی میں ہے دریا میں اس رفتار کا اعتبار نہیں ہے۔ دریا میں اس رفتار کا اعتبار ہے جو اسکے حال کے مناسب ہے۔ جیسا کہ پہاڑ میں ہے۔

**تشریح**: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ خشکی میں مناسب چال سے چلے تو جتنی مسافت طے کر سکتا ہے اتنی مسافت کا اعتبار سمندر میں نہیں ہے۔ بلکہ آسانی سے تین دن میں سمندر میں بادبانی کشتی سے جتنی مسافت طے کر سکتا ہو اسکا اعتبار ہے۔ کیونکہ سمندر میں ہاتھ سے کشتی چلانے والے ملاح اونٹ پر سفر کرنے والے کی طرح کہیں رکتے نہیں تھے بلکہ باری باری کشتی چلاتے رہتے تھے ، اور دن رات چلنے میں مشغول رہتے تھے۔ اب ہوا نہ مخالف ہو اور نہ موافق ایسے حالات میں ہاتھ سے کشتی چلانے کا جو پرانا طریقہ تھا اس طریقے سے چلانے میں تین دن میں جتنا میل سفر کر سکے اس میل کا اعتبار ہے، اسی پر قصر کرے گا۔ خشکی کے میل پر قیاس نہیں کیا جائے گا۔ جس طرح پہاڑ میں سفر کرتے ہیں تو وہاں 48 میل کا اعتبار نہیں ہے، بلکہ پہاڑ کا راستہ ہموار راستے سے دشوار گزار ہوتا ہے، اسلئے پہاڑ میں تین دن میں جتنا میل چل سکے اتنے میل کا اعتبار ہوگا۔ اور سمندر میں بادبانی کشتی سے تین دن میں جتنا میل سفر طے کر سکے اسکا اعتبار ہے

حاصل :۔ حاصل یہ ہے کہ تین دن میں جتنا سفر طے کر سکے اسکا اعتبار ہے۔ اسلئے ہموار زمین میں 48 میل ہوگا۔ پہاڑی زمین میں تین دن میں جتنا سفر طے کر سکے اسکا اعتبار ہوگا۔ اور سمندر میں بادبانی کشتی سے تین دن میں جتنا سفر طے کر سکے اسکا اعتبار ہے۔

**اصول** :اصل اعتبار تین دن کے سفر کا ہے، جس پر قصر ہے۔ میل کے اعتبار سے ہموار زمین کا حساب الگ ہے، پہاڑ کا الگ، اور سمندر کا الگ

**نوٹ** : آج کل پٹرول سے کشتی چلتی ہے لوگ ہاتھ سے کشتی کم کھیتے ہیں۔ اسلئے پٹرول والی کشتی کا اعتبار نہیں ہے۔
بادبانی کشتی اسکو کہتے ہیں کہ وہ ہوا کے ذریعے چلے، یا ملاح ہاتھ کے ذریعہ چلائے آج کل کی طرح پٹرول یا تیل سے نہ چلائے۔

## ﴿بحری میل کے بارے میں حضرت مفتی رشیدؒ صاحب کا قول﴾

بحری میل کے بارے میں مجھے کوئی اور قول نہیں مل سکا۔ البتہ احسن الفتاوی کے مصنف حضرت مفتی رشید صاحب لدھیانویؒ کا قول ملا جسکا حاصل یہ ہے کہ بادبانی کشتی مسلسل چلتی رہتی ہے۔ وہ رکتی نہیں ہے، وہ مناسب انداز میں چلے تو ایک گھنٹے میں ساڑھے پانچ [5.5] میل بحری طے کرتی ہے۔ اسکا مطلب یہ ہوا کہ تین دن یعنی 72 گھنٹے میں 396 بحری میل طے کرتی ہے۔ اور یہ بھی لکھا ہے کہ خشکی کا انگریزی میل 1760 گز کا ہوتا ہے اور سمندری میل 2026.67 گز کا ہوتا ہے جسکا مطلب یہ ہوا کہ سمندری میل خشکی کے میل سے 1.151517 بڑا ہوتا ہے اب 396 بحری میل کو 1.151517 سے ضرب دیں تو 456.00074 انگریزی میل ہوئے۔ یعنی کشتی سمندر میں 456.00 انگریزی میل سفر کرے تو قصر کا حکم ہوگا۔ اور کیلومیٹر کے حساب سے بحری میل کیلومیٹر سے 1.853192 کیلومیٹر بڑا ہے اسلئے 733.864 کیلومیٹر ہو تو سمندر میں قصر کا حکم ہوگا۔

احسن الفتاوی کی عبارت یہ ہے۔۔ بحری سفر میں تین روز کی مسافت کی تعیین کشتی کی رفتار و اوقات کار پر موقوف ہے۔ اسکی تحقیق کے لئے ماہرین فن کو دار الافتاء میں بلایا گیا جن کی تفصیل یہ ہے۔

بحری جہاز کے کپتان۔ 2

پاک بحریہ کے افسر۔ 2

بادبانی کشتیوں کے سمندر میں طویل تر اسفار کے پرانے تجربہ کار ملاح ۔9 مجموعہ 13 ماہرین فن۔

ان سب نے بالاتفاق بلا شک وشبہ یقینی وقطعی طور پر یہ جوابات دئے۔

(۱) بادبانی کشتی کسی عارض کے بغیر سمندر میں کہیں نہیں رکتی، شب وروز مسلسل چلتی رہتی ہے۔

(۲) معتدل ہوا میں بادبانی کشتی کی اوسط رفتار فی گھنٹہ 5.5 [ساڑھے پانچ] میل بحری ہے۔

لھذا۔ مسافت قصر: 3 دن = 72 گھنٹے × 5.5 = 396 میل بحری ۔ بحری میل = 2026.67 گز ہے۔

احسن الفتاوی، باب بحری سفر، باب صلوۃ المسافر، ج ۴، ص ۹۶)۔

## ﴿بحری میل کا حساب ایک نظر میں﴾

| کون | کتنا | کیا چیز ہوتی ہے |
|---|---|---|
| | | |
| ایک بحری میل | 2026.67 | گز کا ہوتا ہے |
| ایک انگریزی میل | 1760 | گز کا ہوتا ہے |
| ایک کیلو میٹر | 1093.61 | گز کا ہوتا ہے |
| ایک بحری میل | انگریزی میل سے | 1.151517 بڑا ہوتا ہے |
| کشتی ایک گھنٹہ میں | 5.5 | بحری میل طے کرتا ہے |
| 72 گھنٹے میں | 5.5 x 72 | =396 بحری میل ہوئے |
| | | |
| 396 بحری میل | 1.151517 ×396 | 456.00076 اگریزی میل ہوئے۔ |
| 396 بحری میل | 1.853192×396 | 733.864 کیلومیٹر ہوئے |

(۵۸۹) قال وفرض المسافر فی الرباعية ركعتان لايزيد عليهما﴾

**ترجمہ:** (۵۸۹) مسافر کا فرض ہمارے نزدیک ہر چار رکعت والی نماز دو رکعت ہو جاتی ہے۔ اور ان دونوں پر زیادتی نہ کرے۔

**تشریح** : اقامت کی حالت میں جو نماز چار رکعتیں فرض ہے سفر شرعی میں وہ نماز دو رکعت ہو جاتی ہے ۔ حنفیہ کے یہاں اسکو چار رکعت پڑھنا جائز نہیں۔ اور اگر پڑھ لیا اور دو رکعت کے بعد بیٹھا تو سجدہ سہو سے نماز ہو جائے گی۔ اور سجدہ سہو نہیں کیا تو نماز ہو تو جائے گی لیکن ناقص رہے گی، کیونکہ اس صورت میں پہلی دو رکعت فرض ہوئی اور بعد کی دو رکعت نفل ہوئی۔ اور اگر دو رکعت کے بعد نہیں بیٹھا تو فرض نماز نہیں ہوگی بلکہ سب رکعتیں نفل ہو جائیں گی۔

**وجہ:** (۱) کئی احادیث سے ثابت ہے کہ آپ نے اور صحابہ نے سفر میں چار رکعت والی نماز دو رکعت ہی پڑھی ہے۔ اس لئے سفر کی نماز دو رکعت ہی ہے اس سے زیادہ پڑھنا جائز نہیں ہے (۲) حدیث میں ہے عن ابن عباس قال ان الله فرض الصلوة على لسان نبيكم على المسافر ركعتين و على المقيم اربعا. (مسلم شریف، کتاب صلوۃ المسافرین وقصرہا ص ۲۴۱ نمبر ۶۸۷ ر ابو داؤد شریف، باب صلوۃ المسافر ص ۱۷۶ نمبر ۱۱۹۸ ر بخاری شریف نمبر ۱۱۰۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سفر میں فرض نماز دو رکعت ہی ہے۔ اس لئے اس سے زیادہ پڑھنا جائز نہیں ہے (۳) سمعت انسا يقول خرجنا مع النبی ﷺ من المدينة الى مكة فكان يصلى ركعتين ركعتين حتى رجعنا الى المدينة قلت اقمتم بمكة شيئا قال اقمنا بها عشرا . (بخاری شریف، باب ما جاء فی التقصیر وکم یقیم حتی یقصر ص ۱۴۷ نمبر ۱۰۸۱) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ حضور سفر میں دو رکعت ہی نماز پڑھا کرتے تھے۔ (۴) اور نوٹ میں ایک حدیث گزری سمع ابن عمر يقول صحبت رسول الله فكان لايزيد فى السفر على ركعتين و ابا بكر و عمر و عثمان كذلك۔ (بخاری شریف، باب من یتطوع فی السفر دبر الصلوات ص ۱۴۹ نمبر ۱۱۰۲) (۵) مسلم شریف میں ہے يا ابن اخى انى صحبت رسول الله ﷺ فى السفر فلم يزد على ركعتين حتى قبضه الله وصحبت ابا بكر فلم يزد على ركعتين حتى قبضه الله وصحبت عمر فلم يزد على ركعتين حتى قبضه الله ثم صحبت عثمان فلم يزد على ركعتين حتى قبضه الله وقد قال الله تعالى ﴿لقد كان لكم فى رسول الله اسوة حسنة﴾ آیت ۲۱، سورۃ احزاب ۳۳۔ (مسلم شریف، کتاب صلوۃ المسافرین وقصرہا ص ۲۴۲ نمبر ۱۵۷۹/۶۸۹) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ حضور دو رکعت سے زیادہ نہیں پڑھا کرتے تھے۔ اس لئے سفر میں دو رکعت ہی نماز ہوگی۔ اس سے زیادہ کرنا جائز نہیں ہے۔

ل وقال الشافعیؒ فرضه الاربع والقصر رخصة اعتبارا بالصوم

**ترجمه**: ل حضرت امام شافعیؒ نے فرمایا کہ مسافر کا فرض تو چار رکعت ہے البتہ قصر کرنا رخصت ہے۔ وہ قیاس کرتے ہیں روزے پر۔

**تشریح**: حضرت امام شافعیؒ، امام مالکؒ، اور امام احمدؒ کے نزدیک بھی سفر میں قصر کرنا رخصت ہے اور چار رکعت پڑھنا افضل ہے، یعنی اگر دو رکعت پڑھ لی تب بھی ٹھیک ہے کوئی کراہیت نہیں کیونکہ حدیث سے ثابت ہے۔ لیکن اگر چار رکعت پڑھے تو افضل ہے۔ موسوعة میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ: القصر فی الخوف و السفر بالکتاب، ثم بالسنة، و القصر فی السفر بلا خوف سنة، و الکتاب یدل علی ان القصر فی السفر بلا خوف رخصة من الله عز و جل، لا أن حتما علیهم أن یقصروا کما کان ذالک فی الخوف۔ (موسوعة امام شافعیؒ، باب صلوة المسافر، ج ثانی، ص ۸، نمبر ۱۸۴۵) اس عبارت میں ہے کہ قصر کرنا واجب نہیں ہے رخصت ہے۔

**وجه**: (۱) انکی دلیل یہ آیت ہے۔ و اذا ضربتم فی الارض فلیس علیکم جناح أن تقصروا من الصلوة ان خفتم أن یفتنکم الذین کفروا (سورة النساء ۴، آیت ۱۰۱) اس آیت میں ہے کہ جب سفر کرو تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے کہ نماز میں قصر کرو۔ اس حرج کے جملے سے پتہ چلتا ہے کہ قصر کرے تب بھی کوئی حرج نہیں ہے، اور اتمام کرے تب بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ اسلئے اتمام افضل ہوگا۔ البتہ چونکہ قصر حدیث سے ثابت ہے اسلئے اسکو مکروہ نہیں سمجھنا چاہئے۔ (۲) حدیث میں ہے۔ عن عبد الله قال صلیت مع النبی ﷺ بمنی رکعتین و ابی بکر و عمر و مع عثمان صدرا من امارته ثم اتمها (بخاری شریف، باب ماجاء فی التقصیر ص ۱۴۷ نمبر ۱۰۸۲) اس حدیث میں حضرت عثمانؓ نے سفر میں اتمام فرمایا ہے۔ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اتمام کرنا بھی جائز ہے۔ (۳) عن عائشةؓ أن النبی ﷺ کان یقصر فی السفر و یتم، و یفطر و یصوم. (دار قطنی، کتاب الصوم، باب القبلة للصائم، ج ثانی، ص ۱۶۸، نمبر ۲۲۷۵ رسنن بیہقی باب من ترک القصر فی السفر غیر رغبة عن السنة، ج ثالث، ص ۲۰۳، نمبر ۵۴۲۴) اس حدیث میں ہے کہ حضور قصر بھی فرماتے تھے اور اتمام بھی، اسلئے اتمام کرنا بھی جائز ہے۔ (۴) عن عائشة قالت: خرجت مع رسول الله ﷺ فی عمرة رمضان فأفطر رسول الله ﷺ و صمتُ و قصر و أتممتُ، فقلت یا رسول الله ﷺ بأبی انت و أمی أفطرتَ و صمتُ، و قصرتَ و أتممتُ، قال: ((أحسنتِ یا عائشة)) (دار قطنی، کتاب الصوم، باب القبلة للصائم، ج ثانی، ص ۱۶۷، نمبر ۲۲۷۰ رسنن بیہقی باب من ترک القصر فی السفر غیر رغبة عن السنة، ج ثالث، ص ۲۰۳، نمبر ۵۴۲۷) اس حدیث میں تو حضرت عائشہؓ کے اتمام کرنے پر آپؐ نے انکو سراہا، جس سے معلوم ہوا کہ اتمام کرنا بھی جائز ہے۔ (۵) ایک دلیل یہ بھی ہے کہ سفر میں روزے نہ رکھنا رخصت ہے اسی طرح قصر کرنا بھی رخصت ہوگا۔

۲ ولنا ان الشفع الثانی لایقضی ولا یأثم علی ترکہ وهذا اية النافلة بخلاف الصوم لانہ یقضی

(۵۹۰) وان صلى اربعًا وقعد فی الثانیة قدر التشهد اجزأته الاولیان عن الفرض والاخریان له نافلة﴾

عن یعلی ابن أمیة قال قلتُ لعمر بن الخطاب ﴿ فلیس علیکم جناح أن تقصروا من الصلوة ان خفتم أن یفتنکم الذین کفروا (سورۃ النساء ۴، آیت ۱۰۱) فقد أمن الناس ! فقال عجبت ُمما عجبت َمنه ، فسألت ُرسول اللہ ﷺ عن ذالک ، فقال (( صدقة تصدق الله بها علیکم ، فاقبلوا صدقته )) ۔(مسلم شریف، کتاب صلوۃ المسافرین وقصرھا ص۲۴۲ نمبر ۶۸۶ ۱۵۷۳/) اس حدیث میں ہے کہ قصر صدقہ ہے اسکو قبول کرلو۔ اسکی تاویل یہ کرتے ہیں کہ صدقہ کا قبول کرنا واجب نہیں ہے بلکہ سنت ہے اسلئے قصر کرنا بھی سنت رہے گا، اور فرماتے ہیں کہ یہ حدیث انکے لئے ہے جو قصر کو کراہیت کی نظر سے دیکھتا ہو۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ دوسرے شفع کی قضا نہیں کی جاتی ، اور نہ اسکے چھوڑنے پر گنہگار ہوتا ہے، اسلئے یہ نفل ہونے کی علامت ہے، بخلاف روزے کے، اسلئے کہ اسکی قضاء کی جاتی ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ اور امام شافعیؒ کو جواب ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ جس طرح روزے میں رخصت ہے کہ مسافر چاہے تو سفر میں روزہ رکھے اور چاہے تو بعد میں قضاء کرے۔ اسی طرح چار رکعت نماز میں بھی رخصت ہونی چاہئے کہ چاہے تو دو رکعت پڑھے اور چاہے تو چار رکعت پڑھے۔ اسکا جواب دیا جا رہا ہے کہ نماز اور روزے میں فرق ہے، نماز کی دوسری دو رکعت کو مسافر چھوڑ دے تو اس پر گناہ نہیں ہے، اور نہ اسکی قضاء ہے، جبکہ روزہ چھوڑ دے تو اسکی قضاء ہے تو معلوم ہوا کہ روزے کا معاملہ اور ہے اور نماز کا معاملہ اور ہے اسلئے نماز کو روزے پر قیاس نہیں کیا جاسکتا۔ اصل تو امام شافعیؒ کی دلیل وہ احادیث ہیں جو اوپر گزریں۔

**ترجمہ**: (۵۹۰) پس اگر مسافر نے چار رکعت پڑھ لی اور دوسری رکعت میں تشہد کی مقدار بیٹھا تو اس کو دو رکعت فرض سے کافی ہوگی اور دوسری دو اس کے لئے نفل ہوگی۔

**تشریح**: مسافر کو دو ہی رکعت پڑھنی چاہئے تھی لیکن اس نے چار رکعت پڑھ لی تو گویا کہ دو رکعت فرض کے ساتھ دو رکعت نفل کو بھی ملالیا، پس اگر دو رکعت کے بعد تشہد میں بیٹھا ہے تو گویا کہ تمام فرائض پورے ہوگئے اور فرائض پورے ہونے کے بعد اس نے نوافل کو ملایا۔ اس لئے پہلی دو رکعتیں فرض ہوں گی اور دوسری دو رکعتیں نفل ہوں گی۔ اور کراہیت کے ساتھ نماز ہو جائے گی۔ کیوں کہ فرض کا سلام باقی تھا اور نفل ملالیا جسکی وجہ سے سلام کی تاخیر ہوئی

**اصول**: فرائض پورے ہونے کے بعد نوافل کو فرض کے ساتھ ملایا تو فرض کراہیت کے ساتھ ادا جائے گا۔

ل اعتبارا بالفجر ويصير مسيئالتا خير السلام (۵۹۱) وان لم يقعد فى الثانية قدرها بطلت﴾

ل لاختلاط النافلة بها قبل اكمال اركانها

**ترجمہ**: ل فجر کی نماز پر قیاس کرتے ہوئے۔ البتہ سلام کے مؤخر کرنے کی وجہ سے گنہگار ہوگا۔

**تشریح** : فجر کی نماز دو رکعت ہے، لیکن اگر کوئی اسکو چار رکعت پڑھ لے اور دو رکعت کے بعد بیٹھ جائے تو پہلی دو رکعتیں فرض ہوں گی، اور دوسری دو رکعتیں نفل ہو جائیں گی اسی طرح یہاں پہلی دو رکعتیں فرض ہونگیں اور دوسری دو رکعتیں نفل ہوں گی، اور جس طرح یہاں سلام کو مؤخر کرنے کی وجہ سے اچھا نہیں کیا اسی طرح وہاں سلام کے مؤخر کرنے کی وجہ سے برا کیا۔

**ترجمہ**: (۵۹۱) اور اگر دوسری رکعت میں نہیں بیٹھا تشہد کی مقدار تو اس کی نماز باطل ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ل فرض کے ارکان کو مکمل کرنے سے پہلے نفل کو ملانے کی وجہ سے

**تشریح**: دو رکعت کے بعد قعدۂ اخیرہ جو مسافر پر فرض تھا کرنا چاہئے تھا اور اس نے نہیں کیا اور دوسری رکعتوں کو ملا دیا جو نفل ہیں تو پہلی دو رکعت فرض فاسد ہو کر نفل ہو جائے گی۔ کیونکہ اس نے فرض کو مکمل کرنے سے درمیان میں نفل گھسا دیا۔

**وجہ**: (۱) کیونکہ قعدۂ اخیرہ فرض تھا اس کو چھوڑ دیا اور نفل کو اس کے ساتھ ملا دیا (۲) اثر میں اس کا ثبوت موجود ہے ان ابن مسعود قال من صلى فى السفر اربعا اعاد الصلوة۔ (مصنف بن عبد الرزاق، باب من اتم فی السفر ج ثانی ص ۵۴۰ نمبر ۴۴۷۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ مسافر نے چار رکعت نماز پڑھ لی تو نماز لوٹائے گا (اگر تشہد میں نہ بیٹھا ہو)

## ﴿یورپ میں ائمہ حنفی کے مشکلات﴾

یورپ میں اکثر اماموں کے پاس کار ہوتی ہے، وہ وطن اصلی سے ۹۰ میل دور امامت کرتے ہیں وہاں اقامت کی نیت بھی کرتے ہیں لیکن ہر ہفتے میں کار دوڑا کر ۵۵ میل سے زیادہ سفر کر آتے ہیں، اور قاعدہ یہ ہے کہ ۱۵ دن کی اقامت کی نیت کرنے والا سفر کی مسافت ۵۵ میل سے زیادہ سفر کر لیا تو اقامت ختم ہو جاتی ہے، یہ ائمہ ۱۵ دن کی اقامت کی نیت کر بھی نہیں سکتے ہیں کیونکہ کار کی وجہ سے ہر ہفتے میں کہیں نہ کہیں جانا ہے۔ اب یہ مسافر امام عشاء، ظہر، اور عصر کی نماز دو رکعت پڑھائے تو مشکل ہے، اور نہ پڑھائے تو امامت جاتی ہے، اور چار رکعت پڑھائے تو اسکی نماز فاسد ہوتی ہے، اور انکے ساتھ مقتدیوں کی بھی نماز فاسد ہوتی ہے اور بار بار سجدہ سہو کرنا بھی انتشار کا باعث ہے۔ اسلئے انکو اس مسئلے کی وجہ سے مشکلات کا سامنا ہے۔ اسلئے اگر امام شافعیؒ کا مسلک لیکر چار رکعت پڑھنا بھی جائز قرار دیا جائے تو ان اماموں کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔۔ تلاش کے بعد معلوم ہوا کہ امام محمد کی کتاب جو حنفیوں کے لئے بنیادی کتاب ہے اس میں یہ نہیں ہے کہ چار رکعت پڑھنے پر نماز فاسد ہوگی، بلکہ اس میں اتنا لکھا ہوا ہے کہ دو رکعت پڑھنا بہتر ہے۔ کتاب الآثار لامام محمدؒ کی عبارت یہ ہے ۔ عن عبد الله بن عمرؓ قال : اذا كنت مسافرا فوطنت نفسك على اقامة خمسة عشرة

(۵۹۲) واذا فارق المسافر بیوت المصر صلی رکعتین﴾

یو ما فأتم الصلوة ، و ان کنت لا تدری فاقصر ، قال محمد و به نأخذ و هو قول ابی حنیفةؒ (نمبر۱۸۸) بہ نأخذ۔ کا مطلب ہے کہ یہ ہمارا مسلک ہے۔ آگے نمبر ۱۹۱ میں عبارت یہ ہے۔ اذا کان علی مسیرة أقل من ثلاثة أيام و لیالها أتم الصلوة ، فاذا کان علی مسیرة ثلاثة ایام و لیالها فصاعدا ، و لم یکن له بها اهل ، و لم یوطن نفسه علی أقامة خمس عشرة فلیقصر الصلوة ۔ (کتاب الاثار لامام محمدؒ، باب الصلوۃ فی السفر، ص ۳۸، نمبر ۱۸۸، نمبر ۱۹۱) ان دو نمبروں میں اتنا تو ہے قصر کرنے کو ہم لیتے ہیں لیکن یہ نہیں ہے کہ چار رکعت پڑھے تو نماز فاسد ہو جائے گی۔

جامع صغیر میں عبارت یہ ہے۔ محمد عن یعقوب عن أبی حنیفةؒ رجل خرج من الکوفة الی المدائن قال : قصر و افطر فی مسیرة ثلاثه ایام و لیالیها سیر الابل و مشی الاقدام ، قوم حصروا فی الارض الحرب مدینة أو حاصروا اهل البغی فی دار الاسلام فی غیر مصر ، أو حاصروا فی البحر فنووا اقامة خمسة عشر یو ما فانهم یقصرون و یفطرون . و الله اعلم ۔ (جامع صغیر، باب فی صلوۃ السفر، ص ۱۰۸) اس عبارت میں یہ ہے کہ قصر کرے لیکن یہ نہیں ہے کہ چار رکعت پڑھی تو نماز فاسد ہو جائے گی۔ نماز فاسد ہو جائے گی یہ بعد کے کتابوں میں ہے۔ اسلئے چار رکعت پڑھنے پر نماز کے فساد کا حکم نہ لگایا جائے تو مسجد کے بہت سے اماموں پر رحم و کرم ہوگا۔ خصوصا جبکہ حضرت عائشہ کے اتمام کرنے سے حضورؐ نے احسنتِ فرمایا ہو ۔ کہ آپ نے چار پڑھ کر اچھا کیا۔

**نوٹ** : یہ مسئلہ فتویٰ کا ہے اور ناچیز مفتی نہیں ہے اسلئے اس بارے میں صحیح فتوی تو مفتیان کرام ہی دے سکتے ہیں، میں نے تو یورپ کے اماموں کی پریشانی آپ کے سامنے رکھ دی۔ واللہ اعلم بالصواب۔

**ترجمه**: (۵۹۲) مسافر شہر کے گھروں سے جدا ہو جائے تو دو رکعت نماز پڑھے۔

**تشریح** سفر کی نیت سے گھر سے نکل چکا ہے لیکن جب تک شہر اور فنائے شہر میں ہے تو گویا کہ گھر میں ہے اس لئے ابھی قصر نہ کرے بلکہ جب شہر کے گھروں سے نکل کر جدا ہو جائے اور نماز پڑھنے کی ضرورت پڑے تو قصر کرے۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے ۔ عن انس بن مالک قال صلیت الظهر مع رسول الله ﷺ بالمدینة اربعا و العصر بذی الحلیفة رکعتین ۔ (بخاری شریف، باب یقصر اذا خرج من موضعه ص ۱۴۸ نمبر ۱۰۸۹) اس حدیث میں ہے کہ جب تک مدینہ میں رہے اس وقت تک چار رکعت نماز پڑھی اور مدینہ سے باہر مقام ذو الحلیفة چلے گئے تو چونکہ شہر سے نکل گئے تو دو رکعت نماز پڑھی (۲) اثر میں ہے جو صاحب ہدایہ نے ذکر کیا ہے۔ أن علیا خرج من البصرة فصلی الظهر أربعا فقال : اما انا اذا جاوزنا هذا الخص صلینا رکعتین ۔ (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۳۶۷ من کان یقصر الصلوۃ، ج ثانی، ص ۲۰۶، نمبر ۸۱۶۹، مصنف عبد الرزاق، باب المسافر متی یقصر اذا خرج مسافرا ج ثانی ص ۳۴۹ نمبر ۴۳۳۱) خص معنی ہے جھونپڑا۔ کوفہ

**۱۔ لان الاقامة تتعلق بدخولها فيتعلق السفر بالخروج عنها ۲۔ وفيه الاثر عن عليؓ لوجاوزنا هٰذا الخُصَّ لقصرنا(۵۹۳) ولا يزال علىٰ حكم السفر حتى ينوى الاقامة فى بلدة اوقرية خمسة عشريومًا اواكثروان نوى اقل من ذٰلک قصر ﴾**

کے باہر بانس کے جھونپڑے تھے اس لئے حضرت علیؓ نے فرمایا کہ ان جھونپڑوں سے آگے بڑھتے تو دو رکعت نماز پڑھتے لیکن ان جھونپڑوں کے پاس ہیں اس لئے چار رکعت نماز پڑھیں گے۔ کیونکہ فنائے شہر میں ابھی موجود ہیں۔

**ترجمہ** : ۱۔ اسلئے کہ اقامت وطن میں داخل ہونے سے تعلق رکھتا ہے، تو سفر اس سے نکلنے سے تعلق رکھے گا۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ وطن میں داخل ہو تو آدمی مقیم ہو جاتا ہے۔ اسی پر قیاس کرتے ہوئے آدمی وطن سے باہر نکلے تو مسافر بنے گا۔ اور فنائے شہر تک وطن سمجھا جاتا ہے اسلئے فنائے شہر سے باہر نکلے گا تب وطن سے باہر نکلنا شمار کیا جائے گا۔

**ترجمہ** : ۲۔ اسکے بارے میں حضرت علیؓ کا قول ہے کہ اگر اس جھونپڑے سے آگے بڑھتا تو قصر کرتا۔

**تشریح** : حضرت علیؓ کا یہ اثر اوپر گزر گیا ہے۔

**ترجمہ** (۵۹۳) ہمیشہ مسافرت کے حکم پر رہے گا۔ یہاں تک کہ کسی شہر میں یا گاؤں میں پندرہ دن کی اقامت کی نیت کرے یا زیادہ کی۔ پس اس کو اتمام لازم ہوگا۔ اور اگر اس سے کم اقامت کی نیت کی تو قصر کرے گا۔

**تشریح** : کسی ایک شہر یا گاؤں میں پندرہ دن تک ٹھہرنے کی نیت کرے گا تو وہ وطن اقامت ہو جائے گا اس لئے اب وہ دو رکعت نماز کے بجائے چار رکعت نماز پڑھے گا اور اتمام کرے گا۔ اور اگر کسی شہر میں پندرہ دن سے کم ٹھہرنے کی نیت کی تو وہ قصر ہی کرے گا اتمام نہیں کرے گا۔ کیونکہ حنفیہ کے نزدیک پندرہ دن سے کم وطن اقامت نہیں ہے۔

**وجہ** : (۱) حدیث میں ہے۔ عن ابن عباس قال اقام النبی ﷺ تسعة عشر يقصر فنحن اذا سافرنا تسعة عشر قصرنا وان زدنا اتممنا. (بخاری شریف، باب ما جاء فی التقصیر کم یقیم حتی یقصر ص ۱۴۷ نمبر ۱۰۸۰ ر ابو داؤد شریف، باب متی یتم المسافر ص ۱۸۰ نمبر ۱۲۲۹) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ مکہ مکرمہ میں انیس روز رہے ہیں۔ ابو داؤد کی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ اٹھارہ روز رہے ہیں۔ اور ایک روایت سے معلوم ہوتا ہے کہ سترہ روز رہے ہیں اور پھر بھی قصر کرتے رہے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ سترہ دن یا انیس دن سے کم اقامت کرے تو قصر کرے گا۔ (۲) اور بخاری شریف، مسلم شریف اور ابو داؤد شریف کی دوسری حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ مکہ میں دس دن ٹھہرے تھے۔ سمعت انسا يقول خرجنا مع النبی ﷺ من المدينة الى مكة فكان يصلى ركعتين ركعتين حتى رجعنا الى المدينة قلت اقمتم بمكة شيئا؟ قال اقمنا عشرا. (بخاری شریف، باب ما جاء فی التقصیر و کم یقیم حتی یقصر ص ۱۴۷ نمبر ۱۰۸۱ ر مسلم شریف، فصل الی متی یقصر اذا اقام بلدہ ص ۲۴۳ نمبر

۶۹۳ /۱۵۸۶/ ابوداؤد شریف، باب متی یتم المسافر ص ۱۸۰ نمبر ۱۲۳۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دس دن سے زائد کی اقامت کی نیت کرے گا تو اتمام کرے گا۔

لیکن حنفیہ نے دونوں کے درمیان کو لیا ہے جو اوسط ہے۔ یعنی پندرہ دن کی اقامت کی نیت کرے گا تو اتمام کرے گا۔ اور ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ (۱) عن ابن عباس قال اقام رسول الله ﷺ بمكة عام الفتح خمس عشرة يقصر الصلوة ۔ (ابو داؤد شریف، باب متی یتم المسافر ص ۱۸۰ نمبر ۱۲۳۱/ ترمذی شریف، باب ماجاء فی کم تقصر الصلوۃ ص ۱۲۲ نمبر ۵۴۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پندرہ دن تک ٹھہرنے کی نیت کرے تو اتمام کرے گا (۲) اس کی تائید میں یہ اثر بھی ہے ۔ قال كان ابن عمر اذا اجمع على اقامة خمس عشرة سرح ظهره و صلى اربعا. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۴۱ باب من قال اذا اجمع علی اقامۃ خمسۃ عشرۃ اتم ج ثانی ص ۲۱۱، نمبر ۸۲۱۷/ مصنف بن عبد الرزاق، باب الرجل یخرج فی وقت الصلوۃ ج ثانی ص ۳۵۲ نمبر ۴۳۵۵/ ترمذی شریف، باب ماجاء فی کم تقصر الصلوۃ ص ۱۲۲ نمبر ۵۴۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ وطن اقامت بننے میں پندرہ دن کا اعتبار ہے۔ (۳) عن سعيد بن المسيب قال : اذا أجمع رجل على اقامة خمس عشرة أتم الصلوة ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۴۱ باب من قال اذا اجمع علی اقامۃ خمسۃ عشرۃ اتم، ج ثانی ص ۲۱۰، نمبر ۸۲۱۲/ مصنف بن عبد الرزاق، باب الرجل یخرج فی وقت الصلوۃ ج ثانی ص ۳۵۲ نمبر ۴۳۶۰) اس اثر میں بھی ہے کہ پندرہ دن کے اقامت کی نیت کرے تو مقیم ہو جائے گا، اور قصر کرنا پڑے گا۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے نزدیک اگر چار دن ٹھہرنے کا ارادہ کرے تو اتمام کرے گا۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کا مسلک یہ ہے کہ اگر کہیں چار دن کے اقامت کی نیت کی ہو تب بھی مقیم ہو جائے گا اور اتمام کرے گا۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ اذا أزمع المسافر أن يقيم بموضع أربعة ايام و لياليهن ليس فيهن يوم كان فيه مسافراً فدخل بعضه ، و لا يوم خرج في بعضه أتم الصلوة ۔ (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب المقام الذی یتم بمثلہ الصلوۃ، ج ثالث، ص ۲۶، نمبر ۱۹۱۷) اس عبارت میں ہے کہ مکمل چار دن ٹھہرنے کی نیت ہو تو اتمام کرے۔

**وجہ**: (۱) سمعت انسا يقول خرجنا مع النبي ﷺ من المدينة الى مكة فكان يصلي ركعتين ركعتين حتى رجعنا الى المدينة قلت اقمتم بمكة شيئا؟ قال اقمنا عشرا . (بخاری شریف، باب ماجاء فی التقصیر وکم یقیم حتی یقصر ص ۱۴۷ نمبر ۱۰۸۱/ مسلم شریف، فصل الی متی یقصر اذا اقام ببلدہ ص ۲۴۳ نمبر ۶۹۳/ ۱۵۸۶/ ابوداؤد شریف، باب متی یتم المسافر ص ۱۸۰ نمبر ۱۲۳۳) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ حج کے موقع پر مکہ مکرمہ میں دس دن ٹھہرے تھے لیکن ایک ساتھ صرف مکہ میں تین دن ٹھہرے ہیں۔ کیونکہ حضورؐ حجۃ الوداع میں ۱۰ ھجری ۴ ذی الحجہ بروز اتوار مطابق یکم مارچ ۶۳۲ء کو مکہ مکرمہ تشریف لائے اور ۱۴ ذی الحجہ کی شام کو یعنی ۱۵ ذی الحجہ کی رات مطابق ۱۱ مارچ ۶۳۲ء کو مدینہ کے لئے روانہ ہو گئے اور رات مکہ سے باہر مقام محصب میں

ل لانه لابدمن اعتبار مدة لان السفر يجامعه اللبث فقدرناها بمدة الطهر لانهما مدتان موجبتان

گزاری۔آپؐ کے قیام کا نقشہ اس طرح ہے۔

﴿حجۃ الوداع میں حضورؐ کا مکہ میں قیام﴾

| | | |
|---|---|---|
| ۴ ذی الحجہ بروز اتوار مکہ میں تشریف لائے۔<br>۵ بروز پیر مکہ میں رہے۔<br>۶ بروز منگل مکہ میں رہے۔<br>۷ بروز بدھ مکہ میں رہے۔<br>۸ بروز جمعرات منی میں رہے۔ | ۹ بروز جمعہ عرفات میں رہے۔<br>۱۰ بروز سنیچر منی میں جمرات کی اور طواف زیارت کی۔<br>۱۱ بروز اتوار منی میں رہے۔<br>۱۲ بروز پیر منی میں رہے۔ | ۱۳ بروز منگل شام کو مکہ مکرمہ میں رہے<br>۱۴ بروز بدھ صبح میں مکہ میں طواف وداع کیا<br>۱۴ بروز بدھ شام کو مدینہ کے لئے روانہ ہو گئے اور رات محصب میں گزاری۔ |

اس نقشے کے اعتبار سے آپؐ سب ملا کر دس دن تک مکہ مکرمہ میں رہے۔اور طواف صدر یعنی جو طواف شروع میں کرتے ہیں اسکے بعد یعنی ۵/۶/۷ ذی الحجہ کو صحابہ مکہ مکرمہ میں مقیم رہے۔اسکے بعد ۸ ذی الحجہ کو منی تشریف لے گئے۔سنن بیہقی کی عبارت یہ ہے۔ ان الاخبار الثابتة تدل على أن رسول الله ﷺ قدم مكة فى حجته لأربع خلون من ذى الحجة فاقام بها ثلاثا يقصر ۔(سنن بیہقی باب من اجمع اقامۃ أربع أتم، ج ثالث،ص ۲۱۲،نمبر ۵۴۷۵) اس عبارت میں ہے کہ آپ مکہ مکرمہ میں شروع میں تین دن ٹھہرے۔

طواف صدر یعنی شروع میں طواف کے بعد صحابہ مکہ مکرمہ میں تین دن ٹھہرے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ قال سمعت العلاء بن الحضرمی قال : قال رسول الله ﷺ : ثلاث للمهاجرين بعد الصدر ۔(بخاری شریف،باب اقامۃ المہاجر بمکۃ بعد قضاء نسکہ،ص ۶۶۴،نمبر ۳۹۳۳رمسلم شریف،باب جواز الاقامۃ بمکۃ،ص ۵۷۰،نمبر ۱۳۵۲/۳۲۹۷)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ طواف صدر کے بعد صحابہ تین دن مکہ مکرمہ میں ٹھہرے تھے،جس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ اگر ایک ساتھ مکہ میں چار دن ٹھہرے تو اتمام کرے(۲)ان کی دلیل یہ اثر ہے ۔عن ابن المسيب قال اذا اقمت بارض اربعا فصل اربعا ۔(ترمذی شریف،باب ما جاء فی کم تقصیر الصلوۃ ص ۱۲۲ نمبر ۵۴۸رمصنف عبد الرزاق،باب الرجل یخرج فی وقت الصلوۃ ج ثانی ص ۳۵۲ نمبر ۴۳۵۸)اس اثر سے معلوم ہوا کہ چار دن ٹھہرنے کی نیت کرے تو چار رکعت نماز پڑھے گا۔یعنی اتمام کرے گا۔

**ترجمہ**: ل کچھ مدت کا اعتبار کرنا ضروری ہے،اسلئے کہ سفر میں کچھ ٹھہرنا تو ہوتا ہی ہے اسلئے ہم نے مدت طہر سے اسکا اندازہ لگا

۲؎ وهو ماثور عن ابن عباسؓ وابن عمرؓ والاثر فی مثله کالخبر ۳؎ والتقیید بالبلدة والقریة یشیر الیٰ انه لا

یا اسلئے کہ دونوں مدتیں واجب کرنے والی ہیں۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ السفر یجامعه اللبث : کا ترجمہ ہے، کہ سفر میں کچھ نہ کچھ ٹھہرنا تو ہوتا ہی ہے۔ فرماتے ہیں کہ سفر میں کچھ نہ کچھ دو چار گھنٹے تو ٹھہرنا ہوتا ہی ہے اسلئے تھوڑے سے ٹھہرنے کو اقامت نہیں کہہ سکتے، اسلئے کچھ نہ کچھ مدت ہونی چاہئے جسکو اقامت کہہ سکیں، اسلئے ہم نے طہر کی مدت کو معیار قرار دیا کہ دو حیض کے درمیان طہر کی مدت کم سے کم پندرہ دن ہے تو اقامت کی مدت بھی پندرہ ہونی چاہئے، کہ پندرہ دن کسی مقام پر ٹھہرے تو مقیم ہوگا ورنہ نہیں۔ اور دونوں میں مشترک علت یہ ہے کہ حیض کی وجہ سے جو نماز ساقط ہوگئی تھی طہر کی وجہ سے وہ نماز واجب ہوگئی۔ اسی طرح سفر کی وجہ سے جو آدھی نماز ساقط ہوگئی تھی تو اقامت کی وجہ سے وہ چار رکعت ہو جاتی ہے تو دونوں چیزیں عبادت کو واجب کرنے والی ہیں۔ اسلئے طہر کی مدت پندرہ دن ہے تو اقامت بھی پندرہ دن میں ہوگی اس سے کم میں نہیں۔۔ موجبتان : کا ترجمہ ہے عبادت کو واجب کرنے والی ہے۔

**ترجمه** : ۲؎ یہی مدت حضرت عبداللہ عباسؓ اور حضرت عبداللہ ابن عمرؓ سے منقول ہے۔ اور اس قسم تعیین میں صحابی کا قول بھی حدیث کی طرح ہے۔

**تشریح** : پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت ہو تب مقیم ہوگا، اور اس سے کم کی نیت ہو تو مقیم نہیں ہوگا اسکے لئے حضرت عبداللہ ابن عمر کا قول یہ ہے۔ قال کان ابن عمر اذا اجمع علی اقامة خمس عشرة سرح ظهره وصلی اربعا. ( مصنف ابن ابی شیبة ۱۴۱ باب من قال اذا اجمع علی اقامة خمسة عشرة اتم ج ثانی ص ۲۱۱، نمبر ۸۲۱۷ / مصنف بن عبد الرزاق، باب الرجل یخرج فی وقت الصلوة ج ثانی ص ۵۲ ۳، نمبر ۴۳۵۵ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی کم تقتصر الصلوة ص ۱۲۲ نمبر ۵۴۸ ) اس قول میں ہے کہ پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت ہو تو مقیم ہوگا۔ اور مدت کے تعین کے لئے صحابی کا قول بھی حدیث کی طرح قابل حجت ہے۔۔ یہاں اثر سے مراد قول صحابی ہے اور خبر سے مراد حدیث ہے۔

**ترجمه** : ۳؎ متن میں شہر یا گاؤں کی قید لگانا اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جنگل میں اقامت کی نیت صحیح نہیں ہے۔ ظاہر روایت یہی ہے۔

**تشریح** : متن میں یہ قید ہے کہ [ینوی الاقامة فی بلدة او قریة ] کہ شہر میں یا گاؤں میں اقامت کی نیت کرے، یہ جملہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ جنگل میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرے تو اس سے مقیم نہیں ہوگا۔ ظاہر روایت یہی ہے۔ لیکن حضرت امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ چرواہے پانی اور گھاس کی جگہ پر جنگل میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کر لے تو مقیم ہو جائیں

تصح نية الاقامة فی المفازة وهو الظاهر (۵۹۴) ولو دخل مصرا علیٰ عزم ان یخرج غدا او بعد غد ولم ینو مدة الاقامة حتی بقی علیٰ ذٰلک سنین قصر ﴿ ل لان ابن عمرؓ اقام باذربیجان ستة اشهر

گے۔اور چار رکعت نماز پڑھیں گے۔

**ترجمہ**: (۵۹۴) اگر کسی شہر میں اس ارادے سے داخل ہوا کہ کل یا پرسوں نکل جائے گا، اور پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت نہیں کی یہاں تک کہ کئی سال تک ٹھہرا رہا تو قصر ہی کرتا رہے گا۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ پندرہ دن ٹھہرنے کا پختہ ارادہ کرے گا تو مقیم ہوگا اور پندرہ دن سے کم ارادہ کیا تو مسافر ہی رہے گا۔اسی طرح پختہ ارادہ نہیں ہے، بلکہ آج جاؤں گا یا کل چلا جاؤں گا کا ارادہ ہے تو چاہے کئی سال تک ٹھہرا رہے مسافر ہی رہے گا۔

**شرح**: کوئی آدمی کسی شہر میں آیا اور یوں ارادہ کیا کہ کل یہاں سے چلا جاؤں گا، یا پرسوں چلا جاؤں گا اسی طرح کئی سال تک ٹھہرا رہا تو بھی اس مدت میں مسافر ہی رہے گا، مقیم نہیں بنے گا۔اسلئے قصر ہی کرتا رہے۔

**وجہ**: (۱) پندرہ دن ٹھہرنے کا پختہ ارادہ ہو تو اتمام کرے گا۔ یہاں پختہ ارادہ نہیں ہے اسلئے قصر ہی کرتا رہے گا۔(۲) حضورؐ فتح مکہ کے موقع پر مکہ تشریف لائے اور پندرہ دن ٹھہرنے کا پختہ ارادہ نہیں کیا تھا اس لئے انیس دن تک رہے اور قصر ہی فرماتے رہے حدیث یہ ہے ۔ عن ابن عباسؓ قال : اقام رسول الله ﷺ تسعة عشر یقصر ، فنحن اذا سافرنا تسعة عشر قصرنا و ان زدنا أتممنا ۔ (بخاری شریف، باب ما جاء فی التقصیر ، وکم یقیم حتی یقصر ،ص ۱۴۷،نمبر ۱۰۸۰) اس حدیث میں ہے کہ فتح مکہ کے موقع پر ۱۹ دن ٹھہرے تو قصر کرتے رہے اور اس سے زیادہ ٹھہرتے تو اتمام کرتے ۔لیکن یہ ٹھہرنا پختہ ارادے کے ساتھ نہیں تھا اسلئے قصر کرتے رہے۔(۳) عن جابر بن عبد الله قال اقام رسول الله ﷺ بتبوک عشرین یوما یقصر الصلوة. (ابو داؤد شریف، باب اذا اقام بارض العدو یقصر ص ۱۸۱ نمبر ۱۲۳۵) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ تبوک میں بیس دن رہے لیکن بیس دن رہنے کا پختہ ارادہ نہیں تھا، بلکہ یہ تھا کہ جلدی فتح ہو جائے تو واپس چلا جاؤنگا، اسلئے بیس دن کے باوجود قصر ہی فرماتے رہے(۴) اس کا ثبوت اس اثر میں ہے۔قال کان ابن عمر اذا اجمع علی اقامة خمس عشرة سرح ظهره وصلی اربعا. ( مصنف ابن ابی شیبة ۱۴۷ باب من قال اذا اجمع علی اقامة خمسة عشرة اتم ج ثانی ص ۲۱۱ ،نمبر ۸۲۱۷ رمصنف بن عبد الرزاق، باب الرجل یخرج فی وقت الصلوة ج ثانی ص ۳۵۲ نمبر ۴۳۵۵ رترمذی شریف، باب ما جاء فی کم تقصر الصلوة ص ۱۲۲ نمبر ۵۴۸) اس اثر میں ہے اجمع، یعنی پختہ ارادہ کرے، جس کا مطلب یہ ہوا کہ پختہ ارادہ نہ ہو تو قصر ہی کرتا رہے گا۔

**ترجمہ**: ل (۵) اس لئے کہ حضرت ابن عمرؓ اذر بیجان میں چھ مہینے ٹھہرے رہے پھر بھی قصر کرتے رہے۔

**وكان يقصر ۲؎ وعن جماعة من الصحابة مثل ذالك(۵۹۵) واذا دخل العسكر ارض الحرب فنووا الاقامة بها قصروا وكذا اذا حاصروا فيها مدينة اوحصنا ﴾**

**تشریح** : حضرت ابن عمرؓ آذر بیجان میں چھ مہینے تک اس حال میں رہے کہ آج چلا جانا ہے یا کل چلا جانا ہے اسلئے قصر کرتے رہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ اگر پختہ ارادہ نہ ہوتو قصر ہی کرتا رہے گا۔ اثر یہ ہے۔ **ان ابن عمر اقام بآذر بیجان ستة اشهر يقصر الصلوة وكان يقول اذا ازمعت اقامةفأتم.** (مصنف عبد الرزاق، باب الرجل یخرج فی وقت الصلوۃ ج ثانی ص ۳۵۲ نمبر ۴۳۵۱) اس اثر سے پتہ چلا کہ جب تک پندرہ دن ٹھہرنے کا پختہ ارادہ نہ ہو قصر کرتا رہے گا۔ کیونکہ صحابہ آذر بیجان میں چھ ماہ ٹھہرے رہے اور ٹھہرنے کا پختہ ارادہ نہیں کیا تو قصر کرتے رہے۔(۶) **عن انس أن أصحاب رسول الله ﷺ أقاموا برمهر مز تسعة أشهر يقصرون الصلوة** (سنن بیہقی، باب من قال یقصر أبدا مالم یجمع مکثاً، ج ثالث ص ۲۱۸) اس اثر میں ہے کہ اصحاب رسول اللہ ﷺ نو مہینے رہے اور قصر کرتے رہے۔

**ترجمه** : ۲؎ اور صحابہؓ کی ایک جماعت سے اسی کی مثل منقول ہے۔

**تشریح** : مصنف ابن شیبۃ میں کافی صحابہ سے منقول ہے کہ وہ سفر میں رہے اور چھ ماہ سے زیادہ رہے لیکن اتنے دن ٹھہرنے کی نیت نہیں کی تو ہمیشہ قصر ہی کرتے رہے۔

**وجه** :(۱) اثر یہ ہے۔ **قال لابن عباس : انا نطيل القيام بالغزو بخراسان فكيف ترى فقال : صل ركعتين و ان أقمت عشر سنين** ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۷، فی المسافر یطیل المقام فی المصر، ج ثانی ص ۲۱۰، نمبر ۸۲۰۲) اس اثر میں بھی ہے کہ دس سال بھی اقامت کی نیت کئے بغیر رہ جائے گا تو قصر ہی کرتا رہے گا۔

**ترجمه** : (۵۹۵) جب لشکر کے لوگ دار الحرب کی زمین میں داخل ہوں اور پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کی تب بھی قصر کریں گے۔ ایسے ہی جبکہ دار الحرب میں کسی شہر یا کسی قلعے کا محاصرہ کیا ہو۔

**تشریح** : لشکر دار الحرب میں داخل ہوا ہو، یا دار الحرب میں کسی شہر کا محاصرہ کیا ہو یا کسی قلعے کا محاصرہ کیا ہو، اور وہاں پندرہ دن ٹھہرنے کی پختہ نیت کی ہو تب بھی اس نیت کا اعتبار نہیں ہے۔

**وجه** :(۱) کیونکہ یہ دار الحرب ہے اسلئے کیا معلوم کہ کس وقت شکست ہوگی اور یہاں سے جانا پڑے گا، اسلئے پندرہ دن ٹھہرنے کا پختہ ارادہ کیا ہو تب بھی اسکا اعتبار نہیں ہے۔ اس لئے وہ قصر ہی کرتا رہے گا(۲) **عن جابر بن عبد الله قال اقام رسول الله ﷺ بتبوك عشرين يوما يقصر الصلوة.** (ابوداؤد شریف، باب اذا اقام بارض العدو یقصر ص ۱۸۱ نمبر ۱۲۳۵) اس حدیث میں ہے کہ حضور ﷺ تبوک میں بیس دن رہے اور وہ دار الحرب تھا اسلئے بیس دن رہنے کے باوجود بھی قصر فرماتے رہے۔

۱ لان الداخل بين ان يهزم فيفرّ وبين ان يهزم فيقرّ فلم تكن دار اقامةٍ (۵۹۶) وكذا اذا حاصروا اهل البغي في دار الاسلام في غير مصر او حاصروهم في البحر ۱ لان حالهم مبطل عزيمتهم ۲ وعند زفرؒ يصح في الوجهين اذا كانت الشوكة لهم للتمكن من القرار ظاهرا

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ جو دار الحرب میں داخل ہے وہ دو باتوں کے درمیان متردد ہے، یا شکست کھائے گا اور بھاگے گا، یا دشمن کو شکست دے گا اور ٹھہرا رہے گا اسلئے دار اقامت نہیں ہوا۔

**تشریح** : نیت کرنے کے باوجود وطن اقامت نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ یہاں پختہ ارادہ ہو ہی نہیں سکتا ہے۔ اسلئے کہ پختہ ارادہ وہاں ہی شمار کیا جائے جہاں پختہ طور پر رہنے کا امکان ہو، اور دار الحرب میں پختہ طور پر رہنے کا امکان نہیں ہے اسلئے یہاں پختہ نیت کرنے کا اعتبار بھی نہیں ہے۔ کیونکہ شکست ہوگی تو واپس آنا پڑے گا اور جیت ہوگی تو مزید ٹھہرے گا۔

**اصول** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ پختہ ارادہ کرنے کے حالات نہ ہوں تو ارادہ کرنے سے بھی پختہ ارادہ شمار نہیں کیا جائے گا، اور نہ وہ مقیم

**لغت** : ارض حرب: دار الحرب۔ حصنا: قلعہ، یھزم: شکست کھائے گا۔ یفر: بھاگے گا۔ یقر: قر سے مشتق ہے، ٹھہرا رہے گا۔

**ترجمہ**: (۵۹۶) ایسے ہی دار الاسلام میں رہتے ہوئے شہر کے علاوہ میں باغیوں کا محاصرہ کیا ہو، یا سمندر میں اسکا محاصرہ کیا ہو [تو پختہ ارادے کا اعتبار نہیں ہے]۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ انکا حال ارادے کو باطل کرنے والا ہے۔

**تشریح** : یہ مسئلہ بھی اوپر کے ہی اصول پر متفرع ہے کہ پختہ نیت کرنے کے حالات نہ ہوں تو اس نیت کا اعتبار نہیں ہے۔ مسئلہ یہ ہے کہ ہے تو دار اسلام ہی میں لیکن اس میں ایسی جگہ مسلمان باغیوں کا محاصرہ کئے ہوا ہے کہ جب بھی باغی ہار جائیں تو لشکر اپنے مرکز واپس ہو جائے اسلئے ممکن ہے کہ دو چار روز ہی میں کامیابی ہو جائے اور واپس جانا پڑے اسلئے پندرہ دن کے ٹھہرنے کی نیت کا اعتبار نہیں ہے۔ مثلا شہر کے علاوہ گاؤں یا جنگل میں باغیوں کا محاصرہ کیا ہو۔ یا سمندر میں باغیوں کا محاصرہ کیا ہو تو چونکہ باغیوں کے ہارنے کے بعد اسلامی لشکر گاؤں، یا جنگل، یا سمندر میں نہیں ٹھہرے گا بلکہ اسکو شہر جانا ہوگا، اور یہ طے نہیں ہے کہ باغی کس دن ہاریں گے اور لشکر کو واپس آنا پڑے گا۔ اسلئے اسکی نیت کا اعتبار نہیں، انکی حالت ایسی ہے کہ انکے پختہ ارادے کو باطل کرنے والی ہے۔

**ترجمہ**: ۲ امام زفرؒ کے نزدیک دونوں صورتوں میں پندرہ دن کی نیت کرنا صحیح ہے، بشرطیکہ اسلامی لشکر کو شوکت ہو کیونکہ بظاہر ٹھہرنے کی قدرت ہے۔

**تشریح** : امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ اسلامی لشکر کو باغیوں اور حربیوں پر قوت اور غلبہ ہو تو دار الحرب میں بھی پندرہ دن ٹھہرنے کا پختہ

**۳ وعند ابی یوسفؒ یصح اذا کانوا فی بیوت المدر لانه موضع اقامة ۴ ونیة الاقامة من اهل الکلاء وهم اهل الاخبیة قیل لاتصح والاصح انهم مقیمون یروی ذلک عن ابی یوسفؒ لان الاقامة اصل فلا تبطل بالانتقال من مرعی الی مرعی**

---

ارادہ کرے گاتو وہ مقیم ہوجائے گا،اور باغیوں کے خلاف دارالاسلام میں بھی پندرہ دن ٹھہرنے کا ارادہ کرے گاتو مقیم ہوجائے گا۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ اسلامی لشکر کوقوت اور غلبہ ہے تو ظاہری حالت یہی ہے کہ اگر پندرہ دن ٹھہرنا چاہے تو ٹھہر سکتا ہے۔

**ترجمه**: ۳ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اقامت کی نیت صحیح ہے اگر مٹی کے گھروں میں ہو، اسلئے کہ یہ اقامت کی جگہ ہے۔

**تشریح** : مدر: کا ترجمہ ہے مٹی کا گھر۔ حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ اقامت کی جگہ گھر ہوتا ہے خیمہ نہیں ہوتا، اسلئے لشکر نے گھر میں قیام کیا ہوتو چاہے دارالحرب ہو چاہے دارالاسلام ہو اسکی نیت کا اعتبار ہوگا اور پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کی ہوتو مقیم ہو جائے گا اور چار رکعت نماز پڑھے گا۔ اس قول کا مدار یہ نہیں ہے کہ مکمل طور پر ٹھہرا جا سکتا ہے یا نہیں، بلکہ اس قول کا مدار یہ ہے کہ ٹھہرنے کی جگہ خیمہ نہ ہو بلکہ گھر ہو جس میں لوگ اقامت کرتے ہیں تو لشکر کے بھی اقامت کی نیت درست ہوگی اور لشکر مقیم ہو جائے گا۔

**ترجمه**: ۴ اور گھاس والوں کے لئے اقامت کی نیت کرنا اس حال میں کہ وہ خیمہ والے ہیں بعض حضرات نے فرمایا نہیں صحیح ہے ۔لیکن صحیح روایت یہ ہے کہ وہ لوگ مقیم ہیں۔ حضرت امام ابو یوسفؒ سے یہ روایت ہے۔ اسلئے کہ اقامت اصل ہے، اسلئے ایک چراگاہ سے دوسری چراگاہ کی طرف منتقل ہونے سے اقامت باطل نہیں ہوگی۔

**تشریح** : چرواہے لوگ جو گھاس اور پانی کی جگہ پر خیمہ لگا کر رہتے ہیں، اور جب گھاس پانی ختم ہو جاتا ہے تو وہاں سے منتقل ہو کر دوسرے گھاس پانی کی جگہ پر چلے جاتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے بارے میں کچھ حضرات کی رائے ہے کہ پانی کی جگہ پر پندرہ دن رہنے کی نیت کرے تب بھی مقیم نہیں ہوگا۔ اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ خیمہ اقامت کی جگہ نہیں ہے اسلئے وہاں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت بھی کرے گا تب بھی مقیم نہیں ہوگا، اس طرح وہ ہمیشہ مسافر ہی رہے گا۔

حضرت امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ خیمہ بنا کر رہنے والے چرواہوں کا وطن اصلی ہی خیمہ ہے اور گھاس پانی کی جگہ ہے، یہ لوگ یہیں پیدا ہوئے ہیں اور یہیں زندگی بسر کرتے ہیں اسلئے چراگاہ اور خیمہ انکا وطن اصلی ہے، اسلئے ایک چراگاہ سے دوسری چراگاہ کی طرف منتقل ہونا وطن اصلی ہی کی طرف منتقل ہونا ہے، اسلئے جیسے ہی چراگاہ میں گئے یا اپنے خیمہ گئے تو گویا کہ وطن اصلی میں پہنچ گئے، اسلئے وہ چراگاہ اور خیمہ میں مقیم ہیں۔۔ البتہ ایک چراگاہ سے دوسری چراگاہ کے درمیان ۵۴ میل سے زیادہ کی مسافت ہو تو اس مسافت کو طے کرتے وقت وہ مسافر ہوگا، لیکن جوں ہی خیمہ میں پہنچے گا تو یہ مقیم ہو جائے گا، کیونکہ یہ اپنے وطن اصلی میں پہنچ گیا۔

**وجه** : اس اثر میں اسکا اشارہ ہے۔ **عن ابن عباسؓ أنه اتاه رجل فقال اقصر من مروة؟ قال : لا، قال : اقصر من**

**(۵۹۷) وان اقتدی المسافر بالمقیم فی الوقت اتم اربعا ﴾ لـ لانه یتغیر فرضه الیٰ اربع للتبعیة کما یتغیر بنیة الاقامة لاتصال المغیر بالسبب وھو الوقت**

عرفات؟، قال : لا، قال : اقصر من جدة ؟ قال : نعم، قال : من الطائف ؟ قال :نعم، قال : فاذا أتیت أهلک أو ماشیتک فأتم الصلاة . (سنن بیہقی، باب المسافر ینتھی الی الموضع الذی یرید المقام بہ، ج ثالث، ص۲۲۲، نمبر ۵۴۹۵) اس اثر میں ہے کہ اپنے اہل یعنی وطن میں پہنچ جاؤ تو اتمام کرو۔ یا اپنے جانور کے پاس پہنچ جاؤ تو اتمام کرو۔ اور جانور سے مراد چراگاہ ہے۔ جسکا مطلب یہ ہوا کہ چراگاہ بھی وطن اصلی کی طرح ہے، اور وہاں بھی اتمام ہوگا۔

**اصول** : چرواہوں کے لئے خیمہ اور چراگاہ وطن اصلی ہے۔

**لغت** : عزیمۃ : پختہ ارادہ۔ شوکۃ : رعب، ودبدبہ۔ قرار : ٹھہرنا۔ المدر : کا ترجمہ ہے، مٹی کا ڈھیلا۔ یہاں مٹی کا گھر، مراد ہے۔ الکلاء : گھاس، یہاں اہل کلاء سے چرواہے مراد ہیں۔ اخبیۃ : خبیۃ سے مشتق ہے محروم ہونا، یہاں مراد ہے خیمہ والے۔ مرعیٰ : رعی سے مشتق ہے چراہگاہ۔

**ترجمہ** : (۵۹۷) مسافر نے وقت کے اندر مقیم امام کی اقتداء کی تو چار رکعت پوری پڑھے گا۔

**تشریح** : مسافر اپنے طور پر نماز پڑھے لیکن مقیم امام کے ساتھ پڑھے اور وقت میں پڑھے تو اسکی اقتداء میں چار رکعت پڑھے۔

**وجہ** : (۱) چونکہ وقت سبب ہے اور وہ باقی ہے اس لئے مسافر کی نماز مقیم امام کی وجہ سے تبدیل ہوکر چار رکعت ہو جائے گی۔ کیونکہ اس کی اقتدا میں امام کی مخالفت نہیں کر سکتا اور پہلے سلام نہیں پھیر سکتا ہے۔ اس لئے اگر وقت باقی ہو اور مقیم امام کی اقتدا کر لے تو چار رکعت پڑھے گا (۲) اس اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن ابن عمرؓ أنه کان اذا صلی مع الامام صلی اربعا و اذا صلی وحده صلی رکعتین ۔ (سنن بیہقی، باب المقیم یصلی بالمسافرین والمقیمین، ج ثالث، ص۲۲۴، نمبر ۵۵۰۲) اس اثر میں ہے کہ مقیم امام کے ساتھ پڑھے تو چار رکعت پڑھے۔ (۳) اس اثر میں بھی ہے۔ ان عبد الله بن عمر کان یصلی وراء الامام بمنی اربعا فاذا صلی لنفسه صلی رکعتین (مؤطا امام مالک، باب صلوۃ المسافر اذا کان اماما او کان وراء امام ص ۱۳۴ / مصنف عبد الرزاق، باب المسافر یدخل فی صلوۃ المقیمین ج ثانی، ص ۳۵۷، نمبر ۴۳۹۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ وقت کے اندر مقیم کی اقتدا میں مسافر کی نماز چار رکعت ہو جاتی ہے۔

**ترجمہ** : لـ اس لئے کہ اسکا فرض امام کے تابع ہونے کی وجہ سے چار کی طرف بدل جائے گا۔ جیسے کہ اقامت کی نیت کی وجہ سے فرض بدل کر چار ہو جاتا ہے سبب کے ساتھ بدلنے والی چیز یعنی وقت کے متصل ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : وقت ختم ہو جانے کے بعد مسافر مقیم امام کی اقتداء کرے تو اسکی اقتداء ہی جائز نہیں ہے، کیونکہ اس وقت مسافر کی نماز دو رکعت سے تبدیل ہوکر چار رکعت نہیں بنے گی بلکہ دو رکعت ہی پڑھنا ہوگا، کیونکہ وقت ہی تبدیل کا سبب ہے، اور وقت ختم ہو گیا تو

**(۵۹۸) وان دخل معه فی فائتة لم تجزه** ﴾ ۱ؔلانہ لایتغیر بعد الوقت لانقضاء السبب کما لاتتغیر بنیة الاقامة

تبدیل ہونے کا سبب ختم ہوگیا۔اوراگر وقت کے اندر مسافر نے مقیم امام کی اقتداء کی تو مسافر امام کی اقتداء میں چار رکعت نماز پڑھے

**وجہ** : اسکی دو وجہ ہیں (۱) ایک تو یہ کہ امام کی اقتداء کی، اسلئے کہ امام کی اقتداء نماز کو بدلنے والی چیز ہے۔جسکو مغیر، کہتے ہیں (۲) اور دوسری چیز ہے ,وقت، جو بدلنے کا سبب ہے۔یہاں اقتداء اور وقت دونوں مل گئے اسلئے نماز چار رکعت ہو جائے گی۔ جس طرح وقت میں اقامت کی نیت کرلے تو دو رکعت نماز چار رکعت ہو جائے گی۔اور وقت گزر گیا تو دو ہی لازم رہے گی۔تو یہاں بھی بدلنے والی دو چیزیں ہیں [۱] وقت، جو بدلنے کا سبب ہے، [۲] اور اقامت کی نیت، جو بدلنے والی ہے، جسکو مغیر، کہتے ہیں۔ دونوں مل جائیں تو تبدیل ہوگی اور دونوں میں سے ایک ہو اور دوسرا نہ ہو تو تبدیل نہیں ہوگی۔

**لغت** :. لاتصال المغیر بالسبب و ھو الوقت :۔اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ مغیر، یعنی امام کی اقتدا کرنا سبب کے ساتھ متصل ہوگیا، یعنی وقت کے ساتھ مل گیا تو دو رکعت تبدیل ہو کر چار رکعت ہو جائے گی۔۔مغیر سے مراد اقتداء ہے۔اور اقامت کی نیت ہے۔

**ترجمہ**: (۵۹۸) اور اگر مسافر مقیم کی اقتدا میں فائتہ نماز میں داخل ہوا تو مسافر کی نماز مقیم کے پیچھے جائز نہیں ہے۔

**تشریح** :وقت ختم ہو چکا ہے اور نماز فوت ہو چکی ہے۔اس کی قضا کرتے وقت مسافر مقیم کی اقتدا کرے تو اقتدا ہی جائز نہیں ہے۔کیونکہ مسافر پر اب دو رکعت ہی لازم ہے۔اس کی تبدیلی ہو کر عصر، ظہر اور عشا کی نماز چار رکعت نہیں ہو سکتی۔اس لئے اب مقیم امام کی اقتدا میں نماز نہیں پڑھے گا۔کیونکہ یا تو دو رکعت پر سلام پھیرے گا اس صورت میں امام کی مخالفت لازم آئے گی، یا چار رکعت پڑھے گا تو فرض کے ساتھ دو رکعت مزید نفل ملائے گا جو جائز نہیں۔کیونکہ اس پر فرض دو رکعت ہی لازمی طور پر ہے۔جو چار رکعت میں تبدیل نہیں ہوگی۔

**وجہ** : (۱) اثر میں ہے. عن الثوری قال : من نسی صلوة فی الحضر فذکر فی السفر صلی اربعا ، و ان نسی صلوة فی السفر ذکر فی الحضر صلی رکعتین ۔( مصنف عبد الرزاق، باب من نسی صلاة الحضر، ج ثانی، ص ۳۵۸، نمبر ۴۴۰۰) اس اثر میں ہے کہ مسافر وقت کے بعد دو رکعت ہی قضاء کریں گے۔(۲) سبب یعنی وقت بھی نہیں رہا جو نماز کی رکعتوں کو تبدیل کر سکے۔

**اصول**: وقت گزرنے کے بعد مسافر کی نماز کی رکعتوں میں تبدیلی نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۱ؔ اسلئے کہ وقت کے بعد رکعتوں میں تبدیلی نہیں ہوگی سبب [یعنی وقت] کے ختم ہو جانے کی وجہ سے، جیسا کہ وقت

ﷺ فیکون اقتداء المفترض بالمتنفل فی حق القعدة او القراءة (۵۹۹) وان صلی المسافر بالمقیمین رکعتین سلم واتم المقیمون صلاتهم ﴾

کے بعد اقامت کی نیت کی وجہ سے رکعتوں میں تبدیلی نہیں ہوگی۔

**تشریح** : وقت کے بعد مسافر مقیم امام کی اقتداء کرنا چاہے تو اقتداء نہیں کرسکتا، اسکی وجہ یہ ہے کہ وقت جو سبب ہے اسکے ختم ہو جانے کے بعد رکعتوں میں تبدیلی نہیں ہوگی دو رکعت ہی پڑھنی ہوگی، اسلئے امام کے پیچھے چار رکعت نہیں پڑھ سکتا، اور دو رکعت پر سلام پھیرے گا تو امام کی مخالفت لازم آئے گا جو اقتداء کے خلاف ہے اسلئے وہ بھی نہیں کرسکتا، اسلئے وقت کے بعد مقیم امام کی اقتداء ہی درست نہیں ہے۔ کیونکہ سبب یعنی وقت نہیں رہا۔ جس طرح مثلا عصر کا وقت گزر جانے کے بعد اقامت کی نیت کرے تو عصر کی نماز دو رکعت ہی برقرار رہے گی چار رکعت نہیں ہوگی، کیونکہ سبب یعنی وقت نہیں رہا۔

**ترجمہ** : ﷺ اس اعتبار سے قعدہ، یا قرأت میں فرض پڑھنے والے کی اقتداء نفل پڑھنے والے کے پیچھے ہوجائے گی۔

**تشریح** : اگر مسافر قضاء نماز مقیم امام کے پیچھے پڑھے تو قعدہ اولی میں، یا قرأت میں ایسا ہوگا کہ امام صاحب نفل پڑھ رہے ہیں اور مقتدی انکے پیچھے فرض پڑھ رہا ہے۔ اور اسکی صورت یہ ہوگی کہ اگر شروع سے مقیم امام کے ساتھ شریک ہوا تو امام کا پہلا قعدہ فرض نہیں زیادہ سے زیادہ واجب ہے، اور مقتدی کا پہلا قعدہ فرض ہے، تو قعدہ اولی میں نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والا ہوگیا۔ حالانکہ پہلے گزر چکا ہے کہ نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والے کی اقتداء صحیح نہیں ہے۔

اور اگر دوسری دو رکعت میں امام کے ساتھ شریک ہوا تو دوسری دو رکعت میں امام کی قرأت نفلی ہے، انکو قرأت کرنا فرض نہیں ہے۔ اور مقتدی کی چونکہ پہلی دو رکعت ہے اسلئے اس پر قرأت کرنا فرض ہے، تو یہاں بھی نفل پڑھنے والے کے پیچھے فرض پڑھنے والے کی اقتداء ہوئی، جو صحیح نہیں ہے، اسلئے قضاء نماز میں مسافر مقیم کی اقتداء نہ کرے۔ اصل تو حضرت ثوریؒ کا یہ قول ہے جس میں ہے کہ مسافر قضاء نماز دو ہی رکعت پڑھے۔ عن الثوری قال : من نسی صلوة فی الحضر فذکر فی السفر صلی اربعا، و ان نسی صلوة فی السفر مسافر وقت کے بعد دو رکعت ہی قضاء کریں گے۔

**ترجمہ** : (۵۹۹) اگر مسافر امام مقیم کو نماز پڑھائے تو سلام پھیر دے، اور مقیم اپنی نماز پوری کرلے۔

**تشریح** : مسافر امام نے وقت میں مقیم مقتدی کو نماز پڑھائے تو دو رکعت ہی پڑھائے، اور باقی دو رکعت مقتدی اپنے طور پر پوری کرے۔

**وجہ** : (۱) مسافر پر دو رکعت ہی نماز ہے۔ اس لئے وہ دو رکعت کے بعد سلام پھیر دیں گے۔ اور مقتدی مقیم ہے اس لئے اس پر چار رکعتیں ہیں۔ اس لئے وہ باقی دو رکعت بعد میں پوری کریں گے۔ مقتدی بعض مرتبہ بھول جاتے ہیں اس لئے وہ سلام پھیر دیتے

۱ لان المقتدی التزم الموافقة فی الرکعتین فینفرد فی الباقی کالمسبوق ۲ الا انه لا یقرأ فی الاصح لانه مقتد تحریمة لافعلا والفرض صار مؤدّی فیترکها احتیاطا

---

ہیں۔اس لئے امام اپنی مسافرت کا اعلان کر دیں تا کہ ان کو یاد آجائے گا۔اس لئے مستحب ہے کہ کہے 'ہم مسافر لوگ ہیں آپ اپنی اپنی نمازیں پوری کرلیں' (۲) حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔ **عن عمران بن حصین قال غزوت مع رسول الله ﷺ وشهدت معه الفتح فاقام بمكة ثمانی عشرة ليلة لا يصلی الا ركعتين ويقول يا اهل البلد! صلوا اربعا فانا قوم سفر** (ابوداؤد شریف، باب متی یتم المسافر ص ۱۸۰ نمبر ۱۲۲۹ رمصنف عبد الرزاق، باب مسافر ام مقیمین ج ثانی ص ۵۴۰ نمبر ۴۳۶۹) اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ امام دو رکعت پوری کر کے سلام پھیرے گا اور کہے گا میں مسافر ہوں مقیم اپنی اپنی نماز پوری کرلیں۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ مقتدی نے دو رکعت میں ہی امام کے ساتھ موافقت کا التزام کیا ہے اسلئے باقی رکعتوں میں الگ ہوگا، جیسے کہ مسبوق باقی رکعتوں میں الگ ہوتا ہے۔

**تشریح**: مقتدی مقیم ہے اسکو چار رکعت نماز پڑھنی ہے لیکن مسافر امام کے ساتھ دو ہی رکعت میں موافقت کا التزام کیا ہے، اسلئے باقی دو رکعتوں میں مقتدی الگ ہوگا، اسلئے امام کے سلام کے بعد مقتدی اپنی نماز پوری کرے۔ جیسے کہ مسبوق یعنی جس آدمی کی نماز چھوٹ گئی ہو وہ امام کے سلام کے بعد اپنی چھوٹی ہوئی نماز پوری کرے گا۔ اسی طرح مقیم مقتدی بھی امام کے بعد اپنی اگلی نماز پوری کرے گا۔

**ترجمہ**: ۲ مگر یہ کہ صحیح روایت یہ ہے کہ قرأت نہیں کرے گا اسلئے کہ تحریمہ کے اعتبار سے وہ مقتدی ہے اگر چہ فعل کے اعتبار سے اب وہ مقتدی نہیں ہے، اور فرض قرأت ادا ہو چکی ہے اسلئے احتیاطا قرأت کو چھوڑ دے۔

**تشریح**: یہاں سے مسبوق مقتدی اور مقیم مقتدی کی قرأت میں جو فرق ہے اسکو بیان فرما رہے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ مقیم مقتدی جب اپنی دو رکعت پوری کرنے کے لئے کھڑا ہوگا تو بہتر یہ ہے کہ ان دو رکعتوں میں قرأت نہ کرے۔

**وجہ**: اسکی دو وجہ ہیں [۱] اس مقیم مقتدی نے مسافر امام کے تحریمے کے ساتھ تحرمہ باندھا تھا اسلئے تحریمہ کے اعتبار سے ابھی بھی اسکا مقتدی ہے، اگر چہ اس امام نے سلام پھیر لیا ہے اسلئے فعل کے اعتبار سے اس وقت اسکا مقتدی نہیں ہے، تاہم تحریمے کے اعتبار اسکا مقتدی ہے، اور قاعدہ یہ گزرا کہ کوئی امام کے پیچھے ہو تو اس پر قرأت نہیں ہے اسلئے اس مقیم پر بھی قرأت نہیں ہے۔ [۲] دوسری وجہ یہ ہے کہ اس مقیم کی فرض قرأت تو پہلی دو رکعتوں میں ادا ہو چکی ہے۔ اب دوسری دو رکعتوں میں قرأت پڑھنا ہمارے نزدیک سنت ہے فرض نہیں ہے اسلئے احتیاط اسی میں ہے کہ مقیم مقتدی جب اپنی بقیہ دو رکعت ادا کرنے لگے تو ان میں قرأت نہ کرے، بلکہ جس طرح لاحق یعنی درمیان میں جسکی رکعت چھوٹ گئی ہو وہ جب اپنی رکعت ادا کرنے کے لئے کھڑے ہو تو قرأت نہ کرے اسی

۳؎ بخلاف المسبوق لانه ادرک قراء ة نافلة فلم يتأد الفرض فكان الاتيان اولى. (۶۰۰) قال ويستحب للامام اذا سلم ان يقول اتموا صلاتكم فانا قوم سَفْرٌ ﴿۱؎ لانه عليه السلام قاله حين صلى باهل مكة وهو مسافر (۶۰۱) واذا دخل المسافر فى مصره اتم الصلوٰة وان لم ينو المقام فيه﴾

طرح یہ مقیم بھی قرأت نہ کرے احتیاط اسی میں ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ بخلاف مسبوق کے [وہ قرأت کریں] اس لئے کہ اس نے نفل قرأت پائی ہے، اور فرض قرأت ادا نہیں ہوئی ہے اسلئے اسکے لئے قرأت کرنا بہتر ہے ۔

**تشریح** : مسبوق کے بارے میں یہ ہے کہ انکے لئے قرأت کرنا اولی ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ بعد کی رکعتوں میں امام کے ساتھ شریک ہوا ہے اسلئے فرض قرأت پہلے ادا ہو چکی ہے اور نفل قرأت میں امام کے ساتھ شریک ہوا ہے اس لئے اسکی فرض قرأت ادا نہیں ہوئی ہے اسلئے بہتر یہ ہے کہ مسبوق جب اپنی نماز پوری کرنے کے لئے کھڑا ہو تو وہ اس میں قرأت کرے۔

**ترجمہ**: (۶۰۰) امام کے لئے مستحب ہے کہ جب وہ سلام کریں تو کہہ دیں کہ اپنی نماز پوری کر لیں اسلئے کہ میں مسافر آدمی ہوں۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ حضورؐ نے ایسا ہی فرمایا جس وقت اہل مکہ کو مسافر کی حالت میں نماز پڑھائی۔

**تشریح** : حضورؐ مکہ مکرمہ میں تھے اور مسافر تھے اور اہل مکہ کو نماز پڑھائی تو آپؐ نے یہی فرمایا کہ میں مسافر ہوں آپ لوگ اپنی نماز پوری فرما لیں ۔حدیث یہ ہے۔ عن عمران بن حصين قال غزوت مع رسول الله ﷺ وشهدت معه الفتح فاقام بمكة ثمانى عشرة ليلة لا يصلى الا ركعتين ويقول يا اهل البلد! صلوا اربعا فانا قوم سفر (ابوداؤد شریف، باب متی یتم المسافر ص ۱۸۰ نمبر ۱۲۲۹ رمصنف عبد الرزاق، باب مسافر ام مقیمین ج ثانی ص ۵۴۰ ،نمبر ۴۳۶۹) اس حدیث میں ہے کہ نماز کے بعد اعلان کرے کہ میں مسافر آدمی ہوں آپ اپنی نماز پوری کر لیں۔

**ترجمہ**: (۶۰۱) مسافر اپنے شہر میں داخل ہو گیا تو نماز پوری پڑھے گا اگر چہ اس میں اقامت کی نیت نہ کی ہو۔

**تشریح**: مثلا مسافر اپنے وطن اصلی میں واپس آیا اور چند دن کے بعد ہی پھر سفر پر جانا ہے تب بھی شہر یا فنائے شہر میں داخل ہوتے ہی پوری نماز پڑھے گا۔ کیونکہ فورا وہ مقیم ہو گیا۔

**وجہ**: (۱) حدیث میں ہے سمعت انسا يقول خرجنا مع النبى ﷺ من المدينة الى مكة فكان يصلى ركعتين ركعتين حتى رجعنا الى المدينة. (بخاری شریف، باب ماجاء فی التقصير وكم يقيم حتى يقصر ص ۱۴۷ نمبر ۱۰۸۱ رمسلم شریف، فصل الی متی یقصر اذا اقام ببلدہ ص ۲۴۳ نمبر ۶۹۳) اس حدیث میں ہے کہ مدینہ داخل ہوئے تو چار رکعت نماز پڑھی (چاہے وہاں اقامت

لِ لانه عليه السلام واصحابه رضوان الله عليهم كانوا يسافرون ويعودون الى اوطانهم مقيمين من غير عزم جديد(۲۰۲) ومن كان له وطن فانتقل منه واستوطن غيره ثم سافر فدخل وطنه الاوّل قصر﴾ لِ لانه لم يبق وطناله الا يرى انه عليه السلام بعد الهجرة عدّ نفسه بمكة من المسافرين

کی نیت کرے یا نہ کرے)

**ترجمه:** لِ اسلئے کہ حضورؐ اور صحابہؓ سفر کرتے تھے پھر اپنا وطن واپس ہوتے تو بغیر نئے ارادے کے ہی مقیم ہوتے۔

**تشریح:** حضورؐ اور صحابہ کرام سفر فرماتے اور جب مدینہ طیبہ واپس آتے تو اقامت کی نیت نہیں بھی کرتے تب بھی مقیم ہو جاتے، نیا ارادہ کرنے کی ضرورت نہیں ہوتی اس سے معلوم ہوا کہ وطن اصلی میں داخل ہوتے ہی آدمی مقیم ہو جائے گا چاہے وہاں ٹھہرنے کا ارادہ کیا ہو یا نہ کیا ہو۔

**ترجمه:** (۲۰۲) جس کا وطن ہو اور اس سے منتقل ہو گیا اور دوسری جگہ کو وطن بنایا پھر سفر کیا اور پہلے وطن میں داخل ہوا تو نماز میں قصر ہی کرے۔

**تشریح:** مثلا ایک آدمی کا بریڈفورڈ وطن اصلی تھا، اسکو چھوڑ کر مانچیسٹر وطن اصلی بنالیا تو اب مانچیسٹر وطن اصلی ہو گیا اور بریڈفورڈ کا وطن اصلی ختم ہو گیا، اب بریڈفورڈ جائے گا تو قصر کرے، کیونکہ وہ اب وطن باقی نہیں رہا۔

**وجه:** (۱) حدیث میں ہے۔ عن عمران بن حصين قال غزوت مع رسول الله ﷺ وشهدت معه الفتح فاقام بمكة ثماني عشرة ليلة لا يصلي الا ركعتين ويقول يا اهل البلد! صلوا اربعا فانا قوم سفر (ابوداؤد شریف، باب متی یتم المسافر ص ۱۸۰ نمبر ۱۲۲۹ رمصنف عبد الرزاق، باب مسافر ام مقیمین ج ثانی ص ۵۴۰، نمبر ۴۳۶۹) حضورؐ اور صحابہ کرام مکہ مکرمہ سے ہجرت فرما گئے تو جب مکہ مکرمہ تشریف لائے جو پہلے وطن تھا وہاں قصر فرماتے رہے، اور یہ بھی فرمایا کہ ہم مسافر لوگ ہیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ وطن سے ہجرت کے بعد وہ وطن باقی نہیں رہتا۔

**اصول:** دوسری جگہ وطن اصلی بنانے سے پہلا وطن اصلی باطل ہو جائے گا۔

**ترجمه:** لِ اسلئے کہ اسکا پہلا وطن اب وطن باقی نہیں رہا۔ کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ حضورؐ اپنے آپ کو ہجرت کے بعد مکہ مکرمہ میں مسافر شمار کرتے تھے۔

**تشریح:** اب پہلا وطن وطن باقی نہیں رہا۔ کیونکہ مکہ مکرمہ سے ہجرت کے بعد حضورؐ نے اپنے آپ کو وہاں مسافر شمار کیا۔ اوپر حدیث گزری۔

۲؎ وهذا لان الاصل ان الوطن الاصلی تبطل بمثله دون السفر ۳؎ ووطن الاقامة تبطل بمثله وبالسفر وبالاصلی

---

**ترجمه**: ۲؎ اسکی وجہ یہ ہے کہ اصل قاعدہ یہ ہے کہ وطن اصلی وطن اصلی سے باطل ہوتا ہے سفر سے باطل نہیں ہوتا۔

**تشریح**: وطن اصلی وطن اصلی سے باطل ہوتا ہے، سفر کرنے سے وطن اصلی باطل نہیں ہوتا۔ اسی طرح کہیں پندرہ دن کی اقامت کر لی تو اسکو وطن اقامت کہتے ہیں اس سے بھی وطن اصلی باطل نہیں ہوتا۔

**ترجمه**: ۳؎ وطن اقامت وطن اقامت سے باطل ہوتا ہے۔ اور سفر سے باطل ہوتا ہے۔ اور وطن اصلی سے باطل ہوتا ہے۔

**تشریح**: وطن اقامت تین چیزوں سے باطل ہوتا ہے [۱] وطن اقامت سے باطل ہوتا ہے، یعنی کہیں دوسری جگہ پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کی ہو تو پہلا وطن اقامت باطل ہو جائے گا، اب اگر پہلے وطن اقامت پر آئے گا تو قصر ہی کرے گا۔ [۲] دوسری صورت یہ ہے کہ سفر سے وطن اقامت باطل ہو جاتا ہے۔ یعنی وطن اقامت سے ۵۴ میل کا سفر کیا پھر وطن اقامت کی جگہ پر واپس آیا اور دوبارہ پندرہ دن وہاں ٹھہرنے کی نیت نہیں کی تو وہ وہاں مسافر ہی رہے گا اور قصر ہی کرتا رہے گا، کیونکہ سفر کرنے سے وطن اقامت باطل ہو گیا۔ [۳] اور تیسری صورت یہ ہے کہ وطن اصلی چلا گیا تو اس سے بھی وطن اقامت باطل ہو جاتا ہے، اب دوبارہ وطن اقامت پر آیا اور پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت نہیں کی تو قصر کرتا رہے گا۔ اسلئے کہ وطن اصلی سے وطن اقامت باطل ہو جاتا ہے۔

**وجه**: (۱) وطن اصلی سے وطن اصلی باطل ہوتا ہے اسکی وجہ وہ حدیث ہے کہ حضورؐ کا وطن مکہ مکرمہ تھا پھر ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ کو وطن اصلی بنایا تو مکہ مکرمہ کا وطن باطل ہو گیا۔ اسکے لئے یہ حدیث ہے۔ ۔ عن عمران بن حصین قال غزوت مع رسول الله ﷺ وشهدت معه الفتح فاقام بمكة ثماني عشرة ليلة لا يصلى الا ركعتين ويقول يا اهل البلد! صلوا اربعا فانا قوم سفر (ابو داؤد شریف، باب متی یتم المسافر ص ۱۸۰ نمبر ۱۲۲۹ر مصنف عبد الرزاق، باب مسافر ام مقیمین ج ثانی ص ۵۴۰، نمبر ۴۳۶۹) اس حدیث میں حضورؐ نے ہجرت کی تو مکہ جو وطن اصلی تھا وہ مدینہ کے وطن اصلی بنانے سے باطل ہو گیا۔ اسی لئے تو آپ نے فرمایا کہ میں مکہ مکرمہ میں مسافر ہوں۔ (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ قاعدہ یہ ہے کہ کوئی چیز اپنے مثل سے باطل ہوتی ہے، یا اپنے سے اعلی سے باطل ہوتی ہے۔ اسلئے وطن اصلی کے مثل وطن اصلی ہے اسلئے وطن اصلی سے باطل ہو جائے گا۔ لیکن سفر اور وطن اقامت نیچے درجے کا ہے اسلئے ان سے وطن اصلی باطل نہیں ہوگا۔ وطن اصلی سے وطن اقامت باطل ہو جائے گا۔ اسلئے کہ وطن اصلی اعلی ہے اور وطن اقامت ادنی ہے۔ وطن اقامت سے وطن اقامت باطل ہو جائے گا، اسلئے کہ وہ مثل ہے۔ اور سفر سے وطن اقامت اسلئے باطل ہوگا کہ سفر اقامت کے ضد ہے۔ اسلئے ۵۴ میل سفر کرنے سے وطن اقامت باطل ہو جائے گا، اب دوبارہ پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کرے تو وطن اقامت بنے گا اور اتمام کرے گا ورنہ قصر کرتا رہے گا۔

(٦٠٣) واذا نوى المسافر ان يقيم بمكة ومنىٰ خمسة عشريومًا لم يتم الصلوٰة ﴾ ١ لان اعتبار النية في موضعين يقتضي اعتبارها في مواضع وهو ممتنع لان السفر لايعرى عنه الا اذا نوى ان يقيم بالليل في احدهما فيصير مقيما بدخوله لان اقامة المرء مضافة الىٰ مبيته

**ترجمه**: (٦٠٣) اگر مسافر نے مکہ اور منی میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کی پھر بھی نماز پوری نہیں پڑھے گا۔

**تشریح**: مسافر نے مکہ مکرمہ اور منی دونوں میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کی تو چونکہ ایک مقام پر پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت نہیں کی ہے اسلئے وہ اتمام ہی کرے گا۔ کیونکہ ٹھہرنے کا دارومدار رات گزارنے پر ہے، اور اس نے ایک مقام پر رات گزارنا متعین نہیں کیا اسلئے ایک مقام پر پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت نہیں ہوئی اسلئے اتمام نہیں کرے گا، چنانچہ اگر ایک مقام پر مسلسل پندرہ دن تک رات گزارنے کی نیت کرے تو اب وہ اتمام کر سکتا ہے۔

**وجه**: (١) ایک شہر میں پندرہ دن ٹھہرنے اور رات گزارنے کی نیت کی ہو تب اتمام کرے گا۔ یہاں دو جگہ یعنی مکہ اور منی میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کی ہے کسی ایک جگہ پر پندرہ دن مکمل نہیں ہوئے اس لئے اتمام نہیں کرے گا (٢) اثر میں موجود ہے کان ابن عمر اذا قدم مكة فاراد ان يقيم خمس عشرة ليلة سرح ظهره فاتم الصلوة (مصنف بن عبد الرزاق، باب الرجل یخرج فی وقت الصلوۃ، ج ثانی ص ٣٥٢ نمبر ٤٣٥٥) اس اثر میں صرف مکہ میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کی ہے تب اتمام کیا ہے (٣) عن ابن عمر انه كان يقيم بمكة فاذا خرج الى منى قصر. (مصنف ابن ابی شیبۃ ٣٧ باب فی اہل مکۃ یقصرون الی منی ج ثانی ص ٢٠٨، نمبر ٨١٨٣) اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ دو جگہ پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت کی ہو تو اتمام نہیں کرے گا قصر ہی کرتا رہے گا۔ کیونکہ ایک جگہ پندرہ دن نہیں ہوئے۔ اس حدیث میں بھی اس کا اشارہ ہے (٤) عن عبد الله بن عمر قال صليت مع النبي ﷺ بمنى ركعتين و ابى بكر و عمر و مع عثمان صدرا من امارته ثم اتمها. (بخاری شریف، باب الصلوۃ بمنی ص ١٤٧ نمبر ١٠٨٢ مسلم شریف، باب قصر الصلوۃ بمنی، ص ٢٨١، نمبر ١٥٩٠/٦٩٤) اس حدیث میں ہے کہ منی میں ٹھہرتے تو دو رکعت نماز پڑھتے تھے، اسکی ایک وجہ یہ ہو سکتی ہے کہ منی میں رات گزارنے کی وجہ سے مکہ مکرمہ میں پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت باقی نہیں رہی جسکی وجہ سے وہ مقیم شمار نہیں ہوا بلکہ مسافر ہی رہا اسلئے منی میں اتمام نہیں فرمایا بلکہ مسافرت کی نماز دو رکعت پڑھی۔ اس حدیث کے اشارے سے معلوم ہوا کہ دو جگہ رات گزارنے کی نیت کی ہو تو چونکہ ایک جگہ پندرہ دن تک رات گزارنے کی نیت نہیں ہوئی اسلئے وہ دو رکعت ہی نماز پڑھے گا۔

**ترجمه**: ١ اسلئے کہ دو جگہ میں ٹھہرنے سے نیت کے اعتبار کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ بہت سی جگہ میں بھی ٹھہرنے کا اعتبار کیا جائے، حالانکہ وہ ممتنع ہے اسلئے کہ سفر ٹھہرنے سے خالی نہیں ہوتا۔ مگر جبکہ رات میں دونوں جگہوں میں سے کسی ایک میں ٹھہرنے کی

**(۶۰۴) ومن فاتته صلوٰة فی السفر قضاها فی الحضر رکعتین ومن فاتته فی الحضر قضاها فی السفر اربعًا ﴾ ۱؎ لان القضاء بحسب الاداء.**

نیت کرے تو وہاں داخل ہونے سے مقیم ہو جائے گا اسلئے کہ انسان کی اقامت رات گزارنے کی طرف منسوب کیا جاتا ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔ اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ اگر دو جگہ ملا کر پندرہ دن ٹھہرے پھر بھی اسکو مقیم شمار کیا جائے تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ سفر کے درمیان بہت سی جگہ ٹھہرتا جائے اور سب کو ملا کر پندرہ دن ہو جائے تب بھی اسکو مقیم شمار کر دیا جائے ، حالانکہ ایسا نہیں ہے اسلئے دو جگہ پر ٹھہرنے کو ملا کر پندرہ دن ہو جائے تب بھی مقیم شمار نہ کیا جائے۔ اسلئے کہ سفر کے دوران تھوڑا تھوڑا تو ٹھہرنا تو ہوتا ہی ہے ان سب کو ملا کر پندرہ دن ہو جائے تو کسی کے یہاں بھی اس سے مقیم نہیں ہوگا۔ اسلئے دو جگہ رات گزار کر پندرہ دن ٹھہرنے کی نیت ہو تو اس سے مقیم نہیں ہوگا البتہ اگر دونوں میں سے ایک جگہ رات گزارنے کی نیت کر لے تو اس سے مقیم ہو جائے گا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ رات گزارنا اصل ہے کیونکہ رات جہاں گزارتا ہے انسان کی اقامت کی جگہ اسی کی طرف منسوب کی جاتی ہے، اسلئے پندرہ راتیں ایک جگہ گزارنے کی نیت کر لے تو اس سے مقیم بن جائے گا۔

**لغت** : **فیصیر مقیما بدخوله** : اس عبارت سے یہ اشارہ کرنا چاہتے ہیں کہ دو جگہوں میں جس میں رات گزارنے کی نیت کی ہے مثلا مکہ مکرمہ میں پندرہ راتیں گزارنے کی نیت کی ہے تو اگر پہلے منی میں داخل ہوا تو ابھی مقیم نہیں ہوگا کیونکہ دن گزارنے کا اعتبار نہیں ہے، اور مکہ مکرمہ میں داخل ہوتے ہی مقیم ہو جائے گا، کیونکہ وہاں رات گزارنی ہے۔ المرء: انسان۔ مبیتہ: بیت سے مشتق ہے، رات گزارنا۔

**ترجمہ**: (۶۰۴) کسی کی سفر میں نماز فوت ہوگئی ہو اور اسکو حضر میں ادا کرنا چاہے تو دو رکعت ہی ادا کرے۔ اور کسی کی حضر میں نماز فوت ہوئی ہو اور اسکو سفر میں ادا کرنا چاہے تو چار رکعت قضاء کرے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ قضاء اداء کے مطابق ہوتا ہے۔

**تشریح** : کسی آدمی کی نماز سفر میں قضاء ہوگئی ہو، مثلا ظہر کی نماز سفر میں فوت ہوگئی جو دو رکعت تھی اب اسکو گھر پر آ کر ادا کرنا چاہے تو دو رکعت ہی ادا کرے، چار رکعت ادا نہ کرے ۔ اسی طرح گھر پر رہتے ہوئے ظہر کی چار رکعت فوت ہوگئی اور اسکو سفر میں ادا کرنا چاہے تو چار رکعت ہی ادا کرے دو رکعت ادا نہ کرے۔

**وجہ** : (۱) اصل قاعدہ یہ ہے کہ جس وقت میں فوت ہوئی ہے اور جس انداز سے فوت ہوئی ہے اسی انداز سے نماز کی رکعت قضاء کرنا واجب ہوگا۔ مثلا سفر میں ظہر کی نماز دو رکعت واجب ہوئی تو اسکو گھر پر ادا کرے تو دو رکعت ہی ادا کرے کیوں کہ سفر میں دو رکعت ہی واجب ہوئی ہے۔ اسی طرح گھر پر ظہر کی نماز فوت ہوئی تو چار رکعت فوت ہوئی اسلئے اسکو سفر میں ادا کرنا چاہے تو چار رکعت ہی

۲؎ والمعتبر فی ذلک اخر الوقت لانه المعتبر فی السببیة عندعدم الاداء فی الوقت

(۶۰۵) والعاصی والمطیع فی سفره فی الرخصة سواء ﴾ ۱؎ وقال الشافعیؒ سفر المعصیة لایفید الرخصة لانها تثبت تخفیفا فلا تتعلق بما یوجب التغلیظ.

اداء کرے کیونکہ چار رکعت ہی واجب ہوئی ہے۔ (۲) اثر میں ہے۔عن الثوری قال : من نسی صلوة فی الحضر فذکر فی السفر صلی أربعا ، و ان نسی صلوة فی السفر ذکر فی الحضر صلی رکعتین ۔(مصنف عبدالرزاق، باب من نسی صلوة الحضر ، ج ثانی، ص ۳۵۸، نمبر ۴۴۰۰) اس اثر میں ہے کہ حضر کی نماز سفر میں اداء کرنا چاہے تو چار رکعت اداء کرے، اور سفر کی نماز حضر میں اداء کرنا چاہے تو دو رکعت اداء کرے

**ترجمه**: ۲؎ اگر وقت میں اداء نہ کیا ہو تو سبب ہونے میں آخری وقت کا اعتبار ہے۔

**تشریح**: اگر وقت میں اداء نہ کیا ہو تو قضاء کا سبب اسکا آخری وقت ہے۔یعنی آخری وقت میں وہ آدمی کیا ہے اسکا اعتبار ہے، پس اگر آخری وقت میں وہ آدمی مسافر ہے تو مسافرت کی نماز واجب ہوگی، اور اگر آخری وقت میں مقیم ہے تو اس پر مقیم کی نماز واجب ہوگی۔

**ترجمه**: (۶۰۵) نافرمان اور فرماں بردار سفر میں رخصت کے سلسلے میں برابر ہیں۔

**تشریح** جو رخصت اور سہولت فرماں بردار کو ملے گی وہی رخصت اور سہولت نافرمان کو بھی ملے گی۔

**وجه**: (۱) احادیث میں سہولت کے بارے میں فرماں بردار اور نافرمان کا فرق نہیں ہے۔اس لئے دونوں کو برابر سہولت ملے گی۔ (۲) و اذا ضربتم فی الارض فلیس علیکم جناح أن تقصروا من الصلوة ان خفتم أن یفتنکم الذین کفروا ( سورۃ النساء ۴، آیت ۱۰۱) اس آیت میں قصر کرنے کا حکم ہے اور فرماں بردار اور گنہگار میں کوئی فرق نہیں ہے اسلئے دونوں کو یہ سہولت ملے گی۔(۳) عن ابن عباس قال : ان الله فرض علی لسان نبیکم ﷺ علی المسافر رکعتین ، و علی المقیم أربعا ، و فی الخوف رکعة . (مسلم شریف، باب صلوۃ المسافرین وقصرھا، ص ۲۸۰، نمبر ۶۸۷/۱۵۷۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسافر کے اوپر دو رکعت ہی فرض ہے۔اور عاصی اور غیر عاصی میں کوئی فرق نہیں ہے اسلئے دونوں کو یہ سہولت ملے گی۔

**ترجمه**: ۱؎ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ گناہ کے سفر والے کو سہولت نہیں ملے گی، اسلئے کہ رخصت تخفیف کو واجب کرتی ہے اسلئے ایسی چیز سے متعلق نہیں ہوگی جو تغلیظ اور سختی کو واجب کرتی ہو۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ سفر میں سہولت کا مطلب یہ ہے کہ مسافر پر تخفیف ہو اور گنہگار مسافر پر تخفیف کے بجائے سختی اور عذاب ہونا چاہئے اسلئے تخفیف اس سے الٹا ہے اسلئے اسکو تخفیف اور سہولت سے استفادہ کرنے کا موقع نہیں دینا چاہئے اسلئے گنہگار

۲ ولنا اطلاق النصوص ۳ ولان نفس السفر ليس بمعصية وانما المعصية ما يكون بعده اويجاوره فصلح متعلق الرخصة والله اعلم.

مسافرکودورکعت نماز پڑھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

**اصول**: ان کے یہاں معصیت نعمت کا سبب نہیں بن سکتی ہے۔اور چونکہ سفر معصیت کا ہے اس لئے سہولت کا سبب نہیں بنے گا۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل نص کا مطلق ہونا ہے۔

**تشریح**: ہماری دلیل یہ ہے کہ احادیث اور آیت میں یہ فرق نہیں ہے کہ فرماں بردار کو سہولت ملے گی اور نافرمان کو سہولت نہیں ملے گی اسلئے نص کے مطلق ہونے کی وجہ سے سب کو سہولت ملے گی۔

**ترجمہ**: ۳ نفس سفر میں معصیت نہیں ہے، معصیت تو اسکے بعد ہے، یا معصیت سفر کے ساتھ ہی ملا ہوتا ہے اسلئے رخصت کے متعلق ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

**تشریح**: فرماتے ہیں کہ خود سفر میں کوئی گناہ نہیں ہے، گناہ تو سفر کے ختم ہونے کے بعد کرتا ہے جیسے ڈاکہ زنی سفر کرنے کے بعد کرتا ہے، اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ سفر کے ساتھ ہی گناہ ہوتا رہتا ہے، جیسے کوئی غلام بھاگ رہا ہو تو سفر کے ساتھ ہی بھاگنے کا گناہ ہوتا رہتا ہے، تاہم خود سفر میں کوئی گناہ نہیں ہے گناہ کرنا سفر سے الگ چیز ہے، اور سہولت خود سفر سے ملتی ہے اسلئے گناہگار اور غیر گنہگار دونوں کو سفر کی سہولت ملے گی۔

## ﴿باب صلوٰة الجمعة﴾

(٢٠٦) لاتصح الجمعة الا فی مصر جامع اوفی مصلی المصر ولا تجوز فی القرٰی﴾

## ﴿ باب صلوٰة الجمعة ﴾

**ضروری نوٹ:** جمعہ اہل شہر پر واجب ہے اور پہلی مرتبہ اس کو مدینہ میں قائم کیا تھا۔ اس کا ثبوت اس آیت سے ہے یا ایھا الذین آمنوا اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ وذروا البیع ۔ (آیت ۹ سورۃ الجمعۃ ۶۲) اس آیت سے جمعہ کا ثبوت ہوتا ہے۔ جمعہ کا ثبوت اس حدیث میں ہے۔ أن عبد اللہ بن عمر و أبا ھریرۃ حدثاہ أنھما سمعا رسول اللہ ﷺ یقول : علی أعواد منبرہ (( لینتھین أقوام عن دعھم الجمعات ، أو لیختمن اللہ علی قلوبھم ، ثم لیکونن من الغافلین ۔ (مسلم شریف، باب التغلیظ فی ترک الجمعۃ، ص ۳۴۷، نمبر ۲۰۰۲/۸۶۵) اس حدیث میں ہے کہ جمعہ پڑھنا بہت ضروری ہے۔

اس باب میں جمعہ فرض ہونے کی بارہ شرطیں بیان کی جارہی ہیں۔ ان میں سے چھ شرطیں ایسی ہیں جو نمازی کے اندر پایا جانا ضروری ہے

### ﴿ وہ چھ شرطیں یہ ہیں ﴾

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) | آزاد ہو۔ غلام پر جمعہ واجب نہیں ہے | (۴) | تندرست ہو۔ بہت بیمار پر جمعہ واجب نہیں ہے |
| (۲) | مرد ہو۔ عورت پر جمعہ واجب نہیں ہے | (۵) | پاؤں سلامت ہو۔ بہت لنگڑے پر جمعہ واجب نہیں ہے |
| (۳) | مقیم ہو۔ مسافر پر جمعہ واجب نہیں ہے | (۶) | آنکھ سالم ہو۔ اندھے پر جمعہ واجب نہیں ہے |

### ﴿چھ شرطیں ایسی ہیں جو نمازی کی ذات سے نہیں ہیں، بلکہ اس سے باہر ہیں﴾

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) | شہر ہو۔ دیہات میں جمعہ جائز نہیں ہے | (۴) | وقت ظہر ہو۔ بغیر وقت ظہر کے جمعہ جائز نہیں ہے |
| (۲) | جماعت ہو۔ تنہا جمعہ جائز نہیں ہے | (۵) | خطبہ ہو۔ بغیر خطبہ کے جمعہ جائز نہیں ہے۔ |
| (۳) | سلطان ہو، یا اسکا نائب ہو۔ بغیر سلطان کے جمعہ نہیں | (۶) | عام اجازت۔ بغیر اذن عام کے جمعہ جائز نہیں ہے |

**ترجمہ:** (۲۰۶) جمعہ صحیح نہیں ہے مگر شہر کی جامع مسجد میں یا شہر کی عیدگاہ میں۔ اور نہیں جائز ہے گاؤں میں۔

**تشریح:** جمعہ جمعیت سے مشتق ہے اس لئے اس کے لئے شرط یہ ہے شہر کی جامع مسجد ہو یا فناء شہر ہو۔ مصلی سے عیدگاہ یا فناء شہر

مراد ہے۔مصر جامع کا دوسرا ترجمہ ہے بڑے شہر میں، گاؤں میں نہیں۔اور حنفیہ کے نزدیک گاؤں میں جمعہ جائز نہیں ہے۔

**وجه:** (۱) حضرت علی سے اثر ہے۔ عن علی قال لا جمعة و لا تشريق الا فی مصر جامع ، و کان يعد الامصار البصرة و الكوفة و المدينة و البحرين (مصنف عبد الرزاق، باب القری الصغار ج ثالث ص ۱۷۰ نمبر ۵۱۹۱ مصنف ابن ابی شيبة ۴۳۳۱ من قال لا جمعة ولا تشريق الا فی مصر جامع، ج اول، ص ۴۳۹، نمبر ۵۰۵۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بڑے شہر میں جمعہ جائز ہے (۲) اس کی تائید اس بات سے بھی ہوتی ہے کہ مدینہ کے قرب وجوار میں بہت سے گاؤں تھے جس کو عوالی کہتے ہیں وہاں جمعہ نہیں پڑھتے تھے۔ بلکہ وہاں کے لوگ مدینہ آتے اور مسجد نبوی میں نماز پڑھتے تھے۔اور اگر گاؤں میں جمعہ جائز ہوتا تو عوالی میں کیوں جمعہ نہیں پڑھتے تھے۔ کیوں دھوپ اور گرمی میں مشقت برداشت کر کے لوگ مدینہ طیبہ آتے۔حدیث میں ہے عن عائشة زوج النبی ﷺ قالت كان الناس ينتابون الجمعة من منازلهم و العوالی فيأتون فی الغبار فيصيبهم الغبار و العرق (بخاری شریف، باب من این توتی الجمعة وعلی من تجب ص ۱۲۳ نمبر ۹۰۲ ر ابو داؤد شریف، باب من تجب علیہ الجمعة ص ۱۵۸ نمبر ۱۰۵۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عوالی کے گاؤں میں جمعہ نہیں ہوتا تھا۔صرف مدینہ جیسے شہر میں جمعہ ہوتا تھا (۳) مدینہ طیبہ کے بعد پہلی مرتبہ جواثی جیسے قلعہ میں نماز جمعہ ہوئی ہے۔حدیث میں ہے عن ابن عباس قال ان اول جمعة جمعت بعد جمعة فی مسجد رسول الله ﷺ فی مسجد عبد القيس بجواثی من البحرين. (بخاری شریف، باب الجمعة فی القری والمدن ص ۱۲۲ نمبر ۸۹۲ ر ابو داؤد شریف، باب الجمعة فی القری ص ۱۶۰ نمبر ۱۰۶۸) اس اثر میں ہے کہ مسجد عبد القیس میں مدینہ کے بعد پہلی مرتبہ جمعہ ہوا ہے جو بحرین میں تھی۔اگر گاؤں میں جمعہ جائز ہوتا تو بحرین کے فتح سے پہلے کتنے گاؤں فتح ہو گئے تھے ان میں جمعہ کیوں نہیں ہوا۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ شہر میں جمعہ جائز ہے گاؤں میں جائز نہیں ہے۔

**نوٹ:** جواثی کے بارے میں لوگ کہتے ہیں کہ وہ ایک قلعہ کا نام ہے اور وہاں شہر تھا۔

**فائدہ:** پانچ قسم کی بستیاں ہوتی ہیں [۱] خیمے والے، جو پانی کی تلاش میں صحراؤں میں ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوتے رہتے ہیں۔ان خیموں میں کسی امام کے یہاں جمعہ جائز نہیں ہے۔[۲] دوسری صورت یہ ہے کہ اینٹ پتھر کے مکانات تو ہوں لیکن مجتمع نہ ہوں بکھرے ہوئے ہوں، ایک مکان یہاں ہے تو دوسرا مکان کافی دوری پر ہے۔ان میں بھی کسی کے یہاں جمعہ جائز نہیں ہے۔[۳] تیسری صورت یہ ہے کہ اینٹ پتھر کے مکانات ہوں جسکی وجہ سے انکے رہنے والے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل نہ ہو سکتے ہوں اور آبادی مجتمع ہو بکھری ہوئی نہ ہو، پس اگر وہاں چالیس آدمی ہو تو امام شافعیؒ کے نزدیک جمع جائز ہے۔موسوعہ کی عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ : سمعت عددا من أصحابنا يقولون : تجب الجمعة علی أهل دار مقام اذا كانوا أربعين رجلا ، و كانوا أهل قرية ۔ (موسوعة امام شافعیؒ، باب العدد الذین اذا کانوا فی قریة وجبت علیهم الجمعة، ج ثالث، ص ۱۴۱، نمبر ۱۹۷۴) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ چالیس آدمی ہو تو وہ جمعہ قائم کرے۔ اور لوگوں کے مکانات مجتمع ہوں اسکی دلیل یہ اثر ہے۔

عن عمر و بن دینار قال : سمعنا ان لا جمعة الا فی قریة جامعة . (مصنف عبد الرزاق، باب القری الصغار، ج ثالث، ص ۱۷۰، نمبر ۵۱۹۷) یہاں قریۃ جامعۃ سے مراد یہ ہے کہ گاؤں کے گھر صحرائی لوگوں کی طرح بکھرے ہوئے نہ ہوں بلکہ دیہات کے گھروں کی طرح مجتمع ہوں۔ تو اس میں جمعہ جائز ہے۔۔ اور امام ابو حنیفہؒ کے یہاں اس میں جمعہ جائز نہیں ہے۔[۴] چوتھی صورت یہ ہے کہ شہر تو نہ ہو لیکن بڑی بستی ہو جسکو قصبہ کہتے ہیں حنفیہ کے یہاں اس میں جمعہ جائز نہیں ہے۔۔ البتہ آج کل اس میں جمعہ قائم کرنے کا فتوی دیتے ہیں، ایک تو اگلی حدیث کی بناء پر، اور دوسری بات یہ ہے کہ دیہات کے لوگ جمعہ اور عیدین کے علاوہ کچھ پڑھتے ہی نہیں ہیں، اب اگر جمعہ بھی پڑھنے کی گنجائش نہ دی جائے تو ان میں اسلام کا کوئی شعار باقی نہیں رہے گا، پھر دوسری بات یہ ہے کہ یہ لوگ جمعہ پڑھنے پر اصرار کرتے ہیں اسلئے قصبے میں جمعہ پڑھنے کا فتوی حنفی حضرات بھی دیتے ہیں۔۔ ہمارے جھارکھنڈ کے دیہات میں اسی پر عمل ہے۔[۵] پانچویں صورت یہ ہے کہ وہ شہر ہے، تو اس میں بالاتفاق جمعہ جائز ہے۔

**وجه** : امام شافعیؒ اور دیگر ائمہ کے نزدیک گاؤں میں جمعہ جائز ہے جہاں چالیس آدمی نماز پڑھنے والے ہوں۔(۱) ان کی دلیل ابو داؤد کی یہ حدیث ہے عن ابن عباس قال ان اول جمعة جمعت فی الاسلام بعد جمعة جمعت فی مسجد رسول الله ﷺ بالمدینة لجمعة جمعت بجواثی قریة من قری البحرین قال عثمان قریة من قری عبد القیس ۔(ابو داؤد شریف، باب الجمعۃ فی القری ص ۱۶۰ نمبر ۱۰۶۸ / بخاری شریف، باب وفد عبد القیس، ص ۷۴۱، نمبر ۴۳۷۱) اس حدیث میں ہے کہ جواثی بحرین کے گاؤں کا نام ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ گاؤں میں جمعہ جائز ہے۔(۲) حدثنی عبد الرحمن بن کعب بن مالک ..... فلما سمع الاذان بالجمعة استغفر له فقلت : یا أبتاه أرأیت استغفارک لأسعد بن زرارة کلما سمعت الأذان بالجمعة فقال : أی بنی کان اسعد أول من جمع بنا فی المدینة قبل مقدم رسول الله ﷺ فی هزم من حرة بنی بیاضة فی نقیع یقال له الخضمات ، قلت و کم أنتم یومئذ قال : أربعون رجلا . (سنن بیہقی، باب العدد الذین اذا کانوا فی قریۃ وجبت علیھم الجمعۃ، ج ثالث، ص ۲۵۲، نمبر ۵۶۰۵) اس حدیث میں ہے کہ مدینے میں پہلا جمعہ ہوا تو کل چالیس آدمی تھے۔(۳) ان کی دلیل یہ حدیث بھی ہے عن ام عبد الله الدوسیة قالت سمعت رسول الله ﷺ یقول الجمعة واجبة علی اهل کل قریة وان لم یکونوا الا ثلاثة ورابعهم امامهم. (دار قطنی، باب الجمعۃ علی اہل القریۃ ج ثانی ص ۷ نمبر ۱۵۷۸ / سنن بیہقی، باب العدد الذین اذا کانوا فی قریۃ وجبت علیھم الجمعۃ، ج ثالث، ص ۲۵۵، نمبر ۵۶۱۶) اس حدیث میں ہے کہ گاؤں میں جمعہ واجب ہے چاہے اس گاؤں میں چار ہی آدمی کیوں نہ ہو (۴) عن ابی امامة ان النبی ﷺ قال علی الخمسین جمعة لیس فیما دون ذلک (دار قطنی، ذکر العدد فی الجمعۃ ج ثانی ص ۴ نمبر ۱۵۶۴ / ابو داؤد شریف، باب الجمعۃ فی القری ص ۱۶۰ نمبر ۱۰۶۹) اس حدیث میں ہے کہ پچاس آدمی ہو تو جمعہ قائم کر لینا چاہئے۔(۵) حضورؐ نے

۱؎ لقوله عليه السلام لا جمعة ولا تشريق ولافطر ولا اضحى الافى مصر جامع ۲؎ والمصر الجامع كل موضع له امير وقاض يُنفِّذ الاحكام ويقيم الحدود ۳؎ وهذا عن ابى يوسفؒ وعنده انهم اذا اجتمعوا فى اكبر مساجدهم لم يسعهم

جب مصعب ابن عمیرؓ کو مدینہ بھیجا تو اس وقت وہاں نماز پڑھنے والے کل بارہ آدمی تھے اور انہیں کو جمعہ کی نماز پڑھائی، عبارت یہ ہے۔ و يذكر عن الزهرى أن مصعب ابن عميرؓ حين بعثه النبى ﷺ الى المدينة جمع بهم و هم اثنا عشرة رجلا ۔ (سنن بیہقی، باب العدد الذین اذا کانوا فی قریۃ وجبت علیہم الجمعۃ، ج ثالث، ص ۲۵۵، نمبر ۵۶۱۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ خود مدینہ طیبہ میں صرف ۱۲ آدمیوں سے جمعہ قائم کیا گیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ گاؤں میں جمعہ پڑھنا جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ جمعہ، اور تکبیر تشریق، اور عید الفطر، اور عید الاضحیٰ جائز نہیں ہے مگر شہر جامع میں۔

**تشریح**: تلاش سے معلوم ہوا کہ یہ حضرت علیؓ کا قول ہے۔ قال علیؓ : لا جمعة و لا تشريق و لا صلوة فطر و لا اضحى الا فى مصر جامع أو مدينة عظيمة ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۴۳۱ من قال لاجمعۃ ولاتشریق الا فی مصر جامع، ج اول، ص ۴۳۹، نمبر ۵۰۵۹ / مصنف عبد الرزاق، باب القری الصغار، ج ثالث، ص ۷۰، نمبر ۵۱۹۱) اس اثر میں ہے کہ جمعہ اور تکبیر تشریق شہر کے علاوہ میں جائز نہیں ہے۔ اس اثر کا ایک ترجمہ یہ بھی کیا گیا ہے کہ جمعہ جائز نہیں ہے مگر شہر کی جامع مسجد میں۔

**ترجمہ**: ۲؎ مصر جامع ہر وہ شہر ہے جس میں امیر ہو اور قاضی ہو جو احکام کو نافذ کرتا ہو، اور حدود قائم کرتا ہو، یہ روایت حضرت امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے۔

**تشریح**: مصر جامع [بڑا شہر] کی دو تعریفیں یہاں بیان کی ہیں۔ ایک یہ ہے کہ ایسے شہر کو مصر جامع کہتے ہیں جس میں امیر ہو اور قاضی ہو جو احکام نافذ کرتے ہوں اور مجرم پر حدود اور قصاص جاری کرتے ہوں۔ حضرت امام ابو یوسفؒ سے ایک تعریف یہ مروی ہے۔ اور اسی کو حضرت امام کرخیؒ نے اختیار کیا ہے۔

**وجہ**: اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ قلت لعطاء ماالقرية الجامعة قال ذات الجماعة والامير و القصاص والدور المجتمعة غير المفترقة الآخذ بعضها ببعض كهيئة جده ۔ (مصنف عبد الرزاق ج ثالث ص ۷۱ نمبر ۵۱۹۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بڑی بستی اس کو کہتے ہیں جس میں امیر ہو، قصاص اور حدود نافذ کئے جاتے ہوں اور گھر قریب قریب ہوں، خیمہ زنوں کی طرح دور دور گھر نہ ہوں۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور حضرت امام ابو یوسفؒ سے ہی دوسری روایت ہے کہ سبھی لوگ وہاں کی مسجدوں میں سے بڑی مسجد میں جمع ہو

ع والاول اختيار الكرخي وهو الظاهر والثاني اختيار الثلجي ۵ والحكم غير مقصور على المصلى بل يجوز في جميع افنية المصر لانها بمنزلته في حوائج اهله (٦٠٧) ويجوز بمنىٰ ان كان الامير امير الحجاز وكان الخليفة مسافرا عند ابي حنيفة وابي يوسف﴾

جائیں تو سب کی گنجائش نہ رہے [تو اسکو مصر جامع یعنی بڑا شہر کہتے ہیں۔]

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ کی دوسری روایت یہ ہے کہ مصر جامع اتنے بڑے شہر کو کہیں گے کہ اس شہر میں یا گاؤں میں جتنے مساجد ہیں ان میں سے بڑی مسجد میں گاؤں کے لوگ جمع ہو جائیں تو مسجد میں سب آدمیوں کی گنجائش نہ رہے اور مسجد بھر کر کچھ آدمی زیادہ ہی ہو جائے تو اس گاؤں کو مصر جامع کہا جائے گا۔

**وجه**: اس تعریف کی وجہ اثر کا اشارہ ہے۔ سمعت عمر بن دينار يقول اذا كان المسجد يجمع فيه الصلوة فلتصل فيه الجمعة مصنف عبدالرزاق، باب القرى اصغار ج ثالث ص ا ۷ نمبر ۵۱۹۸) اس سے معلوم ہوا کہ اگر تمام آدمی جمع ہو کر ایک مسجد میں نماز پڑھتے ہوں تو اس میں جمعہ جائز ہے۔ آج کل حنفیہ کے یہاں اسی تعریف کو مانتے ہیں اور اسی کی بنیاد پر دیہات میں جمعہ کی نماز پڑھتے ہیں

**ترجمه**: ع شہر کی پہلی تعریف کو امام کرخیؒ نے اختیار کیا، اور ظاہر مذہب یہی ہے۔ اور دوسری تعریف کو حضرت ثلجیؒ نے اختیار کیا۔

**تشریح**: اوپر بڑے شہر کی تعریف میں حضرت امام ابو یوسفؒ کی دو روایتیں گزریں۔ ان میں سے پہلی روایت کو امام کرخیؒ نے اختیار فرمایا کہ جہاں امیر اور قاضی ہو اور احکام نافذ کرتا ہو اسکو بڑا شہر کہا جائے گا۔ اور دوسری روایت کو امام ثلجیؒ نے اختیار فرمایا، کہ گاؤں کی سب سے بڑی مسجد میں سب لوگ جمع ہو جائیں تو مسجد بھر جائے تو اسکو بڑا شہر کہا جائے۔ یہ روایت سہولت کے لئے ہے۔

**ترجمه**: ۵ اور حکم عید گاہ پر منحصر نہیں ہے بلکہ شہر کے تمام فناء میں جائز ہے اسلئے کہ وہ شہر والے کی حاجت اصلیہ کے درجے میں ہے۔

**تشریح**: متن میں یہ قید تھی کہ شہر کی عید گاہ میں جمعہ پڑھ سکتا ہے۔ اسکی تشریح فرماتے ہیں کہ عید گاہ کی کوئی تخصیص نہیں ہے بلکہ شہر کے ارد گرد جو مقامات ہیں جن سے شہر والے فائدہ اٹھاتے ہیں، مثلا گھوڑ دوڑ کا میدان، قبرستان، پارک، جانور چرانے کی چراگاہ وغیرہ ان سب میں جمعہ کی نماز اداء کر سکتا ہے، یہ بھی عید گاہ کے درجے میں ہے کیونکہ شہر والے ان مقامات سے بھی فائدہ اٹھاتے ہیں اور اپنی ضرورت پوری کرتے ہیں، اور جمعہ بھی ایک ضرورت ہے اسلئے اسکو بھی فناء شہر میں پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمه**: (٦٠٧) اور منیٰ میں جمعہ جائز ہے اگر حج کا امیر صوبہ حجاز کا امیر ہو، یا خود خلیفہ مسافر ہو، امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ

**(۶۰۸) وقال محمدؒ لا جمعة بمنیٰ﴾ ۱؎ لانها من القری حتی لایُعیّدبها**

کے نزدیک۔

**تشریح** :امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ منی کے قیام کے دوران جمعہ کا دن ہو جائے تو وہاں جمعہ قائم کیا جا سکتا ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ صوبہ حجاز کا امیر موسم حج کا امیر بن کر جمعہ پڑھا رہا ہو۔ یا خود خلیفۃ المسلمین جمعہ کی نماز پڑھا رہا ہو۔

**وجه** : منی میں جمعہ جائز ہونے کی دو وجہ ہے[۱] ایک تو یہ کہ منی میں مکانات بنے ہوئے ہیں، عام صحراء کی طرح نہیں ہے، اور حج کے زمانے میں پورا شہر بن جاتا ہے وہاں دکانیں بھی ہوتیں ہیں اور قاضی اور امیر بھی جمع ہو جاتے ہیں۔ اور شہر میں جمعہ جائز ہے اسلئے منی میں جمعہ جائز ہوگا۔[۲] دوسری وجہ یہ ہے کہ منی مکہ مکرمہ کے فناء میں ہے۔ کیونکہ آیت میں ہے ہدی کعبہ پہنچاؤ حالانکہ وہ ہدی منی میں ذبح کیا جاتا ہے جس سے معلوم ہوا کہ منی مکہ مکرمہ کے فناء میں ہے، اور فناء شہر میں جمعہ جائز ہے اسلئے منی میں بھی جمعہ جائز ہو گا۔ **یحکم به ذوا عدل منکم هدیا بالغا الکعبة** (آیت ۹۵، سورۃ المائدۃ ۵) اس آیت میں ہے کہ ہدی کعبہ پہنچاؤ حالانکہ وہ منی میں ذبح ہوتی ہے جس سے معلوم ہوا کہ منی کعبہ کا فناء شہر ہے اسلئے وہاں جمعہ پڑھنا جائز ہوگا۔

نوٹ:۔ اس وقت تو منی میں اتنے مکانات بن گئے ہیں کہ وہ پورا شہر بن گیا ہے، اور اب تو اسکو حدود مکہ میں داخل کر دیا گیا ہے اسلئے وہاں بلا اختلاف جمعہ جائز ہے۔

اور صوبہ حجاز کے امیر ہونے یا خود خلیفۃ المسلمین ہونے کی شرط متن میں اسلئے ہے کہ آگے آرہا ہے کہ بادشاہ کو جمعہ قائم کرنے کا حق ہے، یا اسکے حکم سے جو نائب بنے اسکو جمعہ قائم کرنے کا حق ہے، دوسرے کو نہیں۔ خلیفہ اپنی مملکت میں جہاں بھی جائے وہ مقیم کی طرح ہے اسلئے کہ اس کے حکم سے دوسرے لوگ جمعہ قائم کرتے ہیں تو جب خلیفہ کے حکم سے دوسرے لوگ جمعہ قائم کرتے ہیں تو خود خلیفہ جہاں جائے انکو جمعہ قائم کرنے کا حق ہوگا۔ اسلئے خلیفہ سفر کر کے منی آیا ہو تو بھی وہ منی میں جمعہ قائم کر سکتا ہے۔ اور اگر مقیم ہو تو بدرجہ اولی جمعہ قائم کر سکتا ہے۔۔ ماتن نے اسی طرف اشارہ کیا ہے کہ خلیفہ مسافر ہو تب بھی جمعہ قائم کر سکتا ہے۔ اسلئے اگر مقیم ہو تو بدرجہ اولی جمعہ قائم کر سکتا ہے۔

**ترجمه** : (۶۰۸) اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ منی میں جمعہ نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۱؎ اسلئے کہ منی گاؤں ہے، اسی لئے وہاں عید کی نماز نہیں پڑھی جاتی۔

تشریح:۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ منی میں جمعہ جائز نہیں ہے، اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ دیہات ہے اور دیہات میں جمعہ جائز نہیں ہے اسلئے منی میں بھی جمعہ جائز نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ وہاں عید الضحی کی نماز نہیں پڑھی جاتی۔ اور وہ امام محمدؒ کے نزدیک فناء مکہ اس لئے نہیں ہے کہ انکے یہاں فناء شہر سے ایک غلوہ تک فناء ہوتا ہے، اس سے زیادہ ہو تو وہ فناء نہیں ہے۔ اور ایک غلوہ چار سو ہاتھ [یعنی دوسو گز] کا ہوتا ہے، اور منی دوسو گز سے زیادہ دوری پر ہے اسلئے وہ فناء مکہ بھی نہیں ہو سکتا کہ مکہ کے شہر ہونے کی وجہ سے اس میں جمعہ جائز ہو

۲ ولهما انها تتمصّرُ فی ایام الموسم ۳ وعدم التعیید للتخفیف ۴ ولا جمعة بعرفات فی قولهم جمیعا لانها فضاء. ۵ وبمنیٰ ابنیةٌ ۶ والتقیید بالخلیفة وامیر الحجاز لان الولایة لهما اما امیر الموسم فیلی امور الحج لاغیر(۶۰۹) ولا یجوز اقامتها الا للسلطان اولمن امره السلطان﴾

جائے۔ابھی تو منی پورا شہر بن گیا۔

**ترجمہ**: ۲ امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ منی حج کے زمانے میں شہر بن جاتا ہے۔

تشریح:۔منی میں جمعہ جائز ہونے کے لئے یہ شیخین کی دلیل ہے کہ حج کے زمانے میں وہاں دکانیں ہوتیں ہیں اور امیر اور قاضی ہو تے ہیں اسلئے منی شہر کی طرح ہو جاتا ہے اسلئے وہاں جمعہ جائز ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: ۳ اور عید نہ منانا تخفیف لئے ہے۔

تشریح:۔یہ امام محمدؒ کو جواب ہے کہ منی کے شہر بننے کی وجہ سے وہاں عید الاضحیٰ بھی پڑھنا چاہئے، لیکن اس سے حاجیوں پر حرج ہوگا اسلئے انکی سہولت کے لئے عید الاضحیٰ نہیں پڑھتے ہیں۔ورنہ شہر بننے کی بناء پر پڑھنا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۴ اور بالاتفاق عرفات میں جمعہ نہیں ہے، اسلئے کہ وہ فضاء ہے۔

**تشریح**: منی میں تو کچھ نہ کچھ مکانات اس زمانے میں بھی تھے، لیکن عرفات میں کچھ بھی مکان نہیں تھا، وہ بالکل چٹیل میدان تھا اور صحراء تھا اسلئے وہاں کسی امام کے یہاں بھی جمعہ جائز نہیں ہے، اور آج بھی تقریبا یہی حال ہے کہ وہ میدان ہے۔

**ترجمہ** ۵ اور منی میں مکانات بنے ہوئے ہیں۔

تشریح:۔منی میں جمعہ جائز ہونے کی دلیل ہے کہ وہ خالی میدان نہیں ہے بلکہ کچھ نہ کچھ مکانات بنے ہوئے ہیں۔اسلئے وہاں جمعہ جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۶ خلیفہ ہونے کی قید، یا حجاز کے امیر ہونے کی اسلئے ہے کہ انکو جمعہ قائم کرنے کا حق ہے، بہر حال موسم حج کا امیر تو وہ صرف حج کے معاملے کی ولایت رکھتا ہے۔

تشریح :۔متن میں یہ تھا کہ حجاز کا امیر یا خلیفۃ المسلمین منی میں جمعہ قائم کر سکتے ہیں۔اسکی وجہ یہ ہے کہ انہیں دونوں کو جمعہ قائم کرنے کا حق ہے اسلئے انہیں دونوں کے بارے میں فرمایا کہ منی میں جمعہ قائم کرے۔اور جو موسم حج میں صرف حج کرانے کے امیر ہوتے ہیں انکو صرف حج کرانے کی ولایت حاصل ہے، جمعہ قائم کرنے کی ولایت حاصل نہیں ہے، اسلئے وہ منی میں جمعہ قائم نہیں کر سکتے۔

**ترجمہ**: (۶۰۹) اور نہیں جائز ہے جمعہ قائم کرنا مگر بادشاہ کے لئے یا جس کو بادشاہ نے حکم دیا ہو۔

**تشریح**: یہاں سے جمعہ واجب ہونے کے شرائط بیان فرمارہے ہیں۔جمعہ بادشاہ یعنی امیر المومنین قائم کرے، یا امیر المومنین

جسکو حکم دے وہ قائم کرے۔ آج کل کے دور میں بہت سے ملکوں میں امیر المؤمنین نہیں ہیں، اسلئے عوام جسکو امیر چن لے وہ شہر، یا قصبہ میں جمعہ قائم کرلے تو جائز ہو جائے گا۔

**وجہ:** (۱) چونکہ جمعہ میں بہت لوگ ہوتے ہیں، ان کو سنبھالنا سب کا کام نہیں ہے اس لئے بادشاہ یا بادشاہ کا مامور جمعہ قائم کرے گا (۲) اثر میں اس کا ثبوت ہے سأل عبد الله بن عمر بن خطاب عن القرى التي بين مكة و المدينة ماترى في الجمعة قال نعم اذا كان عليهم امير فليجمع ۔ (سنن للبیہقی، باب العدد الذین اذا کانوا فی قریۃ وجبت علیہم الجمعۃ، ج ثالث، ص ۲۵۴، نمبر ۵۶۱۳) (۳) کتب عمر بن عبد العزیز الی عدی بن عدی : أیما أهل قرية ليسوا بأهل عمود ينتقلون فأمر عليهم أميرا يجمّع بهم ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۳۳۲، من کان یری الجمعۃ فی القری وغیرھا، ج اول، ص ۴۴۰، نمبر ۵۰۶۹) اس اثر میں ہے کہ امیر ہو یا امیر بنایا گیا ہو تو وہ جمع قائم کرسکتا ہے (۴) عن عمر بن العزیز ... قال لهم حين فرغ من صلوته ان الامام يجمع حيث كان ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الامام تجمع حیث کان ج ثالث ص ۶۶ نمبر ۵۱۶۱ / مصنف ابن ابی شیبۃ، ۳۹۰ باب الامام یکون مسافرا فیمر بالموضع ج ثانی ص ۴۷ ، نمبر ۵۴۹۹) بخاری میں یہ جملہ ہے حدثنا ابو خلدة صلى بنا امير الجمعة (بخاری شریف، باب اذا اشتد الحر یوم الجمعۃ ص ۱۲۴ نمبر ۹۰۶) ان آثار سے معلوم ہوا کہ امیر اور بادشاہ جمعہ قائم کرے۔

**نوٹ:** جہاں امیر اور بادشاہ نہیں ہیں وہاں مسلمان جمع ہو کر جس کو امیر چن لے وہ جمعہ قائم کرائے گا۔ آج کل بہت سے ملکوں میں اسلامی حکومت نہیں ہے اور نہ وہاں امیر اور قاضی ہیں وہاں یہی کرتے ہیں کہ لوگ مسجد کے خطیب سے جمعہ قائم کروا لیتے ہیں۔

**فائدہ:** امام شافعیؒ کی رائے ہے کہ جمعہ قائم کرنے کے لئے امیر، یا بادشاہ، یا اسکے نائب کا ہونا ضروری نہیں ہے کوئی بھی انتظام کرنے والا ذمہ دار یا امام جمعہ قائم کرلے تو جمعہ قائم ہو جائے گا۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے. و الجمعة خلف كل امام صلاها من امير و مأمور و متغلب على بلدة و غير أمير مجزئة ، كما تجزىء الصلوة خلف كل من سلف . (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب من تصلی خلفہ الجمعۃ، ج ثالث، ص ۴۹، نمبر ۲۰۰۸) اس عبارت میں ہے کہ عام آدمی بھی جمعہ قائم کرلے تو جمعہ ہو جائے گا جس طرح اور نماز ہو جاتی ہے۔

**وجہ:** (۱) وہ فرماتے ہیں کہ اثر میں جو امیر کا لفظ ہے اس سے امیر المؤمنین مراد نہیں ہے بلکہ جماعت کا امیر یا امام مراد ہے۔ چنانچہ اثر میں اسکی تشریح موجود ہے۔ عن عمر بن العزیز ... قال لهم حين فرغ من صلوته ان الامام يجمع حيث كان۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الامام تجمع حیث کان ج ثالث ص ۶۶ نمبر ۵۱۶۱ / مصنف ابن ابی شیبۃ، ۳۹۰ باب الامام یکون مسافرا فیمر بالموضع ج ثانی ص ۴۷ ، نمبر ۵۴۹۹) اس اثر میں ہے کہ امام جمعہ قائم کرے جس سے معلوم ہوا کہ اس سے جمعہ کا امام مراد ہے، امیر المؤمنین مراد نہیں ہے (۲) بخاری میں یہ جملہ ہے حدثنا ابو خلدة صلى بنا امير الجمعة (بخاری شریف، باب اذا اشتد

ل لانه تقام بجمع عظيم وقد تقع المنازعة في التقدم و التقديم وقد تقع في غيره فلا بدمنه تتميما لامرها(۲۱۰) ومن شرائطها الوقت فتصح في وقت الظهر و لا تصح بعده ﴿ل لقوله عليه السلام اذا مالت الشمس فصل بالناس الجمعة.

الحر يوم الجمعة ص۱۲۴ نمبر ۹۰۶) اس اثر میں ہے کہ جمعہ کے امیر نے ہمیں جمعہ پڑھایا، جس سے معلوم ہوا کہ جمعہ کا امام جمعہ قائم کرنے کے لئے کافی ہے۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ جمعہ ایک بڑی جماعت کے ساتھ قائم کیا جاتا ہے، اور کبھی آگے بڑھنے میں یا دوسرے کو آگے کرنے میں جھگڑا پڑ سکتا ہے، اور کبھی اور باتوں میں بھی جھگڑا پڑ سکتا ہے اسلئے جمعہ کا کام پورا کرنے کے لئے امیر کا ہونا ضروری ہے۔

**تشریح** :امیر یا انکا نائب ہی جمعہ کیوں قائم کرے اسکی دلیل عقلی ہے۔ کہ جمعہ بڑی جماعت کے ساتھ قائم کیا جاتا ہے، اسلئے خود آگے ہونے میں یا کسی دوسرے بزرگ کو آگے کرنے میں جھگڑا پڑ سکتا ہے، مثلا کوئی کہے کہ فلاں بزرگ کو جمعہ کے لئے آگے کرو، اور دوسرا کہے کہ نہیں فلاں بزرگ کو آگے کرو تو اس میں جھگڑا ہو سکتا ہے، اور اس جھگڑے کو بادشاہ ہی نمٹا سکتے ہیں دوسروں سے تو اور جھگڑا بڑھ جائے گا اسلئے جمعہ قائم کرنے کے لئے بادشاہ، یا انکا نائب ہونا ضروری ہے۔ تا کہ جمعہ کا معاملہ صحیح طور پر پورا ہو جائے۔

**لغت** : التقدم: تفعل سے ہے، خود آگے بڑھنا۔ التقدیم: تفعیل سے ہے، دوسرے کو آگے بڑھانا۔ تتمیم: معاملے کو پورا کرنا۔

**ترجمہ** : (۲۱۰) جمعہ کی شرط میں سے وقت ہونا ہے۔ اس لئے صحیح ہے ظہر کے وقت میں، اور نہیں صحیح ہے وقت کے بعد۔

**ترجمہ** : ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے، کہ جب سورج ڈھل جائے تو لوگوں کو جمعہ پڑھاؤ۔

**تشریح** : جمعہ ظہر کا بدل ہے اسلئے جس وقت میں ظہر کی نماز ہے اسی وقت میں جمعہ کی بھی نماز ہے البتہ جمعہ کو ہمیشہ جلدی پڑھنا بہتر ہے، اور ظہر کا وقت ختم ہو جائے تو اب جمعہ نہ پڑھے ظہر کی قضاء پڑھے ۔

**وجہ** : (۱) صاحب ھدایہ کی پیش کردہ حدیث میں ہے ۔عن انس بن مالک ان رسول الله ﷺ كان يصلى الجمعة حين تميل الشمس (بخاری شریف، باب وقت الجمعة اذ ازالت الشمس ص ۱۲۳ نمبر ۹۰۴ رمسلم شریف، باب فی وقت صلوة الجمعة ص ۲۸۳ نمبر ۸۶۰ / ۱۹۹۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زوال کے بعد جمعہ کی نماز پڑھا کرتے تھے۔ اور یہ وقت ظہر کا ہے اس لئے ظہر کے وقت میں پڑھا جائے گا (۲) عن أنس بن مالک قال : كنا نبكر بالجمعة و نقيل بعد الجمعة ۔ (بخاری شریف، باب وقت الجمعة اذ ازالت الشمس ص ۱۲۳ نمبر ۹۰۵ رمسلم شریف، باب صلاة الجمعة حين تزول الشمس، ص ۳۴۵ نمبر ۸۵۹ / ۱۹۹۱) اس حدیث میں ہے کہ زوال کے فورا بعد جمعہ پڑھا کرتے تھے اور جمعہ کے بعد قیلولہ کرتے تھے ۔ (۳) ۔ظہر کا وقت نکل جائے تو پھر جمعہ نہیں پڑھے گا بلکہ ظہر کی قضا پڑھے گا۔ اثر میں ہے کان الحجاج يؤخر الجمعة

**(٦١١) ولو خرج الوقت وهو فيها استقبل الظهر ﴾ ١ ولا يبنيه عليها لاختلافهما (٦١٢) ومنها الخطبة ﴾**

فكنت انا اصلى وابراهيم و سعيد بن جبير فصليا الظهر ثم نتحدث وهو يخطب ثم نصلى معهم ثم نجعلها نافلة (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۳۸۷ الجمعۃ یؤخرھا الامام حتی یذھب وقتھا، ج اول، ص ۴۷۴، نمبر ۵۴۸۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ ظہر کا وقت ختم ہو جائے تو اب جمعہ نہیں پڑھے بلکہ ظہر کی نماز قضا پڑھے۔

**ترجمہ**: (۶۱۱) اگر ظہر کا وقت نکل گیا اور نمازی جمعہ میں ہے تو شروع سے ظہر پڑھے۔

**ترجمہ**: ١ اور جمعہ پر ظہر کی بناء نہ کرے۔

**تشریح**: نمازی جمعہ پڑھ رہا تھا کہ ظہر کا وقت ختم ہو گیا تو اب جمعہ کا وقت نہیں رہا اسلئے اب ظہر پڑھے گا۔ لیکن کیا شروع سے ظہر کی نیت باندھے گا یا جمعہ کی جو رکعت پڑھ چکا ہے اسی پر ظہر کی بناء کرے گا؟ ماتنؒ فرماتے ہیں کہ جمعہ پر بناء نہ کرے بلکہ شروع سے ظہر کی نیت باندھے

**وجہ**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ جمعہ اور نماز ہے اور ظہر اور نماز ہے دونوں میں اختلاف ہے، مثلا [۱] جمعہ کی رکعتیں دو ہیں اور ظہر کی رکعتیں چار ہیں۔ [۲] ظہر میں قرأت سری ہے اور جمعہ میں جہری ہے۔ [۳] ظہر میں خطبہ نہیں ہے، اور جمعہ میں خطبہ ہے، [۴] ظہر کے لئے جماعت شرط نہیں ہے اور جمعہ کے لئے جماعت شرط ہے، تو چونکہ دونوں میں اختلاف ہے اسلئے جمعہ پر ظہر کی بناء نہ کرے بلکہ شروع سے ظہر کی نیت باندھے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے یہاں جمعہ پر ظہر کی بناء کر سکتا ہے۔ انکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن سعيد بن المسيب و أنس و الحسن قالوا : اذا أدرك من الجمعة ركعة أضاف اليها أخرى فاذا أدركهم جلوسا صلى أربعا۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۳۶۷، من قال یصلی أربعا اذا أدرکھم جلوسا، ج اول، ص ۴۶۲، نمبر ۵۳۴۹) اس اثر میں ہے کہ امام کو جمعہ کی نماز تشہد میں بیٹھے ہوئے پایا تو اس پر ظہر کی بناء کرے گا، جس سے معلوم ہوا کہ جمعہ پر ظہر کی بناء کر سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۶۱۲) جمعہ کی شرائط میں سے نماز سے پہلے خطبہ ہے۔

**وجہ**: (۱) ظہر کی نماز چار رکعتیں ہیں اور جمعہ کی نماز دو رکعتیں ہیں اس لئے دو رکعت کے بدلے میں دو خطبے ہیں۔ اس لئے خطبہ جمعہ کی شرط ہے اسکے لئے یہ اثر ہے۔ عن عطاء بن ابی رباح و غيره و عن سعيد بن جبير قال : كانت الجمعة أربعا فجعلت الخطبة مكان الركعتين ۔ (سنن للبیھقی، باب وجوب الخطبۃ وانہ اذا لم یخطب صلی ظھرا اربعا، ج ثالث، ص ۲۷۸، نمبر ۵۷۰۳) اس اثر میں ہے کہ ظہر کی دو رکعت کے بدلے میں جمعہ کے دو خطبے ہیں۔ (۲) حدیث میں ہے عن ابن عمر

**لـ لان النبی صلی اللہ علیه وسلم ماصلاها بدون الخطبة فی عمره (۶۱۳) وهی قبل الصلوة بعد الزوال﴾ لـ به وردت السنة(۶۱۴) ویخطب خطبتین یفصل بینهما بقعدة﴾ لـ به جری التوارث**

قال کان النبی ﷺ یخطب قائماثم یقعد ثم یقوم کما یفعلون الآن. (بخاری شریف، باب الخطبۃ قائما ص۱۴۵ نمبر۹۲۰ رمسلم شریف، فصل تخطب الخطبتین قائما ص۲۸۳ کتاب الجمعہ نمبر۸۶۱/۱۹۹۴رابوداؤد شریف، باب الخطبۃ قائما ص۱۶۳ نمبر ۱۰۹۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دو خطبے دیں گے اور دونوں کے درمیان امام بیٹھیں گے۔ اگر خطبہ نہیں پڑھا تو ظہر کی نماز پڑھے گا اس کا ثبوت اس اثر میں ہے عن مصعب بن عمیر قال و بلغنا انه لا جمعة الا بخطبة فمن لم یخطب صلی اربعا . (سنن للبیھقی، باب وجوب الخطبۃ وانہ اذا لم یخطب صلی ظہر ا اربعا، ج ثالث، ص ۲۷۸، نمبر ۵۷۰۲ رمصنف عبد الرزاق ،باب الامام لا یخطب یوم الجمعۃ کم صلی، ج ثالث، ص ۱۷۳، نمبر ۵۲۰۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ اگر خطبہ نہیں پڑھا تو ظہر کی چار رکعت پڑھے گا۔

**ترجمه**: لـ اسلئے کہ حضورؐ نے اپنی پوری عمر بغیر خطبہ کے نماز جمعہ نہیں پڑھی۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ کی عبارت اس حدیث کی طرف اشارہ ہے۔ عن الزهری قال : بلغنا أن أول ما جمعتبالمدینة قبل أن یقدمها رسول اللہ ﷺ فجمع بالمسلمین مصعب بن عمیر ، قال : و بلغنا أنه لا جمعة الا بخطبة فمن لم یخطب صلی أربعا . (سنن بیھقی، باب وجوب الخطبہ وانہ اذا لم یخطب صلی ظہر ا اربعا، ج ثالث، ص ۲۷۸، نمبر ۵۷۰۲) اس حدیث مرسل میں ہے کہ خطبہ نہ دے تو ظہر کی نماز پڑھے۔

**ترجمه**: (۶۱۳) خطبہ نماز سے پہلے پڑھے اور زوال کے بعد پڑھے۔

**ترجمه**: لـ حدیث میں ایسا ہی وارد ہوا ہے۔

**تشریح**: حدیث سے یہی ثابت ہے کہ خطبہ سورج کے ڈھلنے کے بعد دے اور نماز سے پہلے دے، عید کی طرح نماز کے بعد نہ دے۔

عن عطاء قال : الخطبة یوم الجمعة قبل الصلوة . (مصنف عبد الرزاق، باب وجوب الخطبۃ، ج ثالث، ص ۱۱۲، نمبر ۵۴۲۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جمعہ کی نماز سے پہلے خطبہ پڑھے۔

**ترجمه**: (۶۱۴) دو خطبہ دے اور دونوں کے درمیان بیٹھ کر فصل کرے۔

**ترجمه**: لـ توارث ایسے ہی جاری ہے۔

**تشریح**: جمعہ کی نماز سے پہلے دو خطبہ دے اور دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھے، اور بیٹھنے کے ذریعہ دونوں خطبوں کے درمیان

(۶۱۵) ويخطب قائما على الطهارة﴾

فصل کرے۔حضورؐ کے زمانے سے آج تک یہی طریقہ چلا آرہا ہے۔

**لغت** :۔توارث: وراثت سے مشتق ہے،حضورؐ کے زمانے سے آج تک علماء جس طرح کررہے ہیں اسکو توارث کہتے ہیں۔

**وجه** :حدیث میں اسکا ثبوت ہے(۱)عن عبد الله بن عمرؓ قال : كان النبی ﷺ يخطب خطبتين يقعد بينهما ۔ (بخاری شریف، باب القعدة بین الخطبتین یوم الجمعۃ ،ص ۱۴۹،نمبر ۹۲۸/مسلم شریف باب ذکر الخطبتین قبل الصلاۃ و ما فیہما من الجلسۃ ،ص ۲۸۳ کتاب الجمعہ نمبر ۱۹۹۴/۸۶۱)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھے۔(۲)عن ابن عمر قال كان النبی ﷺ يخطب قائماثم يقعد ثم يقوم كما يفعلون الآن. (بخاری شریف، باب الخطبۃ قائما ص ۱۲۵ نمبر ۹۲۰/مسلم شریف باب ذکر الخطبتین قبل الصلاۃ و مافیہما من الجلسۃ ،ص ۲۸۳ کتاب الجمعہ نمبر ۱۹۹۴/۸۶۱/ابو داؤد شریف، باب الخطبۃ قائما ص ۱۶۳ نمبر ۱۰۹۴)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دو خطبے دیں گے اور دونوں کے درمیان امام بیٹھیں گے۔

**ترجمه** : (۶۱۵)خطبہ دے گا کھڑے ہوکر طہارت پر۔

**وجه** : (۱)خطبہ کھڑے ہوکر دینے کی دلیل اوپر گزر گئی ہے۔(۲) یہ حدیث بھی ہے عن جابر بن سمرة ان رسول الله كان يخطب قائما ثم يجلس ثم يقوم فيخطب قائما ممن حدثك انه كان يخطب جالسا فقد كذب (ابوداؤد شریف، باب الخطبۃ قائما ص ۱۶۳ نمبر ۱۰۹۳/مسلم شریف باب ذکر الخطبتین قبل الصلاۃ و مافیہما من الجلسۃ ،ص ۲۸۳ کتاب الجمعہ نمبر ۱۹۹۶/۸۶۲)اس سے معلوم ہوا کہ خطبہ کھڑے ہوکر دینا چاہئے۔(۳) آیت میں بھی اسکا اشارہ ہے کہ خطبہ کھڑا ہوکر دے آیت یہ ہے۔ و اذا رأوا تجارة أو لهوا أنفضوا اليها و تركوك قائما . (آیت ۱۱،سورۃ الجمعۃ ۶۲)اس آیت میں ہے کہ حضورؐ کو جمعہ کے وقت کھڑے ہوئے چھوڑ دیا۔جس سے معلوم ہوا کہ خطبہ کھڑا ہوکر دے۔

خطبہ کے لئے غسل بہتر ہے۔ کیونکہ حدیث میں غسل کی تاکید ہے تاہم وضو ضروری ہے۔(۱) کیونکہ خطبہ دو رکعت نماز کے بدلے میں ہے اور اس کے بعد فورا نماز پڑھنا ہے اس لئے خطبہ کے لئے وضو ضروری ہے(۲)سمع عبد الله بن عمر يقول : سمعتُ رسول الله ﷺ يقول : من جاء منكم الجمعة فليغتسل ۔(بخاری شریف، باب ھل علی من لم یشھد الجمعۃ غسل من النساء والصبیان وغیرھم؟،ص ۱۴۴،نمبر ۸۹۴/مسلم شریف، باب وجوب غسل الجمعۃ علی کل بالغ، ص ۳۴۱، نمبر ۱۹۵۷/۸۴۴) اس حدیث میں ہے کہ جمعہ کے لئے غسل کرنا چاہئے۔ (۳)عن ابی سعيد الخدریؓ أن رسول الله ﷺ قال : غسل يوم الجمعة واجب على كل محتلم ۔(بخاری شریف، باب ھل علی من لم یشھد الجمعۃ غسل من النساء والصبیان وغیرھم؟،ص ۱۴۴، نمبر ۸۹۵/مسلم شریف، باب وجوب غسل الجمعۃ علی کل بالغ، ص ۳۴۱، نمبر ۱۹۵۷/۸۴۶)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے لئے غسل کرنا چاہئے۔اور وضو بھی کافی ہوجائے گا اسکے لئے حدیث ہے. عن ابی هريرة قال : قال رسول الله ﷺ من

ل لان القيام فيها متوارث ۲ ثم هي شرط الصلوٰة فيستحب فيها الطهارة كالاذان (۶۱۶) ولو خطب قاعدا اوعلىٰ غيرطهارة ﴾ ل جاز لحصول المقصود(۶۱۷) الا انه يكره ﴾ ل لمخالفة التوارث.

---

توضأ فأحسن الوضوء، ثم أتى الجمعة فاستمع و أنصت غفر له ما بينه و بين الجمعة ۔(مسلم شریف، باب فضل من استمع وانصت فی الخطبۃ ،ص ۳۴۵،نمبر ۱۹۸۸/۸۵۷)اس حدیث میں ہے کہ وضو کرے گا اور جمعہ میں جائے گا تب بھی کافی ہو جائے گا۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ کھڑا ہونا توارث سے آرہا ہے۔

**تشریح** :حضورؐ کے زمانے سے یہ توارث سے آرہا ہے کہ امام کھڑا ہو کر ہی خطبہ دیتے آرہے ہیں۔اصل تو اوپر کی حدیث ہے۔

**ترجمه** : ۲ پھر خطبہ نماز جمعہ کی شرط ہے اسلئے خطبہ میں بھی طہارت مستحب ہے جیسے اذان میں طہارت مستحب ہے۔

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔خطبہ نماز جمعہ کے لئے شرط ہے کہ بغیر خطبہ کے نماز جمعہ درست نہیں ہے،اسلئے جس طرح نماز کے لئے طہارت شرط ہے اس طرح خطبہ کے لئے بھی طہارت شرط ہونا چاہئے،لیکن اگر شرط نہ ہو تو کم سے کم مستحب تو ہونا چاہئے۔جس طرح اذان عام نماز کے لئے ضروری ہے تو اسکے لئے بھی وضو بہتر ہے اور مستحب ہے اسی طرح خطبہ کے لئے بھی طہارت مستحب ہونا چاہئے۔

**ترجمه**(۶۱۶) اور اگر بیٹھ کر خطبہ دیا یا بغیر طہارت کے خطبہ دے دیا تب بھی نماز جائز ہو جائے گی۔

**ترجمه** : ل مقصود حاصل ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : خطبہ نماز کا حصہ تو ہے لیکن نماز بہر حال نہیں ہے اسلئے بغیر طہارت کے خطبہ پڑھ دیا تو نماز ہو جائے گی،اسی طرح بیٹھ کر خطبہ دے دیا تو اچھا تو نہیں کیا لیکن نماز ہو جائے گی۔کیونکہ خطبہ کا مقصد وعظ و نصیحت ہے اور وہ بغیر طہارت کے بھی حاصل ہو جاتی ہے اسلئے خطبہ اداء ہو جائے گا۔ عن طاؤس قال : لم يكن أبو بكر و لا عمر يقعدون على المنبر يوم الجمعة و أول من قعد معاوية . (مصنف ابن ابی شیبۃ من کان یخطب قائما ،ج اول،ص ۴۴۸،نمبر ۵۱۸۰)اس اثر میں ہے کہ حضرت معاویہؓ نے بیٹھ کر خطبہ دیا جس سے معلوم ہوا کہ بیٹھ کر بھی خطبہ ہو جائے گا۔

**ترجمه**: (۶۱۷) مگر بیٹھ کر خطبہ دینا مکروہ ہے۔

**ترجمه** : ل توارث کہ مخالفت کی وجہ سے۔

**تشریح** : بیٹھ کر خطبہ دیا تو خطبہ ہو جائے گا،لیکن یہ حدیث اور سنت کے خلاف ہے اسلئے مکروہ ہے۔یہ حدیث گزر چکی ہے۔عن

۲ وللفصل بينها وبين الصلوة(٦١٨) فان اقتصر على ذكر الله جاز عند ابى حنيفة ﴾

ابن عمر قال كان النبى ﷺ يخطب قائماثم يقعد ثم يقوم كما يفعلون الآن. (بخاری شریف، باب الخطبۃ قائما ص ۱۲۵ نمبر ۹۲۰ر مسلم شریف باب ذکر الخطبتین قبل الصلاۃ و ما فیہما من الجلسۃ، ص ۳۴۸ کتاب الجمعہ نمبر ۱۹۹۴/۸۶۱ر ابو داؤد شریف، باب الخطبۃ قائما ص ۱۶۳ نمبر ۱۰۹۴) اس حدیث میں ہے کہ خطبہ کھڑا ہو کر دے

**ترجمہ**: ۲ اور فصل ہو جائے گا خطبہ اور نماز کے درمیان۔

**تشریح**: اس جملے کا تعلق طہارت سے ہے، اور بغیر وضو کے خطبہ دینا مکروہ ہے اسکی دلیل عقلی ہے۔ یعنی اگر بغیر وضو کے خطبہ دے دیا تو اسکے بعد وضو کرنے جائے گا پھر نماز پڑھائے گا، تو نماز اور خطبہ کے درمیان وضو کرنے کا فصل ہوگا اسلئے بھی بغیر وضو کے خطبہ دینا مکروہ ہے۔

**ترجمہ**: (۶۱۸) پس اگر اللہ تعالی کے ذکر پر اکتفاء کیا تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جائز ہو جائے گا۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ کی رائے ہے کہ خطبہ تو اتنا لمبا ہونا چاہئے جسکو عام عرف میں خطبہ کہتے ہیں، جس میں اللہ تعالی کی تعریف، قرآن کی آیت ہو، حضورؐ پر درود شریف ہو، عام لوگوں کے لئے نصیحت ہو۔ لیکن اگر کسی نے خطبہ کی غرض سے صرف الحمد للہ، کہہ دیا، سبحان اللہ، کہہ دیا تو اس سے خطبہ اداء ہو جائے گا یا نہیں؟ تو امام اعظمؒ فرماتے ہیں کہ اس سے خطبہ اداء ہو جائے گا اور اس سے نماز جائز ہو جائے گی۔

**وجہ**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ قرآن میں خطبہ کو ذکر فرمایا ہے، جسکا مطلب یہ ہوا کہ صرف ذکر سے خطبہ اداء ہو جائے گا۔ آیت یہ ہے۔ يا ايها الذين آمنوا اذا نودى للصلوة من يوم الجمعة فاسعوا الى ذكر الله وذروا البيع۔ (آیت ۹ سورۃ الجمعۃ ۶۲) اس آیت میں فاسعوا الی ذکر اللہ، کہا، اور ذکر اللہ سے یہاں خطبہ مراد ہے جس سے معلوم ہوا کہ صرف اللہ کا ذکر الحمد للہ سے خطبہ اداء ہو جائے گا۔ (۲) حضرت عثمانؓ جب خلیفہ بنائے گئے تو جمعہ کے خطبہ کے لئے اٹھے تو الحمد للہ، کہہ پائے اور کپکپی طاری ہو گئی اور نیچے اتر گئے اور اتنا ہی جملے سے خطبہ ہو گیا، وہاں کبار صحابہ موجود تھے کسی نے یہ نہیں کہا کہ اس سے خطبہ نہیں ہوا جس سے معلوم ہوا کہ صرف الحمد للہ، کہنے سے خطبہ ہو جائے گا۔ (۳) اس حدیث میں بھی اسکا اشارہ ہے۔ قال ابو وائل: خطبنا عمار فأوجز و أبلغ، فلما نزل قلنا: يا أباالیقظان! لقد أبلغت و أوجزت فلو كنت تنفست! فقال انى سمعت رسول الله ﷺ يقول: ان طول صلوة الرجل و قصر خطبته مئنة من فقهه فأطيلوا الصلوة و اقصروا الخطبة، و ان من البيان سحرا۔ (مسلم شریف، باب تخفیف الصلوۃ والخطبۃ، ص ۳۴۹، نمبر ۲۰۰۹/۸۶۹) اس حدیث میں ہے کہ خطبہ مختصر ہو تو بھی وہ خطبہ ہے (۴) عن جابر بن سمرة قال كانت خطبة النبى ﷺ قصدا و صلاته قصدا.

(۶۱۹) وقالا لا بدمن ذكر طويل يسمى خطبة ﴾ ۱ لان الخطبة هى الواجبة والتسبيحة و التحميدة لاتسمى خطبة ۲ وقال الشافعیؒ لايجوز حتى يخطب خطبتين اعتبار اللمتعارف

(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب الخطبۃ تطول اُوتقصر، ج اول، ص ۴۵۰، نمبر ۵۱۹۸) اس حدیث سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ خطبہ مختصر ہو۔ اسکے اشارے سے معلوم ہوتا ہے کہ صرف ذکر سے بھی خطبہ اداء ہو جائے گا (۵) اس کی دلیل یہ حدیث ہے حدثنا شعیب بن رزیق الطائفی ... فقام (رسول الله ﷺ) متوكئا على عصا او قوس فحمد الله و اثنى عليه كلمات خفيفات طيبات مباركات (ابوداؤد شریف، باب الرجل یخطب علی قوس ص ۱۶۳ نمبر ۱۰۹۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آپ کا خطبہ بہت مختصر ہوتا تھا (۲) اثر میں ہے۔ عن الشعبى قال يخطب يوم الجمعة ما قل او كثر (مصنف عبد الرزاق، باب وجوب الخطبۃ ج ثالث ص ۲۲۲ نمبر ۵۴۱۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ کم خطبہ ہو تب بھی کافی ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: (۶۱۹) اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ اتنا لمبا جملہ ہو کہ جسکو خطبہ کا نام دیا جا سکے۔

**تشریح**: صاحبین فرماتے ہیں کہ اتنا لمبا خطبہ ہو جس کو خطبہ کہہ سکیں۔ اس لئے کہ حضورؐ نے عموما اتنا لمبا خطبہ دیا ہے، جس کو خطبہ کہہ سکتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ خطبہ واجب ہے اور تسبیح، یا الحمد للہ کو خطبہ نہیں کہتے۔

**تشریح**: صاحبینؒ کی دلیل ہے کہ نماز جمعہ کے لئے خطبہ واجب ہے تو کم سے کم اتنا لمبا خطبہ ہو کہ اسکو عرف عام میں خطبہ کہا جا سکے، اور صرف سبحان اللہ، یا الحمد للہ کو خطبہ نہیں کہتے اسلئے صرف اتنا کہنے سے خطبہ ادا نہیں ہوگا۔ اور اوپر جو مختصر خطبے کا ذکر تھا اس سے صرف الحمد للہ مراد نہیں ہے بلکہ مختصر خطبہ مراد ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ خطبہ جائز نہیں ہوگا جب تک کہ دو خطبہ نہ دے۔ عام عرف کا اعتبار کرتے ہوئے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ دو خطبے ہوں تب خطبے کی ادائیگی ہوگی۔ موسوعۃ کی عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ ...و اقل ما يقع عليه اسم خطبه من الخطبتين أن يحمد الله تعالى و يصلى على النبى ﷺ و يقرأ شيئا من القرآن فى الاولى، و يحمد الله عز ذكره و يصلى على النبى ﷺ و يوصى بتقوى الله و يدعو فى الآخرة ... فان جعلها خطبتين لم يفصل بينهما بجلوس أعاد خطبته، فان لم يفعل صلى الظهر أربعا. (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب ادب الخطبۃ، ج ثالث، ص ۸۸، نمبر ۲۱۲۰) اس میں ہے کہ دو خطبے دے۔ اور ایک خطبہ دیا تو ظہر کی نماز چار رکعت پڑھے۔

**وجہ**: (۱) اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ حضورؐ نے ہمیشہ دو خطبے دئے ہیں۔ حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن عمرؓ قال: كان النبى ﷺ يخطب خطبتين يقعد بينهما۔ (بخاری شریف، باب القعدۃ بین الخطبتین یوم الجمعۃ، ص ۱۴۹، نمبر ۹۲۸ رمسلم

۳؎ ولـه قولـه تعالىٰ فاسعوا الى ذكر الله من غير فصل ۴؎ وعن عثمانؓ انه قال الحمدلله فارتج عليه فنزل وصلّى. (۶۲۰) ومن شرائطها الجماعة ﴾ ۱؎ لان الجمعة مشتقة منها واقلهم عند ابى حنيفة ثلثة سوى الامام و قالا اثنان سواه ﴾ ۱؎ وقالؒ والاصح ان هذا قول ابى يوسفؒ وحده له ان فى المثنى معنى الاجتماع وهى منبئة عنه

شریف باب ذکر الخطبتین قبل الصلاۃ وما فیھما من الجلسۃ، ص۲۸۳ کتاب الجمعہ نمبر ۱۹۹۴/۸۶۱) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے دو خطبے دئے۔

**ترجمه**: ۳؎ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالی نے، فاسعوا الی ذکر اللہ، بغیر تفصیل کے فرمایا۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالی نے آیت میں خطبہ کو ذکر فرمایا، جس سے معلوم ہوا کہ صرف الحمد للہ جیسے ذکر کرنے سے خطبہ اداء ہو جائے گا۔

**ترجمه**: ۴؎ حضرت عثمانؓ کے بارے میں منقول ہے کہ الحمد للہ، کہا پھر زبان رک گئی تو منبر سے نیچے اترے اور نماز پڑھائی۔

**تشریح**: اس اثر میں ہے کہ حضرت عثمانؓ نے صرف الحمد للہ، کہا تو اس سے خطبہ اداء ہو گیا۔ نوٹ:۔ اسکا مجھے حوالہ نہیں مل سکا۔

**ترجمه**: (۶۲۰) جمعہ کے شرائط میں سے جماعت ہے اور کم سے کم ابوحنیفہ کے نزدیک تین آدمی ہوں امام کے علاوہ۔

**ترجمه**: ۱؎ اسلئے کہ جمعہ جماعت سے مشتق ہے۔ اور کم سے کم امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک امام کے علاوہ تین آدمی ہوں۔

**تشریح**: جمع جماعت سے مشتق ہے، اسلئے جمعہ کی شرط یہ ہے کہ جماعت ہو۔ امام ابوحنیفہؒ کی رائے یہ ہے کہ تین آدمی ہو تب جماعت ہوگی اور صاحبینؒ کی رائے یہ ہے کہ امام کے علاوہ دو آدمی ہو تب بھی جماعت ہو جائے گی اور جمعہ ہو جائے گا۔

**وجه**: امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ام عبد الله الدوسية قالت سمعت رسول الله ﷺ يقول الجمعة واجبة على اهل كل قرية و ان لم يكونوا الا ثلثة ورابعهم امامهم . (دار قطنی، باب الجمعۃ علی اہل قریۃ ج ثانی ص ۷ نمبر ۱۵۷۸) اس حدیث سے معلوم ہو کہ امام کے علاوہ تین آدمی ہوں تب جمعہ ہوگا۔

صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ امام کے علاوہ دو آدمی ہوں۔

**ترجمه**: ۱؎ صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ قول صرف حضرت امام ابو یوسفؒ کا ہے۔ انکی دلیل یہ ہے کہ دو میں بھی اجتماع کا معنی ہے، اور لفظ جمعہ بھی اجتماع کا خبر دیتا ہے۔

**تشریح**: صاحبین فرماتے ہیں کہ امام کے علاوہ دو آدمی ہوں تب بھی جماعت ہو جائے گی اور جمعہ ہو جائے گا۔ صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ صحیح بات یہ ہے کہ یہ قول صاحبینؒ کا نہیں ہے بلکہ صرف حضرت امام ابو یوسفؒ کا قول ہے۔ اور امام محمدؒ کا قول امام ابو

**۲** ولهما ان الجمع الصحيح انما هو الثلث لانه جمع تسمية ومعنى **۳** والجماعة شرط على حدة وكذا الامام فلا يعتبر منهم (۶۲۱) وان نفر الناس قبل ان يركع الامام ويسجد الا النساء والصبيان استقبل الظهر عند ابی حنيفة ﷫

حنیفہؒ کے ساتھ ہے کہ امام کے علاوہ تین آدمی ہوں تب جماعت ہوگی۔

**وجه** : امام ابو یوسفؒ کی دلیل یہ ہے کہ دوسرا آدمی ہوتو پہلے کے ساتھ جمع ہو جائے گا اور جماعت کا معنی ہو جائے گا اور جمعہ جماعت سے مشتق ہے اسلئے دوسرے آدمی کے ساتھ جماعت ہوگئی۔ اسلئے دو آدمی سے بھی جماعت ہو جائے گی، اور جمعہ ہو جائے گا

**لغت** : المثنی : دو آدمی۔ منبئة : خبر دیتا ہے۔

**ترجمه** : **۲** امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ صحیح جمع تین آدمی سے ہوتا ہے اسلئے کہ وہ نام کے اعتبار سے بھی جمع ہے اور معنی کے اعتبار سے بھی جمع ہے۔

**تشریح** : طرفینؒ کی دلیل یہ ہے کہ آیت۔ يا ايها الذين آمنوا اذا نودی للصلوة من يوم الجمعة فاسعوا الى ذكر الله وذروا البيع۔ (آیت ۹ سورۃ الجمعۃ ۶۲) میں فاسعوا، جمع کا صیغہ ہے اور عربی میں جمع کا اطلاق تین پر ہوتا ہے، تین کا عدد نام کے اعتبار سے بھی جمع ہے اور معنی کے اعتبار سے بھی جمع ہے اسلئے امام کے علاوہ تین آدمی ہونا چاہئے۔ عربی میں دو کو تثنیہ کہتے ہیں، صرف وراثت اور وصیت میں مجبوری کے درجے میں دو کو جمع کا درجہ دیا گیا ہے۔

**ترجمه** : **۳** اور جماعت علاحدہ شرط ہے۔ اور اسی طرح امام کا ہونا علاحدہ شرط ہے اسلئے امام کو مقتدیوں میں سے شمار نہیں کیا جائے گا۔

**تشریح** : آیت۔ فاسعوا الی ذکر اللہ میں دو باتیں ذکر کی گئیں ہیں [۱] ایک فاسعوا میں جمع کا صیغہ جس کی وجہ سے تین مقتدی کا ہونا ضروری ہے یہ علاحدہ شرط ہے [۲] اور دوسرا ہے خود ذکر کرنے والا امام جو الگ شرط ہے اسلئے تین مقتدیوں کے علاوہ چوتھا امام کا ہونا ضروری ہے۔ اسلئے ان دونوں کو ملا کر چار آدمی ہو تب جمعہ کی جماعت ہوگی۔ اصل تو اوپر والی حدیث ہے جس میں امام کے علاوہ تین مقتدی ضروری ہے۔

**ترجمه** : (۶۲۱) اگر مقتدی امام کے رکوع اور اسکے سجدے سے پہلے بھاگ جائے سوائے عورتوں اور بچوں کے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک شروع سے ظہر پڑھے۔

**تشریح** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ جمعہ میں جماعت ضروری ہے، اب کہاں تک جماعت ضروری ہے اس بارے میں اختلاف ہے۔ [۱] صاحبینؒ کے یہاں تحریمہ باندھنے تک ضروری ہے۔ یعنی کم سے کم تین آدمی تحریمہ باندھنے تک موجود رہے۔ [۲] امام ابو

**(۶۲۲) وقالا اذا نفروا عنه بعد ما افتتح الصلوٰة صلى الجمعة فان نفروا عنه بعد ما ركع وسجد سجدة بنى على الجمعة**

حنیفہؒ کے یہاں پہلی رکعت کا سجدہ کرنے تک جماعت ضروری ہے۔[۳] اور امام زفرؒ کے یہاں سلام پھیرنے تک جماعت کا باقی رہنا ضروری ہے۔

تشریح مسئلہ یہ ہے۔ کہ امام کے رکوع کرنے اور سجدہ کرنے سے پہلے یعنی ایک رکعت پوری ہونے سے پہلے مرد بھاگ گئے صرف عورتیں یا بچے باقی رہے، یعنی مردوں کی جماعت نہ رہی تو اب امام شروع سے ظہر کی نیت باندھ کر ظہر کی نماز پڑھے گا، جمعہ کی نماز نہیں پڑھے گا۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ امام صاحب کے نزدیک جمعہ پڑھنے کے لئے ایک رکعت پوری ہونے تک مرد کی جماعت باقی رہنا ضروری ہے، اور یہاں رکوع سے پہلے مرد چلے گئے اور کم سے کم تین آدمی بھی باقی نہ رہے اسلئے جماعت نہ رہی اسلئے اب جمعہ نہیں پڑھے گا ظہر پڑھے گا۔ اور پہلے گزر چکا ہے کہ جمعہ کی نماز اور ہے اور ظہر کی نماز الگ ہے، اسلئے جمعہ پر ظہر کی نماز کا بناء نہیں کرسکتا، اسلئے الگ سے ظہر کی نیت باندھے گا۔ (۲) اس حدیث میں ہے۔ عن ابی هريرة قال : أن النبی ﷺ قال : اذا ادرک أحدكم الركعتين من يوم الجمعة فقد أدرک الجمعة و اذا ادرک ركعة فليركع اليها أخرى ، و ان لم يدرک ركعة فليصل أربع ركعات۔ (دار قطنی، باب فیمن یدرک من الجمعۃ رکعۃ اَولم یدرکھا، ج ثانی، ص ۹، نمبر ۱۵۸۶) اس حدیث میں ہے کہ ایک رکعت پائے تو جمعہ پڑھے اور اس سے کم پائے تو چار رکعت ظہر پڑھے۔ (۳) اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ قال عبد الله[بن عمر] : من ادرک ركعة من الجمعة فليصل اليها أخرى و من لم يدرک الركوع فليصل أربعا ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب من قال اذا ادرک رکعۃ من الجمعۃ صلی الیھا اُخری، ج اول، ص ۴۶۱، نمبر ۵۳۳۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ ایک رکعت یعنی رکوع تک ملے تو جمعہ کی نماز پڑھے، اور اس سے کم ملے تو ظہر کی نماز پڑھے۔ (۴) سجدہ سے پہلے ایک رکعت پوری نہیں ہوتی اور جب تک ایک رکعت نہ ہو تو جمعہ کا انعقاد نہیں ہوتا اسلئے ایک رکعت یعنی سجدہ تک تین آدمی رہنا ضروری ہے۔ اور عورتیں اور بچے باقی رہ جائیں تو ان سے جماعت نہیں ہوگی، کیونکہ ان سے جمعہ قائم نہیں ہوتا اسلئے انکی جماعت کا اعتبار نہیں ہے۔

**ترجمه** : (۶۲۲) صاحبینؒ نے فرمایا کہ نماز شروع ہونے کے بعد مرد بھاگے تو جمعہ پڑھے اور اگر رکوع اور ایک سجدہ کے بعد بھاگے تو جمعہ کا بناء کرے

**تشریح** : صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ اگر جمعہ کی نماز سے پہلے تین آدمیوں کی جماعت تھی اور نماز کا تحریمہ باندھنے کے بعد ایک دو مرد رہ گیا تب بھی جمعہ پڑھے۔ اور اگر پہلی رکعت کے سجدہ کرنے تک جماعت رہی تو سب کے نزدیک جمعہ پڑھے، کیونکہ ایک

**ل خلافا لزفرؒ ، هو يقول انه شرط فلا بد من دوامه كالوقت ۲ و لهما ان الجماعة شرط الانعقاد فلا يشترط دوامها كالخطبة ۳ ولابی حنيفة ان الانعقاد بالشروع فی الصلوٰة ولايتم ذٰلك الابتمام الركعة لان مادونها ليس بصلوٰة فلا بدمن دوامها اليها**

رکعت مکمل ہوگئی ہے۔

**وجہ** : انکی دلیل یہ ہے کہ جمعہ کے منعقد ہونے کے لئے جماعت شرط ہے، اور تحریمہ کے بعد جمعہ منعقد ہوگیا اسلئے اسکے بعد جماعت نہ بھی رہے تو جمعہ ہو جائے گا، کیونکہ جمعہ شروع ہو چکا ہے۔ (۲) جس طرح خطبہ جمعہ کے ختم تک رہنا ضروری نہیں بلکہ صرف پہلے پڑھ دینا کافی ہے اسی طرح جماعت جمعہ کے ختم تک رہنا ضروری نہیں صرف جمعہ کے شروع ہونے تک رہنا کافی ہے۔

**ترجمہ** : ل امام زفرؒ اسکے خلاف ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ جماعت شرط ہے اسلئے اسکا اخیر تک رہنا ضروری ہے جیسے کہ وقت۔

**تشریح** : امام زفرؒ کی رائے یہ ہے کہ سلام پھیرنے تک جماعت رہے تب تو جمعہ پڑھے، اور اس سے پہلے مرد بھاگ جائے تو جمعہ کے بجائے ظہر پڑھے۔ انکی دلیل یہ ہے کہ جمعہ کے لئے جماعت شرط ہے، تو جس طرح جمعہ کے لئے وقت شرط ہے تو اسکا آخیر تک رہنا شرط ہے اگر جمعہ کے سلام پھیرنے سے پہلے ظہر کا وقت ختم ہو جائے تو جمعہ کے بجائے ظہر پڑھے گا، اسی طرح جماعت کا سلام پھیرنے تک رہنا ضروری ہے اگر سلام پھیرنے سے پہلے بھی جماعت نہیں رہی تو جمعہ نہیں پڑھے گا ظہر پڑھے گا۔

**ترجمہ** : ۲ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ جماعت جمعہ کے منعقد ہونے کے لئے شرط ہے اسلئے خطبہ کی طرح اسکو آخیر تک رہنا ضروری نہیں۔

**تشریح** : یہ صاحبینؒ کی دلیل ہے۔ کہ جماعت جمعہ کے منعقد ہونے کے لئے شرط ہے، پس جب جمعہ منعقد ہو گیا، یعنی جمعہ شروع ہو گیا تو اب جماعت کی چنداں ضرورت نہیں رہی اسلئے اب جماعت نہ بھی رہی تو جمعہ ہو جائے گا۔ جس طرح خطبہ جمعہ کے لئے شرط ہے، لیکن جب خطبہ پڑھ دیا گیا تو اب اسکی ضرورت نہیں رہی، اسی طرح جمعہ منعقد ہو گیا تو اب جماعت کی ضرورت نہیں رہی۔

**ترجمہ** : ۳ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ جمعہ کا منعقد ہونا نماز میں شروع ہونے سے ہے اور ایک رکعت پوری ہونے سے پہلے انعقاد پورا نہیں ہوتا، اسلئے کہ ایک رکعت سے پہلے نماز ہی نہیں ہے اسلئے ایک رکعت کے پورے ہونے تک جماعت کا دوام ضروری ہے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ یہ بات صحیح ہے کہ جماعت جمعہ کے انعقاد کے لئے ضروری ہے لیکن جب تک ایک رکعت پوری نہ ہو نماز منعقد نہیں ہوتی اسلئے ایک رکعت پوری ہونے تک جماعت رہنی چاہئے۔ اسلئے کہ ایک رکعت سے پہلے گویا کہ نماز نہیں ہے۔

۴ بخلاف الخطبة فانها تنافي الصلوٰة فلا يشترط دوامها ۵ ولا معتبر ببقاء النسوان وكذا الصبيان لانه لاتنعقدبهم الجمعة فلاتتم بهم الجماعة (۶۲۳) ولا تجب الجمعة على مسافرولا امرأة ولا مريض ولا عبدولا اعمى ﴾

**ترجمه**: ۴ بخلاف خطبہ کے اسلئے کہ وہ نماز کے منافی ہے اسلئے اسکا ہمیشہ رہنا شرط نہیں ہے۔

**تشریح**: یہ صاحبین کو جواب ہے۔انہوں نے استدلال کیا تھا کہ جس طرح خطبہ کا جمعہ کے آخیر تک رہنا ضروری نہیں اسی طرح جماعت کا آخیر تک رہنا ضروری نہیں ہے، اسکا جواب دیا جارہا ہے کہ خطبہ نماز کے اندر نہیں پڑھ سکتا ورنہ نماز ہی فاسد ہو جائے گی، اسلئے خطبہ اور نماز کے درمیان تنافی ہے اسلئے نماز کے آخیر تک خطبہ نہیں رہ سکتا، اسکے برخلاف جماعت کا نماز کے ساتھ تنافی نہیں ہے بلکہ وہ شرط ہے اسلئے اسکا نماز کی پہلی رکعت تک رہنا ضروری ہے ۔

**ترجمه**: ۵ عورتوں کے باقی رہنے کا اعتبار نہیں، اسی طرح بچوں کے باقی رہنے کا اعتبار نہیں ہے اسلئے کہ ان سے جمعہ منعقد نہیں ہوتا، اس لئے ان سے جماعت بھی مکمل نہیں ہوگی۔

**تشریح**: متن میں الا النساء و الصبیان : کی تشریح ہے کہ اگر سب مرد رکوع سجدے سے پہلے چلے گئے اور عورتیں اور بچے باقی رہ گئے تو ان سے جماعت نہیں ہوگی اور جمعہ بھی نہیں ہوگا۔اسکی وجہ یہ ہے کہ ان پر جمعہ فرض نہیں ہے، اور نہ ان سے جمعہ منعقد ہوتا ہے اسلئے انکے باقی رہنے سے جماعت نہیں ہوگی اسلئے امام کو جمعہ کے بجائے ظہر پڑھنا ہوگا۔

**ترجمه**: (۶۲۳) جمعہ واجب نہیں ہے مسافر پر، نہ عورت پر، نہ مریض پر، نہ بچے پر، نہ غلام پر، نہ اندھے پر۔

**تشریح**: [۱] مسافر [۲] عورت [۳] بیمار [۴] بچے [۵] غلام [۶] اور اندھے پر جمعہ واجب نہیں ہے، البتہ اگر یہ لوگ جمعہ پڑھ لیں تو اداء ہو جائے گا اور ظہر کی نماز کے بدلے میں جمعہ ہو جائے گا۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے عن طارق بن شهاب عن النبی ﷺ قال الجمعة حق واجب على كل مسلم في جماعة الا اربعة عبد مملوك او امرأة او صبي او مريض (ابو داؤد شریف، باب الجمعة للمملوک والمرأة ص ۱۶۰ نمبر ۱۰۶۷) دار قطنی میں اومسافر کا لفظ بھی ہے (دار قطنی، باب من تجب علیہ الجمعة ج ثانی ص ۳ نمبر ۱۵۶۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مذکورہ لوگوں پر جمعہ واجب نہیں ہے۔ کیونکہ جمعہ کے لئے بعض مرتبہ دور جانا پڑتا ہے جس کے لئے مذکورہ لوگوں کو جانے میں حرج ہوتا ہے۔نابینا کو بھی جانے میں حرج ہے اس لئے اس پر بھی جمعہ واجب نہیں ہے۔(۲) نابینا کے لئے یہ اثر ہے۔ عن الحسن قال ليس على الخائف و لا على العبد يخدم أهله و لا على ولي الجنازة و لا على الاعمى اذا لم يجد قائدا الجمعة ۔(مصنف ابن ابی شیبة، باب من رخص فی ترک الجمعة، ج اول، ص ۴۷۹، نمبر ۵۵۲۹) اس اثر میں ہے کہ نابینا کو مسجد تک

لـ لان المسافر يحرج في الحضور وكذا المريض والاعمىٰ والعبد مشغول بخدمة المولىٰ والمرأة بخدمة الزوج فعذروا دفعاً للحرج والضرر (۶۲۴) فان حضروا فصلوا مع الناس اجزاهم عن فرض الوقت ﴾ لـ لانهم تحملوه فصاروا كالمسافر اذا صام (۶۲۵) ويجوز للمسافر والعبد والمريض ان

لیجانے والا نہ ہوتو اس پر جمعہ نہیں ہے۔

**ترجمه** : لـ اسلئے کہ مسافر کے حاضر ہونے میں اسکو حرج ہے، ایسے ہی بیمار، اور اندھا کو حرج ہے، اور غلام آقا کی خدمت میں مشغول ہے، اور عورت شوہر کی خدمت میں ہے اسلئے حرج اور ضرر کو دور کرنے کے لئے معذور قرار دیے گئے۔

**تشريح** :مسافر سفر کر رہا ہے پس اگر اسکو جمعہ میں حاضر ہونے کے لئے کہا جائے تو سفر میں حرج ہوگا اور نقصان ہوگا اسلئے اس حرج اور نقصان کو دور کرنے کے لئے یہ کہا گیا کہ اس پر جمعہ فرض نہیں ہے۔ یہی حال بیمار کا ہے، یہی حال اندھے کا ہے کہ اسکو جامع مسجد تک جانے میں حرج ہوگا، اسلئے اس پر جمعہ فرض نہیں ہے۔ اور غلام آقا کی خدمت میں مشغول ہے، عورت اپنے شوہر کی خدمت میں مشغول ہے اسلئے جامع مسجد تک جانے میں اسکو حرج ہوگا اسلئے ان پر جمعہ فرض نہیں ہے۔ اسکے لئے حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمه** : (۶۲۴) اگر یہ لوگ حاضر ہوئے اور لوگوں کے ساتھ نماز پڑھی تو ان کو وقتی فرض سے کافی ہو جائے گا۔

**تشريح** : ان لوگوں پر جمعہ واجب نہیں ہے لیکن اگر ان لوگوں نے جمعہ پڑھ لیا تو ظہر ان سے ساقط ہو جائے گی۔

**وجه** : (۱) کیونکہ جمعہ اگر چہ واجب نہیں ہے لیکن ظہر اور جمعہ میں سے ایک ان پر واجب ہے۔ اس لئے اگر جمعہ پڑھ لیا تو ظہر کے بدلے میں ادا ہو جائے گا۔ (۲) یہ اثر ان کی دلیل ہے عن الحسن قال ان جمعن مع الامام اجزأهن من صلوة الامام. (مصنف ابن ابی شیبة ، ۳۴۰ المرأة تشهد الجمعة اتجزیھا صلوة الامام، ص ۴۴۶، نمبر ۵۵۶۱) (۳) عن الزهری قال سألته عن المسافر يمر بقرية فينزل فيها يوم الجمعة قال اذا سمع الاذان فليشهد الجمعة (مصنف عبد الرزاق، باب من تجب علیہ الجمعة ص ۴۷ نمبر ۵۲۱۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ یہ لوگ جمعہ میں حاضر ہو جائے تو ظہر کی ادائیگی ہو جائے گی۔

**ترجمه** : لـ اسلئے کہ انہوں نے اسکو برداشت کر لیا تو ایسا ہو گیا کہ مسافر نے روزہ رکھ لیا۔

**تشريح** : اگر ان معذور لوگوں نے جمعہ پڑھ لیا تو جمعہ کی ادائیگی ہو جائے گی، اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ لوگ مشقت میں نہ پڑے اسلئے ان پر جمعہ واجب نہیں رکھا، لیکن ان لوگوں نے خود ہی جمعہ کی مشقت کو برداشت کر لیا تو اسکے لئے جمعہ جائز ہو گیا، جیسے مسافر رمضان کا روزہ رکھنا فرض نہیں ہے لیکن مشقت برداشت کر کے روزہ رکھ ہی لیا تو روزہ ہو جائے گا، اسی طرح ان لوگوں نے جمعہ پڑھ لیا تو جمعہ ہو جائے گا۔

**ترجمه** : (۶۲۵) غلام، مسافر اور مریض کے لئے جائز ہے کہ وہ جمعہ میں امامت کرے۔

یؤم فی الجمعة﴾ ۱؎ وقال زفرؒ لا یجزیه لانه لافرض علیه فاشبه الصبی والمرأة ۲؎ ولنا ان هذا رخصة فاذا حضروا یقع فرضا علی مابینا ۳؎ اما الصبی فمسلوب الاهلية والمرأة لاتصلح لامامة الرجال ۴؎ وتنعقدبهم الجمعة لانهم صلحوا للامامة فیصلحون للاقتداء بطریق الاولی

**وجہ:** یہ لوگ عاقل بالغ ہیں اور امامت کے قابل ہیں۔ البتہ ان لوگوں کی سہولت کے لئے ان لوگوں پر جمعہ واجب نہیں کیا گیا ہے۔ لیکن مشقت برداشت کر کے جمعہ میں آ گئے اور جمعہ کی امامت بھی کر لی تو امامت صحیح ہو جائے گی۔ البتہ عورت اور بچہ عام نمازوں میں امامت کے قابل نہیں ہیں اس لئے جمعہ کی بھی امامت نہیں کر سکتے۔

**ترجمہ:** ۱؎ حضرت امام زفرؒ نے فرمایا کہ ان لوگوں کی امامت جائز نہیں اسلئے کہ ان پر فرض نہیں، اسلئے یہ لوگ بچے اور عورت کے مشابہ ہو گئے۔

**تشریح:** مسافر اور غلام اور مریض نے جمعہ کی امامت کرائی تو امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ انکی امامت صحیح نہیں ہے۔ اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ ان لوگوں پر جمعہ واجب ہی نہیں ہے اسلئے انکی امامت کافی نہیں ہوگی۔ تو یہ لوگ ایسے ہو گئے جیسے بچے اور عورت کی امامت، کہ انکی امات کافی نہیں تو مریض، غلام، اور مسافر کی امامت بھی کافی نہیں۔

**ترجمہ:** ۲؎ ہماری دلیل یہ ہے کہ جمعہ میں حاضر نہ ہونا یہ انکے لئے رخصت ہے، پس جب حاضر ہو گئے تو فرض واقع ہو جائے گا ،جیسا کہ اوپر بیان کیا۔

**تشریح:** مسافر، مریض، اور غلام کی امامت کی دلیل یہ ہے کہ ان لوگوں پر جمعہ واجب اسلئے نہیں ہے کہ انکو آنے میں حرج ہوگا، لیکن جب آ ہی گئے تو جمعہ فرض ادا ہو جائے گا، اور جب فرض ادا ہو جائے گا تو امامت بھی کر سکتا ہے۔

**ترجمہ:** ۳؎ بہر حال بچہ تو اس میں امامت کی اہلیت ہی نہیں ہے۔ اور عورت تو وہ مرد کی امامت کی صلاحیت نہیں رکھتی۔

**تشریح:** بچے کی امامت اسلئے درست نہیں ہے کہ اس پر نماز ہی فرض نہیں ہے اور حکم کا مخاطب بھی نہیں ہے۔ اور عورت کے بارے میں پہلے بتایا کہ یہ مرد کی امامت کی صلاحیت نہیں رکھتی، اسلئے وہ امامت نہیں کر سکتی۔

**ترجمہ:** ۴؎ مسافر، مریض، اور غلام کی جماعت سے جمعہ منعقد ہو جائے گا اسلئے کہ یہ لوگ جب امامت کی صلاحیت رکھتے ہیں تو بطریق اولی اقتداء کی بھی صلاحیت رکھیں گے۔

**تشریح:** یہ جملہ امام شافعیؒ کے مسلک کو رد کرنے لئے ہے۔ ان کا مسلک یہ ہے کہ مسافر، غلام، اور بیمار امامت تو کر سکتے ہیں، لیکن اگر صرف یہی لوگ اتنی تعداد میں جمع ہو جائیں کہ جمعہ کہ جماعت ہو جائے تو انکی جماعت سے جمعہ قائم نہیں ہوگا۔ تو امام ابو حنیفہؒ انکا جواب دے رہے ہیں کہ اگر صرف یہی لوگ چار آدمی جمع ہو جائیں تب بھی جمعہ قائم ہو جائے گا۔ اور اسکی دلیل یہ ہے کہ

(۶۲۶) ومن صلى الظهر فى منزله يوم الجمعة قبل صلوٰة الامام ولا عذرله كره له ذٰلک وجازت صلاته ﴾ ۱؎ وقال زفرؒ لايجزيه لان عنده الجمعة هى الفريضة اصالة والظهر كالبدل عنها ولا مصير الى البدل مع القدرة على الاصل ۲؎ ولنا ان اصل الفرض هو الظهر فى حق الكافة هذا هو الظاهر الاانه مامور باسقاطه باداء الجمعة

جب ان لوگوں میں اتنی استطاعت ہے کہ جمعہ کا امام بن سکےتو یہ لوگ جمع ہو جائیں تو بدرجہ اولی جمعہ بھی قائم کر سکتے ہیں ۔ اسلئے یہ لوگ یہ صلاحیت رکھتے ہیں کہ انکی اقتداء میں جمعہ قائم ہو جائے ۔۔ یہاں اقتداء سے مراد ہے صرف انکی جماعت کر کے امام کی اقتداء کرنا۔

**ترجمہ**: (۶۲۶) اگر کسی نے جمعہ کے دن امام کی نماز سے پہلے گھر میں ظہر کی نماز پڑھ لی حالانکہ اس کو کوئی عذر نہیں تھا تو یہ اس کے لئے مکروہ ہے۔لیکن ظہر کی نماز جائز ہو جائے گی۔

**وجہ**: مکروہ ہونے کی وجہ یہ حدیث ہے عن طارق بن شهاب عن النبى ﷺ قال الجمعة حق واجب على كل مسلم فى جماعة (ابوداؤدشریف، باب الجمعۃ للمملوک والمرأۃ ص۱۶۰ نمبر ۱۰۶۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ ہر مسلمان پر بشرط مذکورہ واجب ہے۔اس لئے بغیر عذر کے ظہر کی نماز امام کی نماز سے پہلے پڑھی تو مکروہ ہے (۲) دوسری حدیث ہے عن ابى الجعد الضمرى وكانت له صحبة ان رسول الله ﷺ قال من ترک ثلاث جمع تهاونا بها طبع الله على قلبه (ابوداؤدشریف، باب التشدید فی ترک الجمعۃ ص۱۵۸ نمبر ۱۰۵۲) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ کوئی تین جمعہ بغیر عذر کے چھوڑ دے تو اللہ اس کے دل پر مہر لگا دیتے ہیں۔اس لئے بغیر عذر کے ظہر کی نماز امام سے پہلے پڑھ لی تو مکروہ ہے (۳) فاسعوا الى ذكر الله میں فاسعوا امر وجوب کے لئے ہے۔اور انہوں نے بغیر عذر کے امر کو چھوڑا اس لئے مکروہ ہے۔البتہ چونکہ اصل مین ظہر ہی ہے اس لئے ظہر کی ادائیگی ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۱؎ امام زفرؒ نے فرمایا کہ اسکو ظہر کافی نہیں ہے اسلئے کہ انکے نزدیک اصل فرض جمعہ ہی ہے اور ظہر اسکا بدلہ ہے اور اصل پر قدرت رکھتے ہوئے بدل پر جانا جائز نہیں ہے۔

**تشریح**: ۔امام زفرؒ کی رائے ہے کہ آدمی کو عذر نہ ہو اور امام سے پہلے گھر میں ظہر کی نماز پڑھ لے تو اسکی ظہر کی نماز ہی نہیں ہوگی۔ اسکی دلیل یہ دیتے ہیں کہ انکے یہاں جمعہ کی نماز اصل فرض ہے اور ظہر اس کا بدل ہے۔اور قاعدہ یہ ہے کہ اصل پر قدرت کے وقت بدل پر عمل نہیں کیا جا سکتا، اور اس نے اصل پر قدرت کے باوجود بدل پر عمل کیا ہے اسلئے بدل یعنی ظہر ادا نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ ہماری دلیل یہ ہے کہ تمام کے حق میں اصل فرض وہ ظہر ہے، یہی ظاہر ہے یہ اور بات ہے کہ جمعہ کے ادا کرنے کی وجہ

٣ وهذا لانه متمكن من اداء الظهر بنفسه دون الجمعة لتوقفها على شرائط لاتتم به وحده على التمكن يدور التكليف(٦٢٧) فان بداله ان يحضرها فتوجه اليها والامام فيها بطل ظهره عندابى

سے ظہر کوساقط ہونے کا حکم دے دیا گیا۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ کے یہاں یہ تھا کہ جمعہ سے پہلے ظہر گھر میں پڑھ لیا تو کراہیت کے ساتھ ظہر ادا ہو جائے گا۔اسکی وجہ یہ ہے کہ مرد عورت، مسافر مریض ہر ایک کے حق میں ظہر اصل فرض ہے، یہ اور بات ہے کہ جمعہ پڑھ لیا تو اسکے بدلے میں ظہر کی ادائیگی ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ٣ اصل میں ظہر کے فرض ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ظہر خود اپنے سے ادا کرنے کی قدرت رکھتا ہے نہ کہ جمعہ، اسلئے کہ جمعہ ایسے شرطوں پر موقوف ہے کہ اکیلا پورا نہیں کر سکتا، اور اکیلے ہی پورا کرنے پر تکلیف کا مدار ہوتا ہے۔

**تشریح** : ظہر اصل فرض ہے اور جمعہ اس کا بدل ہے۔

**وجہ** :(١) اسکی وجہ یہ ہے کہ ظہر مرد، عورت، مسافر، مقیم، بیمار تندرست سب پر فرض ہے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ ظہر اصل فرض ہے[٢] آدمی اکیلا بھی ہو تو ظہر پڑھ سکتا ہے، لیکن جمعہ اکیلے میں نہیں پڑھ سکتا، اسکے لئے تو جماعت کی شرط ہے تو گویا کہ دوسرے کے بھروسے پر جمعہ ادا کیا جاتا ہے۔ اور اللہ تعالی کا طریقہ یہ ہے کہ دوسرے کے بھروسے پر کسی بات کا مکلّف نہیں بناتے بلکہ جس بات کا مکلّف بناتے ہیں اسکی صورت یہ ہوتی ہے کہ وہ آدمی بغیر دوسرے کی مدد کے کر سکے۔اب ظہر کو دیکھتے ہیں کہ بغیر دوسرے کی مدد کے ادا کر سکتا ہے، اسلئے وہ اصل فرض ہونا چاہئے۔ اور جمعہ کا حال یہ ہے کہ بغیر جماعت کے اور تین آدمیوں کے جمع ہونے سے پہلے ادا نہیں کر سکتا، اسلئے اسکو فرع ہونا چاہئے[٣] حدیث سے پتہ چلتا ہے کہ ظہر کا حکم سب کو ہے اور بغیر کسی فرق کے ہے اسلئے بھی ظہر کو اصل ہونا چاہئے۔حدیث یہ ہے. عن عبد الله بن عمر و عن النبی ﷺ أنه قال : وقت الظهر ما لم تحضر العصر ۔(ابوداود شریف، باب فی المواقیت، ص ٦٩، نمبر ٣٩٦) اس حدیث میں ہے کہ ظہر کا وقت اس وقت تک ہے جب تک عصر کا وقت نہ شروع ہو جائے۔ اور یہ سب کے لئے عام ہے، اسلئے ظہر کی نماز اصل ہے، اور جمعہ فرع ہے اسلئے جمعہ سے پہلے بغیر عذر کے ظہر پڑھ لیا تو ادا ہو جائے گا۔

**لغت** : تجزیہ: کافی ہونا جائز ہونا۔ اصالۃ: اصل سے مشتق ہے، اصل ہونا۔ مصیر: صار سے مشتق ہے چلنا، اختیار کرنا۔ کافۃ: سب کے لئے۔ متمکن: تمکن سے مشتق ہے، قدرت ہو۔ لاتتم بہ وحدہ: اکیلا پورا نہیں کر سکتا۔ تم، کا ترجمہ ہے پورا کرنا، یا پورا ہونا۔ وعلی التمکن یدور التکلیف: اور اپنی قدرت پر تکلیف کا مدار ہوتا ہے۔ تمکن کا ترجمہ ہے قدرت۔ تکلیف کا ترجمہ ہے مکلّف بنانا۔

**ترجمہ** : (٦٢٧) پس اگر اس کا خیال ہوا کہ جمعہ میں حاضر ہو جائے۔ پس اسکی طرف متوجہ ہوا اور امام جمعہ کی نماز میں ابھی

**حنيفة بالسعي وقالا لايبطل حتى يدخل مع الامام﴾ ١ لان السعي دون الظهر فلا ينقضه بعد تمامه والجمعة فوقها فينقضها وصار كما اذا توجه بعد فراغ الامام**

ہے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک جمعہ کی طرف سعی کرتے ہی ظہر کی نماز باطل ہو جائے گی۔ اور صاحبین نے فرمایا نہیں باطل ہوگی یہاں تک کہ امام کے ساتھ داخل ہو جائے۔

**تشریح** : جمعہ کی طرف چلنے کو سعی الی الجمعۃ کہتے ہیں۔۔ ایک شخص نے امام کے جمعہ پڑھنے سے پہلے گھر میں ظہر کی نماز پڑھ لی، ابھی امام جمعہ کی نماز میں تھے کہ یہ آدمی مسجد کی طرف چل پڑا تو امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ گھر سے چلتے ہی اسکی ظہر کی نماز باطل ہو کر نفل بن گئی، اب اگر جمعہ کی نماز میں شریک ہو گیا تب تو جمعہ پڑھے، اور اگر جمعہ کی نماز میں شریک نہ ہو سکا تو دوبارہ ظہر کی نماز پڑھے کیونکہ اسکی ظہر کی نماز باطل ہو چکی ہے

صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ صرف گھر سے چلنے سے ظہر کی نماز باطل نہیں ہوگی، بلکہ جمعہ کی نماز میں شریک ہوگا تو ظہر کی نماز باطل ہوگی اور اگر جمعہ کی نماز میں شریک نہ ہو سکا تو ظہر کی نماز بحال رہے گی، اسکو دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اور اگر امام جمعہ کی نماز سے فارغ ہو چکا ہے اسکے بعد گھر سے نکلا تو سب کے نزدیک ظہر باطل نہیں ہوگی، اسکو دوبارہ ظہر پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**وجہ** :(۱) امام ابو حنیفہؒ کا اصول یہ ہے کہ ابتداء شیء میں شریک ہونا گویا کہ اصل شیء میں شریک ہونا ہے۔ اسی اصول پر یہ مسئلہ متفرع ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ جمعہ کی طرف سعی کرنا چلنا جمعہ کی خصوصیات میں سے ہے اور اس نے گھر سے چل کر سعی کی تو گویا کہ جمعہ کا ابتدائی حصہ پا لیا تو گویا کہ جمعہ میں شریک ہو گیا اور ابھی اوپر گزرا کہ جمعہ میں شریک ہو جائے تو ظہر باطل ہو جاتا ہے اسلئے جمعہ کی طرف سعی کرنے سے ظہر باطل ہو جائے گا۔

صاحبینؒ کا اصول یہ ہے کہ اصل پر پورے طور پر قادر ہوگا تب ہی فرع باطل ہوگا۔۔ اب جمعہ کی طرف سعی اصل نہیں ہے یہ تو اصل سے بہت پہلے کی چیز ہے اسلئے جمعہ کی طرف سعی کرنے سے ظہر باطل نہیں ہوگا، ہاں اصل جمعہ میں شریک ہو جائے تب ظہر باطل ہوگا، کیونکہ اصل پر قدرت سے بدل باطل ہو جاتا ہے۔۔ اور ظہر کے باطل ہونے کی وجہ یہ ہے کہ جمعہ کے دن ظہر چھوڑ کر جمعہ پڑھنے کے لئے کہا تو جمعہ اعلی ہوا، اسلئے اعلی پر قدرت کی وجہ سے ادنی باطل ہو جائے گا

**اصول** : امام ابو حنیفہؒ کے یہاں ابتداء شیء کو بعض مرتبہ اصل کا درجہ دے دیا جاتا ہے۔

**اصول** : صاحبینؒ کے یہاں بالکل اصل پر جب تک قدرت نہ ہو بدل باطل نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ١ اس لئے کہ جمعہ کی طرف چلنا ظہر کی نماز سے کم درجہ ہے اسلئے ظہر کے مکمل ہونے کے بعد سعی اسکو نہیں توڑے گا، اور جمعہ میں شریک ہونا ظہر سے اوپر کا درجہ ہے، اسلئے جمعہ میں شریک ہونا ظہر کو توڑ دے گا۔ تو جمعہ کی طرف سعی ایسا ہوا کہ امام کے

**۲ وله ان السعي الى الجمعة من خصائص الجمعة فينزّل منزلتها في حق ارتفاض الظهر احتياطا ۳ بخلاف ما بعد الفراغ منها لانه ليس بسعي اليها. (٦٢٨) ويكره ان يصلي المعذورون الظهر بجماعة يوم الجمعة في المصر و كذا اهل السجن ﴾**

فارغ ہونے کے بعد مسجد کی طرف چلا۔

**تشریح** : یہ صاحبینؒ کی دلیل ہے کہ جمعہ کی طرف چلنا ظہر سے کم درجہ ہے، اسلئے ظہر کی نماز جب مکمل ہوگئی جمعہ کی طرف چلنا اسکو نہیں توڑ سکے گا۔ اور خود جمعہ ظہر سے اعلی درجے کا ہے اسلئے جمعہ میں شرکت کے بعد جمعہ ظہر کو توڑ دے گا اور باطل کر دے گا۔ تو جس طرح امام جمعہ پڑھکر فارغ ہو جائے اور آدمی جمعہ کی طرف سعی کرے تو اس سے ظہر باطل نہیں ہوتا۔ اسی طرح جمعہ سے فارغ ہو نے سے پہلے جمعہ کی طرف سعی کرے تو اس سے ظہر باطل نہیں ہوگا۔

**ترجمہ** : ۲ اور امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ جمعہ کی طرف سعی کرنا جمعہ کی خصوصیات میں سے ہے اسلئے ظہر کے توڑنے میں سعی کو احتیاط کے طور پر جمعہ کے درجے میں اتار دیا جائے گا۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ جمعہ کی طرف سعی کرنا جمعہ کی خصوصیات میں سے ہے اسلئے جمعہ کی طرف سعی کرنے کو جمعہ کے درجے میں رکھ دیا گیا اسی میں احتیاط ہے، اور جب جمعہ شروع کر دیا گیا تو ظہر ٹوٹ جائے گا۔ اسلئے ظہر باطل کر دیا گیا۔

**لغت** : ارتفاض: کا معنی ہے چھوڑنا۔

**ترجمہ** : ۳ بخلاف جبکہ جمعہ سے فارغ ہونے کے بعد سعی کرے تو وہ جمعہ کی طرف سعی نہیں ہے۔

**تشریح** : یہ امام صاحبین کو جواب ہے۔ انہوں نے استدلال فرمایا تھا کہ امام جمعہ سے فارغ ہو جائے اسکے بعد سعی کرے تو اس سے ظہر باطل نہیں ہوتا، اسی طرح جمعہ سے فارغ ہونے سے پہلے سعی کرے تو اس سے بھی ظہر باطل نہیں ہوگا۔ اسکو جواب دے رہے ہیں کہ جمعہ سے فارغ ہونے کے بعد سعی کرنا جمعہ کی طرف سعی ہے ہی نہیں وہ تو مسجد کی طرف سعی ہے ، کیونکہ جمعہ کی طرف سعی اسکو کہیں گے جب واقعی جمعہ موجود ہو اور یہاں جمعہ ختم ہو چکا ہے اسلئے اب جمعہ کی طرف سعی نہیں ہوگا بلکہ مسجد کی طرف سعی ہو جائے گا۔ اور جب جمعہ کی طرف سعی ہوا ہی نہیں تو اس سے ظہر کیسے باطل ہو جائے گا اسلئے جمعہ کے بعد سعی جمعہ میں شرکت کے درجے میں نہیں ہے۔

**ترجمہ** : (٦٢٨) مکروہ ہے کہ معذور آدمی ظہر کی نماز جمعہ کے دن شہر میں جماعت کے ساتھ پڑھے۔ ایسے ہی قیدی لوگ جماعت کے ساتھ پڑھے۔

**تشریح** : معذور مثلا مسافر، مریض، غلام وغیرہ شہر میں جمعہ کے دن جماعت کے ساتھ ظہر پڑھے تو یہ مکروہ ہے، اسی طرح قیدی

۱؎ لما فیه من الاخلال بالجمعة اذهی جامعة للجماعات. ۲؎ والمعذور قد یقتدی به غیره

لوگ شہر کے جیل خانے میں جماعت کے ساتھ ظہر پڑھے تو یہ مکروہ ہے

**وجہ** : (۱) معذور آدمی جماعت کے ساتھ ظہر پڑھے گا تو جمعہ کی جماعت میں کمی واقع ہوگی۔ کیونکہ غلام، مسافر، عورت، بچے، مریض اور نابینا کو بھی کوشش کرکے جمعہ میں جانا چاہئے۔ اس لئے یہ معذور لوگ شہر میں ظہر کی نماز جماعت کے ساتھ نہ پڑھے۔ البتہ دیہات والوں پر جمعہ واجب نہیں ہے اور نہ وہاں کوئی جمعہ کی جماعت ہے اس لئے وہ لوگ ظہر کی نماز جماعت سے پڑھ سکتے ہیں (۲) اثر میں ہے عن الحسن انه کان یکره اذا لم یدرک قوم الجمعة ان یصلوا الجماعة. (مصنف عبد الرزاق، باب القوم یأتون المسجد یوم الجمعۃ بعد انصراف الناس، ج ثالث ص ۱۲۰ نمبر ۵۴۷۳) (۳) اور مصنف ابن ابی شیبۃ میں ہے قال علی لا جماعة یوم الجمعة الا مع الامام۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۳۷۴ فی القوم یجمعون یوم الجمعۃ اذ الم یشهدوها، ج اول، ص ۴۶۶، نمبر ۵۳۹۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن معذورین کو جماعت کے ساتھ ظہر نہیں پڑھنا چاہئے۔

اور قیدی لوگ جیل خانے میں جمعہ نہ پڑھے اسکے لئے یہ اثر ہے (۱). عن ابراهیم قال : لیس علی أهل السجون جمعة۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب فی اهل السجون، ج اول، ص ۴۸۴، نمبر ۵۵۷۸) اس اثر میں ہے کہ قیدیوں پر جمعہ نہیں ہے (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ قید میں اذن عام نہیں ہوتی اسلئے بھی وہاں جمعہ نہیں ہے۔ لیکن دوسرے حضرات جمعہ کے قائل ہیں، انکی دلیل یہ اثر ہے عن ابن سیرین فی اهل السجون قال: یجمعوا الصلوۃ یوم الجمعۃ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب فی اهل السجون، ج اول، ص ۴۸۴، نمبر ۵۵۷۷) اس اثر میں ہے کہ قید خانے میں جمعہ قائم کر سکتا ہے۔ سجن: قیدی۔

**ترجمہ** : ۱؎ اسلئے کہ معذور کے نماز پڑھنے کی وجہ سے جمعہ کی جماعت میں خلل ہوگا اسلئے جمعہ سب جماعتوں کو جمع کرنے والا ہے۔

**تشریح** : معذور شہر میں جماعت کے ساتھ ظہر کی نماز نہ پڑھے اسکی دلیل عقلی ہے۔ کہ جمعہ کا مطلب یہ ہے کہ تمام جماعتوں کو چھوڑ کے شہر میں ایک ہی جماعت ہو تا کہ شان وشوکت کے ساتھ ایک ہی جماعت ہو، اور معذور یعنی مسافر، غلام، اور بیمار لوگ ظہر کی جماعت کریں گے تو جمعہ کی جماعت میں کمی واقع ہو جائے گی اسلئے معذور کی جماعت مکروہ ہے۔ جامع للجماعات: کا ترجمہ ہے سب جماعتوں کو یہ جمع کرتا ہے۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور معذور کی اقتداء کبھی دوسرے لوگ بھی کر لیتے ہیں۔

**تشریح** : یہ جملہ ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ معذورین پر جب جمعہ ہے ہی نہیں تو انکو جماعت کے ساتھ ظہر کی پڑھنے کی اجازت کیوں نہ دیا جائے؟ اسکا جواب یہ ہے کہ معذور کو تو اجازت ہو جائے گی لیکن ایسا بھی ہوگا کہ غیر معذور بھی انکے

۳ بخلاف اهل السواد لانه لاجمعة عليهم(۶۲۹) ولو صلی قوم اجزاهم ﴾ ل لاستجماع شرائطه (۶۳۰) ومن ادرک الامام یوم الجمعة صلی معه ما ادرکه وبنی علیه الجمعة ﴾ ل لقوله علیه السلام ما ادرکتم فصلوا وما فاتکم فاقضوا

ساتھ جماعت میں شریک ہو جائیں گے جسکی وجہ سے جمعہ کی جماعت میں کمی آئے گی اسلئے معذور کو بھی ظہر کی جماعت کرنا مکروہ قرار دیا جائے۔

**ترجمہ**: ۳ بخلاف گاؤں والوں کے اسلئے کہ ان پر جمعہ ہی نہیں ہے۔

**تشریح** : یہ جملہ بھی ایک اشکال کا جواب ہے۔اشکال یہ ہے کہ پھر گاؤں والے جمعہ کے دن ظہر کی نماز جماعت کے ساتھ کیوں پڑھتے ہیں؟ تو اسکا جواب دے رہے ہیں کہ گاؤں میں کہیں جمعہ ہے ہی نہیں اسلئے وہ لوگ جماعت کے ساتھ ظہر پڑھیں تو کسی جماعت کی کمی نہیں ہوگی اسلئے وہ لوگ جماعت کے ساتھ ظہر کی نماز پڑھ سکتے ہیں۔

**ترجمہ**: (۶۲۹) اور اگر معذورین نے ظہر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھ ہی لیا تو نماز ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ نماز کی تمام شرائط جمع ہیں۔

**تشریح** : معذورین کو ظہر نماز شہر میں جماعت کے ساتھ نہیں پڑھنی چاہئے، لیکن انہوں نے پڑھ ہی لی تو نماز ہو جائے گی، اسلئے کہ نماز ہونے کی جتنی شرائط ہیں وہ سب موجود ہیں اسلئے نماز ہو جائے گی، البتہ تھوڑی مکروہ ہے۔

**وجہ** :اثر میں اسکا ثبوت ہے۔(۱) فذکر زرو التیمی فی یوم جمعة ثم صلوا الجمعة اربعا فی مکانهم وکانوا خائفین (مصنف ابن ابی شیبة ۴۷۳ فی القوم یجمعون یوم الجمعة اذ الم یشهد وھاج اول، ص ۴۶۶، نمبر ۵۳۹۵ مصنف عبد الرزاق، باب القوم یأتون المسجد یوم الجمعة بعد انصراف الناس، ج ثالث، ص ۱۲۰، نمبر ۵۴۷۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ معذورین جماعت کے ساتھ ظہر پڑھے تو اتنی کراہیت نہیں ہے۔کیونکہ اس کے حق میں جمعہ ساقط ہے۔اس اثر میں جمعہ سے مراد چار رکعت ظہر ہے۔

**ترجمہ**: (۶۳۰) جس نے امام کو جمعہ کے دن پایا تو ان کے ساتھ نماز پڑھے گا جتنا پایا اور اس پر جمعہ کا بنا کرے گا۔

**ترجمہ** : ل حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے جتنی رکعت پاؤ اسکو پڑھ لو اور جو فوت ہو جائے اسکو قضاء کرو۔

**وجہ**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال اذا سمعتم الاقامة فامشوا الی الصلوة وعلیکم السکینة والوقار ولا تسرعوا فما ادرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا . (بخاری شریف، باب لا یسعی الی الصلوة ولیأتها بالسکینة والوقار، ص ۸۸، نمبر ۶۳۶) اس حدیث میں ہے وما فاتکم فاتموا کہ جو فوت ہو جائے تو اس کو پورا کرو یعنی پہلی نماز پر بنا کرلو۔تو جمعہ کی نماز میں بھی یہی ہوگا۔امام کے ساتھ جتنا پایا وہ ٹھیک ہے اور جتنا باقی رہا اس کو جمعہ ہی کے طور پر پورا

(۶۳۱) وان کان ادرکه فی التشهد اوفی سجود السهوبنی علیها الجمعة عندهما وقال محمدٌ ان ادرک معه اکثر الرکعة الثانیة بنی علیها الجمعة﴾

کرے گا (۲) حدیث میں ہے عن ابی هریرة ان رسول الله قال من ادرک من الجمعة رکعة فلیضف الیها اخری . (دار قطنی باب فیمن یدرک من الجمعۃ رکعۃ اولم یدرکھا ج ثانی ص ۸ نمبر ۱۵۷۹ رسنن بیہقی، باب من ادرک رکعۃ من الجمعۃ، ج ثالث ص ۲۸۷، نمبر ۵۷۳۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام کے ساتھ جتنی پائے وہ ٹھیک ہے باقی اسی پر بنا کر کے پوری کرے گا۔

**ترجمه**: (۶۳۱) اگر امام کو تشہد میں پایا یا سجدۂ سہو میں پایا تو اس پر جمعہ کا بنا کرے گا امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک اور امام محمد نے فرمایا کہ اگر امام کے ساتھ دوسری رکعت کا اکثر پایا تو اس پر جمعہ کا بنا کرے گا اور اگر امام کے ساتھ اکثر سے کم پایا تو اس پر ظہر کا بنا کرے گا۔

**تشریح**: شیخین کے نزدیک یہ ہے کہ سلام پھیرنے سے پہلے امام کے ساتھ مل گیا تو امام کی اتباع میں جمعہ ہی پڑھے گا ظہر نہیں پڑھے گا۔ اور امام محمد کے نزدیک یہ ہے کہ دوسری رکعت کا اکثر حصہ امام کے ساتھ ملا ہے تب تو جمعہ پڑھے گا اور اگر اکثر نہیں ملا ہے تو چونکہ جمعہ کے لئے جماعت شرط ہے اور اکثر حصہ میں جماعت نہیں ملی اس لئے اب جمعہ نہیں پڑھے گا بلکہ ظہر کی چار رکعت پڑھے گا۔

**وجه**: (۱) شیخین کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال اذا سمعتم الاقامة فامشوا الی الصلوة وعلیکم السکینة والوقار ولا تسرعوا فما ادرکتم فصلوا وما فاتکم فاتموا . (بخاری شریف، باب لا یسعی الی الصلوۃ ولیاتھا بالسکینۃ والوقار ص ۸۸، نمبر ۶۳۶ رمسلم شریف، باب استحباب اتیان الصلوۃ بوقار وسکینۃ، والنھی عن اتیانھا سعیا، ص ۲۲۳، نمبر ۶۰۲ / ۱۳۵۹) اس حدیث میں ہے کہ جتنا ملا وہ امام کے ساتھ پڑھو اور جتنا فوت ہو گیا اس کو اسی پر بنا کر لو، تو امام کے ساتھ سلام سے پہلے ملا تو اتنا امام کے ساتھ پڑھے گا اور باقی کا اسی پر بنا کرے گا۔ چاہے دوسری رکعت کا اکثر ملا ہو یا اقل ملا ہو (۲) سلام سے پہلے بھی امام کے ساتھ ملا ہو اس کی اتباع میں وہی نماز پڑھنی چاہئے جو انہوں نے پڑھی ہے یعنی جمعہ (۳) ایک حدیث میں ہے عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ من ادرک الامام جالسا قبل ان یسلم فقد ادرک الصلوة . (دار قطنی، باب فیمن یدرک من الجمعۃ رکعۃ اولم یدرکھا ج ثانی ص ۱۰ نمبر ۱۵۸۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سلام سے پہلے بھی امام کے ساتھ مل جائے تو گویا کہ اس نے جمعہ پالیا۔ اس لئے اب دو رکعت جمعہ ہی پڑھے گا۔

**وجه**: امام محمد کی دلیل حدیث میں ہے۔ عن ابی هریرة ان رسول الله قال من ادرک من الجمعة رکعة فلیضف الیها اخری . (دار قطنی باب فیمن یدرک من الجمعۃ رکعۃ اولم یدرکھا ج ثانی ص ۸ نمبر ۱۵۷۹ رسنن بیہقی، باب من ادرک رکعۃ من الجمعۃ، ج ثالث، ص ۲۸۷، نمبر ۵۷۳۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام کے ساتھ جتنی پائے وہ ٹھیک ہے باقی اسی پر بنا کر کے

وان ادرک اقلها بنی علیها الظهر﴾ ۱ لانه جمعة من وجه ظهر من وجه لفوات بعض الشرائط فی حقه فیصلی اربعًا اعتبارا للظهر ویقعد لامحالة علی رأس الرکعتین اعتبارا للجمعة ویقرأ فی الاخریین لاحتمال النفلیة ۲ ولهما انه مدرک للجمعة فی هذه الحالة حتی یشترط نیة الجمعة

---

پوری کرے گا۔اس حدیث میں ہے کہ جس نے جمعہ کی ایک رکعت پائی وہ دوسری رکعت جمعہ کی ملائے۔تو اکثر رکعت ایک رکعت کے قائم مقام ہے اس لئے اکثر رکعت پائی تو جمعہ پڑھے گا ورنہ ظہر پڑھے گا(۲)۔ان کی دلیل یہ حدیث بھی ہے .عن ابی ھریرة قال قال رسول الله ﷺ من ادرک رکعة من الصلوة فقد ادرک الصلوة (ابوداؤد شریف، باب من ادرک من الجمعة رکعة ص۱۶۶ نمبر۱۱۲۱) اس حدیث میں ایک رکعت پانے کا تذکرہ ہے تب ہی جمعہ پڑھے گا۔(۳) عن ابی ھریرة قال : قال رسول الله ﷺ : من ادرک الرکوع من الرکعة الآخرة یوم الجمعة فلیضف الیها أخری و من لم یدرک الرکوع من الرکعة الأخری فلیصل الظهر۔ (دار قطنی باب فیمن یدرک من الجمعة رکعة اولم یدرکھا ج ثانی ص ۸ نمبر ۱۵۸۷ رسنن بیہقی، باب من ادرک رکعة من الجمعة، ج ثالث، ص ۲۸۹، نمبر ۵۷۳۹) اس حدیث میں ہے کہ اگر دوسری رکعت کا رکوع پایا تب تو جمعہ پڑھے اور اس سے کم پایا تو ظہر کی رکعت پڑھے۔

**ترجمہ**: ۱ اسلئے کہ یہ کچھ وجہ سے جمعہ ہے، اور کچھ وجہ سے ظہر ہے جمعہ کے حق میں بعض شرطوں کے فوت ہونے کی وجہ سے اسلئے ظہر کا اعتبار کرتے ہوئے چار رکعت پڑھے گا، اور جمعہ کا اعتبار کرتے ہوئے لامحالہ دو رکعت پر بیٹھے گا، اور نفل کے احتمال کی وجہ سے دوسری دو رکعتوں میں قرأت کرے۔

**تشریح**: امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ جن کو دوسرے رکعت سے کم ملا اور رکوع کے بعد شامل ہوا تو اسکو چار رکعت ظہر پڑھنا چاہئے۔ لیکن یہ نماز کچھ اعتبار سے ظہر ہے، اور کچھ اعتبار سے جمعہ ہے۔ کیونکہ جمعہ کی نیت سے امام کے ساتھ شامل ہوا ہے اس اعتبار سے جمعہ ہے، لیکن جب اپنی رکعت پوری کرنے کے لئے اٹھے گا تنہا نماز پڑھے گا اسکے ساتھ جماعت نہیں ہوگی جو جمعہ کے لئے شرط ہے اس اعتبار سے یہ ظہر کی نماز ہے، چنانچہ اس نماز میں جمعہ کی بھی رعایت کرے گا اور ظہر کی بھی رعایت کرے گا، جمعہ کی رعایت میں دو رکعت پر ضرور بیٹھے، کیونکہ جمعہ کی نماز دو رکعت ہی ہے۔اور دوسرے دو رکعت ہو سکتا ہے زائد ہو اور نفل پڑھ رہا ہو اسلئے دوسری دو رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد سورت بھی ملائے، کیونکہ نفل کی دوسری دو رکعت میں سورت ضرور ملائی جاتی ہے۔اور ظہر کی رعایت کرتے ہوئے نماز چار رکعت پڑھے۔چار رکعت کی دلیل حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: ۲ اور شیخین کی دلیل یہ ہے کہ اس حالت میں جمعہ کو پانے والا ہے یہاں تک کہ جمعہ کی نیت کی شرط لگائی گئی ہے، اور جمعہ کی دو ہی رکعتیں ہیں۔

وهی رکعتان ۳ ولا وجه لماذکر لانهما مختلفان فلایبنی احدهما علیٰ تحریمة الآخر

(٦٣٢) واذا خرج الامام یوم الجمعة ترک الناس الصلوٰة والکلام حتی یفرغ من خطبته ۱ قالؒ وهذا عند ابی حنیفة.

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کی رائے یہ ہے کہ جو جمعہ میں سجدہ سہو، یا تشہد میں شریک ہوا وہ جمعہ ہی دو رکعت پڑھے، ظہر نہ پڑھے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ امام کے ساتھ جمعہ کی نیت ہی سے شریک ہوا ہے اور جمعہ کو پانے والا ہے، اسلئے دو ہی رکعت نماز پڑھے۔

**ترجمہ** : ۳ اور اسکی کوئی وجہ نہیں ہے جسکو امام محمدؒ نے ذکر کیا اسلئے کہ جمعہ اور ظہر دو مختلف نمازیں ہیں، اسلئے ایک کو دوسرے کے تحریمے پر بنا نہیں کیا جا سکتا۔

**تشریح** : امام محمدؒ نے فرمایا تھا کہ جسنے رکوع کے بعد جمعہ پایا تو ظہر پڑھے گا اور اس میں جمعہ کی بھی رعایت کی جائے گی۔ اس کا جواب دیا جا رہا ہے کہ حضرت امام محمدؒ نے جو جمعہ اور ظہر دونوں کا اعتبار کیا اس کا اعتبار نہیں ہے کیونکہ جمعہ اور ظہر دونوں الگ الگ نمازیں ہیں، اسلئے ایک کو دوسرے کے تحریمے پر بنا نہیں کر سکتے۔ یعنی جمعہ کے تحریمے سے ظہر نہیں پڑھ سکتے۔ مسئلہ نمبر ٦١١ میں بھی یہ مسئلہ گزر چکا ہے۔

**ترجمہ** : (٦٣٢) جب امام جمعہ کے دن خطبہ کے لئے نکلے تو لوگ نماز اور کلام کو چھوڑ دیں یہاں تک کہ امام اپنے خطبہ سے فارغ ہو جائے۔

**ترجمہ** : ۱ صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ یہ امام ابو حنیفہؒ کے یہاں ہے۔

**تشریح** : منبر پر خطبہ کے لئے امام چڑھ جائے تو اس وقت سے خطبہ ختم ہونے تک بلکہ نماز ختم ہونے تک لوگ باتیں کرنا بھی بند کر دیں اور نماز پڑھنا بھی بند کر دیں، درمیان میں چاہے امام خطبہ نہ دے رہے ہوں تب بھی مقتدی کو بات کرنا مکروہ ہے۔

**وجہ** : خطبہ کے وقت نماز نہ پڑھنے کی دلیل (۱) یہ آیت ہے اذ قرء القرآن فاستمعوا له وانصتوا لعلکم ترحمون۔ (آیت ۲۰ سورۃ الاعراف ۷) اس آیت میں قرآن پڑھتے وقت چپ رہنے اور کان لگا کر سننے کے لئے کہا ہے اور خطبہ میں قرآن پڑھا جائے گا، اب لوگ نماز پڑھیں گے تو وہ خود قرآن پڑھیں گے اور چپ نہیں رہیں گے اس لئے نماز پڑھنے کی بھی ممانعت ہوگی (۲) (۳) عن ابن عباس وابن عمر انهما کانا یکرهان الصلوة والکلام یوم الجمعة بعد خروج الامام ( مصنف ابن ابی شیبة، ٣٦٠ فی الکلام اذا صعد الامام المنبر وخطب ج اول ص ٤٥٨ نمبر ٥٢٩٧) اس اثر میں ہے کہ امام کے نکلنے کے بعد بات اور نماز مکروہ ہے (۴) سألت قتادة عن الرجل یأتی والامام تخطب یوم الجمعة ولم یکن صلی ا

يصلى ؟فقال اما انا فكنت جالسا (مصنف عبد الرزاق، باب الرجل يجیی والامام یخطب، ج ثالث، ص ۲۴۵، نمبر ۵۵۱۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ خطبہ کے وقت نماز نہیں پڑھنی چاہئے۔

کلام کی ممانعت کی دلیل یہ حدیث ہے۔ ان ابا هريرة اخبره ان رسول الله ﷺ قال اذا قلت لصحبک يوم الجمعة انصت والامام يخطب فقد لغوت . (بخاری شریف، باب الانصات یوم الجمعۃ والامام یخطب ص ۱۲۷ نمبر ۹۳۴ / مسلم شریف، فصل فی عدم ثواب من تکلم والامام یخطب ص ۲۸۱ کتاب الجمعۃ نمبر ۸۵۱ / ۱۹۶۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اپنا ساتھی بات کر رہا ہو تو اس کو چپ رہو کہنا بھی غلط ہے۔ اس کو اشارہ سے چپ رہنے کے لئے کہنا چاہئے۔ اور الامام یخطب کے لفظ سے صاحبین نے استدلال کیا ہے کہ امام خطبہ دے رہا ہو اس وقت کلام کرنا مکروہ ہے اس لئے پہلے بات کرنے کی گنجائش ہے۔ اور امام اعظم کے نزدیک منبر پر بیٹھنا بھی خطبہ کا حصہ ہے اس لئے منبر پر بیٹھتے ہی کلام کی ممانعت ہو جائے گی۔

**نوٹ** : خود امام کو بولنے کی ضرورت ہو تو وہ امر و نہی وغیرہ کے لئے بول سکتے ہیں۔ اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن جابر قال لما استوى رسول الله ﷺ يوم الجمعة قال اجلسوا فسمع ذلک ابن مسعود فجلس على باب المسجد فرآه رسول الله ﷺ فقال تعال يا عبد الله بن مسعود (ابو داؤد شریف، باب الامام یکلم الرجل فی خطبته ص ۱۶۳ نمبر ۱۰۹۱) اس حدیث میں آپؐ نے خطبہ کے دوران عبد اللہ بن مسعود سے بات کی ہے اور آگے آنے کے لئے کہا ہے۔ اس لئے ضرورت پر امام بات کر سکتے ہیں۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے نزدیک خطبہ کے وقت دو رکعت مختصر سی نماز پڑھ لینے کی گنجائش ہے۔ موسوعۃ کی عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ و بهذا نقول و نأمر من دخل المسجد و الامام يخطب و المؤذن يؤذن و لم يصل ركعتين أن يصليهما و نأمره أن يخففهما ، فانه روى فى الحديث أن النبى ﷺ أمر بتخفيفهما ۔ (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب من دخل المسجد یوم الجمعۃ والامام علی المنبر ولم یرکع، ج ثالث، ص ۵۷، نمبر ۲۰۹۲) اس عبارت میں ہے کہ دو رکعت نہ پڑھی ہو تو خطبہ کے وقت پڑھ سکتا ہے۔ لیکن ہمیشہ عادت بنا لینا ٹھیک نہیں ہے، یہ تو ایک مجبوری کے درجے میں ہے۔

**وجہ**: (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے ۔سمع جابر قال دخل رجل يوم الجمعة والنبى ﷺ يخطب فقال اصليت؟ قال لا! قال فصل ركعتين . (بخاری شریف، باب من جاء والامام یخطب صلی رکعتین خفیفتین ص ۱۲۷ نمبر ۹۳۱) (۲) مسلم شریف اور ابو داؤد کی روایت میں اس طرح حدیث ہے۔ سمعت جابر بن عبد الله ان النبى ﷺ خطب فقال اذا جاء احدكم يوم الجمعة وقد خرج الامام فليصل ركعتين۔ (مسلم شریف، فصل من دخل المسجد والامام یخطب فلیصل رکعتین ص ۲۸۷ نمبر ۸۷۵ / ۲۰۲۲ / ابو داؤد شریف، باب اذا دخل والامام یخطب ص ۱۶۶ نمبر ۱۱۱۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام خطبہ دے رہا ہو اور ابھی تک تحیۃ المسجد یا سنت جمعہ نہ پڑھی ہو تو دو رکعت پڑھ لینے کی گنجائش ہے۔ تاہم ہمیشہ ایسی عادت نہیں

۲ وقالا لابأس بالكلام اذا خرج الامام قبل ان يخطب واذا نزل قبل ان يكبر لان الكراهة للاخلال بفرض الاستماع والاستماع هنا بخلاف الصلوٰة لانها قد تمتد ۳ ولابی حنیفةؒ قوله عليه السلام اذا

---

بنالینی چاہئے ۔

**ترجمه** : ۲ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ جب امام خطبہ کے لئے نکلے تو خطبہ شروع کرنے سے پہلے بات کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔اور جب امام منبر سے اتر جائے تو نماز کی تکبیر کہنے سے پہلے بات کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے، اسلئے کہ کراہیت تو سننے کے فرض میں خلل واقع ہونے سے ہے اور اس وقت میں تو سننا ہی نہیں ہے۔بخلاف نماز کے کہ کبھی لمبی ہو سکتی ہے اسلئے وہ نہ پڑھے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کی رائے تو یہ تھی کہ امام منبر پر چڑھ جائے تو اس وقت سے لیکر خطبہ ختم ہونے تک لوگ نہ باتیں کریں اور نہ نماز پڑھیں۔لیکن صاحبین کی رائے یہ ہے کہ جب خطبہ دے رہے ہوں تب تو باتیں نہ کریں لیکن منبر پر بیٹھے ہوئے ہوں اور خطبہ نہ دے رہے۔

ہوں تو اس وقت باتیں کر سکتا ہے مثلا منبر پر چڑھنے کے بعد خطبہ شروع کرنے سے پہلے بات کر سکتا ہے، اسی طرح خطبہ ختم ہونے کے بعد نماز کی تکبیر کہنے سے پہلے لوگ باتیں کر سکتے ہیں۔البتہ امام کے نکلنے کے بعد نماز نہ پڑھے، کیونکہ نماز لمبی ہو سکتی ہے اسلئے بہت ممکن ہے کہ خطبہ شروع ہوتے وقت بھی نماز پڑھتا رہے اور سلام نہ پھیر سکے، اسلئے امام چاہے خاموش ہو پھر بھی نماز شروع نہ کرے۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ بات کی کراہیت اس بنا پر ہے کہ خطبہ سننے میں خلل ہوگا اور خطبہ ہی نہیں دے رہے ہیں تو سننے میں کیا خلل ہوگا اسلئے خطبہ نہ دیتے وقت بات کرنے کی گنجائش ہے۔(۱) ان ابا هريرة اخبره ان رسول الله ﷺ قال اذا قلت لصحبك يوم الجمعة انصت والامام يخطب فقد لغوت . (بخاری شریف، باب الانصات یوم الجمعۃ والامام یخطب ص ۱۲۷ نمبر ۹۳۴ر مسلم شریف، فصل فی عدم ثواب من تکلم والامام یخطب ص ۲۸۱ کتاب الجمعۃ نمبر ۱۹۶۵/۸۵۱) اس حدیث میں ہے کہ خطبہ دیتے وقت کسی کو چپ رہو نہ کہنا چاہئے جس سے معلوم ہوا کہ اگر خطبہ نہ دے رہا ہو تو بات کر سکتا ہے۔(۳) عن ميمون بن مهران أنه كره الكلام و الامام يخطب ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۳۶۰، فی الکلام اذ اصعد الامام المنبر وخطب، ج اول، ص ۴۵۸، نمبر ۵۳۰۰) اس اثر میں ہے کہ خطبہ دیتے وقت بات کرنا مکروہ سمجھتے تھے جس کا مطلب یہ نکلا کہ جب خطبہ سے چپ ہو تو بات کرنے کی گنجائش ہے۔

**لغت** : اخلال: خلل ڈالنا۔ استماع: کان لگا کر سننا۔ تمتد: مد سے مشتق ہے۔لمبا ہونا۔

**ترجمه**: ۳ اور امام ابو حنیفہؒ کی دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ جب امام خطبہ کے لئے نکلے تو نہ نماز ہے اور نہ کلام ہے۔

خرج الامام فلا صلوٰة ولا كلام من غير فصل ۲ ولان الكلام قد يمتد طبعا فاشبه الصلوٰة

(۶۳۳) واذا اذن المؤذنون الاذان الاول ترک الناس البيع والشراء وتوجهوا الى الجمعة

۱ لقوله تعالىٰ فاسعوا الىٰ ذكر الله وذروا البيع.

اور یہ جملہ بغیر کسی فرق کے ہے[ اسلئے امام کے نکلنے کے بعد نماز اور کلام ممنوع ہونگے۔

**تشریح** : یہ حدیث تو نہیں ملی البتہ حضرت سعید بن میسّب اور زہری کا قول ہے۔ وہ یہ ہے۔ صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔ عن سعید بن المسیب قال : خروج الامام یقطع الصلوة و کلامه یقطع الکلام (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۳۶۰ فی الکلام اذا صعد الامام المنبر وخطب ج اول ص ۴۵۸، نمبر ۵۲۹۹ رنمبر ۵۳۰۱ رمصنف عبد الرزاق، باب جلوس الناس حین یخرج الامام ، ج ثالث، ص ۱۰۰، نمبر ۵۳۶۶) اس اثر میں ہے کہ امام کے نکلنے سے نماز اور کلام دونوں منقطع ہو جاتے ہیں، یعنی دونوں نہیں کر سکتے۔

**ترجمہ**: ۲ اور اسلئے بھی کہ طبعا بات بھی لمبی ہو جاتی ہے تو وہ بھی نماز کے مشابہ ہوگئی۔

**تشریح** : یہ صاحبینؒ کو جواب ہے، انہوں نے فرمایا تھا کہ نماز لمبی ہو سکتی ہے اسلئے جب امام چپ ہو تو نماز پڑھنے کی گنجائش نہیں ،تو اسکا جواب دیا جا رہا ہے کہ فطری بات یہ ہے کہ بات بھی لمبی ہو سکتی ہے اسلئے جس طرح نماز کے لمبی ہونے کے خطرے تو اسکو پڑھنے کی گنجائش نہیں اسی طرح بات کے لمبی ہونے کے خطرے سے اسکو بھی کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہئے۔

**ترجمہ**: (۶۳۳) جب مؤذن جمعہ کے دن پہلی اذان دے تو لوگ خرید و فروخت چھوڑ دے اور جمعہ کی طرف متوجہ ہو جائے۔

**ترجمہ**: ۱ اللہ تعالیٰ کے قول کی وجہ سے کہ اذان دی جائے تو اللہ کے ذکر کی طرف دوڑو اور خرید و فروخت چھوڑ دو۔

**تشریح** : اس وقت دو اذان دی جاتی ہیں، اسلئے پہلی اذان کے وقت خرید و فروخت چھوڑ دینا چاہئے، کیونکہ آیت میں یہی حکم ہے۔

**وجہ**: خود آیت میں ہے (۱)۔ یا ایها الذین آمنوا اذا نودی للصلوة من یوم الجمعة فاسعوا الی ذکر الله وذروا البیع" (آیت ۹ سورۃ الجمعۃ ۶۲) اس آیت سے معلوم ہوا کہ اذان دی جائے تو خرید و فروخت چھوڑ کر جمعہ کی طرف چل پڑنا چاہئے۔ البتہ حضور کے زمانے میں دوسری اذان ہوتی تھی اور حضرت عثمانؓ نے دیکھا کہ لوگوں کی بھیڑ زیادہ ہے تو ایک اذان کا اضافہ کر دیا جس کو پہلی اذان کہتے ہیں۔ اس کا ثبوت اس حدیث سے ہے (۲)۔ عن السائب بن یزید قال کان النداء یوم الجمعة اوله اذا جلس الامام علی المنبر علی عهد النبی ﷺ وابی بکر و عمر فلما کان عثمان و کثر الناس زاد النداء الثالث علی الزوراء قال ابو عبدالله الزوراء موضع بالسوق بالمدینة . (بخاری شریف، باب الاذان یوم الجمعۃ ص ۱۲۴ نمبر ۹۱۲ رابو داؤد شریف، باب النداء یوم الجمعۃ ص ۱۶۲ نمبر ۱۰۸۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پہلی اذان حضرت عثمان

(٦٣٤) واذا صعد الامام المنبر جلس واذن المؤذنون بين يدى المنبر ﴾ ل بذلك جرى التوارث ٢ ولم يكن على عهد رسول الله صلى الله عليه وسلم الا هذا الاذان ولهذا قيل هو المعتبر فى وجوب السعى وحرمة البيع والاصح ان المعتبر هو الاول اذا كان بعد الزوال لحصول الاعلام به.

---

ؓ نے اضافہ کیا ہے۔اور اس وقت بھی جمعہ کے لئے اذان دی جاتی ہے اس لئے اب اسی وقت جمعہ کے لئے سعی کرنا ہوگا۔(۳) اس کی تائید میں یہ اثر ہے قال لی مسلم بن یسار اذا علمت ان النهار قد انتصفت یوم الجمعة فلا تبتاعوا شيئا . (مصنف ابن ابی شیبة ،۲۷۳ الساعة التی یکرہ فیھا الشراء والبیع ج اول ،ص ۴۶۵ ،نمبر ۵۳۸۳) (۴) قلت للزهری متی یحرم البيع والشراء يوم الجمعة فقال كان الاذان عند خروج الامام فاحدث امير المؤمنين عثمان التأذينة الثالثة فاذن على الزوراء ليجتمع الناس فارى ان يترک الشراء والبيع عند التأذينة (مصنف ابن ابی شیبة ،۲۷۳ الساعة التی یکرہ فیھا الشراء والبیع ،ج اول ،ص ۵۳۸۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ اذان اول کے پاس پاس ہی خرید وفروخت چھوڑ دینا چاہئے ۔کیونکہ وہی ندا ہے۔

**ترجمہ**: (۶۳۴) جب امام منبر پر چڑھ جائے تو منبر پر بیٹھے اور مؤذن منبر کے سامنے اذان دے [پھر امام خطبہ دے]۔

**تشریح** : یہ خطبہ کے آداب ہیں کہ جب امام خطبہ کے لئے بیٹھے تو مؤذن اسکے سامنے اذان دے ،حضورؐ کے زمانے سے یہی طریقہ آرہا ہے۔

**وجہ**: (۱) اس سب کی دلیل یہ حدیث ہے۔عن سائب بن یزید قال كان يؤذن بين يدى رسول الله ﷺ اذا جلس على المنبر يوم الجمعة على باب المسجد وابى بكر و عمر . (ابوداؤد شریف ،باب النداء یوم الجمعة ص ۱۶۲ نمبر ۱۰۸۸ ربخاری شریف ، باب التأذین عند الخطبة ص ۱۲۴ نمبر ۹۱۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام منبر پر بیٹھے گا اس وقت اس کے سامنے اذان ثانی دی جائے گی۔اس کے بعد امام خطبہ دے گا۔

**ترجمہ** : ل حضورؐ کے زمانے سے یہی طریقہ آرہا ہے۔اسکے لئے اوپر حدیث گزر گئی۔

**ترجمہ**: ۲ اور حضورؐ کے زمانے میں یہی پہلی اذان تھی ،اسی لئے بعض حضرات نے فرمایا کہ جمعہ کی طرف سعی کے واجب ہونے میں اور خرید وفروخت حرام ہونے میں یہی اذان معتبر ہے، صحیح بات یہ ہے کہ پہلی اذان معتبر ہے اگر زوال کے بعد ہو اس سے اعلان کے حاصل ہونے کی وجہ سے

**تشریح** : پہلے گزر چکا ہے کہ حضورؐ کے زمانے میں صرف وہ اذان تھی جو خطبہ کے وقت امام کے سامنے دی جاتی ہے، لیکن حضرت عثمانؓ نے دیکھا کہ لوگ بہت ہوگئے ہیں اور آنے میں تاخیر کرتے ہیں تو شروع کی ایک اور اذان بڑھا دی۔تو چونکہ حضورؐ کے زمانے

میں امام کے سامنے والی اذان تھی اسلئے بعض حضرات نے فرمایا کہ یہی امام کے سامنے والی اذان ہی وہ اذان ہے جس وقت سعی واجب ہے اور آیت کی بنا پر خرید وفروخت حرام ہوتی ہے۔ کیونکہ حضورؐ کے زمانے میں دوسری اذان پر جمعہ کی طرف سعی واجب تھی۔ لیکن صحیح بات یہ ہے کہ اگر زوال کے بعد پہلی اذان دی گئی ہو جو حضرت عثمان نے بڑھائی ہے تو اسی وقت جمعہ کی طرف سعی واجب ہو گی اور خرید وفروخت حرام ہوگی کیونکہ اس سے اعلان کا مقصد تو حاصل ہو ہی گیا

**وجه:** (۱) اسکی وجہ یہ اثر ہے۔ عن الضحاک قال : اذا زالت الشمس من یوم الجمعة فقد حرم البیع و الشراء حتی تقضی الصلوۃ ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب الساعۃ التی یکرہ فیھا الشراء والبیع، ج اول، ص ۴۶۵، نمبر ۵۳۸۵) اس اثر میں ہے کہ زوال کے بعد خرید وفروخت حرام ہے، اسلئے اذان اول زوال کے بعد ہو تو اسی وقت سے سعی واجب ہے اور بیع شراء حرام ہے۔

## ﴿ باب صلوة العيدين ﴾

(۶۳۵) وتجب صلوٰة العيد علیٰ كل من تجب عليه صلوٰة الجمعة﴾

## ﴿ باب صلوۃ العیدین ﴾

**ضروری نوٹ**: عید کی نماز واجب ہے۔زمانہ جاہلیت میں لوگ عید مناتے تھے۔بعد میں اسلام میں بھی اس کو برقرار رکھا۔ اس کا ثبوت اس آیت سے ہے ولتکملوا العدة ولتكبروا الله على ما هداكم ولعلكم تشكرون ۔(آیت ۱۸۵ سورۃ البقرۃ ۲) تفسیر طبری میں ہے کہ اس آیت میں عید الفطر میں تکبیر کہنے کا تذکرہ ہے۔کیونکہ اسی آیت کے شروع میں روزے کا تذکرہ ہے۔جس سے عید الفطر کا ثبوت ہوتا ہے۔اور فصل لربک وانحر. (آیت ۲ سورۃ الکوثر ۱۰۸) اس آیت میں تذکرہ ہے کہ پہلے عید الاضحیٰ کی نماز پڑھو پھر جانور کی قربانی کرو۔اس لئے دونوں آیتوں سے عید الفطر اور عید الاضحیٰ کا ثبوت ہوتا ہے۔

**ترجمہ**: (۶۳۵) عید کی نماز ہر اس آدمی پر واجب ہے جس پر جمعہ کی نماز واجب ہے۔

**تشریح**: جن لوگوں پر جمعہ کی نماز واجب ہے اور جن شرائط کے ساتھ واجب ہے انہیں لوگوں پر عیدین کی نماز واجب ہے اور انہیں شرائط کے ساتھ واجب ہے، مثلا غلام، بیمار، عورت اور بچے اور معذور پر جمعہ کی نماز واجب نہیں ہے تو عید کی نماز بھی واجب نہیں ،اور گاؤں میں جمعہ کی نماز واجب نہیں ہے تو عید کی نماز بھی واجب نہیں ہے۔یہاں پر بھی سب دلائل جمعہ کے ہی ہیں۔

**وجہ**: (۱) نماز عیدین کے وجوب کی دلیل یہ آیت ہے۔ فصل لربک وانحر. (آیت ۲ سورۃ الکوثر ۱۰۸) اس آیت میں صل امر کا صیغہ ہے جو وجوب پر دلالت کرتا ہے، جس سے بقرعید کی نماز واجب ہونے کی دلیل ہے (۲) اس حدیث کی دلالت ہے ۔عن ابی سعید الخدری قال كان النبی ﷺ يخرج يوم الفطر والاضحى الى المصلى فاول شيء يبدأ به الصلوة ثم ينصرف فيقوم مقابل الناس والناس جلوس على صفوفهم فيعظهم ويوصيهم ويأمرهم ۔(بخاری شریف، باب الخروج الی المصلی بغیر منبر ص ۱۳۱ نمبر ۹۵۶) اس حدیث میں ہے کہ آپ ہمیشہ ایسا کرتے تھے کہ عید الفطر اور عید الاضحیٰ کے لئے نکلا کرتے تھے، یہ استمرار اور ہمیشگی وجوب پر دلالت کرتی ہے۔آپ نے کبھی عیدین کی نماز نہیں چھوڑی یہ وجوب کی دلیل ہے۔(۳) بخاری شریف میں ہے کہ عورتوں کو عید کے لئے نکلنے کا حکم دیتے تھے اور حکم دینا وجوب کی دلیل ہے اس سے بھی واجب ثابت ہوتا ہے۔حدیث یہ ہے۔ عن ام عطية قالت : أمرنا نبينا ﷺ أن نخرج العواتق ذوات الخدور . (بخاری شریف، باب خروج النساء والحیض الی المصلی ،ص ۱۵۶، نمبر ۹۷۴ رمسلم شریف، باب ذکر اباحۃ خروج النساء فی العیدین الی المصلی ،ص ۳۵۵ ،نمبر ۸۹۰ / ۲۰۵۴) اس حدیث میں جب عورتوں کو عید کے لئے نکلنے کا حکم دیا تو اس سے پتہ چلتا ہے کہ عید کی نماز واجب ہے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے نزدیک چونکہ وجوب کا درجہ نہیں ہے اس لئے ان کے یہاں نماز عیدین سنت مؤکدہ ہیں۔(۱) ان کی

لہ وفی الجامع الصغیر عید ان اجتمعا فی یوم واحد فالاوّل سنة و الثانی فریضة ولایترک

---

دلیل یہ حدیث بھی ہے۔عن البراء بن عازب قال قال النبی ﷺ ان اول ما یبدأ فی یومنا ھذا ان نصلی ثم نرجع فننحر فمن فعل ذلک اصاب سنتنا ۔(بخاری شریف، باب الخطبة بعد العید ص ۱۳۱ نمبر ۹۶۵) اس حدیث میں اصاب سنتنا ہے جس سے معلوم ہوا کہ عیدین کی نماز سنت ہے۔(۲) اثر میں ہے۔عن علیؓ قال : من السنة أن تأتی الصلاۃ یوم العید ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب وجوب الصلاۃ، الفطر والاضحیٰ۔ج ثالث، ص ۱۷۱، نمبر ۵۷۲۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عید کی نماز سنت ہے

**ترجمہ** : لہ اور جامع صغیر میں ہے کہ ایک ہی دن میں دو عیدیں [جمعہ اور عید] جمع ہو جائیں تو پہلی عید سنت ہے، اور دوسری [عید] فرض ہے البتہ دونوں میں سے کسی ایک کو بھی نہ چھوڑے۔مصنف نے فرمایا کہ یہ جملہ اس بات پر تصریح ہے کہ عید کی نماز سنت ہے اور پہلا [یعنی متن] کا جملہ وجوب پر تصریح ہے، اور یہی روایت امام ابو حنیفہؒ کا ہے۔

**تشریح** : قدوری کے متن سے معلوم ہوتا ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کے یہاں عیدین واجب ہیں، اور جامع صغیر کی جو عبارت ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ عیدین واجب نہیں سنت ہیں، کیونکہ جامع صغیر کی عبارت یہ ہے کہ جمعہ کے دن عید کی نماز پڑ جائے تو پہلی عید سنت ہے، اور دوسری عید یعنی جمعہ فرض ہے، تو اس سے معلوم ہوا کہ عید سنت ہے۔۔ ہر ایک کی دلیل اوپر گزر گئی ہے۔جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔محمد ، عن یعقوب ، عن ابی حنیفةؒ عیدان اجتمعا فی یوم واحد فالاول سنة و الآخر فریضة و لا یترک واحد منهما ۔ (جامع صغیر، باب فی العیدین والصلوۃ بعرفات والتکبیر فی أیام التشریق، ص ۱۱۳) اس عبارت سے معلوم ہوا کہ عید کی نماز سنت ہے۔

اگر جمعہ کے دن عید پڑ جائے تو ہمارے یہاں شہر کے لوگ عید اور جمعہ دونوں پڑھے۔البتہ گاؤں کے لوگوں پر نہ جمعہ واجب ہے اور نہ عید، وہ لوگ تو نفلی طور پر عید میں شریک ہونے کے لئے شہر آتے ہیں اسلئے انکے لئے گنجائش ہے کہ عید کی نماز پڑھ کر جمعہ کے لئے شہر میں ٹھہرے رہیں اور چوں کہ ان لوگوں پر جمعہ بھی واجب نہیں ہے اسلئے یہ بھی گنجائش ہے کہ عید پڑھ کر گھر چلے جائیں اور گاؤں میں جا کر ظہر کی نماز پڑھیں۔اس حدیث میں اسکا اشارہ ہے. قال شهدت معاویة بن أبی سفیان و هو یسأل زید بن أرقم قال : أشهدتَ مع رسول الله ﷺ عیدین اجتمعا فی یوم ؟ قال : نعم قال : کیف صنع؟ قال صلی العید ثم رخص فی الجمعة فقال : من شاء ان یصلی فلیصل۔دوسری حدیث میں ہے. عن ابی هریرة عن رسول الله ﷺ أنه قال قد اجتمع فی یومکم هذا عیدان ، فمن شاء أجزأه من الجمعة و أنا مجمّعون . (ابو داود شریف، باب اذا وافق یوم الجمعة یوم عید، ص ۱۶۲، نمبر ۱۰۷۰، نمبر ۱۰۷۳) ان دونوں حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ شہر والے عید کے دن جمعہ بھی

واحدمنهما قال وهٰذا تنصيص على السنة والاوّل على الوجوب وهو رواية عن ابى حنيفةؒ ۲؎ وجه الاوّل مواظبة النبى صلى اللّٰه عليه وسلم عليها ۳؎ ووجه الثانى قوله صلى اللّٰه عليه وسلم فى حديث الاعرابى عقيب سواله هل على غيرهن قال لا الا ان تطوّع والاوّل اصح ۴؎ وتسميته سنة لوجوبه بالسنة(۶۳۶) ويستحب في يوم الفطر ان يطعم قبل الخروج الى المصلى ويغتسل ويستاك

پڑھے۔ تنصیص: کا ترجمہ ہے تصریح کرنا۔

**ترجمہ**: ۲؎ پہلے قول کی وجہ حضورؐ کا عید پر ہمیشہ کرنا ہے۔

متن میں جو یہ قول اختیار کیا ہے کہ شہر والے پر عید کی نماز سنت نہیں واجب ہے، اسکی وجہ یہ ہے کہ حضورؐ نے عید کی نماز ہمیشہ پڑھی موت تک کبھی نہیں چھوڑی جس سے معلوم ہوتا ہے کہ عید کی نماز واجب ہے۔۔وجوب کی دلیل اوپر حدیث گزر گئی۔

**ترجمہ**: ۳؎ دوسرے قول کی وجہ دیہاتی کی حدیث میں انکے اس سوال کے بعد حضورؐ نے فرمایا، کہ کیا ان پانچ نمازوں کے بعد کچھ اور بھی فرض ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا نہیں! مگر یہ کہ نفل پڑھو۔ لیکن پہلا قول زیادہ صحیح ہے۔

**تشریح**: جامع صغیر میں دوسرا قول نقل کیا ہے کہ عید کی نماز سنت ہے۔ اسکی وجہ یہ بیان فرماتے ہیں کہ نجد کے ایک دیہاتی کو آپؐ نے فرمایا تھا کہ دن رات میں پانچ نمازیں فرض ہیں، تو انہوں نے پوچھا تھا کہ کیا اور بھی فرض ہے؟ تو آپؐ نے فرمایا تھا کہ نہیں، اور فرض نہیں ہے، ہاں نفل ہے اگر پڑھو تو نفل کے طور پر پڑھ سکتے ہو۔ جس سے معلوم ہوا کہ عید کی نماز فرض نہیں ہے نفل یا سنت کے درجے میں ہے۔ حدیث یہ ہے۔ سمع طلحة بن عبيد الله يقول : جاء رجل الى رسول الله ﷺ من أهل نجد ثائر الرأس نسمع دوى صوته و لا نفقه ما يقول حتى دنا فاذا هو يسأل عن الاسلام فقال رسول الله ﷺ : خمس صلوات فى اليوم و الليلة ، فقال هل على غيرها قال : لا الا ان تطوع ۔ (بخاری شریف، باب الزکاۃ من الاسلام، ص ۱۱، نمبر ۴۶ رمسلم شریف، باب بیان الصلوات التی ھی أرکان الاسلام، ص ۲۶، نمبر ۱۱/۱۰۰) اس حدیث میں ہے کہ پانچ نماز کے علاوہ نفل ہے، جس سے معلوم ہوا کہ عیدین واجب نہیں ہے سنت کے درجے میں ہو سکتی ہے۔ لیکن حضرت امام ابو حنیفہ کا یہ قول کہ عید کی نماز واجب ہے یہ قول زیادہ صحیح ہے۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور عید کو سنت کہنا اس بنا پر ہے کہ عید کا وجوب حدیث یعنی سنت سے ثابت ہے۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے کہ حدیث میں جو عید کی نماز کو سنت کہا ہے وہ اس بنیاد پر ہے کہ عید کی نماز کا ثبوت سنت یعنی حدیث سے ہے اسلئے اسکو سنت کہا ہے، ورنہ حقیقت میں عید کی نماز واجب ہے۔

**ترجمہ**: (۶۳۶) عید الفطر کے دن مستحب ہے کہ انسان عید گاہ کی طرف نکلنے سے پہلے کچھ کھائے، اور غسل کرے، اور مسواک

**ويتطيب** ﴾ ۱؎ لما روى انه صلى الله عليه وسلم كان يطعم فى يوم الفطر قبل ان يخرج الى المصلى ۲؎ وكان يغتسل فى العيدين ولانه يوم اجتماع فيسن فيه الغسل والتطيب كما فى الجمعة

کرے، اور خوشبو لگائے۔

**تشریح** : اس عبارت میں عید کے لئے چار سنتیں بیان کی گئی ہیں۔[۱] عید الفطر میں عید گاہ کی طرف نکلنے سے پہلے کچھ کھائے [۲] نماز میں جانے سے پہلے غسل کرے [۳] مسواک کرے [۴] اور خوشبو لگائے۔ یہ سب جمعہ میں بھی سنت ہیں اور عید میں بھی سنت ہیں، کیونکہ جمعہ میں بھی اور عیدین میں بھی عام آدمیوں کا اجتماع ہوتا ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ حضورؐ عید الفطر کے دن عید گاہ کی طرف نکلنے سے پہلے کھایا کرتے تھے۔

**وجه** : (۱) عید الفطر میں میٹھی چیز کھانا سنت ہے اسکے لئے صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن انس بن مالک قال کان رسول الله ﷺ لا يغدو يوم الفطر حتى يأكل تمرات .وفي حديث آخر. حدثني أنس عن النبي ﷺ و يأكلهن وترا. (بخاری شریف، باب الاکل یوم الفطر قبل الخروج ص ۱۳۰ نمبر ۹۵۳ رترمذی شریف، باب ماجاء فی الاکل یوم الفطر قبل الخروج، ص ۱۴۲، نمبر ۵۴۲) حدیث سے معلوم ہوا کہ عید گاہ جانے سے پہلے عید الفطر میں کچھ میٹھی چیز کھانا چاہئے۔ اور عید الاضحیٰ میں نماز کے بعد کھانا مستحب ہے۔ (۲) اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عبد الله بن بريدة عن ابيه قال كان رسول الله لا يخرج يوم الفطر حتى يطعم ولا يأكل يوم النحر حتى يذبح (سنن للبیہقی، باب یترک الاکل یوم النحر حتی یرجع ج ثالث ص ۴۰۱، نمبر ۶۱۵۹ رترمذی شریف، باب ماجاء فی الاکل یوم الفطر قبل الخروج، ص ۱۴۲، نمبر ۵۴۲) (۳) عن عبد الله بن بريدة عن ابيه قال كان النبي ﷺ لا يخرج يوم الفطر حتى يطعم ، و لا يطعم يوم الاضحى حتى يصلي ( ترمذی شریف، باب ماجاء فی الاکل یوم الفطر قبل الخروج، ص ۱۴۲، نمبر ۵۴۲ رابن ماجۃ شریف، باب فی الاکل یوم الفطر قبل ان یخرج، ص ۲۵۰، نمبر ۱۷۵۶) اس حدیث میں ہے کہ عید الفطر میں نماز سے پہلے اور عید الاضحیٰ میں نماز کے بعد کھایا کرتے تھے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور عیدین میں غسل کرے، اور اس لئے بھی کہ وہ اجتماع کا دن ہے تو اس میں غسل کرنا اور خوشبو لگانا مسنون ہے جیسے جمعہ میں مسنون ہے

**تشریح** : عیدین میں جمعہ کی طرح اجتماع ہوتا ہے اسلئے جس طرح جمعہ میں لوگوں کو اذیت سے بچانے کے لئے غسل کرنا اور خوشبو کرنا مسنون ہے اسی طرح عیدین میں بھی مسنون ہے۔

**وجه** : (۱) غسل سنت ہے اسکے لئے حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس قال : كان رسول الله ﷺ يغتسل يوم الفطر و يوم الاضحى ۔ (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی الاغتسال فی العیدین، ص ۱۸۶، نمبر ۱۳۱۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عیدین میں غسل کرنا سنت ہے۔ (۲) عن ابن عمر انه كان يغتسل في العيدين اغتسالا من الجنابة . (سنن للبیہقی، باب

**۳ ویلبس احسن ثیابه لان النبی صلی اللّٰہ علیه وسلم کان له جبة فَنَک اوصوف یلبسها فی الاعیاد**
**(۶۳۷) ویؤدی صدقة الفطر ۱ اغناء للفقیر لیتفرغ قلبه للصلوة**

الاغتسال للاعیاد ج اول ص ۴۴۷، نمبر ۱۴۲۸ ر مصنف ابن ابی شیبة، ۴۲۶ فی الغسل یوم العیدین ج ثانی ص ۵۵۰، نمبر ۵۷۷۰ (۳) چونکہ عید بھی جمعہ کی طرح اجتماع ہے اس لئے جو چیزیں جمعہ میں سنت ہوں گی وہی کام عیدین میں سنت ہوں گے۔ اور جمعہ میں یہ کام سنت ہیں (۴) حدیث یہ ہے۔ عن ابی سعید الخدری وابی هریرة قالا قال رسول اللّٰہ ﷺ من اغتسل یوم الجمعة و لبس من احسن ثیابه ومس من طیب ان کان عنده ثم اتی الجمعة. (ابوداؤد شریف، باب الغسل للجمعة ص ۵۶ نمبر ۳۴۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن غسل کرے۔ اچھے کپڑے پہنے اور خوشبو ملے اور عیدین بھی جمعہ کی طرح اجتماع ہیں اس لئے ان میں بھی یہ کام کرنا سنت ہونگے۔

**ترجمہ**: ۳ اور عید کے دن اپنے کپڑوں میں سے عمدہ کپڑا پہنے۔ اسلئے کہ حضورؐ کے پاس فنک یا اون کا جبہ تھا جسکو آپ عید میں پہنا کرتے تھے۔

**تشریح**: چونکہ لوگوں کے اجتماع کا دن ہے اسلئے اپنے پاس جتنے کپڑے ہیں ان میں سے جو عمدہ ہو اسکو پہنے تا کہ لوگوں کو بھی خوشی ہو۔ چنانچہ حضورؐ کے پاس یمنی چادر تھی جسکو آپؐ عید میں پہنا کرتے تھے۔

**لغت**: فنک: لومڑی سے چھوٹا ایک جانور ہوتا ہے، اسکی کھال بہت عمدہ ہوتی ہے، لوگ اسکا جبہ بناتے ہیں۔ صوف: اون۔

**وجه**: (۱) عید کے دن اچھے کپڑے پہننے کی حدیث موجود ہے۔ ان عبد اللّٰہ بن عمر قال اخذ عمر جبة من استبرق تباع فی السوق فاخذها فاتی بها رسول اللّٰہ فقال یا رسول اللّٰہ ابتع هذه تجمل بها للعید و الوفود. (بخاری شریف، باب ما جاء فی العیدین والتجمل فیهما ص ۱۳۰ نمبر ۹۴۸) اس حدیث میں ہے تجمل بها للعید و الوفود جس سے معلوم ہوا کہ عید کے لئے اچھے کپڑے پہننا اور خوبصورت بننا سنت ہے۔ (۲) جبۃ فنک، سے صاحب ھدایہ کا اشارہ غالبا اس حدیث کی طرف ہے۔ عن جابر أن رسول اللّٰہ کان یلبس برده الاحمر فی العیدین و الجمعة۔ (سنن بیہقی، باب الزینۃ للعید، ج ثالث، ص ۳۹۷، نمبر ۶۱۳۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عید کے لئے آپؐ سرخ دھاری والی چادر اوڑھا کرتے تھے۔

**ترجمہ**: (۶۳۷) صدقۃ الفطر ادا کرے۔

**ترجمہ**: ۱ فقیر کو مالدار کرنے لئے تا کہ اس کا دل نماز کے لئے فارغ ہو جائے۔

**تشریح**: عیدگاہ جانے سے پہلے صدقہ فطر ادا کرے تو بہتر ہے، اور اگر نہ کر سکا تو واجب ساقط نہیں ہوگا بلکہ بعد میں بھی ادا کرنا ہوگا۔

(۶۳۸) ويتوجه الى المصلى ولا يكبر ﴾ ل عند ابى حنيفةؒ فى طريق المصلى وعندهما يكبر اعتبارا بالاضحى

**وجه** : عن ابن عمرؓ قال : فرض رسول الله ﷺ زكاة الفطر صاعا من تمر أو صاعا من شعير على العبد و الحر و الذكر و الانثى و الصغير و الكبير من المسلمين ، و أمر بها أن تؤدى قبل خروج الناس الى الصلاة . (بخاری شریف، باب فرض صدقۃ الفطر، ص ۲۴۴، نمبر ۱۵۰۳ رمسلم شریف، باب الامر باخراج زکاۃ الفطر قبل الصلاۃ، ص ۳۹۸، نمبر ۹۸۶/۲۲۸۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عیدگاہ جانے سے پہلے صدقہ فطر ادا کرے تاکہ غریب کے پاس کچھ مال ہو جائے تو وہ دل کے فراغت کے ساتھ عید کی نماز پڑھے۔

**ترجمہ**: (۶۳۸) اور عیدگاہ کی طرف متوجہ ہو۔ اور امام ابو حنیفہ کے نزدیک راستہ میں تکبیر نہ کہے اور صاحبین کے نزدیک تکبیر کہے گا عیدگاہ کے راستہ میں زور سے۔

**ترجمہ**: ل بقرعید پر قیاس کرتے ہوئے۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہ کے نزدیک عید الفطر میں راستہ میں تکبیر زور سے نہیں پڑھے گا بلکہ آہستہ پڑھے گا اور عید الاضحیٰ کے وقت راستہ میں زور سے تکبیر پڑھے گا۔

**وجہ**: (۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ تکبیر ایک قسم کی دعا ہے اور دعا کو آہستہ پڑھنا چاہئے اس لئے عید الفطر میں تکبیر آہستہ پڑھے گا۔ (۲) ان کا استدلال اس اثر سے ہے۔ عن شعبة قال كنت اقود ابن عباس يوم العيد فيسمع الناس يكبرون فقال ما شأن الناس قلت يكبرون قال يكبر الامام؟ قلت لا قال امجانين الناس (مصنف ابن ابی شیبۃ ۴۱۳ فی التکبیر اذا خرج الی العید ج ثانی ص ۴۸۸، نمبر ۵۶۲۹) اس اثر میں حضرت ابن عباس نے زور سے تکبیر کہنے سے انکار کیا ہے۔ البتہ عید الاضحیٰ میں زور سے تکبیر بہت سی احادیث سے ثابت ہے۔ اس لئے وہاں زور سے تکبیر پڑھے گا۔

**فائدہ**: صاحبین کے نزدیک دونوں میں تکبیر زور سے پڑھے گا۔ (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ ان عبد الله بن عمر اخبره ان رسول الله ﷺ كان يكبر يوم الفطر من حين يخرج من بيته حتى يأتي المصلى ۔ (دار قطنی، کتاب العیدین ج ثانی ص ۳۴ نمبر ۱۶۹۸ رمستدرک للحاکم، کتاب صلوۃ العیدین، ج اول، ص ۴۳۸، نمبر ۱۱۰۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عیدگاہ تک زور سے تکبیر پڑھے (۲) عن ابن عمر أنه اذا غدا يوم الاضحى و يوم الفطر يجهر بالتكبير حتى يأتى المصلى ، ثم يكبر حتى يأتى الامام ۔ (دار قطنی، کتاب العیدین ج ثانی ص ۳۴ نمبر ۱۷۰۰ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۱۳، فی التکبیر اذا خرج الی العید، ج اول، ص ۴۸۷، نمبر ۵۶۱۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عید الفطر اور عید الاضحیٰ دونوں کے راستے

۲ ولہ انّ الاصل فی الثناء الاخفاء والشرع وردبہ فی الاضحی لانہ یوم تکبیر ولاکذلک الفطر(۶۳۹) ولا یتنفل فی المصلی قبل صلوٰة العید ﴾ ا لان النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم لم یفعل ذٰلک مع حرصہ علی الصلوٰة

میں تکبیر زور سے کہی جائے گی۔

**ترجمہ** : ۲ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ ثناء اور ذکر میں اصل پوشیدگی ہے، اور حدیث میں زور سے تکبیر کے بارے میں عید الاضحیٰ کے بارے میں وارد ہوئی ہے، اسلئے کہ وہ تکبیر کا دن ہے، اور عید الفطر کا دن ایسا نہیں ہے۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ تکبیر ایک قسم کا ذکر ہے اور ذکر کے بارے میں آیت یہ ہے کہ اسکو آہستہ پڑھے اسلئے عید الفطر میں تکبیر آہستہ پڑھے (۱) آیت یہ ہے۔ ادعوا ربکم تضرعا و خفیة انه لا یحب المعتدین ، (آیت ۵۵ سورۃ الاعراف ۷۔(۲) أذکر ربک فی نفسک تضرعا و خیفة و دون الجهر من القول بالغدو و الاصال و لا تکن من الغافلین ۔ (آیت ۲۰۵، سورۃ الاعراف ۷) ان دونوں آیتوں سے معلوم ہوا کہ ذکر آہستہ کہنا چاہئے، اسلئے عید الفطر کی تکبیر بھی آہستہ کہے۔ (۳) اور جو تکبیر کی حدیث ہے وہ عید الاضحیٰ کے بارے میں وارد ہوئی ہے اور وہ بھی اوپر کی آیت کے خلاف وارد ہوئی ہے اسلئے وہ صرف عید الاضحیٰ ہی میں رہے گی (۴) دوسری بات یہ ہے کہ عید الاضحیٰ کا دن ذبح کا دن ہے جس میں تکبیر زور سے پڑھی جاتی ہے اسلئے بھی اس دن زور سے تکبیر کہنے کے مناسب ہے اور عید الفطر کا دن ذبح کا دن نہیں ہے اسلئے اس دن زور سے تکبیر کہنے کے مناسب نہیں ہے۔ (۵) اثر میں اسکا ثبوت ہے۔ عن الاعمش قال : کنت أخرج مع أصحابنا ابراهیم و خیثمة و ابی صالح یوم العید فلا یکبرون . (مصنف ابن ابی شیبة ، باب فی التکبیر اذ اخرج الی العید، ج اول، ص ۴۸۷، نمبر ۵۶۲۳) اس اثر میں ہے کہ یہ بڑے حضرات عید کے دن تکبیر نہیں کہتے تھے۔ تاہم تکبیر دونوں کے یہاں ہے البتہ اس بات کے استحباب میں اختلاف ہے کہ زور سے تکبیر پڑھنا مستحب ہے یا آہستہ پڑھنا مستحب ہے۔

**ترجمہ** : (۶۳۹) عید گاہ میں نماز عید سے پہلے نفل نہیں پڑھی جائے گی۔

**ترجمہ** : ا اسلئے کہ نماز کی حرص کے باوجود حضورؐ نے نفل نہیں پڑھی۔

**تشریح** : عید سے پہلے نفل پڑھنا مکروہ ہے، اس بارے میں تفصیل ہے کہ عید گاہ کے علاوہ بھی عید سے پہلے نفل پڑھنا مکروہ ہے، اور بعض حضرات نے فرمایا کہ صرف عید گاہ میں نفل پڑھنا مکروہ، باقی دوسری جگہ پڑھنا جائز ہے۔

**وجہ** : (۱) نفل میں مشغول ہوگا تو عید کی نماز پڑھنے میں دیر ہوگی۔ حالانکہ اس کو سب سے پہلے کرنا ہے (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس ان النبی ﷺ خرج یوم الفطر فصلی رکعتین لم یصل قبلها ولا بعدها ومعه

۲ ثم قيل الكراهة في المصلى خاصة وقيل فيه وفي غيره عامة لانه صلى الله عليه وسلم لم يفعله

(٦٤٠) واذا حلت الصلوٰة بارتفاع الشمس دخل وقتها الى الزوال واذا زالت الشمس خرج وقتها ﴾ ١ لان النبي صلى الله عليه وسلم كان يصلى العيد والشمس على قيدرمح اورمحين.

بلال . (بخاری شریف، باب الصلوۃ قبل العید وبعدھا ص۱۳۵ نمبر ۹۸۹ مسلم شریف، باب ترک الصلاۃ قبل العید وبعدھا فی المصلی ،ص ۳۵۶، نمبر ۸۸۴/۲۰۵۷ ابوداؤد شریف، باب الصلوۃ بعد صلوۃ العید ص ۱۷۱ نمبر ۱۱۵۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عید کے پہلے اور بعد میں بھی نماز نفل نہیں پڑھنی چاہئے۔ لیکن دوسری حدیث میں ہے کہ عید سے پہلے تو آپ نے نفل نہیں پڑھی لیکن عید کے بعد گھر میں آکر نفل پڑھی ہے جس سے معلوم ہوا کہ عید کے بعد عیدگاہ میں تو اچھا نہیں ہے البتہ گھر میں نفل پڑھ سکتا ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن ابی سعید الخدری قال : کان رسول الله ﷺ لا یصلی قبل العید شیئا فاذا رجع الی منزله صلی رکعتین ۔ (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی الصلاۃ قبل صلاۃ العید وبعدھا، ص ۱۸۳، نمبر ۱۲۹۳) اس حدیث میں ہے کہ عید کے بعد گھر میں نفل پڑھ سکتا ہے۔ (۲) اثر میں ہے عن ابن عباس کرہ الصلوۃ قبل العید. (بخاری شریف، باب الصلوۃ قبل العید و بعدھا ص ۱۳۵ نمبر ۹۸۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عید سے پہلے تو نفل مکروہ ہے بعد میں نہیں۔

**ترجمہ** : ۲ پھر کہا گیا ہے کہ کراہیت خاص طور پر عیدگاہ میں نفل پڑھنے میں ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ عیدگاہ اور اسکے علاوہ میں عام ہے اسلئے کہ حضورؐ نے نماز نہیں پڑھی ہے۔

**تشریح** : بعض حضرات نے فرمایا کہ صرف عیدگاہ میں نفل پڑھنا مکروہ ہے، اور اسکے علاوہ میں پڑھ سکتا ہے۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ عیدگاہ اور غیر عیدگاہ دونوں میں نفل پڑھنا مکروہ ہے۔ اور اسکی دلیل اوپر کی حدیث ہے کہ حضورؐ نے حرص کے باوجود نفل نہیں پڑھی۔

**وجہ** : (۱) اور جو حضرات فرماتے ہیں کہ عیدگاہ کے علاوہ میں نفل پڑھ سکتا ہے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن عباس بن سهل أنه كان يرى أصحاب رسول الله ﷺ في الاضحى و الفطر يصلون في المسجد ركعتين و لا يرجعون اليه ۔ (سنن بیہقی، باب الماموم یتنفل قبل صلاۃ العید وبعدھا فی بیتہ والمسجد وطریقہ، ج ثالث، ص ۴۲۵، نمبر ۶۲۳۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عیدگاہ کے علاوہ میں نفل پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ** : (۶۴۰) پس جب نماز حلال ہو جائے سورج کے بلند ہونے سے تو نماز عید کا وقت داخل ہو جائے گا زوال تک، پس جب سورج زائل ہو گیا تو اس کا وقت نکل گیا۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ حضور عید کی نماز سورج کے ایک نیزہ یا دو نیزہ اوپر اٹھنے پر پڑھتے تھے۔

**تشریح** : سورج نکلتے وقت کوئی بھی نماز پڑھنا حرام ہے، اسلئے جب سورج تھوڑا بلند ہو جائے یعنی ایک نیزہ یا دو نیزے کے برابر اونچا ہو جائے تب کوئی بھی نماز پڑھنا حلال ہو جاتا ہے اور اسی وقت سے عید کی نماز کا وقت شروع ہوتا ہے، اور سورج سر پر آنے تک یعنی ٹھیک دو پہر سے پہلے تک نماز جائز ہے اور ٹھیک دو پہر کے وقت نماز پڑھنا حرام ہو جاتا ہے، اس وقت تک عید کا بھی وقت رہتا ہے اسکے بعد عید کا وقت ختم ہو جاتا ہے، پس اگر ٹھیک دو پہر سے پہلے عید کی نماز پڑھ لی تو ٹھیک ہے اور اگر کسی وجہ سے اس وقت سے پہلے نماز نہ پڑھ سکے تو اب دوسرے دن نماز پڑھے، آج اسکا وقت ختم ہو گیا۔

**لغت** : رمح: نیزہ، بھالا، بھالا کے اگلے حصے میں دھار دار لوہا لگا ہوتا ہے اور اسکو پکڑ کر پھینکنے کے لئے پچھلے حصے میں تقریبا ساڑھے چار فٹ کی لاٹھی لگی ہوتی ہے اس طرح نیزے کی لمبائی پانچ فٹ ہوتی ہے، اور دو نیزے کی لمبائی دس فٹ ہوگی۔ اس کا مطلب یہ ہوگا کہ سورج افق سے پانچ فٹ، یا دس فٹ اونچا ہو جائے تب کوئی نماز پڑھنا حلال ہوگا اور عید کی نماز کا وقت شروع ہوگا۔ سوج نکلنے سے دس منٹ کے بعد نماز کا وقت شروع ہو جاتا ہے۔ سورج کی نچلی کناری افق کو چھوڑ دے تو قاعدے کے اعتبار سے نماز حلال ہو جائے گی۔ سورج نکلنے کا جو ٹائم دیا ہوتا ہے اس سے پانچ منٹ کے بعد نماز حلال ہو جائے گی، البتہ احتیاط اس میں ہے کہ سورج نکلنے کے ٹائم سے دس منٹ کے بعد اشراق پڑھے۔

**وجہ** : (۱) آفتاب ایک نیزہ یا دو نیزہ اوپر اٹھ جائے تو عید کا وقت ہوگا اور زوال تک رہے گا اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ جو صاحب ہدایہ نے نقل کی ہے۔ عن عمرو بن عنبسة السلمی أنه قال قلت یا رسول الله ! أی اللیل اسمع ؟ .....حتی تصلی الصبح ثم اقصر حتی تطلع الشمس فترتفع قیس رمح أو رمحین فانها تطلع بین قرنی شیطان و یصلی لها الکفار ، ثم صل ما شئت فان الصلاة مشهودة مکتوبة حتی یعدل الرمح ظله ثم اقصر فان جهنم تسجر و تفتح ابوابها۔ (ابو داود شریف، باب من رخص فیہما اذا کانت الشمس مرتفعۃ، ص ۱۹۱، نمبر ۱۲۷۷) اور نسائی شریف کی حدیث میں صرف قید رمح ہے یعنی ایک نیزہ سورج اوپر ہو جائے تو نماز حلال ہے۔ سمعت عمرو بن عبسة یقول ....فدع الصلاة حتی ترتفع قید رمح و یذهب شعاعها ثم الصلاة محضورة مشهودة حتی تعتدل الشمس اعتدال الرمح بنصف النهار (نسائی شریف، باب النہی عن الصلوۃ بعد العصر ص ۷۹، نمبر ۵۷۳) اس حدیث میں ہے کہ سورج ایک نیزہ تک بلند ہو جائے تو نماز حلال ہے اور زوال تک حلال رہے گا، یہی عید کی نماز کا وقت ہے۔ (۲) قال خرج عبد الله بن بسر صاحب رسول الله ﷺ مع الناس فی یوم عید الفطر او اضحی فانکر ابطاء الامام فقال انا کنا قد فرغنا ساعتنا هذه و ذلک حین التسبیح. (ابو داؤد شریف، باب وقت الخروج الی العید ص ۱۶۸ نمبر ۱۱۳۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تسبیح یعنی نماز اشراق کے وقت آپ ﷺ نماز عید سے فارغ ہو جایا کرتے تھے۔ اس لئے یہی وقت نماز عید کا ہوگا (۳) پہلے ضروری نوٹ میں ایک حدیث بخاری کی گزری جس میں یہ لفظ تھا. عن البراء بن عازب قال قال سمعت النبی

۲ ولما شهدوا بالهلال بعد الزوال امر بالخروج الی المصلی من الغد (۶۴۱) ویصلی الامام بالناس رکعتین یکبر فی الاولیٰ للافتتاح وثلثا بعدها ثم یقرأ الفاتحة وسورة ویکبر تکبیرة یرکع بها ثم یبتدی فی الرکعة الثانیة بالقراء ة ثم یکبر ثلثا بعدها ویکبر رابعة یرکع بها ﴾ ا وهذا قول ابن مسعودؓ وهو قولنا.

ﷺ یخطب فقال ان اول ما نبدأبه فی یومنا هذا ان نصلی ثم نرجع فننحر (بخاری شریف، باب سنة العیدین لاہل الاسلام ص ۱۲۱ نمبر ۹۵۱) جس سے معلوم ہوا کہ اس دن سورج نکلنے کے بعد پہلی چیز نماز عید پڑھنا ہے۔ اس لئے سورج بلند ہونے کے بعد عید کی نماز کا وقت ہوگا۔ اور زوال کے بعد وقت ختم ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: ۲ اور چاند دیکھنے کی گواہی زوال کے بعد دی تو عید گاہ کی طرف دوسرے دن نکلنے کا حکم دیا جائے گا۔

**تشریح**: اگر کسی نے عید کے چاند دیکھنے کی گواہی ٹھیک دوپہر کے وقت دیا یا اسکے بعد دیا تو چونکہ آج عید کا وقت ختم ہو چکا ہے اسلئے اب دوسرے دن عید کی نماز پڑھے۔

**وجہ**: (۱) اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عمومة له من اصحاب النبی ﷺ ان رکبا جاء وا الی النبی ﷺ یشهدون انهم روا الهلال بالامس فامرهم ای یفطروا واذا اصبحوا ان یغدوا الی مصلاهم. (ابو داؤد شریف، باب اذا لم یخرج الامام للعید من یومہ یخرج من الغد ص ۱۷۱ نمبر ۱۱۵۷ / ابن ماجۃ شریف، باب ماجاء فی الشهادة علی رؤیۃ الهلال، ص ۲۳۷، نمبر ۱۶۵۳) اس حدیث میں زوال کے بعد چاند دیکھنے کی گواہی دی ہے تو اس دن نماز نہیں پڑھی بلکہ اگلے دن صبح کو نماز عید پڑھنے کے لئے کہا جو اس بات کی دلیل ہے کہ زوال کے بعد عید کا وقت نہیں رہتا۔

**ترجمہ**: (۶۴۱) امام لوگوں کو دو رکعت نماز پڑھائے، پہلی رکعت میں نماز شروع کرنے کے لئے تکبیر کہے، اور تین تکبیریں اسکے بعد کہے پھر سورہ فاتحہ پڑھے اور سورت ملائے اور تکبیر کہہ کر رکوع میں جائے، پھر دوسری رکعت قرأت کے ساتھ شروع کرے پھر اسکے بعد تین تکبیر زوائد کہے اور چوتھی تکبیر کہے اور اسکے ساتھ رکوع میں جائے۔

**ترجمہ**: ا یہ ابن مسعودؓ کا قول ہے اور وہی ہمارا قول ہے۔

**تشریح**: اس عبارت میں یہ بیان کیا گیا ہے کہ عید کی نماز کیسے پڑھائے اور تکبیر زوائد کتنی کہے اور کب کہے دونوں رکعتوں میں قرأت سے پہلے یا پہلی رکعت میں قرأت سے پہلے اور دوسری رکعت میں قرأت کے بعد۔ فرماتے ہیں کہ پہلی رکعت میں قرأت سے پہلے تکبیر زوائد کہے، اور دوسری رکعت میں قرأت کے بعد تکبیر زوائد کہے، اور پہلی رکعت میں بھی تین تکبیر زوائد کہے اور دوسری رکعت میں بھی تین ہی تکبیر زوائد کہے۔

۲؎ وقال ابن عباسؓ یکبر فی الاولیٰ للافتتاح وخمسًا بعدها وفی الثانیة یکبر خمسًا یقرأ وفی روایة یکبر اربعًا وظهر عمل العامة الیوم بقول ابن عباس لامر بنیه الخلفاء

**وجه:** (۱) حدیث میں ہے عن ابن عباس ان النبی ﷺ خرج یوم الفطر فصلی رکعتین لم یصل قبلها ولا بعدها. (بخاری شریف، باب الصلوۃ قبل العید وبعدھا ص ۱۳۵ نمبر ۹۸۹ رمسلم شریف، باب ترک الصلاۃ قبل العید وبعدھا فی المصلی، ص ۳۵۶، نمبر ۸۸۴ / ۲۰۵۷) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے عید کی نماز صرف دو رکعت پڑھائی۔ اس لئے عید کی نماز صرف دو رکعت ہوگی۔

**وجه:** (۱) صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔ سل هذا لعبد الله ابن مسعود ، فسأله فقال ابن مسعود : یکبر اربعا ، ثم یقرأ ، ثم یکبر فیرکع ، ثم یقوم فی الثانیة فیقرأ ، ثم یکبر أربعا بعد القرأة ۔( مصنف عبد الرزاق، باب التکبیر فی الصلوۃ یوم العید ج ثالث ص ۱۶۷ نمبر ۵۷۰۴ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۲۰، فی التکبیر فی العیدین واختلافھم فیہ، ج اول، ص ۴۹۴، نمبر ۵۷۰۴) اس اثر میں ہے کہ پہلی رکعت میں قرأت سے پہلے چار تکبیر کہے، جسکا مطلب یہ ہوا کہ ایک تکبیر تحریمہ کا اور باقی تین تکبیریں زوائد ہیں۔ اسی طرح دوسری رکعت میں قرأت کے بعد چار تکبیریں کہے، یعنی تین تکبیر زوائد اور ایک تکبیر رکوع کے لئے ۔مصنف عبد الرزاق کے اسی اثر میں ہے کہ حضرت حذیفہؓ اور حضرت ابو موسی اشعریؓ اور حضرت سعید بن عاصؓ نے بھی حضرت ابن مسعودؓ کے اس قول پر سکوت فرمایا جسکا مطلب یہ ہے کہ ان حضرات کی بھی رائے یہی ہے (۲) تین تکبیر زوائد کی دلیل یہ حدیث ہے۔ سأل ابو موسی الاشعری و حذیفة بن الیمان کیف کان رسول الله یکبر فی الاضحی والفطر؟ فقال ابو موسی کان یکبر اربعا تکبیرة علی الجنائز فقال حذیفة صدق (ابو داؤد شریف، باب التکبیر فی العیدین ص ۱۷۰ نمبر ۱۱۵۳ رسنن للبیہقی، باب ذکر الخبر الذی روی فی التکبیر اربعا، ج ثالث، ص ۴۰۸، نمبر ۶۱۸۳ رمصنف عبد الرزاق، باب التکبیر فی الصلوۃ یوم العید ج ثالث ص ۱۶۷ نمبر ۵۷۰۴) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ عید کی نماز میں پہلی رکعت میں تکبیر احرام کے بعد تین تکبیر کہی جائے گی۔ تو تکبیر احرام کے ساتھ چار تکبیریں ہوگئیں۔ اس طرح دوسری رکعت میں قرأت کے بعد تین تکبیر زائد کہی جائے گی تو تکبیر رکوع کے ساتھ چار تکبیریں ہو جائیں گی۔ (۲) اور دوسری رکعت میں قرأت کے بعد چار تکبیر کہی جائے گی اس کی دلیل یہ اثر ہے۔ فاسندوا امرهم الی ابن مسعود فقال تکبیر اربعا قبل القراء ة ثم تقرأ فاذا فرغت کبرت فرکعت ثم تقوم فی الثانیة فتقرأ فاذا فرغت کبرت اربعا (سنن للبیہقی، باب ذکر الخبر الذی روی فی التکبیر اربعا ج ثالث ص ۴۰۸، نمبر ۶۱۸۳ رمصنف عبد الرزاق، باب التکبیر فی الصلوۃ یوم العید ج ثالث ص ۱۶۸ نمبر ۵۷۰۴) اس اثر میں موجود ہے کہ دوسری رکعت میں قرأت کے بعد چار تکبیر کہی جائے گی۔ تین تکبیر زوائد کی اور ایک تکبیر رکوع کی ہوگی۔

**ترجمه:** ۲؎ اور حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ نے فرمایا کہ پہلی رکعت میں تحریمہ کے لئے تکبیر کہے، اور اسکے بعد پانچ تکبیر کہے، اور

**۳** فاما المذھب فالقول الاوّل لان التکبیر ورفع الایدی خلاف المعھود فکان الاخذ بالاقل اولی **۴** ثم التکبیرات من اعلام الدین حتی یجھر بھا فکان الاصل فیھا الجمع وفی الرکعۃ الاولیٰ یجب الحاقھا بتکبیرۃ الافتتاح لقوتھا من حیث الفرضیۃ والسبق وفی الثانیۃ لم یوجد الاتکبیرۃ الرکوع فوجب الضم الیھا

---

دوسری رکعت میں پانچ تکبیر کہے پھر قرأت کرے، اور ایک روایت میں ہے کہ دوسری رکعت میں چار تکبیر کہے۔ آج کل عام لوگوں کا عمل حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ کے قول پر ہے، کیونکہ بنو عباس کے خلفاء نے اس کا حکم دیا ہے۔

**تشریح** : حضرت ابن عباسؓ کا عام قول تو یہی ہے کہ پہلی رکعت میں سات تکبیر کہے اور دوسری رکعت میں پانچ۔ لیکن ایک قول یہ بھی ہے پہلی رکعت میں پانچ اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیر زوائد کہے، اور ایک روایت میں ہے کہ دوسری رکعت میں چار تکبیر کہے، اور دونوں رکعتوں میں تکبیر قرأت سے پہلے کہے۔ مصنف فرماتے ہیں کہ اس وقت حضرت ابن عباس کے بیٹوں کی خلافت ہے اسلئے انہوں نے حکم دیا کہ حضرت ابن عباس کے قول کے مطابق تکبیر کہی جائے اسلئے انہیں کے قول پر عام لوگ عمل کر رہے ہیں۔

**وجہ** : (۱) دوسری روایت کے مطابق اثر یہ ہے۔ عن عبد اللہ بن حارث قال : صلی بنا ابن عباس یوم عید فکبر تسع تکبیرات : خمسا فی الاولی و أربعا فی الآخرۃ و آلی بین القرأتین ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۲۰، فی التکبیر فی العیدین واختلافھم فیہ، ج اول، ص ۴۹۵، نمبر ۵۷۰۷) اس اثر میں ہے کہ عبد اللہ ابن عباسؓ نے پہلی میں پانچ اور دوسری میں چار تکبیر کہی

**ترجمہ** : **۳** بہر حال صحیح مذہب تو پہلا ہی قول ہے اسلئے کہ تکبیر کہنا اور ہاتھ اٹھانا معہود کے خلاف ہے اسلئے کم سے کم کو لینا اولی ہے۔

**تشریح** : صرف چھے تکبیر زوائد ہونے کی حنفیہ کی جانب سے یہ دلیل عقلی ہے۔ جسکا حاصل یہ ہے کہ تکبیر کہنا اور ہاتھ اٹھانا یہ عام نمازوں کا جو خاکہ ذہن میں ہے اسکے خلاف ہے، کیونکہ نماز میں سکون سے رہنے کے لئے کہا گیا ہے۔ آیت میں ہے۔ حافظوا علی الصلوات و الصلوۃ الوسطی و قوموا للہ قٰنتین ۔ (آیت ۲۳۸، سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت میں ہے سکون سے نماز میں کھڑا رہو، اسلئے بار بار ہاتھ اٹھانا اتنا اچھا نہیں ہے اسلئے جتنا کم ہاتھ اٹھانا پڑے وہ بہتر ہے، اور اثر سے کم سے کم تین مرتبہ ہاتھ اٹھانے کی روایت ملتی ہے اسلئے تین مرتبہ اٹھانا بہتر ہوگا۔ ۔معہود : کا ترجمہ ہے، ذہن میں کسی چیز کے بارے میں جو ایک خاکہ ہوتا ہے اسکو معہود کہتے ہیں۔

**ترجمہ** : **۴** پھر تکبیر دین کے اعلام میں سے ہے یہی وجہ ہے کہ اسکو زور سے پڑھا جاتا ہے، اسلئے اصل اس میں جمع کرنا ہوگا، اور

۵ والشافعیؒ اخذ بقول ابن عباس انه حمل المروی کله علی الزوائد فصارت التکبیرات عنده خمسة عشرا وستة عشر

پہلی رکعت میں اسکو تکبیر افتتاح کے ساتھ جمع کرنا واجب ہوگا فرضیت کے اعتبار سے اور پہلے ہونے کے اعتبار سے قوی ہونے کی وجہ سے، اور دوسری رکعت میں تکبیر رکوع کے علاوہ کوئی نہیں پائی گئی ہے اسلئے اس کے ساتھ ملانا واجب ہوگا۔

**تشریح** : پہلی رکعت میں تکبیر زوائد تکبیر تحریمہ کے ساتھ کیوں ہو اور قرأت سے پہلے کیوں ہو۔ اور دوسری رکعت میں قرأت کے بعد اور رکوع کی تکبیر کے ساتھ کیوں ہو اسکی دلیل عقلی ہے۔ اسکا حاصل یہ ہے کہ تکبیرات زوائد دین کے اعلام یعنی شعائر اور جھنڈوں میں سے ہیں، اسی جھنڈے کو بلند کرنے کے لئے اسکو زور سے پڑھا جاتا ہے، اور شعائر کا قاعدہ یہ ہے کہ اور تکبیر جو پڑھی جاتی ہو اسکے ساتھ ملا کر پڑھی جائے، اس اعتبار سے تکبیر تحریمہ اسکے زیادہ مناسب ہے کہ اسکے ساتھ ملا کر پڑھی جائے، کیونکہ وہ تکبیر فرض ہے اس اعتبار سے اسکی قوت ہے اور نماز کے بالکل شروع میں ہے اسلئے تکبیر افتتاح جسکو تکبیر تحریمہ کہتے ہیں اسکے ساتھ ملا کر تکبیر زوائد کو پڑھنا زیادہ بہتر ہے یہی وجہ ہے کہ سب اماموں کے نزدیک پہلی رکعت میں تکبیر زوائد تکبیر تحریمہ کے ساتھ ہی ہے۔ اور دوسری رکعت میں رکوع کی تکبیر کے علاوہ کوئی اور تکبیر اہم نہیں ہے اسلئے دوسری رکعت میں رکوع کی تکبیر کے ساتھ تکبیر زوائد کو ملا کر پڑھنا زیادہ بہتر ہے۔ اصل تو وہ اثر ہے جو پہلے گزر گیا۔

**ترجمہ** : ۵ امام شافعیؒ نے حضرت ابن عباسؓ کے قول کو لیا مگر جتنی تکبیروں کی روایت ہے سب کو زوائد پر محمول کیا اسلئے انکے نزدیک پندرہ تکبیریں یا سولہ تکبیریں ہوگئیں۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کا مسلک یہ ہے کہ پہلی رکعت میں سات تکبیر اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیر کہی جائے گی اور دونوں میں قرأت کے پہلے تکبیر کہی جائے گی، کیونکہ بہت سی رویت میں اس کا ثبوت ہے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ ....ثم کبر سبعا لیس فیها تکبیرة الافتتاح ، ثم قرأ و رکع و سجد ، فاذا قام فی الثانیة قام بتکبیرة القیام ،ثم کبر خمسا سوی تکبیرة القیام ۔ (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب التکبیر فی صلاۃ العیدین، ج ثالث، ص ۲۳۴، نمبر ۲۵۶۳) اس عبارت میں ہے کہ پہلی رکعت میں سات تکبیر اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیر زوائد کہے اور دونوں میں قرأت سے پہلے کہے۔

صاحب ھدایہ کی رائے یہ ہے کہ حضرت امام شافعیؒ نے تکبیر تحریمہ اور دونوں رکعتوں کے رکوع کی تکبیر کو بھی بارہ تکبیر زوائد کے ساتھ ملا دیا جسکی وجہ سے سب تکبیر ملا کر پندرہ تکبیریں ہوگئیں۔ اور ایک روایت میں ہے کہ دوسری رکعت میں چھ تکبیر زوائد ہیں، اس روایت کے اعتبار سے سولہ تکبیریں ہوجائیں گی۔

**وجه** : (۱) حدیث ہے۔ عن عبد الله بن عمرو بن العاص قال قال نبی الله التکبیر فی الفطر سبع فی الاولی و خمس فی الآخرة والقراءة بعدهما کلیتهما ( ابوداؤد شریف، باب التکبیر فی العیدین ص ۱۷۰ نمبر ۱۱۵۱ / ابن

**(۶۴۲) قال یرفع یدیه فی تکبیرات العیدین ﴾ ل یرید به ماسوی التکبیر فی الرکوع لقوله صلی اللّٰہ علیه وسلم لا ترفع الایدی الا فی سبع مواطن وذکر من جملتها تکبیرات الاعیاد**

---

ماجۃ شریف، باب ما جاء فی کم یکبر الامام فی صلاۃ العیدین، ص۱۸۲، نمبر ۱۲۷۷/ دار قطنی، کتاب العیدین ج ثانی ص ۳۶ نمبر ۱۷۱۱) ان احادیث سے ثابت ہوا کہ پہلی رکعت میں سات اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیریں کہی جائے گی اور قرأت سے پہلے کہی جائے گی۔ یہ اختلاف استحباب کا ہے۔ (۲) عن عمار ابن ابی عمار أن ابن عباس کبر فی عید ثنتی عشرة تکبیرة، سبعا فی الاولی و خمسا فی الأخرة. (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۴۲۰، فی التکبیر فی العیدین واختلافھم فیہ، ج اول، ۴۹۶، نمبر ۵۷۲۳/ مصنف عبد الرزاق، باب التکبیر فی الصلوۃ یوم العید، ج ثالث، ص ۱۶۶، نمبر ۵۷۰۱) اس اثر میں ہے کہ پہلی رکعت میں سات اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیر کہی، تو دونوں کو ملا کر بارہ تکبیریں زوائد ہوئیں، اور ایک تکبیر تحریمہ کی اور دونوں رکعتوں میں دو تکبیریں رکوع کی ہوئیں، تو مجموعہ تین ہوئیں، اور بارہ تکبیر زوائد ملا کر پندرہ تکبیریں ہوئیں۔ صاحب ھدایہ نے اسی سب کو ملا کر پندرہ تکبیریں کہی ہیں

ستة عشرة [تکبیرة] سولہ تکبیریں بن جانے کی روایت یہ ہے۔ عن عطاء أن ابن عباس کبر فی عید ثلاث عشرة: سبعا فی الاولی و ستا فی الأخرة. (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۴۲۰، فی التکبیر فی العیدین واختلافھم فیہ، ج اول، ۴۹۴، نمبر ۵۷۰۱) اس اثر میں ہے کہ پہلی رکعت میں سات تکبیر، اور دوسری رکعت میں چھ تکبیریں، تو دونوں ملا کر تیرہ تکبیریں ہوئیں، اور ایک تکبیر تحریمہ کی اور دو تکبیریں دونوں رکوع کی، سب ملا کر سولہ تکبیریں ہوئیں۔

**ترجمہ**: (۶۴۲) دونوں ہاتھ عیدین کی تکبیر میں اٹھائے گا۔

**تشریح**: جب جب تکبیر زوائد کہے گا تو کہتے وقت ہاتھ بھی کانوں تک اٹھائے تا کہ شعار کا اظہار زیادہ ہو۔

**وجہ**: (۱) عن ابن جریج قال: قلت لعطاء: یرفع الامام یدیه کلما کبر هذا التکبیر الزیادة فی صلوة الفطر؟ قال: نعم و یرفع الناس أیضا. (مصنف عبد الرزاق، باب التکبیر بالیدین، ج ثالث، ص ۱۶۹، نمبر ۵۷۱۶) اس اثر میں ہے کہ تکبیر زوائد کے وقت ہاتھ بھی اٹھائے (۲) ان عمر بن الخطاب کان یرفع یدیه مع کل تکبیرة فی الجنازة والعیدین وهذا منقطع (سنن للبیھقی، باب رفع الیدین فی تکبیر العید ج ثالث ص ۴۱۲، نمبر ۶۱۸۹/ مصنف عبد الرزاق، باب التکبیر بالیدین ج ثالث ص ۱۶۹ نمبر ۵۷۱۶) اس سے معلوم ہوا کہ تکبیر زوائد کہتے وقت ہاتھ بھی کانوں تک اٹھائے گا۔

**ترجمہ**: ل اس سے مراد رکوع میں تکبیر کے علاوہ ہے حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ ہاتھ نہیں اٹھایا جائے گا مگر سات جگہوں پر اور اسکے مجموعے میں سے عید کی تکبیر کو ذکر کیا۔

۲ وعن ابی یوسفؒ انه لا یرفع و الحجة علیه ماروینا (۶۴۳) قال ویخطب بعد الصلوٰة خطبتین ﴾

۱ بذلک ورد النقل المستفیض

**تشریح** : متن میں جو ہاتھ اٹھانے کا ذکر ہے اس سے مراد یہ ہے کہ رکوع میں جاتے وقت جو تکبیر ہے اس وقت ہاتھ نہ اٹھائے، اس وقت ہاتھ اٹھانا امام شافعیؒ کے یہاں مسنون ہے، ہمارے یہاں نہیں، اسکے علاوہ تکبیر زوائد اور تکبیر تحریمہ کے وقت ہاتھ اٹھائے۔ صاحب ھدایہ نے جس اثر کی طرف اشارہ کیا ہے اس میں سات جگہ ہاتھ اٹھانے کا تذکرہ ہے، لیکن عید کی تکبیر زوائد کے وقت ہاتھ اٹھانے کا تذکرہ نہیں ہے۔ تکبیر زوائد میں ہاتھ اٹھانے کا تذکرہ اوپر کے اثر میں گزر گیا۔ صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔ عن ابن عباس قال : لا ترفع الأیدی الا فی سبع مواطن : [۱] ذا قام الی الصلوة [۲] و اذا رأی البیت [۳] و علی الصفا [۴] و المروة [۵] و فی عرفات [۶] و فی جمع [۷] و عند الجمار ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۵ من کان یرفع یدیہ فی اول تکبیرۃ ثم لا یعود، ج اول، ص ۲۱۴، نمبر ۲۴۵۰ر سنن بیہقی، باب رفع الیدین اذا رای البیت، ج خامس، ص ۱۱۷، نمبر ۹۲۱۰) اس اثر میں ہے کہ سات جگہ تکبیر کہتے وقت ہاتھ اٹھایا جائے گا۔ جس میں عید کا تذکرہ نہیں ہے۔ البتہ اوپر کے اثر میں ہاتھ اٹھانے کا تذکرہ ہے جس سے ہاتھ اٹھانا ثابت کرتے ہیں

**ترجمہ** : ۲ حضرت امام ابو یوسفؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ تکبیر زوائد میں ہاتھ نہیں اٹھایا جائے گا۔ لیکن انکے خلاف حجت وہ اثر ہے جو اوپر گزر گیا

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ تکبیر زوائد میں ہاتھ نہیں اٹھایا جائے گا، لیکن اوپر جو اثر بیان کیا وہ حضرت امام ابو یوسفؒ کی روایت کے خلاف ہے۔

**ترجمہ** : (۶۴۳) پھر نماز کے بعد خطبہ دیں دو خطبے۔

**ترجمہ** : ۱ اسکے بارے میں بہت سی احادیث وارد ہوئیں ہیں۔

**تشریح** : جس طرح جمعہ میں دو خطبے دیئے جاتے ہیں اسی طرح عیدین میں بھی دو خطبے دیئے جائیں گے۔

**وجہ** : (۱) نماز کے بعد خطبہ دینے کی دلیل یہ حدیث ہے ۔ عن ابن عمر قال کان النبی ﷺ و ابو بکر و عمر یصلون العیدین قبل الخطبة (بخاری شریف، باب الخطبۃ بعد العید ص ۱۳۱ نمبر ۹۶۳ر مسلم شریف، باب کتاب صلاۃ العیدین، ص ۳۵۳، نمبر ۲۰۴۴/۸۸۴) اس سے معلوم ہوا کہ خطبہ نماز کے بعد دیا جائے گا۔ (۲)۔ سمعت ابن عباسؓ قال خرجت مع النبی ﷺ یوم فطر او اضحی فصلی العید ثم خطب ثم اتی النساء فوعظهن (بخاری شریف، باب خروج الصبیان الی المصلی، ص ۱۳۲، نمبر ۹۷۵ر مسلم شریف، باب کتاب صلاۃ العیدین، ص ۳۵۴، نمبر ۲۰۴۵/۸۸۴) اس حدیث میں خطبے کا تذکرہ

(٦٤٤) یعلّم الناس فیھا صدقۃ الفطر واحکامھا ﴾ ل لانھا شرعت لاجلہ. (٦٤٥) ومن فاتتہ صلوٰۃ العید مع الامام لم یقضھا ﴾

ہے، اور یہ بھی ہے کہ نماز کے بعد خطبہ دیا۔

اور دو خطبے ہوں اسکی دلیل یہ حدیث ہے (١) عن جابر قال : خرج رسول اللہ ﷺ یوم فطر أو أضحی فخطب قائما ثم قعد قعدۃ ثم قام . (ابن ماجۃ شریف، باب ماجاء فی الخطبہ فی العیدین، ص ١٨٣، نمبر ١٢٨٩) اس حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے عید میں دو خطبہ دئے (٢) اس اثر میں اسکی تصریح ہے۔ عن عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبۃ قال السنۃ ان یخطب الامام فی العیدین خطبتین یفصل بینھما بجلوس . (سنن بیہقی، باب جلوس الامام حین یطلع علی المنبر الخ، ج ثالث، ص ٤٢٠، نمبر ٦٢١٣) اس اثر میں ہے کہ عید میں دو خطبے دے۔ (٣) جمعہ میں دو خطبے ہیں تو عید بھی جمعہ کی طرح ہے اسلئے عید میں بھی دو خطبے ہونے چاہئے۔

**ترجمہ**: (٦٤٤) خطبے میں لوگوں کو صدقۃ الفطر اور اسکے احکام سکھلائیں گے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ اسی لئے خطبہ مشروع ہوا ہے۔

**تشریح** : عید میں جو خطبہ دیں گے تو عید الفطر میں صدقہ فطر اور عید الفطر کے احکام لوگوں کو سکھلائیں گے، اور بقرعید کا موقع ہو تو قربانی وغیرہ کے احکام بتائیں گے تا کہ لوگوں کو اسکی معلومات ہو جائے، کیونکہ ان خطبوں کا مقصد ہی یہی ہے۔

**وجہ** : حدیث میں ہے کہ عید الفطر کے موقع پر عورتوں کو صدقہ کی ترغیب دی۔ (١) حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس أن النبی صلی یوم الفطر رکعتین لم یصل قبلھا و لا بعدھا ، ثم أتی النساء و معہ بلال فأمرھن بالصدقۃ فجعلن یلقین ، تلقی المرأۃ خرصھا و سخابھا ۔ (بخاری شریف، باب الخطبۃ بعد العید، ص ١٥٥، نمبر ٩٦٤ رمسلم شریف، باب کتاب صلوۃ العیدین، ص ٣٥٤، نمبر ٢٠٤٥/٨٨٤) اس حدیث میں نماز کے بعد صدقہ فطر کے احکام عورتوں کو بتایا۔

**ترجمہ**: (٦٤٥) جس کی عید کی نماز فوت ہو جائے امام کے ساتھ اس کو قضا نہیں کرے گا۔

**تشریح** : اگر پورے شہر والے ہی کی نماز فوت ہو گئی ہو تو دوسرے دن سب نماز پڑھے۔ لیکن کسی ایک دو آدمی کی نماز فوت ہو گئی تو وہ نماز کی قضا نہیں کرے گا، البتہ عید کے بدلے میں گھر میں دو رکعت یا چار رکعت نفل پڑھے۔

**وجہ**: (١) نماز عید اجتماعیت کے ساتھ مشروع ہے اور جس کی نماز عید امام کے ساتھ چھوٹ گئی تو اب جماعت نہیں ہو سکے گی اس لئے اب نماز عید کو قضا نہیں کرے گا۔ البتہ دو رکعت نفل کے طور پر پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے۔ دلیل یہ قول ہے قال عطاء اذا فاتہ العید صلی رکعتین (بخاری شریف، باب اذا فاتہ العید صلی رکعتین ص ١٣٤، نمبر ٩٨٧) (٢) قال عبد اللہ من فاتہ العید

ل لان الصلوٰة بهذه الصفة لم تعرف قربة الا بشرائط لاتتم بالمنفرد (۶۴۶) فان غم الهلال وشهدوا عند الامام برؤية الهلال بعدالزوال صلى العيد من الغد ﴾ ل لان هذا تاخير بعذر وقد ورد فيه الحديث(۶۴۷) فان حدث عذر يمنع من الصلوٰة فی اليوم الثانی لم يصلها بعده﴾

فليصل اربعا (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۲۹ الرجل تفوتہ الصلوۃ فی العید کم یصلی ج ثانی ص ۴، نمبر ۵۷۹۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جس کی نماز عید فوت ہو جائے وہ نفلی طور پر چار رکعت پڑھے۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ اس طرح کی نماز قربت متعارف نہیں ہے مگر کچھ ایسی شرائط کے ساتھ کہ منفرد آدمی سے پوری نہیں ہو سکتی ۔

**تشریح** : ۔عید کی نماز نہ پڑھنے کی دلیل عقلی ہے۔ کہ عید کی نماز قائم کرنے کے لئے ایسی شرائط ہیں کہ اکیلا آدمی اسکو پوری نہیں کر سکتا اسلئے عید کی نماز چھوٹ جانے کے بعد اسکو نہیں پڑھ سکتا، مثلا عید کی نماز کے لئے جماعت شرط ہے، تو اکیلا آدمی جماعت نہیں کر سکتا، عید قائم کرنے کے لئے سلطان ہونا شرط ہے، اور یہاں سلطان نہیں ہے اس لئے بھی عید نہیں پڑھ سکتا۔ البتہ دو رکعت نفل کے طور پر پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۶۴۶) پس اگر لوگوں کو چاند نظر نہ آئے اور امام کے پاس چاند دیکھنے کی گواہی زوال کے بعد دی تو عید کی نماز اگلی صبح کو پڑھے گا۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ یہ عذر کی بناء پر تاخیر ہے، اور اس بارے میں حدیث وارد ہوئی ہے

**تشریح** : انتیس کی شام کو لوگوں کو چاند دکھائی نہیں دیا، اب دوسرے دن زوال کے بعد، یا ٹھیک دوپہر کو دو آدمیوں نے چاند دیکھنے کی گواہی دی تو چونکہ عید کی نماز کا وقت ختم ہو چکا ہے اس لئے آج نماز نہیں پڑھے گا اب اگلی صبح کو نماز پڑھے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ عذر کی بنا پر یہ تاخیر ہوئی اور حدیث میں اسکی وضاحت ہے کہ صحابہ کو پہلے دن چاند نظر نہیں آیا اور زوال کے بعد چاند دیکھنے کی گواہی دی تو آپؐ نے فرمایا کہ کل عید کی نماز پڑھیں۔

**وجہ** صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی عمیر بن انس عن عمومۃ لہ من اصحاب النبی ﷺ ان رکبا جاء وا الی النبی ﷺ یشھدون انھم رأوا الھلال بالامس فامرھم ان یفطروا و اذا اصبحوا ان یغدوا الی مصلاھم (ابو داؤد شریف، باب اذا لم یخرج الامام للعید من یومہ یخرج من الغد ص ۱۷۱ نمبر ۱۱۵۷ / ابن ماجۃ شریف، باب ما جاء فی الشھادۃ علی رؤیۃ الھلال، ص ۲۳۷، نمبر ۱۶۵۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زوال کے بعد چاند دیکھنے کی گواہی آئے تو اگلے دن نماز عید پڑھی جائے گی۔

**ترجمہ**: (۶۴۷) پس اگر کوئی عذر پیش آ جائے کہ لوگوں کو دوسرے دن بھی نماز سے روک دے تو اس کے بعد نماز عید نہیں پڑھی

ل لان الاصل فيها ان لاتقضى كالجمعة الا انا تركناه بالحديث وقدورد بالتاخير الى اليوم الثانى عند العذر (۶۴۸) ويستحب في يوم الاضحى ان يغتسل ويتطيب ﴾ ل لما ذكرناه.

(۶۴۹) ويؤخر الاكل حتى يفرغ من الصلوٰة ﴾ ل لما روى ان النبى صلى الله عليه وسلم كان لايطعم في يوم النحر حتى يرجع فيأكل من اضحيته

---

جائے گی۔

**ترجمه**: ل اصل قاعدہ اس میں یہ ہے کہ جمعہ کی طرح اسکی قضاء نہ کی جائے مگر حدیث کی وجہ سے ہمنے اس بات کو چھوڑ دیا، اور حدیث میں عذر کی وجہ سے دوسرے دن تک تاخیر کی بات وارد ہوئی ہے۔

**تشریح**: دوسرے دن بھی کسی عذر کی وجہ سے عید الفطر کی نماز نہیں پڑھ سکا تو اب تیسرے دن عید الفطر کی نماز نہیں پڑھی جائے گی البتہ بقرعید کی نماز پڑھ سکتا ہے۔ اسکا مسئلہ آگے آرہا ہے۔

**وجه**: جمعہ کی نماز کی طرح عید کی بھی قضا نہیں ہونی چاہئے لیکن حدیث مذکور کی وجہ سے خلاف قیاس دوسرے دن قضا کروایا۔ لیکن تیسرے دن قضا کرنے کی حدیث نہیں ہے اس لئے تیسرے دن عید الفطر کی قضا نہیں کرے۔

**ترجمه**: (۶۴۸) عید الاضحیٰ کے دن مستحب ہے کہ غسل کرے، خوشبو لگائے۔

**ترجمه** ل اس حدیث کی بنا پر جو پہلے بیان کیا۔

**تشریح**: عید الاضحیٰ بھی عید الفطر کی طرح ہے اسلئے جو باتیں اس میں سنت ہیں وہ باتیں بقرعید میں بھی سنت ہونگی۔

**وجه**: (۱) حدیث یہ ہے۔ عن ابی سعید الخدری و ابی هريرة قالا قال رسول الله ﷺ من اغتسل يوم الجمعة و لبس من احسن ثيابه ومس من طيب ان كان عنده ثم اتى الجمعة. (ابوداؤد شریف، باب الغسل للجمعۃ ص ۵۶ نمبر ۳۴۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جمعہ کے دن غسل کرے۔ اچھے کپڑے پہنے اور خوشبو ملے اور عیدین بھی جمعہ کی طرح اجتماع ہیں اس لئے ان میں بھی یہ کام کرنا سنت ہونگے۔ باقی تفصیل مسئلہ نمبر ۶۳۶ میں گزر چکی ہے۔

**ترجمه**: (۶۴۹) اور کھانا مؤخر کرے یہاں تک کہ نماز سے فارغ ہوجائے۔

**ترجمه**: ل اس لئے کہ روایت کی گئی ہے کہ حضورؐ دسویں ذی الحجہ کو نہیں کھاتے یہاں کہ نماز سے واپس ہوتے، اور قربانی کے گوشت میں سے ہی کھاتے۔

**تشریح**: بقرعید پر سنت یہ ہے کہ کھانا نماز کے بعد کھائے، بلکہ بہتر یہ ہے کہ قربانی کے گوشت سے افطار کرے۔

**وجه**: (۱) عن عبد الله بن بريدة عن ابيه قال كان النبى ﷺ لا يخرج يوم الفطر حتى يطعم، و لا يطعم يوم

(٦٥٠) ويتوجه الى المصلى وهو يكبر﴾ لـ لانه صلى الله عليه وسلم كان يكبر فى الطريق.
(٦٥١) ويصلى ركعتين كالفطر﴾ لـ كذلك نقل

الاضحى حتى يصلى (ترمذی شریف، باب ما جاء فی الاکل یوم الفطر قبل الخروج ص۱۴۲، نمبر ۵۴۲/ابن ماجہ شریف، باب فی الاکل یوم الفطر قبل ان یخرج، ص ۲۵۰، نمبر ۱۷۵۶) اس حدیث میں ہے کہ عید الفطر میں نماز سے پہلے اور عید الاضحیٰ میں نماز کے بعد کھایا کرتے تھے۔ (۲) اور قربانی کے گوشت کو ہی کھائے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ جسکی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ فرمایا ہے۔ حدثنا عبد الله بن بريدة عن أبيه : أن النبى ﷺ كان لا يخرج يوم الفطر حتى يطعم ، و كان لا يأكل يوم النحر شيئا حتى يرجع فيأكل من أضحيته (دار قطنی، کتاب العیدین ج ثانی ص ۳۴ نمبر ۱۶۹۹/سنن للبیہقی، باب یترک الاکل یوم النحر حتی یرجع ج ثالث ص ۴۰۱، نمبر ۶۱۶۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قربانی کے گوشت سے افطاری کرنا زیادہ بہتر ہے۔ (۳) یوں بھی روز کھاتا رہا ہے تو آج تھوڑی دیر کے لئے نہ کھائے تاکہ عبادت ہو جائے۔

**ترجمه**: (٦٥٠) اور عیدگاہ کی طرف زور سے تکبیر کہتے ہوئے متوجہ ہو۔

**ترجم**: لـ اس لئے کہ حضورؐ راستے میں تکبیر کہا کرتے تھے۔

**تشريح**: زور سے تکبیر کہتے ہوئے عیدگاہ جائے گا۔ کیونکہ حضور سے روایت ہے کہ آپ تکبیر کہتے ہوئے عید گا تشریف لیجاتے تھے۔

**وجه**: (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ ان عبد الله بن عمر اخبره ان رسول الله ﷺ كان يكبر يوم الفطر من حين يخرج من بيته حتى يأتى المصلى۔ (دار قطنی، کتاب العیدین ج ثانی ص ۳۴ نمبر ۱۶۹۸/مستدرک للحاکم، کتاب صلوۃ العیدین، ج اول، ص ۴۳۸، نمبر ۱۱۰۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عیدگاہ تک زور سے تکبیر پڑھے (۲) عن ابن عمر أنه اذا غدا يوم الاضحى و يوم الفطر يجهر بالتكبير حتى يأتى المصلى ، ثم يكبر حتى يأتى الامام۔ (دار قطنی، کتاب العیدین ج ثانی ص ۳۴ نمبر ۱۷۰۰/مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۱۳، فی التکبیر اذا خرج الی العید، ج اول، ص ۴۸۷، نمبر ۵۶۱۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ عید الفطر اور عید الاضحیٰ دونوں کے راستے میں تکبیر زور سے کہی جائے گی۔

**ترجمه**: (٦٥١) عید الاضحیٰ کی نماز پڑھے گا دو رکعت عید الفطر کی نماز کی طرح۔

**ترجمه**: لـ اسی طرح حدیث میں منقول ہے

**تشريح**: جس طرح عید الفطر کی نماز دو رکعت پڑھی جاتی ہے اسی طرح بقر عید کی نماز بھی دو رکعت ہی پڑھی جائے گی۔

**وجه**: (۱) عن ابن عباس ان النبى ﷺ خرج يوم الفطر فصلى ركعتين لم يصل قبلها ولا بعدها . (بخاری

(۶۵۲) ویخطب بعدها خطبتین ﴾ ۱ لانه صلی الله علیه وسلم کذلک فعل (۶۵۳) ویعلّم الناس فیهما الاضحیة وتکبیر التشریق ﴾ ۱ لانه مشروع الوقت والخطبة ما شرعت الالتعلیمه.

شریف، باب الصلوۃ قبل العید وبعدھا ص ۱۳۵ نمبر ۹۸۹ رمسلم شریف، باب ترک الصلاۃ قبل العید وبعدھا فی المصلی ،ص ۳۵۶، نمبر ۸۸۴ / ۲۰۵۷) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے عید کی نماز صرف دو رکعت پڑھائی۔اس لئے بقرعید کی نماز صرف دو رکعت ہوگی۔(۲)عن معمر عن الزهری و قتادة قالا : صلاة الضحی و الفطر رکعتان . (مصنف عبدالرزاق، باب وجوب صلاۃ الفطر والاضحیٰ، ج ثالث، ص ۲۷۱، نمبر ۵۷۲۷ رمصنف ابن ابی شیبة، باب الصلاۃ یوم العید من قال رکعتین، ج ثانی ،ص ۸، نمبر ۵۸۵۱) اس اثر میں ہے کہ بقرعید کی نماز بھی دو رکعتیں ہی ہیں۔اور پہلی حدیث سے یہ پتہ چلا کہ عید الفطر کی نماز دو رکعت ہے اسلئے اس پر قیاس کر کے بقرعید کی نماز بھی دو رکعت ہی ہوگی۔

**ترجمه:** (۶۵۲) اور اس کے بعد خطبہ دے گا دو خطبے۔

**ترجمه:** ۱ اس لئے کہ حضورؐ نے ایسا ہی کیا ہے۔

**تشریح:** بقرعید کی نماز کے بعد بھی دو خطبے دے، کیونکہ حضورؐ سے ایسا ہی منقول ہے۔

**وجه:** صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے (۱)۔سمعت ابن عباسؓ قال خرجت مع النبی ﷺ یوم فطر او اضحی فصلی العید ثم خطب ثم اتی النساء فوعظهن (بخاری شریف، باب خروج الصبیان الی المصلی ،ص ۱۳۲، نمبر ۹۷۵ رمسلم شریف، باب کتاب صلاۃ العیدین، ص ۳۵۴، نمبر ۸۸۴/ ۲۰۴۵) اس حدیث میں خطبے کا تذکرہ ہے، اور یہ بھی ہے کہ نماز کے بعد خطبہ دیا۔

اور دو خطبے ہوں اسکی دلیل یہ حدیث ہے (۲)عن جابر قال : خرج رسول الله ﷺ یوم فطر أو أضحی فخطب قائما ثم قعد قعدة ثم قام . (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی الخطبہ فی العیدین، ص ۱۸۳، نمبر ۱۲۸۹) اس حدیث میں ہے کہ آپ ﷺ نے عید میں دو خطبہ دئے۔

**ترجمه:** (۶۵۳) اس میں قربانی کے احکام اور تکبیر تشریک کے احکام بتلائے۔

**ترجمه:** ۱ اس لئے کہ وقت کا مشروع ہے، اور خطبہ اسی کی تعلیم کے لئے مشروع ہوا ہے۔

**تشریح:** بقرعید کے موقع پر جو خطبہ دے گا اس میں قربانی کے احکام بیان کرے، اور تکبیر تشریق کے احکام بیان کرے۔ کیونکہ یہ وقت کا تقاضا ہے اور اسی وقت کے تقاضے کو پورا کرنے کے لئے یہ خطبہ شروع ہوا ہے۔

**وجه:** حدیث میں بقرعید کے خطبے میں قربانی کے احکام کو بیان فرمایا ہے، حدیث یہ ہے۔(۱)عن البراء قال : خطبنا النبی

(۶۵۴) فان كان عذر يمنع من الصلوٰة في يوم الاضحىٰ صلاها من الغدوبعد الغدو لايصليها بعد ذلك لـ لان الصلوة موقتة بوقت الاضحية فيقيد بايامها لكنه مسئ في التاخير من غير عذر لمخالفة المنقول(۶۵۵) والتعريف الذي يصنعه الناس ليس بشئ

---

علیہ وسلم یوم النحر فقال ان اول ما نبدأ به في يومنا هذا أن نصلي ثم نرجع فننحر ، فمن فعل ذالک فقد اصاب سنتنا ۔(بخاری شریف، باب التکبیر للعید، ص ۱۵۵، نمبر ۹۶۸ر مسلم شریف، باب کتاب الاضاحی، باب وقتھا ص ۸۷۵، نمبر ۱۹۶۱/۱۷/۵۰) اس حدیث میں ہے کہ بقرعید کے موقع پر خطبہ دیا تو قربانی کے احکام بیان فرمائے۔ جس سے معلوم ہوا کہ عید الفطر کے موقع پر فطرہ کے احکام اور بقرعید کے موقع پر قربانی کے احکام بیان فرمائے۔

**ترجمہ**: (۶۵۴) پس اگر کوئی عذر ہو جو دسویں ذی الحجہ میں نماز کو روکتا ہو تو نماز اگلے دن پڑھے، یا اسکے اگلے دن پڑھے، اور اسکے بعد نہ پڑھے۔

**تشریح**: اگر کسی عذر کی وجہ سے مثلا پہلے دن چاند نظر نہیں آیا اور زوال کے بعد گواہی ہوئی، بارش اور طوفان زیادہ ہے تو گیارھویں ذی الحجہ کو نماز پڑھے، اور کسی عذر کی وجہ سے گیارویں کو بھی نماز نہ پڑھ سکا تو بارھویں کو نماز پڑھے۔ اسکے بعد تیرھویں کو نماز نہیں پڑھ سکتا۔ بارھویں ذی الحجہ تک ہی پڑھ سکتا ہے۔

**وجہ**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ عید کی نماز وقت کے ساتھ مؤقت ہے اسلئے پہلے دن ہی نماز پڑھنی چاہئے لیکن حدیث کی بناء پر ایک دن کی تاخیر کی اور اس پر قیاس کر کے یہ کہا کہ جب تک قربانی کا دن ہے یعنی بارہوں ذی الحجہ تک تو گویا کہ اضحیٰ کا وقت ہے اسلئے عذر کی بنا پر بارہویں ذی الحجہ تک نماز پڑھنے کی گنجائش دی گئی اس سے زیادہ نہیں۔

**ترجمہ**: لـ اسلئے کہ نماز قربانی کے وقت کے ساتھ متعین ہے اسلئے اسکے دن کے ساتھ مقید ہوگا، لیکن بغیر عذر کے تاخیر کرنے میں گنہگار ہوگا، حدیث کی مخالفت کی بنا پر۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے، کہ بقرعید کی نماز قربانی کے دنوں کے ساتھ متعین ہے اسلئے انہیں دنوں میں پڑھنا ضروری ہوگا، اسکے بعد تیرھویں تاریخ کو نہیں پڑھ سکتا، لیکن اس کا بھی خیال رکھے کہ عذر کی وجہ سے گیارہویں، یا بارہویں کو پڑھ سکتا ہے، بغیر عذر کے مؤخر کرے گا تو گنہگار ہوگا کیونکہ حدیث میں عذر کی بنا پر ایک دن مؤخر کرنے کا ذکر ہے۔

**لغت**: مؤقت: وقت کے ساتھ خاص ہو۔ منقول: کا ترجمہ ہے، حدیث میں جو منقول ہے۔ مسیء: اچھا نہیں کیا، گنہگار۔

**ترجمہ**: (۶۵۵) اور عرفہ کے ساتھ مشابہت جسکو لوگ کرتے ہیں یہ کوئی چیز نہیں ہے۔

ل و هو ان يجمع الناس يوم عرفة فی بعض المواضع تشبيها بالواقفين بعرفة لان الوقوف عرف عبادة مختصة بمكان مخصوص فلا يكون عبادة دونه كسائر المناسک.

**ترجمه**: ل تعریف کا مطلب یہ ہے کہ لوگ عرفہ کے دن بعض جگہ جمع ہوں میدان عرفہ میں وقوف کرنے والوں کی مشابہت اختیار کرتے ہوئے۔ اسلئے کہ وقوف عرفہ مخصوص میدان میں عبادت مانا گیا ہے اسلئے اس میدان کے علاوہ میں عبادت نہیں ہوگی، جیسے اور [ مناسک حج ]، حج کی عبادتیں اور جگہ ادا نہیں ہوسکتیں۔

**تشریح**: صاحب قدوری کے زمانے میں لوگ عرفہ یعنی نویں ذی الحجہ کو کسی میدان میں جا کر روتے گڑگڑاتے اور دعاء کرتے تھے ،جس طرح عرفات میں حاجی لوگ روتے اور دعاء کرتے ہیں، ان حاجیوں کے ساتھ مشابہت کر کے سمجھتے کہ کوئی ثواب کا کام ہے۔ تو ماتن فرماتے ہیں کہ یہ کوئی ثواب کا کام نہیں ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ عبادات میدان عرفات کے ساتھ خاص ہیں اسلئے کسی اور میدان میں جا کر دعاء کرنے سے وہ عبادت ادا نہیں ہوگی اور نہ ثواب ملے گا، جس طرح حج کی اور عبادتیں مثلا طواف کرنا رمی جمار کرنا اور جگہ ادا نہیں ہوسکتا اسی طرح وقوف عرفہ وغیرہ بھی اور جگہ ادا نہیں ہوسکتا۔ بلکہ دین میں زیادتی کی وجہ سے گنہگار ہونے کا خطرہ ہے۔

## ﴿ فصل فی تکبیرات التشریق ﴾

(۲۵۶) ویبدأ بتکبیر التشریق بعد صلوۃ الفجر من یوم عرفۃ ویختم عقیب صلوٰۃ العصر من یوم النحر ﴾ ۱؎ عند ابی حنیفۃؒ . ۲؎ وقالا یختم عقیب صلوٰۃ العصر من اٰخر ایام التشریق والمسألۃ مختلفۃ بین الصحابۃ فاخذا بقول علی اخذًا بالاکثر اذ ھو الاحتیاط فی العبادات

## ﴿فصل فی تکبیرات تشریق﴾

**ترجمہ**: (۲۵۶) تکبیر تشریق نویں تاریخ فجر کی نماز کے بعد شروع کرے اور دسویں تاریخ عصر کی نماز کے بعد ختم کرے۔

**ترجمہ**: ۱؎ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک۔

**تشریح**: تکبیر تشریق ذی الحجہ کی نویں تاریخ کی فجر کی نماز کے بعد شروع کرے گا اور ذی الحجہ کی دسویں تاریخ کی عصر کی نماز کے بعد تک یعنی کل آٹھ نمازوں تک کہے گا۔

**وجہ**: (۱) تکبیر تشریق کا ثبوت اس آیت میں ہے۔ و یذکروا اسم اللہ فی ایام معلومات علی ما رزقھم من بھیمۃ الانعام۔ (آیت ۲۸، سورۃ الحج ۲۲) اس آیت میں جو اللہ کا ذکر کرنے کے لئے کہا گیا ہے اس میں تکبیر تشریق بھی ہے۔ (۲) اس اثر میں بھی اس کا ذکر۔ و کان عمرؓ یکبر فی قبۃ بمنی فیسمعہ أھل المسجد فیکبرون و یکبر أھل الاسواق حتی ترتج منی تکبیرا و کان ابن عمر یکبر بمنی تلک الایام و خلف الصلوات۔ (بخاری شریف، باب التکبیر أیام منی و اذا غدا الی عرفۃ، ص ۱۵۶، نمبر ۹۷۰) اس اثر میں ہے کہ حضرت عمرؓ تکبیر تشریق کہا کرتے تھے۔

دسویں ذی الحجہ کے عصر تک تکبیر کہے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن ابی وائل عن عبد اللہ [ابن مسعود] انہ کان یکبر من صلوۃ الفجر یوم عرفۃ الی صلوۃ العصر من یوم النحر۔ (مصنف بن ابی شیبۃ ۱۴ التکبیر من ای یوم ھو الی ای ساعۃ ج اول، ص ۴۸۸ نمبر ۵۶۳۳ / للبیھقی، باب من استحب ان یبتدئ بالتکبیر خلف صلوۃ الصبح من یوم عرفۃ ج ثالث ص ۴۳۹، نمبر ۶۲۷۴)

اس اثر سے معلوم ہوا کہ ذی الحجہ کی نویں تاریخ کے فجر سے یوم النحر یعنی دسویں ذی الحجہ کی عصر تک تکبیر تشریق کہی جائے گی۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور صاحبینؒ نے فرمایا عصر کی نماز کے بعد سے ایام تشریق کے آخری دن تک۔ اور مسئلہ صحابہ کے درمیان مختلف فیہ ہے۔ اسلئے صاحبینؒ نے حضرت علیؓ کے قول کو اکثر کا اعتبار کرتے ہوئے لیا، اس لئے کہ عبادات میں یہی احتیاط ہے۔

**تشریح**: صاحبینؒ نے فرمایا کہ نویں ذی الحجہ کو فجر کی نماز کے بعد تکبیر تشریق پڑھنا شروع کرے اور تیرھویں تاریخ کے عصر تک تکبیر تشریق پڑھے۔

**وجہ**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ صحابہ کے درمیان اس بارے میں اختلاف رہا ہے کہ کب تکبیر ختم کرے؟ حضرت عبد اللہ ابن مسعود کا

۳ واخذ بقول ابن مسعود اخذًا بالاقل لان الجهر بالتكبير بدعة ۴ والتكبير ان يقول مرة واحدة ،الله اكبر الله اكبر لا اله الا الله و الله اكبر الله اكبر ولله الحمد، هذا هو الماثور عن الخليل صلوات الله عليه

مسلک یہ ہے کہ دسویں کے عصر تک پڑھے، اور حضرت علیؓ کا مسلک یہ ہے کہ تیرھویں کے عصر تک پڑھے، اسلئے حضرت امام ابوحنیفہؒ نے کم سے کم کو اختیار کرتے ہوئے حضرت عبداللہ ابن مسعود کے قول کو لیا، اور صاحبین نے احتیاط کو اختیار کرتے ہوئے اکثر تکبیر کو لیا اور حضرت علیؓ کے قول پر عمل کیا۔ (۲) حضرت علیؓ کا قول یہ ہے ۔عن علیؓ أنه كان يكبر من صلاة الفجر يوم عرفة الى صلاة العصر من آخر أيام التشريق . (مصنف ابن ابی شیبة ۱۴ التكبير من ای یوم هو الی ای ساعة ج اول، ص ۴۸۸ نمبر ۵۶۳۱) اس اثر میں ہے کہ حضرت علیؓ تیرھویں کی شام تک تکبیر پڑھتے تھے۔ (۳) یہ حدیث بھی ہے دلیل ہے۔ عن جابر بن عبد الله قال كان رسول الله ﷺ يكبر فی صلوة الفجر يوم عرفة الى صلوة العصر من آخر ايام التشريق حين يسلم من المكتوبات۔ (دار قطنی، کتاب العیدین ج ثانی ص ۳۷ نمبر ۱۷۱۹ رسنن للبیهقی، باب من استحب ان یبتدی بالتکبیر خلف صلوة الصبح من یوم عرفة ج ثالث ص ۴۴۰، نمبر ۶۲۷۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نویں کی صبح سے تیرہویں کی عصر تک تکبیر تشریق ہر فرض نماز کے بعد کہی جائے گی۔ آج کل اسی پر فتوی ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور عبداللہ بن مسعودؓ کے قول کو حضرت امام ابوحنیفہؒ نے لیا ، کم کو اختیار کرتے ہوئے اسلئے کہ زور سے تکبیر کہنا بدعت ہے۔

**تشریح** : حضرت امام ابوحنیفہؒ نے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کے قول کو لیا، اسکی ایک وجہ تو یہ ہے کہ تکبیر ایک قسم کی دعاء ہے اور پہلے گزر چکا ہے کہ دعاء میں اصل یہ ہے کہ آہستہ ہو اسلئے زور سے تکبیر پڑھنا ایک قسم کی بدعت ہے اسلئے کم سے کم دن پڑھنے میں احتیاط ہے، اسی لئے امام ابوحنیفہؒ نے کم سے کم دن کو اختیار کیا۔ اسکے لئے اثر اوپر گزر چکا ہے۔

**ترجمہ**: ۴ تکبیر یہ ہے کہ فرض کے بعد ایک مرتبہ کہے: ﴿ الله اكبر الله اكبر لا اله الا الله والله اكبر الله اكبر ولله الحمد. ﴾ یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام سے منقول ہے

**تشریح** : اس کلمے کا تاریخی پس منظر یہ ہے کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام جب اپنے بیٹے اسماعیل علیہ السلام کو ذبح فرما رہے تھے اور ذبح نہیں ہو رہا تھا تو حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا: الله اكبر الله اكبر . تو حضرت ابراہیمؑ نے گردن اٹھائی اور فرمایا . لا اله الا الله والله اكبر. حضرت اسماعیلؑ نے ان دونوں کے کلمات سنے تو انکی زبان سے شکرانہ کلمات نکلے۔ الله اكبر ولله الحمد. تو گویا کہ یہ تین بڑے بڑے بزرگوں کے کلمات کا مجموعہ ہے جسکو تکبیر تشریق میں بلند آواز سے کہا جاتا ہے۔ (۲) اثر میں

(۶۵۷) وھو عقیب الصلوات المفروضات علی المقیمین فی الامصار فی الجماعات المستحبۃ عند ابی حنیفۃ ولیس علیٰ جماعات النساء اذا لم یکن معھن رجل ولا علیٰ جماعۃ المسافرین اذا لم یکن معھم مقیم﴾

ہے۔قلت لابی اسحاق : کیف کان یکبر علی و عبد اللہ [ابن مسعود ] قال : کانا یقولان : اللہ اکبر اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر وللہ الحمد ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۱۵، کیف یکبر یوم عرفۃ، ج اول، ص ۴۹۰، نمبر ۵۶۵۲)اس اثر میں ہے کہ یہ حضرات کس طرح تکبیر تشریق کہتے تھے۔

**ترجمہ**: (۶۵۷) تکبیر تشریق فرض نماز کے بعد ہے شہر میں مقیم پر مستحب جماعت میں، امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک۔۔ چنانچہ عورتوں کی جماعت پر تکبیر تشریق نہیں ہے اگر انکے ساتھ مرد نہ ہو۔اور نہ مسافرین کی جماعت پر اگر انکے ساتھ مقیم نہ ہو۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک تکبیر تشریق کہنے کے لئے پانچ شرطیں ہیں [۱] شہر ہو اس کا مطلب یہ ہوا کہ گاؤں اور دیہات میں تکبیر تشریق نہ کہے [۲] مقیم ہو۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ مسافر پر تکبیر واجب نہیں، ہاں امام مقیم ہو تو اسکی اتباع میں مسافر بھی تکبیر تشریق کہے گا۔[۳] مستحب جماعت ہو۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ صرف عورتوں کی جماعت ہو تو وہ تکبیر تشریق نہ کہے، کیوں کہ صرف عورتوں کی جماعت مستحب نہیں ہے۔ہاں مرد جماعت کرا رہا ہو اور اسکے پیچھے عورتیں ہوں تو وہ عورتیں تکبیر تشریق کہیں گیں ، کیونکہ مرد کی جماعت کرانا مستحب ہے [۴] فرض نماز کے بعد ہو۔اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر فرض نماز نہ ہو، مثلا نفل ہو یا وتر ہو، عید کی نماز ہو یا جنازہ کی نماز ہو تو اسکے بعد تکبیر تشریق نہیں ہے [۵] جماعت کے بعد ہو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر آدمی تنہا نماز پڑھ رہا ہو تو اسکے بعد تکبیر نہ پڑھے، کیونکہ جماعت نہیں ہے

**وجہ** : (۱) شہری پر تکبیر تشریق ہے گاؤں والوں پر نہیں اسکی دلیل یہ اثر ہے۔قال علیؓ : لا جمعۃ و لا تشریق و لا صلاۃ فطر و لا اضحی الا فی مصر جامع او مدینۃ عظیمۃ ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۳۳۱ من قال لاجمعۃ ولاتشریق الا فی مصر جامع، ج اول، ص ۴۳۹، نمبر ۵۰۵۹ مصنف عبد الرزاق، باب القری الصغار ج ثالث ص ۷۰ نمبر ۵۱۹۱)اس اثر میں ہے کہ تکبیر تشریق بڑے شہر میں کیا جا سکتا ہے، اس لئے امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک شہر میں تکبیر تشریق کہی جائے گی گاؤں میں نہیں۔

(۲) فرض نماز کے بعد تکبیر پڑھے دوسری نمازوں کے بعد نہیں اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔عن جابر بن عبد اللہ قال کان رسول اللہ ﷺ یکبر فی صلوۃ الفجر یوم عرفۃ الی صلوۃ العصر من آخر ایام التشریق حین یسلم من المکتوبات (دار قطنی، کتاب العیدین ج ثانی ص ۳۷ نمبر ۱۷۱۹ سنن للبیہقی، باب من استحب ان یبتدئ بالتکبیر خلف صلوۃ الصبح من یوم عرفۃ ج ثالث ص ۴۴۰، نمبر ۶۲۷۸)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نویں کی صبح سے تیرہویں کی عصر تک تکبیر تشریق ہر فرض نماز

۱۔ وقالا هو علىٰ كل من صلى المكتوبة لانه تبع للمكتوبة ۲۔ وله ماروينا من قبل

---

کے بعد کہی جائے گی۔آج کل اسی پر فتوی ہے۔ (۳) مرد کی جماعت پر ہے صرف عورتوں کی جماعت پر نہیں، اسکے لئے یہ اثر ہے ۔عن أشعث قال : كان الحسن لا يرى التكبير على النساء أيام التشريق ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۳۷، فی النساء علیھن تکبیر أیام التشریق، ج ثانی، ص ۹، نمبر ۵۸۶۴) اس اثر میں ہے کہ عورتوں پر تکبیر نہیں ہے۔(۴) جماعت کے ساتھ نماز پڑھے تو تکبیر تشریق کہے اسکے لئے یہ اثر ہے. عن ابراهيم قال : لا يكبر الا أن يصلي في جماعة .(مصنف ابن ابی شیبۃ ،باب ۴۳۳، فی الرجل یصلی وحدہ یکبر ام لا؟، ج ثانی، ص ۶، نمبر ۵۸۳۰) اس اثر میں ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھے تو تکبیر پڑھے ورنہ نہیں۔

**ترجمه**: ۱۔ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ تکبیر تشریق ہر فرض نماز پڑھنے والے پر ہے، اسلئے کہ وہ فرض کے تابع ہے۔

**تشریح** : صاحبینؒ کی رائے یہ ہے کہ جو کوئی بھی فرض نماز پڑھے وہ فرض کے بعد تکبیر تشریق کہے، چاہے جماعت کے ساتھ پڑھے چاہے تنہا، چاہے مقیم ہو یا مسافر، چاہے مرد ہو یا عورت سب تکبیر تشریق پڑھے۔وہ فرماتے ہیں کہ تکبیر فرض کے تابع ہے، اس لئے جو بھی فرض پڑھے گا وہ تکبیر تشریق بھی کہے گا۔

**وجه** : (۱) تنہا نماز پڑھے تب بھی تکبیر کہے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن عمرو عن الحسن قال : اذا صلى وحده أو في جماعة أو تطوع كبر ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،باب ۴۳۳، فی الرجل یصلی وحدہ یکبر ام لا؟، ج ثانی، ص ۶، نمبر ۲۸۲۹) اس اثر میں ہے کہ اکیلا نماز پڑھے تب بھی تکبیر کہے۔(۲) اور عورت اکیلی نماز پڑھے تب بھی تکبیر کہے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔عن ابراهيم قال يحب للنساء أن يكبر ن دبر الصلاة أيام التشريق ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،باب ۴۳۷، فی النساء علیھن تکبیر أیام التشریق، ج ثانی، ص ۹، نمبر ۵۸۶۳) اس اثر میں ہے کہ عورتوں پر تکبیر ہے. و كانت ميمونة تكبر يوم النحر ۔(بخاری شریف، باب التکبیر أیام منی و اذا غدا الی عرفۃ، ص ۱۵۶، نمبر ۹۷۰) اس اثر میں ہے کہ حضرت میمونہؓ تکبیر تشریق کہا کرتیں تھیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ تنہا عورت بھی تکبیر کہہ سکتی ہے۔

**ترجمه**: ۲۔ اور امام ابو حنیفہؒ کی دلیل وہ حدیث ہے جو پہلے روایت کی۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کی رائے یہ ہے کہ شہر والوں پر تکبیر تشریق ہے گاؤں والوں پر نہیں اسکی دلیل پہلے گزر چکی ہے کہ حضرت علیؓ کا قول تھا کہ۔قال علیؓ : لا جمعة و لا تشريق و لا صلاة فطر و لا اضحى الا في مصر جامع او مدينة عظيمة ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،نمبر ۵۰۵۹ رمصنف عبد الرزاق، نمبر ۵۱۹۱) اس اثر میں ہے کہ شہر کے علاوہ پر تکبیر نہیں۔

۳؎ والتشريق هو الجهر بالتكبير كذا نقل عن الخليل بن احمد ۴؎ ولان الجهر بالتكبير خلاف السنة والشرع ورد به عند استجماع هذه الشرائط ۵؎ الا انه يجب على النساء اذا اقتدين بالرجل وعلى المسافرين عند اقتدائهم بالمقيم بطريق التبعية.

---

**ترجمہ**: ۳؎ تکبیر تشریق کا مطلب ہے کہ تکبیر کو زور سے پڑھے، خلیل ابن احمد سے یہی منقول ہے۔

**تشریح**: تکبیر تشریق کے بارے میں فرماتے ہیں کہ خلیل ابن احمد لغت کے امام ہیں انہوں نے فرمایا کہ تکبیر تشریق کا مطلب ہی ہے کہ اسکو زور سے پڑھا جائے۔

**وجہ**: (۱) تکبیر تشریق زور سے پڑھے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ **و كان عمرؓ يكبر في قبته بمنى فيسمعه أهل المسجد فيكبرون و يكبر أهل الاسواق حتى ترتج منى تكبيرا** ۔ (بخاری شریف، باب التکبیر أيام منى واذا غدا الى عرفة، ص ۱۵۶، نمبر ۹۷۰) اس اثر میں ہے کہ حضرت عمرؓ اتنے زور سے تکبیر کہتے کہ پورا منیٰ گونج جاتا۔ جس سے معلوم ہوا کہ تکبیر کہنے کا مطلب ہی یہی ہے کہ زور سے کہے (۲) تکبیر اعلان اور جھنڈوں میں سے ہے اور شعار ہے اسلئے اسکو اظہار کرنا چاہئے اسلئے بھی اسکو زور سے پڑھنا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۴؎ تکبیر کو زور سے پڑھنا خلاف سنت ہے اور شریعت ان تمام شرطوں کے ساتھ وارد ہوئی ہے [اس لئے ان شرطوں کے پائے جانے پر ہی تکبیر کہی جائے گی ورنہ نہیں]

**تشریح**: اوپر امام ابوحنیفہؒ کا قول گزرا کہ پانچ شرطوں کے ساتھ تکبیر تشریق کہی جائے گی۔ (۱) یہاں اسکی وجہ فرما رہے ہیں کہ اصل بات یہ ہے کہ زور سے تکبیر کہنا اس آیت کے خلاف ہے۔ **أدعوا ربكم تضرعا و خفية انه لا يحب المعتدين** ۔ (آیت ۵۵، سورۃ الاعراف ۷) (۲) دوسری آیت میں ہے۔ **اذكر ربك في نفسك تضرعا و خيفة و دون الجهر من القول بالغدو و الآصال و لا تكن من الغافلين** ۔ (آیت ۲۰۵، سورۃ الاعراف ۷) ان دونوں آیتوں میں ہے کہ اللہ کو آہستہ یاد کرنا چاہئے، اس لئے زور سے تکبیر کہنا خلاف سنت ہے اسلئے جن جن شرطوں کے ساتھ تکبیر تشریق زور سے کہنے کی اجازت ہوئی ہے انہیں شرطوں کے ساتھ اجازت ہوگی انکے علاوہ کے ساتھ اجازت نہیں ہوگی، اسی لئے امام ابوحنیفہؒ نے تکبیر کے لئے پانچ شرطیں لگائیں۔ (۳) ایک وجہ یہ بھی ہے کہ جن لوگوں کی نماز چھوٹ گئی ہے وہ لوگ جب نماز پڑھنے کھڑے ہوگے تو زور سے تکبیر کہنے کی وجہ سے حرج ہوگا۔

**ترجمہ**: ۵؎ مگر یہ کہ عورتوں پر تکبیر کہنا واجب ہے جب وہ مرد کی اقتداء کریں، اور مسافر پر جب وہ مقیم کی اقتداء کریں تابع ہونے کے طریقے پر۔

ل قال يعقوب صليت بهم المغرب يوم عرفة فسهوت ان اكبر فكبر ابوحنيفةؒ دل ان الامام وان ترک التکبیر لایترکہ المقتدی وھذا لانہ لایؤدی فی حرمة الصلوٰة فلم یکن الامام فیہ حتما وانما ھو مستحب.

---

**تشریح** : اکیلی عورت فرض پڑھ رہی ہو تو امام ابو حنیفہؒ کے یہاں اس پر تکبیر زور سے کہنا واجب نہیں ہے، لیکن اگر مرد کی اقتداء میں فرض پڑھ رہی ہو تو مرد کے تابع ہو کر تکبیر کہے گی۔ اسی طرح صرف مسافر نماز پڑھتے ہوں تو ان پر تکبیر نہیں ہے، لیکن اگر مقیم امام کی اقتداء میں نماز پڑھ رہے ہوں تو امام کی اتباع میں مسافر تکبیر زور سے کہے گا۔

**وجه** : (۱) عورت مرد کے تابع ہو کر تکبیر کہے اسکی دلیل اثر ہے. و كان النساء يكبرن خلف أبان بن عثمان . (بخاری شریف، باب التکبیر أیام منی واذا غدا الی عرفة، ص ۱۵۶، نمبر ۹۷۰) اس اثر میں ہے کہ عورتیں حضرت ابان بن عثمان کے پیچھے تکبیر کہا کرتیں تھی، یعنی اسکی اتباع میں تکبیر کہتیں تھیں۔

**ترجمہ** : ل حضرت امام ابو یوسف یعقوبؒ فرماتے ہیں کہ عرفہ کے دن میں نے مسافروں کو نماز پڑھائی تو تکبیر کہنا بھول گیا تو امام ابو حنیفہؒ نے بعد میں تکبیر کہی۔ یہ قصہ اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ امام اگر تکبیر چھوڑ بھی دے تو مقتدی اس کو نہ چھوڑے۔ اور یہ اس وجہ سے ہے کہ یہ تکبیر نماز کے تحریمے میں ادا نہیں کی جاتی اس لئے امام کا ہونا اس میں واجب نہیں بلکہ صرف مستحب ہے۔

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسفؒ جنکا اصل نام یعقوب ہے، اپنے استاذ مکرم حضرت امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ عرفہ میں تھے، حضرت امام ابو حنیفہؒ نے انکو امام بنایا، اور انہوں نے لوگوں کو مغرب کی نماز پڑھائی، اتفاق سے نماز کے بعد تکبیر تشریق کہنا بھول گئے تو حضرت امام ابو حنیفہؒ نے پیچھے سے تکبیر کہی، اور انکے ساتھ سب نے تکبیر کہی۔ اس واقعہ سے کئی باتیں معلوم ہوئیں [۱] اگر امام تکبیر بھول جائے تو مقتدی بھی تکبیر نہ چھوڑے بلکہ وہ زور سے تکبیر کہے تا کہ اسکو سن کر اور لوگ بھی تکبیر کہہ لیں۔ اسکے برخلاف اگر امام نے سجدہ سہو چھوڑ دیا تو مقتدی اسکو نہیں کرے گا، اسکی وجہ یہ ہے کہ سجدہ نماز کے اندر ہوتا ہے، اور قاعدہ یہ ہے کہ نماز کے اندر مقتدی امام کے خلاف نہیں کر سکتا اسلئے مقتدی امام کو چھوڑ کر سجدہ نہیں کر سکتا۔ اور تکبیر تشریق سلام پھیرنے کے بعد اور نماز ختم ہونے کے بعد کہی جاتی ہے اسلئے اس میں امام کی کوئی مخالفت نہیں ہے اسلئے مقتدی اسکو کہہ سکتا ہے، امام کا ہونا واجب نہیں، البتہ امام کی اقتداء میں کہنا مستحب ہے۔ [۲] اس سے یہ بھی معلوم ہوا کہ حضرت امام ابو یوسفؒ کی اتنی عظمت تھی کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ نے انکو اپنا امام بنایا۔ حرمة الصلاة: کا ترجمہ ہے، نماز کے تحریمے میں۔

## ﴿باب صلوٰة الكسوف ﴾

(۶۵۸) قال اذا انكسفت الشمس صلى الامام بالناس ركعتين كهياة النافلة فى كل ركعة ركوع واحد ﴾

## ﴿ باب صلوة الكسوف ﴾

**ضروری نوٹ**: سورج گرہن کو کسوف کہتے ہیں، اور چاند گرہن کو خسوف کہتے ہیں۔ اس وقت نماز سنت ہے۔ اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی بکرة قال كنا عند النبی ﷺ فانكسفت الشمس فقام رسول الله يجر رداء ه حتى دخل المسجد فدخلنا فصلى بنا ركعتين حتى انجلت الشمس فقال النبی ﷺ ان الشمس والقمر لا ينكسفان لموت احد فاذا رأيتموها فصلوا وادعوا حتى ينكشف ما بكم. (بخاری شریف، باب الصلوة فی کسوف الشمس ص ۱۴۱ ابواب الکسوف نمبر ۱۰۴۰ / ابو داؤد شریف، باب من قال اربع رکعات ص ۱۷۵ نمبر ۱۱۸۵)، اس باب کی آخری حدیث ہے) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سورج گرہن کے وقت نماز پڑھنی چاہئے۔

**ترجمہ**: (۶۵۸) جب سورج گرہن ہو جائے تو امام لوگوں کو دو رکعت نماز پڑھائے گا نفل کی طرح ہر رکعت میں ایک رکوع۔

**تشریح**: سورج گرہن ہو جائے تو امام جماعت کے ساتھ نماز پڑھائے۔ اور جس طرح عام نفل پڑھتے ہیں کہ ہر ایک رکعت میں ایک رکوع کرتے ہیں اور قرأت آہستہ کرتے ہیں۔ اسی طرح نماز کسوف بھی پڑھائیں گے۔

**وجہ**: (۱) اوپر کی حدیث میں تھا کہ دو رکعت نماز پڑھائے گا۔ اور اس میں دو رکوع کا ذکر نہیں تھا اس لئے ایک رکعت میں دو رکوع نہیں کریں گے (۲) عن قبيصة الهلالی قال كسفت الشمس على عهد رسول الله فخرج فزعا يجر ثوبه وانا معه يومئذ بالمدينة فصلى ركعتين فاطال فيهما القيام ثم انصرف وانجلت فقال انما هذه الآيات يخوف الله عز وجل بها فاذا رأيتموها فصلوا كاحدث صلوة صليتموها من المكتوبة. (ابو داؤد شریف، باب من قال اربع رکعات ص ۱۷۵ نمبر ۱۱۸۵ / سنن للبیہقی باب من صلی فی الخسوف رکعتین ج ثالث ص ۴۶۴، نمبر ۶۳۳۳) اس حدیث میں ہے کہ فجر کی نماز میں جس طرح ایک رکوع کے ساتھ نماز پڑھی اسی طرح نماز سورج گرہن کی پڑھی جائیگی۔ احدث صلوة من المكتوبة سے فجر کی نماز مراد ہے۔ نیز اس حدیث میں دو مرتبہ رکوع کرنے کا تذکرہ نہیں ہے (۳) سمرة بن جندب کی لمبی حدیث ہے۔ جس کا ٹکڑا اس طرح ہے۔ قال سمرة بينما أنا غلام من الانصار نرمى غرضين لنا . ... فصلى فقام بنا كاطول ما قام بنا فى صلوة قط لا نسمع له صوتا قال ثم ركع بنا كاطول ما ركع بنا فى صلوة قط لا نسمع له صوتا قال ثم سجد بنا كاطول ما سجد بنا فى صلوة قط لا نسمع له صوتا ثم فعل فى الركعة الاخرى مثل ذلك. (ابوداؤد

۱؎ وقال الشافعیؒ رکوعان له ماروت عائشة. ۲؎ ولنا رواية ابن عمرو الحال اکشف علی الرجال لقربهم فکان الترجیح لروايته

شریف، باب من قال اربع رکعات ص ۵۷ انمبر ۱۱۸۴) اس حدیث میں بھی اس بات کا تذکرہ ہے کہ ایک رکعت میں دو رکوع نہیں کئے۔ جس سے ثابت ہوتا ہے کہ سورج گرہن کی نماز میں ایک رکعت میں دو رکوع نہیں کریں گے۔ بلکہ ایک رکوع ہی کیا جائے گا (۴) صرف یہی ایک نماز ہے جس میں دو رکوع کا تذکرہ ہے باقی نمازوں میں ایک رکوع ہے۔ اس لئے امام ابو حنیفہ اس طرف گئے ہیں جس میں ایک رکوع کا تذکرہ ہے۔ البتہ کوئی دو رکوع کرے گا تو نماز فاسد نہیں ہوگی بلکہ نماز صحیح ہوگی۔

**ترجمہ**: ۱؎ اور امام شافعیؒ نے فرمایا ہر رکعت کے لئے دو رکوع ہوں۔ انکی دلیل وہ روایت ہے جو حضرت عائشہؓ نے روایت کی۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ سورج گرہن کی ہر رکعت میں دو رکوع ہوں۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ عن عائشة عن النبی ﷺ ان الشمس کشفت فصلی رسول الله ﷺ فوصفت صلاته رکعتین ، فی کل رکعة رکعتان۔ (موسوعۃ امام شافعیؒ، کتاب صلاۃ الکسوف، ج ثالث، ص ۲۶۱، نمبر ۲۶۴۸) اس میں ہے کہ ہر رکعت میں دو رکوع ہوں۔

**وجہ**: (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ جو صاحب ھدایہ نے اشارہ کیا ہے۔ ان عائشة زوج النبی ﷺ اخبرته ان رسول الله ﷺ صلی یوم خسفت الشمس فقام فکبر فقرأ قراءة طویلة ثم رکع رکوعا طویلا ثم رفع رأسه فقال سمع الله لمن حمده وقام کما هو ثم قرأ قراءة طویلةوهی ادنی من القراءة الاولی ثم رکع رکوعا طویلا وهی ادنی من الرکعة الاولی ثم سجد سجودا طویلا ثم فعل فی الرکعة الآخرة مثل ذلک ثم سلم وقد تجلت الشمس۔ (بخاری شریف، باب ھل یقول کسفت الشمس او خسفت ص ۱۴۲ نمبر ۱۰۴۷ مسلم شریف، کتاب الکسوف ص ۲۹۵ نمبر ۹۰۱/۲۰۹۶) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ہر رکعت میں دو رکوع ہوں۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور ہماری دلیل حضرت ابن عمرؓ کی روایت ہے، اور قریب ہونے کی وجہ سے مردوں پر حال زیادہ واضح ہو سکتا ہے، اس لئے ترجیح انکی روایت کو ہوگی۔

**تشریح**: ایک روایت ہے حضرت عائشہؓ کی جس میں ہے کہ ایک رکعت میں دو رکوع فرمایا، لیکن یہ عورت ہے اسلئے غالب گمان یہ ہے کہ یہ حضورؐ سے دور ہوگی اسلئے انکو اتنا پتہ نہیں ہوگا کہ آپؐ نے ہر رکعت میں دو رکوع کئے ہیں یا ایک، اس لئے انکی روایت کو لینا اتنا ٹھیک نہیں ہے۔ اور حضرت عبد اللہ بن عمرؓ حضورؐ کے قریب تھے اور انکی روایت سے اندازہ ہوتا ہے کہ ایک ہی رکوع فرمایا ہے اسلئے انکی روایت کو لینا زیادہ بہتر ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن عمرو قال : انکشفت الشمس علی عهد رسول الله ﷺ فقام رسول الله ﷺ لم یکد یرکع ، ثم رکع فلم یکد یرفع ، ثم رفع فلم یکد یسجد ، ثم

(۲۵۹) ويطول القراءة فيهما ﴾ ۱؎ ويخفى عند ابى حنيفةؒ ۲؎ وقالا يجهر وعن محمدؒ مثل قول ابى حنيفةؒ

سجد فلم يكد يرفع ثم رفع فلم يكد يسجد ثم سجد فلم يكد يرفع ثم رفع و فعل فى الركعة الآخرى مثل ذالک . (ابوداود شریف، باب من قال یرکع رکعتین ،ص ۱۷۸،نمبر ۱۱۹۴رنسائی شریف، باب نوع آخر من صلاۃ الکسوف،ص ۲۱۰، نمبر ۱۴۸۳)اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے ایک ہی رکوع کیا ۔۔حدیث کے انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ حدیث عبد اللہ بن عمرو بن العاص سے منقول ہے۔

**ترجمه**: (۲۵۹)دونوں رکعتوں میں قرأت لمبی کی جائے گی۔

**ترجمه**: ۱؎ اورآہستہ کی جائے گی امام ابوحنیفہ کے نزدیک۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے کہ آپؐ نے گرہن کی نماز میں لمبی قرأت کی اور یہ بھی ہے کہ آواز سنائی نہیں دیتی تھی،حدیث یہ ہے۔ قال سمرة بينما أنا غلام من الانصار نرمى غرضين لنا . ... فصلى فقام بنا كاطول ما قام بنا فى صلوة قط لا نسمع له صوتا قال ثم ركع بنا كاطول ما ركع بنا فى صلوة قط لا نسمع له صوتا قال ثم سجد بنا كاطول ما سجد بنا فى صلوة قط لا نسمع له صوتا ثم فعل فى الركعة الاخرى مثل ذلك. (ابوداؤد شریف، باب من قال اربع رکعات ص ۱۷۵ نمبر ۱۱۸۴رترمذی شریف، باب کیف القراۃ فی الکسوف،ص ۱۲۷،نمبر ۵۶۲ )اس حدیث میں لا نسمع لہ صوتا سے پتہ چلتا ہے کہ قرأت آہستہ کرے۔(۲)اس ابوداؤد شریف کی دوسری حدیث ہے عن عائشة قالت كسفت الشمس على عهد رسول الله ﷺ فخرج رسول الله فصلى بالناس فقام فحزرت قرأته فرأيت انه قرأ سورة البقرة (ابوداؤد شریف، باب القراءۃ فی صلوۃ الکسوف ص ۱۷۵ نمبر ۱۱۸۷)اس حدیث میں ہے کہ میں نے اندازہ لگایا کہ آپ کی قرأت سورۂ بقرہ اتنی لمبی تھی۔اندازہ لگانے کا مطلب یہ ہوگا کہ آپؐ نے قرأت زور سے نہیں کی۔ورنہ تو صاف کہتے کہ آپؐ نے سورۂ بقرہ پڑھی۔اس سے معلوم ہوتا ہے کہ صلوۃ کسوف میں قرأت سری تھی۔ (۳)عن ابن عباسؓ قال : صليت مع رسول الله ﷺ صلاة الكسوف فلم اسمع منه فيها حرفا من القرآن . (مسند احمد، باب مسند عبد اللہ ابن عباس، ج اول،ص ۴۸۳،نمبر ۲۶۶۸) اس حدیث میں ہے کہ قرآن کا ایک حرف بھی نہیں سنا، جسکا مطلب یہ ہے کہ سورج گرہن میں قرأت آہستہ پڑھی۔

**ترجمه**: ۲؎ اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ قرأت زور سے پڑھے۔اور امام محمدؒ کی ایک روایت امام ابوحنیفہؒ کے ساتھ ہے۔

**تشريح**: صاحبینؒ کی رائے یہ ہے کہ سورج گرہن میں قرأت زور سے پڑھی جائے۔امام محمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ قرأت آہستہ کی جائے،اس صورت میں انکا قول امام ابوحنیفہؒ کے ساتھ ہوگا۔

۳ؔ اما التطویل فی القراء ۃ فبیان الافضل ویخفِف ان شاء لان المسنون استیعاب الوقت بالصلوٰۃ والدعاء فاذا خفف احدھما طول الأخر. ۴ؔ واما الاخفاء والجھر فلھما روایۃ عائشۃؓ انہ صلی اللہ علیہ وسلم جھر فیھا ۵ؔ ولابی حنیفۃؒ روایۃ ابن عباس وسمرۃ بن جندب والترجیح قدمر من قبل

---

**وجہ** : (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عائشۃ قالت جھر النبی ﷺ فی صلوۃ الخسوف بقراء تہ (بخاری شریف، باب الجھر بالقراءۃ فی الکسوف ص ۱۴۵ نمبر ۱۰۶۵ رابوداؤد شریف، باب القراءۃ فی صلوۃ الکسوف ص ۱۷۵ نمبر ۱۱۸۸ رنسائی شریف، باب الجھر بالقرأۃ فی صلاۃ الکسوف، ص ۲۱۲، نمبر ۱۴۹۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آپ نے قرأت جہری کی تھی۔ اس لئے سورج گرہن کی نماز میں جہری قرأت سنت ہے۔

**ترجمہ** : ۳ؔ پھر قرأت لمبی کرنا تو یہ افضلیت کا بیان ہے۔ اور اگر چاہے تو قرأت مختصر بھی کرے، اسلئے کہ مسنون تو نماز اور دعاء سے وقت کو گھیرنا ہے، پس جبکہ ایک کو مختصر کیا تو دوسرے کو طول دے۔

**تشریح** : سورج گرہن کی نماز میں لمبی قرأت کرنا واجب نہیں ہے بلکہ افضل ہے۔ اور اصل بات یہ ہے کہ جب تک گرہن رہے اس وقت تک نماز اور دعاء دونوں میں سے کسی ایک میں مشغول رہنا چاہئے اور گرہن ختم تک ایسا کرنا چاہئے، پس اگر لمبی قرأت کرے گا تو دعا کم کرنی ہوگی اور قرأت کم کرے گا تو دعا لمبی کرنی ہوگی اور اس وقت تک دعا کرتے رہنا پڑے گا جب تک گرہن مکمل ختم نہ ہو جائے۔ اس لئے دونوں میں سے ایک کرنا ہوگا تاکہ گرہن کا پورا وقت گھر جائے۔

**وجہ** : (۱) اس حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔ عن ابی ھریرۃ...... فقال ان الشمس والقمر آیتان من آیت اللہ وانھما لایخسفان لموت احد فاذا کان ذلک فصلوا وادعوا حتی یکشف ما بکم. (بخاری شریف، باب الصلوۃ فی کسوف القمر ص ۱۴۵ نمبر ۱۰۶۳ رمسلم شریف، باب ذکر النداء بصلاۃ الکسوف، الصلاۃ جامعۃ، ص ۳۶۹، نمبر ۲۱۲۲/۹۱۵) اس حدیث میں ہے کہ نماز پڑھو اور اس وقت تک دعا کرتے رہو جب تک گرہن ختم نہ ہو جائے۔ استیعاب: کا ترجمہ ہے وقت کو گھیرنا۔ خفف: ہلکا کرنا۔

**ترجمہ** : ۴ؔ بہر حال قرأت پوشیدہ کرنا یا زور سے پڑھنا، تو صاحبینؒ کے لئے حضرت عائشہؓ کی حدیث ہے کہ حضورؐ نے اس میں زور سے قرأت کی۔

**تشریح** : صاحبینؒ کی یہ روایت ابھی اوپر گزری ہے۔ عن عائشۃ قالت جھر النبی ﷺ فی صلوۃ الخسوف بقراء تہ (بخاری شریف، باب الجھر بالقراءۃ فی الکسوف ص ۱۴۵ نمبر ۱۰۶۵) اس حدیث میں ہے کہ زور سے قرأت کی۔

**ترجمہ** : ۵ؔ اور امام ابو حنیفہؒ کی دلیل حضرت ابن عباس اور سمرۃ ابن جندب کی روایت ہے۔ اور ترجیح پہلے گزر چکی ہے۔

٦ كيف وانها صلوٰة النهار وهی عجماء (۲٦٠) ويدعو بعدها حتى تنجلى الشمس ﴾ ۱ لقوله صلى الله عليه وسلم اذا رأيتم من هذه الافزاع شيئا فارغبوا الى الله بالدعاء ۲ والسنة فى الادعية تاخيرها عن الصلوٰة

**تشریح** : یہ دونوں حدیثیں اوپر گزر گئیں۔ حدیث کا نمبر یہ ہے (ابو داؤد شریف نمبر ۱۱۸۴ر ترمذی شریف، نمبر ۵۶۲) مسند احمد، نمبر ۲٦٦۸)

**ترجمہ** : ٦ کیسے زور سے قرأت کی جائے گی حالانکہ وہ دن کی نماز ہے اور گونگے کی نماز ہے۔

**تشریح** : ۔امام ابوحنیفہؒ نے فرمایا کہ سورج گرہن میں آہستہ قرأت کی جائے گی اسکی یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ سورج گرہن کی نماز دن میں پڑھی جائے گی، اور دن کی نماز گونگے کی نماز ہے اسلئے یوں بھی قرأت آہستہ ہی کرنی چاہئے۔

**ترجمہ** : (٦٦٠) پھر دعا کریں گے یہاں تک کہ سورج کھل جائے۔

**ترجمہ** : ۱ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ جب ان گھبراہٹ کی چیزوں کو دیکھو تو دعا کے ساتھ اللہ کی طرف رغبت کرو۔

**تشریح**: سورج گرہن کی نماز لمبی پڑھی جائے گی۔ لیکن لمبی نماز پڑھنے کے بعد بھی گرہن ختم نہ ہو تو دعا کرتے رہیں گے۔ یہاں تک کہ گرہن ختم ہو جائے۔ کیونکہ حضورؐ نے فرمایا کہ جب کبھی گھبراہٹ کی باتوں کو دیکھو تو نماز اور دعا کی طرف متوجہ ہو جاؤ۔ اور اس وقت تک نماز اور دعا کرتے رہو جب تک کہ وہ معاملہ ختم نہ ہو جائے۔

**وجہ** : (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث تقریبا یہ ہے .عن ابی موسی قال خسفت الشمس فی زمن النبی ﷺ .... قال ان هذه الآيات التی يرسل الله لا تكون لموت احد و لا لحياته و لكن الله يرسلها يخوف بها عباده فاذا رأيتم منها شيئا فافزعوا الى ذكره و دعائه و استغفاره ۔(مسلم شریف، باب ذکر النداء بصلاۃ الکسوف، الصلاۃ جامعۃ، ص ۳٦۹، نمبر ۹۱۲ر ۲۱۱۷) اس حدیث میں ہے کہ اس قسم کی خوف کی چیز ہو تو دعا اور استغفار میں مشغول ہونا چاہئے (۲) عن ابی هريرة...... فقال ان الشمس والقمر آيتان من آيت الله وانهما لايخسفان لموت احد فاذا كان ذلك فصلوا وادعوا حتى يكشف ما بكم ۔(بخاری شریف، باب الصلوۃ فی کسوف القمر ص ۱۴۵ نمبر ۱۰٦۳ر مسلم شریف، باب ذکر النداء بصلاۃ الکسوف، الصلاۃ جامعۃ، ص ۳٦۹، نمبر ۹۱۵ر ۲۱۲۲) اس حدیث میں ہے کہ نماز پڑھو اور اس وقت تک دعا کرتے رہو جب تک گرہن ختم نہ ہو جائے۔

**ترجمہ** : ۲ اور دعا کے بارے میں سنت یہ ہے کہ نماز کے بعد کرے۔

**تشریح** : گھبراہٹ کے وقت نماز اور دعا دونوں کرنا ہے، لیکن سنت یہ ہے کہ نماز پہلے پڑھے اور دعا بعد میں کرے۔

(۶۶۱) ويصلی بهم الامام الذی يصلی بهم الجمعة و ان لم يحضر صلی الناس فرادی ﴾ لـ تحرزا عن الفتنة (۶۶۲) وليس فی خسوف القمر جماعة﴾

**وجه** : (۱) حدیث یہ ہے۔عن ابی بكرة قال كنا عند النبی ﷺ فانكسفت الشمس فقام رسول الله ﷺ يجر ردائه حتی دخل المسجد فدخلنا فصلی بنا ركعتين حتی انجلت الشمس ، فقال النبی ﷺ ان الشمس و القمر لا ينكسفان لموت أحد فاذا رأيتموها فصلو و ادعوا حتی ينكشف ما بكم۔(بخاری شریف، باب الصلاۃ فی کسوف الشمس، ص ۱۶۷، نمبر ۱۰۴۰) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے پہلے نماز پڑھی اور بعد میں دعا کی، اور یہ بھی فرمایا۔ فصلو و ادعوا حتی ينكشف ما بكم ۔نماز پڑھو اور پھر دعا کرو۔ (۲) یوں بھی عام طور پر نماز کے بعد ہی دعا کرتے ہیں ۔اسلئے بہتر یہ ہے کہ نماز کے بعد دعا کرے۔

**ترجمہ**: (۶۶۱) لوگوں کو وہ امام نماز پڑھائے جو لوگوں کو جمعہ پڑھاتے ہیں، اور اگر امام حاضر نہ ہو تو لوگ تنہا تنہا نماز پڑھیں۔

**ترجمہ** : لـ فتنہ سے بچنے کے لئے۔

**تشریح** : جو امام جمعہ کی نماز پڑھاتے ہیں وہی امام سورج گرہن کی بھی نماز پڑھائے۔ کیونکہ اگر امام نہ ہو تو کوئی کہے گا وہ نماز پڑھائے گا اور دوسرا کہے گا دوسرا آدمی نماز پڑھائے گا۔اس بارے میں اختلاف ہوگا اسلئے اس فتنے سے بچنے کے لئے جمعہ کا امام نماز پڑھائے۔

**وجہ**: (۱) امام نہیں ہونگے تو لوگ انتشار پھیلائیں گے اور شور کریں گے اس لئے امام ہو تو جماعت کے ساتھ نماز پڑھائے اور امام نہ ہو تو پھر الگ الگ نماز پڑھے (۲) سورج گرہن کے وقت حضورؐ نے نماز پڑھائی اس کا مطلب یہ ہے کہ امام نماز پڑھائیں گے۔

**ترجمہ**: (۶۶۲) اور چاند گرہن میں جماعت نہیں ہے۔

**وجہ**: (۱) چاند گرہن رات میں ہوتا ہے جس کی وجہ سے اور زیادہ اندھیرا ہو جائے گا۔اس لئے اگر چاند گرہن میں جماعت کا التزام کرے تو لوگوں کو پریشانی ہوگی۔اور انتشار ہوگا۔اس لئے چاند گرہن کے موقع پر لوگ تنہا تنہا نماز پڑھیں گے (۲) عن ابی بكرة قال كنا عند النبی ﷺ فانكسفت الشمس فقام رسول الله يجر رداء ه حتی دخل المسجد فدخلنا فصلی بنا ركعتين حتی انجلت الشمس فقال النبی ﷺ ان الشمس والقمر لا ينكسفان لمو ت احد فاذا رأيتموها فصلوا وادعوا حتی ينكشف ما بكم. (بخاری شریف، باب الصلوۃ فی کسوف الشمس ص ۱۴۱ ابواب الکسوف نمبر ۱۰۴۰ رابوداؤد شریف، باب من قال اربع رکعات ص ۵۷ ۱، نمبر ۱۱۸۵) اس میں یہ ترغیب دی کہ اس قسم کی اللہ کی آیتیں ظاہر ہوں

ل لِتعَذر الاجتماع فی اللیل اولخوف الفتنة ۲ وانما یصلی کل واحد بنفسه لقوله صلی الله علیه وسلم اذا رأیتم شیئًا من هذه الاهوال فافزعوا الی الصلوٰة(۶۶۳) ولیس فی الکسوف خطبة﴾

تو خود بخود نماز پڑھواور دعا کرو۔اس لئے چاند گرہن میں لوگ الگ الگ نماز پڑھیں گے۔

**ترجمه**: ل رات میں اجتماع متعذر ہونے کی وجہ سے، یا فتنہ کے خوف کی وجہ سے۔

**تشریح**: چاند گرہن میں تنہا تنہا نماز ہے، جماعت کے ساتھ نماز نہیں ہے اسکی دلیل عقلی ہے،[۱] کہ رات میں لوگوں کا جمع ہونا مشکل ہے اسلئے جماعت کے ساتھ نماز نہیں ہے[۲] دوسری وجہ ہے کہ بھیڑ کی وجہ سے فتنہ کا بھی خوف ہے اسلئے جماعت کے ساتھ مسنون نہیں ہے

**ترجمه**: ۲ ہر آدمی اپنے اپنے طور پر حضورؐ کے اس قول کی وجہ سے نماز پڑھے کہ جب تم ان خوف کی باتوں میں سے کوئی چیز دیکھو تو گھبرا کر نماز کی طرف جاؤ

**تشریح**: یہ حدیث اوپر گزر گئی ہے (بخاری شریف ص ۱۴۵ نمبر ۱۰۴۰)

**لغت**: اھوال: ہولناک مصیبت۔افزعوا: فزع سے مشتق ہے، گھبرانا

**ترجمه**: (۶۶۳) اور نماز کسوف میں خطبہ نہیں ہے۔

**تشریح**: حضورؐ نے نماز کسوف کے بعد خطبہ دیا ہے لیکن وہ ایک رسم کو دور کرنے کے لئے تھا کہ لوگ یہ سمجھتے تھے کہ کسی کے مرنے یا زندہ ہونے پر سورج گرہن ہوتا ہے اور اس دن آپ کا صاحبزادہ حضرت ابراہیم کا انتقال ہوا تھا۔اس لئے آپؐ نے اس کی نفی کے لئے خطبہ دیا لیکن نماز عید اور نماز جمعہ کی طرح باضابطہ خطبہ دینا ضروری نہیں ہے۔خطبہ کے بغیر بھی نماز ہو جائے گی۔ایسے آیۃ من آیات اللہ کے وقت نماز پڑھنا دعا کرنا اور اپنے گناہوں کا استغفار کرنا اصل ہے۔اس کی طرف خود راوی اشارہ فرمار ہے ہیں۔عن ابی بکرة ... فقال (ﷺ) ان الشمس والقمر آیتان من آیات الله وانهما لا یخسفان لموت احد واذا کان ذلک فصلوا وادعوا حتی ینکشف ما بکم وذلک ان ابنا للنبی ﷺ مات یقال له ابراهیم فقال الناس فی ذلک (بخاری شریف، باب الصلوۃ فی کسوف القمر ص ۱۴۵ نمبر ۱۰۶۳) اس حدیث میں نماز کے بعد فقال : سے اخیر تک خطبہ دیا ہے۔لیکن راوی خود فرماتے ہیں کہ یہ خطبہ اس بنا پر تھا کہ آپؐ کے صاحبزادے ابراہیم کا اس دن انتقال ہوا تھا۔اس لئے لوگوں کے اعتقادات کو ختم کرنے کے لئے خطبہ دیا تھا۔ورنہ اصل تو فصلوا وادعوا ہے۔اور دوسری حدیث میں ہے۔ فاذا رأیتم شیئا من ذلک فافزعوا الی ذکر الله ودعائه واستغفاره (بخاری شریف، باب الذکر فی الکسوف ص ۱۴۵ نمبر ۱۰۵۹) کہ ان آیات کے وقت گھبرا کر اللہ کے ذکر اور استغفار کی طرف جاؤ۔کبھی لوگوں کو یہ سب مسائل سمجھانے کی ضرورت پڑے تو سمجھا دیں۔باضابطہ

ل لانه لم ينقل

خطبہ ضروری نہیں کہ اس کے بغیر نماز کسوف نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ یہ منقول نہیں ہے۔

**تشریح**: حدیث میں خطبے کا ذکر تو ہے لیکن اس اعتبار سے نہیں ہے کہ خطبہ کے بغیر نماز ہی نہ ہو۔ خطبہ کا ثبوت یہ ہے۔ عن اسماء قالت فانصرف رسول الله ﷺ و قد تجلت الشمس فخطب فحمد الله بما هو أهله ثم قال أما بعد ۔(بخاری شریف، باب قول الامام فی خطبۃ الکسوف أما بعد، ص ۱۷۱، نمبر ۱۰۶۱) اس حدیث میں کسوف میں خطبے کا ذکر ہے۔

## ﴿ باب صلوة الاستسقاء ﴾

(۶۶۴) قال ابوحنيفة ليس في الاستسقاء صلوٰة مسنونة في جماعة فان صلى الناس وحدانا جاز وانما الاستسقاء الدعاء والاستغفار﴾ لے لقوله تعالىٰ :فقلتُ استغفروا ربكم انه كان غفارا :الأية

## ﴿ باب صلوۃ الاستسقاء ﴾

**ضروری نوٹ** : استسقاء کے معنی ہیں بارش طلب کرنا، یہ سقی سے مشتق ہے، ملک میں قحط سالی ہو جائے اور بارش نہ ہو تو استسقاء کیا جا سکتا ہے۔ امام ابو حنیفہ کے نزدیک نماز پڑھنا کوئی ضروری نہیں ہے۔ صرف دعا سے بھی استسقاء ہو سکتا ہے اور نماز بھی پڑھ سکتا ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک نماز استسقاء مسنون ہے۔ دونوں کی دلیلیں نیچے آرہی ہیں۔ اس کی دلیل یہ آیت بھی ہے فقلت استغفروا ربكم انه كان غفارا ○ يرسل السماء عليكم مدرارا ○ (آیت ۱۰/۱۱ سورۂ نوح ۷۱) اس آیت میں ہے کہ اپنے اپنے گناہوں سے توبہ کرو تا کہ اللہ تعالیٰ تم پر خوب بارش برسائے۔ اور چونکہ نماز استسقاء میں اپنے گناہوں سے توبہ کرنا ہے اس لئے اس آیت سے استسقاء ثابت ہوتا ہے۔

**ترجمہ** : (۶۶۴) امام ابو حنیفہ نے فرمایا استسقاء میں جماعت کے ساتھ نماز مسنون نہیں ہے۔ پس اگر تنہا تنہا نماز پڑھے تو جائز ہے، استسقاء صرف دعا اور استغفار کا نام ہے۔

**تشریح**: آپؐ نے کبھی نماز استسقاء پڑھی ہے اور کبھی صرف جمعہ کے خطبہ کے وقت ہاتھ اٹھا کر دعا کی ہے۔ اس لئے استسقاء دونوں طرح جائز ہے۔ صرف نماز ہی پڑھنا مسنون نہیں ہے۔

**ترجمہ**: لے اللہ تعالیٰ کا قول کہ اپنے رب سے استغفار کرو وہ بہت معاف کرنے والا ہے

**وجه**: (۱) صاحب ھدایہ کی آیت یہ ہے۔ فقلت استغفروا ربكم انه كان غفارا ○ يرسل السماء عليكم مدرارا ○ (آیت ۱۰/۱۱ سورۂ نوح ۷۱) جس میں یہ حکم ہے کہ اپنے گناہوں سے توبہ اور استغفار کرو تو بارش خوب ہوگی۔ جس سے معلوم ہوا کہ گناہوں سے توبہ کر کے بارش مانگنا استسقاء ہے (۲) صاحب ھدایہ نے اس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے۔ حدیث میں ہے کہ استسقاء کے لئے جمعہ کے خطبہ کے وقت آپ نے ہاتھ اٹھا کر دعا کی ہے۔ اسی سے بارش ہوگئی ۔ عن انس بن مالك ان رجلا دخل المسجد يوم الجمعة ورسول الله ﷺ قائما يخطب ... فرفع رسول الله يديه قال اللهم اغثنا . (بخاری شریف، باب الاستسقاء فی خطبة الجمعة غیر مستقبل القبلة ص ۱۳۸ نمبر ۱۰۱۴ / مسلم شریف، کتاب الاستسقاء ص ۱۹۳ نمبر ۸۹۷ / ۲۰۷۸ / ابو داؤد شریف، باب رفع اليدين في الاستسقاء ص ۱۷۳ نمبر ۱۱۷۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آپؐ نے اس کے لئے مستقل نماز نہیں پڑھی صرف دعا پر اکتفا کیا۔ اس لئے امام ابو حنیفہ کے نزدیک نماز ضروری نہیں، صرف دعا اور استغفار سے بھی

۳ورسول الله صلى الله عليه وسلم استسقىٰ ولم تروعنه الصلوة(۶۶۵) وقالا يصلى الامام ركعتين ﴾ ۱ لما روى ان النبى صلى الله عليه وسلم صلى فيه ركعتين كصلوٰة العيد رواه ابن عباسؓ ۲ قلنا فعله مرة وتركه اخرىٰ فلم يكن سنة ۳ وقد ذكر فى الاصل قول محمد وحده.

---

استسقاء ہوجائے گا۔اور نماز پڑھ لےتو کوئی حرج کی بات نہیں ہے، کیونکہ وہ بھی حدیث سے ثابت ہے۔

**ترجمہ** : ۳ حضورؐ نے پانی کے لئے دعا مانگی اور اس وقت نماز منقول نہیں ہے۔

**تشریح** : اوپر کی عبارت کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپؐ نے استسقاء کے لئے کبھی نماز پڑھی ہی نہیں، بلکہ اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ ایسا بھی ہوا ہے کہ جمعہ کے خطبہ میں پانی کے لئے دعا مانگی اور بارش ہوگئی، اور اس وقت استسقاء کی نماز نہیں پڑھی۔ یہ حدیث ابھی اوپر گزری۔البتہ دوسرے موقع پر استسقاء کی نماز پڑھی ہے۔اسکے لئے حدیث آگے آرہی ہے۔

**ترجمہ** : (۶۶۵) امام ابو یوسف اور امام محمد نے فرمایا کہ امام دو رکعت نماز پڑھائیں گے۔

**وجہ** :(۱)ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن عباد بن تميم عن عمه قال خرج النبى ﷺ يستسقى فتوجه الى القبلة يدعو وحول رداء ه ثم صلى ركعتين يجهر فيهما بالقراء ة۔(بخاری شریف، باب الجهر بالقراءة فى الاستسقاء ص ۱۳۹ نمبر ۱۰۲۴ر مسلم شریف، کتاب صلوۃ الاستسقاء ص ۲۹۳ نمبر ۲۰۷۱/۸۹۴ر ابو داؤد شریف، ابواب صلوۃ الاستسقاء ص ۱۷۱ نمبر ۱۱۶۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ امام دو رکعت نماز پڑھائیں گے۔اور قرأت جہری کریں گے اور چادر کو بھی نیک فالی کے لئے پلٹیں گے کہ یا اللہ جس طرح چادر پلٹ رہا ہوں اس طرح میری حالت کو بھی پلٹ دے۔اور یہ بھی معلوم ہوا کہ دعا کے وقت قبلہ کی طرف استقبال کرے۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ حضورؐ سے روایت کی ہے کہ نماز استسقاء میں دو رکعت عید کی نماز کی طرح پڑھی۔اسکو حضرت ابن عباسؓ نے روایت کی ہے۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ ارسلنى الى ابن عباس أسأله عن صلاة رسول الله ﷺ فى الاستسقاء ....فكم يخطب خطبكم هذه و لكن لم يزل فى الدعاء و التضرع و التكبير ، ثم صلى ركعتين كما يصلى فى العيد ۔(ابوداود شریف، باب جماع ابواب صلاۃ الاستسقاء وتفریعھا ص ۱۷۴، نمبر ۱۱۶۵ر ترمذی شریف، باب ما جاء فى صلاة الاستسقاء، ص ۱۴۶، نمبر ۵۵۸) اس حدیث میں ہے کہ نماز عید کی طرح دو رکعت نماز پڑھے۔

**ترجمہ** : ۲ ہم یہ جواب دیتے ہیں کہ کبھی نماز پڑھی ہے اور کبھی چھوڑ دی ہے، اسلئے نماز پڑھنا سنت نہیں ہوئی۔

**تشریح** : یہ صاحبینؒ کو جواب ہے کہ آپؐ نے کبھی استسقاء کی نماز پڑھی ہے اور کبھی نہیں بھی پڑھی ہے اسلئے نماز پڑھنا ہی سنت

(٦٦٦) ويجهر فيهما بالقراءة ﴾ ل اعتبارا بصلوٰة العيد (٦٦٧) ثم يخطب ﴾ ل لما روى النبی صلى الله عليه وسلم خطب

نہیں ہوئی، بلکہ اصل سنت تو دعا ہے اور کسی نے نماز پڑھ لی تب بھی ٹھیک ہے۔ کیونکہ حدیث سے ثابت ہے۔

**ترجمہ** : ٣ مصنف فرماتے ہیں کہ اصل یعنی مبسوط میں صرف امام محمدؒ کا قول ہے کہ استسقاء کی نماز پڑھی جائے۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ اصل جسکو مبسوط کہتے ہیں یہ امام محمدؒ کی کتاب ہے اس میں ہے کہ استسقاء کے لئے نماز پڑھنا صرف امام محمدؒ کا قول ہے۔ اسکا مطلب یہ ہوا کہ امام ابو یوسفؒ کی رائے بھی یہی ہے کہ استسقاء کے لئے صرف دعا کافی ہے۔

**ترجمہ** : (٦٦٦) دونوں رکعتوں میں قرأت جہری کرے۔

**ترجمہ** : ل عید کی نماز پر قیاس کرتے ہوئے۔

**تشریح** : اوپر حضرت عبد اللہ ابن عباسؓ کی حدیث گزری کہ استسقاء کی نماز عید کی نماز کی طرح پڑھی جائے گی۔ اور عید میں قرأت زور سے کی جاتی ہے تو اس میں بھی زور سے ہی قرأت کی جائے گی۔ اسلئے استسقاء کی نماز میں زور سے قرأت کی جائے گی۔

**وجہ** : (۱) اس حدیث میں ہے کہ استسقاء کی نماز میں زور سے قرأت کی ۔ عن عباد بن تميم عن عمه قال خرج النبی ﷺ يستسقى فتوجه الى القبلة يدعو وحول رداءه ثم صلى ركعتين يجهر فيهما بالقراءة ۔ (بخاری شریف، باب الجہر بالقراءۃ فی الاستسقاء ص ۱۳۹ نمبر ۱۰۲۴ رمسلم شریف، کتاب صلوۃ الاستسقاء ص ۲۹۳ نمبر ۸۹۴/۲۰۷۱ رابو داؤد شریف، ابواب صلوۃ الاستسقاء ص ۱۷۱ نمبر ۱۱۶۱) اس حدیث میں ہے کہ زور سے قرأت کی۔

**ترجمہ** : (٦٦٧) پھر امام خطبہ دے۔

**ترجمہ** : ل سلئے کہ روایت کی گئی ہے کہ حضورؐ نے خطبہ دیا ہے۔

**وجہ** : (۱) خطبہ دینے کے لئے صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عائشة قالت شكا الناس الى رسول الله ﷺ قحوط المطر فامر بمنبر فوضع له في المصلى ... فقعد على المنبر فكبر وحمد الله عز وجل الخ (ابوداؤد شریف، باب رفع الیدین فی الاستسقاء ص ۱۷۲ نمبر ۱۱۷۳) اس حدیث میں اس کا تذکرہ ہے کہ آپؐ کے لئے منبر رکھا گیا اور اس پر آپؐ بیٹھ گئے اور تکبیر وتحمید کی جس میں خطبہ کا اشارہ ہے۔ البتہ ایسا خطبہ نہیں دیا جو عیدین اور جمعہ میں دیا جاتا ہے۔ اسی لئے بعض حدیث میں ہے کہ اس طرح کا خطبہ نہیں دیا کرتے تھے (۲) عن أبي هريرة قال : خرج رسول الله ﷺ يوما يستسقى فصلى بنا ركعتين بلا اذان و لا أقامة ثم خطبنا و دعا الله و حول وجهه نحو القبلة رافعا يديه ثم قلب ردائه

۲ ثم هی کخطبة العید عند محمدؒ. ۳ وعند ابی یوسفؒ خطبة واحدة (۲۶۸) ولا خطبة عند ابی حنیفةؒ ﴾ ۱ لانها تبع للجماعة ولا جماعة عنده (۲۶۹) ویستقبل القبلة بالدعاء ﴾ ۱ لما روی انه صلی اللہ علیه وسلم استقبل القبلة وَحَوَّلَ رداء ہ

فجعل الأیمن علی الایسر و الأیسر علی الایمن ۔(ابن ماجۃ ،باب ماجاء فی صلاۃ الاستسقاء،ص۱۸۰،نمبر ۱۲۶۸/دار قطنی ،کتاب الاستسقاء ج ثانی ص۵۴ نمبر ۱۷۸۶)) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے خطبہ دیا۔

**ترجمہ:** ۲ پھر امام محمدؒ کے نزدیک عید کے خطبے کی طرح دو خطبے ہونگے۔

**تشریح:** امام محمدؒ کے نزدیک جس طرح عید میں دو خطبے ہوتے ہیں اور دونوں خطبوں کے درمیان بیٹھتے ہیں اسی طرح یہاں بھی ایک خطبے کے بعد امام بیٹھیں گے۔

**وجہ:** دو خطبہ کے لئے یہ حدیث ہے۔ارسلنی الی ابن عباس أسأله عن صلاة رسول الله ﷺ فی الاستسقاء ....فکم یخطب خطبکم هذه و لکن لم یزل فی الدعاء و التضرع و التکبیر ، ثم صلی رکعتین کما یصلی فی العید ۔(ابوداود شریف، باب جماع ابواب صلاۃ الاستسقاء وتفریعھا ،ص۱۷۴،نمبر ۱۱۶۵) اس حدیث میں ہے کہ استسقاء کی نماز عید کی طرح پڑھی جائے گی اور عید میں دو خطبے ہیں اس لئے یہاں بھی دو خطبے ہوں۔

**ترجمہ:** ۳ اور امام ابو یوسفؒ کے یہاں ایک خطبہ ہے۔

**تشریح:** حضرت امام ابو یوسفؒ کے یہاں یہ ہے کہ استسقاء میں ایک خطبہ دے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث کے انداز سے معلوم ہوتا ہے آپؐ نے استسقاء میں ایک خطبہ دیا ہے۔

**ترجمہ:** (۲۶۸) امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک خطبہ نہیں ہے ۱ اس لئے کہ وہ جماعت کے تابع ہے اور انکے نزدیک استسقاء کی نماز ہی نہیں ہے۔

**تشریح:** امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک استسقاء میں خطبہ نہیں ہے، اور اسکی وجہ یہ ہے کہ خطبہ تو اس وقت دے گا جب کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنی ہو۔ اور اوپر گزر چکا ہے کہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک استسقاء کی نماز ہی نہیں ہے، بلکہ اصل دعاء اور گڑگڑانا استسقاء ہے اسلئے خطبہ دینے کی بھی ضرورت نہیں پڑے گی، اسلئے خطبہ بھی نہیں ہے۔

**ترجمہ:** (۲۶۹) دعا کرتے وقت قبلہ کا رخ کرے

**ترجمہ:** ۱ اس لئے کہ حضورؐ سے روایت ہے کہ آپؐ نے دعا کے وقت قبلے کا استقبال فرمایا اور چادر کو پلٹا

**وجہ:** صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے، جس میں ہے کہ دعا کرتے وقت قبلہ رخ کرے اور چادر کو بھی پلٹے ۔ عن عباد بن تمیم

(٦٧٠) ويقلبُ رداء ہ ﴾ ١ لما روينا ٢ قالؒ هٰذا قول محمدؒ اما عند ابی حنيفۃؒ فلا يقلّب رداء ہ لانـہ دعاء فيعتبر بسائر الادعية وما رواہ كان تفاؤل (٦٧١) ولا يقلب القوم اردیتهم ﴾ ١ لانہ لم ينقل انہ امرهم بذلک (٦٧٢) ولا يحضر اهل الذمة الاستسقاء ﴾

---

عن عـمہ قال خرج النبی ﷺ يستسقی فتوجہ الی القبلة يدعو وحول رداء ہ ثم صلی رکعتين يجهر فيهما بــالـقـراء ۃ۔ (بخاری شریف، باب الجہر بالقراءۃ فی الاستسقاء ص ١٣٩ نمبر ١٠٢۴ رمسلم شریف، کتاب صلوۃ الاستسقاء ص ٢٩٣ نمبر ٢٠٧١/٨٩۴ رابوداؤد شریف، ابواب صلوۃ الاستسقاء ص ١٧١ نمبر ١١٦١) اس حدیث میں ہے کہ قبلہ رخ ہوکر دعا کرے۔ حول کا معنی ہے پلٹے۔ رداء: چادر

**ترجمہ**: (٦٧٠) اپنی چادر کو پلٹے۔

**ترجمہ**: ١ اس حدیث کی بنا پر جو میں نے روایت کی۔۔ یہ روایت اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: ٢ فرمایا کہ یہ امام محمد کا قول ہے، بہر حال امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک تو اپنی چادر کو نہ پلٹے اسلئے کہ یہ دعا ہے، تو اور دعاؤں پر قیاس کیا جائے گا، اور جو روایت کی ہے وہ نیک فال کے طور پر تھا۔

**تشریح**: استسقاء میں چادر کا پلٹنا فرماتے ہیں کہ یہ امام محمدؒ کا قول ہے۔ امام ابوحنیفہؒ کی رائے تو یہی ہے کہ چادر کو نہ پلٹے۔ اسکی دلیل یہ ہے کہ اور دوسری دعا میں چادر نہیں پلٹتے ہیں تو اس میں چادر پلٹنا ضروری نہیں ہے۔ اور اوپر جو رویت گزری جس میں ہے کہ حضورؐ نے چادر پلٹی تھی وہ نیک فالی کے طور پر کی تھی کوئی ضروری نہیں تھا، اسلئے نیک فالی کے طور پر چادر پلٹے تو جائز ہے، بلکہ مستحسن ہے۔ تفاؤلا: نیک فالی

**ترجمہ**: (٦٧١) اور قوم اپنی چادر کو نہ پلٹے۔ ١ اس لئے کہ یہ منقول نہیں ہے کہ حضورؐ نے لوگوں کو چادر پلٹنے کا حکم دیا ہو۔

**تشریح**: امام تو اپنی چادر پلٹے لیکن قوم کو پلٹنے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن اگر انہوں نے بھی پلٹ لیا تو کوئی حرج نہیں ہے کیوں کہ حدیث میں اس کا ثبوت ہے کہ صحابہ نے اپنی چادریں پلٹیں۔ حدیث یہ ہے۔ کان عبد الله بن زيد من أصحاب رسول الله ﷺ قـد شهـد معه احدا قال: قد رأيت رسول الله ﷺ استسقی لنا أطال الدعاء و أكثر المسألة، قال ثم تـحـول الـى الـقبلة و حول ردائه فقلبه ظهرا لبطن و تحول الناس معه ۔ (مسند احمد، مسند عبد اللہ بن زید بن عاصم، ج رابع، ص ٦٣٠، نمبر ١٦٠٣٠) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ کے ساتھ لوگوں نے بھی اپنی اپنی چادریں پلٹیں۔

**ترجمہ**: (٦٧٢) استسقاء میں ذمی حاضر نہ ہوں۔

ل لانه لاستنزال الرحمة وانما تنزل عليهما اللعنة.

---

**ترجمه**: ل اس لئے کہ استسقاء رحمت کو اتارنے کے لئے ہے اور ان کافروں پر لعنت اترتی ہے [اسلئے اسکو استسقاء میں نہ لائے]

**تشریح**: ذمی یعنی جو کافر ٹیکس دے کر اسلامی حکومت میں رہتے ہیں ان کو ذمی کہتے ہیں، وہ استسقاء میں حاضر نہ ہوں۔

**وجہ**: ذمی کافر ہیں۔ ان پر اللہ کا غضب نازل ہوتا ہے اس لئے پانی مانگنے کے موقع پر مغضوب آدمیوں کو حاضر نہیں کرنا چاہئے۔

## ﴿باب صلوة الخوف ﴾

(۶۷۳) اذا اشتد الخوف جعل الامام الناس طائفتين طائفة على وجه العدو طائفة خلفه فيصلى بهذه الطائفة ركعة وسجدتين فاذا رفع رأسه من السجدة الثانية مضت هذه الطائفة الى وجه العدو وجاء ت تلك الطائفة فيصلى بهم الامام ركعة وسجدتين وتشهد وسلم ولم يسلموا وذهبوا الى وجه

## ﴿ باب صلوۃ الخوف ﴾

**ضروری نوٹ**: نماز خوف کی صورت یہ ہے کہ تمام آدمی ایک ہی امام کے پیچھے نماز پڑھنا چاہتے ہوں تو امام دو جماعتیں بنا دیں گے۔ اور ہر ایک جماعت کو آدھی آدھی نماز پڑھائیں گے۔ لیکن اگر دو امام ہوں تو ہر ایک جماعت الگ الگ امام کے پیچھے پوری پوری نماز پڑھیں گے۔ پھر آدھی آدھی نماز پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔ بعض ائمہ [جس میں حضرت امام ابو یوسفؒ بھی ہیں] فرماتے ہیں کہ جب تک حضورؐ حیات رہے تو ہر ایک آدمی اپنی آخری نماز آپؐ کے پیچھے پڑھنا چاہتا تھا اس لئے آپ کی حیات میں نماز خوف تھی۔ لیکن آپؐ کے بعد اب اس طرح نماز پڑھنا منسوخ ہے۔ اب دو الگ الگ امام ہوں گے اور دونوں جماعتیں الگ الگ امام کے پیچھے نماز پڑھے گی۔ ان کا استدلال اس آیت سے ہے جو صلوۃ خوف کے بارے میں نازل ہوئی ہے۔ واذا كنت فيهم فاقمت لهم الصلوة فلتقم طائفة منهم معك وليأخذوا اسلحتهم فاذا سجدوا فليكونوا من ورائكم ولتأت طائفة اخرى لم يصلوا فليصلوا معك وليأخذوا حذرهم واسلحتهم۔ (آیت ۱۰۲ سورۃ النساء ۴) اس آیت میں حضور کو خطاب ہے کہ آپؐ موجود ہوں تو لوگوں کو نماز خوف پڑھائیں۔ جس کا مطلب یہ نکل سکتا ہے کہ آپ کے بعد نماز خوف اس طرح نہیں پڑھی جائے گی۔

**فائدہ**: جمہور ائمہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابو موسی اشعری نے لوگوں کو نماز خوف پڑھائی ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ بعد میں بھی صلوۃ خوف جائز ہے، اثر یہ ہے۔ عن ابی العالية قال صلى بنا ابو موسى الاشعرى باصبهان صلوة الخوف. (سنن للبیہقی، باب الدلیل علی ثبوت صلوۃ الخوف وانہا لم تنسخ ج ثالث ص ۳۵۸، نمبر ۶۰۰۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بعد میں بھی نماز خوف پڑھائی جا سکتی ہے۔

**نوٹ**: اوپر کی آیت اور یہ حدیث صلوۃ خوف کے جواز کی دلیل ہیں۔

**ترجمہ**: (۶۷۳) جب خوف سخت ہو جائے تو امام لوگوں کو دو جماعت بنائے۔ ایک جماعت دشمن کے مقابلہ میں اور دوسری جماعت امام کے پیچھے۔ پس امام پہلی جماعت کو ایک رکعت اور دو سجدے پڑھائے، پس جب کہ دوسرے سجدہ سے سر اٹھائے پہلی جماعت چلی جائے گی دشمن کے مقابلہ پر، اور دوسری جماعت آئے گی تو اس کو امام نماز پڑھائے گا ایک رکعت اور دو سجدے۔ اور امام

العدو وجاء ت الطائفة الاولى فصلوا ركعة وسجدتين وحدانا بغير قرأة لانهم لاحقون و تشهدوا و سلموا و مضوا الى وجه العدو و جائت الطائفة الاخرىٰ وصلوا ركعة وسجدتين بقراءة لانهم مسبوقون وتشهدوا و سلموا ﴾

تشہد پڑھے گا اور سلام پھیرے لیکن دوسری جماعت سلام نہیں پھیرے گی بلکہ چلی جائے گی دشمن کے مقابلہ پر۔ اور پہلی جماعت آئے گی اور وہ ایک رکعت اور دو سجدے اکیلے نماز پڑھے گی بغیر قرأت کے ( کیونکہ وہ لاحق ہے اور لاحق پر قرأت نہیں ہے اس لئے وہ قرأت نہیں کرے گی ) اور تشہد پڑھے گی اور سلام پھیرے گی اور چلی جائے گی دشمن کے مقابلہ پر۔ اور دوسری جماعت آئے اور وہ ایک رکعت اور دو سجدے نماز پڑھیں قرأت کے ساتھ (اس لئے کہ یہ مسبوق ہیں اور مسبوق اپنی نماز پوری کرتے وقت قرأت کریں گے ) اور تشہد پڑھیں اور سلام پھیر دیں۔

**تشریح** : داود شریف میں خوف کی نماز پڑھانے کا چار طریقہ بتایا گیا، ان میں سے کسی طریقے سے نماز پڑھے گا تو نماز ہو جائے گی، اور درمیان نماز میں پیچھے جانے کا اور آگے آنے کا جو عمل ہوگا اس سے نماز نہیں ٹوٹے گی اسلئے کہ مجبوری کی وجہ سے معاف ہے۔ البتہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک وہ طریقہ بہتر ہے جو متن میں گزرا۔ اسکی تشریح یہ ہے۔ کہ امام دو جماعت بنائے۔ مثلا ایک خالد کی جماعت، اور دوسری شریف کی جماعت۔ اب شریف کی جماعت دشمن کے مقابلے پر رہے، اور خالد کی جماعت کو امام ایک رکعت پڑھائے، اسکے بعد خالد کی جماعت دوسری رکعت بغیر پڑھے ہوئے دشمن کے مقابلے پر چلی جائے اور شریف کی جماعت امام کے پیچھے آ کر ایک رکعت پڑھے۔ یہ رکعت امام کے لئے دوسری رکعت ہے اسلئے امام تشہد پڑھ کر سلام پھیر دے۔ اب شریف کی جماعت کی ابھی ایک رکعت ہوئی ہے، اب بغیر دوسری رکعت ملائے دشمن کے مقابلے پر پیچھے چلی جائے۔ اور خالد کی جماعت آگے آئے اور اپنی دوسری رکعت پوری کرے اور سلام پھیرے، یہ لوگ دوسری رکعت میں لاحق ہیں، اس لئے کہ امام کے ساتھ پہلی رکعت ملی ہے اسلئے دوسری رکعت بغیر قرأت کئے ہوئے پڑھے، کیونکہ لاحق پر قرأت نہیں ہے۔ پھر خالد کی جماعت دشمن کے مقابلے پر پیچھے جائے اور شریف کی جماعت آگے آ کر اپنی دوسری رکعت پوری کرے اور سلام پھیرے۔ شریف کی جماعت اپنی دوسری رکعت میں مسبوق ہیں، کیونکہ وہ امام کے ساتھ دوسری رکعت میں ملے تھے اور پہلی رکعت چلی گئی تھی، اور جو مسبوق ہوتا ہے وہ قرأت کے ساتھ اپنی نماز پوری کرتا ہے، اسلئے شریف کی جماعت قرأت کے ساتھ اپنی نماز پوری کرے

**وجه** : (۱) اس حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔ ان عبد الله بن عمر قال غزوت مع رسول الله ﷺ قبل نجد فوازينا العدو فصافقنا لهم فقام رسول الله يصلي لنا فقامت طائفة معه و اقبلت طائفة على العدو وفركع رسول الله ﷺ بمن معه و سجد سجدتين ثم انصرفوا مكان الطائفة التي لم تصل فجاء وا فركع رسول

لے والاصل فیه روایة ابن مسعود ان النبی علیه السلام صلی صلوٰۃ الخوف علی الصفة التی قلنا

اللہ بهم رکعة و سجد سجدتین ثم سلم فقام کل واحد منهم فرکع لنفسه رکعة وسجد سجدتین ۔(بخاری شریف، ابواب صلوۃ الخوف ص ۱۲۸ نمبر ۹۴۲ رابو داؤد شریف، باب من قال یصلی بکل طائفة رکعة ثم یسلم ص ۱۸۴، ابواب صلوۃ الخوف نمبر ۱۲۴۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز خوف میں دو جماعتیں بنائے گا اور امام ہر جماعت کو ایک ایک رکعت پڑھائے گا۔ اور باقی ایک رکعت خود اپنے اپنے طور پر پڑھیں گے۔(۲) امام ابو حنیفہ کی نظر آیت کے اس جملہ کی طرف گئی ہے فاذا سجدوا فلیکونوا من ورائکم ولتأت طائفة اخری لم یصلوا. (آیت ۱۰۲ سورۃ النساء ۴) اس آیت میں ہے کہ پہلی جماعت ایک رکعت کا سجدہ کر لے تو اس کو پیچھے چلے جانا چاہئے جس میں اشارہ ہے کہ دوسری رکعت اس کو فوراً نہیں پڑھنی چاہئے وہ بعد میں پوری کرے گی (۳) قاعدہ کے اعتبار سے حنفیہ کی بتائی ہوئی صورت میں پہلی جماعت نماز سے پہلے فارغ ہوگی اور دوسری جماعت بعد میں فارغ ہوگی اور قاعدہ کا تقاضا بھی یہی ہے (۴) اس صورت میں امام کو مقتدیوں کا انتظار نہیں کرنا پڑتا ہے۔ اور اگر پہلی جماعت دوسری رکعت فوراً پوری کرے تو امام کو اتنی دیر تک دوسری جماعت کے آنے کا انتظار کرنا ہوگا۔ اور یہ امامت کے عہدے کے خلاف ہے۔ اس لئے پہلی جماعت ایک رکعت پڑھ کر دشمن کے سامنے جائے پھر دوسری جماعت ایک رکعت پڑھ کر دشمن کے سامنے جائے اور پہلی جماعت آکر دوسری رکعت پوری کرے۔ اس کے پورا کرنے کے بعد وہ دشمن کے سامنے جائے اور دوسری جماعت بعد میں اپنی پہلی رکعت پوری کرے (۵) کتاب الآثار میں عبارت یہ ہے ۔محمد قال اخبرنا ابو حنیفة عن حماد عن ابراهیم فی صلوۃ الخوف قال اذا صلی الامام باصحابه فلتقم طائفة منهم مع الامام وطائفة بازاء العدو فیصلی الامام بالطائفة الذین معه رکعة ثم تنصرف الطائفة الذین صلوا مع الامام من غیر ان یتکلموا حتی یقوموا مقام اصحابهم وتأتی الطائفة الاخری فیصلون مع الامام الرکعة الاخری ثم ینصرفون من غیر ان یتکلموا حتی یقوموا فی مقام اصحابهم و تأتی الطائفة الاولی حتی یصلوا رکعة وحدانا ثم ینصرفون فیقومون مقام اصحابهم و تأتی الطائفة الاخری حتی یقضوا الرکعة التی بقیت علیهم وحدانا. (کتاب الآثار لامام محمد، باب صلوۃ الخوف ص ۳۹، نمبر ۱۹۴) اس اثر سے حنفیہ کی تائید ہوتی ہے۔

**فائدہ**: امام شافعی اور دیگر ائمہ کے نزدیک ابو داؤد شریف کی حدیث کی وجہ سے یہ ہے کہ پہلی جماعت امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھنے کے بعد دوسری رکعت اسی وقت پوری کر لے اور سلام پھیر دے۔ پھر دشمن کے سامنے جائے اور امام اتنی دیر دوسری جماعت کا انتظار کریں گے۔ پھر دوسری جماعت آئے اور امام کے ساتھ ایک رکعت پڑھ کر امام سلام پھیریں گے اور دوسری جماعت دوسری رکعت پوری کر کے سلام پھیرے گی (ابو داؤد، باب من قال اذا صلی رکعة، ص ۱۸۵ نمبر ۱۲۳۹ میں یہ حدیث موجود ہے)

**ترجمہ**: لے اصل اس میں حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ کی حدیث ہے، کہ نبی کریم ﷺ نے خوف کی نماز اس طریقے پر پڑھی جو

۲؎ وابويوسف وان انكرشرعيتها في زماننا فهو محجوج عليه بمارويناه (۶۷۴) فان كان الامام مقيما صلى بالطائفة الاولىٰ ركعتين وبالطائفة الثانية ركعتين ﴾ ۱؎ لماروى انه صلى الله عليه وسلم صلى الظهر بالطائفتين ركعتين ركعتين

میں نے کہا۔

**تشریح** : حضرت عبداللہ ابن مسعودؓ کی حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن مسعودؓ قال صلى بنا رسول الله ﷺ صلاة الخوف فقاموا صفا خلف رسول الله ﷺ و صف مستقبل العدو ، فصلى بهم رسول الله ﷺ ركعة ، ثم جاء الآخرون فقاموا مقامهم و استقبل هؤلاء العدو فصلى بهم النبي ﷺ ركعة ثم سلم فقام هؤلاء فصلوا لأنفسهم ركعة ثم سلموا ثم ذهبوا فقاموا مقام أولئك مسقبلي العدو و رجع أولئك الى مقامهم فصلوا لأنفسهم ركعة ثم سلموا ۔(ابوداؤد شریف، باب من قال یصلی بکل طائفۃ رکعۃ ثم یسلم ،ص ۱۸۶،نمبر ۱۲۴۴) اس حدیث میں صلوۃ الخوف کی وہ ترتیب بتائی گئی ہے جو حضرت امام ابوحنیفہؒ نے بیان کی۔اور ایک حدیث اوپر بھی گزر چکی ہے۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور حضرت امام ابو یوسفؒ نے ہمارے زمانے میں صلوۃ خوف کی مشروعیت کا انکار فرمایا۔لیکن ان پر وہ روایت حجت ہے جو ہمنے بیان کی۔

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ حضورؐ کے بعد نماز خوف نہیں ہے، بلکہ اب دو امام ہوں اور دونوں امام اپنی اپنی جماعت کو الگ الگ پوری پوری نماز پڑھادے، یہ تو حضورؐ کی بات تھی کہ ہر آدمی اپنی آخری نماز آپؐ کے پیچھے پڑھنا چاہتا تھا اسلئے ہر جماعت کو ایک ایک رکعت پڑھاتے تھے ،جسکو نماز خوف کہتے ہیں ۔لیکن یہ بات صحیح نہیں ہے، کیونکہ حضرت ابو موسی اشعریؓ نے اپنے زمانے میں خوف کی نماز پڑھائی۔اثر یہ ہے۔ عن ابی العالية قال صلى بنا ابو موسى الاشعري باصبهان صلوة الخوف. (سنن للبیہقی ،باب الدلیل علی ثبوت صلوۃ الخوف وانہا لم تنسخ ج ثالث ص ۳۵۸،نمبر ۶۰۰۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بعد میں بھی نماز خوف پڑھائی جاسکتی ہے۔

**ترجمہ** : (۶۷۴) اگر امام مقیم ہو تو پہلی جماعت کو دو رکعت نماز پڑھائے ،اور دوسری جماعت کو دو رکعت۔

**ترجمہ** : ۱؎ اسلئے کہ حضورؐ نے ظہر کی نماز دو جماعتوں کو دو دو رکعتیں پڑھائیں۔

**تشریح** : اگر امام مقیم ہو اور نماز چار رکعت والی ہو، مثلا ظہر ،عصر ،یا عشاء کی نماز ہو تو امام چار رکعت نماز پڑھے گا ،اور دونوں جماعتوں کو دو دو رکعتیں نماز پڑھائے گا ،اور مقتدی اپنی دو دو رکعتیں اس ترتیب سے پوری کرے گا جو پہلے گزر چکی۔

(۶۷۵) ویصلی بالطائفة الاولیٰ من المغرب رکعتین وبالثانیة رکعة واحدة﴾ ل لان تنصیف الرکعة الواحدة غیر ممکن فجعلها فی الاولیٰ اولی بحکم السبق (۶۷۶) ولا یقاتلون فی حال الصلوٰة فان فعلوا بطلت صلاتهم﴾

**وجه** : (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن جابر قال اقبلنا مع رسول الله ﷺ حتی اذا کنا بذات الرقاع ....قال فنودی بالصلاة فصلی بطائفة رکعتین ثم تأخروا فصلی بالطائفة الاخری رکعتین ، قال فکانت لرسول الله ﷺ أربع رکعات و للقوم رکعتان . (مسلم شریف، باب صلاۃ الخوف، ص ۳۴۰، نمبر ۸۴۳/۱۹۴۹/ابوداود شریف، باب من قال یصلی بکل طائفۃ رکعتین، ص ۱۸۷، نمبر ۱۲۴۸) اس حدیث میں ہے کہ ظہر عصر کی نماز ہو اور امام مقیم ہو تو ہر جماعت کو دو دو رکعت نماز پڑھائے۔

**ترجمہ**: (۶۷۵) اور نماز پڑھائے گا پہلی جماعت کو مغرب کی دو رکعتیں اور دوسری جماعت کو ایک رکعت۔

**وجہ** : تین رکعت کا آدھا نہیں ہوتا اس لئے پہلی جماعت کو امام صاحب دو رکعتیں نماز پڑھائیں گے۔ اور دوسری جماعت کو ایک رکعت نماز پڑھائیں گے۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ ایک رکعت کا آدھا تو ممکن نہیں ہے اس لئے اس کو پہلے گروہ میں کرنا زیادہ بہتر ہے مقدم ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح** : مغرب میں تین رکعتیں ہیں تو دونوں جماعتوں کو ڈیڑھ ڈیڑھ رکعت کرنا ممکن نہیں ہے اسلئے جو جماعت پہلی ہے اسکے سابق ہونے کی وجہ سے یہ رکعت دے دینا زیادہ بہتر ہے

**ترجمہ**: (۶۷۶) اور نماز کی حالت میں قتال نہیں کریں گے۔ پس اگر قتال کیا تو ان کی نماز باطل ہو جائے گی۔

**تشریح** : نماز کی حالت میں قتال نہ کریں اور اگر قتال کیا تو نماز باطل ہو جائے گی، اسلئے دوبارہ پڑھنا ہوگی۔

**وجہ**: (۱) قتال کرنا عمل کثیر ہے اس لئے قتال کرنے سے نماز فاسد ہو جائے گی۔ اور دوبارہ نماز پڑھنا ہوگی (۲) اس کی دلیل یہ حدیث ہے جسکی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ کیا ہے۔ قال جاء عمر یوم الخندق فجعل یسب کفار قریش ویقول یا رسول الله ما صلیت العصر حتی کادت الشمس ان تغیب فقال النبی ﷺ وانا والله ما صلیتها بعد قال فنزل الی بطحان فتوضأ وصلی العصر بعد ما غابت الشمس ثم صلی المغرب بعده (بخاری شریف، باب الصلوۃ عند مناھضۃ الحصون ولقاء العدو ص ۱۲۹ نمبر ۹۴۵ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی الرجل تفوتہ الصلوات بایتھن یبدأ ص ۴۳، نمبر ۱۷۹/ نسائی شریف، باب کیف یقضی الفوائت من الصلوۃ، ص ۸۵، نمبر ۶۲۳)) اس حدیث میں ہے کہ قتال چل رہا تھا اس

| |
|---|
| ل لانه صلى الله عليه واله وسلم شغل عن اربع صلوات يوم الخندق ولو جاز الاداء مع القتال لما تركه ا (۶۷۷) فان اشتد الخوف صلوا ركبانا فرادى يؤمون بالركوع والسجود الى اىّ جهة شاء وا اذا لم يقدروا على التوجه الى القبلة ﴾ ل لقوله تعالىٰ فان خفتم فرجالا اور ركبانا وسقط التوجه للضرورة |

لئے نماز نہیں پڑھی۔اسی طرح نماز پڑھ رہا ہواور قتال شروع ہو گیا تو نماز فاسد ہو جائے گی (۳) قال انس بن مالک حضرت عند مناهضة حصن تستر عند اضائة الفجر و اشتد اشتغال القتال فلم يقدروا على الصلوة فلم نصل الا بعد ارتفاع النهار. (بخاری شریف، باب الصلوۃ عند مناھضۃ الحصون ولقاء العدوص ۱۲۹ نمبر ۹۴۵) اس اثر سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ جنگ اور قتال کے وقت نماز نہیں پڑھی جائے گی۔ بلکہ نماز مؤخر کر دی جائے گی۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ حضورؐ غزوہ خندق کے دن چار نمازیں نہیں پڑھ سکے تو اگر قتال کے ساتھ پڑھنا جائز ہوتا تو ان نمازوں کو نہ چھوڑتے۔

**تشریح**: حضورؐ غزوہ خندق کے وقت چار نماز نہیں پڑھ سکے تھے پس اگر قتال کرتے ہوئے نماز پڑھنا جائز ہوتا تو آپؐ نماز نہ چھوڑتے۔ بلکہ قتال کرتے ہوئے ہی نماز پڑھ لیتے، لیکن نماز چھوڑ دی اور بعد میں قضا کی یہ اس بات پر دلیل ہے کہ قتال کرتے ہوئے نماز پڑھنا جائز نہیں

**ترجمہ**: (۶۷۷) اگر خوف زیادہ سخت ہو تو نماز پڑھو سوار ہو کر اکیلا اکیلا، اشارہ کرے گا رکوع کا اور سجدے کا جس جانب چاہے اگر قبلہ کی جانب توجہ کرنے کی قدرت نہ ہو۔

**ترجمہ**: ل اللہ تعالیٰ کے قول کہ اگر تمکو خوف ہو تو پیدل نماز پڑھو یا سواری پر نماز پڑھلو۔

**تشریح**: اگر خوف زیادہ ہو اور سواری سے اتر کر نماز پڑھنے کی گنجائش نہ ہو تو سواری ہی پر نماز پڑھے گا۔ اور رکوع اور سجدے کا اشارہ کرے گا۔ جس طرح نوافل نماز سواری پر پڑھ رہا ہو تو رکوع اور سجدے کا اشارہ کرے گا۔ اور قبلہ کی جانب توجہ نہ کر سکتا ہو تو جس جانب ممکن ہو اسی طرف متوجہ ہو کر نماز پڑھ لے۔

**وجہ**: (۱) نفل نماز میں قیام ساقط ہو جاتا ہے اور رکوع اور سجدوں کا اشارہ کرتا ہے اسی طرح یہاں بھی خوف کی مجبوری کی وجہ سے قیام ساقط ہوگا اور رکوع اور سجدے کا اشارہ کرے گا۔ اور پہلے گزر چکا ہے کہ مریض اور معذور لوگوں سے قبلہ کی طرف توجہ کرنا ساقط ہو جاتا ہے۔ یہ بھی معذور ہے اس لئے ان سے بھی خوف کی وجہ سے قبلہ کی طرف توجہ کرنا ساقط ہو جائے گا (۲) اس کی دلیل یہ آیت ہے جسکو صاحب ھدایہ نے نقل کیا ہے۔ ا فان خفتم فرجالا او ركبانا۔ (آیت ۲۳۹ سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت میں ہے کہ خوف ہو

**۲** وعن محمدؒ انهم يصلون بجماعة وليس بصحيح لانعدام الاتحاد في المكان.

تو سواری پر نماز پڑھ سکتے ہیں۔اوراس کے مطابق تمام رعایتیں مل جائیں گی (۳) عن ابن سيرين انه كان يقول فى صلوة المسايفة يومى ايماء حيث كان وجهه ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ۴۶۷ فی الصلاۃ عند المسایفۃ ، ج ثانی، ص ۲۱۵، نمبر ۸۲۶۷) اس اثر میں موجود ہے کہ جس جانب چہرہ متوجہ ہو اسی جانب اشارہ کر کے نماز پڑھے گا۔قبلہ کی طرف متوجہ ہونا ضروری نہیں ہے۔اور باضابطہ رکوع اور سجدہ کرنا بھی ضروری نہیں ہے۔کیونکہ وہ شدت خوف کی وجہ سے مجبور ہے۔مسایفۃ : کا معنی بحالت جنگ۔ رکبانا: سوار ہوکر، یومون : اشارہ کرتے ہوئے۔

**ترجمہ**: ۲ امام محمدؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ کہ یہ لوگ جماعت کے ساتھ نماز پڑھے۔لیکن یہ بات صحیح نہیں ہے اسلئے کہ مکان میں اتحاد ممکن نہیں ہے

**تشریح** : حضرت امام محمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ جنگ کی حالت میں جو لوگ سواری پر نماز پڑھیں وہ گھوڑوں کو ایک لائن میں کر کے جماعت بنالیں اور جماعت کے ساتھ نماز پڑھیں۔لیکن مصنف فرماتے ہیں کہ سب گھوڑوں کا کئی منٹ تک ایک لائن میں کھڑا رہنا ممکن نہیں، اور اسکو ایک لائن میں رکھنے کی کوشش کرے گا تو عمل کثیر ہوگا جو نماز کو فاسد کر دے گا، اس لئے جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا حکم دینا صحیح نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

## ﴿ باب الجنائز ﴾

(۶۷۸) اذا احتضر الرجل وُجِّه الى القبلة على شقه الايمن ﴾ ۱؎ اعتبارا بحال الوضع فی القبر لانه اشرف علیه

## ﴿ باب الجنائز ﴾

**ضروری نوٹ:** جنائز جمع ہے جنازۃ کی۔جیم کے فتحہ کے ساتھ۔میت کو جنازہ کہتے ہیں۔نماز جنازہ کا ثبوت اس آیت سے ہوتا ہے **لا تصل علی احد منھم مات ابدا ولا تقم علی قبرہ** (آیت ۸۴ سورۃ التوبۃ) اس آیت میں منافق کی نماز پڑھنے سے منع کیا ہے۔جس سے معلوم ہوا کہ مومن کی نماز جنازہ پڑھنا چاہئے۔چنانچہ نماز جنازہ پڑھنی فرض کفایہ ہے۔

**ترجمہ:** (۶۷۸) جب آدمی پر موت کا وقت آجائے تو اس کو دائیں جانب قبلہ کی طرف متوجہ کر دیا جائے۔

**تشریح:** احتضر : حضر سے مشتق ہے،اسکا ترجمہ ہے جب موت کا وقت حاضر ہو جائے۔جب آدمی پر موت کا وقت قریب ہو جائے تو اس آدمی کو دائیں جانب کر کے قبلہ رخ کر کے لٹا دیا جائے،سنت یہی ہے۔

**وجہ:** (۱) قبلہ کی طرف متوجہ ہو کر سونا مستحب اور سنت ہے اس لئے موت کے وقت بھی قبلہ کی طرف متوجہ ہونا چاہئے . عن البراء بن عازب قال : قال لی النبی ﷺ اذا أتیت مضجعک فتوضأ وضوئک للصلاۃ ثم اضطجع علی شقک الأیمن ثم قل ۔(بخاری شریف،باب فضل من بات علی الوضوء،ص ۴۵،نمبر ۲۴۷ رمسلم شریف،باب الدعاء عند النوم،ص ۱۱۰۷،نمبر ۲۷۱۰/۶۸۸۲) اس حدیث میں ہے کہ دائیں پہلو پر سوئے،چونکہ زندگی میں یہ بہتر ہے اسلئے مرنے کے بعد بھی یہی بہتر ہوگا (۲) حدیث میں ہے۔عن ابی قتادۃ عن ابیہ ... فقالوا توفی و اوصی بثلثہ لک یا رسول اللہ و اوصی ای یوجھہ الی القبلۃ لما احتضر فقال رسول اللہ اصاب الفطرۃ (سنن للبیھقی،باب ما یستحب من توجیھہ نحو القبلۃ ج ثالث ص ۵۳۹،نمبر ۶۶۰۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ موت کے وقت میت کو قبلہ کی جانب متوجہ کر دینا چاہئے۔(۳) اثر یہ ہے۔عن ابراھیم قال کانوا یستحبون أن یوجہ المیت القبلۃ اذا حضر . (مصنف ابن ابی شیبۃ،باب ۸،ما قالوا فی توجیہ المیت،ج ثانی،ص ۴۴۷،نمبر ۱۰۸۷۱ رمصنف عبد الرزاق،باب غسل المیت اذا احضرہ الموت وحروف المیت الی القبلۃ،ج ثالث،ص ۲۴۲،نمبر ۶۰۸۲) اس اثر میں ہے کہ موت کے وقت میت کو قبلہ کی طرف کر دینا چاہئے۔

**ترجمہ:** ۱؎ قبر میں رکھنے کی حالت کا اعتبار کرتے ہوئے۔اسلئے کہ قبر میں جانے کے قریب ہے۔

**تشریح:** میت کو جب قبر میں رکھا جاتا ہے تو مستحب یہ ہے کہ اسکے چہرے کو قبلے کا رخ کر دے،تو چونکہ قبر میں قبلے کا رخ لٹانا ہے ،اور اب یہ قبر میں جانے کے قریب ہے اسلئے اسکو بھی موت کے وقت قبلے کے رخ لٹا دیا جائے۔قبر میں قبلے کے رخ لٹانے کی

۲ والمختار فی بلادنا الاستلقاء لانہ ایسر لخروج الروح والاوّل ھو السنة (٦٧٩) ولقن الشهادتين ﴾ ۱ لقوله صلى الله عليه وسلم لقنوا موتاكم شهادة ان لا اله الا الله و المراد الذى قرب من الموت.(٦٨٠) فاذا مات شد لحياه وغمض عيناه﴾

حدیث یہ ہے۔ان رجلا سأله فقال يا رسول الله ﷺ ما الكبائر ؟ قال هن تسع فذكر معناه وزاد وعقوق الوالدين المسلمين واستحلال البيت الحرام قبلتكم احياء و امواتا (الف) (ابوداؤد شریف، باب ماجاء فی التشدید فی اکل مال الیتیم ج ثانی ص ۴۱ نمبر ۲۸۷۵ رسنن للبیہقی، باب ماجاء فی استقبال القبلۃ بالموتی ج ثالث ص ۵۷۳ نمبر ۶۷۲۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ میت کو بھی قبلہ کی طرف لٹایا جائے۔تو موت سے جو قریب ہے اسکو بھی قبلے کی طرف لٹادیا جائے۔

**ترجمہ**: ۲ ہمارے دیار میں مختار چت لٹانا ہے۔اس لئے کہ روح نکلنے کے لئے یہ زیادہ آسان ہے۔لیکن پہلی صورت سنت ہے۔

**تشریح**: مصنف فرماتے ہیں کہ ہمارے شہر یعنی ماوراءالنہر میں علماء یہی پسند کرتے ہیں کہ مرنے والے کو چت لٹادیا جائے، کیونکہ اس صورت میں روح آسانی سے نکلتی ہے۔لیکن قبلہ رخ کرنے کی چونکہ حدیث موجود ہے اسلئے وہ طریقہ سنت ہے

**ترجمہ**: (٦٧٩) شہادتین کی تلقین کرے۔

**ترجمہ**: ۱ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ اپنے مرنے والے کو لا الہ الا اللہ ، کی تلقین کیا کرو۔اور حدیث میں موتی ، سے مراد وہ ہے جو مرنے کے قریب ہو۔

**تشریح**: حدیث میں موتی سے مراد بالکل مرا ہوا نہیں ہے، بلکہ وہ آدمی مراد ہے جو مرنے کے قریب ہو، چونکہ مرنے کے قریب ہے اسلئے اسکو موتی کہہ دیا ہے۔موت کے وقت حاضرین مجلس کو چاہئے کہ دھیمی آواز میں کلمہ﴿ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ﴾ پڑھے۔تاکہ میت کو بھی پڑھنے کی توفیق ہوجائے اور ایمان پر خاتمہ ہو، اسی کو میت کو تلقین کرنا کہتے ہیں

**وجہ**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے جس میں تلقین کی ترغیب دی گئی ہے۔ عن ابی ھریرة قال قال رسول الله لقنوا موتاكم لا اله الا الله. (مسلم شریف، کتاب الجنائز، فصل فی تلقین المحتضر لا الہ الا اللہ ص ۳۰۰ نمبر ۲۱۲۵/۹۱۷ رابوداؤد شریف، باب فی التلقین ج ثانی ص ۸۸ نمبر ۳۱۱۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ میت کو تلقین کرنا چاہئے۔البتہ اس کو پڑھنے کے لئے نہیں کہنا چاہئے کیونکہ انکار کردیا تو کفر پر خاتمہ ہوگا۔

**ترجمہ**: (٦٨٠) اگر انتقال ہوجائے تو اس کی ڈاڑھی باندھ دی جائے اور اس کی آنکھیں بند کردی جائیں۔

**تشریح**: غمض کا معنی ہے آنکھ کو بند کرنا۔اور شد :کا معنی ہے باندھنا۔جب آدمی مرجاتا ہے تو عموما اسکا منہ کھلا رہ جاتا ہے، اور

ل بذلک جری التوارث ثم فیه تحسینه فیستحسن.

دیکھنے والے کوڈر لگتا ہے اسلئے کسی کپڑے سے جبڑے کوسر کے ساتھ باندھ دیا جائے تاکہ میت کا منہ بند ہو جائے، اور ہو سکے تو سر کے نیچے تکیہ رکھ دیا جائے تاکہ منہ بند ہی رہے۔ اور انتقال کے وقت آنکھیں کھلی رہتی ہیں جس سے آدمی کوڈر لگتا ہے۔ حدیث میں ہے کہ روح جب نکلتی ہے تو آنکھیں اسکو دیکھتی رہتی ہیں اور اسی حال میں آنکھیں کھلی رہ جاتی ہیں، اس لئے آنکھ کو بھی بند کر دیا جائے۔

**وجه**: (۱) انتقال کے وقت منہ کھلا رہ جاتا ہے جس کی وجہ سے دیکھنے والوں کو کراہیت ہوتی ہے اس لئے ڈاڑھی کوسر کے ساتھ لگا کر باندھ دیا جائے گا تو منہ کھلا ہوا نہیں رہے گا اور بدنما معلوم نہیں ہوگا اس لئے ڈاڑھی باندھ دی جائے گی۔ اسی طرح موت کے وقت آنکھیں کھلی رہ جاتی ہیں جو بدنما معلوم ہوتی ہیں اس لئے آنکھیں بھی فورا بند کر دی جائیں (۲)۔ حدیث میں ہے۔ **عن ام سلمة قالت دخل رسول الله علی ابی سلمة وقد شق بصره فاغمضه ثم قال ان الروح اذا قبض تبعه البصر**۔ (مسلم شریف، فصل فی القول الخیر عند المحتضر ص ۳۰۰ کتاب الجنائز نمبر ۹۲۰/۲۱۳۰/ ابو داود شریف، باب تغمیض المیت، ص ۴۵۸، نمبر ۳۱۱۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ موت کے وقت میت کی آنکھیں بند کر دینی چاہئے۔

**ترجمه**: ل حضورؐ کے زمانے سے وراثت کے طور پر ایسا ہی آرہا ہے۔ پھر یہ کہ اس صورت میں میت کی تزئین ہے، اس لئے ایسا کرنا مندوب ہوگا۔

**تشریح**: حضورؐ کے زمانے سے ایسا ہی آرہا ہے، اور توارث ایسا ہی چل رہا ہے، کہ موت کے بعد میت کی داڑھی باندھ دی جاتی ہے، اور اسکی آنکھیں بند کر دی جاتی ہیں۔ اور اس صورت میں مردے کی زینت ہے اور تحسین ہے اسلئے بھی ایسا کرنا بہتر ہوگا۔ حدیث اوپر گزری۔

## ﴿فصل فی الغسل﴾

(۶۸۱) فاذا ارادوا غسله وضعوه علیٰ سریر [لینصب الماء عنه] وجعلوا علیٰ عورته خرقة ﴾

۱ اقامة لواجب الستر ویکتفی بستر العورة الغلیظة هو الصحیح تیسیرا

## ﴿فصل فی الغسل﴾

**ترجمہ:** (۶۸۱) جب میت کے غسل کا ارادہ کرے تو اس کو تخت پر رکھے [تا کہ پانی اس سے نیچے گر جائے] اور اس کے ستر عورت پر چھوٹا سا کپڑا رکھ دے۔

**وجہ:** (۱) غسل کے وقت تخت پر اس لئے رکھے گا تا کہ پانی نیچے گر جائے اور استعمال شدہ پانی کسی کو نہ لگے اور غسل دینے میں آسانی ہو۔

۔اور اس کے ستر پر چھوٹا سا کپڑا اس لئے رکھے گا تا کہ اس کا ستر نظر نہ آئے۔ البتہ غسل دینے میں پریشانی ہوگی اور کپڑا بھیگ جائے گا اس لئے دیگر تمام کپڑے کھول دیئے جائیں گے (۲) اس حدیث میں ہے کہ مردوں کا ستر غلیظہ نہیں دیکھنا چاہئے۔ عن علی ان النبی ﷺ قال لا تبرز فخذک ولا تنظر الی فخذ حیّ ولا میت. (ابوداؤد شریف، باب فی ستر المیت عند غسلہ ج ثانی ص۹۲ نمبر ۳۱۴۰) جس سے معلوم ہوا کہ غسل دیتے وقت میت کا ستر نہیں دیکھنا چاہئے (۳) سمعت عائشة تقول لما ارادوا غسل النبی ﷺ ....أن اغسلوا النبی ﷺ و علیه ثیابه ، فقاموا الی رسول الله و فغسلوه و علیه قمیصه (ابوداؤد شریف، باب فی ستر المیت عند غسلہ ج ثانی ص۹۲ نمبر ۳۱۴۱) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ کو قمیص میں غسل دیا گیا تا کہ ستر نہ کھلے۔ (۴) اثر میں ہے عن ایوب قال رأیته یغسل میتا فالقی علی فرجه خرقة و علی وجهه خرقة اخری ووضأه وضوء الصلوة ثم بدأ بمیامنه (مصنف عبد الرزاق، باب غسل المیت ج ثالث ص ۲۴۷ نمبر ۶۱۰۴ رمصنف ابن ابی شیبۃ ۱۰، فی المیت یغسل من قال یستر ولا یجرد، ج ۲، ص ۴۴۸، نمبر ۱۰۸۸۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ میت کے ستر پر چھوٹا کپڑا رکھنا چاہئے تا کہ اس کا ستر نظر نہ آئے۔

لغت: سریر: تخت۔ ینصب: نیچے گرے۔ خرقۃ: چھوٹا سا کپڑا، چیتھڑا۔ عورۃ غلیظہ: پیشاب اور پیخانے کی جگہ کو عورت غلیظہ کہتے ہیں۔

**ترجمہ:** ۱ ستر کے واجب کو قائم رکھنے کے لئے۔ اور ستر غلیظہ پر کپڑا رکھنا کافی ہے آسانی کے لئے یہی صحیح ہے۔

**تشریح:** غسل دیتے وقت جسم پر خاص طور پر پیشاب اور پیخانہ کے مقام پر کپڑا رکھنا اس لئے ضروری ہے کہ یہ ستر ہے اور اس کو ڈھانکنا واجب ہے اس واجب کو قائم کرنے کے لئے ستر پر کپڑا رکھنا چاہئے۔ اور بہت زیادہ کپڑا رکھنے سے غسل دینے میں مشکل ہوگا ، اس لئے غسل دینے میں آسانی کے لئے صرف ستر غلیظہ یعنی پیشاب اور پیخانے کے مقام پر اور گھٹنے تک کپڑا رکھنا کافی ہے۔ مرد کے

(۶۸۲) ونزعوا ثيابه ﴿ لِ ليمكنهم التنظيف(۶۸۳) ووضوءه من غير مضمضة واستنشاق ﴾

لئے یہی ستر ہے۔اوپر اثر میں بھی خرقۃ فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ چھوٹا سا کپڑا جس سے ستر غلیظہ چھپ جائے اتنا ہی کافی ہے۔

**ترجمه**: (۶۸۲) اور میت کا کپڑا نکال لے۔

**ترجمه**: لِ تا کہ اس کو صاف کرنا ممکن ہو۔

**تشریح**: چھوٹے سے کپڑے کے علاوہ میت کا باقی کپڑا نکال دے تا کہ اس پر پانی ڈالنا اور اسکی صفائی کرنا آسان ہو۔

وجہ:۔اس اثر میں۔ **قال معمر و كان قتادة يقول يبدأ بميامنه قال فاذا أراد أن يوضئه نزع التى على وجهه فأما التى على فرجه فلا يحركها .** ( مصنف عبد الرزاق، باب غسل المیت، ج ثالث، ۲۴۷، نمبر ۶۱۰۴) اس اثر میں ہے کہ کپڑا نکال دے۔

**ترجمه**: (۶۸۳) اور میت کو وضو کرائے لیکن کلی نہ کرائے اور نہ ناک میں پانی ڈالے۔

**تشریح**: زندگی میں غسل کرتے وقت وضو کرنا سنت ہے اسلئے مرنے کے بعد بھی یہ سنت رہے گی، اس لئے میت کو غسل کراتے وقت وضو کرایا جائے گا۔البتہ اس وضو میں کلی نہیں کرایا جائے گا اور استنشاق یعنی ناک میں پانی ڈال کر چھڑکا یا نہیں جائے گا، کیونکہ میت کے منہ سے اور ناک سے پانی نکالنا مشکل کام ہے، ایسا کرنے کے لئے میت کو اوندھا کرنا ہوگا، جو مشکل ہے۔

**وجه**: (۱) کلی کرانا اور ناک میں پانی ڈالنا سنت ہے لیکن میت کے منہ اور ناک سے پانی نکالنا مشکل ہوگا اس لئے روئی کو پانی سے بھگو کر منہ اور ناک میں ڈال دیا جائے تا کہ ایک طرح کی کلی اور ناک میں پانی ڈالنا ہو جائے۔حیات کی طرح با ضابطہ پانی نہ ڈالا جائے۔زندگی میں بھی ناک میں پانی ڈالنا اور کلی کرنا سنت تھا، موت کے وقت اس کا طریقہ تھوڑا بدل جائے گا (۲) اثر میں ہے۔ **عن سعيد بن جبير قال يوضأ الميت وضوئه للصلوة الا انه لا يمضمض ولا يستنشق** (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۲، ما اول ما یبدأ بہ من غسل المیت، ج ثانی، ص ۴۴۹، نمبر ۱۰۸۹۷) اس اثر میں ہے کہ نماز کی طرح میت کو غسل کرایا جائے، البتہ کلی نہ کرایا جائے اور ناک میں پانی نہ ڈالا جائے (۳) اس حدیث میں وضو کا ثبوت ہے۔ **عن أم عطية قالت : قال رسول الله ﷺ فى غسل ابنته : ابدأن بميامنها و مواضع الوضوء منها ۔** (بخاری شریف، باب یبدأ بمیامن المیت، ص ۲۰۱، نمبر ۱۲۵۵ر مسلم شریف، باب فی غسل المیت، ص ۳۷۸، نمبر ۹۳۹ر ۲۱۷۵) اس حدیث میں میت کے وضوء کا تذکرہ ہے۔(۴) روئی سے منہ اور ناک بھگو دیا جائے اسکے لئے یہ اثر ہے۔ **عن ابراهيم قال لا يمضمض و لا يستنشق و لكن يؤخذ خرقة نظيفة فيمسح بها فمه و منخراه ۔** (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۳، ما قالوا فی المیت کم یغسل مرۃ، ج ثانی، ص ۴۵۰، نمبر ۱۰۹۰۷) اس اثر میں ہے کہ کسی کپڑے کو بھگو کر اس سے منہ اور ناک کے اندر کا حصہ پونچھ دیا جائے۔

ل لان الوضوء سنة الاغتسال غیر ان اخراج الماء منه متعذر فیترکان (۶۸۴) ثم یفیضون الماء علیه﴾ ل اعتبارا بحال الحیوۃ. (۶۸۵) ویجمّر سریره وترا ما فیه ﴾

**لغت**: مضمضۃ: کا معنی ہے کلی کرنا۔ اور استنشاق: کا معنی ہے ناک میں پانی ڈال کر اسکو واپس پھینکنا۔

**ترجمہ**: ل اسلئے کہ وضوء کرنا غسل کی سنت ہے یہ اور بات ہے کہ منہ اور ناک سے پانی نکالنا متعذر ہے اس لئے یہ دونوں چھوڑ دئے جائیں گے۔

**تشریح**: یہ وضو سنت ہونے کی دلیل ہے، کہ وضو غسل کی سنت ہے اسلئے جب میت کو غسل کرایا جا رہا ہے تو وضو بھی سنت ہوگی، یہ اور بات ہے کہ منہ اور ناک سے پانی نکالنا مشکل ہے اسلئے مضمضہ اور استنشاق نہیں کرایا جائے گا۔

**ترجمہ**: (۶۸۴) پھر میت پر پانی بہائے۔

**ترجمہ**: ل زندگی کی حالت پر قیاس کرتے ہوئے۔

**تشریح**: غسل دینے کے لئے میت پر طاق مرتبہ پانی بہائے تا کہ ہر عضو دھل جائے۔ کیونکہ زندگی میں بھی طاق مرتبہ پانی بہانا سنت تھا۔

**لغت**: یفیض: افاض کا معنی ہے خوب پانی بہانا۔

**وجہ**: (۱) حدیث میں ہے۔ عن ام عطیة قالت دخل علینا رسول الله ﷺ حین توفیت ابنته فقال اغسلنها ثلاثا او خمسا او اکثر من ذلک ان رأیتن ذلک بماء وسدر واجعلن فی الآخرة کافورا او شیئا من کافور (نمبر ۱۲۵۳) و فی حدیث اخری قال ابدأن بمیامنها و مواضع الوضوء منها . (بخاری شریف، باب غسل المیت ووضوءہ بالماء والسدر ص ۲۰۶ نمبر ۱۲۵۴ رمسلم شریف، باب غسل المیت، ص ۳۷۸، نمبر ۹۳۹/۲۱۶۸) اس حدیث سے یہ باتیں معلوم ہوئیں ۔ غسل طاق مرتبہ دے، غسل میں بیری کے پتے استعمال کرے، اخیر میں میت پر کافور ڈالے تا کہ خوشبو مہکتی رہے اور جلدی کیڑے نہ لگے، غسل دائیں جانب سے شروع کرے۔ اسی حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ میت پر پورا پانی بہائے جس سے ہر جگہ پانی پہنچ جائے۔

**ترجمہ**: (۶۸۵) تخت کو دھونی دے طاق مرتبہ۔

**تشریح**: جمر کا ترجمہ ہے لوبان وغیرہ کو جلا کر دھونی دینا۔ جس تخت پر غسل دینا ہے اس کو طاق مرتبہ دھونی دے تا کہ تخت میں بھی خشبو آجائے ۔ میت کے غسل کے وقت چھ مرتبہ خوشبو لگائی جاتی ہے [۱] پہلے اس تخت کو دھونی دی جاتی ہے جس پر میت کو غسل دینا ہے۔ [۲] اس کپڑے کو دھونی دی جاتی ہے جس میں کفن دینا ہے۔ [۳] اس پانی میں بیری یا اشنان کی پتی ڈالی جاتی ہے جس سے

ل من تعظیم المیت ۲ وانما یوتر لقوله صلی الله علیه وسلم ان الله وتر یحب الوتر. (٦٨٦) ویغلی الماء بالسدر او بالحرض ﴾

میت کوغسل دینا ہے[۴] میت کے سر اور ڈاڑھی کو خطمی سے دھوتے ہیں۔[۵] میت کے سر پر حنوط ملا جاتا ہے جو خوشبو کا مجموعہ ہے[٦] اور آخیر میں میت کے سجدے کی جگہوں پر کافور ڈالا جاتا ہے، جس سے تیز خوشبو ہوتی ہے۔۔میت سے بدبو نہ آجائے اس لئے چھ مرتبہ شریعت نے خوشبو کا انتظام کیا

**وجہ** :(۱) تخت کو دھونی دینے سے تخت پر خوشبو ہوگی تا کہ میت کی بدبو محسوس نہ ہو۔اسی طرح کپڑے پر بھی طاق مرتبہ دھونی دے تا کہ خوشبو رہے (۲) اثر میں موجود ہے۔ عن اسماء بنت ابی بکر انها قالت لاهلها اجمروا ثیابی اذا انا مت ثم کفنونی ثم حنطونی ولا تذروا علی کفنی حناطا۔(مصنف عبد الرزاق، باب المیت لایتبع بالمجمرۃ ج ثالث ص ۲۶۲ نمبر ۶۱۷۸ر مصنف ابن ابی شیبۃ، نمبر ۱۱۰۲۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ میت کے کپڑے کو لوبان کی دھونی دینی چاہئے۔اور اس کے تخت کو بھی دھونی دینی چاہئے۔البتہ دھونی لیکر میت کے پیچھے نہیں جانا چاہئے۔کیونکہ اس میں آگ کا اثر ہے اور لوگ اس کو بت پرستی کے مشابہ سمجھیں گے۔(۳) اس حدیث میں طاق مرتبہ دھونی دینے کا حکم ہے اسلئے طاق مرتبہ دھونی دینا سنت ہے . عن جابر قال : قال رسول الله ﷺ اذا أجمرتم المیت فأوتروا ۔(سنن بیہقی، باب الحنوط للمیت، ج ثالث، ص ۵۲۸، نمبر ۶۷۰۲) اس حدیث میں ہے کہ طاق مرتبہ دھونی دے۔(۴) اوپر کی حدیث میں ہے کہ تین مرتبہ، یا پانچ مرتبہ غسل دے، جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ طاق مرتبہ اللہ تعالی کو پسند ہے اسلئے تخت کو طاق مرتبہ دھونی دینا مستحب ہے۔(۵) طاق مرتبہ اللہ کو پسندیدہ ہونے کی ایک حدیث نیچے بھی آرہی ہے۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ دھونی دینے میں میت کی تعظیم ہے۔

**تشریح** : تخت کو دھونی دینے کی دلیل عقلی ہے، کہ اس میں خوشبو تو ہے ہی، لیکن میت کی تعظیم بھی ہے، اس لئے دھونی دینی چاہئے

**ترجمہ**: ۲ اور طاق مرتبہ دھونی دینے کی وجہ حضورؐ کا قول ہے، کہ اللہ طاق ہے اور طاق کو ہی پسند فرماتے ہیں۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابی هریرة روایة قال : لله تسعة و تسعون اسما مائة الا واحدا، من حفظها دخل الجنة و هو وتر یحب الوتر ۔(بخاری شریف، باب للہ مائۃ اسم غیر واحد، ص ۱۱۱۳، نمبر ۶۴۱۰ر مسلم شریف، باب فی أسماء اللہ تعالی وفضل من أحصاها، ص ۱۱۷۷، ۲۶۷۷/۶۸۰۹) اس حدیث میں ہے کہ اللہ طاق ہے اور طاق کو پسند فرماتے ہیں، اس لئے طاق مرتبہ غسل دینا اور دھونی دینا مستحب ہے۔

**ترجمہ**: (٦٨٦) پانی کو جوش دیا جائے بیری کے پتے یا اشنان گھاس سے۔

لے مبالغة فی التنظیف (٦٨٧) فان لم یکن فالماء القراح﴾ لے لحصول اصل المقصود (٦٨٨) یغسل راسه ولحیته بالخطمی ﴾لے لیکون انظف له.

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ صفائی کرنے میں مبالغہ ہوتا ہے۔

**تشریح** : بیری کی پتی یا اشنان گھاس سے صفائی زیادہ ہوتی ہے اس لئے اسکو پانی میں ملا کر جوش دیا جائے اور غسل دیا جائے۔

**وجہ** : (۱) بیری کے پتے یا اشنان گھاس سے صفائی زیادہ ہوتی ہے۔اس لئے ان دونوں میں سے ایک کو ڈال کر پانی کو جوش دیا جائے اور اس پانی سے میت کو غسل دیا جائے۔(۲). عن ام عطیة قالت دخل علینا رسول الله ﷺ حین توفیت ابنته فقال اغسلنها ثلاثا او خمسا او اکثر من ذلک ان رأیتن ذلک بماء وسدر واجعلن فی الآخرة کافورا او شیئا من کافور (بخاری شریف، باب غسل المیت ووضوءه بالماء والسدر ص ۱۶۷ نمبر ۱۲۵۳ مسلم شریف، باب غسل المیت، ص ۳۷۸، نمبر ۹۳۹/۲۱۶۸) اس حدیث میں ہے کہ بیری کی پتی میں جوش دئے ہوئے پانی سے میت کو غسل دے۔اور اشنان گھاس کا تذکرہ اس اثر میں ہے۔عن الحسن أنه قال فی المیت : اغسله بسدر فان لم یوجد سدر فخطمی فان لم یکن خطمی فبأشنان۔(مصنف ابن ابی شیبة، باب ۱۴، فی المیت اذا لم یوجد له سدر یغسل بغیره، خطمی او اشنان، ج ثانی، ص ۴۵۱، نمبر ۱۰۹۲۰) اس حدیث میں ہے کہ بیری کی پتی نہ ہو تو اشنان گھاس سے غسل دو۔یغلی: کا معنی ہے جوش دینا۔سدر: بیری کی پتی۔حرض ؛ کا معنی ہے اشنان گھاس۔

**ترجمہ**: (٦٨٧) اور اگر بیری کی پتی نہ ہو تو خالص پانی کافی ہے۔

**ترجمہ** : لے مقصود کے حاصل ہونے کی وجہ سے۔

**وجہ** : (۱) اگر بیری کی پتی نہ ہو یا اشنان گھاس میسر نہ ہو تو پھر خالص پانی سے غسل دینا کافی ہو جائے گا، کیونکہ اصل مقصود تو غسل دینا ہے اور وہ تو خالص پانی سے بھی حاصل ہو جاتا ہے (۲)۔اسکے لئے اثر یہ ہے۔ عن ابراهیم قال : ان لم یکن سدر فلا یضرک ۔(مصنف ابن ابی شیبة، باب ۱۴، فی المیت اذا لم یوجد له سدر یغسل بغیره، خطمی او اشنان، ج ثانی، ص ۴۵۱، نمبر ۱۰۹۱۸) اس اثر میں ہے کہ بیری کی پتی نہ ہو تو پھر خالص پانی سے غسل دینا کافی ہو جائے گا۔قراح: خالص پانی

**ترجمہ**: (٦٨٨) میت کا سر اور اس کی ڈاڑھی خطمی سے دھوئی جائے۔

**ترجمہ**: لے تاکہ نظافت اور صفائی زیادہ ہو۔

**تشریح** : خطمی ایک قسم کی گھاس ہے، جس سے صفائی زیادہ ہوتی ہے، اس سے میت کا سر اور داڑھی دھویا جائے تاکہ صفائی زیادہ ہو۔

(۶۸۹) ثم يضجع علىٰ شقه الايسر فيغسل بالماء والسدر حتى يرى ان الماء قدوصل الىٰ ما يلى التحت منه ثم يضجع علىٰ شقه الايمن فيغسل حتى يرى ان الماء قدوصل الى مايلى التحت منه ﴾ لـ لان السنة هو البداية بالميا من (۶۹۰) ثم يجلسه ويسنده اليه ويمسح بطنه مسحا [رفيقاتحرزا عن تلويث الكفن فان خرج منه شئ غسله ولا يعيد غسله ولاوضوءه ﴾

**وجه:** (ا)اثر میں ہے عن الاسود قال قلت لعائشة يغسل رأس الميت بخطمي فقالت لا تعنتوا ميتكم. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۴، فی المیت اذ الم یوجدلہ سدر یغسل بغیرہ خطمی اواشنان، ج ثانی ص ۴۵۱، نمبر ۱۰۹۱۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ میت کے سر کو خطمی سے دھونا مستحب ہے اور بہتر ہے تا کہ صفائی ہو اور خوشبو بھی ہو۔ اور اگر ان چیزوں سے نہیں دھویا تو بھی غسل ہو جائے گا۔

**ترجمہ:** (۶۸۹) پھر بائیں پہلو پر لٹایا جائے گا اور پانی اور بیری کے پتے سے دھویا جائے گا یہاں تک کہ دیکھ لے کہ پانی پہنچ چکا ہے میت کے نیچے تک، پھر لٹایا جائے گا دائیں پہلو پر، پس پانی سے دھویا جائے گا یہاں تک کہ دیکھ لے کہ پانی میت کے نیچے تک پہنچ چکا ہے۔

**وجہ:** (ا) میت کو پہلے بائیں پہلو پر اس لئے لٹایا جائے کہ دایاں پہلو اوپر ہو جائے گا۔ اور دائیں پہلو کو پہلے غسل دیا جائے گا۔ اور مستحب یہی ہے کہ دائیں جانب سے شروع کرے۔ حدیث میں ہے۔ عن ام عطية قالت قال رسول الله و في غسل ابنته ابدأن بميامنها ومواضع الوضوء منها (بخاری شریف، باب یبدأ بمیامن المیت ص ۱۶۷ نمبر ۱۲۵۵ رمسلم شریف، باب فی غسل المیت، ص ۳۷۸، نمبر ۹۳۹/۲۱۷۵ رابوداؤد شریف، باب کیف غسل المیت ج ثانی ص ۹۲ نمبر ۳۱۴۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ میت کی دائیں جانب سے شروع کیا جائے، اسی طرح جب بعد میں دائیں پہلو پر لٹایا جائے گا تو بائیں پہلو بعد میں غسل دیا جائے گا۔ اور نیچے تک پانی پہنچنے کی شرط اس لئے ہے کہ مکمل غسل ہو جائے، کوئی جگہ خشک نہ رہ جائے۔

**ترجمہ:** لـ اس لئے کہ سنت یہی ہے کہ دائیں جانب سے شروع کیا جائے۔ یہ حدیث ابھی اوپر گزر گئی۔ بدایۃ: معنی شروع۔ میامن: معنی دائیں

**لغت:** یضجع: پہلو کے بل لٹایا جائے۔ یلی: متصل ہو جائے، پہنچ جائے۔

**ترجمہ:** (۶۹۰) پھر میت کو بٹھائے اور اپنی طرف سہارا دے اور اس کے پیٹ کو تھوڑا سا پونچھے [تا کہ کفن نجاست سے ملوث نہ ہو]، پس اگر اس سے کوئی چیز نکلے تو اس کو دھوئے اور اس کے غسل کو اور وضو کو نہیں لوٹائے۔

**تشریح:** جسم پر پانی بہانے کے بعد یعنی غسل دینے اور وضو کرانے کے بعد میت کو بیٹھا دے اور اپنی طرف سہارا دے، اس سے

ہوگا یہ کہ پیٹ سے کچھ نکلنا ہوگا تو نکل جائے گا، پھر پیٹ کو ہلکا سا ملے اگر اس سے کچھ نکلے تو اس نجاست کو دھوے اور اس جگہ کو بھی دھودے، البتہ غسل اور وضوا یک مرتبہ کرا چکا ہے اس لئے اسکو دہرانے کی ضرورت نہیں ہے، البتہ دہرا لے تو اچھا ہے۔

**وجہ:** (۱) میت کو اپنی طرف سہارا دے کر اس لئے بٹھائے گا تا کہ اگر پیٹ سے کچھ نکلنا ہو تو نکل جائے، پھر ہلکے انداز میں پیٹ کو پونچھنے کا مقصد بھی یہی ہے کہ پیشاب پاخانہ کچھ نکلنا ہو تو ابھی نکل جائے بعد میں کپڑے گندے نہ کریں (۲) اس حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔ عن علی بن أبی طالب قال : لما غسل النبی ﷺ ذهب یلتمس منه ما یلتمس من ا لمیت فلم یجده ، فقال : بأبی ، الطیب ، طبت حیا و طبت میتا ۔ (ابن ماجہ، باب ماجاء فی غسل النبی ﷺ، ص ۲۱۰، نمبر ۱۴۶۷) اس حدیث میں اشارہ ہے کہ حضرت علیؓ نے حضورؐ کے پیشاب پیخانہ کے مقام پر ہاتھ پھیرا کہ شاید کوئی نجاست نہ نکلی ہو تو دیکھا کہ وہاں کوئی نجاست نہیں تھی۔ اس سے معلوم ہوا کہ پیشاب اور پیخانے کے مقام پر ہاتھ پھیرا جائے گا۔ (۲) بہتر یہ ہے کہ کپڑے کی تھیلی بنالی جائے اور اس میں ہاتھ ڈال کر پیشاب اور پیخانے کے مقام پر پونچھا جائے۔ اس کے لئے اثر یہ ہے۔ عن سلیمان بن موسی قال : غسل المتوفی ثلاث مرات ، فمن غسل میتا فلیلق علی وجهه ثوبا ثم لیبدأ فلیضّئه ، و لیغسل رأسه ، فاذا أراد أن یغسل مذاکیره فلا یفض الیها ، و لکن لیأخذ خرقة فلیلفها علی یده ، ثم لیدخل یده من تحت الثوب و لیمسح بطنه حتی یخرج منه الأذی . (مصنف عبد الرزاق، باب غسل المیت، ج ثالث، ص ۲۴۷، نمبر ۶۱۰۲) اس اثر میں ہے کہ ہاتھ پر چھوٹا سا کپڑا باندھ لینا چاہئے اور اسکے بعد پیشاب اور پیخانہ کے مقام پر ڈالنا چاہئے۔ (۳) اثر میں ہے۔ عن ابراهیم قال یعصر بطن المیت عصرا رقیقا فی الاولی و الثانیة. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۷، فی عصر بطن المیت، ج ثانی ص ۴۵۲، نمبر ۱۰۹۳۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ میت کے پیٹ کو تھوڑا سا ملا جائے گا۔ اور غسل دینے کے بعد کوئی نجاست نکلے تو دوبارہ غسل کو لوٹایا نہ جائے۔ کیونکہ غاسل کو مشقت ہوگی اور مردہ خراب ہونے کا ڈر ہے (۴) اس کے لئے اثر ہے قلت لحماد المیت اذا خرج منه الشیء بعد ما یفرغ منه قال یغسل ذلک المکان ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۶، فی المیت یخرج منہ الشیء بعد غسلہ ج ثانی، ص ۴۵۲، نمبر ۱۰۹۳۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ غسل کے بعد کچھ نجاست نکلے تو صرف اس جگہ کو دھوئے۔ غسل کو لوٹانا ضروری نہیں۔ (۵) وضو نہ لوٹائے اسکے لئے یہ اثر ہے۔ عن الحسن قال اذا خرج منه شیء أجری علیه الماء و لم یعد وضوئه (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۶، فی المیت یخرج منہ الشیء بعد غسلہ ج ثانی، ص ۴۵۲، نمبر ۱۰۹۳۱) اس اثر میں ہے کہ وضو کو دوبارہ نہ لوٹائے۔

**نوٹ:** غسل کے درمیان نجاست نکلے تو بہتر یہ ہے کہ غسل دوبارہ دیدے۔ و کان ابن سیرین یقول : یعاد علیه الغسل . (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۶، فی المیت یخرج منہ الشیء بعد غسلہ ج ثانی، ص ۴۵۲، نمبر ۱۰۹۲۷) اس اثر میں ہے کہ غسل کو دوبارہ لوٹائے۔

**لے لان الغسل عرفناه بالنص وقد حصل مرة(۶۹۱) ثم ینشفه بثوب ﴾ لے کیلا تبتل اکفانه.**

**(۶۹۲) ویجعله ای المیت فی اکفانه (۶۹۳) ویجعل الحنوط علیٰ رأسه ولحیته والکافور علی مساجده ﴾**

**ترجمه**: لے اس لئے کہ غسل حدیث سے پہچان لیا اور وہ ایک مرتبہ ہو گیا [تو دوبارہ دینے کی ضرورت نہیں ہے]

**تشریح**: غسل دوبارہ نہ دینے کی دلیل عقلی ہے۔ کہ حدیث میں یہی ہے کہ میت کو غسل دے دو اور ایک مرتبہ اس کام کو پورا کر دیا گیا اسلئے نجاست نکلنے کے بعد دوبارہ غسل دینے کی ضرورت نہیں ہے، اس لئے کہ میت کو نماز تو پڑھنی نہیں ہے کہ پوری طہارت کا ملہ رہے، بس ایک سنت ہے جسکی ایک مرتبہ ادائیگی کر دی گئی اتنی ہی کافی ہے۔

**ترجمه**: (۶۹۱) پھر کپڑے سے میت کا پانی خشک کیا جائے گا۔

**ترجمه**: لے تا کہ کفن بھیگ نہ جائے۔

**وجه**: (۱) کپڑے سے غسل کا پانی اس لئے خشک کیا جائے تا کہ کفن گیلا نہ ہو جائے۔ اسکے لئے اثر یہ ہے۔ **عن عبد الله بن عمرو أن اباه أوصاه فقال : یا بنی اذا مت فاغسلنی غسلة بالماء ثم جففنی بثوب ثم اغسلنی الثانیة بماء قراح ثم جففنی بثوب فاذا ألبستنی الثیاب فأزرونی .** (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ما قالوا فی المیت کم یغسل مرۃ، ج ثانی، ص ۴۵۰، نمبر ۱۰۹۰۹) اس اثر میں ہے کہ غسل کے بعد کپڑے سے خشک کیا جائے۔ نشف کا معنی خشک کرنا، اور ابتل: کا ترجمہ ہے بھیگ جانا۔

**ترجمه**: (۶۹۲) اور میت کو کفن پہنایا جائے۔

**وجه** : (۱) اس حدیث میں ہے کہ کفن پہنایا جائے۔ **عن عائشة ان رسول الله ﷺ کفن فی ثلثة اثواب یمانیة بیض سحولیة من کرسف لیس فیهن قمیص ولا عمامة** (بخاری شریف، باب الثیاب البیض للکفن ص ۱۶۹ نمبر ۱۲۶۴ / ابو داؤد شریف، باب فی الکفن ج ثانی ص ۹۳ نمبر ۳۱۵۱ / مسلم شریف، باب الجنائز ص ۳۰۵ نمبر ۹۴۱ / ۲۱۷۹) اس حدیث میں ہے کہ حضور گو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا، جس سے کفن پہنانے کا ثبوت ہوتا ہے۔ باقی تفصیل آگے آرہی ہے۔

**ترجمه**: (۶۹۳) حنوط لگایا جائے گا میت کے سر پر، اور اس کی ڈاڑھی پر اور کافور لگایا جائے گا اس کے سجدے کی جگہ پر۔

**تشریح**: کئی چیزوں کو ملا کر حنوط ایک قسم کی خوشبو بناتے ہیں۔ جس کو مردوں پر ملتے ہیں۔ غسل کے بعد اس کو ڈاڑھی اور سر پر ملنا مستحب ہے، اور سجدے کی جگہ مثلا چہرہ، دونوں ہتھیلی، دونوں گھٹنے اور دونوں پاؤں جو سجدے کے وقت زمین پر ٹکتے ہیں ان پر کافور ملا جائے تا کہ یہ جگہیں چکنی رہیں اور خوشبو دار بھی رہیں۔ کافور کو بھی حنوط کہا جاتا ہے کیونکہ یہ بھی خوشبو دار چیز ہے اور میت کو ملا جاتا ہے

ل لان التطيب سنة والمساجد اولىٰ بزيادة الكرامة. (٢٩٤) ولا يسرح شعر الميت ولا لحيته ولا يقصّ ظفره ولا شعره﴾ ل لقول عائشة علام تنصون ميتكم

وجہ:۔کافور لگانے کا تذکرہ اس حدیث میں ہے (١). عن ام عطية قالت دخل علينا رسول الله ﷺ حين توفيت ابنته فقال اغسلنها ثلاثا او خمسا او اكثر من ذلك ان رأيتن ذلك بماء وسدر واجعلن فی الآخرة كافورا او شيئا من كافور (بخاری شریف، باب غسل المیت ووضوءہ بالماء والسدر ص ٢٦٧ نمبر ١٢٥٣ رمسلم شریف، باب غسل المیت، ص ٣٧٨، نمبر ٩٣٩/٢١٦٨) اس حدیث میں ہے کہ آخیر میں کافور لگاؤ (٢)۔اثر میں ہے ۔عن ابن مسعود قال يوضع الكافور على موضع سجود الميت ،نمبر ١٠٢٣١، عن ابراهيم فی حنوط الميت قال يبدأ بمساجده (مصنف ابن ابی شیبۃ ٣٣، فی الحنوط کیف یصنع بہ واین یجعل ج ثانی ص ٤٦٠، نمبر ١١٠٢١) اس اثر سے معلوم ہوا کہ کافور اور حنوط میت کے سجدے کی جگہ پر ملا جائے گا۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ خوشبو لگانا سنت ہے اور سجدے کی جگہ عزت کے لئے زیادہ بہتر ہے۔

**تشریح** : جب سجدہ میں آدمی جاتا ہے تو پیشانی، چہرہ، دونوں ہتھیلی، دونوں گھٹنے، دونوں پاؤں یہ اعضاء زمین پر ٹکتے ہیں ۔اس لئے انکو مساجد یعنی سجدے کی جگہ کہتے ہیں۔ان اعضاء پر کافور لگانا اور حنوط لگانا زیادہ بہتر ہے، اس لئے کہ اس میں ان اعضاء کی تعظیم ہے۔اوراوپر بھی اثر میں تھا کہ مساجد یعنی سجدے کی جگہ پر حنوط لگاؤ۔

**ترجمہ**: (٦٩٤) میت کے بالوں میں کنگھی نہ کی جائے، اور نہ اسکے ناخن کاٹے جائیں، اور نہ اسکے بال کاٹے جائیں۔

**ترجمہ**: ل حضرت عائشہؓ کے قول کی وجہ سے کہ اپنے میت کی پیشانی کو خوبصورت کیوں بناتے ہو؟

**تشریح** : بالوں میں کنگھی کرنا اور ڈاڑھی میں کنگھی کرنا زینت کے لئے ہے اور میت کو زینت کی ضرورت نہیں ہے اب تو وہ پھولنے اور پھٹنے کے لئے تیار ہے اسلئے اب اس کو زینت کی ضرورت نہیں ہے اسلئے نہ بالوں میں کنگھی کی جائے اور نہ ڈاڑھی میں کنگھی کی جائے اور نہ بال ناخن کاٹے جائیں۔اس لئے جس طرح میت کا ختنہ نہیں کیا جائے گا اسی طرح بال ناخن بھی نہیں کاٹے جائیں گے۔

**لغت** :سرح: بالوں میں کنگھی کرنا۔قص: بال کاٹنا۔ظفر: ناخن۔

**وجہ**: (١) صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔ عن ابراهيم أن عائشة رأت أمراة يكدون رأسها بمشط ، فقالت علام تنصون ميتكم ۔(مصنف عبدالرزاق، باب شعر المیت واظفارہ، ج ثالث ص ٢٧٥، نمبر ٦٢٥٨) اس اثر میں ہے کہ حضرت عائشہؓ نے فرمایا کہ کنگھی کر کے میت کی پیشانی کو خوبصورت کیوں بناتے ہو!.تنصون : ناصية سے مشتق ہے، پیشانی کو خوبصورت

۲؎ ولان هذه الاشياء للزينة وقد استغنى الميت عنها وفي الحي كان تنظيفا لاجتماع الوسخ تحته وصار كالختان.

بنانا۔اور بال اور ناخن کاٹے نہ جائیں اسکے لئے یہ اثر ہے۔(۲)عن ابن سيرين قال : لا يؤخذ من شعر الميت و لا من اظفاره . ۔(مصنف عبد الرزاق، باب شعر المیت واظفارہ، ج ثالث، ص ۲۷۵، نمبر ۶۲۵۴) اس اثر میں ہے کہ میت کے بال اور ناخن نہ کاٹے جائیں۔(۳)لیکن تھوڑی بہت زینت کردی جائے اور عورت کے بالوں کا تین جوڑا بنادیا جائے یہ جائز ہے اسکے لئے یہ حدیث ہے۔حدثنا أم عطيةؓ أنهن جعلن رأس بنت رسول الله ﷺ ثلاثة قرون نقضنه ثم غسلنه ثم جعلنه ثلاثة قرون ۔(بخاری شریف، باب نقض شعر المرأۃ، ص ۲۰۲، نمبر ۱۲۶۰ر مسلم شریف، باب فی غسل المیت، ص ۳۷۸، نمبر ۹۳۹ر۲۱۷۴)اس حدیث میں ہے کہ بالوں کا تین حصہ کیا اور پیچھے کی طرف ڈال دیا۔(۴)تھوڑا بہت کنگھی کرنا بھی جائز ہے، اس کے لئے یہ حدیث ہے. و كان فيه أن أم عطية قالت و مشطنا ها ثلاثة قرون ۔(بخاری شریف، باب ما یستحب أن یغسل وترا، ص ۲۰۱، نمبر ۱۲۵۴ر ابو داود شریف، باب کیف غسل المیت، ص ۴۶۰، نمبر ۳۱۴۳)اس حدیث میں ہے کہ کنگھی کر کے تین جوڑے بنائے۔

**ترجمہ** : ۲؎ اور اس لئے کہ یہ چیزیں زینت کے لئے ہیں اور میت کو اس کی ضرورت نہیں ہے۔اور زندگی میں صفائی کے لئے تھی اس لئے اسکے نیچے میل جمع ہوجاتا تھا۔تو یہ ختنے کی طرح ہوگیا۔

**تشریح** : بال ڈاڑھی نہ کاٹنے کی اور کنگھی نہ کرنے کی یہ دلیل عقلی ہے۔کہ یہ باتیں زینت کے لئے ہیں اور میت تو اب پھولنے پھٹنے کے لئے تیار ہے اسلئے اس کو ان بناو سنگار کی ضرورت نہیں ہے۔اور بال ناخن اس لئے کاٹتے تھے کہ ناخن کے نیچے میل جمع ہوجایا کرتا تھا اور اب اسکی ضرورت نہیں ہے اس لئے یہ نہ کئے جائیں۔جس طرح اگر میت کا ختنہ کیا ہوا نہ ہو تو اب ختنہ نہیں کیا جائے گا اسی طرح اب بناو سنگار بھی نہیں کیا جائے گا۔تنظیف :صفائی کرنا۔وسخ :میل کچیل۔

## ﴿فصل فی التکفین﴾

(۶۹۵) السنة ان یکفن الرجل فی ثلثة اثواب ازاروقمیص ولفافة ﴾ ۱؎ لماروی انه صلی الله علیه وسلم کفن فی ثلثة اثواب بیض سحولیة ۲؎ ولانه اکثر ما یلبسه عادة فی حیاته فکذا بعد مماته

## ﴿کفن کا بیان﴾

**ترجمہ**: (۶۹۵) سنت یہ ہے کہ مرد کو تین کپڑوں میں کفن دیا جائے گا (۱) ازار (۲) قمیص (۳) اور چادر۔

**ترجمہ**: ۱؎ اسلئے کہ روایت کی گئی ہے کہ حضور کو سحولیہ کے تین سفید کپڑوں میں کفن دیا گیا ہے ۔

**تشریح**: مرد کو تین کپڑوں میں کفن دینا سنت ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حضورؐ کو تین کپڑوں میں کفن دیا گیا ہے۔ یمن میں ایک گاؤں کا نام ہے سحولیہ وہاں کے سفید کپڑے تھے جن میں حضورؐ کو کفن دیا گیا تھا ۔

**وجہ**: (۱) مرد عموما زندگی میں تین کپڑے پہنتا ہے اس لئے تین کپڑوں میں کفن دینا سنت ہے (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عائشة ان رسول الله ﷺ کفن فی ثلثة اثواب یمانیة بیض سحولیة من کرسف لیس فیھن قمیص ولا عمامة ۔ (بخاری شریف، باب الثیاب البیض للکفن ص ۱۶۹ نمبر ۱۲۶۴ /ابوداؤد شریف، باب فی الکفن ج ثانی ص ۹۳ نمبر ۳۱۵۱ / مسلم شریف، باب الجنائز ص ۳۰۵ نمبر ۹۴۱ / ۲۱۷۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مرد کو تین کپڑوں میں کفن دینا سنت ہے۔ (۲) قمیص کے لئے یہ حدیث ہے۔ ان عبد الله بن ابی لما توفی جاء ابنه الی النبی ﷺ فقال اعطنی قمیصک اکفنه فیه ۔ (بخاری شریف، باب الکفن فی قمیص الذی یکف ص ۱۶۹ نمبر ۱۲۶۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ایک ایسا کپڑا بھی کفن میں دیا جائے گا جس کو قمیص کہتے ہیں۔ لیکن اس میں آستین نہیں ہوگی اور نہ دامن اور کلی ہوگی۔ بلکہ درمیان میں پھاڑ کر سر گھسانے کا بنا دیا جائے گا۔ اور اس کو سیا بھی نہیں جائے گا۔ اس طرح تین کپڑے پورے کر دیئے جائیں گے (۳) عن ابن عباسؓ قال: کفن رسول الله ﷺ فی ثلاثة اثواب نجرانية: الحلة ثوبان و قمیصه الذی مات فیه ۔ (ابوداود شریف، باب فی الکفن، ص ۴۶۱، نمبر ۳۱۵۳) اس حدیث میں ہے کہ آپ کو وہ قمیص دی گئی جس میں آپ کا انتقال ہوا۔ (۴) عن عبد الله بن عمر و قال: یکفن المیت فی ثلاثة اثواب قمیص و ازار و لفافة ۔ (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۳۸، ما قالوا فی کم یکفن المیت، ج ثانی، ص ۴۶۳، نمبر ۱۱۰۵۸) اس اثر میں ہے کہ تین کپڑے: قمیص اور لنگی اور چادر ہونی چاہئے۔

**ترجمہ**: ۲؎ اس لئے کہ اپنی زندگی میں عادة اتنا ہی کپڑا پہنا کرتے تھے تو ایسے ہی مرنے کے بعد بھی اتنے ہی کپڑوں میں کفن دے۔

**تشریح**: اپنی زندگی میں آدمی قمیص، لنگی اور چادر پہنا کرتا ہے اسلئے مرنے کے بعد بھی اتنے ہی کپڑوں میں کفن دینا بہتر ہے۔

(۶۹۶) فان اقتصروا علیٰ ثوبین جازو الثوبان ازارولفافة ﴾ ۱ وهذا کفن الکفایة لقول ابی بکر اغسلوا ثوبی ھٰذین و کفنونی فیھما ۲ ولانه ادنی لباس الاحیاء

**ترجمہ**: (۶۹۶) پس اگر دو کپڑوں پر اکتفاء کیا تب بھی جائز ہے۔اوروہ لنگی اور چادر ہیں۔

تین کپڑے سنت ہیں، لیکن اگر دو کپڑوں میں مرد کو کفن دے دیا تب بھی جائز ہے۔اوروہ دو کپڑے لنگی اور چادر ہونی چاہئے۔

**وجہ**: (۱) کپڑے میسر نہ ہوں تو دو کپڑوں میں کفن دے۔اور اگر وہ بھی میسر نہ ہو تو جتنا کپڑا ہوا تنے میں ہی کفن دیدے۔دو کپڑوں میں کفن دینے کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس قال بینما رجل واقف بعرفة اذ وقع عن راحلته فوقصته او قال فاو قصته قال النبی ﷺ اغسلوه بماء و سدر و کفنوه فی ثوبین ولا تحنطوه ولا تخمروا رأسه فانه یبعث یوم القیامة ملبیا (بخاری شریف، باب الکفن فی ثوبین ص۱۶۹ نمبر ۱۲۶۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ محرم آدمی کو صرف دو کپڑے دیئے گئے۔اس لئے کفن میں دو کپڑے بھی کافی ہیں۔

**ترجمہ**: ۱ کافی کفن یہی ہے حضرت ابوبکرؓ کے قول کی وجہ سے میرے ان دونوں کپڑوں کو دھوؤ اور ان دونوں میں مجھے کفن دو۔

**تشریح**: (۱) صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔ عن عائشة قالت : قال ابو بکر لثوبیه اللذین کان یمرض فیھما : اغسلوھما ، و کفنونی فیھما فقالت عائشة : ألا نشتری لک جدیدا ؟ قال لا ؛ ان الحی أحوج الی الجدید من المیت ۔(مصنف عبدالرزاق، باب الکفن، ج ثالث، ص ۲۶۶ نمبر ۶۲۰۴ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۳۸، ما قالوافی کم یکفن المیت، ج ثانی، ص ۴۶۴، نمبر ۱۱۰۷۸) اس اثر میں ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے اپنے لئے دو ہی کپڑا پسند فرمایا۔جس سے معلوم ہوا کہ دو کپڑے بھی کافی ہیں۔(۲) مجبوری ہو تو ایک چادر بھی کافی ہے، حضرت مصعب ابن عمیرؓ کو مجبوری کے وقت ایک چھوٹی چادر میں کفن دیا گیا۔حدیث یہ ہے۔عن خباب بن الأرت قال ھاجرنا مع رسول الله ﷺ فی سبیل الله نبتغی وجه الله .....منھم مصعب بن عمیر قتل یوم احد فلم یوجد له شیء کفن فیه الا نمرة فکنا اذا وضعناھا علی رأسه خرجت رجلاه و اذا وضعناھا علی رجلیه خرج رأسه فقال رسول الله ﷺ ضعوھا مما یلی رأسه و اجعلوا علی رجلیه من الاذخر ۔(مسلم شریف، باب فی کفن المیت، ص ۳۷۹، نمبر ۹۴۰ ر ۲۱۷۷ رابوداود شریف، باب کراھیۃ المغالاۃ فی الکفن، ص ۴۶۱، نمبر ۳۱۵۵) اس حدیث میں ہے کہ مجبوری کے موقع پر حضرت مصعب ابن عمیرؓ کو صرف ایک چادر میں کفن دیا گیا۔

**ترجمہ**: ۲ اور اس لئے بھی کہ دو کپڑے زندہ لوگوں کا ادنی کپڑے ہیں۔

**تشریح**: زندگی میں بھی عام طور پر لوگ دو کپڑوں پر گزر کر لیتے ہیں، اس لئے کفن میں بھی دو کپڑے چل جائیں گے۔

۳؎ والازار من القرن الیٰ القدم واللفافة کذلک والقمیص من اصل العنق (۶۹۷) واذا ارادوا لف الکفن ابتدأوا بجانبه الایسر فلفوه علیه ثم بالایمن﴾ ۱؎ کما فی حال الحیوة

**ترجمہ**: ۳؎ ازار: سر سے قدم تک ہوتا ہے، اور چادر بھی ایسے ہی ہوتی ہے، اور قمیص گردن سے قدم تک ہوتا ہے۔

**تشریح**: ازار: لنگی (یہ ایک کپڑا ہوتا ہے جو سر کے پاس سے پاؤں تک ہوتا ہے) قمیص: یہ کپڑا آدمی کے قد سے دوگنا ہوتا ہے اور درمیان میں پھاڑ کر اس میں سر گھسا دیتے ہیں اور گردن سے پاؤں تک ہوتا ہے۔ اللفافۃ: یہ کپڑا لمبی چادر کی طرح ہوتا ہے اور تمام کفن سے اوپر لپیٹا جاتا ہے۔

**لغت**: قمیص: کرتا۔ ازار: لنگی۔ لفافۃ: چادر جو پورے جسم کو ڈھانک دے۔ قرن: سینگ، یہاں مراد ہے سر، اس لئے کہ سر میں سینگ ہوتی ہے۔ اصل العنق: گردن کی جڑ۔

**ترجمہ**: (۶۹۷) جب میت پر کفن لپیٹنے کا ارادہ کرے تو بائیں جانب سے شروع کرے، پس میت پر بائیں جانب سے لپیٹے پھر دائیں جانب سے۔

**ترجمہ**: ۱؎ جیسے کہ زندگی میں کرتے تھے۔

**تشریح**: کفن دیتے وقت پہلے تخت پر چادر لفافہ پھیلائے گا۔ اس کے اوپر ازار، اور ازار کے اوپر قمیص پھیلائے گا۔ پھر میت کو قمیص پر رکھ کر سر کو قمیص کی چیر میں گھسا دے۔ اور قمیص کا اوپر کا حصہ میت پر ڈال دے، اور پھر قمیص پر ازار لپیٹے اور پھر لفافہ لپیٹے۔ پہلے بائیں طرف کو لپیٹے اور پھر دائیں طرف کو لپیٹے تا کہ دایاں کنارہ اوپر ہو جائے اور اخیر میں لپیٹا جائے۔ دائیں طرف سے کرنے کی اہمیت پہلے گزر چکی ہے۔ کیونکہ زندگی میں چادر اوڑھتے ہیں تو بائیں سرے کو پہلے دائیں کندھے پر ڈالتے ہیں، اور دائیں سرے کو بعد میں بائیں کندھے پر ڈالتے ہیں۔ کفن میں اسی کا اعتبار کیا گیا ہے

**وجه**: کفن میں کون سا کپڑا پہلے دے اس کے بارے یہ حدیث ہے۔(۱) ان لیلی بنت قانف الثقفیة قالت کنت فیمن غسل ام کلثوم ابنة رسول الله ﷺ عند وفاتها فکان اول ما أعطانا رسول الله ﷺ: الحقاء ثم الدرع ثم الخمار ثم الملحفة، ثم ادرجت بعد فی الثوب الآخر، قالت و رسول الله ﷺ جالس عند الباب معه کفنها یناولنها ثوبا ثوبا. (ابوداود شریف، باب فی کفن المراۃ، ص ۴۶۲، نمبر ۳۱۵۷) اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے پہلے الحقاء دیا یعنی ازار دیا، [حقو کا معنی ہے کمر کے ساتھ چپکا ہوا کپڑا]، پھر قمیص دی، پھر اوڑھنی دی پھر چادر دی اور آخیر میں چادر میں لپیٹا۔ آپؐ نے پہلے اپنا ازار اس لئے دیا تا کہ برکت کے طور یہ کپڑا بیٹی کے جسم کے ساتھ چپکا رہے۔ ورنہ حقیقت یہ ہے کہ کرتا پہلے ہو اور ازار اسکے بعد ہو۔ اسکے لئے یہ اثر ہے۔ عن قتادہ تکون خرقة الحقو فوق درعها۔ (مصنف عبد الرزاق

۲ وبسطه ان تبسط اللفافة اولا ثم يبسط عليها الازار ثم يقمص الميت ويوضع على الازار ثم يعطف الازار من قبل اليسار ثم من قبل الميمن ثم اللفافة كذلك

،باب کفن المرأة، ج ثالث،ص ۲۷۴،نمبر ۶۲۴۵) اس اثر میں ہے کہ حقو یعنی ازار کرتے کے اوپر ہو۔

﴿کفن بچھانے اور لپیٹنے کا طریقہ﴾

**ترجمہ** : ۲ کفن بچھانے کا طریقہ یہ ہے کہ زمین پر پہلے چادر بچھائے، پھر اس پر لنگی بچھائے، پھر میت کو کرتے میں لپٹے اور لنگی پر رکھدے، پھر پہلے بائیں جانب سے لنگی کو لپیٹے پھر دائیں جانب سے لنگی کو لپیٹے، پھر چادر کو بھی ایسے ہی [ پہلے بائیں جانب سے پھر دائیں جانب سے لپیٹے۔

**تشریح** : اس عبارت میں کفن بچھانے کا اور کفن لپیٹنے کا طریقہ بتا رہے ہیں۔فرماتے ہیں کہ زمین پر پہلے چادر بچھائے، پھر اسکے اوپر لنگی بچھائے، پھر لنگی کے اوپر کرتا بچھائے۔اور کرتا میں جو سر کی جانب پھٹا ہوا ہے اس سے میت کے سر کو گھسائے، تا کہ نیچے اور اوپر سے کرتا آجائے، پھر کرتے کے اوپر لنگی کے بائیں سرے کو پہلے لپیٹے اور دائیں سرے کو بعد میں لپیٹے، تا کہ بایاں سرا نیچے ہو جا ئے اور دایاں سرا اوپر ہو جائے، پھر لنگی کے اوپر چادر کے بائیں سرے کو پہلے لپیٹے اور دائیں سرے کو بعد میں لپیٹے، تا کہ بایاں سرا نیچے ہو جائے اور دایاں سرا اوپر ہو جائے۔۔حاصل یہ ہوا کہ میت کے جسم کے ساتھ پہلے کرتا چپکے گا، اسکے اوپر لنگی ہوگی، اور اسکے اوپر چادر ہوگی۔۔اور حضورؐ نے اپنی بیٹی کے لئے لنگی پہلے دی ہے وہ اس لئے کہ حضورؐ کی لنگی بیٹی کے جسم کے ساتھ چپک جائے اور اس سے برکت ہو جائے، ورنہ لنگی کو کرتے کے بعد ہونا چاہئے۔عطف معنی لپیٹنا۔بسط معنی پھیلانا۔یسار معنی بائیں، یمین کا معنی دائیں۔

﴿مرد کو کفن پہنانے کا طریقہ﴾

نوٹ:۔سب کپڑوں کو پہلے بائیں سے لپیٹیں پھر دائیں سے لپیٹیں تا کہ دایاں حصہ اوپر ہو جائے

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | پہلے کرتا پہنائیں | یہ کپڑا گردن سے لیکر پاؤں تک ہوتا ہے |
| (۲) | پھر۔میت پر لنگی یعنی ازار لپیٹیں | یہ کپڑا سر کے پاس سے لیکر پاؤں تک ہوتا ہے |
| (۳) | پھر۔اسکے اوپر لفافہ یعنی لمبی چادر لپیٹیں | یہ سر سے اور پاؤں سے بھی لمبا ہوتا ہے اور سب کپڑوں سے اوپر ڈھانپ لیتا ہے |

(۶۹۸) وان خافوا ان ينتشر الكفن عنه عقدوه بخرقة صيانة عن الكشف ﴾ (۶۹۹) وتكفن المرأة في خمسة اثواب درع ،وازار ،وخمار ،ولفافة، وخرقة تربط فوق ثديها ﴾

﴿عورت کوکفن پہنانے کا طریقہ﴾

| | | |
|---|---|---|
| (۱) | پہلے کرتا پہنائیں | یہ کپڑا گردن سے لیکر پاؤں تک ہوتا ہے |
| (۰) | پھر بال کے دو حصے کریں۔اور کرتے کے اوپر دائیں بائیں سینے پر ڈال دیں | |
| (۲) | پھر۔کرتی اور بالوں پر اوڑھنی لپیٹیں | اس سے سر،اور بال اور پستان کوڈھانکے |
| (۳) | پھر۔میت پر لنگی یعنی ازار لپیٹیں | یہ کپڑا سر کے پاس سے لیکر پاؤں تک ہوتا ہے |
| (۴) | پھر۔ازار کے اوپر پستان بند لپیٹیں | اس سے پستان،اور پیٹ اور ران کوڈھانکے |
| (۵) | پھر۔اسکے اوپر لفافہ یعنی لمبی چادر لپیٹیں | یہ سر سے اور پاؤں سے بھی لمبا ہوتا ہے اور سب کپڑوں کو اوپر سے ڈھانپ لیتا ہے |

**ترجمہ**: (۶۹۸) اور اگر کفن کے کھلنے کا خوف ہو تو کپڑے کے ٹکڑے سے اس کو باندھ دے کھلنے سے بچنے کے لئے۔

**تشریح**: کفن کے کھلنے کا خوف ہو تو سر کے اوپر اور کمر کے پاس،اور پاؤں کے پاس کپڑے کے ٹکڑوں سے کفن باندھ دے تا کہ کفن کھلے نہیں،اور جب قبر میں لٹادے تو باندھے ہوئے کو کھول دے،کیونکہ اب باندھنے کی ضرورت نہیں رہی۔

**وجہ**: (۱) اس حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔حدثنا مولاہ معقل بن يسار لما وضع رسول الله ﷺ نعيم بن مسعود في القبر نزع الأخلة بفيه ۔(نمبر ۶۷۱۴)مات ابن لسمرة و ذكر الحديث قال : فقال : انطلق به الى حفرته فاذا وضعته في لحده فقل بسم الله و على سنة رسول الله ﷺ ثم أطلق عقد رأسه و عقد رجليه ۔( سنن بیہقی ، باب عقد الاکفان عند خوف الانتشار وحلها اذا ادخلوہ القبر ، ج ثالث ،ص ۵۷۱،نمبر ۶۷۱۵) اس حدیث میں ہے کہ منہ سے گرہ کھولا،اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کفن کھلنے کا خوف ہو تو گرہ باندھنا بھی مستحب ہے۔اور قبر میں لٹانے کے بعد اس کو کھول دے۔۔

عقد کا معنی باندھنا،اور کشف : کا معنی کھل جانا۔

**ترجمہ**: (۶۹۹) عورت کو پانچ کپڑوں میں کفن دیا جائے گا(۱) قمیص (۲) ازار (۳) اوڑھنی (۴) چادر (۵) کپڑے کا ٹکڑا جس سے اس کے پستان پر باندھا جائے۔

**تشریح**: زندگی میں عورت عام طور پر پانچ کپڑے پہنا کرتی ہے اسلئے موت کے بعد بھی اسکو پانچ کپڑوں میں کفن دیا جائے گا۔

۱ لحدیث ام عطیة ان النبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم اعطی اللواتی غسلن ابنته خمسة اثواب ۲ ولانها تخرج فیها حالة الحیواۃ فکذا بعد الممات

تین کپڑے تو وہی ہیں جو مرد کے کفن کی تفصیل میں گزری، عورت میں اوڑھنی اور پستان بند زیادہ دیا جائے گا۔ اوڑھنی کرتے سے اوپر باندھی جائے گی اور اتنی لمبی ہو کہ اس سے سر، اور پستان ڈھک جائے ۔۔ پستان بند ازار کے اوپر لپیٹتے ہیں اور اتنا بڑا ہو کہ اس سے پستان، اور پیٹ اور ران ڈھک جائے۔

**وجہ:** (۱) عورت زندگی میں انہیں کپڑوں کو استعمال کرتی ہے کہ ازار قمیص اور چادر کے ساتھ اوڑھنی اور پستان بند استعمال کرتی ہے۔ اس لئے کفن میں بھی اتنے ہی کپڑے دیئے جائیں (۲) صاحب ھدایہ نے اس حدیث کی طرف اشارہ کیا ہے۔ حدیث یہ ہے۔ عن رجل من بنی عروۃ بن مسعود ... فکان اول ما اعطانا رسول اللہ ﷺ الحقاء ثم الدرع ثم الخمار ثم الملحفة ثم ادرجت بعد فی الثوب الا خر قالت ورسول اللہ جالس عند الباب معه کفنها یناولناها ثوبا ثوبا . (ابو داؤد شریف، باب فی کفن المرأۃ ج ثانی ص ۹۴ نمبر ۳۱۵۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورتوں کے لئے پانچ کپڑے ہیں (۳) اثر میں ہے ۔عن عمر قال تکفن المرأۃ فی خمسة اثواب فی المنطق و فی الدرع و فی الخمار وفی اللفافة والخرقة التی تشد علیها (مصنف ابن ابی شیبۃ ۳۹، ما قالوا فی کم تکفن المرأۃ، ج ثانی، ص ۴۶۵، نمبر ۱۱۰۸۸) اس سے معلوم ہوا کہ عورتوں کے کفن کے لئے پانچ کپڑے ہیں۔ (۴) پستان بند سے پستان، پیٹ اور ران تینوں کو ڈھانپا جائے گا۔ اور قمیص کے اوپر لپیٹا جائے گا۔ اس کی دلیل یہ اثر ہے عن ابن سیرین قال توضع الخرقة علی بطنها و تعصب بها فخذیها. (مصنف بن ابی شیبۃ ۴۰، فی الخرقۃ این توضع فی المرأۃ ج ثانی ص ۴۶۵، نمبر ۱۱۰۹۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ پستان بند پیٹ اور دونوں رانوں پر باندھا جائے گا۔

**لغت:** درع: کرتا، قمیص۔ ازار: لنگی۔ خمار: اوڑھنی، یہ خمر سے ہے، ڈھانکنا۔ لفافہ: لف سے مشتق ہے، پورے طور پر لپیٹنا، مراد ہے چادر۔ خرقۃ: چھوٹا سا کپڑا، چیتھڑا۔ تربط: ربط سے مشتق ہے، باندھنا۔ ثدی: پستان۔

**ترجمہ:** ۱ حضرت ام عطیہؓ کی حدیث کی وجہ سے کہ نبی ﷺ نے ان عورتوں کو پانچ کپڑے دئے جنہوں نے آپؐ کی بیٹی کو غسل دیا۔

**تشریح:** اوپر کی حدیث جس میں پانچ کپڑوں کا تذکرہ ہے وہ ام عطیہؓ کی نہیں ہے بلکہ لیلی بنت قانف ثقفیہؓ کی ہے جو (ابو داود شریف، نمبر ۳۱۵۷) میں ہے۔ یہ حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ:** ۲ اور اس لئے کہ عورت زندگی کی حالت میں اتنے ہی کپڑے میں نکلا کرتی تھی تو مرنے کے بعد بھی اتنے ہی کپڑے میں کفن دی جائے گی۔

۳؎ ثم هذا بيان كفن السنة وان اقتصروا على ثلثة اثواب جاز وهي ثوبان وخمار وهو كفن الكفاية (۷۰۰) ويكره اقل من ذلك وفي الرجل يكره الاقتصار علىٰ ثوب واحد الافي حالة الضرورة ﴾ ۱؎ لان مصعب بن عمير حين استشهد كفن في ثوب واحد وهذا كفن الضرورة

**تشریح**: عورت زندگی میں عموماً وہ پانچ کپڑے پہنتی ہے جنکا تذکرہ اوپر گزرا اسلئے مرنے کے بعد بھی انہیں پانچ کپڑوں میں کفن دینا بہتر ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ پھر یہ سنت کفن کا بیان ہے اور اگر تین کپڑوں پر اکتفاء کیا تو بھی جائز ہے۔ اور وہ دو کپڑے [ازار اور چادر ہیں] اور اوڑھنی ہے، اور یہ کفایہ کفن ہے۔

**تشریح**: عورت کو پانچ کپڑے میں کفن دینا سنت ہے، لیکن اگر تین کپڑوں میں ہی کفن دے دیا تو بھی کافی ہے۔ اس کو کفایہ کفن کہتے ہیں، یعنی یہ کفن کافی ہے اور تین سے کم عورت کو کفن دینا مکروہ ہے۔ البتہ مجبوری کے درجے میں یہ بھی جائز ہے۔ اور وہ تین کپڑے [۱] ازر [۲] اور اوڑھنی [۳] اور چادر ہیں، ان میں سے کرتا اور پستان بند کم ہو گئے۔

**وجہ**: تین کپڑے پر اکتفا کرنے کی دلیل یہ اثر ہے ۔عن محمد انه كان يقول كفن المرأة التي حاضت في خمسة اثواب او ثلاثة (مصنف بن ابی شیبۃ ۳۹، ما قالوا فی کم تکفن المرأۃ، ج ثانی، ص ۴۶۵، نمبر ۱۱۰۸۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ تین کپڑوں پر اکتفا کرے تو جائز ہے

**ترجمہ**: (۷۰۰) اور اتنے کپڑوں سے کم مکروہ ہے۔ اور مرد میں ایک کپڑے پر اکتفاء کرنا مکروہ ہے مگر ضرورت کی حالت میں۔

**ترجمہ**: ۱؎ اس لئے کہ مصعب ابن عمیرؓ جب جنگ احد میں شہید ہوئے تو ایک ہی کپڑے میں کفن دئے گئے۔ اور یہ مجبوری کا کفن تھا۔

**تشریح**: عورت میں تین کپڑوں سے کم کفن دینا مکروہ ہے، اور مرد میں دو کپڑوں سے کم میں کفن دینا مکروہ ہے۔ البتہ مجبوری ہو جائے تو ایک کپڑا بھی دے دینا جائز ہے۔ اسلئے کہ مجبوری ہے تو اب کیا کر سکتے ہیں۔

**وجہ**: (۱) حضرت مصعب ابن عمیرؓ کو مجبوری کے وقت ایک چھوٹی چادر میں کفن دیا گیا۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے .عن خباب بن الأرت قال هاجرنا مع رسول الله ﷺ في سبيل الله نبتغي وجه الله .....منهم مصعب بن عمير قتل يوم احد فلم يوجد له شيء كفن فيه الا نمرة فكنا اذا وضعناها على رأسه خرجت رجلاه و اذا وضعناها على رجليه خرج رأسه فقال رسول الله ﷺ ضعوها مما يلي رأسه و اجعلوا على رجليه من الاذخر ـ (مسلم شریف، باب فی کفن المیت، ص ۳۷۹، نمبر ۹۴۰ / ۲۱۷۷ / ابوداؤد شریف، باب کراھیۃ المغالاۃ فی الکفن، ص ۴۶۱، نمبر ۳۱۵۵)

(۷۰۱) وتلبس المرأة الدرع اولا ثم یجعل شعرها ضفیرتین علیٰ صدرها فوق الدرع ثم الخمار فوق ذٰلک ثم الازار تحت اللفافة﴾(۷۰۲) قال وتجمر الاکفان قبل ان یُدرج فیها المیت وترا ﴾

اس حدیث میں ہے کہ مجبوری کے موقع پر حضرت مصعب ابن عمیرؓ کو صرف ایک چادر میں کفن دیا گیا۔

**ترجمہ**: (۷۰۱) عورت کو پہلے کرتی پہنائی جائے پھر اسکے بالوں کو دو مینڈھیاں کر کے کرتی کے اوپر اور سینہ پر رکھ دئے جائیں، پھر اسکے اوپر اوڑھنی، پھر چادر کے نیچے ازار پہنایا جائے۔

**تشریح**: عورت کو کفن پہنانے کا طریقہ پہلے بیان کیا ہوں۔ مصنف یہاں سے عورت کو کفن پہنانے کا طریقہ بیان فرما رہے ہیں۔ کہ عورت کو پہلے کرتی پہنائے پھر اسکے بالوں کی دو مینڈھیاں بنائے یعنی جوڑے بنائے اور ایک کو کرتی کے اوپر دائیں سینے پر رکھ دے اور دوسرے جوڑے کو کرتی کے اوپر بائیں سینے پر رکھ دے۔ پھر اسکے اوپر اوڑھنی لپیٹے تاکہ بال اور کرتی کے اوپر اوڑھنی ہو جائے جس طرح زندگی میں بال اور کرتی کے اوپر اوڑھنی اوڑھتی ہے۔ پھر ازار لپیٹے جو سر سے پاؤں تک ہوگا۔ اسکے اوپر پستان بند گلے سے لیکر ران تک لپیٹے۔ اور ان سب کے اوپر لفافہ یعنی چادر لپیٹے تاکہ سب ڈھک جائے۔ اور سب کپڑوں کو بائیں سرا پہلے لپیٹے اور دائیں سرا بعد میں لپیٹے تاکہ دائیں سرا اوپر آجائے۔ کیونکہ زندگی میں چادر اوڑھتے ہیں تو بائیں سرے کو پہلے دائیں کندھے پر ڈالتے ہیں، اور دائیں سرے کو بعد میں بائیں کندھے پر ڈالتے ہیں۔ کفن میں اسی کا اعتبار کیا گیا ہے ۔ ضفیرۃ: جوڑا، مینڈھیاں۔

**وجہ**: (۱) زندگی میں جب اوڑھنی سر پر ڈالا کرتی تھی تو قمیص کے اوپر لٹکتی تھی۔ اور چادر کے اندر ہوا کرتی تھی۔ موت کے بعد بھی اسی کیفیت سے کفن دیا جائے گا۔ اس کے لئے یہ اثر ہے۔ سألت ام الحمید ابنة سیرین هل رأیت حفصة اذا غسلت کیف تصنع بخمار المرأة؟ قالت نعم کانت تخمرها کما تخمر الحیة ثم یفضل من الخمار قدر ذراع فتفرشه فی مؤخرها ثم تعطف تلک الفضلة فتغطی بها وجهها . (مصنف ابن ابی شیبة ۴۳، فی المرأة کیف تخمر ج ثانی، ص ۴۶۶، نمبر ۱۱۰۷) اس سے معلوم ہوا کہ زندگی کی طرح اوڑھنی سر پر ڈالی جائے گی۔ (۲) عن ام عطیة قالت: وضفرنا رأسها ثلاثة قرون ثم القیناها خلفها مقدم رأسها وقرنیها۔ (ابو داؤد شریف، باب کیف غسل المیت ج ثانی ص ۹۲ نمبر ۳۱۴۴ ر بخاری شریف، باب یلقی شعر المرأة خلفها، ص ۱۶۸، نمبر ۱۲۶۳) اس حدیث میں ہے کہ بال کے تین حصے کئے اور ایک حصہ پیچھے ڈالا، اور دو حصے دونوں طرف ڈال دئے۔

**اصول**: میت کو بہت زیادہ زینت نہیں کرائی جائے گی۔

**ترجمہ**: (۷۰۲) کفن میں لپیٹنے سے پہلے طاق مرتبہ دھونی دی جائے گی۔

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ حضورؐ نے اپنی بیٹی کے کفن کو طاق مرتبہ دھونی دینے کا حکم دیا، اور اجمار کا مطلب ہے خوشبودار کرنا

ل لانہ صلی اللہ علیہ وسلم امر باجمار اکفان ابنتہ وترا ۲ والاجمار ھو التطییب ۳ فاذا فرغوا منہ صلوا علیہ لانہا فریضۃ.

**تشریح:** جن کپڑوں میں کفن دینا ہے میت کواس میں لپیٹنے سے پہلے اس کولوبان سے تین مرتبہ دھونی دے تاکہ کپڑا خوشبودار رہے۔اورجلدی کیڑے نہ لگے۔چنانچہ حضورؐ نے فرمایا کہ دھونی دوتو طاق مرتبہ دو۔

**ترجمہ:** ۲ الاجمار ھو التطییب : اجمار:جمر سے مشتق ہے جسکا معنی ہے چنگاری،اوردھونی دینے میں چنگاری اڑتی ہے اسلئے اس کوجمر کہتے ہیں۔لیکن مصنف الاجمار ھو التطییب : کہہ کر یہ کہنا چاہتے ہیں کہ دھونی کے علاوہ کسی طرح بھی کفن کے کپڑے کوخوشبودار کردیا جائے تو اس سے دھونی کی سنت اداہوجائے گی مثلا عطر کفن پر لگادیا تب بھی دھونی کی سنت اداہوجائے گی

**وجہ:** (۱)اس کی دلیل یہ حدیث ہے جسکی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ کیا۔ عن جابر قال قال رسول اللہ ﷺ اذا اجمرتم المیت فاوتروا وروی اجمروا کفن المیت ثلاثا . (سنن للبیھقی،باب الحنوط للمیت ج ثالث ص ۵۶۸،نمبر۶۷۰۲ رمصنف ابن ابی شیبۃ،باب ۴۶،من کان یقول تجمر ثیابہ وترا،ج ثانی،ص ۴۶۷،نمبر۱۱۱۱۳)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تین مرتبہ کفن کودھونی دینا چاہئے۔البتہ آگ کی چیز لیکر جنازے کے ساتھ چلنا اچھانہیں ہے،کیونکہ آگ عذاب کی قسموں میں سے ہے(۲) عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ قال لا تتبع الجنازۃ بصوت و لا بنار . (ابوداودشریف،باب فی اتباع المیت بالنار،ص ۴۶۳،نمبر۳۱۷۱ رسنن بیھقی،باب لا یتبع المیت بنار،ج ثالث،ص ۵۵۴،نمبر۶۶۵۳)اس اثر میں ہے کہ آگ کی چیز لیکر جنازے کے پیچھے چلنا اچھانہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۳ پس جب کفن سے فارغ ہوجائے تو نماز جنازہ پڑھے،اس لئے کہ یہ فرض کفایہ ہے۔

## ﴿ فصل فی الصلوۃ علی ا لمیت ﴾

(۷۰۳) واولی الناس بالصلوٰۃ علی المیت السلطان ان حضر ﴾ ل لان فی التقدم علیه ازدراء به

(۷۰۴) فان لم یحضر فالقاضی ﴾ ل لانه صاحب ولایة

## ﴿فصل فی الصلوۃ علی المیت ﴾

**ترجمه**: (۷۰۳) میت پر نماز پڑھانے کا سب سے زیادہ حقدار بادشاہ ہے، اگر وہ حاضر ہو۔

**ترجمه**: ل اس لئے کہ دوسرے کو آگے کرنے میں اسکی توہین ہے

**تشریح**: بادشاہ موجود ہو پھر بھی دوسرا آدمی نماز پڑھائے تو اس میں بادشاہ کی توہین ہے۔ اس لئے بادشاہ کو نماز پڑھانے کا زیادہ حق ہے۔ وہ نہ ہو تو قاضی، اور وہ بھی نہ ہو تو گاؤں کا امام، کیونکہ کہ زندگی میں اس کو اپنی نماز کا امام مانا ہے تو موت کے بعد بھی اپنی نماز کے لئے اسی پر راضی ہوگا۔ اور وہ بھی نہ ہو تو اس کا ولی نماز جنازہ پڑھانے کا زیادہ حقدار ہے۔ اور ولی میں بھی وراثت میں ولی عصبہ کی ترتیب ہوگی۔ البتہ ولی اگر کسی اور کو نماز پڑھانے کی اجازت دے تو دے سکتا ہے۔ ازدراء: کا معنی ہے توہین۔

**وجه**: (۱) عن عمران بن حصین قال قال لنا رسول اللہ ﷺ ان اخاکم النجاشی قد مات فقوموا فصلوا علیه فقمنا فصففنا کما یصف علی المیت و صلینا علیه کما یصلی علی المیت ۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی صلوۃ النبی ﷺ علی النجاشی ص ۲۰۱ نمبر ۱۰۳۹ ربخاری شریف، باب الصلوۃ علی الجنائز بالمصلی والمسجد ص ۱۷۷ نمبر ۱۳۲۷) اس حدیث سے ایک بات تو یہ معلوم ہوئی کہ حضورؐ سب کے امیر تھے اس لئے آپ نے نجاشی پر نماز جنازہ پڑھی۔ اس لئے کہ آپؐ سب سے زیادہ حقدار تھے۔ اور دوسری بات یہ کہ نماز جنازہ فرض کفایہ ہے۔ کیونکہ اس میں امر کا صیغہ فقوموا فصلوا علیه کا لفظ ہے۔

**ترجمه**: (۷۰۴) اور اگر امیر یا بادشاہ موجود نہ ہو تو قاضی امامت کا زیادہ حقدار ہے۔

**ترجمه**: ل اس لئے کہ وہ ولایت والا ہے۔

**تشریح**: ۔ اگر سلطان موجود نہ ہو تو اب زیادہ حقدار اس علاقے کا قاضی ہے ۔ کیونکہ ان کو سب پر ولایت عامہ حاصل ہے۔

(۲) والی اور امیر نماز جنازہ کا زیادہ حقدار ہے اس کی دلیل یہ اثر ہے سمعت ابا حازم یقول انی لشاھد یوم مات الحسن بن علی فرأیت الحسین ابن علی یقول لسعید بن العاص ویطعن فی عنقه تقدم فلولا انها سنة ما قدمت وکان بینهم شیء (سنن للبیہقی، باب من قال الوالی احق بالصلوۃ علی المیت من الولی ج رابع ص ۴۶، نمبر ۶۸۹۴ رمصنف عبد الرزاق، باب من أحق بالصلوۃ علی المیت، ج ثالث، ص ۳۰۲، نمبر ۶۳۹۶)) اس اثر میں حضرت حسینؓ حضرت حسنؓ کے ولی تھے لیکن سعید بن عاص کو نماز جنازہ کے لئے آگے بڑھایا۔ کیونکہ وہ اس وقت والی اور امیر تھے۔ اور حضرت حسینؓ نے فرمایا یہ سنت

**(۷۰۵) فان لم یحضر فیستحب تقدیم امام الحی ﴾ ۱؎ لانہ رضیہ فی حال حیاتہ. (۷۰۶) قال ثم الولی والاولیاء علی الترتیب المذکور فی النکاح﴾**

ہے اس لئے والی اور امیر نماز پڑھانے کا ولی سے زیادہ حقدار ہیں۔

**ترجمہ**: (۷۰۵) اور اگر قاضی بھی وہاں موجود نہ ہو تو مستحب ہے کہ گاؤں کے امام کو آگے کرے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اس لئے کہ میت اپنی زندگی میں اسکی امامت سے راضی تھا۔

**تشریح**: سلطان اور قاضی بھی وہاں موجود نہیں ہیں تو اب امامت کے زیادہ حقدار اس محلے کے امام ہیں، کیونکہ میت اپنی زندگی میں اس امام کے پیچھے نماز پڑھتا رہا ہے اور اسکی امامت سے راضی ہے اسلئے موت کے بعد بھی اسی کی امامت سے راضی ہوگا، اس لئے وہ زیادہ حقدار ہیں، اور میت کے ولی سے ان کو زیادہ حق ہے۔

**وجہ**: (۱)۔اس کی دلیل یہ اثر ہے۔ عن علی قال الامام احق من صلی جنازۃ،ذھبت مع ابراھیم الی جنازۃ وھو ولیھا فارسل الی امام الحی فصلی علیھا (مصنف ابن ابی شیبۃ ۷۳، ما قالوا فی تقدم الامام علی الجنازۃ، ج ثانی، ص ۴۸۳، نمبر ۱۱۳۰۵/۱۱۳۰۶ ر مصنف عبد الرزاق، باب من أحق بالصلوۃ علی المیت، ج ثالث، ص ۳۰۲، نمبر ۶۳۹۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ مسجد کا امام نماز کا حقدار ہے۔

**ترجمہ**: (۷۰۶) پھر میت کا ولی زیادہ حقدار ہے۔ اور اولیاء اس ترتیب پر ہونگے جو کتاب النکاح میں مذکور ہیں۔

**تشریح**: محلے کا امام موجود نہ ہو تو اب میت کا جو ولی ہے وہ نماز پڑھانے کا زیادہ حقدار ہے۔ کیونکہ وہ ولی ہے۔ اور میت کے ولی تو بہت سے ہونگے لیکن ولیوں میں ترتیب وہی ہے جو کتاب النکاح میں آئیں گے۔۔ کتاب النکاح میں ولیوں کی ترتیب بیان نہیں کی ہے۔۔ البتہ سراجی میں عصبات کی ترتیب یہ ہے جو ولی بنیں گے [۱] بیٹا۔ پھر [۲] پوتا۔ پھر [۳] پر پوتا۔ پھر [۴] باپ۔ پھر [۵] دادا۔ پھر [۶] بھائی۔ پھر [۷] بھتیجا۔ پھر [۸] چچا۔ پھر [۹] چچازاد بھائی۔ (سراجی، باب العصبات، ص ۱۴) لیکن یہاں جنازے کی نماز پڑھانے میں باپ اور دادا بیٹے اور پوتے سے پہلے ہونگے۔ کیونکہ یہ بزرگ آدمی ہیں ۔

**وجہ**: (۱) اس کے بعد ولی نماز جنازہ کا زیادہ حقدار ہے اس کی دلیل یہ اثر ہے عن عمر انہ قال الولی احق بالصلوۃ علیھا (مصنف عبد الرزاق، باب من احق بالصلوۃ علی المیت، ج ثالث، ص ۳۰۲ نمبر ۶۴۰۰) اس اثر میں ہے کہ ولی زیادہ حقدار ہے۔ (۲) اور ولیوں کی ترتیب میں باپ بیٹے سے مقدم ہے اسکے لئے یہ اثر ہے۔ عن الحسن قال اولی الناس بالصلوۃ علی المرأۃ الاب ثم الزوج ثم الابن ثم الاخ. (مصنف عبد الرزاق، باب من احق بالصلوۃ علی المیت، ج ثالث، ص ۳۰۲، نمبر ۶۳۹۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ ولی میں ترتیب یہ ہے کہ باپ پھر شوہر پھر بیٹا پھر بھائی نماز پڑھانے کا حقدار ہے۔ (۳) عن

(۷۰۷) فان صلی غیر الولی او السلطان اعاد الولی﴾ ۱؎ یعنی ان شاء لما ذکرنا ان الحق للاولیاء

(۷۰۸) وان صلی الولی لم یجز لاحد ان یصلی بعدہ﴾ ۱؎ لان الفرض یتادی بالاول والنفل بھا غیر مشروع

الزھری قال الأب و الابن و الأخ أحق بالصلاۃ علی المرأۃ من الزوج . (مصنف ابن ابی شیبۃ ، باب ۱۶۵، فی الزوج والأخ أیھما أحق بالصلاۃ، ج ثالث، ص ۴۶، نمبر ۱۱۹۶۲) اس اثر میں ہے کہ شوہر کو نماز پڑھانے کا حق نہیں ہے، بلکہ باپ کو پھر بیٹے کو پھر بھائی کو نماز جنازہ پڑھانے کا حق ہے۔

**ترجمہ**: (۷۰۷) اگر میت پر ولی اور بادشاہ کے علاوہ نے نماز پڑھی تو ولی دوبارہ نماز لوٹا سکتا ہے۔

**تشریح** : امام اور ولی نماز پڑھانے کے حقدار تھے اس لئے اگر انہوں نے ابھی تک نماز نہیں پڑھی اور دوسروں نے پڑھ لی تو اگر ولی دوبارہ نماز پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے۔ پڑھنا کوئی ضروری نہیں۔ اور اگر ولی نے پڑھ لی تو اب کسی کے لئے گنجائش نہیں ہے کہ وہ اب نماز پڑھے۔

**وجہ**: (۱) امیر اور ولی نے نماز نہ پڑھی ہوں تو نماز پڑھ سکتے ہیں۔ اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی ہریرۃ ان اسود رجلا او امرأۃ کان یقیم المسجد فمات ولم یعلم النبی ﷺ بموتہ فذکرہ ذات یوم فقال ما فعل ذلک الانسان قالوا مات یا رسول اللہ قال افلا اذنتمونی فقالوا انہ کان کذا کذا قصتہ قال وفحقروا شانہ قال فدلونی علی قبرہ قال فاتی قبرہ فصلی علیہ ۔ (بخاری شریف، باب الصلوۃ علی القبر بعد ما یدفن ص ۱۷۸ نمبر ۱۳۳۷ / ابو داؤد شریف، باب الصلوۃ علی القبر ج ثانی ص ۱۰۱ نمبر ۳۲۰۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضور سب کے امیر تھے اور اس کالی عورت پر نماز نہیں پڑھی تھی تو آپ نے نماز کو دوبارہ پڑھی . (۲) عن جابر بن عبد اللہ أن النبی ﷺ صلی علی أصحمۃ النجاشی فکبر أربعا . (بخاری شریف، باب التکبیر علی الجنازۃ اربعا، ص ۲۱۳، نمبر ۱۳۳۴) اس حدیث میں بھی آپ سب کے امیر تھے اور آپ نے اسکی نماز جنازہ نہیں پڑھی تھی تو آپ نے پڑھی جس سے معلوم ہوا کہ امیر یا ولی ابھی نماز نہ پڑھی ہو اور دوسروں نے پڑھ لی ہو تو اگر ولی پڑھنا چاہے تو پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۷۰۸) اور اگر ولی نے نماز پڑھ لی تو اسکے بعد کسی کے لئے جائز نہیں ہے کہ نماز پڑھے۔

**تشریح** : اگر ولی نے نماز پڑھ لی تو اب کسی کے لئے گنجائش نہیں ہے کہ وہ نماز پڑھے۔ اس طرح اگر نماز جنازہ پڑھتا رہے تو کتنے لوگ مرے ہیں سب کی نماز ہمیشہ پڑھی جاتی رہے، حالانکہ کوئی بھی پرانے لوگوں کی نماز نہیں پڑھتے۔

**ترجمہ** : ۱؎ اسلئے کہ فرض ایک مرتبہ ادا ہو چکا ہے، اور اس میں نفل مشروع نہیں ہے۔

۲ ولهذا راينا الناس تركوا عن اٰخرهم الصلوة علىٰ قبر النبى صلى الله عليه وسلم وهو اليوم كما وضع. (۷۰۹) وان دفن الميت ولم يصل عليه صلى على قبره ﴾ ۱ لان النبى صلى الله عليه وسلم صلى علىٰ قبر امرأة من الانصار

**تشریح** : ولی کے پڑھنے کے بعد نماز جنازہ نہ پڑھنے کی دلیل عقلی ہے۔ کہ ولی نے نماز پڑھ لی ہے اس سے فرض کفایہ ادا ہو چکا ہے، اور بعد میں نفل کے طور پر نماز جنازہ پڑھنا مشروع نہیں ہے، اس لئے دوبارہ پڑھنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اسی لئے ہم لوگوں کو دیکھتے ہیں کہ حضورؐ کے قبر اطہر پر کوئی بھی نماز نہیں پڑھتا حالانکہ حضورؐ آج بھی ویسے ہی صحیح سلامت رکھے ہوئے ہیں جیسے پہلے دن آپ کا جسم مبارک رکھا گیا تھا۔

**تشریح** :حضورؐ کا جسم مبارک آج بھی ایسے ہی صحیح سالم قبر مبارک میں رکھا ہوا ہے جیسے پہلے تھا اسکے باوجود کوئی بھی آپؐ پر نماز جنازہ نہیں پڑھتا جس کا مطلب یہ ہوا کہ ولی کے نماز پڑھنے کے بعد اب نماز جنازہ جائز نہیں ہے، اس لئے لوگ حضورؐ پر نماز جنازہ نہیں پڑھتے ہیں۔

**وجہ** : حضورؐ قبر میں زندہ ہیں اسکے لئے یہ حدیث دلیل ہے۔(۱) عن شداد بن اوس قال : قال رسول الله ﷺ ان من افضل ايامكم يوم الجمعة ، فيه خلق آدم و فيه النفخة و فيه الصعقة فأكثروا على من الصلوة فيه فان صلاتكم معروضه على فقال رجل يا رسول الله كيف تعرض صلاتنا عليك و قد أرمت يعنى بليت ؟ فقال : ان الله حرم على الارض أن تأكل أجساد الانبياء . (ابن ماجۃ شریف، باب فی فضل الجمعۃ، ص۱۵۳، نمبر ۱۰۸۵ رنسائی شریف، باب اکثار الصلاۃ علی النبی ﷺ یوم الجمعۃ، ص۱۹۴، نمبر ۱۳۷۵) اس حدیث میں ہے کہ انبیاء کے جسموں کو مٹی نہیں کھاتی اسلئے حضور کا جسم مبارک آج بھی قبر اطہر میں موجود ہے۔ (۲) آیت میں ہے۔ و لا تقولوا لمن يقتل فى سبيل الله أموات بل أحياء و لكن لا تشعرون ۔ (آیت ۱۵۴، سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت میں ہے کہ شہداء زندہ ہیں تو نبی تو ان سے زیادہ درجے کے ہوتے ہیں اسلئے وہ بھی قبر میں زندہ ہونگے (۳) عن انس بن مالك أن رسول الله ﷺ قال أتيت ۔ و فى روية هداب: مررت ۔ على موسى ليلة أسرى بى عند الكثيب الأحمر ، و هو قائم يصلى فى قبره ۔ (مسلم شریف، باب من فضائل موسیٰ، ص۱۰۴۴، نمبر ۲۳۷۵/ ۶۱۵۷) اس حدیث میں ہے کہ حضرت موسیٰ کھڑے ہوکر نماز پڑھ رہے تھے جسکا مطلب یہ ہے کہ وہ اپنے قبر شریف میں زندہ ہیں، تو حضور بھی اپنے قبر میں زندہ ہیں۔

**ترجمہ** : (۷۰۹) پس اگر دفن کر دیا اور اس پر نماز نہیں پڑھی تو اس کی قبر پر نماز پڑھی جائے گی۔

**ترجمہ** : ۱ اسلئے کہ حضورؐ نے ایک انصاری عورت کی قبر پر نماز پڑھی۔

(۱۰۷) ویصلی علیه قبل ان یتفسخ ﴾ ل والمعتبر فی معرفة ذٰلک اکبر الرأی هو الصحیح لاختلاف الحال والزمان والمکان.

**تشریح:** اگر دفن کر دیا اور کسی نے بھی نماز نہیں پڑھی تو جب تک میت پھول پھٹ نہ گئی ہو اس وقت تک اس پر نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے۔

**وجه:** ۔(۱) قبر پر نماز جنازہ پڑھنے کی دلیل یہ حدیث ہے جو صاحب ھدایہ نے ذکر کی ہے۔ عن ابی هریرة ان اسود رجلا او امرأة کان یقیم المسجد فمات ولم یعلم النبی ﷺ بموته فذکره ذات یوم فقال ما فعل ذٰلک الانسان قالوا مات یا رسول الله قال افلا اذنتمونی فقالوا انه کان کذا کذا قصته قال فحقروا شانه قال فدلونی علی قبره قال فاتی قبره فصلی علیه ۔(بخاری شریف، باب الصلوۃ علی القبر بعد ما یدفن ص ۸۷ نمبر ۱۳۳۷/ابو داؤد شریف، باب الصلوۃ علی القبر ج ثانی ص ۱۰۱ نمبر ۳۲۰۳) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے ایک عورت کی قبر پر نماز پڑھی ہے۔

**ترجمه:** (۱۰۷) اور میت پر پھولنے پھٹنے سے پہلے نماز پڑھ سکتا ہے۔

**ترجمه:** ل اور اسکی پہچان میں اعتبار غالب رائے ہے صحیح بات یہی ہے حالات اور زمانے اور مکان کے مختلف ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح:** صاحب قدوری نے تو فرمایا کہ تین دن تک نماز پڑھ سکتا ہے اسکے بعد نہیں، لیکن صاحب ھدایہ فرماتے ہیں اس بارے میں تین دن کو متعین کرنا صحیح نہیں ہے، بلکہ غالب گمان ہو جائے کہ لاش پھول پھٹ گئی ہوگی تو اب نماز نہ پڑھے اس سے پہلے تک نماز پڑھ سکتا ہے۔ اس بارے میں زمانہ اور مکان اور حالات کا اعتبار ہے، کیونکہ گرم ملک میں جلدی لاش پھٹتی ہے اور سرد ملک میں دیر سے، اسی طرح گرمی کے زمانے میں جلدی پھٹتی ہے اور سردی کے زمانے میں دیر سے، اس لئے غالب گمان ہو جائے کہ لاش پھول پھٹ چکی ہوگی تو اب نماز نہ پڑھے۔

**وجه:** (۱) تین دن کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابن عباس أن رسول الله ﷺ صلی علی میت بعد موته بثلاث ۔(سنن للبیهقی، باب الصلوۃ علی القبر بعد ما یدفن المیت ج رابع ص ۷۵، نمبر ۷۰۰۳) اس حدیث میں ہے کہ تین دن کے بعد حضورؐ نے نماز پڑھی۔ (۲) اس اثر میں بھی ہے۔ (۲) توفی عاصم بن عمر وابن عمر غائب فقدم بعد ذٰلک قال ایوب احسبه قال بثلاث قال فقال ارونی قبر اخی فاروه فصلی علیه ۔ (مصنف ابن ابی شیبة ۱۶۲، فی المیت یصلی علیه بعد دفن من فعله ج ثالث ص ۴۴، نمبر ۱۱۹۳۹/سنن للبیهقی، باب الصلوۃ علی القبر بعد ما یدفن المیت ج رابع ص ۸۱، نمبر ۷۰۲۵) اس اثر میں تین دن کا اشارہ ہے۔ اسی سے ہمارا استدلال ہے۔ کہ تین دن تک پڑھ سکتا ہے۔

۲ والصلوٰة ان يكبر تكبيرة يحمدالله عقيبها،ثم يكبر تكبيرة ويصلي على النبي صلى الله عليه وسلم، ثم يكبر تكبيرة يدعو فيها لنفسه و للميت و للمسلمين ، ثم يكبر الرابعة و يسلم لانه صلى الله عليه وسلم

---

**فائدہ**: بعض حضرات نے فرمایا کہ ایک ماہ تک نماز جنازہ پڑھ سکتا ہے۔ان کا استدلال اس حدیث سے ہے۔ان البراء بن معرور توفي في صفر قبل قدوم رسول الله ﷺ المدينة بشهر فلما قدم صلى عليه (مصنف ابن ابی شیبة ۱۶۲، فی المیت یصلی علیہ بعد ما دفن من فعلہ ج ثالث ص ۴۳، نمبر ۱۱۹۳۲ رسنن للبیھقی ،باب الصلوۃ علی القبر بعد ما یدفن المیت ج رابع ص ۸۰، نمبر ۷۰۲۱ )اس حدیث میں ہے کہ آپؐ نے ایک ماہ بعد نماز جنازہ قبر پر پڑھی۔اوراس کے بعداس لئے نہیں پڑھی جائے کہ کتنے رسول اور صحابہ اب تک گزرے،کسی پر بھی ابھی نماز نہیں پڑھی جاتی ہے۔اگر بعد میں بھی پڑھنا جائز ہوتا تو لوگ ضرور پڑھتے۔ چنانچہ اس کی ممانعت کے لئے اثر موجود ہے۔عن ابراهيم قال لا يصلى على الميت مرتين.( مصنف ابن ابی شیبة ۱۶۳ من کان لا یری الصلوۃ علیہا اذا دفنت وقد صلی علیہا ج ثالث ص ۴۵، نمبر ۱۱۹۴۵ )اس اثر سے معلوم ہوا کہ ایک مرتبہ نماز پڑھی گئی ہو اور ولی پڑھ چکا ہو تو دوبارہ اس پر نماز جنازہ نہ پڑھی جائے۔اسی پر امام ابوحنیفہ کا عمل ہے۔

﴿ نماز جنازہ کا طریقہ ﴾

**ترجمه**: ۲ اور نماز کا طریقہ یہ ہے کہ [۱] پہلی تکبیر کہے اس کے بعد اللہ کی حمد بیان کرے (یعنی ثنا پڑھے) [۲] پھر تکبیر کہے اور نبی ﷺ پر درود شریف پڑھے، [۳] تیسری تکبیر کہے اور اس میں اپنے لئے اور میت کے لئے اور مسلمانوں کے لئے دعا پڑھے، [۴] پھر چوتھی تکبیر کہے اور سلام پھیر دے۔

**تشریح**: نماز جنازہ میں چار تکبیریں کہی جاتی ہیں۔پہلی کے بعد ثنا پڑھے، دوسری کے بعد نبی ﷺ پر درود شریف پڑھے، تیسری کے بعد دعائے جنازہ پڑھے اور چوتھی تکبیر کے بعد سلام پھیر دے۔

**وجه**: (۱) چار تکبیر کہنے کی دلیل یہ حدیث ہے عن ابي هريرة ان رسول الله ﷺ نعى النجاشي في اليوم الذي مات فيه وخرج بهم الى المصلى فصف بهم و كبر عليه اربع تكبيرات. (بخاری شریف، باب التکبیر علی الجنازة اربعا ص ۱۷۸ نمبر ۱۳۳۳ رمسلم شریف، باب فی التکبیر علی الجنازة، ص ۳۸۳، نمبر ۹۵۱/۲۲۰۴ رابوداؤد شریف، باب الصلوۃ علی المسلم یموت فی بلاد المشرک ص ۱۰۱ نمبر ۳۲۰۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز جنازہ میں چار تکبیر کہی جائے گی۔

**وجه**: ہر تکبیر کے بعد کیا پڑھے گا اس کی تفصیل اس اثر میں ہے (۱) سأل ابا هريرة كيف تصلي على الجنازة فقال ابو هريرة انا لعمر الله اخبرك اتبعها مع اهلها فاذا وضعوها كبرت وحمدت الله و صليت على نبيه ثم اقول

اللھم عبدک و ابن عبدک الخ. ( مصنف عبد الرزاق، باب القراءۃ والدعاء فی الصلوۃ علی المیت، ج ثالث، ص ۳۱۴ نمبر ۶۴۵۳ رموطا امام مالک، باب مایقول المصلی علی الجنازۃ ص ۲۰۹ ) اس اثر میں ہے کہ پہلی تکبیر کے بعد ثنا، دوسری تکبیر کے بعد درود اور تیسری تکبیر کے بعد میت کے لئے دعا پڑھے۔ اگر سورۂ فاتحہ ثنا کے طور پر پڑھے تو کوئی حرج کی بات نہیں ہے۔ البتہ قرأت کے طور پر پڑھے تو حنفیہ کے نزدیک ٹھیک نہیں ہے۔ (۲) عن الشعبی قال : التکبیر ۃ الاولی علی المیت ثناء علی اللہ ، و الثانیۃ صلاۃ علی النبی ﷺ ، و الثالثۃ دعاء للمیت ، و الرابعۃ تسلیم ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب القراءۃ والدعاء فی الصلوۃ علی المیت، ج ثالث، ص ۳۱۶ نمبر ۶۴۶۲ رمصنف ابن ابی شیبۃ ، باب ۸۴، مایبدأ بہ بالتکبیر الاولی فی الصلاۃ علیہ و الثانیۃ والثالثۃ والرابعۃ ، ج ثانی، ص ۴۹۰، نمبر ۱۱۳۷۵ ) اس اثر میں بھی ہے کہ پہلی تکبیر کے بعد ثناء ہو، دوسری تکبیر کے بعد درود شریف ہو اور تیسری تکبیر کے بعد میت کے لئے دعاء ہو اور چوتھی کے بعد سلام پھیرے۔ اس میں سورہ فاتحہ کا ذکر نہیں ہے۔

نماز جنازہ میں سورہ فاتحہ نہ پڑھنے کی

**وجہ** : (۱) نماز جنازہ ایک قسم کی دعا ہے۔ اس لئے اس میں قرأت نہیں ہوگی۔ اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ قال سفیان : و بلغنا أن ابراھیم قال : علیہ الدعاء و الاستغفار (مصنف عبد الرزاق، باب القراءۃ والدعاء فی الصلوۃ علی المیت، ج ثالث، ص ۳۱۷ نمبر ۶۴۶۳ ) اس اثر میں ہے کہ نماز جنازہ ایک قسم کی دعا کے لئے ہے واقعی یہ نماز نہیں ورنہ تو اس میں رکوع سجدہ ہوتا ۔ (۲) اثر میں فاتحہ کی ممانعت موجود ہے۔ ان عبد اللہ بن عمر کان لا یقرأ فی الصلوۃ علی الجنازۃ (موطا امام مالک، باب مایقول المصلی علی الجنازۃ ص ۲۰۱ رمصنف ابن ابی شیبۃ ، باب ۸۸، من قال لیس علی الجنازۃ قرأۃ ، ج ثانی، ص ۴۹۲، نمبر ۱۱۴۰۴ رمصنف عبد الرزاق، باب القراءۃ والدعاء فی الصلوۃ علی المیت، ج ثالث، ص ۳۱۶ نمبر ۶۴۶۱ ) ) اس اثر سے معلوم ہوا کہ پہلی تکبیر کے بعد سورۂ فاتحہ نہیں پڑھی جائے گی۔ (۳) سألت أبا العالیۃ عن القرأۃ فی الصلاۃ علی الجنازۃ بفاتحۃ الکتاب فقال ما کنت أحسب أن فاتحۃ الکتاب تقرأ الا فی صلاۃ فیھا رکوع و سجود . ( مصنف ابن ابی شیبۃ ، باب ۸۸، من قال لیس علی الجنازۃ قرأۃ، ج ثانی، ص ۴۹۲، نمبر ۱۱۴۰۵ ) اس اثر میں ہے کہ جس نماز میں رکوع سجدہ ہو اسی میں سورہ فاتحہ پڑھے اور نماز جنازہ میں رکوع سجدہ نہیں ہے اس لئے اس میں سورہ فاتحہ نہ پڑھے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے یہاں بھی نماز جنازہ میں چار تکبیریں ہیں، لیکن انکے یہاں پہلی تکبیر کے بعد سورہ فاتحہ پڑھے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ فلذالک نقول : یکبر أربعا علی الجنائز ، یقرأ فی الاولی بأم القرآن ، ثم یصلی علی النبی ﷺ و یدعو للمیت . (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب الصلاۃ علی الجنازۃ والتکبیر فیھا، ج ثالث، ص ۳۸۱، نمبر ۳۱۰۲ ) اس عبارت میں ہے کہ پہلی تکبیر کے بعد سورہ فاتحہ پڑھے،

**وجہ**: ان کی دلیل یہ اثر ہے۔ (۱) عن طلحۃ بن عبد اللہ بن عوف قال صلیت خلف ابن عباس علی جنازۃ فقرأ

۳؎ کبر اربعا فی اخر صلوٰۃ صلاها فنسخت ماقبلها

بفاتحة الكتاب و قال لتعلموا انها سنة (بخاری شریف، باب قراءۃ فاتحۃ الکتاب علی الجنازۃ ص ۱۷۸ نمبر ۱۳۳۵ رابوداؤد شریف، باب مایقرأ علی الجنازۃ ج ثانی ص ۱۰۰ نمبر ۳۱۹۸ رمستدرک حاکم، کتاب الجنائز، ج اول، ص ۵۱۰، نمبر ۱۳۲۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جنازہ میں پہلی تکبیر کے بعد سورۂ فاتحہ پڑھے۔ (۲) حدثتنی أم شریک الأنصاریة قالت : أمرنا رسول الله ﷺ أن نقرأ علی الجنازة بفاتحة الكتاب . (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی القرأۃ علی الجنازۃ، ص ۲۱۴، نمبر ۱۴۹۶) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے سورہ فاتحہ پڑھنے کا انکو حکم فرمایا تھا جسکی بنا پر وہ سورہ فاتحہ پڑھنا ضروری سمجھتے ہیں۔

حنفیہ کے نزدیک تیسری تکبیر کے بعد عموما بڑوں کے لئے یہ دعا پڑھتے ہیں۔ عن ابی هریرة قال صلی رسول الله ﷺ علی جنازة فقال اللهم اغفر لحینا و میتنا و صغیرنا و کبیرنا ، و ذکرنا و أنثانا ، و شاهدنا و غائبنا ، اللهم ! من أحییته منا فأحیه علی الاسلام ، و من توفیته منا فتوفه علی الایمان ، اللهم ! لا تحرمنا أجره و لا تضلنا بعده ۔ (ابوداؤد شریف، باب الدعاء للمیت ج ثانی ص ۱۰۰ نمبر ۳۲۰۱ رترمذی شریف، باب مایقول فی الصلوۃ علی المیت، ص ۱۹۸ نمبر ۱۰۲۴) اس حدیث میں وہ دعاء کی عبارت ہے جو نماز جنازہ کی تیسری تکبیر کے بعد پڑھتے ہیں۔ اس کے علاوہ بھی دعاء پڑھے گا تو دعا ادا ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۳؎ اس لئے کہ حضورؐ نے جو آخری نماز پڑھی ہے اس میں چار تکبیریں کہی ہیں، اس لئے اس سے قبل کی تکبیریں منسوخ ہو گئیں۔

**تشریح**: یوں تو عموما جتنی نماز جنازہ پڑھی ہیں ان میں چار تکبیریں ہی کہیں ہیں، لیکن اگر کسی میں پانچ تکبیر کا تذکرہ ہے تو وہ منسوخ ہے، کیوں کہ آپؐ نے جو آخیر عمر میں نماز جنازہ پڑھی ہے اس میں چار تکبیریں ہی کہی ہیں اسلئے باقی تکبیریں منسوخ سمجھی جا ئیں گیں اور چار تکبیر کی یہ حدیث گزر چکی ہے۔ عن ابی هریرة ان رسول الله ﷺ نعی النجاشی فی الیوم الذی مات فیه وخرج بهم الی المصلی فصف بهم و کبر علیه اربع تکبیرات. (بخاری شریف، باب التکبیر علی الجنازۃ اربعا ص ۱۷۸ نمبر ۱۳۳۳ رمسلم شریف، باب فی التکبیر علی الجنازۃ، ص ۳۸۳، نمبر ۹۵۱/۲۲۰۴ رابوداؤد شریف، باب الصلوۃ علی المسلم یموت فی بلاد المشرک ص ۱۰۱ نمبر ۳۲۰۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نماز جنازہ میں چار تکبیر کہی جائے گی۔ اور باقی تکبیریں منسوخ ہیں اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن ابی وائل قال : جمع عمرؓ الناس فاستشار هم فی التکبیر علی الجنازة فقال بعضهم کبر رسول الله ﷺ خمسا و قال : بعضهم کبر سبعا و قال بعضهم أربعا قال : فجمعهم علی أربع تکبیرات کأطول الصلوة . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۸۹، ما قالوا فی التکبیر علی الجنازۃ من کبر أربعا، ج ثانی، ص ۴۹۵، نمبر ۱۱۴۴۵) اس اثر میں ہے کہ صحابہ کرام نے چار تکبیروں پر اجماع فرمالیا ہے۔

(۱۱۷) ولو کبر الامام خمساً لم یتابعه المؤتم﴾ ۱؎ خلافا لزفرؒ ۲؎ لانه منسوخ لما روینا ۳؎ وینتظر تسلیمة الامام فی روایة وهو المختار ۴؎ والاتیان بالدعوات استغفار للمیت والبدایة بالثناء ثم بالصلوة سنة الدعاء

**ترجمه:** (۱۱۷) اوراگرامام پانچویں تکبیر کہے تو مقتدی اس کی اتباع نہ کرے۔

**تشریح:** ہمارے یہاں چار تکبیریں ہی ہیں، لیکن اگر کوئی نماز جنازہ میں پانچویں تکبیر کہہ دے تو حنفی مقتدی کو چاہئے کہ اسکی اتباع نہ کرے بلکہ چپ چاپ کھڑا رہے اور امام کے سلام پھیرنے کا انتظار کرے جب وہ سلام پھیرے تو امام کے ساتھ سلام پھیر لے۔ یہی مختار مذھب ہے۔ اگر چہ ایک رائے یہ بھی ہے کہ امام کی اتباع میں پانچویں بھی کہے۔ کیونکہ پانچویں تکبیر جائز ہے اور امام کی اتباع ضروری ہے اسلئے امام کی اتباع میں پانچویں تکبیر میں شریک ہوجانا چاہئے۔

**وجه:** اس حدیث میں پانچویں تکبیر کا ثبوت ہے۔ کان زید یعنی ابن ارقم یکبر علی جنائزنا أربعا، و انه کبر علی جنازة خمسا، فسألته، فقال کان رسول الله ﷺ یکبرها. (ابوداود شریف، باب التکبیر علی الجنازۃ، ص ۴۶۷، نمبر ۳۱۹۷ رترمذی شریف، باب ماجاء فی التکبیر علی الجنازۃ، ص ۲۴۷، نمبر ۱۰۲۳) اس حدیث میں ہے کہ حضرت زید ابن ارقمؓ نے پانچویں تکبیر کہی اور یہ بھی کہا کہ یہ سنت ہے جس سے معلوم ہوا کہ اس کا ثبوت ہے اسلئے کسی نے اسکی اتباع کر لی تو نماز فاسد نہیں ہوگی۔

**ترجمه:** ۱؎ امام زفرؒ اسکے خلاف ہیں۔

**تشریح:** امام زفرؒ کی رائے یہ ہے کہ امام پانچویں تکبیر کہے تو مقتدی کو اسکی اتباع کرنی چاہئے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اوپر کی حدیث میں پانچویں تکبیر کا ثبوت ہے، اور امام کی اتباع ضروری ہے، اسلئے انکی اتباع کرنی چاہئے۔

**ترجمه:** ۲؎ اسلئے کہ پانچویں تکبیر منسوخ ہے، اس حدیث کی بنا پر جو میں نے پہلے روایت کی

**تشریح:** یہ عبارت امام ابوحنیفہؒ کی دلیل ہے کہ میں نے پہلے روایت کی کہ پانچ تکبیر کی روایت منسوخ ہے، اس لئے منسوخ کی اتباع نہیں کرنی چاہئے، چاہے امام کررہا ہو۔

**ترجمه:** ۳؎ ایک روایت میں یہ ہے کہ امام کے سلام کا انتظار کرے، مختار روایت یہی ہے۔

**تشریح:** ایک روایت یہ ہے کہ حنفی مقتدی سلام پھیر دے تاکہ انکی پوری مخالفت ہوجائے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ امام کی اتباع کرلے۔ اور تیسری روایت یہ ہے کہ چپ چاپ کھڑا رہے اور امام کے سلام کا انتظار کرے وہ سلام پھیرے تو یہ بھی سلام پھیر لے، صاحب ھدایہ کہتے ہیں کہ یہی مذہب مختار ہے۔

**ترجمه:** ۴؎ دعا پڑھنا حقیقت میں میت کے لئے استغفار کرنا ہے اور ثناء سے شروع کرنا پھر درود شریف پڑھنا دعا کی سنت ہے۔

ﮥ ولا يستغفر للصبی ولكن يقول اللهم اجعله لنا فرطا واجعله لنا اجرا و ذخرا وجعله لنا شافعًا ومشفعًا (١٢٧) ولو كبر الامام تكبيرة اوتكبيرتين لايكبر الآتی حتی يكبر اخریٰ بعد حضوره ﴾ لـ عند ابی حنيفةؒ ومحمدؒ

**تشریح** : اوپر جوآیا کہ میت کے لئے دعا کرے، اسکی تفصیل بتلا رہے ہیں کہ یہ دعا میت کے لئے استغفار ہے، اور دعا کی سنت میں سے یہ ہے کہ اس سے پہلے اللہ تعالی کی حمد ثناء کرے، پھر حضورؐ پر درود شریف بھیجے تا کہ دعا زیادہ قبول ہو، اسی لئے نمازوں میں اپنے لئے دعا سے پہلے ثناء کی جاتی ہے اور اسکے بعد درود بھیجا جاتا ہے، اس لئے یہاں بھی ایسا ہی کرے۔ اس کیلئے اثر اوپر گزر گیا ہے۔

**ترجمہ** : ﮥ بچے کے لئے استغفار نہ کرے، لیکن یوں کہے، اللهم اجعله لنا فرطا و اجعله لنا اجرا و ذخرا و اجعله لنا شافعا و مشفعا

**تشریح** : بچہ یا بچی نابالغ ہے وہ شریعت کا مکلّف نہیں ہے اس لئے اس پر کوئی گناہ نہیں ہے اسلئے اسکے لئے استغفار کرنے کی ضرورت نہیں ہے اسلئے بالغ آدمی کے لئے جو دعا پڑھی جاتی ہے اسکے بجائے یہ دعا پڑھے۔ اللهم اجعله لنا فرطا۔ الخ۔

**وجه** : اس اثر میں اس کا کچھ حصہ ہے۔ (١) عن الحسن أنه كان اذا صلی علی الطفل قال اللهم اجعله لنا فرطا، اللهم اجعله لنا اجرا ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الدعاء علی الطفل، ج ثالث ص ٣٤٦، نمبر ٦٦١٥) اس اثر میں بچے پر دعا پڑھنے کا ثبوت ہے۔ (٢) بخاری شریف میں اثر اس طرح ہے۔ و قال الحسن : يقرأ علی الطفل بفاتحة الكتاب و يقول اللهم اجعله لنا سلفا و فرطا و اجرا ۔ (بخاری شریف، باب قرأۃ فاتحۃ الکتاب علی الجنازۃ، ص ٢١٣، نمبر ١٣٣٥) اس اثر میں ہے کہ بچے پر دعا کس طرح پڑھے۔ لیکن اگر کوئی اور دعا پڑھ دی تب بھی نماز ہو جائے گی، اس لئے کہ ضروری طور پر یہی دعا متعین نہیں ہے۔ اثر میں ہے ۔ عن ابراهيم قال ليس في الصلوة علی الميت دعاء مؤقت في الصلوة فادع بما شئت (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ٨٣، من قال لیس علی المیت دعاء مؤقت فی الصلوۃ علیہ وادع بما بدا لک، ج ثانی، ص ٤٨٩، نمبر ١١٣٦٩) اس اثر میں ہے کہ جنازہ میں کوئی متعین دعا نہیں ہے۔

**ترجمہ** (١٢٧) اگر امام نے ایک تکبیر یا دو تکبیر کہہ دی اسکے بعد کوئی جنازے میں شامل ہوا تو آنے والا حاضر ہونے کے بعد تکبیر نہ کہے جب تک کہ امام اگلی تکبیر نہ کہے۔

**ترجمہ** لـ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک۔

**تشریح** : نماز جنازہ میں چار تکبیریں ہیں، اب مثلا امام دو تکبیر کہہ چکے ہیں اور درود شریف پڑھ رہے ہیں کہ زید آیا تو امام ابو حنیفہؒ

۲ وقال ابویوسفؒ یکبر حین یحضر لان الاولیٰ للافتتاح والمسبوق یاتی بہ ۳ ولھما ان کل تکبیر قائمۃ مقام رکعۃ والمسبوق لایبتدی بما فاتہ اذھو منسوخ

اور امام محمدؒ کی رائے یہ ہے کہ زید ابھی کھڑا رہے تکبیر افتتاح شروع نہ کرے، جب امام تیسری تکبیر کہیں گے تو زید بھی تیسری تکبیر کہہ کر امام کے ساتھ میت کی دعا پڑھنا شروع کرے۔ نماز شروع کرنے کی تکبیر کو، تکبیر افتتاح، کہتے ہیں۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ جنازے کی چار تکبیریں گویا کہ چار رکعتیں ہیں، اور دو تکبیریں چھوٹ گئیں تو گویا کہ دو رکعتیں چھوٹ گئیں، اور یہ آدمی مسبوق ہو گیا، اور مسبوق کا قاعدہ یہ ہے کہ وہ پہلی رکعت شروع نہیں کرتا بلکہ امام جس رکعت میں ہوتا ہے اسی رکعت میں شامل ہوتا ہے ، اس مثال میں امام دوسری تکبیر، یعنی دوسری رکعت میں ہے اسلئے تیسری رکعت شروع کرنے کا انتظار کرے تاکہ زید تیسری رکعت میں شامل ہو سکے، اور پہلی اور دوسری تکبیر امام کے فارغ ہونے کے بعد ادا کرے، کیونکہ مسبوق امام کے سلام پھیرنے کے بعد باقی رکعتیں ادا کرتا ہے، ایسے ہی زید امام کے فارغ ہونے کے بعد باقی تکبیر ادا کرے گا۔ تکبیر افتتاح بھی ایک رکعت کے درجے میں ہے اسلئے تکبیر افتتاح بھی پہلے نہیں کرے گا بعد میں ادا کرے گا۔ (۲) اثر میں ہے۔ عن الحارث أنہ کان یقول اذا انتھی الرجل الی الجنازۃ و قد سبق ببعض التکبیر لم یکبر حتی یکبر الامام . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۹۶، فی الرجل ینتھی الی الامام وقد کبر أیدخل معہ أو ینتظر حتی یبدأ بالتکبیر، ج ثانی، ص ۴۹۹، نمبر ۱۱۴۸۸) اس اثر میں ہے کہ آنے والا آدمی تکبیر نہیں کہے گا جب تک کہ امام اگلی تکبیر نہ کہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ جیسے ہی آدمی آیا وہ تکبیر کہے، اس لئے کہ یہ پہلی تکبیر افتتاح کے لئے ہے اور مسبوق پہلی تکبیر کہتا ہے۔

**تشریح** : حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ آنے والا آدمی جیسے ہی آئے وہ تکبیر افتتاح کہے اور امام جہاں تک پہنچا ہے اس میں شامل ہو جائے۔

**وجہ** : (۱) وہ فرماتے ہیں کہ اس سے کئی تکبیریں چھوٹی ہیں اسلئے یہ مسبوق ہے، لیکن مسبوق تکبیر افتتاح کہتا ہے، اور امام کے ساتھ شامل ہوتا ہے، اس لئے یہ بھی تکبیر کہے گا اور امام کے ساتھ شامل ہو جائے گا، یہ تکبیر کہنا افتتاح کے لئے ہے رکعت پوری کرنے کے درجے میں نہیں ہے (۲) اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ عن الحسن فی الرجل ینتھی الی الجنازۃ و ھم یصلون علیھا قال : یدخل معھم بتکبیرۃ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۹۶، فی الرجل ینتھی الی الامام وقد کبر أیدخل معہ أو ینتظر حتی یبدأ بالتکبیر، ج ثانی، ص ۴۹۹، نمبر ۱۱۴۸۹) اس اثر میں ہے کہ ایک تکبیر افتتاح کہے اور امام کے ساتھ داخل ہو جائے۔

**ترجمہ**: ۳ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ ہر تکبیر ایک ایک رکعت کے قائم مقام ہے اور مسبوق اس رکعت کو شروع

ﻻ ولو كان حاضرا فلم يكبر مع الامام لا ينتظر الثانية بالاتفاق لانه بمنزلة المدرك (۱۳ا۷)ويقوم الذي يصلي على الرجل والمرأة بحذاء الصدر ﴾ ل لانه موضع القلب وفيه نور الايمان فيكون القيام عنده اشارة الى الشفاعة لايمانه.

نہیں کرتا جواس سے فوت ہوگئی ہے، کیونکہ ایسا کرنا منسوخ ہو چکا ہے۔

**تشریح** : یہ طرفین کی دلیل ہے۔ مسبوق پہلی رکعت کو شروع نہیں کرتا بلکہ امام کے ساتھ مل جاتا ہے ۔ اسی طرح یہ آدمی پہلی تکبیر شروع نہیں کرے گا کیونکہ وہ پہلی رکعت کے درجے میں ہے، اور مسبوق پہلی رکعت شروع نہیں کر سکتا، اس لئے یہ پہلی تکبیر بھی نہیں کہے گا، بلکہ امام کی اگلی تکبیر کا انتظار کرے گا، اور جب وہ تکبیر کہے گا تو اسکے ساتھ شامل ہو گا۔ شروع اسلام میں ایسا تھا کہ مسبوق پہلے اپنی چھوٹی ہوئی رکعت پوری کرتا تھا اسکو پوری کرنے کے بعد پھر امام کے ساتھ ملتا تھا، اب ایسا کرنا منسوخ ہو گیا۔

**ترجمہ** : ﻻ اور اگر امام کے پاس ہی موجود تھا اور امام کے ساتھ تکبیر نہیں کہی تو بالاتفاق اگلی تکبیر کا انتظار نہ کرے اسلئے کہ یہ مدرک کے درجے میں ہے

**تشریح** : مدرک: کا معنی ہے شروع سے امام کو پانے والا۔ ایک آدمی امام کے پاس موجود تھا اور امام نے دوسری تکبیر کہہ دی اور اس آدمی نے ابھی تک تکبیر نہیں کہی ہے تو فورا تکبیر کہہ کر امام کے ساتھ شامل ہو جائے، امام کی اگلی تکبیر کا انتظار نہ کرے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ اس آدمی نے شروع سے امام کو پایا ہے اور مدرک ہے، یہ اس کی غفلت ہے کہ اس نے امام کے ساتھ تکبیر نہیں کہی اسلئے اب فورا تکبیر کہہ کر امام کے ساتھ شامل ہو جائے۔

**ترجمہ**: (۱۳ا۷) جو نماز جنازہ پڑھائے وہ مرد اور عورت کے سینے کے پاس کھڑا ہو۔

**ترجمہ** : ل اسلئے کہ سینہ دل کی جگہ ہے، اور اس میں ایمان کا نور ہے، اسلئے سینے کے پاس کھڑا ہونا گویا کہ اسکے ایمان کی شفاعت کرنا ہے۔

**تشریح** : نماز جنازہ پڑھائے تو میت مرد ہو یا عورت اسکے سینے کے سامنے کھڑا ہو، اسکی وجہ یہ ہے کہ سینہ کے اندر ایمان کا نور ہے تو امام اسکے سامنے کھڑا ہو کر گویا کہ اسکے ایمان کی گواہی دے رہا ہے۔ حذاء: کا معنی ہے سامنے۔

**وجہ** : (۱) سینہ کے پاس کھڑے ہونے کی دلیل یہ اثر ہے ۔عن عطاء قال اذا صلى الرجل على الجنازة قام عند الصدر. (مصنف بن ابی شیبۃ ۱۰۲، فی المرأۃ این یقام منها فی الصلوۃ والرجل علی الجنازۃ این یقام منہ ج ثالث ص ۶ نمبر ۱۱۵۵۱ / مصنف عبد الرزاق، باب این یقوم الامام من الجنازۃ ج ثالث ص ۳۳۰ نمبر ۶۳۸۱) اس اثر سے معلوم ہوا کہ میت کے سینہ کے پاس کھڑا ہونا چاہئے (۲) اس لئے بھی کہ سینہ میں نور ایمان ہے تو وہاں کھڑے ہو کر گویا کہ نور ایمان کی گواہی دینا ہے۔ اور اسکی شفارس

۲ وعن ابی حنیفةؒ انه یقوم من الرجل بحذاء رأسه ومن المرأة بحذاء وسطها لان انساً فعل کذلک وقال هو السنة ۳ قلنا تاویله ان جنازتها لم تکن منعوشة محال بینها وبینهم

کرر ہا ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ مرد کے سر کے سامنے۔ اور عورت کے درمیان کے سامنے کھڑا ہو، کیونکہ حضرت انسؓ نے ایسا کیا ہے، اور یہ بھی فرمایا کہ یہ سنت ہے۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت یہ بھی ہے مرد کے سر کے سامنے امام کھڑا ہو اور عورت کے درمیان میں کھڑا ہو۔ اس لئے کہ حضرت انسؓ اسی طرح کھڑے ہوئے اور ان سے پوچھا کہ کیا حضورؐ ایسے ہی کھڑے ہوتے تھے؟ تو فرمایا ہاں!

**وجہ**: (۱) حضرت انسؓ والی حدیث یہ ہے۔ قالوا هذا انس بن مالک ، فلما وضعت الجنازة قام انس فصلی علیها و أنا خلفه لا یحول بینی و بینه شیء فقام عند رأسه فکبر أربع تکبیرات لم یطل و لم یسرع ثم ذهب یقعد فقالوا یا ابا حمزة ! المرأة الانصاریة فقربوها و علیها نعش أخضر فقام عند عجیزتها فصلی علیها نحو صلاته علی الرجل ثم جلس فقال العلاء بن زیاد یا ابا حمزة ! هکذا کان رسول الله ﷺ یصلی علی الجنازة کصلاتک یکبر علیها أربعا و یقوم عند رأس الرجل و عجیزة المرأة قال نعم۔ (ابوداود شریف، باب أین یقوم الامام من المیت اذا صلی علیه، ص ۴۶۶، نمبر ۳۱۹۴ / ابن ماجة شریف، باب ما جاء فی أین یقوم الامام اذا صلی علی الجنازة، ص ۲۱۳، نمبر ۱۴۹۴) اس حدیث میں ہے کہ مرد کے سر کے پاس اور عورت کے سرین کے پاس، یعنی درمیان میں کھڑے ہوئے۔ (۲) اور عورت کے درمیان امام کھڑا ہو۔ ان کی دلیل یہ حدیث ہے حدثنا سمرة بن جندب قال صلیت وراء النبی ﷺ علی امرأة ماتت فی نفاسها فقام علیها وسطها (بخاری شریف، باب این یقوم من المرأة والرجل ص ۱۷۷ نمبر ۱۳۳۲ / مسلم شریف، باب این یقوم الامام من المیت للصلاة علیه، ص ۳۸۸، نمبر ۲۲۳۵/۹۶۴ / ابوداود شریف، باب أین یقوم الامام من المیت اذا صلی علیه، ص ۴۶۷، نمبر ۳۱۹۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عورت کے درمیان کھڑا ہو تا کہ عورت کے لئے امام سترہ بن جائے۔ اس روایت کی دلیل مضبوط ہے۔

**ترجمہ**: ۳ ہم نے کہا کہ حضرت انسؓ کے عمل کی تاویل یہ ہے کہ عورت کا جنازہ نعش والا نہیں تھا اس لئے قوم اور عورت کے درمیان حضرت انسؓ حائل ہو گئے۔

**تشریح**: صندوق نما تابوت ہوتا ہے جس پر کپڑا ڈال دیتے ہیں اور میت کو ڈھانپ دیتے ہیں جس سے عورت کا پردہ ہو جاتا، اس کو نعش کہتے ہیں، عورت کی میت پر یہ نعش ڈالنا بہتر ہے تا کہ عورت کا پردہ ہو جائے، مصنف تاویل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ

(٧١٤) فان صلوا علی جنازة ركبانا اجزاهم فی القياس ﴾ ل لانها دعاء ٢ وفی الاستحسان لاتجزيهم لانها صلوٰة من وجه لوجود التحريمة فلايجوز تركه من غير عذر احتياطا (٧١٥) ولابأس بالاذن فی صلوٰة الجنازة﴾ ل لان التقدم حق الولی فيملك ابطاله بتقديم غيره

حضرت انسؓ کو سینے کے پاس ہی کھڑا ہونا چاہئے لیکن چونکہ عورت پر نعش نہیں تھی اسلئے عورت کے درمیان میں کھڑے ہو گئے تا کہ کچھ نہ کچھ قوم سے پردہ ہو جائے، یہی پردہ کرنے کے لئے درمیان میں کھڑے ہوئے۔ لیکن یہ تاویل صحیح نہیں ہے، کیونکہ اوپر کی ابو داود شریف والی حدیث میں صراحت ہے کہ اس عورت پر سبز نعش تھی۔ حدیث میں یہ عبارت موجود ہے [و عليها نعش أخضر ] اس لئے یہ تاویل صحیح نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (٧١٤) اگر جنازے کی نماز سواری کی حالت میں پڑھ لی تو قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ نماز کافی ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ یہ دعا ہے

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ نماز جنازہ ایک اعتبار سے صرف دعاء ہے اس لئے قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ سواری کی حالت میں بھی پڑھی جا سکتی ہے۔ اور ایک اعتبار سے نماز ہے کیونکہ اس میں تحریمہ ہے، قیام ہے اس لئے سواری پر نہیں ہونی چاہئے۔ استحسان کا تقاضا یہ ہے کہ جہاں تک ہو سکے سواری پر نماز نہ پڑھے کیونکہ وہ نماز ہے۔

**وجہ**: قیاس کا تقاضا یہ ہے کہ سواری پر نماز جنازہ جائز ہے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ قال رأيت الحسن يصلی علی جنازة أبی رجاء العطاردی علی حمار . (مصنف ابن ابی شیبة، باب ٧٧، فی الرجل والمرأة یصلی علی الجنازة وھو راکب، ج ثانی، ص ٤٨٥، نمبر ١١٣٣٦) اس اثر میں ہے کہ گدھے پر سوار ہو کر جنازے کی نماز پڑھی۔

**ترجمہ**: ٢ اور استحسان کا تقاضا یہ ہے کہ سواری پر نماز کافی نہ ہو اسلئے کہ یہ ایک اعتبار سے نماز ہے تحریمہ کے پائے جانے کی وجہ سے، اسلئے احتیاطا بغیر عذر کے قیام کو چھوڑنا جائز نہیں ہے۔

**تشریح**: نماز جنازہ ایک اعتبار سے نماز ہے کیونکہ اس میں تحریمہ ہے اور قیام ہے اس لئے احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ بغیر عذر کے قیام کو نہ چھوڑا جائے، اور سواری پر نماز پڑھنے میں قیام کو چھوڑنا پڑے گا، اس لئے سواری پر نماز جنازہ پڑھنا اچھا نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (٧١٥) دوسروں کو نماز جنازہ پڑھانے کی اجازت دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ آگے بڑھ کر نماز پڑھانا ولی کا حق ہے تو دوسرے کو آگے بڑھا کر اپنے حق کو باطل کرنے کا مالک ہے۔

**تشریح**: اس عبارت کا دو مطلب ہے۔ [ا] ایک تو اس لفظ کو اذن، سے مشتق مانیں جسکا ترجمہ ہے اجازت دینا۔ اور مطلب یہ ہوگا کہ میت کے ولی کو حق ہے کہ خود آگے بڑھ کر نماز پڑھائے، لیکن کسی بزرگ کو نماز پڑھانے کی اجازت دے تو ایسا کر سکتا ہے اس

۲ وفی بعض النسخ لاباس بالاذان ای الاعلام وھو ان یعلم بعضھم بعضًا لیقضوا حقه (۷۱۶) ولا یصلی علیٰ میّت فی مسجد جماعة ﴾ ۱ لقول النبی صلی اللہ علیه والہ وسلم من صلی علی جنازة

میں کوئی حرج نہیں ہے، کیونکہ یہ ولی کا ذاتی حق ہے اس کو باطل کرنے کا اسے اختیار ہے ۔

**وجه** : اثر میں ہے کہ حضرت انسؓ کو ولی نے انصاریہ عورت کی نماز پڑھانے کے لئے کہا، حدیث کا ٹکڑا یہ ہے ۔ قالوا ھذا انس بن مالک... ثم ذھب یقعد فقالوا یا ابا حمزة ! المرأة الانصاریة فقربوھا و علیھا نعش أخضر فقام عند عجیزتھا فصلی علیھا ۔ (ابوداود شریف، باب أین یقوم الامام من المیت اذا صلی علیہ، ص ۴۶۶، نمبر ۳۱۹۴/ابن ماجۃ شریف، باب ماجاء فی أین یقوم الامام اذا صلی علی الجنازۃ، ص ۲۱۳، نمبر ۱۴۹۴) اس حدیث میں حضرت انسؓ کو ولی نے نماز جنازہ پڑھانے کے لئے کہا۔ اس لئے ولی اپنا حق ساقط کر کے دوسرے کو اجازت دے سکتا ہے۔

**ترجمه** : ۲ اور بعض نسخے میں ہے [لاباس بالآذان] یعنی اعلان کرنا، اور اس کا مطلب یہ ہوگا کہ بعض بعض کو نماز جنازہ کی اطلاع دے تو وہ اپنا حق ادا کریں۔

**تشریح** : بعض نسخے میں اذن: اذن اور اجازت سے مشتق نہیں ہے، بلکہ اذان، سے مشتق ہے، جس کا ترجمہ ہے اطلاع دینا اور اعلان کرنا، اور عبارت کا مطلب یہ ہوگا کہ لوگوں کو اطلاع دینے میں اور نماز جنازہ کے اعلان کرنے میں کوئی حرج کی بات نہیں ہے، تاکہ لوگ نماز میں حاضر ہوں اور نماز پڑھ کر میت کا بھی حق ادا کریں اور اپنا حق بھی پورا کرلیں۔ یعلم: کا معنی ہے بتلانا۔ قضا کا ترجمہ ہے حق ادا کرنا۔

**وجه** : حضورؐ نے فرمایا تھا کہ کسی کا انتقال ہو جائے تو مجھے اسکی اطلاع دیا کرو، حدیث یہ ہے۔ عن ابی ھریرۃ ان اسود رجلا او امرأة کان یقیم المسجد فمات ولم یعلم النبی ﷺ بموته فذکرہ ذات یوم فقال ما فعل ذلک الانسان قالوا مات یا رسول اللہ قال افلا اذنتمونی فقالوا انه کان کذا کذا قصته قال وفحقروا شانه قال فدلونی علی قبرہ قال فاتی قبرہ فصلی علیه ۔ (بخاری شریف، باب الصلوۃ علی القبر بعد ما یدفن ص ۸۷۱ نمبر ۱۳۳۷/ابوداؤد شریف، باب الصلوۃ علی القبر ج ثانی ص ۱۰۱ نمبر ۳۲۰۳) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ مجھے اسکی اطلاع کیوں نہ دی، جس سے معلوم ہوا کہ اطلاع دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمه** : (۷۱۶) اور نہ نماز پڑھے میت پر جماعت والی مسجد میں۔

**ترجمه** : ۱ نبی ﷺ کے قول کی وجہ سے کہ جس نے مسجد میں جنازے کی نماز پڑھی تو اسکے لئے کوئی اجر نہیں ہے۔

**تشریح** : جس مسجد میں جماعت کی نماز ہوتی ہو اس میں نماز جنازہ پڑھنا مکروہ ہے۔ اس لئے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ جس نے مسجد

فی المسجد فلا اجر له

میں نماز جنازہ پڑھی اسکے لئے کچھ نہیں ہے۔

**وجہ**: (۱) میت مسجد میں رکھی جائے تو ممکن ہے کہ مسجد کے تلویث ہونے کا خطرہ ہو۔اس لئے مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا مکروہ ہے۔البتہ پڑھ لیا تو ہو جائے گی (۲) حدیث میں ہے۔جسکی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ کیا ہے۔عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ من صلی علی جنازۃ فی المسجد فلا شیء له ۔(ابوداؤد شریف، باب الصلوۃ علی الجنازۃ فی المسجد ج ثانی ص ۹۸ نمبر ۳۱۹۱ر ابن ماجہ شریف، باب ما جاء فی الصلاۃ علی الجنائز فی المسجد، ص ۲۱۶، نمبر ۱۵۱۷ر سنن للبیھقی ، باب الصلوۃ علی الجنازۃ فی المسجد ج رابع ص ۸۶، نمبر ۷۰۴۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسجد میں نماز پڑھنے سے ثواب نہیں ملے گا (۳) خود مدینہ طیبہ میں نماز جنازہ کے لئے الگ جگہ تھی اسکے لئے حدیث یہ ہے۔ عن ابی ھریرۃؓ أن رسول اللہ ﷺ نعی النجاشی فی الیوم الذی مات فیه و خرج بھم الی المصلی فصف بھم و کبر علیه أربع تکبیرات. (بخاری شریف، باب التکبیر علی الجنازۃ أربعا، ص ۲۱۳، نمبر ۱۳۳۳) اس حدیث میں ہے کہ نماز جنازہ پڑھنے کے لئے مسجد سے باہر عیدگاہ گئے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا اچھا نہیں ہے (۴) اثر میں ہے۔ عن کثیر بن عباس قال : لأعرفن ما صلیت علی جنازۃ فی المسجد . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۶۷، من کرہ الصلاۃ علی الجنازۃ فی المسجد، ج ثالث، ص ۴۷، نمبر ۱۱۹۷۲ر مصنف عبد الرزاق، باب الصلاۃ علی الجنازۃ فی المسجد، ج ثالث، ص ۳۴۴، نمبر ۶۶۰۷) اس اثر میں ہے کہ مجھے معلوم ہے کہ کبھی میں نے مسجد میں جنازہ کی نماز نہیں پڑھی۔ جس سے معلوم ہوتا ہے اچھا نہیں ہے۔

**فائدہ**: امام شافعیؒ کے یہاں مسجد میں نماز جنازہ پڑھنا جائز ہے۔ترمذی شریف میں یہ عبارت ہے۔ و قال الشافعیؒ یصلی علی المیت فی المسجد ، و احتج بھذا الحدیث۔(ترمذی شریف، باب ما جاء فی الصلاۃ علی المیت فی المسجد، ص ۲۵۰، نمبر ۱۰۳۳) اس عبارت میں ہے کہ امام شافعیؒ کے یہاں مسجد میں جنازہ پڑھنا جائز ہے۔

**وجہ**: ان کی دلیل یہ حدیث ہے (۱) عن عائشة لما توفی سعد بن ابی وقاص ... فبلغھن ان الناس عابوا ذلک و قالوا ما کانت الجنائز یدخل بھا المسجد فبلغ عائشة فقالت ما اسرع الناس الی ان یعیبوا مالا علم لھم به ،عابوا علینا ان یمر بجنازۃ فی المسجد وما صلی رسول اللہ علی سھیل بن بیضاء الا فی جوف المسجد (مسلم شریف، ابواب الجنائز، فصل فی جواز الصلوۃ علی المیت فی المسجد ص ۳۱۳ نمبر ۹۷۳ر ابوداؤد شریف، باب الصلوۃ علی الجنازۃ فی المسجد ج ثانی ص ۹۸ نمبر ۳۱۹۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسجد میں نماز جنازہ پڑھی جا سکتی ہے۔ (۲) عن ھشام بن عروۃ قال رأی أبی الناس یخرجون من المسجد لیصلوا علی الجنازۃ فقال : ما یصنع ھؤلاء ؟ ما صلی علی ابی بکر الا فی المسجد ۔(مصنف عبد الرزاق، باب الصلاۃ علی الجنازۃ فی المسجد، ج ثالث، ص ۳۴۴، نمبر ۶۶۰۳ر مصنف ابن ابی

۲ ولانه بنی لاداء المکتوبات ۳ ولانه یحتمل تلویث المسجد. ۴ وفیما اذا کان المیت خارج المسجد اختلف المشائخ

شیبۃ، باب ۱۶۶، فی الصلاۃ علی المیت فی المسجد من لم یر بہ بأسا، ج ثالث، ص ۴۷، نمبر ۱۱۹۶۶) اس اثر میں ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کی نماز جنازہ مسجد میں پڑھی گئی۔

**نوٹ**: لیکن حدیث کے انداز ہی سے پتہ چلتا ہے کہ عام صحابہ نے مسجد میں میت لانے سے کراہیت کا اظہار فرمایا تھا۔ اور یہی حنفیہ کا مذہب ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور اس لئے کہ مسجد فرض نمازوں کے لئے بنائی گئی ہے۔

**تشریح**: ۔یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ مسجد فرض نمازوں کے لئے بنائی گئی ہے اس لئے نماز جنازہ صحیح نہیں۔۔لیکن اس دلیل پر دوسروں کا اعتراض یہ ہے کہ پھر سورج گرہن اور تراویح کی نماز کیوں مسجد میں پڑھتے ہیں؟ جبکہ نماز جنازہ تو فرض کفایہ ہے!

**ترجمہ**: ۳ اور اس لئے کہ مسجد کے خراب ہونے کا احتمال ہے۔

**تشریح**: یہ دوسری دلیل عقلی ہے۔ کہ میت کو مسجد میں لیجانے سے ہوسکتا ہے کہ میت کی نجاست نیچے گر جائے اور مسجد خراب ہو جائے اسلئے میت کو مسجد میں لیجانا اور نماز پڑھنا مکروہ ہے۔۔ اس دلیل پر دوسروں کا اعتراض یہ ہے کہ اگر میت تابوت میں ہو اور میت سے نجاست گرنے کا کوئی احتمال نہ ہو تو پھر مکروہ نہیں ہونا چاہئے۔ یہ اعتراض ہے، واللہ اعلم۔ تلویث کا معنی ہے ملوث ہونا، خراب ہونا۔

**ترجمہ**: ۴ اور اس صورت میں کہ میت مسجد سے باہر ہو تو مشائخ کا اختلاف ہے۔

**تشریح**: میت مسجد سے باہر ہو اسکی دو صورتیں ہیں [۱] ایک یہ کہ جنازہ باہر ہو اور امام صاحب اور کچھ مقتدی بھی باہر ہوں، اور کچھ مقتدی مسجد کے اندر ہوں تو اس صورت میں کوئی اختلاف نہیں ہے، سبھی کے یہاں مکروہ نہیں ہے۔

**وجہ**: اسکی وجہ یہ ہے کہ جنازہ باہر ہے اسلئے مسجد کے تلویث کا احتمال نہیں ہے، اور نماز کا اصل مدار امام صاحب پر ہے اور وہ چونکہ باہر ہیں اسلئے گویا کہ نماز مسجد سے باہر ہی ہوئی۔ اب کچھ لوگ مسجد کے اندر ہیں تو انکا اعتبار نہیں ہے، اسلئے اس صورت میں مکروہ نہیں ہے۔۔ برطانیہ کی بہت سی مسجدوں میں یہی صورت حال ہے۔

[۲] اور دوسری صورت یہ ہے کہ صرف میت مسجد سے باہر ہو، اور امام اور تمام مقتدی مسجد کے اندر ہوں تو اس صورت میں مشائخ کا اختلاف ہے۔ بعض فرماتے ہیں کہ مکروہ ہے اور بعض فرماتے ہیں کہ مکروہ نہیں ہے۔

**وجہ**: جو حضرات فرماتے ہیں کہ مکروہ ہے انکی دلیل یہ ہے کہ نماز کا مدار امام پر ہے، اور اس صورت میں امام مسجد کے اندر ہے، اس

(۷۱۷) ومن استهلّ بعد الولادة سمّي وغسل صلى عليه ﴾ ل لقوله صلى الله عليه وسلم اذا استهل المولود صلى عليه وان لم يستهل لم يصل عليه ٢ ولان الاستهلال دلالة الحيوة فتحقق في حقه سنة الموتى (۷۱۸) ومن لم يستهل ادرج في خرقة كرامة لبني ادم ولم يصل عليه ﴾ ل لما روينا

---

لئے گویا کہ نماز جنازہ مسجد کے اندر ہوئی، اور مسجد کے اندر نماز مکروہ ہے، جسکی دلیل اوپر گزری، اس لئے چاہے جنازہ باہر ہو لیکن نماز جنازہ اندر ہوئی اس لئے مکروہ ہے۔

۔اور جو حضرات فرماتے ہیں کہ یہ صورت مکروہ نہیں ہے، انکی دلیل یہ ہے کہ مکروہ ہونے کا اصل مدار مسجد کا خراب ہونا ہے، اور چونکہ میت مسجد کے باہر ہے اس لئے مسجد کے خراب ہونے کا خطرہ نہیں اسلئے مکروہ بھی نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۷۱۷) بچہ پیدا ہونے کے بعد جو رویا تو اس کا نام رکھا جائے گا، اور غسل دیا جائے گا، اور اس پر نماز پڑھی جائے گی۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ جب بچہ روئے تو اس پر نماز پڑھی جائے، اور اگر نہ روئے تو نہ پڑھی جائے۔

**تشریح**: استھل : ھلال سے مشتق ہے، نیا چاند نکلنا، یہاں مراد ہے بچے کا رونا۔ بچہ روئے یا کوئی ایسی حرکت کرے جس سے معلوم ہو کہ بچہ گوشت کا لوتھڑا نہیں ہے بلکہ زندہ پیدا ہوا ہے تو چونکہ وہ انسان پیدا ہوا ہے اس لئے اسکا نام بھی رکھا جائے گا، کیونکہ اسی نام سے قیامت کے دن پکارا جائے گا، اور غسل بھی دیا جائے گا، اور اس پر نماز جنازہ بھی پڑھی جائے گی۔

**وجہ**: (ا) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن جابر عن النبی ﷺ قال : الطفل لا يصلى عليه و لا يرث و لا يورث حتى يستهل . (ترمذی شریف، باب ماجاء فی ترک الصلوۃ علی الطفل حتی یستھل، ص ۲۴۹، نمبر ۱۰۳۲ر ابن ماجۃ، باب ما جاء فی الصلاۃ علی الطفل، ص ۲۱۵، نمبر ۱۵۰۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب تک روئے نہیں نماز نہیں پڑھی جائے گی، یعنی جب تک زندگی کی علامت نہ ہو نہ نماز پڑھی جائے گی اور نہ وراثت میں کوئی حصہ ہوگا۔

**ترجمہ**: ٢ اس لئے کہ رونا زندگی کی علامت ہے اس لئے اس کے حق میں میت کی سنت متحقق ہوئی۔

**تشریح**: رونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ زندہ ہے اس لئے اسکے حق میں میت کی ساری سنتیں متحقق ہونگیں۔

**ترجمہ**: (۷۱۸) اور جو نہ روئے تو کسی کپڑے میں لپیٹ دیا جائے گا [ابن آدم کی کرامت کی وجہ سے] اور اس پر نماز نہیں پڑھی جائے گی۔

**ترجمہ**: ل اس حدیث کی بنا جو میں نے روایت کی۔

**تشریح**: اگر بچہ رویا نہیں اور کوئی حرکت بھی نہیں کی تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یہ مردہ پیدا ہوا ہے، اس لئے انسانی کرامت کی وجہ سے اسکو کسی کپڑے میں لپیٹ دیا جائے گا اور دفن کر دیا جائے گا۔ البتہ چونکہ انسان نہیں ہے اس لئے نماز نہیں پڑھی جائے گی۔

۲ ویغسل فی غیر ظاهر من الروایة لانه نفس من وجه وهو المختار (۷۱۹) واذا سبی صبی مع احد ابویه ومات لم یصل علیه ۱ لانه تبع لهما.

**وجه** : (۱) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ عن ابن سیرین قال : اذا لم یتم خلقه دفن و لم یصل علیه . (مصنف عبد الرزاق، باب الصلاۃ علی الصغیر والسقط ومیراثه، ج ثالث، ص ۳۴۸، نمبر ۶۶۳۰ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۱۰، من قال لا یصلی علیه حتی یستهل صارخا، ج ثالث، ص ۱۱، نمبر ۱۱۵۹۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ زندگی کے بغیر پیدا ہوا ہو تو اس پر نماز نہیں پڑھی جائے گی، البتہ انسانی کرامت کی وجہ سے کپڑے میں لپیٹ کر دفن کر دیا جائے گا۔ (۲) و أخبرنی من رأی ابن مجاهد مات له سقط فلفه فی خرقة و وضعه فی کمه و ذهب به وحده و دفنه و صلی علیه ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الصلاۃ علی الصغیر و السقط ومیراثه، ج ثالث، ص ۳۴۷، نمبر ۶۶۲۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ کپڑے میں لپیٹ دیا جائے گا۔

**ترجمه** : ۲ اور غیر ظاہر روایت میں یہ ہے کہ غسل دیا جائے گا، اس لئے کہ من وجہ نفس ہے۔ مختار مذہب یہی ہے۔

**تشریح** : غیر ظاہر روایت میں یہ ہے کہ جو بچہ مردہ پیدا ہوا ہے اس کو بھی غسل دیا جائے، اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ کم از کم انسان تو ہے اسلئے غسل دیا جائے اور کپڑے میں لپیٹ کر دفن کیا جائے چاہے اس پر نماز نہ پڑھے، مختار مذہب یہی ہے۔

**ترجمه** : (۷۱۹) اگر بچہ ماں یا باپ میں سے کسی ایک کے ساتھ قید ہو کر آیا اور انتقال کر گیا تو اس پر نماز نہیں پڑھی جائے گی۔

**ترجمه** : ۱ اسلئے کہ وہ والدین کے تابع ہے۔

**تشریح** : قاعدہ یہ ہے [۱] کہ بچہ ماں باپ کے تابع ہوتا ہے اور اسی پر اسکے دین کا فیصلہ ہوتا ہے۔ [۲] ہاں اگر ماں اور باپ الگ الگ مذہب کے ہیں تو ان میں سے جس کا مذہب اچھا ہو گا بچہ اسکے تابع ہو گا، مثلا باپ بت پرست ہے اور ماں عیسائی ہے تو بچہ عیسائی شمار کیا جائے گا، کیونکہ عیسائی مذہب بت پرست سے اچھا ہے کیونکہ وہ دین فطرت سے زیادہ قریب ہے یا ماں مسلمان ہے اور باپ عیسائی ہے تو بچہ مسلمان شمار کیا جائے گا کیونکہ اسلام عیسایت سے اچھا ہے، اس لئے قاعدہ یہ ہے کہ بچہ خیر الابوین کے تحت ہو گا۔ [۳] تیسری شکل یہ ہے کہ خود بچہ سمجھدار ہو اور وہ اسلام قبول کر لے تو اب بچہ مسلمان شمار کیا جائے گا چاہے ماں باپ کافر ہوں۔ بچہ ماں باپ میں سے کسی ایک کے ساتھ قید ہو کر آیا ہے یا دونوں کے ساتھ قید ہو کر آیا ہے، اور ماں باپ کافر ہیں تو چونکہ بچہ بھی اسکے تابع ہو کر کافر شمار کیا جائے گا اسلئے بچے پر نماز نہیں پڑھی جائے گی

**وجه** : (۱) کافر پر نماز جنازہ نہ پڑھنے کی ممانعت اس آیت میں ہے۔ و لا تصل علیٰ أحد منهم مات أبدا و لا تقم علی قبره انهم کفروا بالله و رسوله و ما توا و هم فاسقون ۔ (آیت ۸۴، سورۃ التوبۃ ۹) اس آیت میں ہے کہ کافر پر کبھی بھی نماز نہیں پڑھنی چاہئے (۲) اور بچہ ماں باپ کے تابع ہوتا ہے بلکہ خیر الابوین کے تابع ہوتا ہے اسکی دلیل یہ آیت ہے۔ کان ابن

(۷۲۰) الا ان یقر بالاسلام و هو یعقل ﴾ لے لانہ صح اسلامہ استحسانا

عباسؓ مع أمہ من المستضعفین و لم یکن مع ابیہ علی دین قومہ ، و قال : الاسلام یعلو و لا یعلی ۔(بخاری شریف، باب اذا أسلم الصبی فمات ھل یصلی علیہ؟ ص ۲۱۶، نمبر ۱۳۵۴) اس حدیث میں ہے کہ حضرت ابن عباس کے والد حضرت عباسؓ ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے وہ کافر تھے بعد میں مسلمان ہوئے، اور اسکی والدہ مسلمان ہو چکی تھیں، تو حدیث میں حضرت ابن عباسؓ کو ماں کے تابع کر کے مستضعفین کہا، کہ یہ لوگ مکہ مکرمہ میں کمزور لوگوں میں سے تھے اور باپ کے تابع قرار نہیں دیا ، جس سے معلوم ہوا کہ بچہ ماں باپ کے تابع ہوتا ہے، اور اگر دونوں الگ الگ مذہب کے ہوں تو جسکا دین توحید کے اعتبار سے زیادہ قریب ہو اسکے تابع ہوگا۔ (۳) اور قیدی کا بچہ ماں باپ کا تابع ہوگا اور دونوں کافر ہوں تو اس پر نماز نہیں پڑھی جائے گی اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن حماد قال : اذا کان الصبی من السبی أو غیرھم بین أبویہ ، و ھما مشرکان فانہ لا یصلی علیہ ، و ان لم یکن بین أبویہ فانہ مسلم اذا مات و ھو صبی یصلی علیہ ، قال : و قال حماد : اذا ملکت الصبی فھو مسلم . (مصنف عبد الرزاق، باب الصلاۃ علی الصبی، ج ثالث، ص ۳۵۴، نمبر ۶۶۶۱) اس اثر میں ہے کہ ماں باپ کافر ہوں اور قید ہو کر آئے ہوں تو بچے کو اسکے تابع کر کے نماز نہیں پڑھی جائے گی۔ اور اگر قیدی مسلمان ہو چکا ہو تو اسکے بچے نماز پڑھی جائے گی، اسلئے کہ وہ بھی ماں باپ کے تابع ہو کر مسلمان ہے (۴) اسکے لئے اثر یہ ہے۔ قال معمر و اذا صلی علی السبی صلی علی ولدہ ۔(مصنف عبد الرزاق، باب الصلاۃ علی الصبی، ج ثالث، ص ۳۵۴، نمبر ۶۶۱۰) اس اثر میں ہے کہ اگر ماں یا باپ پر مسلمان ہونے کی وجہ سے نماز پڑھی جائے تو اس کے بچے پر بھی پڑھی جائے گی۔(۵) قال سمعت البھي قال : لما مات ابراھیم ابن النبی ﷺ صلی علیہ رسول اللہ ﷺ فی المقاعد۔(ابو داود شریف، باب فی الصلاۃ علی الطفل ص ۴۶۵، نمبر ۳۱۸۸) اس حدیث میں حضورؐ نے اپنے بیٹے ابراہیم پر اسی وجہ سے نماز پڑھی کہ وہ باپ کی وجہ سے مسلمان تھے۔ معلوم ہوا کہ بچے اسلام اور کفر میں والدین کے تابع ہیں۔

**ترجمہ**: (۷۲۰) مگر یہ کہ بچہ خود اسلام کا اقرار کرے اس حال میں کہ وہ اسلام کو سمجھتا ہو۔

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ اس کا اسلام استحسانا صحیح ہے۔

**تشریح**: بچہ اتنا چھوٹا ہو کہ وہ اسلام کو نہیں سمجھتا ہو تو اسکے اقرار کا اعتبار نہیں ہے، لیکن اگر مثلا گیارہ بارہ سال کا نابالغ لڑکا ہو اور اسلام کو اور دنیاوی امور کو سمجھتا ہو تو اور باتوں میں اسکے اقرار کا اعتبار نہیں ہے لیکن اسلام لانا اسکی زندگی اور آخرت کے لئے بہت مفید ہے اسلئے اسکے اسلام لانے کا اعتبار ہے اور اسکو مسلمان سمجھا جائے گا اور اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے گی۔ مصنف نے استحسانا، اس

(۷۲۱) اویسلم احد ابویه ﴾ لانه یتبع خیرا لابوین دینا (۷۲۲) وان لم یسب معه احدا بویه صلی علیه ﴾

لئے کہا کہ اور معاملے میں بچے کے اقرار کا اعتبار نہیں ہے لیکن اسلام کو مان لینے میں بچے کا بہت فائدہ ہے اسلئے آگے والی حدیث کی بنا پر اسکے اسلام کو استحسانا مان لیا گیا ہے۔

**وجه** : (۱) اس حدیث میں ہے کہ باپ ماں یہودی تھے لیکن بچے نے اسلام لایا تو حضورؐ نے اسکو قبول فرمایا اور بچے کو مسلمان قرار دیا، حدیث یہ ہے۔ عن أنسؓ قال کان غلام یهودی یخدم النبی ﷺ فمرض فأتاه النبی ﷺ یعوده فقعد عند رأسه فقال له : أسلم، فنظر الی أبیه و هو عنده فقال له أطع أبا القاسم ﷺ فأسلم فخرج النبی ﷺ و هو یقول : الحمد لله الذی أنقذه من النار . (بخاری شریف، باب اذا اسلم الصبی فمات هل یصلی علیه؟ ص ۲۱۶، نمبر ۱۳۵۴)

اس حدیث میں یہودی کے بچے نے اسلام لایا تو حضورؐ نے اس کو قبول فرمایا۔

**ترجمه**: (۷۲۱) یا ماں باپ میں سے کوئی ایک مسلمان ہو جائے [تو نماز پڑھی جائے گی]

**ترجمه**: ۱ اسلئے کہ بچہ ماں باپ میں سے جو دین کے اعتبار سے بہتر ہوتا ہے اسکے تابع ہوتا ہے۔

**تشریح** : ماں باپ قید ہو کر آئے اور دونوں میں سے ایک مسلمان ہو گیا تو جو مسلمان ہوا وہ دین کے اعتبار سے بہتر ہے اسلئے بچہ اسکے تابع کر کے مسلمان شمار کیا جائے گا اور اس پر نماز پڑھی جائے گی۔ پہلے حدیث گزر چکی ہے کہ بچہ خیر الابوین کے تابع ہوتا ہے۔

**ترجمه**: (۷۲۲) اور اگر بچے کے ساتھ ماں باپ میں سے کوئی قید نہیں ہوا تو بچے پر نماز پڑھی جائے گی۔

**تشریح**: اگر بچہ اکیلا قید ہوا ہے، ماں باپ اسکے ساتھ نہیں ہے تو بچے کو مسلمان شمار کیا جائے گا اور اس پر نماز پڑھی جائے گی۔

**وجه** : یہاں یہ اصول چلے گا کہ بچے کا نگراں کون ہے اسکے تابع کیا جائے گا، اب بچے کا نگراں مسلمان آدمی ہے اسکے تابع کر کے بچے کو مسلمان شمار کیا جائے گا۔ چنانچہ اثر میں ہے کہ مسلمان آدمی بچے کا مالک ہوا تو بچہ مسلمان شمار کیا جائے گا۔ اثر یہ ہے۔ قال : و قال حماد : اذا ملکت الصبی فهو مسلم . (مصنف عبد الرزاق، باب الصلاۃ علی الصبی، ج ثالث، ص ۳۵۴، نمبر ۶۶۲۱)

اس اثر میں ہے کہ مسلمان آدمی بچے کا مالک ہوا تو بچہ مسلمان شمار کیا جائے گا۔ (۲) اور دوسری بات یہ ہے کہ ہر بچہ اسلام کی فطرت پر پیدا ہوتا ہے پھر بعد میں والدین اسکو یہودی یا نصرانی بناتے ہیں، اب اس بچے کے ماں باپ ساتھ نہیں ہیں کہ اسکو یہودی یا نصرانی بنائے اسلئے یہ اپنی فطرت کے اعتبار سے مسلمان ہے اور ہے بھی دار الاسلام میں اس لئے اس کو مسلمان شمار کیا جائے اور نماز جنازہ پڑھی جائے۔ ہر بچہ اپنی فطرت کے اعتبار سے مسلمان پیدا ہوتا ہے اسکی دلیل یہ حدیث اور آیت ہیں۔ عن ابا هریرۃؓ کان

لے لانہ ظهرت تبعية الدار فحكم بالاسلام كما في اللقيط (۷۲۳) واذا مات الكافر و له ولي مسلم فانه يغسله ويكفنه ويدفنه ﴾ لے بذلک امر علیؓ فی حق ابیہ ابی طالب

يحدث قال النبي ﷺ ما من مولود الا يولد على الفطرة ،فأبواه يهودانه أو ينصرانه أو يمجسانه ....ثم يقول ابو هريرة ﴿فطرت الله التي فطر الناس عليها ﴾.( آیت ۳۰، سورة الروم ۳۰ ) ۔(بخاری شریف، باب اذا أسلم الصبی فمات هل یصلی علیہ؟ ص ۲۱۷،نمبر ۱۳۵۸) اس حدیث میں ہے کہ ہر بچہ اسلام کی فطرت پر پیدا ہوتا ہے، اور آیت میں بھی اس کا اشارہ ہے۔ آیت میں فطرت اللہ سے مراد اسلام کی فطرت ہے۔ اور فطر الناس کا ترجمہ ہے اس پر پیدا کیا۔

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ دار الاسلام کا تابع ہونا ظاہر ہوا، اس لئے مسلمان کا حکم لگایا گیا، جیسا کہ دار الاسلام میں پائے ہوئے بچے کا حکم ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ اس بچے کا نگراں دار الاسلام ہے، کیونکہ یہ بچہ دار الاسلام میں ہے اسلئے یہ مسلمان شمار کیا جائے گا، جیسا کہ کوئی لاوارث بچہ [لقیط] دار الاسلام میں مل جائے تو دار الاسلام میں ہونے کی وجہ سے اس بچے کو مسلمان شمار کیا جاتا ہے، بشرطیکہ اسپر کفر کی کوئی علامت واضح نہ ہو، اسی طرح یہاں بھی مسلمان شمار کیا جائے گا۔ اللقیط : لقطہ سے مشتق ہے اس کا ترجمہ ہے پایا ہوا بچہ۔

**ترجمہ**: (۷۲۳) اگر کافر مر جائے اور اس کا ولی مسلمان ہو تو مسلمان ولی اس کو غسل دے گا، اور اس کو کفن دے گا، اور اس کو دفن کر دے گا۔

**ترجمہ**: لے حضورؐ نے حضرت علیؓ کو انکے باپ ابو طالب کے حق میں اسی طرح کرنے کا حکم فرمایا تھا۔

**تشریح**: اگر کافر مر جائے اور اس کا ولی مسلمان ہو تو ابھی بھی رشتہ داری کا حق ادا کرے، البتہ سنت کے طریقے پر دفن نہ کرے کیونکہ وہ سنتوں کو مان کر نہیں مرا ہے اور نہ اس پر یقین رکھتا ہے، اور اس کا طریقہ یہ ہے کہ جس طرح ناپاک کپڑے کو دھوتے ہیں اس طرح اس کو غسل دے یعنی صرف جسم پر پانی بہادے، کفن بھی سنت کے طریقے پر نہ دے بلکہ صرف کپڑے میں لپیٹ دے اور لاش کو مٹی میں چھپا دے۔ کیونکہ جب حضرت علیؓ کے والد ابو طالب کا انتقال ہوا تو حضورؐ نے حضرت علیؓ کو فرمایا کہ اپنے باپ کو جا کر مٹی میں چھپا دو۔

**وجہ**: (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن علیؓ قال قلت للنبي ﷺ ان عمك الشيخ الضال قد مات، قال : اذهب فوار أباک ثم لا تحدثن شيئا حتى تأتيني . فذهبت فواريته و جئته فأمرني فاغتسلت و دعا لي . (ابو داود شریف، باب الرجل یموت لہ قرابۃ مشرک، ص ۴۶۹، نمبر ۳۲۱۴ رنسائی شریف، باب مواراۃ المشرک، ص ۲۸۲، نمبر ۲۰۰۸) اس حدیث میں چار باتیں ہیں [۱] حضرت علیؓ نے اپنے کافر باپ کو دفن کیا جس سے معلوم ہوا کہ کافر رشتہ دار کو دفن کر سکتا

۲ لكن يغسل غسل الثوب النجس ويلف في خرقة وتحفر حفيرة من غير مراعاة سنة التكفين واللحد ولا يوضع فيه بل يلقى.

ہے۔[۲] حدیث میں فرمایا وار اباک، اپنے باپ کو چھپادو، جس سے معلوم ہوا کہ اسلامی طریقے پر سنتوں کے ساتھ دفن نہیں کیا جا ئے گا بلکہ صرف لاش کو مٹی میں چھپا دیا جائے گا۔[۳] آپؐ نے حضرت علیؓ کو غسل کرنے کا حکم دیا جس سے معلوم ہوا کہ میت کو نجس کپڑے کی طرح دھوکر خود غسل کرلے[۴] آپ نے نماز نہیں پڑھی جس سے معلوم ہوا کہ کافر پر نماز نہیں پڑھی جائے گی۔ اس کے لئے آیت یہ ہے ۔و لا تصل علیٰ أحد منهم مات أبدا و لا تقم على قبره انهم كفروا بالله و رسوله و ما توا و هم فاسقون۔( آیت ۸۴، سورۃ التوبۃ ۹)اس آیت میں ہے کہ کافر کی نماز نہ پڑھی جائے۔

**ترجمہ**: ۲ لیکن ناپاک کپڑے کی طرح غسل دیا جائے گا،[۲] اور کپڑے کے ٹکڑے میں لپیٹ دیا جائے گا[۳] اور گڑھا کھودا جائے گا کفن اور لحد کی رعایت کئے بغیر[۴] اور گڑھے میں رکھا نہیں جائے گا بلکہ ڈال دیا جائے گا۔

**تشریح**: مسلمان ولی کافر مردے کو سنت کے طریقے پر غسل نہیں دے گا، نہ سنت طریقے پر کفن دے گا بلکہ کپڑے کے ٹکڑے میں لپیٹ دے گا، قبر کھودنے میں بھی سنت کی رعایت نہیں کرے گا بلکہ گڑھا کھود کر اس میں سنت کے طریقے پر رکھا بھی نہیں جائے گا بلکہ یوں ڈال دیا جائے گا جس طرح مردار کو چھپا دیتے ہیں۔

**لغت**: یلف: لپیٹ دینا۔ خرقۃ: کپڑے کا ٹکڑا۔ تحفر: گڑھا کھودنا۔ وضع: تعظیم کے ساتھ رکھنا۔ یلقی: بغیر تعظیم کے ڈال دینا۔

## ﴿ فصل فی حمل الجنازة ﴾

(۷۲۴) واذا حملوا المیت علیٰ سریره اخذ وابقوائمه الاربع﴾ ل بذلک وردت السنة

۲ وفیه تکثیر الجماعة وزیادة الاکرام والصیانة

## ﴿ فصل فی حمل الجنازة ﴾

**ترجمه**: (۷۲۴) جب میت کو چارپائی پر اٹھائے تو اس کے چاروں پایوں کو پکڑے۔

**ترجمه**: ل حدیث اسی طرح وارد ہوئی ہے۔

**تشریح**: میت کو کفن دیکر چارپائی پر لٹائے اور چارپائی کے چاروں پایوں کو پکڑ کر قبرستان کی طرف چلے۔لیکن اس انداز سے کہ تیزی کے ساتھ قبرستان کی طرف جائے لیکن دوڑے نہیں۔کیونکہ یہ میت کی شان کے خلاف ہے۔اور میت کے گرنے کا خطرہ ہے۔ چارپائی کو چارپائی اس لئے کہتے ہیں کہ اس میں چاروں کناروں پر ایک ایک پایہ ہوتا ہے جسکو عربی میں عمود کی لکڑی کہتے ہیں، حنفیہ کے نزدیک اسی پایہ کو پکڑنا سنت ہے۔ان دو پایوں کے درمیان لمبی لکڑی گھسی ہوتی ہے اسکو چارپائی کی پٹی کہتے ہیں، یہ پٹی بھی چار ہوتی ہیں ایک آگے ایک پیچھے، اور دو دونوں کنارے پر۔امام شافعیؒ کے نزدیک اگلی پٹی اور پچھلی پٹی کو پکڑ کر جنازہ لے جانا سنت ہے

**وجه** : (۱) چاروں پائے پکڑنے کے لئے یہ حدیث ہے، جسکی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ فرمایا.قال عبد الله بن مسعود من اتبع جنازة فلیحمل بجوانب السریر کلها فانه من السنة ثم ان شاء فلیتطوع و ان شاء فلید ع (ابن ماجہ شریف، باب ماجاء فی شھود الجنائز ص ۲۱۱، نمبر ۱۴۷۸) اس حدیث میں ہے کہ چاروں پایوں کو پکڑنا چاہئے اس لئے کہ وہ سنت ہے ۔(۲) اور اثر میں ہے رأیت ابن عمر فی جنازة فحملوا بجوانب السریر الاربع فبدأ بالمیامن ثم تنحی عنها (مصنف ابن ابی شیبة ۶۸، بای جوانب السریر یبدأ فی الحمل، ج ثانی، ص ۴۸۰، نمبر ۱۱۲۷۷ رمصنف عبد الرزاق، باب صفة حمل النعش، ج ثالث، ص ۳۳۳، نمبر ۶۵۴۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ چاروں پایوں کو پکڑنا چاہئے۔اور میت کی دائیں جانب سے پکڑنا شروع کرنا چاہئے۔(۳) چاروں پاؤں کو پکڑنے کا طریقہ اس اثر میں ہے۔ انه کان مع سعید بن جبیر فی جنازة ، فحمل سعید فبدأ بمقدم العو د الذی یلی الرأس فجعله علی عاتقه الأیمن ثم رجع الی طرفه الذی یلی الرجل فحمله علی عاتقه الأیسر ، ثم جاء طرفه الذی یلی الرأس فجعله علی عاتقه الأیسر ، ثم انصرف علی یمینه و قال هکذا حمل الجنائز ۔(عبد الرزاق، باب صفة حمل النعش، ج ثالث، ص ۳۳۲، نمبر ۶۵۴۱) اس اثر میں چاروں پایوں کے پکڑنے کا طریقہ بتایا گیا ہے۔

**ترجمه**: ۲ چار آدمی کے پکڑنے میں [۱] جماعت بڑی ہوگی [۲] اکرام بھی زیادہ ہوگا [۳] اور گرنے سے حفاظت ہے۔

**۳**وقال الشافعی السنة ان یحملها رجلان یضعها السابق علی اصل عنقه والثانی علی صدره لان جنازة سعد بن معاذ هکذا حملت

**تشریح** : امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ دو آدمی چار پائی پکڑے تو اس صورت میں یہ تین فائدے نہیں ہیں اور چار آدمی چاروں پایوں کو پکڑ کر اٹھائے [۱] تو تین آدمی میں جماعت ہو جاتی ہے، اور یہاں چار آدمی ہیں اسلئے جماعت بڑی ہوگئی، [۲] چار آدمی پکڑے تو دو آدمی کے مقابلے پر میت کا اکرام بھی زیادہ ہوگا [۳] اور میت کے گرنے کا خطرہ بھی کم ہے، کیونکہ اگر دو آدمی پکڑے اور ایک آدمی کے ہاتھ سے میت چھوٹ جائے تو میت زمین پر گر جائے گی، اور اگر چار آدمی پکڑے اور ایک آدمی کے ہاتھ سے چھوٹ جائے تو ابھی تین آدمیوں کے ہاتھ میں میت ہے اسلئے زمین پر نہیں گرے گی، اسلئے چار آدمی کے پکڑنے سے میت کے گرنے کا خطرہ کم ہے، اور دو کے پکڑنے سے میت کے گرنے کا خطرہ زیادہ ہے اسلئے یہ بہتر ہے۔ صیانة کا ترجمہ ہے حفاظت، یعنی زمین پر گرنے سے حفاظت۔

**ترجمہ** : ۳ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ سنت یہ ہے کہ جنازے کو دو آدمی اٹھائے اور اگلا شخص اسکو اپنی گردن کی جڑ پر رکھے، پچھلا شخص اپنے سینے پر، اس لئے کہ حضرت سعد ابن معاذ کا جنازہ اسی طرح اٹھایا گیا تھا۔

**تشریح** : امام شافعیؒ کے یہاں چار آدمی اٹھائے تو یہ بھی ٹھیک ہے، لیکن انکے یہاں سنت طریقہ یہ ہے کہ دو آدمی اٹھائیں، اگلا آدمی چار پائی کی لکڑی کو اپنی گردن کی جڑ پر رکھے، اور پچھلا آدمی چار پائی کی لکڑی کو اپنے سینے پر رکھے، اور اس طرح لیکر قبرستان تک جائے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ و یستحب للذی یحمل الجنازة أن یضع السریر علی کاهله بین العمودین المقدمین و یحمل بالجوانب الأربع ۔ (موسوعة امام شافعیؒ، باب حمل الجنازة، ج ثالث، ص ۳۷۶، نمبر ۳۰۸۳) اس عبارت میں ہے کہ دونوں پایوں کے درمیان کی لکڑی اپنے کندھے پر رکھے۔

**وجه** : (۱) انکی دلیل یہ اثر ہے۔ انبأ ابراهیم بن سعد عن ابیه عن جده قال رأیت سعد بن أبی وقاص فی جنازة عبد الرحمن بن عوف قائما بین العمودین المقدمین واضعا السریر علی کاهله۔ (سنن بیہقی، باب من حمل الجنازة فوضع السریر علی کاهله بین العمودین المقدمین، ج رابع، ص ۳۰، نمبر ۶۸۳۵) اس اثر میں ہے کہ حضرت سعد ابن وقاص اگلے دونوں پایوں کے درمیان کھڑے تھے اور چار پائی کی لکڑی اپنے کندھے پر رکھے ہوئے تھے۔ اس لئے یہ طریقہ سنت ہے۔ (۲) صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔ رأیت ابا هریرة یحمل بین عمودی سریر سعد بن وقاص۔ (سنن بیہقی، باب من حمل الجنازة فوضع السریر علی کاهله بین العمودین المقدمین، ج رابع، ص ۳۰، نمبر ۶۸۳۸) اثر میں ہے کہ حضرت ابو هریرہ سعد ابن وقاص کے جنازے کی لکڑی اٹھائے ہوئے تھے

۴ قلنا كان ذلک لازدحام الملائكة عليه (۷۲۵) ويمشون به مسرعين دون الخبب ﴾ ۱ لانه صلى الله عليه وسلم حين سئل عنه قال مادون الخبب(۷۲۶) واذا بلغوا الى قبره يكره ان يجلسوا قبل ان يوضع عن اعناق الرجال ﴾

**ترجمہ:** ۴ ہم جواب دیتے ہیں کہ فرشتے کی بھیڑ کی وجہ سے ایسا کیا۔

**تشریح:** ہم جواب دیتے ہیں کہ حضرت سعد ابن معاذ کے جنازے میں فرشتے کی بھیڑ تھی اسلئے چار کے بجائے دو آدمیوں نے انکے جنازے کو اٹھایا ورنہ چار آدمیوں کو اٹھانا چاہئے تھا۔ اس حدیث میں اس کا اشارہ ہے. عن ابن عمر أن رسول الله ﷺ قال : هذا الذی تحرک له العرش و فتحت له أبواب السماء و شهده سبعون ألف ملک من الملائكة لقد ضم ضمة ثم فرج عنه . (طبرانی کبیر، باب اهتز العرش لموت سعد بن معاذ، ج سادس، ص ۱۰، نمبر ۵۳۳۳) اس حدیث میں ہے کہ حضرت سعد بن معاذ کے جنازے میں ستر ہزار فرشتے تشریف لائے تھے۔ ازدحام: کا معنی ہے بھیڑ۔

**ترجمہ:** (۷۲۵) جنازے کو لیکر تیز چلے لیکن دوڑے نہیں۔

**ترجمہ:** ۱ اس لئے کہ حضورؐ کو اس بارے میں پوچھا تو فرمایا کہ دوڑنے سے کم

تشریح: خبب کا ترجمہ ہے دوڑنا، اور دون الخبب: کا ترجمہ ہوگا کہ تیز تو چلے لیکن دوڑے نہیں۔ جنازہ لیجانے کا طریقہ یہ ہے کہ تھوڑا تیز چلے لیکن اتنا بھی تیز نہ چلے کہ دوڑنے لگے، حضورؐ نے یہی فرمایا۔

**وجه:** (۱) جلدی کرنے کے لئے یہ حدیث ہے ۔عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال اسرعوا بالجنازة فان تک صالحة فخير تقدمونها وان تک سوى ذلک فشر تضعونه عن رقابكم۔ (بخاری شریف، باب السرعۃ بالجنازۃ ص ۱۷۶، نمبر ۱۳۱۵) اس حدیث میں ہے کہ جنازے کو تیز لیکر چلے (۲) ابوداود شریف میں ہے۔ عن ابن مسعود قال سألنا نبينا ﷺ عن المشى مع الجنازة فقال مادون الخبب (ابوداود شریف، باب الاسراع بالجنازۃ ج ثانی ص ۹۷ نمبر ۳۱۸۴ رترمذی شریف، باب ماجاء فی المشی خلف الجنازۃ، ص ۲۴۴، نمبر ۱۰۱۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جنازہ کو تیزی سے قبرستان کی طرف لے جانا چاہئے۔ لیکن دوڑنا نہیں چاہئے۔

**ترجمہ:** (۷۲۶) پس جب قبر تک پہنچ جائے تو لوگوں کے لئے مکروہ ہے کہ بیٹھے مردوں کے گردنوں سے رکھنے سے پہلے۔

**تشریح:** ابھی میت کو اٹھانے والوں نے اپنے کندھے سے زمین پر رکھا نہیں ہے اس سے پہلے عام لوگ بیٹھ جائیں یہ مکروہ ہے۔

**وجه:** (۱) عن ابی سعيد الخدری عن أبيه قال : قال رسول الله ﷺ اذا تبعتم الجنازة فلا تجلسوا حتى

۱ لانه قد تقع الحاجة الی التعاون و القیام امکن منه ۲ و کیفیة الحمل ان تضع مقدم الجنازة علی یمینک، ثم مؤخرها علی یمینک، ثم مقدمها علی یسارک ،ثم مؤخرها علی یسارک ایثار اللتیا من و ھذا فی حالة التناوب.

---

توضع دوسری روایت میں ہے۔ حتی توضع بالارض ۔(ابوداود شریف، باب القیام للجنازة، ص ۴۶۴، نمبر ۳۱۷۳ر بخاری شریف، باب من تبع جنازة فلا یقعد حتی توضع عن مناکب الرجال، فان قعد أمر بالقیام، ص ۲۱۰، نمبر ۱۳۱۰) اس حدیث میں ہے کہ زمین پر رکھنے سے پہلے نہ بیٹھے۔(۲) اس کی دلیل یہ اثر ہے عن ابی ھریرة انہ لم یکن یقعد حتی یوضع السریر ،و عن ابی سعید قال اذا کنتم فی جنازة فلا تجلسوا حتی یوضع السریر. (مصنف ابن ابی شیبة ۹۹، فی الرجل یکون مع الجنازة من قال لا تجلس حتی یوضع ج ثالث، ص ۳، نمبر ۱۱۵۱۰/۱۱۵۱۱) اس سے معلوم ہوا کہ جنازہ کے رکھنے سے پہلے نہیں بیٹھنا چاہئے۔(۳) یہ میت کی شان کے خلاف ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اور اس لئے کہ مدد کی ضرورت پڑ سکتی ہے اور کھڑے رہنے میں اسکی زیادہ قدرت ہوتی ہے [اس لئے کھڑا رہے]

**تشریح**: اٹھانے والوں کو ضرورت پڑ سکتی ہے کہ چار پائی کو پکڑے، اور کھڑا رہے گا تو جلدی سے مدد کر سکتا ہے اس لئے میت کو رکھنے سے پہلے عام لوگوں کو نہیں بیٹھنا چاہئے۔ البتہ مجبوری ہو تو بیٹھ سکتا ہے۔

**ترجمہ**: ۲ جنازہ اٹھانے کی کیفیت یہ ہے کہ جنازے کا اگلا سرا اپنے دائیں کندھے پر رکھے [۲] پھر اس کا پچھلا سرا اپنے دائیں کندھے پر رکھے [۳] پھر جنازے کا اگلا سرا اپنے بائیں کندھے پر رکھے [۴] پھر اس کا پچھلا سرا اپنے بائی کندھے پر رکھے۔ دائیں جانب کو ترجیح دینے کے لئے۔ اور یہ باری باری کی صورت میں ہے۔

**تشریح**: حدیث سے ثابت ہوا ہے کہ دائیں جانب سے شروع کرنا چاہئے، اس لئے آدمی اپنے دائیں کندھے سے شروع کرے، اور میت کا اگلے سرے سے شروع کرے۔ اور کیفیت یہ ہوگی۔ [۱] پہلی مرتبہ آدمی کا دایاں کندھا ہو اور میت کا بایاں ہو اور اگلا سرا ہو [۲] دوسری مرتبہ آدمی کا دایاں کندھا ہو اور میت کا بایاں ہو اور اسکا پاؤں کا حصہ ہو [۳] تیسری مرتبہ آدمی کا بایاں کندھا ہو اور میت کا دایاں ہو اور اگلا حصہ ہو [۴] اور چوتھی مرتبہ آدمی کا بایاں کندھا ہو اور میت کا دایاں ہو اور پاؤں والا حصہ ہو۔

**وجہ**: اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔(۱) أن أبا سعید الخدری قال لعلیؓ ....فان بدالک أن تحمل فانظر الی مقدم السریر ، و انظر الی الجانب الأیسر ، و اجعلہ علی منکبک الایمن ۔(مصنف عبد الرزاق، باب صفة حمل النعش ،ج ثالث، ص ۳۳۳، نمبر ۶۵۴۶) اس اثر میں ہے کہ جنازہ میں کندھا لگانا شروع کرے تو اپنے دائیں کندھے سے شروع کرے، اور چار پائی کا اگلا حصہ ہو (۲) اس اثر میں بھی دائیں جانب کا ثبوت ہے۔ رأیت ابن عمر فی جنازة فحملوا

بجوانب السرير الاربع فبدأ بالميامن ثم تنحى عنها (مصنف ابن ابی شیبة ۶۸، بای جوانب السریر یبدأ فی الحمل، ج ثانی، ص ۴۸۰، نمبر ۱۱۲۷۷ رمصنف عبد الرزاق، باب صفة حمل النعش، ج ثالث، ص ۳۳۳، نمبر ۶۵۴۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ چاروں پایوں کو پکڑنا چاہے تو آدمی اپنے دائیں جانب سے پکڑنا شروع کرے۔

**لغت**: تناوب: باری باری کندھا لگانا۔ اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ اگر کسی ایک پائے کو پکڑنا ہو تب تو دائیں جانب کے پائے کو پکڑ لے، اور اگر سب پایوں کو پکڑنا ہو تو اوپر والی ترتیب ہے۔ اور اگر ترتیب سے پکڑنے کا موقع نہ ہو تو کسی بھی پائے کو پکڑ لے تو میت کا حق ادا ہو جائے گا۔ اثر یہ ہے۔ عن الحسن قال : لا تبالی بأی جوانب السرير بدأت۔ (مصنف ابن ابی شیبة ۶۸، بای جوانب السریر یبدأ فی الحمل، ج ثانی، ص ۴۸۱، نمبر ۱۱۲۷۸) اس اثر میں ہے کہ اچانک کے موقع پر جس پائے سے بھی شروع کرے کوئی بات نہیں ہے۔

## ﴿فصل فی الدفن﴾

(۷۲۷) ویحفر القبر ویلحد ﴾ لـ لقوله صلی اللہ علیہ وسلم: اللحد لنا و الشق لغیرنا (۷۲۸) ویدخل المیت مما یلی القبلۃ﴾

## ﴿فصل فی الدفن﴾

**ترجمہ**: (۷۲۷) قبر کھودی جائے اور لحد بنائی جائے۔

**ترجمہ**: لـ اس لئے کہ حضورؐ نے فرمایا کہ لحد ہمارے لئے ہے اور شق ہمارے علاوہ کے لئے ہے۔

**تشریح**: قبر دو طرح سے کھودی جاتی ہے۔ ایک لحد یعنی سیدھی کھود کر پھر دائیں جانب کنارہ کھود کر میت کو رکھنے کی جگہ بنائی جائے اور اس میں میت کو رکھ کر کنارہ پر کچی اینٹ رکھ دی جائے۔ اور دوسری شکل شق کی ہے یعنی سیدھی کھودی جائے اور گہرا کر کے اس میں میت کو رکھا جائے اور اوپر سے لکڑی ڈال کر پاٹ دی جائے۔ دونوں قسم جائز ہے۔ اور مٹی کی حالت دیکھ کر قبر کھودی جاتی ہے۔ البتہ لحد زیادہ بہتر ہے اور اس میں خرچ بھی کم ہے۔ البتہ شق بھی جائز ہے۔ ہمارے جھارکھنڈ میں شق قبر بنائی جاتی ہے۔

**وجہ**: لحد مسنون ہونے کی وجہ (۱) صاحب ھدایہ کی یہ حدیث ہے۔ **عن ابن عباس قال النبی ﷺ اللحد لنا و الشق لغیرنا**۔ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی قول النبی اللحد لنا والشق لغیرنا ص ۳۰۳ نمبر ۱۰۴۵ / ابو داؤد شریف، باب فی اللحد ج ثانی ص ۱۰۲ نمبر ۳۲۰۸) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ لحد مسنون ہے۔ (۲) دوسری میں حدیث ہے۔ **ان سعد بن وقاص قال فی مرضه الذی هلک فیه الحدوا الی لحدا وانصبوا علی اللبن نصبا کما صنع برسول الله ﷺ**۔ (مسلم شریف، کتاب الجنائز، فصل فی استحباب اللحد ص ۳۱۱ نمبر ۹۶۶ / ۲۲۴۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ لحد زیادہ بہتر ہے اور سنت ہے۔

شق قبر بھی جائز ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔ **عن أنس بن مالکؓ قال: لما توفی النبی ﷺ کان بالمدینة رجل یلحد و آخر یضرح فقالوا نستخیر ربنا و نبعث الیهما فأیهما سبق ترکناه فأرسل الیهما فسبق صاحب اللحد فلحدوا للنبی ﷺ**۔ (ابن ماجۃ شریف، باب ماجاء فی الشق، ص ۲۲۲، نمبر ۱۵۵۷) اس حدیث میں ہے کہ مدینہ طیبہ میں شق کا طریقہ بھی رائج تھا، جس سے معلوم ہوا کہ شق بھی جائز ہے، البتہ بہتر لحد ہے۔

**ترجمہ**: (۷۲۸) میت کو قبلہ کی جانب سے داخل کیا جائے۔

**تشریح**: میت کو قبر میں داخل کرنے کی دو شکلیں ہیں (۱) ایک یہ کہ میت کو قبر کے قبلہ کی جانب رکھی جائے اور وہاں سے قبر میں داخل کرے۔ یہی حنفیہ کے یہاں مستحب ہے۔ (۲) اور دوسری شکل یہ ہے کہ میت کو قبر کی پاتانے کی طرف رکھی جائے اور وہاں سے سرکا کر قبر میں داخل کیا جائے۔

۱ خلافا للشافعیؒ فان عنده یُسَلُّ سَلًّا لما روی انه صلی اللہ علیه وسلم سُلَّ سَلًّا ۲ ولنا ان جانب القبلة معظم فیستحب الادخال منه

**وجه:** (۱)عن ابن عباس ان النبی ﷺ دخل قبرا لیلا فاسرج لی سراج فاخذه من قبل القبلة. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی الدفن باللیل ص۲۰۴ نمبر۱۰۵۷/ابن ماجة شریف، باب ماجاء فی ادخال المیت القبر، ص۲۲۱، نمبر۱۵۵۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبلہ کی جانب سے میت کو قبر میں داخل کیا جائے۔

**ترجمہ:** ۱ خلاف امام شافعیؒ کے، اس لئے کہ انکے یہاں پائنتی کی جانب سے کھینچا جائے گا۔ اسلئے کہ روایت کی گئی ہے کہ حضورؐ کو سل کر کے داخل کیا گیا تھا۔

**تشریح:** حضرت امام شافعیؒ کے یہاں میت کو قبر میں داخل کرنے کا سنت طریقہ یہ ہے کہ میت کو قبر کے پیتانے کی جانب رکھا جائے اس طرح کہ میت کا سر قبر کی جانب ہو، اور قبر میں جو آدمی داخل ہوا ہے وہ میت کے سر کو پکڑ کر قبر کی طرف کھینچے اور قبر میں رکھے۔ کیونکہ بعض حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضورؐ کو اسی طریقے سے قبر میں داخل کیا گیا تھا۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ و سل المیت من قبل رأسه و ذالک أن یوضع رأس سریره عند رجل القبر، ثم یسل سلا ۔(موسوعة امام شافعیؒ، باب الدفن، ج ثالث، ص۴۰۶، نمبر۳۲۴۵) اس عبارت میں ہے کہ میت کو پائنتی کی جانب رکھا جائے اور اس کو سرکا کر قبر میں داخل کیا جائے

**وجه:** (۱) ان کی دلیل حدیث ہے ۔عن ابی اسحاق قال اوصی الحارث ان یصلی علیه عبد اللہ بن یزید فصلی علیه ثم ادخله القبر من قبل رجلی القبر وقال هذا من السنة. (ابوداؤد شریف، باب کیف یدخل المیت قبره ص ۱۰۲ نمبر ۳۲۱۱/ابن ماجة شریف، باب ماجاء فی ادخال المیت القبر، ص۲۲۱، نمبر۱۵۵۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبر کی پائنتی کی جانب سے داخل کیا جائے۔ (۲) اس حدیث میں ہے۔ جسکی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ کیا۔ عن ابن عباسؓ قال: سل رسول اللہ ﷺ من قبل رأسه ۔(سنن بیہقی، باب من قال یسل المیت من قبل رجل القبر، ج رابع، ص۹۰، نمبر۷۰۵۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضورؐ کو سر کی طرف سے سرکا کر قبر میں داخل کیا گیا، اس لئے یہ سنت ہے۔ سل: کا معنی ہے سرکانا، کھینچنا۔

**ترجمہ:** ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ قبلہ کی جانب معظم ہے اسلئے اس جانب سے قبر میں داخل کرنا مستحب ہے۔

**تشریح:** حدیث کے علاوہ یہ دلیل عقلی ہے کہ، قبلہ کی جانب عظمت اور احترام کی چیز ہے اسلئے اس جانب سے میت کو قبر میں داخل کرنا مستحب ہوگا۔ باقی رہی احادیث تو اس میں یہ بھی ہے کہ حضورؐ کو قبلے کی جانب سے قبر میں داخل کیا گیا تھا اسلئے احادیث دونوں جانب ہیں اسلئے قبلے کی جانب کو ترجیح دینا زیادہ بہتر ہے۔ اسکے لئے حدیث اوپر گزر گئی۔

٣ واضطربت الروايات في ادخال النبي صلى الله عليه وسلم (٧٢٩) فاذا وضع في لحده يقول واضعه بسم الله وعلىٰ ملة رسول الله ﴾ ١ كذا قاله رسول الله حين وضع اباد جانة في القبر (٧٣٠) ويوجه الى القبلة ﴾ ١ بذلك امر رسول الله صلى الله عليه وسلم .

**ترجمه:** ٣ حضورؐ کوقبر میں داخل کرنے کے روایات مختلف ہیں[اسلئے قبلے کی جانب والی حدیث کو لینا بہتر ہے]

**تشریح:** حضورؐ کوقبر میں کس طرح اتارا گیا اسکے لئے دونوں طرح کی روایتیں اوپر گزریں اس لئے روایتیں مضطرب ہو گئیں، اسلئے قبلے کی جانب والی حدیث پر عمل کرنا بہتر ہے۔ حنفیہ اسی پر عمل کرتے ہیں، اور اس میں آسانی بھی ہے۔

**ترجمه:** (۷۲۹) پس جب قبر میں رکھے تو رکھنے والا کہے۔ بسم الله و علی ملة رسول الله.

**وجه:** (١) عن ابن عمر ان النبی ﷺ اذا ادخل المیت القبر.... قال مرة بسم الله وبالله و علی ملة رسول الله وقال مرة وباسم الله و بالله وعلی سنه رسول الله ﷺ ۔(ترمذی شریف، باب ماجاء مایقول اذ ادخل المیت قبر ص ۲۰۲ نمبر ۱۰۴۶ رابوداؤد شریف، باب فی الدعاء للمیت اذ اوضع فی قبرہ ج ثانی ص ۱۰۲ نمبر ۳۲۱۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبر میں رکھنے والا بسم اللہ وعلی ملۃ رسول اللہ پڑھے۔

**ترجمه:** ١ حضورؐ نے ایسے ہی کہا جب حضرت ابو دجانہؓ کوقبر میں رکھ رہے تھے۔

**تشریح:** اس عبارت میں اوپر والی حدیث کی طرف اشارہ ہے۔ اور حضرت ابو دجانہ تو حضورؐ کے بعد یمامہ کی جنگ میں شہید ہوئے ہیں۔ اس لئے ابو دجانہؓ کے دفن کرتے وقت یہ پڑھنا صحیح نہیں ہے۔

**ترجمه:** (۷۳۰) اور میت کا چہرہ قبلہ کی طرف پھیر دے۔

**ترجمه:** ١ حضورؐ نے اسی کا حکم فرمایا ہے۔

**وجه:** (١) زندگی میں قبلہ کی طرف نماز پڑھتا رہا اب موت کے بعد بھی قبلہ ہی کی طرف چہرہ ہو (٢) صاحب ھدایہ اس حدیث کی طرف اشارہ فرما رہے ہیں۔ ان رجلا سأله فقال یا رسول الله ﷺ ما الکبائر ؟ قال هن تسع فذکر معناه وزاد وعقوق الوالدین المسلمین واستحلال البیت الحرام قبلتکم احیاء و امواتا. (ابوداؤد شریف، باب ماجاء فی التشدید فی اکل مال الیتیم ج ثانی ص ۴۱ نمبر ۲۸۷۵ رسنن للبیہقی ، باب ماجاء فی استقبال القبلة بالموتی ج ثالث ص ۵۷۳، نمبر ۶۷۲۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ میت کو بھی قبلہ کی طرف لٹایا جائے۔ (٣) زندگی میں سوتے وقت یہ مستحب تھا کہ دائیں کروٹ ہو کر قبلہ کی طرف منہ کر کے سوئے اب موت کے بعد ہمیشہ کے لئے سونا ہے تو اس میں بھی قبلہ ہی کی طرف منہ کر کے سوئے، حدیث یہ ہے۔ عن البراء بن عازب قال : قال لی النبی ﷺ اذا أتیت مضجعک فتوضأ وضوئک

(۷۳۱) یحل العقدة ﴾ ل لوقوع الامن من الانتشار (۷۳۲) ویُسوّی اللبن علی اللحد ﴾ ل لانه صلی الله علیه وسلم جعل علی قبره اللبن

للصلاة ثم اضطجع علی شقک الأیمن ثم قل ۔(بخاری شریف، باب فضل من بات علی الوضوء، ص ۴۵، نمبر ۲۴۷ رمسلم شریف، باب الدعاء عند النوم ص ۱۱۷۷، نمبر ۲۷۱۰/۶۸۸۲) اس حدیث میں ہے کہ دائیں پہلو پر سوئے، چونکہ زندگی میں یہ بہتر ہے اسلئے مرنے کے بعد بھی یہی بہتر ہوگا ۔(۴) اس اثر میں ہے کہ. سألت الشعبی .... لکن اجعل القبر الی القبلة، قبر رسول الله ﷺ و قبر بکر و قبر عمر الی القبلة ۔(مصنف عبد الرزاق، باب غسل المرء اذا احضره الموت وحروف المیت الی القبلة، ج ثالث، ص ۲۴۲، نمبر ۶۰۸۳) اس اثر میں ہے کہ حضورؐ کی قبر اور حضرت ابو بکر اور حضرت عمرؓ کی قبر قبلے کی طرف ہیں۔

**ترجمه** : (۷۳۱) گرہ کھول دے۔

**ترجمه**: ل اس لئے کہ اب کفن کھلنے کا خطرہ نہیں رہا۔

**تشریح**: کفن دیتے وقت کھلنے کا خطرہ ہوتو گرہ لگانے کے لئے کہا تھا۔ اب قبر میں میت کو لٹانے کے بعد کفن کے گرہ کھول دے

**وجه**: (۱) کیونکہ اب کفن کھلنے کا خطرہ نہیں ہے (۲) اس حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔ حدثنا مولاه معقل بن یسار لما وضع رسول الله ﷺ نعیم بن مسعود فی القبر نزع الأخلة بفیه ۔(نمبر ۶۷۱۴) مات ابن لسمرة و ذکر الحدیث قال : فقال : انطلق به الی حفرته فاذا وضعته فی لحده فقل بسم الله و علی سنة رسول الله ﷺ ثم أطلق عقد رأسه و عقد رجلیه ۔(سنن بیہقی، باب عقد الاکفان عند خوف الانتشار وحلها اذا ادخلوه القبر، ج ثالث، ص ۵۷۱، نمبر ۶۷۱۵) اس حدیث میں ہے کہ منہ سے گرہ کھولا، اور یہ بھی معلوم ہوا کہ کفن کھلنے کا خوف ہوتو گرہ باندھنا بھی مستحب ہے ۔(۳) اس اثر میں ہے۔ عن ابراهیم قال اذا ادخل المیت القبر حل عنه العقد کلها (مصنف ابن ابی شیبہ ۱۲۰، ما قالوا فی حل العقد عن المیت ج ثالث ص ۱۷، نمبر ۱۱۶۶۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ کفن کی گرہ کھول دی جائے۔

**ترجمه**: (۷۳۲) اور لحد میں کچی اینٹ برابر کرکے ڈالی جائے۔

**ترجمه**: ل اس لئے کہ حضورؐ کی قبر پر کچی اینٹیں لگائی گئیں تھیں۔

**تشریح**: لحد کے دائیں کنارے میں میت کو رکھ دی جاتی ہے اس لئے لحد کے منہ پر کچی اینٹ برابر کرکے ڈالی جائے جس سے لحد کا منہ بند ہو جائے۔ اس لئے کہ حضورؐ کی قبر پر کچی اینٹیں ڈالی گئیں تھیں۔

**وجه**: اس کی دلیل یہ حدیث ہے (۱)۔ ان سعد بن ابی وقاص قال فی مرضه الذی هلک فیه الحدوا لی لحدا

(۷۳۳) ویُسَجّی قبر المرأۃ بثوب حتی یجعل اللبن علی اللحد ولا یسجیّ قبر الرجل ﴾ لے لان مبنی حالھن علی الستر ومبنی حال الرجال علی الانکشاف (۷۳۴) ویکرہ الآجر والخشب ﴾

وانصبوا علی اللبن نصبا کما صنع برسول اللہ ﷺ (مسلم شریف، کتاب الجنائز، باب فی اللحد ونصب اللبن علی المیت ص ۳۸۹ نمبر ۲۲۴۰/۹۶۶) (۲) قال علی بن ابی طالبؓ غسلت رسول اللہ ﷺ .....و لحد رسول اللہ ﷺ لحدا و نصب علیه اللبن نصبا ۔ (مستدرک للحاکم، کتاب الجنائز، ج اول، ص ۵۱۵، نمبر ۱۳۳۹) ان حدیثوں میں ہے کہ حضورؐ کی قبر پر کچی اینٹ ڈالی گئی (۳) عن علی ابن حسین انھم علی قبر رسول اللہ ﷺ نصبوا اللبن نصبا (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۲۹، فی اللبن ینصب علی القبر او یبنی بناء ج ثالث ص ۲۳، نمبر ۱۱۷۲۹) اس اثر سے اور حدیث سے معلوم ہوا کہ لحد میں کچی اینٹ ڈالی جائے۔

**ترجمہ:** (۷۳۳) عورت کی قبر کو کپڑے سے پردہ کر لیا جائے، یہاں تک کہ کچی اینٹیں لحد پر لگائی جائیں، اور مرد کی قبر پر پردہ نہ کیا جائے۔

**ترجمہ:** لے اسلئے کہ عورتوں کا حال پردہ پر مبنی ہے اور مردوں کا حال کشف اور کھلنے پر مبنی ہے۔

**تشریح:** جب عورت کو قبر میں رکھے تو اسکی قبر کو بہتر یہ ہے کہ کسی کپڑے سے پردہ کر لیا جائے اور جب تک لحد میں اسکی لاش کو کچی اینٹ سے چھپا نہ دیا جائے اس وقت تک پردہ کئے رکھے، تا کہ اسکی لاش کو کوئی نہ دیکھے، کیونکہ وہ زندگی میں مردوں سے پردہ کرتی رہی تو مرنے کے بعد بھی اسکی لاش کو اجنبی مردوں سے پردے میں رکھی جائے۔ لیکن مرد زندگی میں پردہ نہیں کرتا تھا اسلئے مرنے کے بعد بھی اسکی قبر کو پردہ کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کا معاملہ کھلے رہنے پر ہے اور کشف پر ہے۔ سجی: کا معنی ہے کپڑے سے پردہ کرنا۔ کشف: کا معنی کھلنا۔

**وجہ:** (۱) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ عن ابی اسحاق قال شھدت جنازۃ الحارث فمدوا علی قبرہ ثوبا فکشفه عبد اللہ بن یزید قال : انما ھو رجل . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۱۹، ما قالوا فی مد الثوب علی القبر، ج ثالث، ص ۱۷، نمبر ۱۱۶۶۳ / مصنف عبد الرزاق، باب ستر الثوب علی القبر، ج ثالث، ص ۳۲۳، نمبر ۶۵۰۳) اس اثر میں ہے کہ مرد کی قبر کو پردہ نہیں کیا جائے گا۔ اور اس کے اشارے سے معلوم ہوا کہ عورت کی قبر کو پردہ کیا جائے گا۔

**ترجمہ:** (۷۳۴) مکروہ ہے پکی اینٹ اور لکڑی۔

**تشریح:** قبر بوسیدہ ہونے اور ویران ہونے کے لئے ہے۔ اس لئے اس پر ایسی چیزیں بنانا جو دیرپا ہو اور آگ سے پکی ہو وہ مکروہ ہے۔ اس لئے پکی اینٹیں دینا مکروہ ہے۔ کیونکہ اس میں آگ کا اثر ہے اور دیرپا ہوتی ہے۔ اسی طرح مضبوط قسم کا تختہ دینا یا

**ل لانهما لاحکام البناء والقبر موضع البلی ثم بالأجر اثرالنار فیکره تفاؤل (۷۳۵) ولاباس بالقصب ﴾ ل وفی الجامع الصغیر ویستحب اللبن والقصب لانه صلی اللّٰہ علیه وسلم جُعل علی قبره طُنٌّ من قصب**

---

لکڑی مکروہ ہے کیونکہ وہ دیر پا رہتا ہے۔ البتہ بانس چونکہ دیر پا نہیں ہے اس لئے وہ جائز ہے۔

**وجه**: (۱) حدیث میں ہے .عن جابر قال نھی رسول اللّٰہ ﷺ ان یجصص القبر وان یقعد علیه وان یبنی علیه (مسلم شریف، کتاب الجنائز، فصل فی النہی عن تجصیص القبور ص۳۱۲ نمبر ۲۲۴۵؍۹۷۰ ابوداؤد شریف، باب فی البناء علی القبر ج ثانی ص۱۰۴ نمبر ۳۲۲۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ قبر پر پکی اینٹ اور تختہ نہ دیا جائے، اس پر کوئی بنیاد نہ بنائی جائے، اور نہ چونے گچ سے مضبوط کی جائے (۲)۔عن ابراهیم قال کانوا یستحبون اللبن ویکرھون الآجر ویستحبون القصب ویکرھون الخشب ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۳۷، فی تجصیص القبر والآجر یجعل لہ ج ثالث ص ۲۷، نمبر ۱۱۷۶۹) اس اثر سے بھی مسئلہ کی تائید ہوتی ہے۔

**لغت**: الآجر : پکی اینٹ، خشب : لکڑی، القصب : بانس۔البلی : بوسیدہ ہونا، گلنا۔ تفاول: بدفالی لینا۔

**ترجمه**: ل اس لئے کہ پکی اینٹ اور لکڑی بنیاد کو مضبوط کرنے کے لئے ہے اور قبر گلنے کی جگہ ہے۔ پھر پکی اینٹ میں آگ کا اثر ہے، اس لئے بدفالی کے طور پر مکروہ ہے۔

**تشریح** : پکی اینٹ اور لکڑی کے مکروہ ہونے کی دلیل عقلی ہے۔ کہ لکڑی اور پکی اینٹ بنیاد کی مضبوطی کے لئے ہے اور قبر مضبوطی کی جگہ نہیں ہے بلکہ وہ گلنے اور سڑنے کی جگہ ہے اسلئے مضبوط لکڑی اور پکی اینٹ نہیں دینی چاہئے، پھر دوسری بات یہ ہے کہ پکی اینٹ آگ سے پکی ہے اسلئے اس میں آگ کا اثر ہے اس لئے اس میں بدشگونی ہے کہ صاحب قبر کے ساتھ عذاب والی چیز رکھی جا ئے، اس لئے یہ مکروہ ہے۔ اس اثر میں اس کا ثبوت ہے. عن سوید بن غفلة قال : اذا أنا مت فلا تؤذنوا بی أحدا و لا تقربونی جصا و لا آجرا و لا عودا و لا تصحبنا امرأۃ . ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۳۷، فی تجصیص القبر والآجر یجعل لہ ج ثالث ص ۲۷، نمبر ۱۱۷۶۶) اس اثر میں ہے کہ لکڑی اور پکی اینٹ قبر کے قریب نہ کی جائے۔

**ترجمه**: (۷۳۵) اور بانس کے دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمه**: ل اور جامع صغیر میں ہے کہ کچی اینٹ اور بانس دینا مستحب ہے، اس لئے کہ حضور کی قبر پر بانس کا گٹھا استعمال کیا ہے۔

**تشریح** : بانس اتنا مضبوط نہیں ہوتا اس لئے قبر پر اس کو رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ حدیث مرسل میں ہے کہ حضور کی قبر میں

(۷۳۶) ثم یهال التراب ویسنّم القبر ولا یُسطّح ﴾ ١ ای لا یُربّع لانه صلی الله علیه وسلم نهی عن تربیع القبور

بانس استعمال ہوا ہے۔ حدیث مرسل یہ ہے. عن الشعبی أن النبی ﷺ جعل علی لحده طن قصب۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۲۸، ما قالوا فی القصب یوضع عن اللحد، ج ثالث، ص۲۲، نمبر ۱۱۷۲۲) اس حدیث مرسل میں ہے کہ حضور کی قبر میں بانس استعمال ہوا ہے اسلئے اسکے دینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔ (۲) عن ابی وائل عن عمرو بن شرحبیل أنه قال اطرحوا علی طنا من قصب فانی رأیت المهاجرین یستحبون علی ما سواه۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۲۸، ما قالوا فی القصب یوضع عن اللحد، ج ثالث، ص۲۲، نمبر ۱۱۷۲۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ مہاجرین بھی بانس کو ہی پسند فرماتے تھے۔ طن: بانس کا گٹھا

جامع صغیر کی عبارت یہ ہے. و یکره الآجر علی القبر، و یستحب اللبن و القصب۔ (جامع صغیر، باب فی حمل الجنازۃ و الصلوۃ علیها، ص۱۱۸) اس عبارت میں ہے کہ بانس اور کچی اینٹ دینا مستحب ہے۔

**ترجمہ**: (۷۳۶) پھر قبر میں مٹی ڈال دی جائے اور قبر کو ہان نما بنائی جائے۔ اور مسطح نہ ہو یعنی چوکور نہ ہو

**تشریح**: جس طرح اونٹ کی کوہان ہوتی ہے اسی انداز کی قبر کی شکل بنائی جائے۔ لیکن قبر بہت اونچی نہ کی جائے۔ البتہ چوکور بنا کر زمین کی سطح کے قریب کی جائے تا کہ کوہان نما اونچی رہے۔

**وجه**: (۱) عن سفیان التمار قال دخلت البیت الذی فیه قبر النبی ﷺ فرأیت قبر النبی ﷺ وقبر ابی بکر و عمر مسنمة. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۳۰، ما قالوا فی القبر یسنم ج ثالث، ص۲۳، نمبر ۱۱۷۳۴ ربخاری شریف، باب ماجاء فی قبر النبی ﷺ وابوبکر وعمر ص ۱۸۶ انمبر ۱۳۹۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ قبر کوہان نما بنائی جائے۔ (۲) قبر اونچی نہ ہو اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ قال لی علی الا ابعثک علی ما بعثنی علیه رسول الله ﷺ ان لا تدع تمثالا الا طمسته ولا قبرا مشرفا الا سویته. (مسلم شریف، کتاب الجنائز، فصل فی طمس التمثال وتسویۃ القبر المشرف ص۳۱۲ نمبر ۹۶۹/۲۲۴۳ رابو داود شریف، باب فی تسویۃ القبر، ص۴۷۰، نمبر ۳۲۱۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بہت ابھری ہوئی قبر کو نیچی کی جائے۔

**لغت**: یہال: مٹی ڈالی جائے، یسنم: کوہان نما بنائی جائے۔ یسطح: چوکور، زمین کی سطح سے ملی ہوئی۔

**ترجمہ**: ١ اس لئے کہ حضور ؐ نے قبر کو چوکور بنانے سے منع فرمایا۔

**تشریح**: چونکہ حضور ؐ نے قبر کو چوکور بنانے سے منع فرمایا ہے اس لئے یہ اچھا نہیں ہے۔

**وجه**: صاحب ہدایہ کی حدیث مرسل یہ ہے۔ اخبرنا أبو حنیفة قال: حدثنا شیخ لنا یرفعه الی النبی ﷺ انه نهی عن تربیع القبور و تجصیصها قال محمد و به نأخذ. (کتاب الآثار امام محمدؒ، باب تسنیم القبور و تجصیصها، ص۵۲،

۲ و من شاهد قبره اخبر انه مسنّم.

---

نمبر۷۲۵)اس اثر میں ہے کہ تربیع کرنے یعنی قبر کو چوکور بنانے سے منع فرمایا۔

۲ اور جس نے آپؐ کے قبر مبارک کو دیکھا تو اس نے یہ دیکھا کہ آپکی قبر کوہان نما ہے

**تشریح** : آپؐ کی قبر کو دیکھا کہ کوہان نما ہے اسکے لئے پہلے بھی اثر گزرا اور یہ اثر بھی ہے . عن سفیان التمار ، أنه حدثه أنه رأی قبر النبی ﷺ مسنما. (بخاری شریف، باب ما جاء فی قبر النبی ﷺ وابو بکر وعمر ص ۱۸۶ نمبر ۱۳۹۰ / مصنف ابن ابی شیبة ۱۳۰، ما قالوا فی القبر یسنم ج ثالث، ص ۲۳، نمبر ۱۱۷۳۳) اس اثر میں ہے کہ آپؐ کی قبر مبارک کوہان نما ہے۔

## ﴿باب الشهيد﴾

(۷۳۷)الشهيد من قتله المشركون اووجد فى المعركة وبه اثر وقتله المسلمون ظلما ولم يجب بقتله دية فيكفن ويصلى عليه ولايغسل﴾ ل لانه فى معنى شهداء احد.

## ﴿ باب الشہید ﴾

**ضروری نوٹ**: شہید کا تذکرہ اس آیت میں ہے۔ و لا تقولوا لمن يقتل فى سبيل الله اموات بل أحياء و لكن لا تشعرون ( آیت ۱۵۴،سورۃ البقرۃ ۲) اس آیت میں شہید کا تذکرہ ہے۔اس شہید کو غسل نہیں دیا جائے گا جو شہدائے احد کی طرح ہو۔یعنی کافروں نے ظلما قتل کیا ہو یا کافروں سے جنگ میں زخم لگنے کے بعد دنیا سے کوئی فائدہ نہ اٹھایا ہو اور انتقال ہو گیا ہو۔یا کسی مسلمان نے ہی قتل کیا ہو لیکن اس کے قتل کی وجہ سے دیت ، یا عوض مالی یا کوئی معاوضہ بھی نہ لیا جا سکا ہو تا کہ مکمل مظلوم ہو کر مرے۔ایسا شہید کامل شہید ہے۔اس کے یہ احکام ہیں جو آگے آرہے ہیں۔

**ترجمہ**: (۷۳۷) شہید ( کامل ) وہ ہے(۱) جس کو مشرکین نے قتل کیا ہو(۲) یا میدان جنگ میں پایا گیا ہو اور اس پر زخم کا اثر ہو(۳) یا مسلمان نے ظلما قتل کیا ہو اور اس کے قتل کی وجہ سے کوئی دیت لازم نہ ہوئی ہو۔تو اس کو کفن دیا جائے گا اور اس پر نماز پڑھی جائے گی اور غسل نہیں دیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ وہ شہداء احد کے معنی میں ہے۔

**تشریح**: یہاں شہید کی تین تعریفیں ہیں یا تین قسمیں ہیں جو کامل شہید شمار کئے جاتے ہیں۔[۱] پہلا یہ ہے کہ مشرک نے اس کو قتل کیا ہو۔[۲] دوسری شکل یہ ہے کہ مشرک نے مکمل قتل تو نہ کیا ہو لیکن میدان جنگ میں زخمی پایا گیا ہو پھر دنیا سے فائدہ اٹھائے بغیر انتقال ہو گیا ہو۔میدان جنگ میں پایا جانا دلیل ہے کہ اس کو کفار نے قتل کیا ہے۔[۳] تیسری شکل یہ ہے کہ قتل تو مسلمان نے ہی کیا ہے لیکن قتل اس انداز سے کیا ہے کہ اس کی وجہ سے دیت اور مال لازم نہیں آتا ہے بلکہ قصاص لازم آتا ہے۔اگر دیت اور مال لازم آتا تو دیت لینے کی وجہ سے ظلم میں کمی واقع ہوگئی اس لئے مکمل مظلوم نہیں رہا اور نہ مکمل شہید ہوا اس لئے اس کو غسل دیا جائے گا۔لیکن اگر دیت لازم نہیں ہوئی ہو تو مال نہ لینے کی وجہ سے مکمل مظلوم ہوا۔اس لئے اب وہ شہدائے احد کے درجہ میں ہوا اس لئے اس کو غسل نہیں دیا جائیگا۔

**وجہ**: کفن دیا جائے گا اور غسل نہیں دیا جائے گا اس کی دلیل یہ حدیث ہے ۔(۱)عن جابر قال النبى ﷺ ادفنوهم فى دمائهم يعنى يوم احد ولم يغسلهم. ( بخاری شریف، باب من لم یر غسل الشہید ص ۱۷۹ نمبر ۱۳۴۶ /ابو داؤد شریف، باب فی الشہید یغسل ج ثانی ص ۹۱ نمبر ۳۱۳۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شہید کو غسل نہیں دیا جائے گا۔اسی کے کپڑے کے ساتھ کفن دیکر

۲ وقال صلى الله عليه وسلم فيهم زمّلوهم بكلومهم ودمائهم ولا تغسلوهم

دفن کیا جائے۔اور جو زیادہ ہو اس کو نکال لیا جائے۔اور جو کم ہو اس کا اضافہ کیا جائے۔(۲) اس کی دلیل یہ حدیث ہے ۔عن ابن عباس قال امر رسول الله ﷺ بقتلی احد ان ینزع عنهم الحدید والجلود وان یدفنوا بدمائهم و ثیابهم (ابو داؤد شریف، باب فی الشہید یغسل ج ثانی ص ۹۱ نمبر ۳۱۳۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کفن کے لائق جو کپڑے یا چیزیں نہ ہوں ان کو نکال دیئے جائیں اور جو کپڑے کفن کے لائق ہوں وہ ان کے ساتھ ہی رکھے جائیں۔اور کفن میں جو کمی رہ جائے اس کو پوری کی جائے۔

(۱) شہید پر نماز پڑھی جائے اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابن عباس قال اتی بهم رسول الله ﷺ یوم احد فجعل یصلی علی عشرة عشرة و حمزة هو کما هو یرفعون وهو کما هو موضوع. (ابن ماجہ شریف، باب ما جاء فی الصلوة علی الشهداء و دفنهم ص ۲۱۶، نمبر ۱۵۱۳ / سنن للبیہقی ، باب من زعم ان النبی ﷺ صلی علی شهداء احد، ج رابع ص ۱۸، نمبر ۶۸۰۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شہداء احد پر آپؐ نے نماز پڑھی (۲) نماز ترقی درجات کے لئے اور استغفار کے لئے ہے۔اور یہ بچوں اور نبی کے لئے بھی جائز ہے۔اس لئے شہید کے لئے بھی کیا جائے (۳) خود بخاری میں اس حدیث میں موجود ہے۔ عن عقبة بن عامر ان النبی ﷺ خرج یوما فصلی علی اهل احد صلوته علی المیت ثم انصرف الی المنبر (بخاری شریف، باب الصلوة علی الشہید ص ۱۷۹ نمبر ۱۳۴۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شہید پر نماز پڑھی جا سکتی ہے۔مصنف عبد الرزاق، باب الصلوة علی الشہید وغسلہ ج ثالث ص ۵۴۳ نمبر ۶۶۶۷/۶۶۶۶ میں شہید پر نماز پڑھنے کے بارے میں تفصیل موجود ہے. فلیراجع ! (۴) عن عقبة بن عامر الجهني : أن النبی ﷺ صلی علی قتلی أحد صلاته علی المیت . (مستدرک حاکم، کتاب الجنائز، ج اول، ص ۵۲۰، نمبر ۱۳۵۲) اس حدیث میں ہے کہ میت پر جس طرح نماز پڑھتے ہیں اسی طرح شہداء احد پر نماز جنازہ پڑھی۔

**اصول** : مکمل مظلوم مقتول شہید کامل ہے۔

**ترجمہ** : ۲ آپؐ نے شہداء احد کے بارے میں فرمایا کہ انکو انکے خون اور انکے زخموں کے ساتھ لپیٹ دو اور انکو غسل مت دو۔

**تشریح** : کامل شہید کو غسل نہیں دیا جائے گا اور انکے خون اور زخموں کے ساتھ لپیٹ کر دفن کر دیا جائے گا۔اس بارے میں اوپر کئی حدیثیں گزر گئیں۔البتہ صاحب ھدایہ کی پیش کردہ حدیث یہ ہے۔ عن ابی صعیر أن النبی ﷺ أشرف علی قتلی أحد فقال : انی قد شهدت علی هؤلاء فزملوهم بدمائهم و کلومهم ۔(سنن بیہقی باب المسلمون یقتلہم المشرکون فی المعرکۃ۔الخ، ج رابع، ص ۱۷، نمبر ۶۸۰۰) اس حدیث میں ہے کہ انکے زخموں اور خون کے ساتھ لپیٹ دو۔ زملوا: معنی لپیٹ دو۔ کلوم: کلم سے مشتق ہے، زخم۔

۳ فكل من قتل بالحديد ظلما وهو طاهر بالغ ولم يجب به عوض مالي فهو في معناهم فيلحق بهم.

**ترجمه**: ۳ اسلئے ہر وہ شخص جو ظلما قتل کیا گیا ہو اور وہ پاک بھی ہو اور بالغ بھی ہو اور اسکے بدلے میں کوئی مالی عوض واجب نہ ہوا ہو تو وہ بھی شہداء احد کے معنی میں ہے تو انہیں کے ساتھ لاحق کیا جائے گا۔

**تشریح**: کامل مظلوم کون ہے اور کون شہداء احد کے معنی میں ہے جسکو غسل نہ دیا جائے اس سلسلے میں اس عبارت میں چار باتیں بیان فرمارہے ہیں۔

[۱] مشرکین نے میدان جنگ میں قتل کیا ہو تو چاہے کسی چیز سے قتل کیا ہو وہ شہداء احد کے درجے میں ہے اسکو غسل نہ دیا جائے۔

[۲] لیکن اگر شہید جنبی یا حائضہ ہو تو اگر چہ وہ شہداء احد کے درجے میں ہو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک غسل دیا جائے گا اسلئے کہ حضرت حنظلہؓ جنبی ہو کر میدان احد میں شہید ہوئے تھے تو فرشتوں نے انکو غسل دیا تھا اسلئے غسل نہ دینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ پاک ہو

[۳] دوسری شرط یہ ہے کہ وہ بالغ اور عاقل ہو۔ کیونکہ شہادت گناہ کو پاک کرتی ہے اسلئے غسل نہیں دیا جاتا ہے، اور بچے اور مجنون پر کوئی گناہ ہی نہیں ہے اسلئے پاک کس چیز کو کرے گی! اسلئے اسکو غسل دیا جائے گا، اس لئے بالغ ہو تو غسل نہیں دیا جائے گا۔ اس بارے میں صاحبین کا اختلاف ہے جو آگے آرہا ہے۔

[۴] ولم يجب به عوض مالي : اور تیسری شرط یہ ہے کہ اس قتل کے بدلے میں مالی عوض لازم نہ ہوا ہو۔ قتل کی چار صورتیں ہیں

(۱) قتل عمد: دھار دار چیز سے جان بوجھ کر قتل کرنا۔ اس میں قاتل کو قصاص اور بدلے میں قتل کیا جاتا ہے، یہ قتل کیا جانا مقتول کے ورثہ کا نہیں بلکہ شریعت کا حق ہے اس میں قتل کیا جارہا ہے اس لئے مقتول کے ورثہ کو کچھ مال نہیں ملا اس لئے وہ مکمل مظلوم ہوا اور مقتول شہداء احد کے درجے میں ہوا اس لئے اس کو غسل نہیں دیا جائے گا بشرطیکہ پاک ہو۔ (۲) دوسرا ہے قتل شبہ عمد: مارا تو جان بوجھ کر لیکن ایسے ہتھیار سے نہیں مارا جس سے عام طور پر آدمی مر ہی جاتا ہو بلکہ ایسے ہتھیار سے مارا جس سے عام طور پر آدمی مرتا نہ ہو لیکن مر گیا تو یہ قتل شبہ عمد ہے۔ اس صورت میں قاتل پر قصاص نہیں ہے، بلکہ اس پر دیت ہے اور عوض مالی سو اونٹ ہے۔ چونکہ اس صورت میں مقتول کے ورثہ نے مال لیا اس لئے ظلم کم ہو گیا اور کامل شہید نہیں رہا، اس لئے اس صورت میں مقتول کو غسل دیا جائے گا۔ (۳) تیسری صورت قتل خطاء کی ہے: یعنی ہتھیار سے مار رہا تھا کسی اور کو لیکن غلطی سے اس کو لگ گیا اور مر گیا تو یہ قتل خطاء ہے، اس میں دیت یعنی سو اونٹ لازم ہوتا ہے، اس لئے اس میں بھی ظلم کم ہو گیا، اس لئے غسل نہیں دیا جائے گا۔ (۴) چوتھی صورت قتل شبہ خطاء کی ہے: اسکی صورت یہ ہے کہ مثلا ماں بچے کو لیکر سو رہی تھی اور سوئے ہوئے میں بچے کو داب دیا جس سے بچہ مر گیا، یہ قتل شبہ خطاء ہے، اس صورت میں بھی دیت لازم ہوتی ہے، اور مال وصول کرنے کی وجہ سے ظلم کم ہو گیا اس لئے مقتول کو غسل دیا جائے گا

۴ والمراد بالاثر الجراحة لانه دلالة القتل وكذا خروج الدم من موضع غير معتاد كالعين ونحوه
۵ والشافعي يخالفنا في الصلوٰة ويقول السيف مَحَّاء للذنوب فاغنى عن الشفاعة

۔مصنفؒ نے یہ جوفرمایا کہ عوض مالی لازم نہ آتا ہواس سے یہ آخری تین صورتیں مراد ہیں جن میں قتل کرنے کی وجہ سے دیت یعنی مالی عوض لازم ہوتا ہے جس سے ظلم کم ہوگیا اور شہداء احد کے درجے میں نہیں رہا جس کی وجہ سے مقتول کوغسل دیا جائے گا۔اور قتل کی پہلی صورت یعنی قتل عمد کی شکل میں دیت لازم نہیں ہوتی ہے اس میں ظلم مکمل ہے اسلئے شہید کوغسل نہیں دیا جائے گا چاہے اس کو قتل کرنے والا مسلمان ہی کیوں نہ ہو۔

**ترجمہ**: ۴ اور متن میں اثر سے مراد زخم ہے، اس لئے کہ وہ قتل کی علامت ہے۔ایسے ہی ایسی جگہ سے خون نکلنا جہاں سے خون نکلنے کی عام طور پر عادت نہیں ہے۔جیسے آنکھ یا اس طرح کی کوئی اور جگہ۔

**تشریح**: متن میں ایک لفظ تھا[ اثر ]اس سے زخم کا پتہ نہیں چلتا تھا اسلئے مصنفؒ نے تشریح کی کہ اثر سے مراد ایسا زخم ہے جس سے معلوم ہوتا ہو کہ یہ آدمی اپنی موت نہیں مرا ہے بلکہ مشرکین کے ساتھ جنگ میں زخم لگنے سے مرا ہے۔یا ایسی جگہ سے خون نکلا جہاں سے عام طور پر خون نہیں نکلتا ہے جیسے آنکھ ہے کہ وہاں سے عام طور پر خون نہیں نکلتا ہے اب آنکھ سے خون نکلا اور مر گیا تو یہ علامت ہے کہ مشرکین کی مار سے مرا ہے۔لیکن اگر ناک سے خون نکلا اور مار کی کوئی علامت نہیں ہے تو یہ سمجھا جائے گا کہ یہ اپنی موت سے مرا ہے مشرکین کی مار سے نہیں مرا، کیونکہ ناک سے بغیر مار کے بھی خون نکلتا ہے، یا منہ سے کسی بیماری سے بھی خون نکلتا ہے اسلئے یہ مار کی علامت نہیں ہے۔

حاصل یہ ہے کہ مشرکین کی مار کی علامت ہو تو شہید شمار کیا جائے گا اور علامت نہ ہو تو شہید شمار نہیں کیا جائے گا۔

**لغت**: جراحۃ: زخم۔موضع غیر معتاد: ایسی جگہ جہاں سے عادۃ خون نہ نکلتا ہو۔عین: آنکھ۔

**ترجمہ**: ۵ اور امام شافعیؒ نماز کے بارے میں ہماری مخالفت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ تلوار گناہوں کو مٹا دیتی ہے اس لئے سفارش کرنے سے بے نیاز کر دیا۔

**تشریح**: شہید کامل کو کفن دے اور غسل نہ دے اس بارے میں سب متفق ہیں، البتہ اس پر نماز جنازہ پڑھی جائے یا نہیں اس بارے میں امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ اس پر نماز نہ پڑھی جائے اور امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ نماز پڑھی جائے۔موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ: اذا قتل المشركون المسلمين في المعترك لم تغسل القتلى، و لم يصل عليهم، و دفنوا بكلومهم و دمائهم. (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب مایفعل بالشھید، ج ثالث، ص ۳۶۸، نمبر ۳۰۴۹) اس عبارت میں ہے کہ شہید کو غسل نہ دیا جائے۔

**وجہ**: (۱) انکی دلیل عقلی جو مصنفؒ نے بیان کی ہے یہ ہے کہ نماز جنازہ میت کے گناہوں کی شفاعت کے لئے ہے اور تلوار کی مار

۶ ونحن نقول الصلوٰۃ علی المیت لاظھار کرامتہ والشھید اولی بھا ے الطاھر عن الذنوب لایستغنی عن الدعاء کالنبی والصبی (۷۳۸) ومن قتلہ اھل الحرب او اھل البغی اوقطاع الطریق فبای شیٔ قتلوہ لم یغسل ﴾

نے اسکے گناہ کو مٹادیا اس لئے اب اسکی سفارش کی ضرورت نہیں ہے اس لئے اسکی نماز جنازہ پڑھنے کی بھی ضرورت نہیں رہی۔ موسوعہ میں اتنی سی عبارت ہے۔و استغنوا بکرامۃ اللہ جل و عز لھم عن الصلاۃ لھم۔(موسوعۃ امام شافعیؒ، باب ما یفعل بالشہید، ج ثالث، ص ۳۶۹، نمبر ۳۰۵۶)اس عبارت میں ہے کہ اللہ تعالی نے انکو نماز سے بے نیاز کر دیا۔(۲)۔لیکن اصل دلیل یہ حدیث ہے جس میں ہے کہ شہید کی نماز نہ پڑھی جائے ۔ عن جابر بن عبد اللہ ... و امر بدفنھم فی دمائھم ولم یغسل ولم یصل علیھم . (بخاری شریف، باب الصلوۃ علی الشہید ص ۱۷۹ نمبر ۱۳۴۳ رابوداؤد شریف، باب فی الشہید یغسل ج ثانی ص ۹۱ نمبر ۳۱۳۵)اس حدیث سے معلوم ہوا کہ شہید پر نماز جنازہ نہیں پڑھی جائے گی۔ ۔محاء: کا معنی ہے مٹا دینے والا، اور ذنوب کا معنی ہے، گناہ۔

**نوٹ**: ہمارا عمل پہلی احادیث پر ہے۔

**ترجمہ**: ۶ ہم جواب دیتے ہیں کہ میت پر نماز اسکی کرامت اور عزت کے اظہار کے لئے ہے، اور شہید اس کے لئے زیادہ بہتر ہے۔

**تشریح**: یہ امام شافعی کے استدلال کا ایک جواب ہے، کہ نماز جنازہ میت کے اکرام و عزت کے لئے ہے اور شہید اس اکرام و عزت کا زیادہ مستحق ہے اسلئے شہید پر نماز پڑھنی چاہئے۔

**ترجمہ**: ے اور جو گناہ سے پاک ہے وہ دعا سے مستغنی نہیں ہے جیسے نبی اور بچہ۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو دوسرا جواب ہے۔کہ نماز جنازہ دعا کے لئے ہے، اور شہید اگر چہ گناہ سے پاک ہو گیا لیکن دعا سے مستغنی تو نہیں ہوا جیسے نبی اور بچہ گناہ سے پاک ہیں لیکن دعاء سے مستغنی نہیں ہیں، اسی لئے ان دونوں پر نماز جنازہ پڑھی جاتی ہے، اسی طرح شہید پر بھی نماز جنازہ پڑھنی چاہئے

**ترجمہ**: (۷۳۸) [۱] جسکو حربیوں نے قتل کیا ہو [۲] یا باغیوں نے قتل کیا ہو [۳] یا ڈاکوں نے قتل کیا ہو تو جس طریقے سے بھی قتل کیا ہو غسل نہیں دیا جائے گا۔

**تشریح**: پہلے یہ تھا کہ کافروں نے میدان جنگ میں قتل کیا ہو تو وہ شہید کامل ہے، اب اور تین قسم کے آدمی قتل کرے تو اس کا حکم بیان کیا جا رہا ہے۔[۱] حربیوں کا مطلب ہے جو مشرک دار الحرب میں رہتا ہو، اور حربیوں کے قتل کا مطلب یہ ہے کہ حربیوں نے

ل لان شهداء احد ماكان كلهم قتيل السيف والسلاح

میدان جنگ میں قتل نہ کیا ہو بلکہ انفرادی طور پر کہیں مسلمان کو پایا اور قتل کر دیا تو وہ بھی شہید کامل ہے اور غسل نہیں دیا جائے گا۔ اس لئے کہ اسکے بدلے مالی معاوضہ نہیں ہے اسلئے ظلم کامل ہوا اسلئے غسل نہیں دیا جائے گا۔ (۲) اسکے لئے اثر یہ ہے۔ عن ابی اسحاق أن رجلا من اصحاب عبد الله قتله العدو و قد دفناه فی ثیابه ۔ (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۲۹، فی الرجل یقتل أو یستشهد یدفن کما ھو أو یغسل، ج ثانی، ص ۴۵۷، نمبر ۱۰۹۹۵) اس اثر میں ہے کہ دشمن نے قتل کیا تو غسل نہیں دیا گیا تو کافر اور دار الحرب کے رہنے والے نے قتل کیا تو بدرجہ اولی غسل نہیں دیا جائے گا۔

[۲] اهل بغی کا ترجمہ یہ ہے کہ مسلمانوں کی حکومت ہو اور اسکے خلاف کچھ مسلمان ہی بغاوت کرے اور جنگ کرے اور اس جنگ میں حکومت کے لوگ جو حق پر ہیں وہ قتل ہو جائیں تو انکو بھی غسل نہیں دیا جائے گا۔

**وجه** : (۱) یہاں بھی اس سے مالی عوض نہیں لیا جا سکے گا، اس لئے کامل ظلم ہوا اسلئے غسل نہیں دیا جائے گا (۲) یہ اثر اس کا ثبوت ہے ۔قال زید بن صوحان یوم الجمل : ارمسونی فی الارض رمسا و لا تغسلوا عنی دما و لا تنزعوا عنی ثوبا الا الخفین فانی محاج احاج . (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۲۹، فی الرجل یقتل أو یستشهد یدفن کما ھو أو یغسل، ج ثانی، ص ۴۵۷، نمبر ۱۰۹۹۷ رسنن بیہقی، باب ماورد فی المقتول بسیف اهل البغی، ج رابع، ص ۲۶، نمبر ۶۸۲۴) جنگ جمل میں دونوں طرف صحابہ تھے اسکے باوجود زید ابن صوحان نے کہا کہ مجھے غسل مت دو جس سے معلوم ہوا کہ باغی بھی قتل کرے تو غسل نہیں دیا جائے گا ۔(۳) عن یحیی بن عابس و عن عمار قال ادفنونی فی ثیابی فانی مخاصم ۔(مصنف ابن ابی شیبة، باب ۲۹، فی الرجل یقتل أو یستشهد یدفن کما ھو أو یغسل، ج ثانی، ص ۴۵۶، نمبر ۱۱۰۰۱ رسنن بیہقی، باب ماورد فی المقتول بسیف اهل البغی، ج رابع، ص ۲۶، نمبر ۶۸۲۳) یہ حضرت عمار بھی جنگ جمل میں شریک ہوئے تھے جنہوں نے فرمایا کہ میرے کپڑے میں مجھے دفن کر دو اور مجھے غسل مت دو، حالانکہ دونوں طرف جنگ جمل میں صحابہ تھے۔

[۳] قطاع الطریق : کا ترجمہ ہے، راستے کاٹنے والا، یہاں مراد ہے ڈاکو، کیونکہ وہ بھی راستہ کاٹنے والا ہے۔ اگر ڈاکو نے کسی مسلمان کو قتل کر دیا تو اس سے بھی مالی عوض نہیں لیا جا سکے گا اس لئے ظلم کامل ہوا اسلئے غسل نہیں دیا جائے گا۔

**وجه** : (۱) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے. عن عامر فی رجل قتلته اللصوص قال : یدفن فی ثیابه و لا یغسل . ( مصنف ابن ابی شیبة، باب ۲۹، فی الرجل یقتل أو یستشهد یدفن کما ھو أو یغسل، ج ثانی، ص ۴۵۸، نمبر ۱۱۰۰۴ رمصنف عبد الرزاق، باب الصلاة علی الشهید وغسله، ج ثالث، ص ۳۵۷، نمبر ۶۶۷۷) اس اثر میں ہے کہ چور نے قتل کیا ہو تو غسل نہیں دیا جائے گا، اس لئے ڈاکوؤں نے قتل کیا ہو تو غسل نہیں دیا جائے گا۔

**ترجمه** : ل اسلئے کہ احد کے سبھی شہداء تلوار اور ہتھیار سے قتل نہیں کئے گئے تھے۔

(۷۳۹) واذا استشهد الجنب غسل عند ابی حنیفة ﴿ ۱؎ وقالا: لا یغسل لان ماوجب بالجنابة سقط بالموت والثانی لم یجب للشهادة

**تشریح** : اس عبارت میں یہ بتانا چاہتے ہیں کہ حربی لوگ، مسلمان باغی، اور ڈاکو کسی چیز سے بھی قتل کرے چاہے دھاردار ہتھیار ہو یا اینٹ پتھر ہو مقتول کو غسل دیا جائے گا، کیونکہ یہ شہداء احد کے درجے میں ہے، اور شہداء احد کو صرف دھاردار ہتھیار سے قتل نہیں کیا گیا تھا بلکہ اینٹ پتھر وغیرہ سے بھی مار کر ہلاک کیا تھا پھر بھی غسل نہیں دیا گیا، اس لئے ان لوگوں کو بھی غسل نہیں دیا جائے گا۔ سلاح : ہتھیار۔

**ترجمہ**: (۷۳۹) جنبی اگر شہید ہو جائے تو غسل دیا جائے گا امام ابو حنیفہ کے نزدیک۔

**وجہ**: (۱) امام ابو حنیفہ کے نزدیک اس لئے غسل دیا جائے گا کہ اگر چہ وہ شہید ہے لیکن غسل جنابت واجب ہے اس لئے غسل جنابت دیا جائے گا۔ کیونکہ حضرت حنظلہ کو فرشتوں نے غسل دیا تھا۔ ان کی بیوی نے بتایا کہ وہ جنبی تھے۔ حدیث میں ہے حدثنی یحیی بن عباد بن عبداللہ ... حنظلة بن ابی عامر قال فقال رسول اللہ ان صاحبکم تغسله الملائکة فاسئلوا صاحبته فقالت خرج وھو جنب لما سمع الھائعة فقال رسول اللہ ﷺ لذلک غسلته الملائکة (سنن للبیہقی ، باب الجنب یستشھد فی المعرکۃ ج رابع ص ۲۲، نمبر ۶۸۱۴، کتاب الجنائز رمستدرک حاکم ، ذکر مناقب حنظلۃ بن عبد اللہ، ج ثالث ص ۲۲۵، نمبر ۴۹۱۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضرت حنظلہ جنبی تھے اور فرشتوں نے ان کو غسل دیا اسلئے حنفیہ کے نزدیک جنبی شہید کو غسل دیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۱؎ اور صاحبین نے فرمایا کہ غسل نہیں دیا جائے گا۔ اس لئے کہ جو غسل جنابت کی وجہ سے واجب ہوا تھا وہ موت کی وجہ سے ساقط ہو گیا۔ اور شہادت کی وجہ سے موت کا غسل واجب نہیں ہوا۔

**تشریح** : صاحبینؒ کی رائے یہ ہے کہ جنابت، یا حیض، یا نفاس کی حالت میں جو آدمی شہید ہوا ہو اس کو غسل نہیں دیا جائے گا۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ موت کے بعد آدمی جنابت کے غسل کرنے کا مکلف نہیں رہا اسلئے موت کی وجہ سے جنابت یا حیض کا غسل اس سے ساقط ہو گیا، اور موت کی وجہ سے جو غسل واجب ہونا تھا وہ شہادت کی وجہ سے واجب ہی نہیں ہوا، اسلئے اسکو غسل نہ دیا جائے (۲) اصل میں تو وہ احادیث ہیں جن میں ہے کہ شہید کو غسل نہ دیا جائے۔ عن جابر بن عبد اللہ ... وامر بدفنھم فی دمائھم ولم یغسل ولم یصل علیھم . (بخاری شریف، باب الصلوۃ علی الشہید ص ۷۹ ۱ نمبر ۱۳۴۳ رابو داؤد شریف، باب فی الشہید یغسل ج ثانی ص ۹۱ نمبر ۳۱۳۵) اس حدیث میں جنبی اور غیر جنبی سب عام ہیں کہ کسی شہید کامل کو غسل نہ دیا جائے، اس لئے جنبی، حائضہ اور نفساء شہید کو بھی غسل نہ دیا جائے۔ (۳) یہی وجہ ہے کہ حضورؐ نے انسان کو حکم نہیں دیا کہ حضرت حنظلہؓ کو غسل دے، صرف فرشتوں نے دیا جو انسانی تکلیفات میں نہیں آتا۔

۲ ولابی حنیفۃ ان الشھادۃ عرفت مانعۃ غیر رافعۃ فلا ترفع الجنابۃ. ۳ وقد صح ان حنظلۃ لما استشھد جنبا غسلتہ الملائکۃ ۴ وعلیٰ ھٰذا الخلاف الحائض والنفساء اذا طھرتا ۵ وکذا قبل الانقطاع فی الصحیح من الروایۃ

---

**ترجمہ**: ۲ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ شہادت روکنے والی چیز تو ہے، اٹھانے والی چیز نہیں ہے، اسلئے جنابت کو اٹھائے گی نہیں۔

**تشریح**: جنبی شہید کو غسل دینے کی یہ دلیل عقلی ہے۔ ایک ہے موت کی وجہ سے آنے والے غسل کو آنے سے روکنا، اسکو کہتے ہیں، مانع۔ شہادت کا یہ کام ہے کہ موت کی وجہ سے جو غسل آنے والا تھا اس کو روک دے اور وہ غسل لازم نہ ہو۔ لیکن جو غسل جنابت کی وجہ سے پہلے سے لازم ہو چکا ہے اسکو اٹھانا شہادت کا کام نہیں ہے۔ جسکو، رافع۔ کہتے ہیں ،اس لئے جنابت کا غسل اٹھے گا نہیں وہ دینا ہوگا۔ جیسے شہید کے کپڑے پر نجاست لگ گئی ہو تو اسکو دھونا پڑے گا۔ اسی طرح جنابت کا غسل بھی دینا ہوگا۔

**وجہ**: اس اثر میں دو غسل واجب ہونے کا تذکرہ ہے. عن الحسن قال : اذا مات الجنب قال : یغسل غسلا لجنابتہ و یغسل غسل المیت و کذالک قولہ فی الحائض اذا طھرت ثم ماتت قبل أن تغسل . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۳۲، فی الجنب والحائض یموتان مایصنع بھما، ج ثانی، ص ۴۵۹، نمبر ۱۱۰۱۷) اس اثر میں ہے کہ جنبی اور حائضہ اور نفساء پر دو غسل ہیں، ایک جنابت کی وجہ سے اور دوسری موت کی وجہ سے۔

**ترجمہ**: ۳ چنانچہ صحیح حدیث میں ہے کہ حضرت حنظلہؓ جب جنبی شہید ہوئے تو فرشتوں نے انکو غسل دیا۔

**تشریح**: یہ حدیث پہلے گزر چکی ہے۔

**ترجمہ**: ۴ اسی اختلاف پر ہے حیض والی اور نفاس والی عورتیں ہیں جبکہ وہ پاک ہو چکی ہوں ۔

**تشریح**: حیض والی عورت پاک ہوگئی یا نفاس والی عورت پاک ہوگئی جس کی وجہ سے غسل واجب ہوا، لیکن ابھی غسل بھی نہ کر پائی تھی کہ شہید ہوگئی تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک دونوں عورتوں کو غسل دی جائے گی، کیونکہ اس پر جنابت کی طرح پہلے سے غسل واجب ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک ان پر غسل واجب نہیں کیونکہ شہید پر غسل واجب نہیں ہے۔ باقی دلائل اوپر گزر گئے۔

**ترجمہ**: ۵ ایسے ہی اختلاف ہے خون کے منقطع ہونے سے پہلے، صحیح روایت میں۔

**تشریح**: حیض والی عورت حیض میں ہوا بھی خون ختم نہ ہوا ہو، اسی طرح نفاس والی عورت کا خون ختم نہیں ہوا ہو اور اسی حالت میں شہید ہوگئی ہو تو اس پر غسل واجب ہے۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ مرنے کی وجہ سے خون بند ہو گیا تو گویا کہ خون منقطع ہو گیا اور خون منقطع ہونے کی وجہ سے غسل واجب ہوتا ہے اس لئے اس شہید پر غسل واجب ہوگا۔ حضرت کی صحیح روایت یہی ہے۔ دوسری روایت یہ ہے کہ

۶ وعلیٰ هذا الخلاف الصبی لهما ان الصبی احق بهذه الکرامة ۷ وله ان السیف کفیٰ عن الغسل فی حق شهداء احد بوصف کونه طهرة ولاذنب علی الصبی فلم یکن فی معناهم (۷۴۰) ولا یغسل عن الشهید دمه ولا ینزع عنه ثیابه ﴾

موت کے وقت خون منقطع نہیں ہوا ہے اس لئے موت کے وقت غسل واجب نہیں ہوا، اور جب موت کے وقت غسل واجب نہیں ہوا تو شہادت کے بعد بھی غسل واجب نہیں ہوگا۔ صاحبینؒ کے یہاں ان صورتوں میں بھی شہید عورت پر غسل واجب نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۶ اسی اختلاف پر بچہ ہے۔ صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ بچہ اس کرامت کا زیادہ حقدار ہے۔

**تشریح**: بچہ شہید ہو جائے تو اسکو غسل دیا جائے یا نہیں! اس بارے میں بھی اختلاف ہے۔ صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ غسل نہیں دیا جائے گا، اور امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ بچہ شہید ہو جائے تو اس کو غسل دیا جائے گا۔

**وجہ**: صاحبینؒ کی دلیل یہ ہے کہ بالغ شہید کو جو غسل نہیں دیا جاتا ہے یہ اسکی عزت اور کرامت کی وجہ سے ہے، اور بچہ بیگناہ ہونے کی وجہ سے اس عزت اور کرامت کا زیادہ مستحق ہے اس لئے اس کو بھی غسل نہ دیا جائے۔

**ترجمہ**: ۷ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ تلوار شہداء احد کے حق میں غسل سے کافی ہوگئی اس وصف کے ساتھ کہ تلوار گناہوں سے پاک کرنے والی ہے اور بچے پر کوئی گناہ نہیں ہے، اس لئے شہداء احد کے درجے میں نہیں ہوا

**تشریح**: شہید بچے کو غسل دیا جائے اسکی دلیل عقلی ہے، کہ تلوار نے شہداء احد کے گناہوں کو معاف کر دیا اور انکو پاک کر دیا اور گناہوں سے پاک کرنے کی وجہ سے غسل بھی لازم نہیں ہوا، اور بچہ پر کوئی گناہ ہی نہیں ہے تو تلوار معاف کس چیز کو کرے گی! اس لئے شہداء احد کے درجے میں نہیں ہوا، اس لئے غسل لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: (۷۴۰) شہید سے اس کا خون نہیں دھویا جائے گا۔

**تشریح**: شہید کا خون پونچھا نہیں جائے گا۔

**وجہ**: (۱) عن جابر قال النبی ﷺ ادفنوهم فی دمائهم یعنی یوم احد ولم یغسلهم. (بخاری شریف، باب من لم یر غسل الشہید ص ۱۷۹ نمبر ۱۳۴۶ / ابو داؤد شریف، باب فی الشہید یغسل ج ثانی ص ۹۱ نمبر ۳۱۳۵) ادفنوا فی دمائهم سے معلوم ہوا کہ اس کے خون کو پونچھا نہیں جائے گا (۲) اس حدیث میں بھی ہے کہ اس کے خون میں شہید کو دفن کر دو۔ عن ابی صعیر أن النبی ﷺ أشرف علی قتلی أحد فقال: انی قد شهدت علی هؤلاء فزملوهم بدمائهم و کلومهم۔ (سنن بیہقی باب المسلمون یقتلهم المشرکون فی المعرکة۔ الخ، ج رابع ص ۱۷، نمبر ۶۸۰۰) اس حدیث میں ہے کہ خون اور زخموں کے ساتھ شہیدوں کو دفن کر دو۔ اور اسکے خون کو صاف نہ کرو۔

ل لما روینا (۷۴۱) وینزع عنه الفرو والحشو والسلاح و الخف ﴾ ل لانها لیست من جنس الکفن.
(۷۴۲) ویزیدون وینقصون ماشاؤا اتماما للکفن﴾

**ترجمہ**: ل اوراس سے اس کے کپڑے نہیں نکالے جائیں گے [اس حدیث کی وجہ سے جو ہم نے روایت کی]

**ترجمہ**: (۷۴۱) ،اور پوستین اور زائد کپڑے اور ہتھیار اور موزے نکال دیئے جائیں گے۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ یہ چیزیں کفن کی جنس میں سے نہیں ہیں

**تشریح**: شہید کے ساتھ جو کپڑے ہیں اس کو ان کے ساتھ ہی دفن کر دیا جائے گا۔البتہ جو چیزیں کفن کے لائق نہیں ہیں جیسے چمڑے کا پوستین ،صدری اور کوٹ، چمڑے کے موزے اور ہتھیار ان کو الگ کر دیا جائے گا۔اور اگر کفن میں کمی رہ جائے تو تین کپڑے کفن کے پورے کئے جائیں گے۔

**وجہ** : (۱)عن ابن عباس قال امر رسول اللہ ﷺ بقتلی احد ان ینزع عنھم الحدید و الجلود و ان یدفنوا بدمائھم و ثیابھم (ابوداؤدشریف، باب فی الشہید یغسل ج ثانی ص ۹۱ نمبر ۳۱۳۴ ؍ابن ماجۃ شریف، باب ماجاء فی الصلاۃ علی الشھداء ودفنھم ،ص ۲۱۶،نمبر ۱۵۱۵) اس حدیث میں ہے کہ ہتھیار، چمڑے کا موزہ، اور ایسی چیزیں جو کفن میں سے نہ ہوں انکو نکال دئے جائیں، اور شہید کو انکے کپڑے اور خون میں دفن کر دئے جائیں۔

**لغت**: ینزع :نزع سے مشتق ہے،نکال لیا جائے، کھینچ لیا جائے۔الفرو : چمڑے کا لباس، الحشو : ایسا لباس جس میں روئی بھری ہو،کوٹ وغیرہ، السلاح : ہتھیار۔الخف :موزہ۔

**ترجمہ**: (۷۴۲) کفن پورا کرنے کے لئے زیادہ بھی کیا جاسکتا ہے اور کم بھی کیا جاسکتا ہے۔

**تشریح** : مثلا تین کپڑوں سے زیادہ ہیں تو کم بھی کیا جاسکتا ہے۔اور تین کپڑوں سے کم ہیں تو کفن کے تین کپڑے پورے کر نے کے لئے مزید دیا بھی جاسکتا ہے۔

**وجہ** : (۱) کم کرنے کی دلیل اوپر حدیث گزر چکی۔(۲) اور کفن کم ہو تو زیادہ کیا جاسکتا ہے اسکی دلیل یہ حدیث ہے۔عن خباب بن الأرت قال ھاجرنا مع رسول اللہ ﷺ فی سبیل اللہ نبتغی وجہ اللہ .....منھم مصعب بن عمیر قتل یوم احد فلم یوجد لہ شیء کفن فیہ الا نمرۃ فکنا اذا وضعناھا علی رأسہ خرجت رجلاہ و اذا وضعناھا علی رجلیہ خرج رأسہ فقال رسول اللہ ﷺ ضعوھا مما یلی رأسہ و اجعلوا علی رجلیہ من الاذخر ۔(مسلم شریف، باب فی کفن المیت ،ص ۳۷۹،نمبر ۹۴۰ ؍ ۲۱۷۷ ؍ابوداؤدشریف، باب کراھیۃ المغالاۃ فی الکفن ،ص ۴۶۱،نمبر ۳۱۵۵) اس حدیث میں کفن کم تھا بلکہ تھا ہی نہیں تو حضرت مصعب ابن عمیر کو الگ سے چادر کفن کے لئے دی گئی، جس سے معلوم ہوا کہ کفن کم

(۷۴۳) ﴿ومن ارتث غسل﴾ ۱؎ وهو من صار خلقا في حكم الشهادة لنيل مرافق الحيوة لان بذلك يخف اثر الظلم فلم يكن في معنى شهداء احد

---

ہوتو الگ سے دیا جاسکتا ہے۔

**ترجمہ**: (۷۴۳) جس نے فائدہ اٹھایا اس کو غسل دیا جائے گا۔

**تشریح**: اصل قاعدہ یہ ہے کہ زخم لگنے کے بعد کچھ دیر تک ہوش کی حالت میں زندہ رہا ہو اور دنیا سے فائدہ اٹھایا تو وہ شہید کامل نہیں رہا اس کے ظلم میں کمی آ گئی اسلئے اس کو غسل دیا جائے گا چاہے اخروی اعتبار سے وہ شہید شمار ہو۔ اب ہوش کے عالم میں تھا اور زخم لگنے کے بعد اس پر نماز کا ایک وقت گزر گیا تو گویا کہ وہ نماز اس کے ذمہ قرض ہو گئی اس لئے یہ بھی دنیا سے فائدہ اٹھانا ہوا اس لئے اس کو غسل دیا جائے گا۔ ارتثاث والے کو غسل دیا جائے گا۔ ارتثاث: رث سے مشتق ہے، زخمی کو میدان جنگ سے لانا۔ خلق کپڑے کا پرانا ہونا۔

**وجہ**: (۱) اس کی دلیل یہ اثر ہے۔ عن عمر بن ميمون في قصة قتل عمر حين طعنه قال فطار العلج بالسكين ذات طرفين لا يمر على احد يمينا ولا شمالا الا طعنه وفي ذلك دلالة على انه قتل بمحدد ثم غسل و كفن وصلى عليه (سنن للبیہقی، باب الرتث الخ ج رابع ص ۲۵، نمبر ۶۸۲۰) اس اثر میں حضرت عمر کو زخم لگنے کے بعد انہوں نے کھایا پیا ہے، اس لئے ان کو غسل دیا گیا۔ جس سے معلوم ہوا کہ زخم لگنے کے بعد جس نے دنیا سے فائدہ اٹھایا اس کو غسل دیا جائے گا۔ (۲) عن ابراهيم قال: اذا رفع القتيل دفن في ثيابه و ان رفع به رمق صنع به ما صنع بغيره (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۲۹، فی الرجل یقتل اَو یستشھد یدفن کما ھو اَو یغسل، ج ثانی، ص ۴۵۸، نمبر ۱۱۰۰۳) (۳). عن الحسن و حماد و الحكم عن ابراهيم قال: اذا مات في المعركة دفن و نزع ما كان عليه من خف أو نعل، و اذا رفع به رمق ثم مات يصنع به ما يصنع با لميت. (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۲۹، فی الرجل یقتل اَو یستشھد یدفن کما ھو اَو یغسل، ج ثانی، ص ۴۵۸، نمبر ۱۱۰۰۷) ان دونوں اثروں میں ہے کہ میدان جنگ سے زندہ اٹھالیا گیا ہو، [اور فائدہ اٹھایا ہو] تو اور میت کی طرح غسل دیا جائے گا اور نماز پڑھی جائے گی۔

**ترجمہ**: ۱؎ اور یہ وہ ہے جو حکم شہادت میں پرانا ہو گیا زندگی کے منافع حاصل کرنے کی وجہ سے، اس لئے کہ اس سے ظلم کا اثر ہلکا ہو گیا، اسلئے شہداء احد کے درجے میں نہیں رہا۔

**تشریح**: جو کھائے، یا پیئے، یا سوئے، یا دوا کرائے، یا ہوش کی حالت میں میدان جنگ سے زندہ اٹھا کر لائے گئے تو اس نے ہوش کی حالت میں زندگی کا فائدہ اٹھایا، تو گویا کہ وہ ہو شہادت کے معاملے میں پرانا ہو گیا اس لئے اس درجے میں نہیں رہا جو احد کے

(۷۴۴) والارتثاث ان ياكل اويشرب اوينام اويداوى اوينقل من المعركة ﴾ ۱ لانه نال بعض مرافق الحيوة وشهداء احدما تواعطا شاوالكاس تدار عليهم فلم يقبلوا خوفا من نقصان الشهادة.

۲ الااذا حمل من مصرعه كيلا تطأه الخيول لانه مانال شيئا من الراحة

شہداء تھے، یہی کمی نہ ہواسلئے احد کے شہداء کے سامنے پانی لایا جاتا تھا اسکے باوجود وہ پانی نہیں پیتے تھے تا کہ دنیا سے فائدہ اٹھانا نہ ہواور شہادت میں کمی نہ آجائے۔

**لغت** : خلقا: کا ترجمہ ہے پرانا ہونا، کپڑے کا پھٹ جانا۔نیل: کامعنی ہے پانا، حاصل کرنا۔

**ترجمہ**: (۷۴۴)اورارتثاث یہ ہے کہ کھائے، یا پئے، یا سوئے، یادوا کی جائے، یامیدان جنگ سے منتقل کیا جائے۔

**تشریح** :۔ارتثاث کی یہ چند صورتیں بیان کی جارہی ہیں۔ورنہ اصل یہ ہے کہ زخم لگنے کے بعد دنیا سے کوئی بھی فائدہ اٹھائے تو یہ ارتثاث ہے،اوراس صورت میں میت اگر چہ اخروی اعتبار سے شہید ہو لیکن دنیا میں اس کو غسل دیا جائے گا۔حضرت عمرؓ نے زخم لگنے کے بعد دنیا سے فائدہ اٹھایا تو انکو غسل دیا گیا۔اثر پہلے گزر گیا ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ اس نے زندگی کے بعض فائدے حاصل کئے،اورشہداء احد پیاسے مرگئے حالانکہ پانی کا پیالہ ان پر پھرایا جاتا تھا لیکن شہادت کے نقصان کے ڈر سے وہ قبول نہیں کرتے تھے۔

**تشریح** : کھاپی کر اس نے زندگی کا کچھ فائدہ اٹھایا اس لئے شہادت میں کمی آگئی اسلئے شہداء احد کے درجے میں نہیں رہے،اس لئے غسل دیا جائے گا، کیونکہ شہداء احد کے سامنے پانی لایا جاتا لیکن اس خوف سے کہ شہادت میں کمی نہ آجائے انہوں نے پانی نہیں پیااورتڑپ تڑپ کر جان دے دی ۔

**وجه** : بغیر پانی پئے ہوئے جان دینے کا اثر یہ ہے۔(۱) حدثنی حبیب بن ابی ثابت ان الحارث بن هشام و عکرمة بن ابی جهل و عیاش بن ابی ربیعة یوم الیرموک فدعا الحارث بماء یشربه فنظر الیه عکرمة فقال الحارث : ادفعوا به الی عکرمة فنظر الیه عیاش بن ابی ربیعة فقال عکرمة ادفعوه الی عیاش فما وصل الی عیاش و لا الی أحد منهم حتی ما توا و ما ذاقوه . (بیہقی فی شعب الایمان، باب فی الزکوۃ،فصل فیما جاء فی الایثار، ج ثالث،ص ۲۶۰، نمبر ۳۴۸۴) اس اثر میں ہے کہ شہادت میں کمی نہ آجائے اس لئے تینوں میں سے کسی نے پانی نہیں پیا۔عطاش: پیاسے،کأس: پیالہ۔تدار:دار سے مشتق ہے،گھومانا

**ترجمہ**: ۲ مگر یہ کہ مقتل سے اس لئے اٹھالائے کہ انکو گھوڑے نہ روند ڈالیں، اس لئے کہ انہوں نے کچھ راحت حاصل نہیں کی۔

۳ ولو آواه فسطاطا او خیمة کان مرتثا لما بینا (۷۴۵) ولو بقی حیا حتی مضی وقت صلوٰة وهو یعقل فهو مرتث ﴾ ۱ لان تلک الصلوة صارت دینا فی ذمته وهو من احکام الاحیاء قال وهذا مروی عن ابی یوسفؒ ۲ ولو اوصی بشیء من امور الأخرة کان ارتثاثا عند ابی یوسفؒ لانه ارتفاق

**تشریح** : شہید جہاں زخم کھا کر گرے تھے وہاں سے اس لئے اٹھالائے کہ گھوڑا انکو کچل نہ دیں تو اس صورت میں چونکہ دنیا کا کوئی فائدہ نہیں اٹھاسکا اسلئے یہ شہید کامل ہے اور غسل نہیں دیا جائے گا۔ مصرع: صرع سے مشتق ہے، مقتل، زخم کھا کر گرنے کی جگہ

**لغت** : خطأ: وطی سے مشتق ہے، کچل دے۔ خیول: خیل کی جمع ہے، گھوڑا۔

**ترجمہ**: ۳ اور اگر اسکو چھوٹے یا بڑے خیمے میں جگہ دی تو اس نے ارتثاث پالیا۔

**تشریح**: اگر زخمی آدمی کو چھوٹے خیمے میں یا بڑے خیمے میں لا کر رکھا تو یہ بھی ارتثاث ہے اور اس سے بھی غسل دیا جائے گا۔

**وجه** : اس سب کی دلیل یہ اثر ہے۔ عن الحسن و حماد و الحکم عن ابراهیم قال : اذا مات فی المعرکة دفن و نزع ما کان علیه من خف أو نعل ، و اذا رفع به رمق ثم مات یصنع به ما یصنع با لمیت . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۲۹، فی الرجل یقتل أو یستشھد یدفن کما ھو أو یغسل، ج ثانی، ص ۴۵۸، نمبر ۱۱۰۰۷) اس اثر میں ہے کہ میدان جنگ سے اٹھایا گیا ہو تو اس کے ساتھ وہی کیا جائے گا جو اور میت کے ساتھ کیا جاتا ہے یعنی غسل دیا جائے گا۔

**لغت** : آوی: پناہ دینا۔ فسطاط: بڑا خیمہ، اور خیمہ کا ترجمہ ہے چھوٹا خیمہ۔

**ترجمہ** : (۷۴۵) اور اگر زخمی آدمی زندہ باقی رہا یہاں تک کہ اس پر نماز کا ایک وقت گزر گیا اس حال میں اس کو عقل ہو تو وہ ارتثاث پانے والا ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ نماز اسکے ذمے قرض ہوگئی اور یہ زندوں کے احکام میں سے ہے، مصنف فرماتے ہیں کہ یہ حضرت امام یوسفؒ کی روایت ہے

**تشریح** : دنیا کے احکام سمجھتا تھا اور اس کو عقل تھی اس حال میں اس زخمی پر نماز کا ایک وقت گزر گیا تو اس صورت میں بھی ارتثاث ہے اور فائدہ اٹھانا ہے اس لئے اس کو غسل دیا جائے گا، کیونکہ یہ نماز ادا کرنا اسکے ذمے قرض ہو گیا، اور نماز کا قضا ہونا یہ دنیاوی احکام میں سے ہے تو جب اس پر دنیاوی احکام جاری ہوئے تو وہ ارتثاث پانے والا ہوا اس لئے اسکو غسل دیا جائے گا۔ مصنف ھدایہ فرماتے ہیں کہ یہ روایت امام ابو یوسفؒ کی ہے۔

**ترجمہ** : ۲ اور اگر آخرت کے معاملے میں سے کسی بات کی وصیت کی تو حضرت امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہ بھی ارتثاث ہے، اس لئے کہ یہ بھی فائدہ اٹھانا ہے۔

۳؎ وعند محمدؒ لایکون لانه من احکام الاموات (۷۴۶) ومن وجد قتیلا فی المصر غسل ﴿۱؎ لان الواجب فیه القسامة والدية فخف اثر الظلم(۷۴۷) الا اذا علم انه قتل بحديدة ظلما ﴿۱؎ لان الواجب فيه القصاص وهو عقوبة والقاتل لايتخلص عنها ظاهرا اما في الدنيا واما في العقبى

**تشریح** : مثلا اپنے بچے کو نماز پڑھنے کی وصیت کی تو یہ آخرت کے معاملے کی وصیت ہوئی تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہ بھی ارتثاث ہے اور دنیا سے فائدہ اٹھانا ہے، اس لئے کہ اس وصیت سے اس کو ثواب ملے گا تو ثواب حاصل کرنے کا فائدہ اٹھانا ہوا تو یہ بھی ارتثاث ہے اور اس وصیت کرنے سے بھی غسل نہیں دیا جائے گا، چاہے میدان جنگ ہی میں وصیت کرے۔۔ ارتفاق: کا معنی ہے فائدہ حاصل کرنا۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور امام محمدؒ کے نزدیک یہ ارتثاث نہیں ہوگا، اس لئے کہ یہ مردوں کے احکام میں سے ہے۔

**تشریح**: امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ یہ دنیا کے امور کی وصیت تو ہے نہیں بلکہ آخرت کے معاملے کی وصیت ہے اسلئے یہ مردوں کے احکام ہوئے اور ارتثاث نہیں ہوا اسلئے ایسے شہید کو غسل نہیں دیا جائے گا۔

**ترجمہ**: (۷۴۶) کوئی آدمی شہر میں قتل کیا ہوا پایا جائے تو وہ غسل دیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۱؎ اس لئے کہ اس میں قسامت اور دیت واجب ہے تو ظلم کا اثر کم ہو گیا۔

**تشریح**: شہر میں کوئی آدمی قتل کیا ہوا پایا گیا اور وہ دھار دار ہتھیار سے قتل عمد کیا ہوا نہیں ہے تو اس میں محلے کے پچاس آدمیوں پر قسم واجب ہوتی ہے، پھر ان لوگوں پر دیت واجب ہوتی ہے، اور پہلے گزر چکا ہے کہ جس قتل میں دیت واجب ہوتی ہے اس شہید کو غسل دیا جائے گا۔

**وجہ** : جب دیت واجب ہوئی تو ظلم کا اثر کم ہو گیا، کیونکہ اس دیت سے خود مقتول کا بھی فائدہ ہوگا کہ اس کا قرض ادا کیا جائے گا، اور مقتول کی وصیت ادا کی جائے گی، تو چونکہ اس دیت سے مقتول کا بھی فائدہ ہے اسلئے ظلم کا اثر کم ہو گیا اور شہداء احد کے درجے میں نہیں رہا اسلئے غسل دیا جائے گا۔۔ قسامۃ: قسم واجب کرنا۔ شہر میں مقتول پایا جائے اور قاتل معلوم نہ ہو تو محلے کے پچاس آدمیوں سے قسم لی جاتی ہے۔ اس کو قسامت کہتے ہیں۔

**ترجمہ**: (۷۴۷) البتہ یہ معلوم ہو کہ وہ ہتھیار سے ظلم کے طور پر قتل کیا گیا ہو۔ [تو غسل نہیں دیا جائے گا]

**ترجمہ**: ۱؎ کیونکہ اس میں قصاص واجب ہے، اور یہ سزا ہے، اور قاتل اس سے چھوٹ نہیں سکتا، یا دنیا میں ظاہری طور پر یا آخرت میں۔

**تشریح** : قتل سے یہ اندازہ ہوتا ہو کہ اس کو دھار دار ہتھیار سے جان بوجھ کر قتل کیا ہے اور قتل عمد ہے تو چونکہ قتل عمد عوض مالی نہیں

۲ وعند ابی یوسفؒ ومحمدؒ مالایلبث کالسیف ویعرف فی الجنایات ان شاء اللہ تعالی (۷۴۸) ومن قتل فی حداوقصاص غسل وصلی علیہ﴾

ہے، بلکہ قصاص ہے اس لئے ظلم کا اثر کم نہیں ہوا تو اس صورت میں اس شہید کو غسل نہیں دیا جائے گا۔ یہ اور بات ہے کہ قاتل کا پتہ نہیں چل رہا ہے اس لئے دنیا میں قصاص کے طور پر قتل نہیں کیا جا سکا تو آخرت میں اسکی سزا بھگتے گا۔

**وجہ** : قصاص میں مقتول کو کوئی فائدہ نہیں ہے، یہ تو شریعت کے قانون کی بناء پر قاتل قتل کیا جاتا ہے، اس لئے اس پر ظلم کا اثر پورا رہا۔

**ترجمہ** : ۲ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک ہر وہ چیز جس سے آدمی بچ نہیں سکتا ہو وہ حکم میں تلوار کی طرح ہے۔ ان شاء اللہ کتاب الجنایات میں یہ بحث آئے گی۔

**تشریح** : مالا یلبث : کا ترجمہ ہے جو ٹھہرتا ہی نہ ہو مر ہی جاتا ہو۔ کتاب الجنایات میں یہ بحث آئے گی کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک صرف تلوار یا دھار دار لوہے سے مارا ہو تب ہی قتل عمد ثابت ہوگا اور قاتل پر قصاص لازم ہوگا، اور دھار دار کے علاوہ کسی بھی چیز مثلا لاٹھی یا بھاری پتھر سے مارا ہو جس سے آدمی عام طور پر مر ہی جاتا ہو پھر بھی قتل عمد ثابت نہیں ہوگا اور قصاص لازم نہیں ہوگا۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک یہ ہے کہ تلوار اور دھار دار کے علاوہ کسی ایسی چیز سے مارا جس سے عام طور پر آدمی ٹھہرتا نہ ہو مر ہی جاتا ہو تو اس سے بھی قتل عمد ثابت ہو جائے گا، اور قاتل پر قصاص لازم ہوگا۔ تلوار ہونا کوئی ضروری نہیں۔

**ترجمہ** : (۷۴۸) جو حد یا قصاص میں قتل کیا گیا اس کو غسل دیا جائے گا اور اس پر نماز پڑھی جائے گی۔

**وجہ** : (۱) غسل تو اس لئے دیا جائے گا کہ وہ شہید نہیں ہے بلکہ عام میت کی طرح ہے۔ اور نماز اس لئے پڑھی جائے گی کہ یہ مؤمن ہے (۲) جہینہ کی عورت زنا کی حد میں رجم کی گئی تو آپؐ نے اس پر نماز جنازہ پڑھی، حدیث یہ ہے۔ عن عمران بن حصین أن امرأة من جهينة أتت نبي الله ﷺ و هي حبلى من الزنى .... ثم أمر بها فرجمت ، ثم صلى عليها ، فقال له عمر : تصلي عليها يا نبي الله ! و قد زنت ؟ قال : لقد تابت توبة لو قسمت بين سبعين من اهل المدينة لوسعتهم ، و هل وجدت توبة أفضل من ان جادت نفسها لله تعالى ؟ ۔ (مسلم شریف، باب من اعترف علی نفسہ بالزنی، ص ۷۵۳، نمبر ۱۶۹۶/۴۴۳۲ ر سنن للبیھقی، باب الصلوۃ علی من قتلتہ الحدود ج رابع ص ۲۸، نمبر ۶۸۳۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حد میں قتل ہونے پر نماز جنازہ پڑھی جائے گی (۳)۔ عن ابی برزة الاسلمی : أن رسول الله ﷺ لم يصل على ماعز بن مالك و لم ينه عن الصلاة عليه . (ابوداؤد شریف، باب الصلوۃ علی من قتلتہ الحدود ص ۴۶۵ نمبر ۳۱۸۶) اس حدیث میں آپؐ نے نماز نہیں پڑھی لیکن پڑھنے سے منع بھی نہیں فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ پڑھنا ممنوع نہیں ہے۔

ل لانه باذل نفسه لايفاء حق مستحق عليه وشهداء احد بذلوا انفسهم لابتغاء مرضات الله تعالیٰ فلا يلحق بهم. (۷۴۹) ومن قتل من البغاة اوقطاع الطريق لم يصل عليه ﴾ ل لان عليا لم يصل على البغاة.

**ترجمه**: ل اس لئے کہ اس کے اوپر مستحق کا جو حق ہے اسکو پورا کرنے کے لئے اپنی جان خرچ کردی۔ اور شہداء احد نے اللہ کی رضامندی تلاش کرنے کے لئے اپنی جانیں دیں اس لئے یہ انکے درجے میں نہیں ہونگے۔

**تشریح**: حد والے میت کو غسل دینے اور نماز پڑھنے کی دلیل ہے۔ نماز تو اس لئے پڑھی جائے گی کہ یہ کتنا اچھا ہے کہ جنکا حق تھا اس کو پورا کرنے کے لئے اپنی جان دے دی، اس لئے اس پر نماز پڑھنی چاہئے، جیسے حضرت غامدیہ پر نماز پڑھی۔ اور شہداء احد کی طرح بغیر غسل کے دفن اس لئے نہیں کیا جائے گا کہ اس نے انسانی حق ادا کرنے کے لئے اپنی جان دی، اور شہداء احد نے اللہ کی رضامندی حاصل کرنے کے لئے اپنی جان دی، اس لئے حد اور قصاص والے شہداء احد کے درجے میں نہیں ہونگے اس لئے اس کو غسل دیا جائے گا۔

**لغت**: بذل: کا معنی ہے خرچ کرنا، جان دے دینا۔ ایفاء: پورا کرنا۔ ابتغاء: تلاش کرنا، چاہنا۔

**ترجمه**: (۷۴۹) اگر باغیوں میں سے قتل کیا گیا ہو یا ڈاکوؤں میں سے قتل کیا گیا ہو تو اس پر نماز نہیں پڑھی جائے گی۔

**وجه**: (۱) تاکہ لوگوں کو تنبیہ ہو کہ ایسا کرنے سے نماز جنازہ سے بھی محروم ہو جاتے ہیں (۲) حدیث میں ہے. حدثنی جابر بن سمرة قال مرض رجل فصيح عليه.... قال رأيته ينحر نفسه بمشاقص معه ، قال أنت رأيته ؟ قال نعم قال : اذا لا اصلي عليه ۔ (ابوداود شریف، باب الامام لا یصلی علی من قتل نفسہ، ص ۴۶۵، نمبر ۳۱۸۵ رسنن للبیھقی، باب الصلوۃ علی من قتل نفسہ غیر مستحل لقتلھا ج رابع ص ۲۹، نمبر ۶۸۳۳) اس حدیث میں اپنے کو قتل کرنے والے پر حضور نے نماز نہیں پڑھی تو اسی طرح ڈاکوؤں اور باغیوں پر نماز نہیں پڑھی جائے گی۔

**ترجمه**: ل اس لئے کہ حضرت علیؓ نے اہل نہروان کے باغیوں پر نماز نہیں پڑھی۔

**تشریح**: حضرت علیؓ سے نہروان کے خوارج نے جنگ کی تھی تو باغیوں کے جو لوگ مرے تھے حضرت علیؓ نے اس پر نماز جنازہ نہیں پڑھی۔

**نوٹ**: چونکہ میت مومن ہے اس لئے اور لوگ نماز پڑھ لیں۔

## ﴿ باب الصلوة فی الکعبة ﴾

(۷۵۰) الصلوة فی الکعبة جائزة فرضها ونفلها ﴾ ۱ خلافا للشافعیؒ فیهما ولمالک فی الفرض

---

## ﴿ باب الصلوۃ فی الکعبۃ ﴾

**ضروری نوٹ**: بیت اللہ کے اندر نماز پڑھنا جائز ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ بیت اللہ کا کچھ نہ کچھ حصہ سامنے ہوگا جو قبلہ ہو جائے گا۔اور قبلہ بننے کے لئے اتنا کافی ہے۔باقی دلائل آگے آرہے ہیں۔

**ترجمہ**: (۷۵۰) کعبہ میں نماز جائز ہے،فرض بھی اور نفل بھی۔

**تشریح**: ایک بیت اللہ جسکو کعبہ کہتے ہیں،اسکے اندر نماز جائز ہے۔اور اگر بیت اللہ سے باہر مسجد حرام میں بیت اللہ کے ارد گرد نماز پڑھی تو اس کا مسئلہ آگے آرہا ہے۔

**وجہ**: (۱) حدیث میں ہے ۔عن ابن عمر قال دخل النبی ﷺ البیت و اسامة بن زید و عثمان بن طلحه و بلال فاطال ثم خرج و کنت اول الناس دخل علی اثره فسألت بلالا این صلی فقال بین العمودین المقدمین. (بخاری شریف، باب الصلوۃ بین السواری فی غیر جماعۃ ،کتاب الصلوۃ،ص ۷۲ نمبر ۵۰۴ رمسلم شریف، باب استحباب دخول الکعبۃ للحجاج وغیرہ،ص ۱۳۲۹۰ نمبر ۳۲۳۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیت اللہ کے اندر نماز پڑھنا جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۱ خلاف امام شافعیؒ کے فرض اور نفل دونوں کے بارے میں۔اور امام مالکؒ کا فرض کے بارے میں۔

**تشریح**: حضرت امام شافعیؒ کا اختلاف بیت اللہ کے اندر نماز پڑھنے کے بارے میں نہیں ہے، بلکہ بیت اللہ کے اندر اس طرح نماز پڑھے کہ بیت اللہ کا دروازہ کھلا ہوا ہو اور آدمی دروازے کی طرف منہ کر کے نماز پڑھے اور بیت اللہ کے دروازے یا دیوار کا کوئی حصہ نمازی کے سامنے نہ ہو تو امام شافعیؒ کے یہاں اس نمازی کی نہ فرض نماز ہوگی اور نہ نفل نماز ہوگی۔

امام مالکؒ فرماتے ہیں کہ فرض نماز بیت اللہ کے اندر جائز نہیں ہے،اس لئے کہ حضورؐ نے بیت اللہ میں نفل نماز پڑھی ہے،فرض نہیں۔

**وجہ**: (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ انکے یہاں یہ قاعدہ ہے کہ نمازی کے سامنے بیت اللہ کا کوئی حصہ قبلے کے لئے ضرور ہو تب نماز ہوگی، اور یہاں قبلے کے لئے نمازی کے سامنے بیت اللہ کا کوئی حصہ نہیں ہے اسلئے نہ فرض ہوگی نہ نفل۔موسوعہ میں یہ عبارت ہے ۔ قال الشافعیؒ : و یصلی فی الکعبة النافلة و الفریضة ، و أی الکعبة استقبل الذی یصلی فی جوفها فهو قبلة۔نمبر ۱۲۵۰۔اس عبارت سے معلوم ہوا کہ امام شافعیؒ کے یہاں بھی بیت اللہ کے اندر فرض اور نفل نماز پڑھنا جائز ہے۔اور سامنے دروازہ کا حصہ بھی نہ ہو تو نماز جائز نہیں ہوگی اسکے لئے یہ عبارت ہے. و لو استقبل بابها فلم یکن بین یدیه شیء من بنیانها یستره ، لم یجز . (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب الصلاۃ فی الکعبۃ ،ج ثانی،ص ۱۱۹،نمبر ۱۲۵۰) اس عبارت میں ہے کہ دروازہ کھلا ہوا

**۲ لانه صلی الله علیه وسلم صلی فی جوف الکعبة یوم الفتح ۳ ولانها صلوٰة استجمعت شرائطها لوجود استقبال القبلة لان استیعابها لیس بشرط (۱۵۷) فان صلی الامام بجماعة فیها فجعل بعضهم ظهره الی ظهر الامام جاز﴾**

ہواور دروازہ کا حصہ بھی سامنے قبلے کے لئے نہ ہو
تو نماز نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۲ اسلئے کہ حضورؐ نے فتح مکہ کے دن بیت اللہ کے اندر نماز پڑھی ہے۔

**تشریح**: یہ امام ابو حنیفہؒ اور ان ائمہ کی دلیل ہے جو بیت اللہ کے اندر فرض اور نفل نماز پڑھنا جائز کہتے ہیں کہ حضورؐ نے فتح مکہ کے دن بیت اللہ کے اندر نماز پڑھی ہے۔ حدیث یہ ہے۔ **عن ابن عمر قال دخل النبی ﷺ البیت و اسامة بن زید و عثمان بن طلحه و بلال فاطال ثم خرج و کنت اول الناس دخل علی اثره فسألت بلالا این صلی فقال بین العمودین المقدمین.** (بخاری شریف، باب الصلوۃ بین السواری فی غیر جماعۃ، کتاب الصلوۃ، ص ۷۲ نمبر ۵۰۴ مسلم شریف، باب استحباب دخول الکعبۃ للحجاج وغیرہ، ص ۱۳۲۹/۳۲۳۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیت اللہ کے اندر نماز پڑھنا جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور اس لئے بھی نماز جائز ہوگی کہ نماز کی تمام شرائط موجود ہیں، استقبال قبلہ کے پائے جانے کی وجہ سے، اس لئے کہ تمام قبلہ کا استقبال شرط نہیں ہے۔

**تشریح**: بیت اللہ کے اندر نماز جائز ہونے کی دلیل عقلی ہے کہ، اس نماز میں تمام شرطیں پائی گئیں، یہاں تک کہ بیت اللہ کی دیوار کا کچھ حصہ بھی سامنے ہے اسلئے استقبال قبلہ بھی ہوگیا۔ اور جب سب شرطیں پائی گئیں تو نماز جائز کیوں نہ ہوگی! باقی رہی یہ بات کہ جب اندر نماز پڑھے گا تو قبلے کی پوری دیوار سامنے نہیں ہوگی۔ تو اس کا جواب یہ ہے کہ باہر نماز پڑھے تب بھی قبلے کی پوری دیوار سامنے ہونا شرط نہیں ہے، اس لئے اندر پڑھے تب بھی پوری دیوار کا سامنے ہونا ضروری نہیں اس لئے نماز ہو جائے گی۔۔
استیعاب: کا معنی پورا گھیرنا۔

**ترجمہ**: (۱۵۷) اگر امام نے بیت اللہ کے اندر جماعت کے ساتھ نماز پڑھی اور بعض نے اپنی پیٹھ امام کی پیٹھ کی طرف کی تو نماز جائز ہو جائے گی۔

**تشریح**: بیت اللہ کے اندر نماز پڑھتے وقت نمازی کا منہ جدھر بھی ہو جائز ہے کیونکہ ہر طرف قبلہ کا حصہ ہے

**اصول**: اپنے امام کے سامنے مقتدی کی پیٹھ ہو جائے تو اب جائز نہیں ہوگی، کیونکہ امام کے آگے ہونے سے نماز فاسد ہو جاتی ہے۔

۱ لانه متوجه الى القبلة ولا يعتقد امامه على الخطأ ۲ بخلاف مسألة التحرى

بیت اللہ کے اندر جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کی چار صورتیں ہیں۔

[۱] امام کی پیٹھ کی طرف مقتدی کا چہرہ ہو۔ یہ صورت جائز ہے۔ کیونکہ امام مقتدی کے بالکل آگے ہوا۔

[۲] امام کے منہ کی طرف مقتدی کا منہ ہو۔ یہ صورت بھی جائز ہے، مگر مکروہ ہے۔ اس لئے کہ امام سے آگے تو ہے لیکن مقتدی کی پیٹھ امام کی طرف نہیں ہے اس لئے اس کو آگے رہنا نہیں کہیں گے، اور امام کی اتباع کی وجہ سے نماز ہو جائے گی۔ البتہ امام کے سامنے ہو نے کی وجہ سے ایسا ہو گیا کہ بت کی طرح امام کو سامنے رکھ کر نماز پڑھ رہا ہے اسلئے مکروہ ہے۔

[۳] امام کے منہ کی طرف مقتدی اپنی پیٹھ کر دے۔ تو اس صورت میں مقتدی کی نماز نہیں ہوگی۔ کیونکہ امام سے بالکل آگے ہو گیا۔

[۴] امام کی پیٹھ کی طرف اپنی پیٹھ کر دے۔ یہ صورت جائز ہے۔ کیونکہ امام کے آگے نہیں ہے، امام کے پیچھے ہی ہے، البتہ امام کی طرف چہرہ کرنا چاہئے تو اس نے پیٹھ کر دی، تاہم جائز ہے، اور متن میں اسی صورت کو بیان کیا ہے

**وجہ:** (۱) مقتدی نے اپنی پیٹھ امام کی پیٹھ کی طرف کر لی تو مقتدی امام کے آگے نہیں ہوا بلکہ امام کے پیچھے ہی رہا، اور مقتدی کے سامنے بھی قبلہ موجود ہے اس لئے نماز ہو جائے گی۔

**ترجمہ:** ۱ اس لئے کہ نمازی قبلہ کی طرف متوجہ ہے، اور اپنے امام کو غلطی پر ہونے کا اعتقاد نہیں رکھتا۔ بخلاف تحری کے مسئلے کے

**تشریح:** امام کی پیٹھ کی طرف اپنی پیٹھ کر دے تو اسکی نماز جائز ہے اسکی یہ دو دلیلیں ہیں [۱] ایک دلیل یہ ہے کہ اس مقتدی کا چہرہ قبلے کی طرف ہے اس لئے نماز جائز ہو جائے گی۔ [۲] اور دوسری دلیل یہ ہے کہ بیت اللہ کے اندر کا نمازی یہ سمجھ رہا ہے کہ میرا امام دوسری جانب متوجہ ہے پھر بھی اس کا چہرہ قبلے کی طرف ہے اس لئے انکی نماز بھی صحیح ہے۔ اسکے اعتقاد میں امام غلطی پر نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۲ بخلاف مسئلة التحری : اس عبارت میں ایک اور مسئلے کی وضاحت ہے، وہ یہ ہے کہ کچھ آدمی اندھیرے میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھ رہے ہوں، ہر ایک نے تحری کر کے اپنا اپنا قبلہ متعین کیا اور اس کی طرف رخ کر کے نماز پڑھنا شروع کیا اور صورت یہ بنی کہ کچھ مقتدی کی پیٹھ امام کی پیٹھ کی طرف ہو گئی، اور مقتدی نے بھی یہ جان لیا کہ امام کا چہرہ دوسری طرف ہے، اور یہ بھی یقین کر لیا کہ اس کا قبلہ غلط ہے اور میرا قبلہ صحیح ہے، اس صورت میں مقتدی کی نماز نہیں ہوگی، کیونکہ مقتدی اپنے امام کو غلطی پر سمجھ رہا ہے تو نیت اور اعتقاد کے اعتبار سے امام کی اقتداء ہی نہیں ہوئی، اس لئے مقتدی کی نماز بھی نہیں ہوگی۔ لیکن یہاں امام کی پیٹھ کی طرف پیٹھ ہونے کے باوجود نماز اس لئے ہو جائے گی کہ مقتدی امام کے قبلے کو غلط نہیں سمجھ رہا ہے، اور نہ غلط ہے، کیونکہ اس طرف بھی قبلہ ہے۔ اس لئے مقتدی کی نماز صحیح ہو جائے گی۔

(۷۵۲) ومن جعل منهم ظهره الی وجه الامام لم تجز صلاته ﴿ لِ لتقدمه علی امامه (۷۵۳) واذا صلی الامام فی المسجد الحرام فتحلق الناس حول الکعبة وصلوا بصلوٰة الامام فمن کان منهم اقرب الی الکعبة من الامام جازت صلاته اذا لم یکن فی جانب الامام ﴾ لِ لان التقدم والتأخر انما

**ترجمہ**: (۷۵۲) مقتدی میں سے جس نے اپنی پیٹھ امام کے چہرہ کی طرف کی اس کی نماز جائز نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: لِ امام سے آگے ہونے کی وجہ سے۔

**وجہ**: امام کے چہرہ کی طرف مقتدی کی پیٹھ ہوگئی تو مقتدی امام کے بالکل آگے ہوگیا اور پہلے قاعدہ گزر گیا ہے کہ مقتدی امام کے آگے ہو جائے تو مقتدی کی نماز نہیں ہوگی۔ یہ مسئلہ قاعدہ پر مستنبط ہے۔

**ترجمہ**: (۷۵۳) اگر مسجد حرام میں نماز پڑھائے اور سب لوگ کعبہ کے اردگرد حلقہ بنائے اور امام کے ساتھ نماز پڑھے تو جو ان میں سے کعبہ سے [زیادہ قریب ہو امام سے بھی تو اس کی نماز جائز ہے جب کہ امام کی جانب نہ ہو۔

**تشریح**: امام کی جانب جو لوگ ہو اور امام سے بھی زیادہ بیت اللہ کے قریب ہو جائے تو امام کی جانب امام سے بھی آگے ہو جائیں گے اس لئے اس آدمی کی نماز جائز نہیں ہوگی۔ اور جو لوگ امام کی جانب نہیں ہیں دوسری جانب ہیں وہ لوگ اگر کعبہ کے زیادہ قریب ہو گئے تو چونکہ وہ امام کی جانب نہیں ہیں اس لئے امام سے آگے نہیں ہوئے اس لئے ان کی نماز ہو جائے گی۔

**اصول**: امام سے آگے مقتدی ہو جائے تو اس کی نماز جائز نہیں ہوگی ورنہ ہو جائے گی۔ نقشہ اس طرح ہے۔

**ترجمہ**: لِ اس لئے کہ آگے اور پیچھے ہونا جانب کے متحد ہوتے وقت ظاہر ہوگا۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ امام کی جانب ہی یہ پتہ چلے گا کہ کون امام سے آگے بڑھا اور کون امام کے برابر ہے اور کون امام کے پیچھے ہے، پس جو امام سے آگے ہوگا اسکی نماز نہیں ہوگی اور جو پیچھے ہوگا اسکی نماز ہوگی۔ اور دوسری جانب میں آگے پیچھے کا پتہ نہیں چلے گا اس لئے اس جانب بیت اللہ سے زیادہ قریب بھی ہو جائے گا تو اس کی نماز فاسد نہیں ہوگی۔

﴿ بیت اللہ کے اردگرد نماز پڑھنے کا نقشہ ﴾



يظهر عند اتحاد الجانب. (۷۵۴) ومن صلى على ظهر الكعبة جازت صلاته ﴾ ؎۱ خلافا للشافعیؒ ؎۲ لان الكعبة هی العرصة والهواء الى عنان السماء عندنا دون البناء لانه ينقل الاترى انه لو صلى علىٰ جبل ابی قيس جاز ولا بناء بين يديه

---

**ترجمه**: (۷۵۴) جس نے بیت اللہ کی چھت پر نماز پڑھی اس کی نماز جائز ہے۔

**وجه**: (۱) بیت اللہ کی چھت پر نماز پڑھنا مکروہ ہے کیونکہ یہ اس کی شان اور عظمت کے خلاف ہے۔لیکن اگر پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی۔کیونکہ بیت اللہ کی محاذات کی فضا اس کے سامنے ہوگی جو قبلہ ہو جائے گی۔قبلہ ہونے کے لئے بیت اللہ کی دیوار سامنے ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ اس کی فضا سامنے ہونا ضروری ہے۔جیسے کوئی ہوائی جہاز میں نماز پڑھے تو جہاز کی بلندی کی وجہ سے بیت اللہ کی دیوار اس کے سامنے نہیں ہوگی۔صرف بیت اللہ کے محاذات کی فضا اس کے سامنے ہوگی اور نماز ہو جائے گی۔ البتہ اس پر نماز پڑھنا مکروہ ہے(۲) اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔عن ابن عمر ان النبی ﷺ نهى ان يصلى فی سبعة مواطن فی المزبلة والمجزرة والمقبرة وقارعة الطريق وفی الحمام ومعاطن الابل و فوق ظهر بيت الله. (ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ ما یصلی الیہ وفیہ، کتاب الصلوۃ ص ۸۱ نمبر ۳۴۶ / ابن ماجہ شریف ، باب المواضع التی تکرہ فیھا الصلوۃ ص ۱۰۶، نمبر ۷۴۶ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیت اللہ پر نماز پڑھنا مکروہ ہے، تاہم نماز پڑھے گا تو نماز ہو جائے گی۔

**ترجمه**: ؎۱ خلاف امام شافعیؒ کے۔

**تشریح**: پہلے گزر چکا ہے کہ امام شافعیؒ کے یہاں نماز جائز ہونے کے لئے بیت اللہ کی دیوار کا کچھ حصہ سامنے ہو تب نماز ہوگی، کم سے کم اتنی دیوار ہو کہ نمازی کا سترہ بن سکے تب نماز ہوگی۔اور یہاں چھت کے اوپر نماز پڑھ رہا ہے اس لئے دیورا کا کوئی بھی حصہ سامنے نہیں ہوگا اس لئے نماز نہیں ہوگی۔نوٹ: ابھی جو بیت اللہ بنا ہوا ہے اسکی چاروں طرف کی دیوار اسکی چھت سے دوفٹ اونچی ہے[ ناچیز نے مسجد حرام کی چھت پر جا کر دیکھا ہے ] اس لئے حضرت امام شافعیؒ کے یہاں بھی ابھی بیت اللہ کی چھت پر نماز ہو جائے گی۔کیونکہ یہ دوفٹ اونچی نمازی کے لئے سترے کی طرح ہوگئی۔موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ وان بنى فوقها ما يستره المصلى فصلى فوقها أجزأته صلاته ۔ (موسوعۃ امام شافعیؒ ، باب الصلاۃ فی الکعبۃ ، ج ثانی، ص ۱۲۰، نمبر ۱۲۵۱) اس عبارت میں ہے کہ بیت اللہ کے اوپر اتنی دیوار بنائی جائے کہ نمازی کا سترہ بن سکے تو نماز جائز ہو جائے گی، ابھی نمازی کے سامنے دیوار کا کچھ حصہ سامنے ہو گیا اسلئے انکے یہاں بھی ہو جائے گی

**ترجمه**: ؎۲ اس لئے کہ کعبہ ہمارے نزدیک میدان اور آسمان تک کی فضاء کا نام ہے، عمارت کا نام نہیں ہے ۔اس لئے کہ وہ منتقل ہو سکتی ہے، کیا آپ نہیں دیکھتے ہیں کہ اگر ابو قبیس پہاڑ پر نماز پڑھے تو جائز ہے حالانکہ اس کے سامنے بیت اللہ کی کوئی عمارت

۳؎ الا انه یکره لما فیه من ترک التعظیم وقد ورد النهی عنه عن النبی صلی اللّٰه علیه و سلم.

نہیں ہے۔

**تشریح** : یہ حضرت امام شافعیؒ کو جواب ہے کہ، ہمارے نزدیک کعبہ اور قبلہ عمارت اور دیوار کا نام نہیں ہے، بلکہ جس جگہ پر بیت اللہ ہے اس جگہ سے لیکر آسمان تک کی جو فضاء ہے اس سب کا نام کعبہ ہے، چاہے دیوار ہو یا نہ ہو، یہی وجہ ہے کہ کوئی آدمی ابو قبیس پہاڑ پر نماز پڑھے تو اس کی نماز ہو جائے گی، حالانکہ اس کے سامنے کعبہ کی دیوار نہیں ہے کیونکہ دیوار تو پہاڑ سے بہت نیچے رہ گئی، لیکن چونکہ کعبہ کی فضاء اسکے سامنے ہے جو قبلہ بن رہی ہے اس لئے نماز ہو جائے گی ۔ باقی رہی کعبہ کی عمارت، وہ تو وہاں سے منتقل بھی ہو سکتی ہے، اس لئے اس کا اصل اعتبار نہیں ہونا چاہئے، اصل اعتبار فضاء کا ہونا چاہئے۔

**لغت** : عرصۃ: میدان۔ عنان السماء: آسمان کی بلندی، فضاء۔ بناء: عمارت۔ جبل ابی قبیس: یہ بیت اللہ کے سامنے ایک پہاڑ کا نام ہے۔

**ترجمہ** : ۳؎ مگر یہ کہ بیت اللہ کی چھت پر نماز پڑھنا مکروہ ہے، اس لئے کہ اس میں اسکی تعظیم کا چھوڑنا ہے، چنانچہ حضورؐ سے اس کے بارے میں نہی وارد ہے۔

**تشریح** : بیت اللہ کی چھت پر نماز جائز تو ہے لیکن مکروہ ہے، کیونکہ اس صورت میں بیت اللہ کی تعظیم و تکریم نہیں ہوگی اسلئے مکروہ ہے۔ چنانچہ حدیث میں ہے کہ سات جگہ نماز پڑھنے سے منع فرمایا ہے، اس میں سے ایک جگہ بیت اللہ کی چھت بھی ہے صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے ۔ **عن ابن عمر ان النبی ﷺ نهی ان یصلی فی سبعة مواطن فی المزبلة و المجزرة و المقبرة و قارعة الطریق و فی الحمام و معاطن الابل و فوق ظهر بیت الله.** (ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ ما یصلی الیہ و فیہ، کتاب الصلوۃ ص ۸۱ نمبر ۳۴۶ / ابن ماجہ شریف، باب المواضع التی تکرہ فیھا الصلوۃ ص ۱۰۶، نمبر ۷۴۶) اس حدیث میں ہے کہ بیت اللہ کی چھت پر نماز نہ پڑھے، کیونکہ اسکی تعظیم کے خلاف ہے۔

﴿كتاب الزكوٰة﴾

(۷۵۵) الزكوٰة واجبة على الحر العاقل البالغ المسلم اذا ملك نصابا ملكا تاما وحال عليه الحول﴾

﴿ کتاب الزکوۃ ﴾

**ضروری نوٹ**: زکوۃ کو نماز کے بعد لائے کیوں کہ تقریبا اسی [۸۰] آیتوں میں نماز کے بعد زکوۃ کا ذکر ہے۔اس لئے نماز کے ابحاث ختم ہونے کے بعد زکوۃ کا تذکرہ لائے۔زکوۃ کے معنی پاکی ہیں اور چونکہ زکوۃ دینے سے مال پاک ہوتا ہے اس لئے اس کو زکوۃ کہتے ہیں۔یا زکوۃ کے معنی بڑھنا ہیں اور چونکہ زکوۃ دینے سے مال بڑھتا ہے اس لئے اس کو زکوۃ کہتے ہیں۔اس کا ثبوت بہت سی آیتوں میں ہے۔مثلا یقیمون الصلوۃ و یؤتون الزکوۃ و یطیعون الله ورسوله (آیت ۷۱ سورۂ توبہ ۹) اسی آیت سے زکوۃ دینا فرض ثابت ہوتا ہے۔

**ترجمہ**: (۷۵۵) زکوۃ واجب ہے ہر وہ آزاد پر جو عاقل ہو، بالغ ہو، مسلمان ہو جب کہ نصاب کا پورا مالک ہو، اور اس پر سال گزر گیا ہو۔

**تشریح**: زکوۃ عبادت مالیہ ہے۔اس لئے کافر پر زکوۃ واجب نہیں اس سے جو کچھ لیا جائے گا وہ ٹیکس لیا جائے گا۔چنانچہ متن میں زکوۃ واجب ہونے کے لئے سات [۷] شرطیں بیان فرما رہے ہیں۔[۱] آزاد ہو۔[۲] عاقل ہو۔[۳] بالغ ہو۔[۴] مسلمان ہو [۵] نصاب کا مالک ہو۔[۶] نصاب پر ملک مکمل ہو [۷] نصاب پر سال گزر چکا ہو۔ہر ایک کی تفصیل اور دلائل یہ ہیں۔

[۱] آزاد ہو، اس لئے غلام اور مکاتب پر زکاۃ واجب نہیں ہے۔کیونکہ یہ مال اس کے مولی کا ہے۔غلام کا نہیں ہے۔چنانچہ حدیث میں ہے (۱) عن جابر قال قال رسول الله ليس فى مال المكاتب زكوة حتى يعتق (دار قطنی ۱۰، باب لیس فی مال المکاتب زکوۃ حتی یعتق ج ثانی ص ۹۳ نمبر ۱۹۴۱ سنن للبیھقی، باب من قال لیس فی مال العبد زکوۃ، ج رابع، ص ۱۸۲، نمبر ۷۳۴۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مکاتب کے مال میں زکوۃ نہیں ہے۔کیونکہ وہ آزاد نہیں ہے، (۲) دوسری بات یہ ہے کہ مال کا پورا مالک بننا ضروری ہے اور غلام کا مال نہیں ہے اس کے ہاتھ میں جو کچھ ہے وہ اس کے مولی کا مال ہے۔

[۲] دوسری شرط یہ ہے کہ عاقل ہو، اس کا مطلب یہ ہے کہ جو بالغ ہو چکا ہے لیکن مجنون ہے اس پر زکوۃ نہیں ہے۔ بچے اور مجنون پر زکوۃ نہ ہونے کی دلیل ایک ہی ہے کہ دونوں کو عقل نہیں ہے اس لئے دونوں کے دلائل بچے پر زکوۃ واجب نہ ہونے کے تحت میں آرہے ہیں۔

[۳] تیسری شرط بالغ ہونا ہے۔چنانچہ بچے کے مال میں زکوۃ واجب نہیں ہے اس کی دلیل یہ حدیث ہے (۱)۔عن على عن النبى

علیہ السلام قال رفع القلم عن ثلثة عن النائم حتى يستيقظ وعن الصبى حتى يحتلم وعن المجنون حتى يعقل . (ابو داؤد شریف، باب فی المجنون یسرق او یصیب حدا ج ثانی ص ۲۵۶ کتاب الحدود، نمبر ۴۴۰۳ر ابن ماجہ شریف، باب طلاق المعتوہ والصغیر والنائم، کتاب الطلاق ص ۲۹۲، نمبر ۲۰۴۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بچے، اور مجنون کے اوپر کوئی ذمہ داری نہیں ہے تو زکوۃ بھی اس کے مال میں واجب نہیں ہوگی۔ (۲) اثر میں ہے۔ عن ابن عباس قال : لا يجب على مال الصغير زكاة حتى تجب عليه الصلاة ۔ (دار قطنی، باب استقراض الوصی من مال الیتیم، ج ثانی، ص ۷، نمبر ۱۹۶۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بچے کے مال پر زکاۃ نہیں ہے۔ (۳) اثر میں ہے عن ابراهيم قال ليس في مال اليتيم زكوة حتى يحتلم. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۴۳ من قال لیس فی مال الیتیم زکوۃ حتی یبلغ ج ثانی، ص ۳۷۹، نمبر ۱۰۱۲۶) اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ بچے کے مال میں زکوۃ واجب نہیں ہے۔ (۴) عن ابن مسعودؓ أنه كان يقول أحص ما يجب في مال اليتيم من الزكوة ، فاذا بلغ و أؤنس منه رشدا فادفعه اليه ، فان شاء زكاه و ان شاء تركه (مصنف ابن ابی شیبۃ ۴۳ من قال لیس فی مال الیتیم زکوۃ حتی یبلغ ج ثانی، ص ۳۷۹، نمبر ۱۰۱۲۵ر) اس اثر میں ہے کہ یتیم چاہے تو بالغ ہونے کے بعد بچپنے کی زکوۃ ادا کرے اور چاہے تو ادا نہ کرے، جس سے معلوم ہوا کہ بچے کے مال میں زکوۃ واجب نہیں ہے ۔

[۴] چوتھی شرط مسلمان ہونا ہے۔ (۱) زکوۃ عبادت مالیہ ہے اور فرض ہے، اور فرض مسلمان پر ہی ہوتا ہے، ورنہ کافر سے جو کچھ لیا جاتا ہے وہ عبادت کے طور پر نہیں بلکہ ٹیکس کے طور پر، اس میں کافر کو آخرت میں کوئی ثواب نہیں ہے، کیونکہ اس پر تو اسکو یقین ہی نہیں ہے۔ (۲) اس آیت میں زکوۃ دینے کے لئے مسلمان کی شرط ہے۔ الذين يقيمون الصلوة و يؤتون الزكوة و هم بالآخرة هم يوقنون ۔ (آیت ۳، سورۃ النمل ۲۷) اس آیت میں ہے کہ وہ آخرت پر یقین رکھتا ہو یعنی مسلمان ہو تب زکوۃ فرض ہوگی (۳) و المؤمنون و المؤمنات بعضهم أولياء بعض يأمرون بالمعروف و ينهون عن المنكرو يقيمون الصلوة و يؤتون الزكوة و يطيعون الله ورسوله أولئك سيرحمهم الله ان الله عزيز حكيم (آیت ۷۱ سورۃ توبہ ۹) اس آیت میں بھی زکوۃ دینے کے لئے مسلمان ہونے کی شرط ہے۔

[۵] پانچویں شرط ہے کہ نصاب کا مکمل مالک ہو۔ (۱) کیونکہ تھوڑے سے مال کا مالک ہوگا اور اس میں زکوۃ دے گا تو آج زکوۃ دے گا اور کل لوگوں سے زکوۃ مانگے گا۔ اس لئے شرط لگائی کہ نصاب کا مالک ہو۔ اور نصاب یہ ہے کہ سال بھر کھا پی کر دو سو درہم بچے، یا بیس مثقال سونا بچے تو اس میں چالیسواں حصہ زکوۃ ہے یعنی چالیس درہم میں ایک درہم لازم ہوگا۔ اور اونٹ، گائے، بکری اور کاشتکاروں کا نصاب الگ الگ ہے جس کی تفصیل آگے آرہی ہے۔ (۲) دلیل اس حدیث میں ہے۔ سمعت ابا سعيد الخدرى قال: قال رسول الله علیہ السلام ليس فيما دون خمس ذود صدقة من الابل، وليس فيمادون خمس اواق صدقة، وليس فيما دون خمسة اوسق صدقة (بخاری شریف، باب زکوۃ الورق ص ۱۹۴ کتاب الزکوۃ نمبر ۱۴۴۷ر مسلم شریف، باب لیس فیما

ل اما الوجوب فلقوله تعالى واتوا الزكوة

دون خمسة اوسق صدقة ، ص ۳۹۳ ، نمبر ۹۷۹/۲۲۶۳ / ابوداؤد شریف ، باب ماتجب فیہ الزکوۃ ص ۲۲۴ نمبر ۱۵۵۸ ) ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے تو پانچ اوقیہ دوسو درہم ہوئے ۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دوسو درہم سے کم میں زکوۃ واجب ہے ہی نہیں ۔ اسی طرح پانچ اونٹ سے کم میں زکوۃ واجب نہیں ہے ۔ اس حدیث میں بہت سی چیزوں کا نصاب بیان کیا گیا ہے ۔ اور یہ بھی فرمایا کہ اس نصاب سے کم کا مالک ہو تو اس پر زکوۃ فرض ہی نہیں ۔ اور اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ پانچ وسق سے کم غلہ پیدا ہو تو زکوۃ یعنی عشر نہیں ہے ۔ البتہ دوسری حدیث کی وجہ سے حنفیہ کا اس بارے میں اختلاف ہے جس کی تفصیل آگے آئے گی ۔

[۶] ۔ ملک تام کی قید اس لئے لگائی کہ مکاتب چیز کا مالک ہوتا ہے لیکن اس کی ملکیت اس پر تام نہیں ہے اس لئے اس پر زکوۃ واجب نہیں ہے ۔ حدیث یہ ہے ۔ عن جابر قال قال رسول الله ليس فى مال المكاتب زكوة حتى يعتق ( دار قطنی ۱۰ ، باب ليس فی مال المکاتب زکوۃ حتی یعتق ج ثانی ص ۹۳ نمبر ۱۹۴۱ / سنن للبیہقی ، باب من قال لیس فی مال العبد زکوۃ ، ج رابع ، ص ۱۸۲ ، نمبر ۷۳۴۸ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مکاتب کے مال میں زکوۃ نہیں ہے ۔ کیونکہ وہ مال کا پورا مالک نہیں ہے ، آج ہی غلامیت کی طرف لوٹ جائے گا تو اس مال کا مالک اس کا مولی ہو جائے گا ۔

[۷] ساتویں شرط یہ ہے کہ اس مال پر سال گزرے ۔ (۱) اس کی دلیل یہ حدیث ہے ۔ عن على عن النبى ﷺ ببعض اول الحديث قال فاذا كانت لک مائتا درهم و حال عليه الحول ففيها خمسة دراهم وليس عليک شيء يعنى فى الذهب حتى يكون لک عشرون دينارا فاذا كانت لک عشرون دينارا و حال عليه الحول ففيها نصف دينار فما زاد فبحساب ذلک ( ابوداؤد شریف ، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۳ ، ۷۳ ، نمبر ۱۵۷۳ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ نصاب پر سال گزر جائے تب زکوۃ واجب ہوگی ، اس سے پہلے نہیں ، لیکن کوئی ادا کر دے تو ادا ہو جائے گی ۔ [۲] عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ لا زكوة فى مال امرئ حتى يحول عليه الحول ( دار قطنی ، باب وجوب الزکوۃ بالحول ج ثانی ص ۷۶ نمبر ۱۸۷۰ ) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ زکوۃ مال نصاب پر سال گزرنے کے بعد واجب ہوتی ہے ۔ یہ اجمالی دلائل ہوئے ، اب ہدایہ کی تفصیل دیکھیں ۔

**ترجمہ** : ل زکوۃ کا وجوب اس آیت سے ہے ۔ و اقيموا الصلوة وأتوا الزكوة و اركعوا مع الراكعين ۔ ( آیت ۴۳ ، سورۃ البقرۃ ۲ ) اور یہ آیت بھی ہے ۔ و المؤمنون و المؤمنات بعضهم أولياء بعض يأمرون بالمعروف و ينهون عن المنكر و يقيمون الصلوة و يؤتون الزكوة و يطيعون الله ورسوله أولئک سيرحمهم الله ان الله عزيز حكيم ( آیت ۷۱ سورۃ توبہ ۹ ) ۔

**ترجمہ** : ۲ اور حضور کا قول کہ اپنے مال کی زکوۃ ادا کرو ، اور وجوب پر امت کا اجماع ہے ۔ حدیث یہ ہے ۔ سمعت ابا

۲ ولقوله صلى الله عليه وسلم اذُّوا زكوٰة اموالكم وعليه الامة ۳ والمراد بالواجب الفرض لانه لا شبهة فيه. ۴ واشتراط الحرية لان كمال الملك بها ۵ والعقل والبلوغ لما نذكره ۶ والاسلام لان الزكوٰة عبادة ولا تتحقق العبادة من الكافر

---

أمامة يقول : سمعت رسول الله ﷺ يخطب فى حجة الوداع فقال : اتقوا الله ربكم و صلوا خمسكم ، و صوموا شهركم ، و أدوا زكاة اموالكم و أطيعوا ذا أمركم ، تدخلوا جنة ربكم . (ترمذی شریف، باب ماذکر فی فضل الصلاۃ۔ باب منہ،ص ۱۵۸،نمبر ۶۱۶رمستدرک حاکم، کتاب الایمان، ج اول،ص ۵۲،نمبر ۱۹)اس حدیث میں ہے کہ اپنے مال کی زکوۃ ادا کرو۔ اوراس بات پر اجماع ہے کہ زکوۃ فرض ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور متن میں واجب سے مراد فرض ہے، اس لئے کہ زکوۃ واجب ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے۔

**تشریح** : متن میں فرمایا کہ زکوۃ واجب ہے،تو صاحب ھدایہ اسکی تشریح فرماتے ہیں کہ اس واجب سے فرض مراد ہے، کیونکہ زکوۃ کی فرضیت اوپر کی آیت اور حدیث سے ثابت ہے اس لئے اس کے فرض ہونے میں کوئی شبہ نہیں ہے اس لئے واجب سے یہاں فرض مراد ہے۔اوراس کو مجاز کے طور پر واجب لکھ دیا ہے۔

**ترجمہ**: ۴ اور آزاد ہونے کی شرط اس لئے کہ اس سے پوری ملکیت ہوتی ہے۔

تشریح:۔ابھی اوپر گزرا کہ مکاتب اپنے مال کا مالک تو ہوتا ہے لیکن اسکی ملکیت کامل نہیں ہوتی کیونکہ اگر آقا سے کہہ دے کہ میں مال کتابت ادا نہیں کر سکتا تو مکاتب دوبارہ غلام بن جائے گا، اور مکاتب کی ملکیت میں جتنی چیزیں ہیں سب آقا کی ملکیت ہو جائے گی تو معلوم ہوا کہ مکاتب، یا غلام کی ملکیت ناقص ہے، اس لئے آزاد کی قید لگائی تا کہ ملکیت کامل ہو تب زکوۃ واجب ہوگی۔

**ترجمہ**: ۵ اور عقل ہو اور بالغ ہو[زکوۃ واجب ہوگی] اسکی دلیل آگے ذکر کریں گے۔

**تشریح** : متن میں یہ ہے کہ آدمی عاقل ہو یعنی مجنون نہ ہو تب زکوۃ واجب ہوگی۔متن یہ بھی ہے کہ آدمی بالغ ہو تب زکوۃ واجب ہوگی، یعنی بچہ ہو تو اس پر حنفیہ کے نزدیک زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔اسکی دلیل عقلی مسئلہ نمبر ۵۶۷ میں آرہی ہے۔اور اسکے لئے حدیث گزر چکی۔

**ترجمہ** : ۶ مسلمان ہو تب زکوۃ واجب ہوگی۔اسلئے کہ زکوۃ عبادت ہے،اور عبادت کافر سے متحقق نہیں ہوتی۔

**تشریح** : متن میں یہ قید بھی ہے کہ آدمی مسلمان ہو تب زکوۃ واجب ہوگی، کیونکہ زکوۃ عبادت مالی ہے اور عبادت کافر سے متحقق نہیں ہوتی، اس لئے مسلمان ہو تب ہی زکوۃ واجب ہوگی۔۔اس کے لئے آیت پہلے گزر گئی۔

**ے ولا بد من ملک مقدار النصاب لانه صلی اللہ علیه وسلم قدر السبب به ۸ ولا بد من الحول لانه لا بد من مدة يتحقق فيها النماء وقدّرها الشرع بالحول لقوله صلى الله عليه وسلم لا زكوٰة في مال حتى يحول عليه الحول**

---

**ترجمہ**: ے اورضروری ہے مقدار نصاب کا مالک ہونا، اس لئے کہ حضورؐ نے سبب زکوۃ کومقدار نصاب کے ساتھ متعین فرمایا۔

**تشریح**: ہر چیز میں اسکے نصاب کی مقدار کا مالک ہوگا تب زکوۃ فرض ہوگی، اس سے کم کا مالک ہوگا تو زکوۃ واجب نہیں ہوگی، مثلا دوسو درہم کا مالک ہوگا تو زکوۃ فرض ہوگی اور اس سے کم کا مالک ہوگا تو زکوۃ فرض نہیں ہوگی، کیونکہ حضورؐ نے اسی نصاب کے مالک ہو نے پر زکوۃ فرض کی ہے۔ اس کے لئے یہ حدیث گزر چکی ہے۔ سمعت ابا سعيد الخدري قال: قال رسول الله ﷺ ليس فيما دون خمس ذود صدقة من الابل، وليس فيمادون خمس اواق صدقة، وليس فيما دون خمسة اوسق صدقة (بخاری شریف، باب زکوۃ الورق ص ۱۹۴ کتاب الزکوۃ نمبر ۱۴۴۷) اس حدیث میں اونٹ، اور درہم، دینار، اور کھیتی میں زکوۃ کا نصاب بیان فرمایا ہے، اور یہ بھی فرمایا کہ اس نصاب سے کم کا مالک ہوتو زکوۃ فرض نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۸ اور سال گزرنا بھی ضروری ہے، اس لئے کہ ایک مدت ہونا ضروری ہے جس میں بڑھوتری متحقق ہو، اور شریعت نے اس کو سال کے ساتھ متعین کیا ہے، حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ مال میں زکوۃ واجب نہیں ہے جب تک کہ اس پر سال نہ گزر جائے۔

**تشریح**: متن میں بتایا کہ نصاب پر سال گزرے تب زکوۃ فرض ہوگی، اسکی دلیل عقلی یہ دیتے ہیں کہ اصل زکوۃ بڑھوتری پر ہے کہ مال جتنا ہے اس سے بڑھے تب زکوۃ فرض ہوگی، اور اس بڑھوتری کے لئے ایک مدت ہونی چاہئے جس میں مال بڑھ سکے، اور شریعت نے وہ مدت ایک سال متعین کی ہے اس لئے ایک سال گزرنے پر زکوۃ فرض ہوگی۔ چنانچہ حضورؐ نے فرمایا کہ مال پر جب تک سال نہ گزرے زکوۃ فرض نہیں۔ وہ حدیث یہ ہے۔ عن علي عن النبي ﷺ ببعض اول الحديث قال فاذا كانت لک مائتا درهم و حال عليه الحول ففيها خمسة دراهم وليس عليک شيء يعني في الذهب حتى يكون لک عشرون دينارا فاذا كانت لک عشرون دينارا و حال عليه الحول ففيها نصف دينار فما زاد فبحساب ذلک (ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۳، نمبر ۱۵۷۳)۔ [۲] دوسری حدیث یہ ہے۔ عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ لا زكوة في مال امرئ حتى يحول عليه الحول (دار قطنی، باب وجوب الزکوۃ بالحول ج ثانی ص ۷۶ نمبر ۱۸۷۰) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ زکوۃ مال نصاب پر سال گزرنے کے بعد واجب ہوتی ہے۔ حول کا معنی ہے سال، اور حال: کا ترجمہ ہے گزرنا۔

**۹** ولانه الممكن به من الاستنماء لاشتماله على الفصول المختلفة و الغالب تفاوت الاسعار فيها فادير الحكم عليه **۱۰** ثم قيل هي واجبة على الفور لانه مقتضى مطلق الامر **۱۱** وقيل على التراخي لان جميع العمر وقت الاداء ولهذا لا يضمن بهلاک النصاب بعد التفريط

---

**ترجمه**: ۹ اس لئے کہ سال میں بڑھنا ممکن ہے اس لئے کہ مختلف فصلوں پر مشتمل ہے، اور غالب یہ ہے کہ اس میں بھاؤ تفاوت ہوتا ہے اس لئے حکم سال پر ہی رکھا گیا۔

**تشریح**: نصاب پر سال گزرنے کے لئے یہ دلیل عقلی ہے، کہ سال بھر میں تین موسم ہوتے ہیں [۱] سردی [۲] گرمی [۳] بارش، اوران موسموں میں غلوں اور چیزوں کی قیمت گھٹتی بڑھتی ہے جس کی وجہ سے بڑھوتری ممکن ہے، اب قیمت کم بیش ہو یا نہ ہو شریعت نے اسی سال پر زکوۃ فرض ہونے کا مدار رکھا ہے اسلئے سال گزرنے پر زکوۃ فرض ہوگی۔

**لغت**: استنماء: نماء سے مشتق ہے بڑھنا۔ فصول: فصل کی جمع ہے، موسم۔ اسعار: سعر کی جمع ہے، بھاؤ، نرخ۔ ادار: گھمانا، دارو مدار رکھنا۔

**ترجمه**: ۱۰ پھر کہا گیا کہ زکوۃ کی ادائیگی فوری طور پر واجب ہے، اس لئے کہ مطلق امر کا یہ مقتضی ہے۔

**تشریح**: نصاب پر سال گزرتے ہی زکوۃ فرض ہوجاتی ہے، اس میں کسی کا اختلاف نہیں ہے، اور اس بارے میں بھی سب متفق ہیں کہ عمر بھر میں جب بھی ادا کرے گا تو وہ ادا ہوگی قضا نہیں ہوگی کیونکہ نماز کی طرح زکوۃ ادا کرنے کا وقت متعین نہیں ہے۔ البتہ تاخیر کرنے سے گنہگار ہوگا یا نہیں اس بارے میں اختلاف ہے۔ امام کرخیؒ فرماتے ہیں کہ سال گزرتے ہی فوری ادا کرنا ضروری ہے، اگر ادا کرنے کی سہولت تھی پھر بھی تاخیر کی تو اس سے گنہگار ہوگا۔ اور مجبوری کی بنا پر تاخیر کی تو گنہگار نہیں ہوگا۔

**وجه**: (۱) اسکی دلیل عقلی یہ فرماتے ہیں کہ آیت میں آتو الزکوۃ: امر کا صیغہ ہے اور مطلق امر کا تقاضا ہے کہ فوری طور پر واجب ہو، اس لئے فوری طور پر واجب ہوگی۔ (۲) اس آیت میں اس کا اشارہ ہے۔ و آتو حقه یوم حصاده و لا تسرفوا انه لا يحب المسرفين۔ (آیت ۱۴۱، سورۃ الانعام ۶) اس آیت میں ہے کہ جس دن کھیتی کاٹو اسی دن اس کا حق دو جس سے معلوم ہوا کہ سال گزرنے کے بعد فوراً زکوۃ واجب ہے۔ (۳) اس اثر میں ہے کہ صحابہ جلدی زکوۃ دیا کرتے تھے۔ عن الزهري قال: كان الناس لا يؤخرون صدقتهم في جدب، و لا خصب و لا عجف، و لا سمن حتى كان معاوية فأخرها عليهم و ضمنها اياهم. (مصنف عبد الرزاق، باب تتابع صدقتين، ج رابع، ص ۳۷، نمبر ۶۹۴۲) اس اثر میں ہے کہ صحابہ جلدی زکوۃ دیا کرتے تھے اور حضرت امیر معاویہ تاخیر کرنے کی گنجائش دیا کرتے تھے لیکن اس کا ضمان بھی لازم کیا کرتے تھے۔

**ترجمه**: ۱۱ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ تاخیر کے ساتھ ہے، اس لئے کہ تمام عمر ادا کا وقت ہے، یہی وجہ ہے کہ تفریط کے بعد

(۷۵۶) وليس على الصبى والمجنون زكوٰة ﴾ ۱ خلا فاللشافعي فانه يقول هى غرامة مالية فتعتبر بسائر المؤن كنفقة الزوجات وصار كالعشر والخراج

---

نصاب ہلاک ہونے سے ضمان لازم نہیں ہوگا۔

**تشریح**: دوسرے حضرات کی رائے یہ ہے کہ زکوۃ کی ادائیگی فوری نہیں ہے اسلئے سہولت کے باوجود ادا کرنے میں تاخیر کی تو گنہگار نہیں ہوگا۔

**وجہ**: (۱) اسکی ایک وجہ یہ ہے کہ تمام عمر میں جب بھی ادا کرے گا وہ ادا ہی شمار کیا جائے گا جس سے اشارہ ملتا ہے کہ تاخیر کے ساتھ واجب ہے۔ (۲) اور دوسری وجہ یہ ہے کہ سہولت کے باوجود ادا نہیں کیا اور بعد میں پورا مال ہی ہلاک ہو گیا تو وہ زکوۃ مقدار کا ضامن نہیں ہوگا، جس سے معلوم ہوا کہ زکوۃ کی ادائیگی فوری طور پر واجب نہیں ہے۔ تفریط: زیادتی کرنا،

**ترجمہ**: (۷۵۶) بچے پر اور مجنون پر زکوۃ نہیں ہے۔

**تشریح**: پہلے متن میں گزر چکا ہے کہ زکوۃ فرض ہونے کے لئے عاقل اور بالغ ہونا ضروری ہے، اس پر یہ تفریع ہے کہ بچہ بالغ نہیں ہوتا اسلئے اس پر زکوۃ فرض نہیں ہے، اسی طرح مجنون کو عقل نہیں ہوتی اس لئے اس پر بھی زکوۃ فرض نہیں ہے۔ اسکے لئے یہ حدیث گزر چکی ہے (۱)۔ عن علی عن النبی ﷺ قال رفع القلم عن ثلثة عن النائم حتى يستيقظ وعن الصبى حتى يحتلم وعن المجنون حتى يعقل. (ابوداؤد شریف، باب فی المجنون یسرق او یصیب حدا ج ثانی ص ۲۵۶ کتاب الحدود نمبر ۴۴۰۳ / ابن ماجہ شریف، باب طلاق المعتوہ والصغیر والنائم، کتاب الطلاق ص ۲۹۲، نمبر ۲۰۴۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بچے، اور مجنون کے اوپر کوئی ذمہ داری نہیں ہے تو زکوۃ بھی اس کے مال میں واجب نہیں ہوگی۔ (۲) اثر میں ہے۔ عن ابن عباس قال : لا يجب على مال الصغير زكاة حتى تجب عليه الصلاة ۔ (دار قطنی، باب استقراض الوصی من مال الیتیم، ج ثانی، ص ۹۷، نمبر ۱۹۶۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بچے کے مال پر زکوۃ نہیں ہے۔ (۳) اثر میں ہے۔ عن ابراهيم قال ليس فى مال اليتيم زكوة حتى يحتلم. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۴۳ من قال لیس فی مال الیتیم زکوۃ حتی یبلغ ج ثانی، ص ۳۷۹، نمبر ۱۰۱۲۶ / مصنف عبد الرزاق، باب صدقۃ مال الیتیم، ج رابع ص ۵۸، نمبر ۷۰۲۶) اس اثر سے بھی معلوم ہوا کہ بچے کے مال میں زکوۃ واجب نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱ خلاف امام شافعیؒ کے۔ وہ فرماتے ہیں کہ زکوۃ مال پر لازمی حق ہے اسلئے باقی حقوق مالیہ پر قیاس کیا جائے گا، جیسے بیوی کا نفقہ، اس لئے زکوۃ عشر اور خراج کی طرح ہوگئی۔

**تشریح**: حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ بچے اور مجنون پر بھی نصاب کے مالک ہونے پر زکوۃ فرض ہے، اسکی وجہ یہ فرماتے

**۲ ولنا انها عبادة فلا تتادى الا بالاختيار تحقيقا لمعنى الابتلاء و لا اختيار لهما لعدم العقل.**

ہیں کہ زکوۃ مالی حق ہے تو جس طرح اور مالی حق بچے سے وصول کیا جاتا ہے اور فرض ہے اسی طرح یہ حق بھی فرض ہوگا۔ جیسے بچے کی بیوی ہو تو اس کا نفقہ لازم ہوتا ہے، اسی طرح زکوۃ بھی لازم ہوگی۔ یا بچے کی زمین کی پیداوار میں عشر اور خراج لازم ہوتا ہے اسی طرح زکوۃ بھی لازم ہوگی۔ موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔ **قال الشافعیؒ : و تجب الصدقة على كل مالک تام الملک من الاحرار و ان كان صبيا أو معتوها أو أمراة ، لا فتراق فى ذالک بينهم ، كما يجب فى مال كل واحد ما لزم ماله بوجه من الوجوه جناية أو ميراث منه ، أو نفقة على والديه أو ولد زمن محتاج ، سواء كان فى الماشية و الزرع و الناض و التجارة وزكاة الفطر لا يختلف** ۔ (موسوعۃ امام شافعیؒ، باب من تجب علیہ الصدقۃ، ج رابع، ص ۹۵، نمبر ۳۹۵۵) اس عبارت میں ہے کہ بچے اور مجنون پر زکوۃ فرض ہے، اس لئے کہ یہ حقوق مالیہ میں سے ہے۔

**وجه** :(۱) اس لئے کہ یہ وجوب مالیہ ہے اور مال میں جس طرح ٹیکس اور عشر وجب ہوتا ہے اسی طرح زکوۃ بھی واجب ہوگی (۲) **خذ من اموالهم صدقة تطهرهم و تزكيهم بها** ( آیت ۱۰۳، سورۃ التوبۃ ۹) اس آیت میں ہے کہ سب سے زکوۃ لو اور اس میں بڑے چھوٹے کا فرق نہیں ہے اس لئے بچے سے بھی زکوۃ لی جائے گی۔ (۳) حدیث میں ہے **عن عمر بن شعيب عن ابيه عن جده ان النبى ﷺ خطب الناس فقال الا من ولى يتيما له مال فليتجر فيه ولايتركه حتى تاكله الصدقة** (ترمذی شریف، باب ماجاء فی زکوۃ مال الیتیم ص ۱۳۹ نمبر ۶۴۱ / دار قطنی، باب وجوب الزکوۃ فی مال الصبی والیتیم، ج ثانی، ص ۹۵، نمبر ۱۹۵۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ یتیم کے مال میں زکوۃ ہے اور یتیم اس کو کہتے ہیں جو نابالغ ہو اس لئے اس حدیث سے ثابت ہوتا ہے کہ بچے کے مال میں زکوۃ ہے (۴) **عن عمر بن شعيب عن ابيه عن جده قال : قال رسول الله ﷺ : فى مال اليتيم زكوة** . (دار قطنی، باب وجوب الزکوۃ فی مال الصبی والیتیم، ج ثانی، ص ۹۵، نمبر ۱۹۵۳ / سنن بیہقی، باب من تجب علیہ الصدقۃ، ج رابع، ص ۱۷۹، نمبر ۷۳۳۹) اس حدیث میں ہے کہ یتیم کے مال میں زکوۃ ہے، اس لئے بچے کے مال میں زکوۃ ہے۔ اور عقل نہ ہونے میں اسی درجے میں مجنون ہے اس لئے اسکے مال میں بھی زکوۃ ہے۔

**لغت** : غرامۃ : تاوان، ایسا حق جسکا ادا کرنا ضروری ہو۔ مؤن : حقوق مالیہ، اخراجات۔ عشر : زمین کی پیداوار میں دسواں حصہ لیا جاتا ہے اس کو عشر کہتے ہیں۔ خراج، کافر کی زمین پر سالانہ ٹیکس لازم کرتے ہیں، اس کو خراج کہتے ہیں۔ مؤنۃ : کسی چیز کو باقی رکھنے کا جو خرچ ہے اس کو مؤنت کہتے ہیں۔ اسی کو حقوق مالیہ بھی کہتے ہیں۔

**ترجمه** : ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ زکوۃ عبادت ہے اسلئے بغیر اختیار کے ادا نہیں ہوگی ابتلاء کے معنی کو متحقق کرنے کے لئے، اور عقل نہ ہونے کی وجہ سے ان دونوں کو اختیار نہیں ہے [ اس لئے ان دونوں پر زکوۃ بھی واجب نہیں ہوگی ]۔

**تشریح** : بچے اور مجنون کے مال میں زکوۃ فرض نہیں ہے اسکی یہ دلیل عقلی ہے، کہ زکوۃ نماز کی طرح عبادت ہے، اور عبادت اختیار

۳ بخلاف الخراج لانه مؤنة الارض و كذلك الغالب فى العشر معنى المؤنة ومعنى العبادة تابع
۴ ولو افاق فى بعض السنة فهو بمنزلة افاقته فى بعض الشهر فى الصوم ۵ وعن ابى يوسفؒ انه يعتبر اكثر الحول

---

سے ادا ہوتی ہے، کیونکہ عبادت ادا کروانے کا مقصد یہ ہے کہ آدمی کو آزمائش ہو، کہ وہ اپنے اختیار سے کرتا بھی ہے یا نہیں !اور مشقت اور ابتلاء بھی ہو، اور بچے اور مجنون میں عقل ہی نہیں ہے اس لئے ان کو اختیار کہاں سے ہوگا!، اور اسکی آزمائش کیا کریں گے، اور انکو مشقت اور ابتلاء میں ڈالنے سے کیا فائدہ ہوگا! اس لئے ان پر زکوۃ فرض نہیں ۔ ابتلاء: بلاء سے مشتق ہے، آزمائش، مشقت میں ڈالنا۔

**ترجمہ**: ۳ بخلاف خراج کے اسلئے کہ وہ زمین کا حقوق مالیہ ہے۔ اسی طرح عشر میں غالب معنی حقوق مالیہ ہے اور عبادت کا معنی تابع ہے۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ جس طرح خراج اور عشر بچے اور مجنون پر واجب ہیں اسی طرح زکوۃ بھی واجب ہونی چاہئے ۔ اس کا جوب یہ دے رہے ہیں کہ خراج عبادت نہیں ہے بلکہ وہ زمین کا حق ہے اس لئے اس میں اختیار اور آزمائش کی ضرورت نہیں ہے۔ اسی طرح عشر میں زمین کا حق غالب ہے اور عبادت کا معنی اس کے تابع ہے، اس لئے اس میں بھی اختیار کی ضرورت نہیں اس لئے یہ دونوں پر لازم ہو سکتے ہیں، اور زکوۃ میں خالص عبادت ہے جسکے لئے اختیار کی ضرورت ہے اس لئے وہ بچے اور مجنون پر فرض نہیں ہو سکتی۔۔ یہ دلیل عقلی ہے۔ اصل تو اوپر کی حدیث اور اثر ہیں۔

**ترجمہ**: ۴ اگر سال کے بعض حصے میں افاقہ ہو گیا تو وہ ایسا ہی ہے جیسے کہ روزے میں مہینے کے بعض حصے میں افاقہ ہو گیا ہو۔ [تو پورے سال کی زکوۃ واجب ہوگی]

**تشریح**: رمضان کے مہینے میں مجنون کو پورا مہینہ جنون رہا تو کسی دن کا بھی روزہ لازم نہیں ہوگا۔ لیکن کسی وقت بھی افاقہ ہو گیا تو پورے مہینے کا روزہ لازم ہو جائے، اور جب جنونیت ختم ہوگی اس وقت قضا کرنا ہوگا۔ کیونکہ رمضان کے مہینے کا ایک جز بھی پورے مہینے کے روزے کا سبب بنتا ہے۔ اسی طرح نصاب کے مالک ہونے کے بعد سال کے کسی حصے میں مجنون کو افاقہ ہو گیا تو پورے سال کی زکوۃ واجب ہوگی۔ کیونکہ سال کے کسی حصے میں افاقہ ہونا پورے سال کی زکوۃ فرض ہونے کا سبب ہے۔

**ترجمہ**: ۵ حضرت امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ وہ سال کے اکثر حصے کا اعتبار کرتے ہیں۔

**تشریح**: ایک روایت تو وہ گزری کہ سال میں تھوڑی دیر کے لئے بھی باہوش رہا تو پورے سال کی زکوۃ واجب ہوگی۔ البتہ امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ سال کے اکثر حصے کا اعتبار کیا جائے گا، یعنی اگر مجنون آدھے سال سے زائد باہوش رہا تو پورے

۶ ولا فرق بين الاصلي والعارضي. ۷ وعن ابی حنيفةؒ انه اذا ابلغ مجنونا يعتبر الحول من وقت الافاقة بمنزلة الصبی اذا بلغ (۷۵۷) وليس على المكاتب زكوٰة﴾

سال کی زکوۃ واجب ہوگی، اور اگر آدھے سال سے کم ہوش میں رہا تو کچھ بھی زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔ اس روایت میں وجوب زکوۃ کے لئے اکثر کو سبب زکوۃ قرار دیا ہے۔ اس لئے کہ قاعدہ ہے (للاکثر حکم الکل)

**ترجمہ**: ۶ اس روایت میں اصلی جنون اور عارضی جنون میں فرق نہیں ہے۔

**تشریح**: جنون اصلی اس کو کہتے ہیں کہ جب بالغ ہو رہا ہو تو اس وقت بھی وہ مجنون تھا۔ اور جنون عارضی اس کو کہتے ہیں کہ جب بالغ ہو رہا تھا تو وہ عقلمند تھا بعد میں جنون طاری ہو گیا۔ جنون اصلی اور عارضی میں فرق نہ ہونے کا مطلب پہلی روایت کے اعتبار سے یہ ہوگا، کہ جنون اصلی ہو یا عارضی تھوڑی دیر کے لئے بھی افاقہ ہو گیا تو پورے سال کی زکوۃ واجب ہو جائے گی۔ اور امام ابو یوسفؒ کی روایت کے مطابق مطلب یہ ہوگا کہ سال کے اکثر حصے میں افاقہ ہوگا تو زکوۃ واجب ہوگی ورنہ نہیں۔

**ترجمہ**: ۷ امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ مجنون ہو کر بالغ ہوا تو ہوش ہونے کے وقت سے سال گنا جائے گا، جیسے کہ بچہ جب سے بالغ ہوتا ہے اس وقت سے سال گنا جاتا ہے۔

**تشریح**: حضرت امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت میں جنون اصلی اور جنون عارضی میں فرق فرمایا ہے، کہ اگر جنون اصلی یعنی بالغ ہوتے وقت جنون تھا تو جس وقت سے افاقہ ہوا اور ہوش میں آیا اس وقت سے سال شروع ہوگا، اور جب سال پورا ہوگا اس وقت زکوۃ کی ادائیگی واجب ہوگی، ابھی نہیں۔ اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ ہوش ہونے سے پہلے وہ مخاطب ہی نہیں تھا، ہوش ہونے کے بعد مخاطب ہوا تو اس وقت سے حولان حول گزرنے کے بعد زکوۃ واجب ہوگی۔ جیسے کہ بچہ جس وقت بالغ ہوتا ہے اس وقت سے مخاطب شروع ہوتا ہے اور نصاب پر سال گزرنے کے بعد زکوۃ واجب ہوتی ہے۔

اور اگر جنون عارضی ہو یعنی بالغ ہوتے وقت عقل والا تھا تو بلوغ کے وقت سے مخاطب شروع ہو گیا اب درمیان میں مجنون ہو گیا، تو سال کے درمیان کبھی بھی افاقہ ہو گیا اور ہوش آ گیا تو تھوڑے سے افاقے سے بھی پورے سال کی زکوۃ واجب ہو جائے گی، اور سال گزرنے کا انتظار نہیں کیا جائے گا۔ کیونکہ وہ بالغ ہونے کے وقت سے مکلف تھا اور مخاطب تھا صرف جنونیت کی وجہ سے خطاب روک لیا گیا تھا۔

**ترجمہ**: (۷۵۷) مکاتب پر زکوۃ نہیں ہے۔

**وجہ**: (۱) وہ غلام ہے اور غلامیت ملک تام کے منافی ہے، اس لئے مکاتب اپنے مال کا مکمل مالک نہیں ہے اسلئے اسکے مال میں زکوۃ نہیں ہے (۲) حدیث میں ہے۔ عن جابر قال قال رسول الله ليس فی مال المكاتب زكوة حتى يعتق (دار قطنی ۱۰، باب لیس فی مال المکاتب زکوۃ حتی یعتق ج ثانی ص ۹۳ نمبر ۱۹۴۱ سنن للبیہقی، باب من قال لیس فی مال العبد زکوۃ، ج رابع

لے ولیس بمالک من کل وجه لوجود المنافی وھو الرق ولھذا لم یکن من اھل ان یعتق عبده

(۷۵۸) ومن کان علیه دین یحیط بماله فلا زکوٰة علیه ﴾ لے وقال الشافعیؒ یجب لتحقق السبب وھو ملک نصاب تام

ص۱۸۲، نمبر ۷۳۴۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مکاتب کے مال میں زکوۃ نہیں ہے۔ کیونکہ وہ آزاد نہیں ہے، (۴) دوسری بات یہ ہے کہ مال کا پورا مالک بننا ضروری ہے اور غلام کا مال نہیں ہے اس کے ہاتھ میں جو کچھ ہے وہ اس کے مولی کا مال ہے۔

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ مکاتب پورے طور پر مال کا مالک نہیں ہے، ملک کے منافی یعنی غلامیت کے پائے جانے کی وجہ سے، اسی لئے مکاتب اس کا اہل نہیں ہے کہ اپنے غلام کو آزاد کرے۔

**تشریح**: مکاتب کے مال پر زکوۃ واجب نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ وہ پورے طور پر اپنے مال کا مالک نہیں ہے، کیونکہ اس میں ابھی غلامیت ہے جو ملکیت کے منافی ہے، کیونکہ غلام کسی چیز کا مالک نہیں ہوتا۔ یہی وجہ ہے کہ مکاتب اپنے خریدے ہوئے غلام کو آقا کی اجازت کے بغیر آزاد کرنا چاہے تو آزاد نہیں کرسکتا، وہ آزاد کرنے کا اہل نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۷۵۸) جس پر ایسا قرض ہو کہ اس کے مال کو گھیرے ہوئے ہو تو اس پر زکوۃ نہیں ہے۔

**تشریح**: مثلا ایک آدمی کے پاس پانچ سو درہم موجود ہیں لیکن اس پر پانچ سو قرض بھی ہے تو اگر قرض ادا کرے گا تو کچھ نہیں بچے گا اس لئے گویا کہ اس کے پاس مال نصاب ہی نہیں ہے اس لئے اس پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**وجہ**: اثر میں ہے. سمعت عثمان یخطب و ھو یقول : ان ھذا شھر زکوتکم ، فمن کان علیه دین فلیؤده ، ثم لیؤد زکاة ما فضل . (مصنف عبد الرزاق، باب لا زکاۃ الا فی فضل، ج رابع، ص۴۷، نمبر ۷۱۱۶ر موطا امام مالک، الزکوۃ فی الدین ص۲۸۴ر سنن للبیھقی، باب الدین مع الصدقۃ ج رابع، ص۲۴۹، نمبر ۷۶۰۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ قرض ادا کر کے جو باقی بچے اگر وہ نصاب تک پہنچے اور اس پر سال گزر جائے تو اس باقی ماندہ مال میں زکوۃ ہے ورنہ نہیں۔

**ترجمہ**: لے امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ زکوۃ فرض ہے، سبب کے متحقق ہونے کی وجہ سے، اور وہ بڑھنے والے نصاب کا مالک ہونا ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مثلا کسی پر دو سو درہم قرض ہو اور اس کے پاس دو سو درہم موجود ہو تو سب پر زکوۃ لازم ہوگی، قرض کو کم نہیں کیا جائے گا۔ موسوعہ میں ہے۔ قال [الشافعیؒ] و ان لم یقض علیه بالمئتین الا بعد حولھا ، فعلیه أن یخرج منھا خمسة دراھم ثم یقضی علیه السلطان بما بقی منھا . (موسوعۃ امام شافعی، باب الدین مع الصدقۃ، ج رابع، ص۱۸۰، نمبر ۴۲۸۳) اس عبارت میں ہے کہ دو سو درہم قرض ہو اور دو سو درہم اس کے پاس موجود ہو تو سب کی زکوۃ پانچ درہم لا

۲؎ ولنا انه مشغول بحاجته الاصلية فاعتبر معدوما كالماء المستحق بالعطش وثياب البذلة والمهنة (۷۵۹)وان كان ماله اكثر من دينه زكى الفاضل اذا بلغ نصابا﴾ ۱؎ بالفراغة عن الحاجة

زم ہوگا۔

**وجه**: (۱)اس اثر میں ہے. عن حماد بن ابی سلیمان أنه قال : یزكی الرجل ماله و ان كان علیه من الدین مثله لأنه یأكل منه و ینكح فیه ۔(سنن للبیھقی ، باب الدین مع الصدقۃ ج رابع ،ص ۲۵۱ ،نمبر ۷۶۱۸ )اس اثر میں ہے کہ چاہے قرض ہوزکوۃ واجب ہوگی ۔(۲) دوسری وجہ صاحب ھدایہ نے بیان کی ہے کہ وہ آدمی زکوۃ کے سبب کا مالک ہے یعنی نصاب کا مالک ہے اسلئے سبب کے متحقق ہونے کی وجہ سے زکوۃ واجب ہوگی ۔

**ترجمه**: ۲؎ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ وہ مال اسکی حاجت اصلیہ میں مشغول ہے اسلئے یہ مال معدوم شمار ہوا، جیسے وہ پانی جو پیاس بجھانے کے لئے متحقق ہوگیا ہو،اور جیسے روزمرہ کے استعمال کے اور کام کے کپڑے ۔

**تشریح** : کہ اسکے پاس نصاب کا مال تو ہے، لیکن قرض میں مشغول ہے، اس کو قرض دینا ہے تو گویا کہ اس کے پاس نصاب کا مال ہے ہی نہیں ۔اسکی تین مثالیں پیش کررہے ہیں [۱] جیسے کسی کے پاس تھوڑا سا پانی ہو لیکن ایسے صحرا میں ہو کہ وہاں دور دور تک پانی نہ ہواب اس پانی سے وضو کرلے تو پیاسا مرجائے گا، اس لئے یہ پانی پینے کے لئے مستحق ہوگیا، تو گویا کہ اس کے پاس پانی ہے ہی نہیں اس لئے وہ تیمم کر کے نماز پڑھے گا۔[۲] دوسری مثال یہ ہے کہ روزانہ پہننے کے کپڑے ہوں تو اگر چہ اسکے پاس نصاب کے برابر کپڑا ہے، لیکن اسکی اصلی ضرورت کے لئے کپڑا ہے اس لئے اس کپڑے میں زکوۃ واجب نہیں ہے ۔[۳] یا خدمت کرتے وقت پہننے کا کپڑا نصاب کے برابر ہے لیکن یہ اسکی اصلی ضرورت کا کپڑا ہے اسلئے اس میں زکوۃ واجب نہیں ہے۔ حاصل یہ نکلا کہ جو چیز اصلی ضرورت کے لئے ہو اس میں زکوۃ نہیں ہے اور قرض بھی اصلی ضرورت ہے اس لئے اسکے لئے جو مال ہوگا اس میں زکوۃ نہیں ہوگی ۔ اسکے لئے اثر اوپر گزر گیا۔

**لغت** : نام: بڑھنے والا مال ۔معدوم: جو موجود ہو لیکن اس کا کوئی اعتبار نہ ہو، یا ختم ہو چکا ہو۔ حاجت اصلی: جسکے بغیر زندگی گزارنا مشکل ہو اس کو حاجت اصلیہ کہتے کہتے ہیں۔ عطش : پیاسا ہونا۔ ثیاب البذلۃ : بذل معنی خرچ کرنا، ثیاب البذلۃ : روزانہ استعمال کا کپڑا ۔مھنۃ: خدمت کرنا، ثیاب المھنۃ : خدمت کے وقت پہننے کا کپڑا۔

**ترجمه**:(۷۵۹) اور اگر اس کا مال قرض سے زیادہ ہو تو زیادہ مال کی زکوۃ واجب ہوگی اگر وہ نصاب تک پہنچ جائے۔

**ترجمه** : ۱؎ بشرطیکہ ضرورت اصلیہ سے بھی فارغ ہو۔

**تشریح** : مثلا کسی کے پاس چار سو درہم ہے اور اس کے اوپر دو سو درہم قرض ہے تو دو سو درہم قرض سے زیادہ ہے اور یہ چاندی کا

٢ والمراد به دين له مطالب من جهة العباد حتى لا يمنع دين النذر والكفارة.

نصاب بھی ہے اس لئے اگر دوسری اصلی ضرورت پوری کرنے کے بعد دو سو درہم بچے تو اس پر دو سو درہم کی زکوۃ فرض ہوگی۔ اور باقی دو سو درہم قرض میں چلا گیا۔

**وجه**: (۱) اثر میں ہے عن ابن عباس و ابن عمر في الرجل يستقرض فينفق على ثمرته و على اهله قال قال ابن عمر يبدأ بما استقرض فيقضيه و يزكى ما بقى، قال: و قال ابن عباس يقضى ما انفق على الثمرة ثم يزكى ما بقى (سنن للبيهقي، باب الدين مع الصدقة، ج رابع ص ۲۴۹، نمبر ۷۶۰۸، کتاب الزکوۃ) اس اثر سے معلوم ہوا کہ پہلے قرض ادا کرے گا پھر جو بچے گا اگر وہ نصاب تک پہنچ جائے تو اس میں زکوۃ واجب ہوگی۔ اور اگر وہ نصاب تک نہ پہنچ سکا مثلا قرض ادا کرنے کے بعد ایک سو نوے درہم ہی رہتا ہے اور ایک سو نوے درہم نصاب سے کم ہے اس لئے اس پر زکوۃ فرض نہیں ہوگی۔

**ترجمه**: ٢ دین سے مراد وہ قرض ہے جسکا مطالبہ بندے کی جانب سے ہو یہی وجہ ہے کہ نذر اور کفارہ کا دین زکوۃ کو نہیں روکے گا۔

**تشريح**: یہاں سے یہ تفصیل ہے کہ کون کون سے قرضوں کو نصاب کے مال میں سے کم کیا جائے گا، اور کم کرنے کے بعد جو مال بچے وہ نصاب کے برابر ہو تو زکوۃ واجب ہوگی اور نصاب سے کم رہ جائے تو زکوۃ واجب نہیں ہوگی

قرض تین قسم کے ہیں [۱] ایک تو وہ قرض ہے جسکا وصول کرنے والا اور مطالبہ کرنے والا بندہ ہو۔ جیسے عمر نے زید کو قرض دیا تو عمر اس کا مطالبہ کرنے والا ہے۔ یہ قرض مال نصاب سے کم کیا جائے گا [۲] دوسرا قرض وہ ہے جسکا مطالبہ کرنے والا بندہ نہیں ہے بلکہ شریعت ہے۔ جیسے کسی نے نذر مانی کہ فلاں کام ہوگا تو پانچ درہم صدقہ کرونگا اور وہ کام ہو گیا تو اس پانچ درہم کا مطالبہ کرنے والا بندہ نہیں ہے شریعت ہے، اسی طرح کسی پر قسم کھانے کا کفارہ ہے تو اس کفارے کا مطالبہ کرنے والا شریعت ہے بندہ نہیں ہے، تو ایسا قرض جسکا مطالبہ کرنے والا شریعت ہو بندہ نہ ہو تو یہ زکوۃ کے وجوب کو نہیں روکتا۔ اور اس کو مال نصاب سے کم نہیں کیا جائے گا [۳] تیسرا ہے زکوۃ کا قرض، یعنی کسی پر زکوۃ واجب ہوئی تھی وہ ادا نہیں کیا تو اس کو مال نصاب سے کم کیا جائے گا یا نہیں، اس بارے میں اختلاف ہے۔ امام زفرؒ کے یہاں کم نہیں کیا جائے گا، وہ فرماتے ہیں کہ زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا بھی بندہ نہیں ہے شریعت ہے اس لئے اس سے زکوۃ نہیں رکے گی کیونکہ زکوۃ بھی نذر اور کفارے کے قرض کی طرح ہوگئی۔

اور حنفیہ کی رائے یہ ہے کہ زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا بندہ ہے۔ [۱] چرنے والے جانوروں میں مسلمانوں کا امام زکوۃ کا مطالبہ کرتا ہے اور فقراء کو دیتا ہے۔ [۲] مال تجارت میں عاشر زکوۃ وصول کرتا ہے اور فقراء میں تقسیم کرتا ہے [۳] اور جو مال گھر کے اندر ہے جیسے سونا چاندی اسکے بارے میں سونے چاندی کے مالکوں کو حکم ہے کہ خود فقراء میں تقسیم کردو تو گویا کہ مالک خود زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا ہوا اور امام وقت کا نائب ہوا۔ ہر صورت میں زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا بندہ ہے، اس لئے اگر زکوۃ کا قرض موجود ہے تو قرض کے مطابق مال

۳ ودين الزكوٰة مانع حال بقاء النصاب لانه ينتقص به النصاب و كذا بعد الاستهلاک.

کم کردیا جائے گا، اور کم کرنے بعد بھی نصاب تک مال بچے تو اس پر زکوۃ واجب ہوگی، اور کم کرنے کے بعد نصاب تک مال نہ بچے تو اس پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔ مثلا ایک آدمی کے پاس چارسو درہم ہے اور اس پر سال گزر چکا ہے، لیکن اس نے پچھلے سال کا دوسو درہم زکوۃ کی ادا نہیں کی ہے اس لئے یہ دوسو درہم زکوۃ کا اس پر قرض ہے، اس لئے حنفیہ کے یہاں یہ دوسو درہم کم ہو جائے گا اور صرف دوسو درہم کی زکوۃ پانچ درہم واجب ہوگا۔ اور امام زفرؒ کے یہاں زکوۃ کا قرض کم نہیں ہوگا، اس لئے پورے چارسو درہم کی زکوۃ دس درہم واجب ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳ زکوۃ کا قرض نصاب کے باقی رہنے کی حالت میں زکوۃ کو روکنے والی ہے، اس لئے کہ اس سے نصاب کم ہو جائے گا۔ اور ایسے ہی ہلاک کرنے کے بعد۔

**تشریح**: یہاں سے زکوۃ کے قرض کی تین صورتیں بیان فرمارہے ہیں، اور ہر ایک کا حکم بیان فرمارہے ہیں۔ اسکی تفصیل یہ ہے۔

[۱] حال بقاء النصاب: ایک ہے پچھلے نصاب کا باقی رہنا، جسکو مصنف حال بقاء النصاب سے بیان فرمارہے ہیں۔ مثلا پچھلے سال ۲۰۰۵ء میں زید کے پاس دوسو درہم تھا، جس پر پانچ درہم زکوۃ واجب ہوتی تھی، اس نے اس زکوۃ کو ادا نہیں کیا جو اس پر زکوۃ کا قرض رہا، اس سال ۲۰۰۶ء میں دوسو درہم ہی باقی رہا نہ بڑھا اور نہ گھٹا، اور اس پر سال گزر گیا۔ تو اس سال کی زکوۃ اس پر واجب نہیں ہوگی۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ پچھلے سال کی زکوۃ کا قرض کم کر دیا جائے تو اب اسکے پاس ایک سو پنچانوے [۱۹۵] درہم باقی رہتا ہے جو چاندی کے نصاب دوسو درہم سے کم ہے اس لئے اس سال اس پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**وجہ**: زکوۃ عام قرض کی طرح ہے اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ سألت حماد عن رجل بعث بزكاته مع رجل يدفعها الى السلطان فهلكت في الطريق أتجزىء عنه ؟ قال .... لا تجزىء عنه و ان بلغت أيضا ، هي بمنزلة الدين . (مصنف عبد الرزاق، باب ضمان الزکوۃ، ج رابع، ص ۴۳، نمبر ۶۹۶۶) اس اثر میں ہے کہ زکوۃ عام قرض کی طرح ہے۔ اور امام زفرؒ کے نزدیک چونکہ زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا بندہ نہیں ہے اس لئے زکوۃ کا قرض کم نہیں کیا جائے گا، اس لئے ۲۰۰۶ء میں بھی دوسو درہم رہے اس لئے ۲۰۰۶ء میں بھی دوبارہ زکوۃ واجب ہوگی۔

[۲] کذا بعد الاستهلاک: دوسرا ہے نصاب کو ہلاک کرنے کی صورت۔ مثلا ایک آدمی کے پاس ۲۰۰۵ء میں دوسو درہم ہے، سال گزرنے کے بعد اس پر پانچ درہم زکوۃ واجب ہوئی، اس نے اسکو ادا نہیں کیا جو اس پر زکوۃ کا قرض رہا، بعد میں اس نے اس دوسو درہم کو جان کر ہلاک کر دیا۔ ۲۰۰۶ء میں دوبارہ دوسو درہم کا مالک بنا اور اس پر سال گزر گیا، اب چونکہ اس نے ہلاک کیا ہے اسلئے زکوۃ معاف نہیں ہوئی، اور بندے کی جانب سے زکوۃ وصول کرنے کا مطالبہ باقی رہا، اس لئے ۲۰۰۶ء میں جب دوسو درہم کا مالک بنا

۴ خلافا لزفرؒ فيهما. ۵ ولا بی یوسفؒ فی الثانی علی ما روی عنه

توزکوۃ کے قرض کا پانچ درہم کم ہوگیا، اور اسکے پاس صرف [۱۹۵] ایک سو پچانوے درہم باقی رہے جو چاندی کے نصاب سے کم ہے اس لئے اس پر ۲۰۰۶ء زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔ ینتقض به النصاب : کا مطلب یہ ہے کہ زکوۃ کا قرض کم کیا جائے گا، اس لئے اگلے سال میں نصاب پورا نہیں ہوگا، اس لئے زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

۔اس صورت [کذا بعد الاستهلاک ] کے بارے میں حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ مال ہلاک کر دینے کے بعد گویا کہ زکوۃ معاف ہوگئی، اور جب زکوۃ معاف ہوگئی تو اس کا مطالبہ کرنے والا کوئی بندہ بھی نہیں رہا، اس لئے پچھلے سال کی پانچ درہم زکوۃ کم نہیں کی جائے گی اسلئے اسکے پاس پورے دوسو درہم رہے جو نصاب ہے، اس لئے اس پر اس سال [۲۰۰۶ء میں] بھی زکوۃ واجب ہوگی۔ اس صورت میں حضرت امام زفر بھی امام یوسفؒ کے ساتھ ہیں کہ اگلے سال کی زکوۃ واجب ہوگی۔ اور انکی دلیل یہ ہے کہ زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا بندہ نہیں ہے شریعت ہے، اس لئے پچھلے سال کے قرض زکوۃ کو کم نہیں کیا جائے گا، اور جب کم نہیں کیا گیا تو پورے دوسو درہم کے مالک بنے اسلئے زکوۃ واجب ہوگی۔

[۳] یہ صورت مصنف نے ذکر نہیں کی: ۔تیسری صورت یہ ہے کہ نصاب پر سال گزرنے کے بعد زکوۃ ادا نہیں کی ٹال مٹول کرتا رہا کہ خود بخود مال ہلاک ہوگیا ، اس صورت میں زکوۃ معاف ہوگئی، اور اس آدمی پر زکوۃ کا قرض نہیں رہا، اس لئے اگلے سال نصاب کا مالک بنا تو یہ قرض کم نہیں کیا جائے گا، اس لئے وہ پورے دوسو درہم کا مالک رہا اسلئے اگلے سال اس پر زکوۃ واجب ہوگی۔ یہ مسئلہ: مسئلہ نمبر ۷۵۵، حاشیہ ۱۱ میں گزر چکا ہے۔

**ترجمہ**: ۴ ان دونوں صورتوں میں امام زفرؒ کا اختلاف ہے۔

**تشریح**: یہ تفصیل گزر چکی ہے: ۔اس عبارت کا حاصل یہ ہے کہ چاہے پچھلے سال کا نصاب ابھی بھی باقی ہو یا اسکو ہلاک کر دیا، اور دوبارہ دوسو درہم کا مالک ہوا ہو دونوں صورتوں میں انکے یہاں زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا بندہ نہیں ہے بلکہ شریعت ہے، اس لئے اس قرض کو اگلے سال کے نصاب میں کم نہیں کیا جائے گا، اس لئے مالک اگلے سال پورے دوسو درہم کا مالک بنا اسلئے اس پر اس کی بھی زکوۃ واجب ہوگی۔

**ترجمہ** : ۵ حضرت امام ابو یوسفؒ کا اختلاف دوسرے مسئلے میں ہے جیسا کہ اس سے روایت ہے۔

**تشریح** : دوسرے مسئلے سے مراد یہ ہے کہ زکوۃ واجب ہونے کے بعد مالک نے خود مال ہلاک کر دیا ہو، تو امام ابو یوسفؒ کی رائے یہ ہے کہ مال ہلاک کرنے کے بعد اسکی زکوۃ معاف ہوگئی اس لئے وہ قرض اگلے سال میں کم نہیں کیا جائے گا، اس لئے کہ نصاب ہلاک کرنے کے بعد بندے کی جانب سے مطالبہ کرنے والا کوئی نہیں رہا۔

۲ لان لـه مطالبا وهو الامام فى السوائم ونائبه فى اموال التجارة فان الملّاک نوّابه. (٧٦٠) وليس فى دور السكنى وثياب البدن واثاث المنازل ودوابّ الركوب وعبيد الخدمة وسلاح الاستعمال زكوٰة ﴾

**ترجمه** : ۲ اس لئے کہ زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا موجود ہے۔ چرنے والے جانوروں میں امام ہے۔ اور تجارت کے مالوں میں امام کے نائب ہیں، اس لئے کہ مال کے مالک بھی امام کے نائب ہیں۔

**تشریح** : یہاں سے امام ابوحنیفہؒ کی دلیل ہے۔ کہ زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا بندہ ہے۔ [۱] باہر چرنے والے جانوروں میں خلیفۃ المسلمین کو حق ہے کہ وہ اسکی زکوۃ وصول کرے۔ اس آیت میں حضورؐ کو حکم دیا ہے کہ مالکوں سے اسکی زکوۃ وصول کرے آیت یہ ہے۔ خذ من أموالهم صدقة تطهرهم و تزكيهم بها و صل عليهم ان صلوتک سكن لهم ۔ (آیت ۱۰۳، سورۃ التوبۃ ۹) اس آیت سے معلوم ہوا کہ زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا بادشاہ ہے جو بندہ ہے۔ عن ابن عباس قال قال رسول الله ﷺ لمعاذ بن جبل حين بعثه الى اليمن ..... أن الله قد فرض عليهم صدقة تؤخذ من أغنيائهم فترد على فقرائهم ۔ (بخاری شریف، باب اخذ الصدقۃ من الاغنیاء وترد فی الفقراء حیث کانوا، ص ۲۴۳، نمبر ۱۴۹۶) اس حدیث میں ہے کہ مالداروں سے صدقہ لیا جائے اور غریبوں میں تقسیم کیا جائے۔ اس سے اشارہ ہوتا ہے کہ زکوۃ کا مطالبہ کرنے والا بندہ ہے۔

[۲] اور تجارت کا مال جب شہر کے چنگی کے پاس سے گزرے گا تو عاشر اسکی زکوۃ کا مطالبہ کرے گا۔ [۳] اور جو مال گھر کے اندر ہے جیسے سونا اور چاندی، اسکے بارے میں تو خود مالکوں کو حکم ہے کہ وہ اپنے ہی سے مطالبہ کر کے فقراء میں تقسیم کر دے۔ اس آیت میں اس کا اشارہ ہے۔ فاما من أعطى و أتقى و صدق بالحسنى فسنيسره لليسرى ۔ (آیت ۵ سورۃ اللیل ۹۲) اس آیت میں ہے کہ مالک خود زکوۃ دے جس سے اشارہ ہوتا ہے کہ مطالبہ کرنے والا خود مالک مال بھی ہے۔ (۲) اس اثر میں ہے کہ مالک خود زکوۃ تقسیم کرے۔ عن الحسن قال ان دفعها اليهم أجزى عنه و ان قسمها أجزى عنه . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب من رخص فی ان لا تدفع الزکوۃ الی السلطان، ج ثانی، ص ۳۸۶، نمبر ۱۰۲۱۱) اس اثر میں ہے کہ بادشاہ کو زکوۃ دے تب بھی کافی ہے اور خود تقسیم کرے تب بھی کافی ہے۔ جس سے معلوم ہوا کہ مالک خود بھی اپنی زکوۃ کا مطالبہ کرتا ہے۔

**لغت** : مطالبا: مطالبہ کرنے والا۔ امام سے مراد خلیفہ وقت ہے، جنکو زکوۃ وصول کرنے کا حق ہوتا ہے۔ سوائم: سائمۃ کی جمع ہے، چرنے والے جانور۔ ملاک: مالک کی جمع ہے۔ نواب: نائب کی جمع ہے۔ گویا کہ مال کا مالک زکوۃ وصول کرنے میں خلیفۃ المسلمین کے نائب ہیں۔

**ترجمه**: (٧٦٠) زکوۃ واجب نہیں ہے رہنے کے گھر میں، بدن کے کپڑے میں، گھر کے سامان میں، سواری کے جانور میں

،خدمت کے غلام میں اور استعمال کے ہتھیار میں۔

**تشریح**: وہ چیزیں جو انسانی زندگی میں ضرورت کے لئے ہیں اور روزمرہ کے استعمال میں آتی ہیں ان میں زکوۃ واجب نہیں ہوگی، رہنے کا ایک گھر، یا پہننے کا کپڑا یا گھر کا سامان، یا سواری کا گھوڑا، یا خدمت کا غلام یا مجاہدین کے لئے استعمال کا ہتھیار یہ حاجت اصلیہ میں داخل ہیں اس لئے انکی قیمت نصاب تک بھی پہنچ جائے تو اس میں زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔ ہاں اگر یہ چیزیں خرید و فروخت کے لئے ہو تو پھر اسکی قیمت میں زکوۃ واجب ہوگی۔ کیونکہ یہ حاجت اصلیہ سے خارج ہوئی۔

**وجہ**:(۱) حاجت اصلیہ کی چیزوں میں شریعت زکوۃ واجب نہیں کرتی ہے (۲) حدیث میں ہے۔ سمع ابا هريرة عن النبی ﷺ قال خیر الصدقة ماكان عن ظهر غنى وابدأ بمن تعول ( بخاری شریف، باب لاصدقۃ الا عن ظہر غنی ص ۱۹۲ نمبر ۱۴۲۶ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ضرورت سے زیادہ ہونے کے بعد زکوۃ واجب ہوگی۔ (۳) عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال ليس على المسلم صدقة في عبده ولا في فرسه (بخاری شریف، باب لیس علی المسلم فی عبدہ صدقۃ ص ۲۳۷، نمبر ۱۴۶۴ رمسلم شریف، باب لا زکوۃ علی المسلم فی عبدہ وفرسہ صدقۃ، کتاب الزکوۃ، ص ۳۱۶ نمبر ۹۸۲/۲۲۷۳ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ خدمت کے غلام اور سواری کے گھوڑے میں زکوۃ نہیں ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ چیزیں لوگوں کی ضرورت کی چیزیں ہیں۔ انہیں پر اوپر کی تمام ضروریات کی چیزوں کو قیاس کر لیں (۴) حدیث میں ہے عن علی قال زهيرا حسبه عن النبی ﷺ ... وفي البقر في كل ثلاثين تبيع والاربعين مسنّة وليس على العوامل شيء (ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۲ ) اس حدیث میں ہے کہ جو جانور کھیتی کے کام آتا ہو اس میں زکوۃ واجب نہیں ہے (۵) عن عمر ابن شعيب عن ابيه عن جده عن النبی ﷺ قال ليس في الابل العوامل صدقة (دارقطنی ۲ باب لیس فی العوامل صدقۃ ج ثانی ص ۸۸ نمبر ۱۹۲۱ ) ان احادیث سے معلوم ہوا کہ وہ جانور جو روزمرہ کے کام آتے ہیں اور ضرورت کی چیز ہے مثلا ہل جوتنا اور سواری کرنا اس میں زکوۃ واجب نہیں ہے۔ (۶) گھر اور غلام اور گھوڑا حاجت اصلیہ میں ہیں اسکی دلیل یہ اثر ہے۔ عن سعيد بن جبير قال : يعطى الزكوة من له الدار و الخادم و الفرس . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۷۷، من لہ دار و خادم یعطی من الزکوۃ، ج ثانی، ص ۴۰۲، نمبر ۱۰۴۱۵ ) اس اثر میں ہے کہ جسکے پاس رہنے کا گھر ہو اور خادم ہو اور گھوڑا ہو تو اس کو زکوۃ دی جا سکتی ہے، اس لئے کہ یہ سب ضرورت اصلی میں داخل ہے۔

**اصول**: حاجت اصلیہ کی چیزوں میں زکوۃ واجب نہیں ہے۔

**لغت**: دور السکنی : وہ گھر جس میں آدمی بسیرا کرتا ہو، اثاث : گھر کا سامان، فرنیچر۔ دواب: دابۃ کی جمع ہے، جانور۔ سلاح: ہتھیار۔

ل لانها مشغولة بالحاجة الاصلية وليست بنا مية ايضا ٢ وعلى هذا كتب العلم لاهلها والات المحترفين لما قلنا (٧٦١) ومن له على اخر دين فجحده سنين ثم قامت به بينة لم يزكه لما مضى ﴾

**ترجمه**: ل اس لئے کہ یہ چیزیں حاجت اصلیہ میں مشغول ہیں اور بڑھنے والی بھی نہیں ہیں ۔

**تشریح**: یہ چیزیں حاجت اصلیہ میں سے ہیں۔اور بڑھنے والی بھی نہیں ہیں، ۔شریعت تین طرح کی چیزوں کو بڑھنے والی کہتی ہے[۱] سونا اور چاندی، ان کو پیدائشی طور پر بڑھنے والا مانتی ہے، انکی تجارت نہ بھی ہو تب بھی یہ بڑھنے والی چیز ہے[۲] تجارت کی چیز ۔[۳] سال کا اکثر حصہ چر کر زندگی گزارنے والے جانور۔ یہ بڑھنے والی چیزیں ہیں ان میں زکوۃ واجب ہوتی ہے، اور اوپر کی چیزیں ان میں سے نہیں ہیں اس لئے یہ بڑھنے والی یعنی نامی نہیں ہیں اور ان میں زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۲ اسی قاعدے پر عالموں کے لئے علم کی کتابیں ،اور حرفت کرنے والے کے لئے اسکے آلات [ میں زکوۃ واجب نہیں ہے۔

**تشریح**: جو عالم ہیں پڑھنے کی کتابیں انکے لئے حاجت اصلیہ میں ہیں اس لئے اس میں زکوۃ واجب نہیں ہوگی، اسی طرح جو لوگ حرفت کرتے ہیں تو حرفت کے آلات انکے لئے حاجت اصلیہ میں سے ہیں، مثلا حلوائی کے لئے دیگیں، یا بڑھئی اور گھڑی ساز کے لئے انکے آلات حاجت اصلیہ میں ہیں اس لئے ان میں زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: (۷۶۱) کسی آدمی کا دوسرے پر قرض ہو اور وہ کئی سال تک انکار کرتا رہے پھر اس پر گواہ قائم کیا تو پچھلے سالوں کی زکوۃ نہ دے۔

**تشریح**: یہ مسئلہ مال ضمار کا ہے جسکے تحت آٹھ جزئیہ ذکر کر رہے ہیں۔ضمار کا مطلب یہ ہے کہ مالک کا مال کسی دوسرے کے ہاتھ میں ہے جس سے ملنے کی امید نہیں ہے اور نہ کوئی گواہ ہے یا کوئی قرینہ ہے کہ اس سے مال وصول کیا جا سکے، اسی حال میں کئی سال گزر گئے، پھر اچانک گواہ مل گیا یا کوئی سبب ہاتھ آ گیا جسکی وجہ سے وہ مال مالک کو مل گیا تو پچھلے سالوں کی زکوۃ ادا نہیں کرے گا، جب سے مال ملا ہے اس وقت سے زکوۃ شروع ہوگی۔

**وجه**: (۱) یہ مال اگر چہ مالک کا ہے لیکن اس پر مالک کا تصرف نہیں ہے بلکہ اسکے ذہن میں تو یہ ہے کہ یہ مال اس کو مل ہی نہیں پائے گا یہ مال ختم ہو گیا، یہ تو اچانک کیسے مل گیا! اور تصرف نہیں رہا تو مال کو بڑھانے کی شکل نہیں رہی، اور پہلے گزر چکا ہے کہ زکوۃ اس مال پر واجب ہوتی ہے کہ اس کو تجارت وغیرہ کے ذریعہ سے بڑھایا جا سکتا ہو، مال نامی ہو، اور یہ مال نامی نہیں ہے اسلئے پچھلے سال کی زکوۃ اس پر واجب نہیں ہوگی (۲) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے. عن ابن عمر قال زكوا ما كان فى ايدكم و ما كان من دين فى ثقة فهو بمنزلة ما فى ايديكم ، و ما كان من دين ظنون فلا زكوة فيه حتى يقبضه۔ (سنن بیہقی، باب زکاۃ

۱؎ معناه صارت له بينة بان اقر عند الناس ۲؎ وهي مسألة المال الضمار

الدين اذا كان علی معسر أو جاحد، ج رابع، ص ۲۵۲، نمبر ۷۶۲۲۴ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب و ما کان لایستقر یعطیہ الیوم ویأخذ الی یومین فلیزکہ، ج ثانی، ص ۳۸۹، نمبر ۱۰۲۵۱) اس اثر میں ہے کہ جو مال قابل اعتماد کے پاس ہو اسکی زکوۃ دو، اور جو مال ظنون یعنی جسکے پاس سے قرض وصول ہونے میں پورا شک ہو اس قرض کے وصول ہونے کے بعد زکوۃ شروع ہوگی۔ (۳) أن عمر بن عبد العزيزؒ كتب في مال قبضه بعض الولاة ظلما يأمر برده الى أهله و تؤخذ زكاته لما مضى من السنين ثم اعقب بعد ذالک بكتاب أن لا تؤخذ منه الا زكاة واحدة فانه كان ضمارا ثم قال أبو عبيد : يعني الغائب الذي لا يرجى . (سنن بیہقی، باب زکاۃ الدین اذا کان علی معسر أو جاحد، ج رابع، ص ۲۵۳، نمبر ۷۶۲۶) اس اثر میں ہے کہ حضرت عمر ابن عبد العزیز صرف اس سال کی زکوۃ دلواتے تھے جس سال ظلم سے لیا ہوا مال واپس آیا ہو، پچھلے سالوں کا نہیں۔ کیونکہ یہ مال ضمار کی طرح ہے۔ (۴) صاحب ہدایہ کا پیش کردہ حضرت علیؓ کا قول یہ ہے۔ قال ابو عبيد في حديث عليؓ في الرجل يكون له الدين الظنون قال يزكيه لما مضى اذا قبضه ان كان صادقا ۔ (سنن بیہقی، باب زکاۃ الدین اذا کان علی معسر أو جاحد، ج رابع، ص ۲۵۲، نمبر ۷۶۲۳ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب و ما کان لایستقر یعطیہ الیوم ویأخذ الی یومین فلیزکہ، ج ثانی، ص ۳۹۰، نمبر ۱۰۲۵۶) اس اثر میں ہے کہ شک والے قرض کا آدمی سچا ہو تو پچھلے سالوں کی زکوۃ ادا کرو، اور سچا نہ ہو تو ادا نہ کرو۔

**اصول** : مال ضمار میں پچھلے سالوں کی زکوۃ نہیں ہے۔ مال ہاتھ آنے کے بعد زکوۃ شروع ہوگی۔

شرح:۔ کسی آدمی کا دوسرے پر قرض تھا وہ کئی سال تک قرض کا انکار کرتا رہا، اور مالک کے پاس اسکا گواہ بھی نہیں تھا کہ گواہی دلوا کر قاضی سے قرض کا فیصلہ کروائے اسی حال میں مثلا پانچ سال گزر گئے، پانچ سال کے بعد مقروض نے کسی کے پاس قرض کا اقرار کیا اور وہ گواہ بن گیا اور قاضی کے پاس فیصلہ کروا کر دوسو درہم وصول کیا تو اس پانچ سال کی زکوۃ واجب نہیں ہوگی، جب سے درہم وصول ہوا ہے اس وقت سے زکوۃ واجب ہوگی۔ کیونکہ اس مال سے مایوس ہو گیا تھا اور اب اس کو مال حاصل ہوا ہے، اس لئے اب سے زکوۃ شروع ہوگی۔

**ترجمہ**: ۱؎ قامت بہ بینۃ کا معنی یہ ہے کہ اسکے لئے گواہ حاصل ہو گیا اس طرح کہ مقروض نے لوگوں کے پاس قرض کا اقرار کر لیا۔

**تشریح** : یہ ایک سوال کا جواب ہے۔ سوال یہ ہے کہ جب مالک کے پاس گواہ پہلے تھا ہی نہیں تو اب گواہ کیسے ہو گیا؟ تو اس کا جواب دیا کہ اب مقروض نے کسی کے پاس اقرار کیا کہ فلاں کا مجھ پر قرض ہے، جسکی وجہ سے وہ آدمی اب گواہ بن گیا۔

**ترجمہ**: ۲؎ یہ مال ضمار کا مسئلہ ہے۔

**تشریح** : فرماتے ہیں کہ متن میں جو مسئلہ بیان کیا جا رہا ہے وہ مال ضمار کا مسئلہ ہے۔ ضمار کا ترجمہ ہے وہ مال جو غائب ہو اور

۳ وفيه خلاف زفر والشافعي. ۴ ومن جملته المال المفقود والأبق والضال والمغصوب اذا لم يكن عليه بينة والمال الساقط في البحر والمدفون في المفازة اذا نسي مكانه والذى اخذه السلطان

اسکے ملنے کی امید نہ ہو۔ ضمار کی تشریح، اور دلائل اوپر ذکر کر چکا ہوں، اس کو دیکھ لیں۔

**ترجمہ**: ۳ اس بارے میں امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کا اختلاف ہے۔

**تشریح**: حضرت امام زفرؒ اور امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مال ضمار میں پچھلے سالوں کی بھی زکوۃ ہے۔ یعنی جو مال کسی کے ہاتھ میں ہو یا ایسی جگہ ہو کہ اسکے ملنے کی امید نہ ہو تب بھی جب وہ مال حاصل ہو گیا تو پچھلے سالوں کی زکوۃ واجب ہوگی۔ موسوعۃ میں لمبی عبارت کا ٹکڑا یہ ہے۔ قال الربيع القول الآخر اصح القولين عندى، لان من غصب ماله أو غرق لم يزل ملكه عنه. و هو قول الشافعي ۔ (موسوعۃ امام شافعی: باب زکاۃ الدین، ج رابع، ص ۱۸۵، نمبر ۴۳۱۴) اس عبارت میں ہے کہ مال غصب کر لیا ہو یا ڈوب گیا ہو اور ملنے کی امید نہ ہو پھر بھی چونکہ ملکیت مالک کی ہی برقرار رہی اس لئے پچھلے سالوں کی بھی زکوۃ واجب ہوگی ۔ اس عبارت میں بھی ہے۔ قال الشافعي و هكذا لو كان على رجل مال أصله مضمون، أو أمانة فجحده أياه و لا بينة له عليه، أو له بينة غائبة لم يقدر على أخذه منه بأى وجه ما كان الأخذ. قال الربيع: فاذا أخذه زكاه لما مضى عليه من السنين، وهو معنى قول الشافعي (موسوعۃ امام شافعی: باب زکاۃ الدین، ج رابع، ص ۱۸۵، نمبر ۴۳۱۶) اس عبارت میں بھی ہے کہ مال کا انکار کر دیا ہو پھر بھی ملکیت چونکہ اسکی برقرار ہے اسلئے پچھلے سالوں کی زکوۃ واجب ہوگی۔

**وجه**: (۱) اس دوران مال کی ملکیت مالک ہی کی برقرار ہے اس لئے زکوۃ واجب ہوگی، یہ اور بات ہے کہ اس مال پر اس کا تصرف نہیں ہے، تو جیسے مسافر گھر سے دور رہتا ہے اور مال پر اس کا تصرف نہیں رہتا ہے پھر بھی ملکیت کی وجہ سے زکوۃ واجب ہوتی ہے اسی طرح یہاں چاہے تصرف نہیں کر سکتا ہے؛ لیکن ملکیت ہے اس لئے زکوۃ واجب ہوگی۔ (۲) اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ قلت للقاسم بن محمد ان لنا قرضا و دينا فنزكيه قال: نعم، كانت عائشةؓ تأمرنا أن نزكي ما في البحر و سألت سالما فقال مثل ذالك ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب و ما کان لا یستقر یعطیہ الیوم ویأ خذ الی یومین فلیزکہ، ج ثانی، ص ۳۹۰، نمبر ۱۰۲۵۷) اس اثر میں ہے کہ مال سمندر میں بھی ہو تب بھی زکوۃ واجب ہوگی۔ (۳) اس اثر میں بھی ہے۔ ان عمرؓ قال لرجل: اذا حلت الصدقة فاحسب دينك و ما عندك فاجمع ذالك جميعا ثم زكه ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب و ما کان لا یستقر یعطیہ الیوم ویأ خذ الی یومین فلیزکہ، ج ثانی، ص ۳۸۹، نمبر ۱۰۲۵۳) اس اثر میں ہے کہ سارے دین کا حساب کر کے زکوۃ دے دے۔

**ترجمہ**: ۴ مال ضمار میں سے [۲] گم شدہ مال ہے [۳] بھاگا ہوا غلام ہے [۴] اور وہ جانور جو بہک کر گم ہو گیا ہو [۵] وہ مال

**مصادرة ۵ ووجوب صدقة الفطر بسبب الأبق والضال والمغصوب علىٰ هذا الخلاف**

جس کوکسی نے غصب کرلیا ہوبشرطیکہ غاصب پر گواہ نہ ہو[۶] اور وہ مال جو سمندر میں گر پڑا ہو[۷] اور وہ مال جس کو جنگل میں دفن کیا ہوجبکہ اس کی جگہ بھول گیا ہو[۸] اور وہ مال جسکو بادشاہ نے مالک سے جدا کرلیا ہو۔

**تشریح** : متن کے ساتھ یہ آٹھ قسم کے مال ہیں اور سب اسی اصول پر ہیں کہ مالک کے ہاتھ سے نکل چکے ہیں اور اسکے واپس آنے کی امید نہیں ہے پھر چند سال کے بعد اچانک وہ مال مالک کو مل گیا تو پچھلے سالوں کی زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔ وہ مال یہ ہیں

[۱] مقروض نے قرض لیا اور انکار دیا اور اسکے خلاف گواہ نہیں ہے، اور اسکے پانے کی امید نہیں ہے۔کئی سال کے بعد اچانک مال مل گیا۔

[۲] المال المفقود: مال گم ہوگیا، اور اسکے پانے کی امید نہیں ہے۔کئی سال کے بعد اچانک مال مل گیا۔ مفقود کا معنی ہے گم ہوگیا۔

[۳] آبق: غلام بھاگ گیا، اور اسکے پانے کی امید نہیں ہے۔کئی سال کے بعد اچانک غلام مل گیا۔ آبق کا معنی ہے بھاگ گیا۔

[۴] الضال: غلام بہک کر گم ہوگیا، اور اسکے پانے کی امید نہیں ہے۔کئی سال کے بعد اچانک غلام مل گیا۔ ضال: گمراہ ہوجانا، بہک جانا۔

[۵] المغصوب: کسی نے مال غصب کرلیا، اور اس پر بینہ بھی نہیں ہے، اور اسکے پانے کی امید نہیں ہے۔کئی سال کے بعد اچانک مال مل گیا۔

[۶] المال الساقط فی البحر: مال سمندر میں گر گیا، اور اسکے پانے کی امید نہیں ہے۔کئی سال کے بعد اچانک مال مل گیا۔

[۷] المدفون فی المفازۃ: مال جنگل میں دفن کردیا اور اسکی جگہ بھول گیا، اور اسکے پانے کی امید نہیں ہے۔کئی سال کے بعد اچانک مال مل گیا

[۸] اخذہ السلطان مصادرۃ: مصادرۃ کا ترجمہ ہے اصرار کر کے لینا، یعنی بادشاہ کا کوئی حق نہیں تھا ویسے ہی اصرار کر کے، یا زبردستی کر کے لے لیا اب اسکے پانے کی امید نہیں ہے۔کئی سال کے بعد اچانک مال مل گیا۔

ان آٹھوں صورتوں میں حنفیہ کے نزدیک پچھلے سالوں کی زکوۃ واجب نہیں ہے ملنے کے بعد سے زکوۃ شروع ہوگی۔ اور امام شافعیؒ اور امام زفرؒ کے نزدیک پچھلے تمام سالوں کی زکوۃ واجب ہوگی۔ امام شافعیؒ کا قول قدیم یہ ہے کہ پچھلے سالوں کی زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**ترجمہ** : ۵ صدقۃ الفطر کے واجب ہونے کے بارے میں غلام کے بھاگنے کے سبب سے، اور بہک کر گم ہونے کے سبب سے، اور جس غلام کو غصب کیا ہو اسی اختلاف پر ہے۔

**تشریح** : [۱] غلام بھاگ گیا، [۲] یا غلام بہک کر گم ہوگیا، [۳] یا غلام کو کسی نے غصب کرلیا ان غلاموں کو واپس لانے کی کوئی صورت نہیں ہے، اس حال میں چند سال گزر گئے، پھر اچانک یہ تینوں قسم کے غلام مل گئے تو غلام کے ان چند سالوں کا صدقۃ الفطر

**۶ لهما ان السبب قد تحقق وفوات اليد غير مخل بالوجوب كمال ابن السبيل ۷ ولنا قول على لا زكوٰة فى مال الضمار ۸ ولان السبب هو المال النامى ولانماء الابالقدرة على التصرف ولا قدرة عليه ۹ وابن السبيل يقدر بنائبه**

مالک پر واجب ہوگا یا نہیں اس بارے میں پچھلے مسئلے کی طرح اختلاف ہے۔ حنفیہ کے یہاں یہ غلام بالکل مفقود ہیں اس لئے پچھلے سالوں کا صدقۃ الفطر واجب نہیں ہوگا۔ اور امام شافعیؒ اور امام زفرؒ کے یہاں چونکہ مالک کی ملکیت رہی ہے اس لئے پچھلے سالوں کا بھی صدقۃ الفطر واجب ہوگا۔

**ترجمہ**: ۶ امام زفرؒ اور امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے کہ، زکوۃ کا سبب [ملکیت] متحقق ہے اور قبضے کا فوت ہونا واجب ہونے میں مخل نہیں ہے، جیسے کہ مسافر کا مال۔

**تشریح**: ان دونوں حضرات کی دلیل یہ ہے کہ زکوۃ کا سبب ملکیت ہے اور وہ موجود ہے اس لئے زکوۃ واجب ہوگی، باقی رہا کہ اس مال پر قبضہ نہیں ہے تو اس سے کوئی حرج نہیں ہے، جیسے کہ مسافر کا مال گھر پر ہوتا ہے اور اسکا مال پر قبضہ نہیں ہوتا ہے پھر بھی اس کے مال پر زکوۃ واجب ہوتی ہے اسی طرح یہاں بھی زکوۃ واجب ہوگی۔

**لغت**: سبب سے ملکیت مراد ہے۔ ید: کا معنی ہے، قبضہ، تصرف کا حق۔ ابن السبیل: راستے کا بیٹا، مراد ہے مسافر۔

**ترجمہ**: ۷ ہماری دلیل حضرت علیؓ کا قول ہے کہ مال ضمار میں زکوۃ نہیں ہے۔ حضرت علیؓ کا قول یہ ہے۔ **قال ابو عبيد فى حديث علىؓ فى الرجل يكون له الدين الظنون قال يزكيه لما مضى اذا قبضه ان كان صادقا** ۔ (سنن بیہقی، باب زکاۃ الدین اذا کان علی معسر او جاحد، ج رابع، ص ۲۵۲، نمبر ۷۶۲۳ر مصنف ابن ابی شیبۃ، باب و ما کان لایستقر یعطیہ الیوم ویأخذ الی یومین فلیزکہ، ج ثانی، ص ۳۹۰، نمبر ۱۰۲۵۶) اس اثر میں ظنون کا ترجمہ ہے کہ جس قرض کے بارے میں شک ہو کہ وہ نہیں ملے گا اس میں گزشتہ سالوں کی زکوۃ نہیں ہے جب تک کہ اس پر قبضہ نہ کر لیا جائے، یعنی قبضہ کے بعد زکوۃ شروع ہوگی۔

**ترجمہ**: ۸ اور اس لئے بھی کہ زکوۃ کا سبب بڑھنے والا مال ہے اور تصرف پر قدرت کے بغیر بڑھنا نہیں ہوگا، اور تصرف پر اس کو قدرت ہے نہیں۔

**تشریح**: زکوۃ واجب نہ ہونے کی یہ دلیل عقلی ہے، کہ زکوۃ کا سبب بڑھنے والا مال ہے، اور مال اس وقت بڑھے گا جب اس پر تصرف کرنے اور بیچنے خریدنے کی قدرت ہو، اور مال ضمار پر تو تصرف کرنے کی قدرت ہی نہیں ہے اس لئے وہ مال بڑھے گا کیسے! اس لئے اس پر زکوۃ بھی واجب نہیں ہونی چاہئے۔

**ترجمہ**: ۹ اور مسافر اپنے نائب کے ذریعہ سے اپنے مال پر تصرف کی قدرت رکھتا ہے۔

۱۰؎ والمدفون فی البیت نصاب لتیسیر الوصول الیه ۱۱؎ وفی المدفون فی الارض اوالکرم اختلاف المشائخ ۱۲؎ ولو کان الدین علیٰ مقرٍ ملیٔ اومعسر تجب الزکوٰۃ لا مکان الوصول الیه ابتداء او بواسطة التحصیل

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کے استدلال کا جواب ہے کہ مسافر گھر سے باہر ہے اسلئے اسکو اپنے مال پر خود تصرف کرنے کا اختیار تو نہیں ہے لیکن اپنے نائب کے ذریعہ سے اس پر تصرف کر سکتا ہے، اس لئے گویا کہ اس پر تصرف کرنے کا اختیار ہے اس لئے اس کے مال میں زکوۃ واجب ہوگی، اور مال ضمار میں مالک کو بالکل تصرف کرنے کا اختیار نہیں ہے اس لئے اس میں زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**ترجمه** : ۱۰؎ اور جو مال گھر میں مدفون ہو وہ نصاب ہے کیونکہ اس مال تک پہونچنا آسان ہے۔

**تشریح** : اتنے بڑے جنگل میں تو کہاں تلاش کرے گا! لیکن گھر میں مال دفن ہو تو پورے گھر کو کھود کر نکالنا آسان ہے اس لئے یہ مال ضمار نہیں ہے اس لئے یہ نصاب کا مال ہے اور اس میں زکوۃ واجب ہوگی۔

**وصول** : کا ترجمہ ہے مال کا حاصل کرنا ممکن ہو۔

**ترجمه** : ۱۱؎ اور اپنی زمین میں یا اپنے باغ میں مدفون ہو تو اس میں مشائخ کا اختلاف ہے۔

**تشریح** : اپنی زمین میں یا اپنے باغ میں مال دفن کیا ہو اور جگہ بھول گیا تو یہ مال ضمار ہے یا نہیں اس بارے میں اختلاف ہے۔ جن حضرات نے فرمایا کہ یہ مال ضمار ہے انکی دلیل یہ ہے کہ زمین اگر چہ اس کے قبضے میں ہے لیکن اتنی بڑی زمین کو کھودنا اور تلاش کرنا آسان نہیں ہے اس میں حرج ضرور ہے، اس لئے یہ جنگل میں دفن کرنے کی طرح ہے اور یہ مال ضمار ہے۔ اور جن حضرات نے کہا کہ یہ مال ضمار نہیں ہے، انکی دلیل یہ ہے کہ زمین اور باغ اس کے قبضے کی ہے اس لئے اس کو کھود کر نکال سکتا ہے، چاہے دیر لگے اس لئے یہ مال ضمار نہیں ہے، اور زکوۃ واجب ہوگی۔ کرم: کا معنی ہے انگور کا باغ۔

**ترجمه** : ۱۲؎ اور اگر قرض ایسے آدمی پر ہو جو اقرار کرنے والا ہو مالدار ہو یا تنگدست تو زکوۃ واجب ہے اس لئے کہ مال کا وصول کرنا ممکن ہے شروع میں یا حاصل کرنے کے واسطے سے۔

**تشریح** : یہاں سے پانچ قسم کے مقروض کا حکم بیان فرمارہے ہیں۔ اس میں سے پہلا یہ ہے کہ ایسے آدمی پر قرض ہے کہ وہ قرض کا اقرار کرتا ہے اب اگر وہ مالدار ہے تو فوری طور پر قرض وصول کر سکتا ہے، اور اگر مقروض تنگدست ہے تو ابھی تو وصول نہیں کر سکتا لیکن مقروض کو کمانے کہے گا اور اسکی کمائی میں سے وصول کر سکتا ہے۔ اس لئے اس میں زکوۃ واجب ہے۔ ملیء: مالدار۔ معسر: تنگدست۔ تحصیل: کمائی کرنا۔

**وجه** : (۱) عن ابن عمر قال زکوا ما کان فی ایدکم و ما کان من دین فی ثقة فهو بمنزلة ما فی ایدیکم ، و

۱۳؎ وکذا لو کان علیٰ جاحدو علیه بینة اوعلم به القاضی لما قلنا ۱۴؎ ولو کان علی مقر مفلَّس فهو نصاب عند ابی حنیفةؒ لان تفلیس القاضی لا یصح عنده ۱۵؎ و عند محمد لا یجب لتحقق الافلاس

ما کان من دین ظنون فلا زکوة فیه حتی یقبضه ۔(سنن بیہقی ، باب زکاۃ الدین اذا کان علی معسر أو جاحد، ج رابع، ص ۲۵۲، نمبر ۷۶۲۴ رمصنف ابن ابی شیبۃ ، باب و ما کان لایستقر یعطیہ الیوم ویأخذ الی یومین فلیزکہ، ج ثانی، ص ۳۸۹، نمبر ۱۰۲۵۱) اس اثر میں ہے کہ قابل اعتماد آدمی پر قرض ہو تو گویا کہ وہ مال آپکے ہاتھ میں ہے اس لئے اس میں زکوۃ دو. (۲) عن الحسن قال : سئل علیؓ عن الرجل یکون له الدین علی الرجل قال : یزکیه صاحب المال فان توی ما علیه و خشی أن لا یقضی قال : یمهل فاذا خرج أدی زکاة ماله. (مصنف ابن ابی شیبۃ ، باب وما کان لایستقر یعطیہ الیوم ویأخذ الی یومین فلیزکہ، ج ثانی، ص ۳۸۹، نمبر ۱۰۲۵۰) اس اثر میں ہے کہ قرض ملنے کی امید ہو تو وصول کے بعد سب کی زکوۃ ادا کرے۔

**اصول** :جس قرض کے وصول ہونے کی امید قوی ہو تو اس میں پچھلے سال کی زکوۃ واجب ہے۔ البتہ قرض وصول ہونے کے بعد پچھلے سالوں کی زکوۃ ادا کرے۔

**ترجمہ**: ۱۳؎ ایسے ہی اگر انکار کرنے والے پر قرض ہو اور اس کے خلاف گواہ ہو، یا قاضی جانتا ہو [تو زکوۃ واجب ہے] اس دلیل کی بنا جو ہم نے کہا۔

**تشریح** : قرض ایسے آدمی پر ہے جو قرض کا انکار کرتا ہے، لیکن مالک کے پاس اس کے خلاف گواہ موجود ہے، یا قاضی جانتا ہے کہ اس مقروض پر فلاں کا قرض ہے تو دونوں صورتوں میں قاضی سے فیصلہ کروا کر مال وصول ہونے کی قوی امید ہے، اس لئے یہ مال ضمار نہیں ہے اسلئے اس میں پچھلے سالوں کی بھی زکوۃ واجب ہوگی۔۔ جاحد: انکار کرنے والا۔ بینۃ : گواہ۔

**ترجمہ**: ۱۴؎ اور اگر ایسے آدمی پر قرض ہے کہ وہ اقرار کرتا ہے لیکن مفلس ہے تو وہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نصاب ہے، اس لئے کہ قاضی کا مفلس قرار دینا انکے نزدیک صحیح نہیں ہے۔

**تشریح** : قاضی کسی کو مفلس قرار دے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک وہ ہمیشہ کے لئے مفلس نہیں ہو جاتا، کیونکہ مال آتا ہے اور جاتا ہے اس لئے جب بھی اس کے ہاتھ میں مال آئے گا تو قرض دینے والا اپنا قرض وصول کر سکتا ہے۔ اس لئے کسی آدمی کے اوپر قرض ہو جو اس کا اقرار تو کرتا ہے لیکن قاضی نے اس کو مفلس اور غریب قرار دیا ہے تب بھی مالک پر اس زمانے کی زکوۃ واجب ہوگی، کیونکہ اس کا مال ضمار نہیں ہوا کیونکہ جب یہ مفلس کمائے گا تو مالک اپنا مال اس سے وصول کر سکتا ہے۔ اثر گزرا کہ امید کے مال میں زکوۃ واجب ہوتی ہے۔

**ترجمہ**: ۱۵؎ اور امام محمدؒ کے نزدیک زکوۃ واجب نہیں ہوگی انکے نزدیک قاضی کے مفلس قرار دینے سے مفلس متحقق ہونے کی

عنده بالتفليس ۱۶ وابو يوسفؒ مع محمد فی تحقق الافلاس ومع ابی حنيفة فی حكم الزكوٰة رعاية لجانب الفقراء (۶۲۷) ومن اشترى جارية للتجارة ونواها للخدمة بطلت عنها الزكوٰة ﴾ ۱ لا تصال النية بالعمل وهو ترك التجارة

وجہ ہے۔

**تشریح** :حضرت امام محمدؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہ ہے کہ قاضی نے کسی کو مفلس ہونے کا فیصلہ کر دیا تو وہ زندگی بھر مفلس ہی رہے گا، اس سے قرض کا وصول ہونا ناممکن ہے، اس لئے مالک کا مال مال ضمار کی طرح ہو گیا، اس لئے اس قرض پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**لغت** : مفلس: قاضی کا مفلس بنانا غریب قرار دینا۔ اسی سے ہے تفلیس، اور اسی سے ہے افلاس۔

**ترجمہ** : ۱۶ حضرت امام ابو یوسفؒ افلاس کے متحقق ہونے میں امام محمدؒ کے ساتھ ہیں اور زکوۃ کے حکم میں امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہیں فقراء کی جانب کی رعایت کرتے ہوئے۔

**تشریح** :۔ قاضی کسی کو مفلس قرار دے دے تو وہ ہمیشہ کے لئے مفلس شمار کیا جائے اس بارے میں تو امام ابو یوسفؒ بھی امام محمدؒ کے ساتھ ہیں۔ کیونکہ انکے یہاں بھی قاضی کے مفلس قرار دینے سے ہمیشہ کے لئے مفلس شمار کیا جاتا ہے۔ لیکن ایسے مفلس پر قرض ہو تو مالک پر پچھلے سالوں کی زکوۃ واجب ہوگی کیونکہ اس میں فقراء کا فائدہ ہے، اس زکوۃ کے بارے میں امام ابو یوسفؒ امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہیں۔

**ترجمہ** : (۶۲۷) کسی نے تجارت کے لئے باندی خریدی پھر اسکے لئے خدمت کروانے کی نیت کر لی تو اس کی زکوۃ ختم ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ۱ کیونکہ عمل کے ساتھ نیت بھی متصل ہو گئی، اور وہ ہے تجارت کو چھوڑنا۔

**تشریح** : باندی اس نیت سے خریدی تھی کہ اس سے تجارت کروں گا لیکن خریدنے کے بعد نیت بدل گئی اور اب اس کو اپنی خدمت میں رکھنے کا ارادہ کر لیا تو اب زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**وجہ** :(۱) پہلے گزر چکا ہے کہ خدمت کی باندی میں زکوۃ نہیں ہے، اور یہ باندی اب خدمت کی ہو گئی اس لئے اب زکوۃ نہیں ہوگی۔ (۲) خدمت کی نیت کے ساتھ عمل بھی ہو گیا کہ اس نے تجارت کرنا چھوڑ دیا، اس لئے زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔ (۳) تجارت کے لئے ہو تب ہی زکوۃ واجب ہے اس کے لئے یہ آیت ہے. يآيها الذين ء امنوا أنفقوا من طيبت ما كسبتم و مما أخرجنا لكم من الأرض ۔ (آیت ۲۶۷، سورۃ البقرۃ ۲)۔ (بخاری شریف، باب صدقۃ الکسب والتجارۃ، ص ۲۳۳، نمبر ۱۴۴۵) اس

(۷۶۳) وان نواها للتجارة بعد ذلک لم تکن للتجارة حتی یبیعها فیکون فی ثمنها زکوٰۃ ﴾ لے لان النیة لم تتصل بالعمل اذ هو لم یتجر فلم تعتبر ولهذا یصیر المسافر مقیما بمجرد النیة ولا یصیر المقیم مسافرا بالنیة الا بالسفر

آیت میں کسبتم سے مراد تجارت کر کے کمانا ہے (۴) اس حدیث میں ہے۔عن سمرة بن جندب قال : أما بعد فان رسول الله ﷺ کان یأمرنا أن نخرج الصدقة من الذی نعد للبیع ۔(ابوداوٗد شریف، باب العروض اذا کانت للتجارۃ ھل فیھا زکاۃ؟ ص ۲۳۰، نمبر ۱۵۶۲) اس حدیث میں ہے کہ تجارت کے لئے مال ہو تو زکوۃ ہے۔(۵) اس اثر میں بھی ہے کہ تجارت کے لئے ہو تب ہی زکوۃ واجب ہے۔عن نافع عن ابن عمرؓ قال : لیس فی العروض زکاة الا ما کان للتجارة . (سنن بیہقی، باب زکاۃ التجارۃ، ج رابع ،ص ۲۴۹، نمبر ۷۶۰۵ رمصنف عبد الرزاق ، باب الزکاۃ من العروض، ج رابع ،ص ۷۷، نمبر ۷۱۰۳) یہ باندی تجارت کے لئے نہیں رہی اس لئے اس میں زکوۃ واجب نہیں

**ترجمہ**: (۷۶۳) اور اگر اس کے بعد باندی کی تجارت کی نیت کی تو جب تک اس کو بیچے نہیں تجارت کے لئے نہیں ہوگی، پھر اسکی قیمت میں زکوۃ ہوگی

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ جب تک عمل نہ کرے تنہا نیت پر حکم نہیں لگے گا۔ باندی کو خدمت کے لئے رکھ لیا اب باندی خدمت کی ہوگئی تجارت کی نہیں رہی اسلئے صرف تجارت کی نیت سے تجارت کے لئے نہیں ہوگی، جب تک کہ عملی طور پر اس کو بیچ نہ دے، پھر بیچنے کے بعد باندی کی جو قیمت ہوگی اس میں زکوۃ واجب ہوگی۔

**وجه**: (۱) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔عن عطاء فی الرجل یشتری المتاع فیمکث السنین یزکیه قال: لا ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ، ما قالوا فی المتاع یکون عند الرجل یحول علیہ الحول، ج الثانی، ص ۴۰۶، نمبر ۱۰۴۶۱) اس اثر میں ہے کہ تجارت کا مال رکھ لے اور کئی سال تک تجارت نہ کرے تو اس پر زکوۃ نہیں ہے۔(۲) اس اثر میں بھی ہے۔سألت الجعفی عن رجل له طعام من أرضه یرید بیعه ، قد زکی أصله ؟ قال : فقال الشعبی : لیس فیه زکاة حتی یباع . (مصنف عبد الرزاق ، باب الزکاۃ من العروض، ج رابع ،ص ۷۶، نمبر ۷۱۲۷) اس اثر میں ہے کہ گھر کے سامان میں صرف بیچنے کی نیت کرنے سے زکوۃ نہیں ہوگی جب تک اس کو بیچ نہ دے۔

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ نیت عمل کے ساتھ متصل نہیں ہوئی اس لئے کہ ابھی تجارت تو واقعی نہیں کر رہا ہے، اس لئے اس نیت کا اعتبار نہیں۔ اسی لئے مسافر صرف نیت سے مقیم ہو جائے گا۔ اور مقیم صرف سفر کی نیت سے مسافر نہیں ہوگا جب تک کہ واقعی سفر نہ شروع کرے۔

(۷۶۴) وان اشترى شيئاً ونواه للتجارة كان للتجارة﴾ ١ لا تصال النية بالعمل.

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ نیت کے ساتھ عمل بھی ہوتو اس نیت کا اعتبار ہے اور نیت کے ساتھ عمل نہ ہو بلکہ عمل نیت کے خلاف ہوتو اس نیت کا اعتبار نہیں ہے۔ اب یہ باندی خدمت کر رہی ہے اس زمانے میں تجارت کی نیت کی تو نیت عمل کے خلاف ہے اس لئے باندی تجارت کے لئے شمار نہیں کی جائے گی، جب تک کہ فروخت نہ کر دے، فروخت کرے گا تو اب نیت اور عمل ساتھ ہو گئے اب اسکی قیمت میں زکوۃ واجب ہوگی۔ اسکی مثال یہ ہے کہ، ایک آدمی سفر کر رہا ہے، اب اس نے پڑاؤ ڈالا اور اقامت کی بھی نیت کی تو مقیم ہو جائے گا، اب مقیم کی نماز پڑھے گا، کیونکہ عمل نیت کے مطابق ہو گیا۔ لیکن اگر ریل میں جا رہا ہے یا جہاز میں اڑ رہا ہے اور اقامت کی نیت کی تو مقیم نہیں ہوگا اور نہ مقیم کی نماز پڑھے گا، کیونکہ عمل نیت کے مطابق نہیں ہوا۔ اسی طرح مقیم صرف سفر کی نیت کرنے سے مسافر نہیں ہوگا اور نہ مسافرت کی نماز پڑھے گا، کیونکہ نیت سفر کی ہے اور عملا مقیم ہے۔ ہاں سفر شروع کر دے گا تو اب مسافر ہو جائے گا کیونکہ نیت اور عمل ایک طرح کے ہو گئے۔

**اصول** : عمل نیت کے مطابق ہوتو اس نیت کا اعتبار ہے ورنہ نہیں۔

**ترجمہ**: (۷۶۴) اگر کسی چیز کو خریدا اور تجارت کی نیت کی تو وہ چیز تجارت کے لئے ہو جائے گی۔

**ترجمہ** : ١ نیت عمل کے ساتھ متصل ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح**: یہاں سے یہ بیان کیا جا رہا ہے کہ [١] کون سی حرکت اور کون سا عمل تجارت کی طرح ہے اور [٢] کون سا عمل تجارت کی طرح نہیں ہے۔ جو عمل تجارت کی طرح ہے اسکے ساتھ تجارت کی نیت ہوتو اس کا اعتبار کیا جائے گا اور مال تجارت کا ہوگا اور اس میں زکوۃ واجب ہوگی، اور جو عمل تجارت کی طرح نہیں ہے، [٣] یا کوئی عمل ہی نہیں ہے اس وقت تجارت کی نیت کرے گا تو چونکہ عمل نیت کے موافق نہیں ہوا اس لئے اس نیت کا اعتبار نہیں ہوگا اور زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔ ان عبارتوں میں تجارت کا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس میں زکوۃ واجب ہوگی۔

**وجہ** : اس اثر میں ہے کہ نیت کے ساتھ بیچنے کا عمل ہوتب ہی اس نیت کا اعتبار ہے اور بیچنے کا عمل یا بیچنے کی حرکت نہ ہوتو اس نیت کا اعتبار نہیں ہے۔ اثر یہ ہے۔ سألت الجعفی عن رجل له طعام من أرضه يريد بيعه ، قد زكى أصله ؟ قال : فقال الشعبی : ليس فيه زكاة حتى يباع . (مصنف عبد الرزاق، باب الزکاۃ من العروض، ج رابع، ص ٧٦، نمبر ۷۱۲۷) اس اثر میں ہے کہ گھر کے سامان میں صرف بیچنے کی نیت کرنے سے زکوۃ نہیں ہوگی جب تک اس کو بیچ نہ دے۔

۔ صاحب ھدایہ یہاں سات مثالیں پیش کر رہے ہیں۔ ہر ایک کی تفصیل دیکھیں۔

[١] کسی نے کسی چیز کو خریدا اور تجارت کی نیت کی تو وہ چیز تجارت کی ہو جائے گی اور زکوۃ واجب ہوگی۔ کیونکہ خریدنا خود تجارت کا عمل ہے اور نیت بھی تجارت کی ہے اسلئے نیت اور عمل ہوافق ہو گئے اس لئے چیز تجارت کی ہو جائے گی۔ یہ مثال باضابطہ تجارت کی ہے۔

ع بخلاف ما اذاورث ونوی للتجارۃ لانہ لا عمل منہ ۳ ولو ملکہ بالھبۃ او بالوصیۃ او النکاح او الخلع او الصلح عن القود ونواہ للتجارۃ کان للتجارۃ عند ابی یوسف لاقترانھا بالعمل

**ترجمہ**: ع [۲] بخلاف جبکہ کسی مال کاوارث ہوااور تجارت کی نیت کی اسلئے کہ یہاں تو وارث کا کوئی عمل ہی نہیں ہے۔

**تشریح**: مثلا زید باندی کاوارث ہوااور اس میں تجارت کی نیت کی تو باندی تجارت کی نہیں ہوگی۔ کیونکہ جو چیز وراثت کی ہوتی ہے وہ خود بخود وارث کی ملکیت میں داخل ہو جاتی ہے وارث کو اس کے لئے کچھ کرنا نہیں پڑتا، بلکہ قبول بھی نہیں کرنا پڑتا، بس مورث مرااور وراثت کی چیز وارث کی ملکیت میں آ گئی، چونکہ یہاں تجارت کا عمل، یا تجارت کی کوئی حرکت نہیں پائی گئی اسلئے تجارت کی محض نیت سے چیز تجارت کی نہیں بنے گی۔۔ یہ مثال اس بات کی ہے کہ کوئی عمل ہی نہیں کیا۔

**ترجمہ**: ۳ اور اگر چیز کا مالک [۳] ہبہ کے ذریعہ بنا، [۴] یا وصیت کے ذریعہ، [۵] یا نکاح کے ذریعہ، [۶] یا خلع کے ذریعہ، [۷] یا قصاص کے بدلے صلح کے ذریعہ اور تجارت کی نیت کی تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک تجارت کے لئے ہو جائے گی اسلئے کہ نیت عمل کے ساتھ متصل ہوگئی۔

**تشریح**: یہاں مصنف نے پانچ مثالیں دی ہیں۔ اور پانچوں میں باضابطہ خرید وفروخت نہیں ہے، لیکن پانچوں میں یہ بات ہے کہ مالک ہونے والا مال کو قبول کرے گا تو چیز کا مالک بنے گا اور قبول نہیں کرے گا تو چیز کا مالک نہیں بنے گا، اس لئے قبول کرنا ایک عمل تو ہوا، وراثت کی طرح بغیر قبول کے مالک نہیں ہوگا۔ اور دوسری بات یہ ہے کہ نکاح، اور خلع، اور قصاص کے بدلے میں درہم پر صلح کرنے میں کچھ چیز مالک بننے والے کی جانب سے جاتی ہے تب کچھ چیز آتی ہے اس لئے اس میں ایک قسم کی خرید وفروخت تو ہوی، اس لئے امام ابو یوسفؒ نے اس عمل کو بیع شمار کیا تو انہوں نے فرمایا کہ یہاں بیع بھی ہے اور تجارت کی نیت بھی ہے اسلئے مال تجارت کی ہو جائے گی۔ اور امام محمدؒ نے کہا کہ یہ باضابطہ خرید وفروخت نہیں ہے اسلئے بیع نہیں ہے اسلئے تجارت کی نیت صحیح نہیں ہے اسلئے مال تجارت کی نہیں ہوگی، اب ہر ایک کی تفصیل یہ ہے۔

[۳] ہبہ: کسی کو کوئی چیز دے دی اس کو ہبہ کہتے ہیں۔ اسکی دو صورتیں ہیں ایک تو یہ کہ مال کے بدلے میں ہبہ کیا، اس صورت میں خرید و فروخت ہے، اسلئے تجارت کی نیت کرے گا تو مال تجارت کی ہو جائے گی۔۔ اور دوسری صورت یہ ہے کہ بغیر کسی مال کے ہبہ کرے اس صورت میں خرید وفروخت نہیں ہے۔ لیکن شبہ ہے کہ بعد میں بدلہ مانگ لے اور تجارت ہو جائے، امام ابو یوسفؒ نے اس شبہ کی بنا پر ہبہ کو تجارت میں شمار کر دیا اور تجارت کی نیت سے مال تجارت کی بن گئی۔ اور حضرت امام محمدؒ نے اس شبہ کا اعتبار نہیں کیا اس لئے انہوں نے اسکو تجارت میں شمار نہیں کی، اور تجارت کی نیت کرنے پر مال تجارت کی نہیں بنی۔

[۴] وصیت: کوئی مرنے والا آدمی کسی کے لئے مال کی وصیت کرتا ہے تو بغیر بدلے کے وصیت کرتا ہے، لیکن شبہ ہے کہ جس کے لئے

۴ وعند محمد لا يصير للتجارة لانها لم تقارن عمل التجارة ۵ وقيل الاختلاف علىٰ عكسه

(۷۶۵) ولا يجوز اداء الزكوٰة الا بنية مقارنة للاداء او مقارنة لعزل مقدار الواجب﴾

وصیت کر رہا ہے اس سے کوئی خدمت وغیرہ مانگ لے، تو اس میں تجارت کا صرف شبہ ہے۔ امام ابو یوسفؒ نے اس کو تجارت میں شمار کیا۔

یہ دو مثالیں بیع کے کمزور شبہ کی ہے۔

[۵] نکاح: اس میں عورت جسم دیتی ہے اور مہر لیتی ہے اس لئے اس میں خرید و فروخت تو نہیں ہے لیکن بیع کا شبہ قوی ہے۔

[۶] خلع: اس میں مرد صحبت کا حق چھوڑتا ہے اور اس کے بدلے خلع کا بدل لیتا ہے۔ اس میں خرید و فروخت تو نہیں ہے لیکن بیع کا شبہ قوی ہے۔

[۷] صلح عن القود: قصاص میں قتل کرنا تھا اسکے بدل صلح کر کے مال لے لیا۔ اس میں خرید و فروخت تو نہیں ہے لیکن بیع کا شبہ قوی ہے۔

ان تین صورتوں کو بھی امام ابو یوسفؒ نے بیع شمار کی اور ان میں تجارت کی نیت کی وجہ سے اس کو مال تجارت شمار کیا اور زکوۃ واجب کی۔
قود کا معنی ہے قصاص۔ یہ تین مثالیں بیع کے قوی شبہ کا ہے۔

**ترجمہ**: ۴ امام محمدؒ کے نزدیک ان سب صورتوں میں تجارت کے لئے نہیں ہوگا، اس لئے کہ تجارت کا عمل نیت کے ساتھ متصل نہیں ہوا۔

**تشریح**: امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ ہبہ، وصیت، نکاح، خلع، اور قصاص کے بدلے مال ان صورتوں میں باضابطہ بیع نہیں ہے، اس لئے تجارت کی نیت کے ساتھ تجارت کا عمل نہیں ہوا اسلئے یہ مال تجارت کا نہیں ہوگا اور زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۵ بعض حضرات نے فرمایا کہ اختلاف اسکے الٹے پر ہے۔

**تشریح**: یعنی ان پانچوں صورتوں میں امام ابو یوسفؒ نیت کے باوجود تجارت نہیں مانتے ہیں اور زکوۃ واجب نہیں کرتے ہیں۔ اور امام محمدؒ ان پانچوں صورتوں میں تجارت مانتے ہیں، اور زکوۃ واجب کرتے ہیں۔ دلائل اوپر کے ہی ہیں۔

**ترجمہ**: (۷۶۵) زکوۃ کی ادائیگی جائز نہیں ہے مگر ایسی نیت کے ساتھ جو ادائیگی کے ساتھ ملی ہوئی ہو یا مقدار واجب کو الگ کرتے وقت ملی ہوئی ہو۔

**تشریح**: جس وقت زکوۃ فقیر کے ہاتھ میں دے رہا ہو اس وقت زکوۃ دینے کی نیت ہونی چاہئے تب زکوۃ ادا ہوگی۔ اگر اس وقت مثلا قرض دینے کی نیت ہے اور بعد میں زکوۃ کی نیت کر لی تو زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔ یا اس وقت کچھ نیت نہیں تھی روپیہ دینے کے

ل لان الزكوة عبادة فكان من شرطها النية ٢ والاصل فيها الاقتران الا ان الدفع يتفرق فاكتفى بوجود ها حالة العزل تيسيرا كتقديم النية فى الصوم

---

بعد زکوۃ دینے کی نیت کی تو زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔ یا جس وقت حساب کر کے جتنا روپیہ زکوۃ دینی ہے اس کو اپنے مال سے الگ کیا اس وقت زکوۃ کی نیت ہو تب بھی زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ اس صورت میں چاہے زکوۃ فقیر کے ہاتھ میں دیتے وقت زکوۃ کی نیت نہیں کی ہو۔ کیونکہ جس وقت اس مال کو اپنے مال سے الگ کرر ہا تھا اس وقت زکوۃ کی نیت کر چکا تھا اور وہی مال اس وقت فقیر کو دے رہا ہے اس لئے پہلی نیت ہی کافی ہو جائے گی۔۔ مقارنۃ: کا معنی ہے ملی ہوئی۔ عزل: الگ کرنا۔

**وجه**: (۱) پہلے گزر چکا ہے کہ عبادات اصلیہ اس وقت ادا ہوگی جب عبادات کی نیت کی ہو۔ اور زکوۃ عبادت ہے اس لئے اس کی ادائیگی کے وقت بھی نیت ہونی چاہئے (۲) حدیث میں ہے. سمعت عمر بن الخطاب ؓ على المنبر قال : سمعت رسول الله ﷺ يقول انما الاعمال بالنيات الخ (بخاری شریف، باب کیف کان بدء الوحی الی رسول اللہ ﷺ ص ۲ نمبر ۱) اس حدیث کی وجہ سے تمام عبادات اصلیہ کی ادائیگی کے لئے عبادت کے ساتھ ہی نیت کرنا ضروری ہے۔

**ترجمه**: ل اس لئے کہ زکوۃ ایک عبادت ہے اس لئے اسکی شرط میں سے نیت ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ زکوۃ عبادت ہے اور عبادت اس وقت نہیں بنے گی جب تک کہ عبادت کی نیت نہ ہو اس لئے نیت ضروری ہے۔

**ترجمه**: ٢ اور اصل اس میں نیت عبادت کے ساتھ ملا ہوا ہونا ہے۔ مگر یہ کہ دینا متفرق ہوتا ہے اسلئے الگ کرنے کی حالت میں اس کے پائے جانے پر اکتفاء کیا گیا آسانی کے لئے۔ جیسے روزے میں نیت پہلے ہو جائے تو کافی ہے۔

**تشریح**: نیت کی اصل حقیقت یہ ہے کہ وہ عبادت کے ساتھ ہی ہو تب عبادت بنے گی، اس لئے زکوۃ فقیر کے ہاتھ میں دیتے وقت نیت ہونی چاہئے۔ لیکن چونکہ الگ الگ فقیر کو بار بار زکوۃ دینے کی ضرورت پڑ جاتی ہے اس لئے آسانی کے لئے یہ بھی گنجائش دے دی گئی کہ اپنے مال سے زکوۃ کا مال الگ کرتے وقت نیت کر لی تب بھی زکوۃ ادا ہو جائے گی، چاہے فقیر کے ہاتھ میں دیتے وقت نیت نہ کی ہو۔ اسکی ایک مثال دیتے ہیں کہ صبح صادق کے وقت سے روزہ شروع ہوتا ہے اس لئے صبح صادق کے وقت سے نیت ہو، اور روزہ شروع کرنے کے ساتھ ہی نیت ہونی چاہئے لیکن اس میں حرج ہے کیونکہ آدمی اس وقت سویا ہوتا ہے اس لئے اسکی گنجائش دے دی گئی کہ صبح صادق سے بہت پہلے رات ہی میں روزے کی نیت کر لی تب بھی روزہ ہو جائے گا۔ اسی طرح زکوۃ میں مال الگ کرتے وقت نیت کر لی تب بھی کافی ہے۔

(۷٦٦) و من تصدق بجميع ماله لا ينوى الزكوٰة سقط فرضها عنه ﴾ ۱؎ استحسانا. ۲؎ لان الواجب جزء منه فكان متعينا فيه فلا حاجة الى التعيين (۷٦۷) ولو ادّى بعض النصاب سقط زكوٰة المؤدى ﴾ ۱؎ عند محمد لان الواجب شائع فى الكل ۲؎ وعند ابى يوسف لا يسقط لان البعض غير متعين لكون الباقى محلا للواجب بخلاف الاول والله اعلم بالصّواب.

**ترجمه**: (۷٦٦) جس نے اپنے تمام مال کو صدقہ کر دیا اور زکوۃ کی نیت نہیں کی تو اس کا فرض ساقط ہو جائے گا۔

**ترجمه**: ۱؎ استحسانا۔

**تشریح**: تمام مال کو صدقہ کی نیت سے دیدیا لیکن اس میں زکوۃ کی نیت نہیں کی تو جتنا مال زکوۃ میں دینا تھا اس کی ادائیگی ہوگئی اور فرض ساقط ہو گیا۔ قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ زکوۃ کی نیت نہیں کی ہے اس لئے زکوۃ ادا نہیں ہونی چاہئے لیکن تمام مال صدقہ کرنے کی وجہ سے اسکے تحت میں زکوۃ بھی ادا ہو جائے گی۔

**وجه**: تمام مال کے صدقۂ نافلہ میں فرض داخل ہو گیا اس لئے الگ سے نیت کرنے کی ضرورت نہیں رہی۔ زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔

**ترجمه**: ۲؎ اس لئے کہ واجب اس کا ایک حصہ ہے اس لئے پورے صدقہ میں وہ متعین ہے اس لئے تعیین کی ضرورت نہیں ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ تمام مال میں زکوۃ کا حصہ بھی متعین ہے، اس لئے بغیر متعین کئے ہوئے بھی سب مال صدقہ کر دیا تو اسکے تحت میں زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔

**ترجمه**: (۷٦۷) اگر بعض نصاب کو ادا کیا تو ادا کئے ہوئے کی زکوۃ ساقط ہو جائے گی۔

**ترجمه**: ۱؎ امام محمدؒ کے نزدیک، اس لئے کہ واجب پورے میں شائع ہے

**تشریح**: مثلا کسی کے پاس دو سو درہم تھے جس پر پانچ درہم زکوۃ واجب تھی، اس نے ایک سو درہم فقیر کو صدقہ کی نیت سے دے دیا تو امام محمدؒ کے نزدیک ایک سو درہم کی زکوۃ ڈھائی درہم ادا ہوگئی اب اس پر صرف ایک سو درہم کی زکوۃ ڈھائی درہم واجب ہے۔

**وجه**: اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ پانچ درہم جو زکوۃ ہے وہ پورے دو سو درہم میں مشترک ہے اس لئے ایک سو درہم صدقہ کیا تو ڈھائی درہم اس میں متعین ہو گیا اور ادا بھی ہو گیا، کیونکہ پہلے گزر گیا ہے کہ صدقہ نافلہ کر دے تو اس کے تحت میں اتنے کی زکوۃ ادا ہو جاتی ہے۔

**ترجمه**: ۲؎ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک زکوۃ ساقط نہیں ہوگی اس لئے کہ بعض غیر متعین ہے اس لئے کہ جو مال باقی ہے وہ

بھی زکوۃ کا محل ہے۔بخلاف پہلے مسئلے کے۔

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ وہ جو ایک سو درہم فقیر کو صدقہ دیا اس میں اس ایک سو کی زکوۃ ڈھائی درہم ادا نہیں ہوگی، بلکہ بعد میں یہ ڈھائی درہم دوبارہ ادا کرنا ہوگا۔ اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ صدقہ کرتے وقت زکوۃ کی نیت نہیں کی اور یہ ڈھائی درہم اس میں متعین بھی نہیں تھا، کیونکہ اس کے پاس جو ایک سو درہم باقی ہے اس سے بھی زکوۃ ادا ہو سکتی ہے، اس لئے صدقہ نافلہ میں سے زکوۃ ادا نہیں ہوگی۔ اور اس صورت میں جبکہ تمام مال صدقہ کیا تو پورا ہی مال چلا گیا اس لئے زکوۃ کا کوئی محل ہی باقی نہیں رہا اس لئے پورے مال صدقہ کرنے کی صورت میں زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ بخلاف اول : سے مراد اوپر کا مسئلہ ہے جبکہ تمام مال صدقہ کر دیا ہو، اور زکوۃ ادا ہو جاتی ہو۔

## ﴿باب صدقة السوائم﴾

## ﴿فصل فی الابل﴾

**(۷۶۸)قالؒ ليس في اقل من خمس ذود صدقة فاذا بلغت خمسا سائمة وحال عليها الحول ففيهاشاة الىٰ تسع فاذا كانت عشرا ففيها شاتان الىٰ اربع عشرة فاذا كانت خمس عشرة ففيها ثلٰث شياه الى تسع عشرة فاذا كانت عشرين ففيها اربع شياه الىٰ اربع وعشرين فاذا بلغت خمسًا**

### ﴿ باب زکوۃ الابل ﴾

**ضروری نوٹ** عرب میں چونکہ اونٹ زیادہ تھے اس لئے مصنف اونٹ کی زکوۃ کے احکام پہلے لا رہے ہیں۔اور سونا چاندی کم تھے اس لئے ان کے احکام بعد میں لا رہے ہیں۔

**نوٹ**: جانوروں میں زکوۃ اس وقت ہوگی جب کہ وہ سال کا اکثر حصہ چر کر زندگی گزارتے ہوں اور گھر پر کم کھاتے ہوں۔لیکن اگر جانور کو گھر پر کھلا کر پالا جاتا ہو اور تجارت کے بھی نہ ہوں تو اس پر زکوۃ واجب نہیں ہے۔(۱) حدیث میں ہے۔بهز بن حكيم يحدث عن ابيه عن جده قال سمعت رسول الله ﷺ يقول في كل ابل سائمة من كل اربعين ابنة لبون (نسائی شریف، باب سقوط الزکوۃ عن الابل اذا کانت رسلا لاھلھا ولحمولتھم ص ۳۳۸ نمبر ۲۴۵۱/ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۷ نمبر ۱۵۷۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ چرنے والے جانور ہو تو اس میں زکوۃ واجب ہے۔کام کا ہو یا علوفہ ہو تو اس میں زکوۃ واجب نہیں۔ (۲) أن ابا بكرؓ كتب له هذا الكتاب لما وجهه الى البحرين . بسم الله الرحمن الرحيم ، هذه فريضه الصدقة التي فرضها رسول الله ﷺ على المسلمين ....فاذا كانت سائمة الرجل ناقصة من اربعين شاة واحدة فليس فيها صدقة الا ان يشاء ربها ۔(بخاری شریف، باب زکوۃ الغنم ص ۲۳۵ نمبر ۱۴۵۴)/ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۷ نمبر ۱۵۶۷) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ چرنے والے جانور میں زکوۃ ہے علوفہ میں نہیں۔

**لغت**: العلوفہ : وہ جانور جو سال کا اکثر حصہ گھر پر کھا کر پلتا ہو۔

**ترجمہ**: (۷۶۸) پانچ اونٹ سے کم میں زکوۃ نہیں ہے۔پس جب کہ چرنے والے پانچ اونٹ تک پہنچ جائے اور ان پر سال گزر جائے تو اس میں ایک بکری ہے نو اونٹ تک۔پس جب دس اونٹ ہو جائے تو اس میں دو بکریاں ہیں چودہ اونٹ تک۔پس جبکہ پندرہ اونٹ ہو جائیں تو ان میں تین بکریاں ہیں انیس اونٹ تک۔پس جبکہ بیس اونٹ ہو جائیں تو ان میں چار بکریاں ہیں چوبیس اونٹ تک۔پس جب کہ پچیس اونٹ ہو جائیں تو ان میں ایک بنت مخاض ہے پینتیس اونٹ تک۔پس جب کہ پہنچ جائے چھتیس تک تو

**وعشرين وفيها بنت مخاض وهي التيطعنت في الثانية الى خمس وثلثين فاذا كانت ستا وثلثين ففيها بنت لبون وهي التي طعنت في الثالثة الى خمس واربعين فاذا كانت ستا واربعين ففيها حقة وهي التي طعنت في الرابعة الىٰ ستين فاذا كانت احدىٰ وستين ففيها جذعة وهي التي طعنت في الخامسة الىٰ خمس وسبعين فاذا كانت ستا وسبعين ففيها بنتا لبون الىٰ تسعين فاذا كانت احدى وتسعين ففيها حقتان الىٰ مائة وعشرين ﴾**

ان میں ایک بنت لبون ہے پینتالیس تک۔پس جب کہ چھیالیس پہنچ جائیں تو ان میں ایک حقہ ہے ساٹھ تک۔پس جب کہ اکسٹھ ہوجائیں تو اس میں ایک جزعہ ہے پچھتر تک پس جب کہ چھہتر اونٹ ہوجائیں تو ان میں دو بنت لبون ہیں نوے اونٹ تک۔پس جب کہ اکانوے ہوجائیں تو ان میں دو حقے ہیں ایک سوبیس تک۔پھر فرض شروع سے شروع ہوگا۔

**تشریح**: یہ حساب واضح ہے اس لئے اسکی تفصیل نہیں کررہا ہوں۔۔درمیان کے لغت کا ترجمہ آگے دیکھیں۔

**وجه**: اس حساب کا ثبوت اس حدیث میں موجود ہے۔**عن سالم عن ابيه ان رسول الله ﷺ كتب كتاب الصدقة فلم يخرجه الى عماله حتى قبض فقرنه بسيفه فلما قبض عمل به ابو بكر حتى قبض و عمر حتى قبض وكان فيه في خمس من الابل شاة وفي عشر شاتان و في خمس عشرة ثلث شياه و في عشرين اربع شياه و في خمس وعشرين بنت مخاض الى خمس و ثلثين فاذا زادت ففيها بنت لبون الى خمس و اربعين فاذا زادت ففيها حقة الى ستين فاذا زادت ففيها جذعة الى خمس و سبعين فاذا زادت ففيها بنتا لبون الى تسعين فاذا زادت ففيها حقتان الى عشرين و مائة فاذا زادت على عشرين و مائة ففي كل خمسين حقة وفي كل اربعين ابنة لبون** (ترمذی شریف، باب ماجاء فی زکوۃ الابل والغنم ص ۱۳۵ نمبر ۶۲۱ رابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۵ نمبر ۱۵۷۰ ربخاری شریف، باب شکوۃ الغنم ص ۱۹۵ نمبر ۱۴۵۴) اس حدیث سے اوپر کا پورا حساب ثابت ہوتا ہے کہ کتنے اونٹ میں کتنے جانور دیئے جائیں گے۔اور کب بکری دیجائے گی اور کب اونٹ کا بچہ دیا جائے گا۔

**لغت**: سائمۃ : چرکر زندگی گزارنے والا جانور۔ بنت مخاض : مخاض کہتے ہیں اس اونٹنی کو جو حاملہ ہو، تو بنت مخاض کے معنی ہوئے حاملہ اونٹنی کی بچی، یہ اس بچے کو کہتے ہیں جس پر ایک سال گزر کر دوسرا سال چڑھ چکا ہو۔ بنت لبون : دودھ دینے والی اونٹنی کا بچہ، یعنی وہ بچہ جس پر دو سال گزر کر تیسرا سال چڑھ چکا ہو۔ حقۃ : وہ بچہ جس پر سوار ہونے کا حق ہوگیا ہو، یعنی تین سال گزر کر چوتھے سال میں قدم رکھا ہو۔ جذعۃ : جس کے اگلے دونوں دانت نکل گئے ہوں، یعنی چار سال گزر کر پانچویں سال میں قدم رکھا ہو۔ایسے بچے کا دانت نکل کر دوسرا نیا دانت نکل آتا ہے اور بالغ ہوجاتا ہے۔

ل بھذا اشتھرت کتب الصدقات من رسول اللہ صلی الله علیه وسلم (۷۶۹) ثم اذا زادت علیٰ مائة وعشرین تستانف الفریضة فیکون فی الخمس شاة مع الحقتین وفی العشر شاتان وفی خمس عشرة ثلٰث شیاہ وفی العشرین اربع شیاہ وفی خمس وعشرین بنت مخاض الی مائة وخمسین فیکون فیھا ثلٰث حقاق﴾

**ترجمہ** : ل حضورؐ کی جانب سے زکوۃ کے جوخطوط ہیں ان میں یہی حساب مشہور ہے۔

**ترجمہ**: (۷۶۹) پس جبکہ ایک سوبیس اونٹ سے زیادہ ہوجائے تو فرض پھر سے شروع ہوگا۔پس ہوگا پانچ اونٹ میں ایک بکری دوحقہ کے ساتھ اور دس اونٹ میں دو بکریاں اور پندرہ اونٹ میں تین بکریاں اور بیس اونٹ میں چار بکریاں اور پچیس اونٹ میں ایک بنت مخاض ایک سوپچیس تک،پس ایک سو پچاس اونٹ میں تین حقے ہوں گے۔پھرفرض شروع سے کیا جائے گا۔

**تشریح**: ایک سوبیس کے بعد ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری لازم ہوگی۔اور پچیس اونٹ میں اونٹنی کا بچہ لازم ہوگا جس کو بنت مخاض کہتے ہیں یعنی ایک سال گزر کر دوسرے سال میں قدم رکھا ہو۔اب اوپر کا ایک سوبیس اور پچیس مل کر ایک سو پینتالیس ہوئے ۔لیکن جوں ہی دونوں ملاکر ڈیڑھ سوہوں گے تو تین حقے لازم ہوجائیں گے۔کیونکہ شروع میں چھیالیس پر ایک حقہ لازم ہوا تھا۔اور اکانوے میں دو حقے تھے تو گویا کہ ہر پچاس میں ایک حقہ لازم ہوا۔اس اعتبار سے ایک سو پچاس تین مرتبہ پچاس ہوئے تو تین حقے لازم ہوں گے۔

**وجه**: اس کا ثبوت اس حدیث میں ہے جو اوپر گزری۔اس کا آخری جملہ ہے ففی کل خمسین حقة و فی کل اربعین ابنة لبون (ترمذی شریف،باب ماجاء فی زکوۃ الابل والغنم ص ۱۳۵ نمبر ۶۲۱ رابوداؤد شریف،باب فی زکوۃ السائمة ص ۲۲۵ نمبر ۱۵۷۰ ربخاری شریف،باب شکوۃ الغنم ص ۱۹۵ نمبر ۱۴۵۴)اور ابوداؤد شریف میں ہے فاذا کانت خمسین ومائة ففیھا ثلاث حقاق ... فاذا کانت مائتین ففیھا اربع حقاق او خمس بنت لبون. (ابوداؤد شریف،باب فی زکوۃ السائمة ص ۲۲۷ نمبر ۱۵۷۰)،حدیث حدثنا محمد بن العلاء انا ابن المبارک کا ٹکڑا ہے)اس حدیث سے ثابت ہوا کہ ہر پچاس اونٹ میں ایک حقہ لازم ہوگا اور ایک سو پچاس میں تین حقے اور دوسو اونٹ میں چار حقے لازم ہوں گے۔اور ایک سوبیس کے بعد ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری اور پچیس اونٹ میں ایک بنت مخاض لازم ہوگا۔اس کی دلیل یہ اثر ہے عن علی قال اذا زادت علی عشرین و مائة یستقبل بھا الفریضة (مصنف ابن ابی شیبة،باب ۱۱،من قال اذا زادت علی عشرین ومائة استقبل بھا الفریضة ج ثانی،ص ۳۶۱،نمبر ۹۹۱۱)اس استقبل بھا الفریضة سے معلوم ہوا کہ ایک سوبیس اونٹ کے بعد پھر شروع سے حساب کیا جائے گا یعنی ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری اور پچیس اونٹ میں ایک بنت مخاض لازم ہوگا۔

(۷۷۰) ثم تستانف الفريضة فيكون في الخمس شاة وفي العشر شاتان وفي خمس عشرة ثلث شياه وفي عشرين اربع شياه وفي خمس وعشرين بنت مخاض وفي ست وثلثين بنت لبون فاذا بلغت مائة وستا وتسعين ففيها اربع حقاق الىٰ مائتين ﴾ (۷۷۱) ثم تستانف الفريضة ابدا كما تستانف في الخمسين التي بعد المئة و الخمسين ﴾ ۱؎ وهذا عندهما ۲؎ وقال الشافعيؒ اذا زادت علىٰ مائة وعشرين واحدة ففيها ثلث بنات لبون فاذا صارت مائة و ثلثين ففيها حقة وبنتا لبون

**ترجمه**: (۷۷۰) پھر فرض شروع سے کیا جائے گا، پس پانچ اونٹ میں ایک بکری، دس میں دو بکریاں اور پندرہ میں تین بکریاں اور بیس میں چار بکریاں اور پچیس میں ایک بنت مخاض اور چھتیس میں ایک بنت لبون پس جبکہ پہنچ جائے ایک سو چھیانوے تو اس میں چار حقے ہیں دو سو اونٹ تک۔

**تشریح**: ایک سو پچاس اونٹ کے بعد پھر شروع سے حساب کیا جائے گا یعنی ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری اور پچیس میں ایک بنت مخاض اور چھتیس میں ایک بنت لبون۔ پس ایک سو پچاس اور چھتیس مل کر ایک سو چھاسی ہوئے، تو گویا کہ ایک سو چھیاسی میں تین حقے اور ایک بنت لبون لازم ہوتے ہیں اور ایک سو چھیانوے میں چار حقے لازم ہوئے۔ اور دو سو تک چار حقے ہی لازم ہوتے رہیں گے۔

**وجه**: دلیل اوپر گزر گئی ہے۔

**ترجمه**: (۷۷۱) پھر فرض شروع کیا جائے گا جیسا کہ ایک سو پچاس کے بعد پچاس میں شروع کیا گیا تھا۔

**ترجمه**: ۱؎ یہ ہمارے نزدیک ہے۔

**تشریح**: جس طرح ایک سو پچاس کے بعد جو پچاس تھا اس میں ہر پانچ میں ایک بکری لازم ہوئی تھی اور پچیس میں ایک بنت مخاض اور چھتیس میں ایک بنت لبون اور پچاس میں ایک حقہ لازم ہوا تھا اسی طرح دو سو اونٹ کے بعد جو پچاس ہے اس میں کیا جائے گا۔

**ترجمه**: ۲؎ اور امام شافعیؒ نے فرمایا اگر ایک سو بیس پر ایک اونٹ زیادہ ہو جائے تو اس میں تین بنت لبون ہے۔ پس جبکہ ایک سو تیس اونٹ ہو جائے تو اس میں ایک حقہ ہے، اور دو بنت لبون ہے۔

**تشریح**: حضرت امام شافعیؒ کے یہاں ایک سو بیس اونٹ کے بعد ہو تو ہر پانچ اونٹ پر ایک بکری، اور ہر پچیس اونٹ پر ایک بنت مخاض، اور ہر چھتیس پر ایک بنت لبون، اور ہر پچاس پر ایک حقہ نہیں ہے۔ بلکہ انکے یہاں مسئلہ یہ ہے کہ ایک سو بیس کے بعد پانچ اور دس اونٹ میں کچھ نہیں، بلکہ چالیس ہو جائے تو ہر چالیس اونٹ میں ایک بنت لبون۔ اور ہر پچاس اونٹ میں ایک حقہ لازم ہوتا ہے،

**۳** ثم یدار الحساب علیٰ الاربعینات والخمسینات فیجب فی کل اربعین بنت لبون وفی کل خمسین حقة لما روی انه علیه السلام کتب اذازادت الابل علیٰ مائة وعشرین ففی کل خمسین حقة وففی کل اربعین بنت لبون من غیر شرط عود ما دونها **۴** ولنا انه علیه السلام کتب فی اخر ذٰلک فی کتاب عمر وبن حزم فما کان اقل من ذٰلک ففی کل خمس ذود شاة فتعمل بالزیادة

اور اسی طرح آگے تمام اونٹوں کا حساب کرتے چلے جائیں۔اب حساب سے ایک سو اکیس [۱۲۱] تین مرتبہ چالیس ہوئے اس لئے اس میں تین بنت لبون لازم ہوں گے۔اور ایک سو تیس [۱۳۰] دو مرتبہ چالیس ہوئے اسلئے دو بنت لبون لازم ہونگے اور ایک مرتبہ پچاس ہوا،اس لئے ایک حقہ لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: **۳** پھر حساب گھمایا جائے گا چالیس اور پچاس پر۔پس ہر چالیس پر ایک بنت لبون،اور ہر پچاس پر ایک حقہ لازم ہوگا۔ کیونکہ حضورؐ نے خط لکھوایا کہ جب ایک سو بیس پر اونٹ زیادہ ہو جائے تو ہر پچاس میں ایک حقہ،اور ہر چالیس میں ایک بنت لبون ہے۔اس سے کم میں حساب کو لوٹائے بغیر۔

**تشریح**: حضرت امام شافعیؒ کے یہاں ایک سو بیس اونٹ کے بعد اس طرح حساب کیا جائے گا کہ ہر چالیس اونٹ میں ایک بنت لبون،اور ہر پچاس اونٹ میں ایک حقہ۔چالیس سے کم میں کچھ بھی نہیں،کیونکہ حضورؐ نے زکوۃ کے جو خطوط لکھوائے اس میں اسی طرح حساب تھا۔حدیث یہ ہے۔ حدثنا حماد قال : أخذت من ثمامة بن عبد الله بن أنس کتابا زعم أن ابا بکر کتبه لأنس و علیه خاتم رسول الله ﷺ حین بعثه مصدقا .... فاذا زادت علی عشرین و مائة ففی کل اربعین بنت لبون و فی کل خمسین حقة (ابوداؤد شریف،باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۶ نمبر ۱۵۶۷ ربخاری شریف،باب زکوۃ الغنم ص ۲۳۵،نمبر ۱۴۵۴ رترمذی شریف،باب ماجاء فی زکوۃ الابل والغنم،ص ۱۶۰،نمبر ۶۲۱) اس حدیث میں تصریح ہے کہ ایک سو بیس کے بعد ہر چالیس اونٹ میں ایک بنت لبون اور ہر پچاس میں ایک حقہ لازم ہوگا۔اور چونکہ درمیان میں جو پانچ یا دس یا پندرہ یا بیس اونٹ ہیں اس کی زکوۃ کا کوئی تذکرہ نہیں ہے اس لئے اس میں زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: **۴** اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام نے حضرت عمرو ابن حزم کے خط کے آخیر میں یہ لکھوایا کہ جو اس سے کم ہو تو ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری لازم ہوگی۔اس لئے خط کے اس زیادتی پر عمل کیا جائے گا۔

**تشریح**: ہماری دلیل یہ ہے کہ حضرت عمر ابن حزم کو جو زکوۃ کے حساب کے لئے خط لکھوایا اسکے بعض خط میں یہ تذکرہ ہے کہ ایک سو بیس کے بعد ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری ہونی چاہئے۔اور چونکہ یہ اور خطوط سے علاوہ ہے اس لئے اس زیادتی کو قبول کرنا چاہئے اور اس پر عمل ہونا چاہئے۔عمر بن حزم کے لئے خط کا حصہ یہ ہے۔ من ابی بکر بن محمد بن عمرو بن حزم أن النبی

(۷۷۲) والبخت والعراب سواء ﴾ ل لان مطلق الاسم یتناولھما واللہ اعلم بالصواب.

---

ﷺ کتبہ لجدہ فقرأہ ، فکان فیہ ذکر ما یخرج من فرائض الابل فقص الحدیث الی ان تبلغ عشرین و مائۃ فاذا کانت أکثر من ذالک فعد فی کل خمسین حقۃ و ما فضل فانہ یعاد الی أول فریضۃ الابل ، و ما کان اقل من خمس و عشرین ففیہ الغنم فی کل خمس ذود شاۃ ۔(سنن بیہقی ،باب ذکر روایۃ عاصم بن ضمرۃ...وفیما زاد علی مائۃ وعشرین الخ ،ج رابع ،ص ۱۵۸،نمبر ۷۲۶۸ رمصنف ابن ابی شیبۃ ،باب ۱۱ من قال اذ ازادت علی عشرین و مائۃ استقبل بھا الفریضۃ ج ثانی ،ص ۳۶۱،نمبر ۹۹۱۱ )اس حدیث میں ہے کہ ایک سو بیس کے بعد ہر پانچ اونٹ میں ایک بکری سے شروع کرے۔

**ترجمہ**: (۷۷۲) بختی اور عربی اونٹ برابر ہیں۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ اونٹ کا مطلق نام دونوں کو شامل ہے۔

**تشریح**:عرب میں دو قسم کے اونٹ پائے جاتے تھے ایک چھوٹا ہوتا تھا اور الگ نسل کا ہوتا تھا ،جسکو بختی اونٹ کہتے ہیں۔اور دوسرا اونٹ بڑا ہوتا ہے جو عام طور پر لوگ رکھتے ہیں اس کو عربی اونٹ کہتے ہیں، چونکہ اونٹ کا نام دونوں کو شامل ہے اس لئے دونوں کے احکام ایک ہے۔

## ﴿ اونٹ کی زکوۃ کا نصاب ایک نظر میں ﴾

| | | | | | | | اب مجموعہ اس طرح ہوگا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اونٹ | زکوۃ | | اونٹ | زکوۃ | | اونٹ | زکوۃ |
| ۵ | ایک بکری | | ۵ | ایک بکری | | ۱۲۵ | ۲ حقہ اور ایک بکری |
| ۱۰ | ۲ بکریاں | | ۱۰ | ۲ بکریاں | | ۱۳۰ | ۲ حقہ اور ۲ بکریاں |
| ۱۵ | ۳ بکریاں | | ۱۵ | ۳ بکریاں | | ۱۳۵ | ۲ حقہ اور ۳ بکریاں |
| ۲۰ | ۴ بکریاں | | ۲۰ | ۴ بکریاں | | ۱۴۰ | ۲ حقہ اور ۴ بکریاں |
| ۲۵ | ایک بنت مخاض | | ۲۵ | ایک بنت مخاض | | ۱۴۵ | ۲ حقہ اور ایک بنت مخاض |
| ۳۶ | ایک بنت لبون | | ۳۰ | ایک حقہ | | ۱۵۰ | ۳ حقہ |
| ۴۶ | ایک حقہ | | شروع سے | | | | |
| ۶۱ | ایک جذعہ | | ۵ | ایک بکری | | ۱۵۵ | ۳ حقہ اور ایک بکری |
| ۷۶ | ۲ بنت لبون | | ۱۰ | ۲ بکریاں | | ۱۶۰ | ۳ حقہ اور ۲ بکریاں |
| ۹۱ | ۲ حقہ | | ۱۵ | ۳ بکریاں | | ۱۶۵ | ۳ حقہ اور ۳ بکریاں |
| ۱۲۰ | ۲ حقہ | | ۲۰ | ۴ بکریاں | | ۱۷۰ | ۳ حقہ اور ۴ بکریاں |
| شروع سے | | | ۲۵ | ایک بنت مخاض | | ۱۷۵ | ۳ حقہ اور ایک بنت مخاض |
| | | | ۳۶ | ایک بنت لبون | | ۱۸۶ | ۳ حقہ اور ایک بنت لبون |
| | | | ۴۶ | ایک حقہ | | ۱۹۶ | ۴ حقہ |
| | | | ۵۰ | ایک حقہ | | ۲۰۰ | ۴ حقہ |

## ﴿فصل فی البقر﴾

(۷۷۳) ولیس فی اقل من ثلثین من البقر صدقۃ فاذا کانت ثلثین سائمۃ وحال علیھا الحول ففیھا تبیع او تبیعۃ ﴾ ۱؎ وھی التی طعنت فی الثانیۃ وفی اربعین مسن او مسنۃ ﴾ ۱؎ وھی التی طعنت فی الثالثۃ ۲؎ بھذا امر رسول اللہ علیہ السّلام معاذ رضی اللہ عنہ (۷۷۴) فاذا زادت علی اربعین وجب فی الزیادۃ بقدر ذٰلک الیٰ ستین ﴾

## ﴿ فصل فی البقر ﴾

**ضروری نوٹ**: اونٹ کے احکام کے بعد گائے کے احکام لائے۔ کیونکہ جسامت کے اعتبار سے اونٹ کے بعد اس کا درجہ ہے۔اس کا ثبوت احادیث سے ہے جس کا تذکرہ آگے آرہا ہے۔

**ترجمہ**: (۷۷۳) تیس گایوں سے کم میں زکوۃ نہیں ہے۔پس جب کہ تیس چرنے والی گائیں ہوجائیں اوران پر سال گزر جائے تو اس میں ایک بچھڑا یا ایک بچھڑی ہے۔اور چالیس گایوں میں ایک مسن یا مسنہ ہے۔

**تشریح** : کسی کے پاس تیس چرنے والی گائے سے کم ہو تو اس میں کوئی زکوۃ نہیں ہے لیکن اگر تیس ہوجائے اور سال گزر جائے تو اس پر ایک سال کا بچھڑا، یا بچھڑی زکوۃ ہے۔اور چالیس ہوجائے تو اس پر دو سال کا بچھڑا، یا بچھڑی زکوۃ ہے۔

**وجہ**: اس کا ثبوت اس حدیث میں ہے۔(۱) عن عبد اللہ بن مسعود عن النبی ﷺ قال فی ثلثین من البقر تبیع او تبیعۃ وفی کل اربعین مسنۃ (ترمذی شریف، باب ماجاء فی زکوۃ البقر ص۱۳۶ نمبر ۶۲۲) (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابی وائل عن معاذ ان النبی ﷺ لما وجہ الی الیمن امرہ ان یاخذ من البقر من کل ثلثین تبیعا او تبیعۃ ومن کل اربعین مسنۃ (ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۶ رترمذی شریف، باب ماجاء فی زکوۃ البقر ص ۱۳۶ نمبر ۶۲۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تیس گایوں میں ایک بچھڑا ہے یا بچھڑی ہے۔جو ایک سال کا ہوتا ہے۔اور چالیس گایوں میں ایک مسنہ ہے جو دو سال کا ہوتا ہے۔باقی دلائل پہلے گزر گئے۔

**ترجمہ**: ۱؎ مسن وہ بچھڑا، اور مسنۃ وہ بچھڑی ہے جس نے تیسرے سال میں قدم رکھا ہو۔

**لغت**: تبیع : ایک سال پورا کر کے دوسرے سال میں قدم رکھا ہوا ایسے بچھڑا: کو تبیع۔اور بچھڑی: کو تبیعۃ، کہتے ہیں ، مسنۃ : دو سال پورے ہو کر تیسرے سال میں قدم رکھا ہوا ایسے بچھڑا: کو مسن۔اور بچھڑی: کو مسنۃ، کہتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۲؎ حضورؐ نے حضرت معاذؓ کو یہی حکم دیا تھا۔ یہ حدیث اوپر گزر گئی۔

**ترجمہ**: (۷۷۴) پس جب کہ زیادہ ہوجائے چالیس پر تو واجب ہے زیادتی میں اس کے حساب سے ساٹھ تک۔

**ل** عند ابی حنیفۃ ففی الواحدۃ الزائدۃ ربع عشر مسنۃ وفی الاثنین نصف فعشر مسنۃ وفی الثلثۃ ثلثۃ ارباع عشر مسنۃ وهذا روایۃ الاصل لان العفو ثبت نصبًا بخلاف القیاس ولا نص هنا **ع** وروی الحسن عنه انه لا یجب فی الزیادۃ شیٔ حتی تبلغ خمسین ثم فیها مسنۃ وربع مسنۃ او ثلث تبیع لان مبنی هذا النصاب علی ان یکون بین کل عقدین وقص وفی کل عقد واجب

**ترجمہ:** ل ابوحنیفہ کے نزدیک پس ایک گائے میں مسنہ کا ایک چالیسواں حصہ اور دو گائے میں مسنہ کا دو چالیسواں حصہ اور تین گائے میں تین چالیسواں حصہ۔ یہ مبسوط کی روایت ہے، اس لئے معاف ہونا نص سے خلاف قیاس ثابت ہوا ہے اور یہاں کوئی نص نہیں ہے۔

**تشریح:** چالیس سے اوپر ساٹھ تک نہ دوسری تیں گائے بنتی ہے اور نہ چالیس گائے بنتی ہے، ساٹھ میں جا کر دو تیں بنتی ہے اس لئے چالیس سے لیکر ساٹھ تک میں امام ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ ہر گائے میں ایک مسنہ کا چالیسواں حصہ لازم ہوگا۔ اب جتنی گائے ہوتی جائے ہر گائے میں مسنہ کا چالیسواں حصہ لازم ہوتا جائے گا۔ چنانچہ ایک گائے میں ایک چالیسواں حصہ اور دو گائے میں دو چالیسواں حصہ اور تین گائے میں تین چالیسواں حصہ لازم ہونگے۔

**وجہ:** (۱) اسکی ایک وجہ یہ فرماتے ہیں کہ مال ہونا زکوۃ کا سبب ہے اور جہاں مال ہے پھر بھی شریعت نے زکوۃ کو معاف کیا ہے تو یہ قیاس کے خلاف معاف کیا ہے، کیونکہ قیاس کا تقاضا تو یہ ہے کہ مال ہو تو زکوۃ ضرور واجب ہونی چاہئے، اور چالیس سے ساٹھ تک گائے میں شریعت نے معافی کے بارے میں کچھ کہا نہیں ہے، اس لئے قیاس اور رائے سے اس کو معاف نہیں کر سکتے بلکہ قیاس کا تقاضا تو یہی ہے کہ اس میں بھی زکوۃ واجب ہو، اس لئے چالیس سے اوپر ہر گائے میں مسنہ کا چالیسواں حصہ لازم ہوگا۔ (۲) چنانچہ اثر میں ہے عن مکحول قال مازاد فبالحساب (مصنف ابن ابی شیبۃ ۵ انی الزیادۃ فی الفریضۃ ج ثانی، ص ۳۶۴، نمبر ۹۹۴۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ چالیس گائے سے جو زیادہ ہو اس کو اس کے حساب سے کیا جائے گا۔

**لغت:** ربع عشر مسنۃ: دسویں حصہ کی چوتھائی یعنی چالیسواں حصہ، نصف عشر: دسویں حصہ کا آدھا یعنی بیسواں حصہ، جس کو میں نے دو چالیسواں حصہ کہا، دو چالیسواں حصہ ملا کر بیسواں حصہ بن جاتا ہے۔ ثلثۃ ارباع: تین چالیسواں حصہ۔

**ترجمہ:** ع اور حضرت حسن بن زیاد نے حضرت امام ابوحنیفہؒ سے روایت کی ہے کہ زیادتی میں کچھ واجب نہیں ہوگا یہاں تک کہ پچاس کو پہنچ جائے، پھر پچاس میں ایک مسنہ اور مسنہ کا چوتھائی حصہ۔ یا ایک مسنہ اور تبیعہ کی تہائی ہے۔ اس لئے کہ اس نصاب کی بنیاد اس بات پر ہے کہ ہر دو عقد [یعنی دسویں] کے درمیان وقص ہے، اور ہر دسویں میں زکوۃ واجب ہے۔

**تشریح:** اس عبارت میں عقد کا مطلب ہے دہائی، جیسے تیں، چالیس، پچاس، ساٹھ، ستر، یہ دہائی ہیں۔ اور انکے درمیان جو نو کا

۳ وقال ابو یوسف ومحمدؒ لا شئ فی الزیادۃ حتی تبلغ ستین وھو روایۃ عن ابی حنیفۃؒ لقولہ علیہ السلام لمعاذؓ لا تاخذ من اوقاص البقر شیئا وفسروہ بما بین اربعین الیٰ ستین

---

عدد ہے وہ وقص ہے، مثلاتیس اور چالیس عقد ہیں [دہائی ہے] اور اس میں زکوۃ ہے۔ اور انکے درمیان اکتیس سے لیکر انتالیس تک وقص کا عدد ہے جس میں زکوۃ نہیں ہے۔ اسی طرح ساٹھ اور ستر دہائی ہیں [عقد ہیں] جن میں زکوۃ واجب ہے اور انکے درمیان اکسٹھ سے لیکر انہتر تک نو کا عدد وقص ہے جس میں زکوۃ نہیں ہے۔ تو جس طرح تیس، چالیس، ساٹھ، ستر کی دہائی میں زکوۃ ہے اسی طرح پچاس کی دہائی میں بھی زکوۃ ہونی چاہئے۔ اور اس سے پہلے اکتالیس سے انچاس تک جو نو عدد ہے وہ وقص ہے اس میں زکوۃ نہیں ہو نی چاہئے۔۔ اور چالیس میں ایک مسنہ ہے تو دس میں مسنہ کی چوتھائی لازم ہونی چاہئے۔ اس حساب سے پچاس میں ایک مسنہ اور مسنہ کی چوتھائی لازم ہوگی۔۔ یا تیس میں تبیعہ ہے تو دس میں تبیعہ کی تہائی لازم ہوگی۔ اس حساب سے پچاس میں ایک مسنہ اور ایک تبیعہ کی تہائی لازم ہوگی۔

**ترجمہ:** ۳ اور امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ زیادتی میں کچھ نہیں ہے یہاں تک کہ ساٹھ کو پہنچ جائے۔ یہی ایک روایت امام ابو حنیفہؒ کی ہے حضرت معاذ کو حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ گائے کے وقص میں کچھ مت لو۔ اسکی تفسیر یہ ہے کہ چالیس سے ساٹھ تک میں کچھ مت لو۔

**تشریح:** صاحبینؒ کا مسلک یہ ہے کہ چالیس سے لیکر انسٹھ تک میں کوئی مزید زکوۃ نہیں ہے یہ عفو ہے اور معاف ہے، صرف ایک مسنہ ہی لازم ہوگا۔ ساٹھ میں جا کر دو مرتبہ تیس ہو جاتا ہے اسلئے اس میں دو تبیعہ واجب ہونگی۔

**وجہ:** (۱) حضرت معاذؓ کو یمن روانہ کرتے وقت آپؐ نے فرمایا تھا کہ وقص میں کچھ مت لینا۔ اور چالیس سے لیکر ساٹھ تک وقص ہے اس لئے اس میں کچھ لازم نہیں ہوگا۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس قال لما بعث رسول اللہ معاذا الی الیمن قیل لہ بما امرت قال امرت ان اخذ من البقر من کل ثلاثین تبیعا او تبیعۃ ومن کل اربعین مسنۃ قیل لہ امرت فی الاوقاص بشیء ؟ قال لا وسأسال النبی ﷺ فسالہ فقال لا وھو مابین السنین یعنی لا تأخذ من ذلک شیئا (دار قطنی ۳ باب لیس فی الکسر شیء ج ثانی ص ۸۰، نمبر ۱۸۸۷ مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۵ فی الزیادۃ فی الفریضۃ، ج ثانی، ص ۳۶۴، نمبر ۹۹۴۱ سنن بیہقی، باب کیف فرض صدقۃ البقر، ج رابع، ص ۱۶۶، نمبر ۷۲۹۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وقص میں کوئی زکوۃ نہیں ہے اور چالیس سے لیکر ساٹھ تک وقص ہے اس لئے اس میں بھی کچھ لازم نہیں ہوگا۔

**لغت:** وقص : دو عمروں کے درمیان یا دو عددوں کے درمیان جو عدد ہو اس کو اوقاص کہتے ہیں۔

ﷺ قلنا قد قيل ان المراد منها ههنا الصغار (۷۷۵) ثم في الستين تبيعان او تبيعتان وفي سبعين مسنة وتبيع وفي ثمانين مسنتان وفي تسعين ثلثة اتبعة وفي المائة تبيعان و مسنة وعلىٰ هٰذا فيتغير الفرض في كل عشرة من تبيع الىٰ مسنة ومن مسنة الىٰ تبيعة ﴾ لـقولهٖ عليه السلام في كل ثلٰثين من البقر تبيع او تبيع وفي كل اربعين مسنّ او مسنة (۷۷٦) والجواميس والبقر سواء ﴾

**ترجمه**: ﷺ ہم جواب دیتے ہیں کہ وقص سے مراد یہاں چھوٹے بچے ہیں۔

**تشریح**: یہ صاحبینؒ کے حدیث کا جواب ہے۔انہوں حضرت معاذؓ کی حدیث پیش کی تھی کہ چالیس سے ساٹھ گائے میں کچھ نہیں ہے، اس کا جواب دے رہے ہیں کہ حدیث کا مطلب یہ ہے کہ گائے کے چھوٹے بچے ہوں تو اس میں کچھ نہیں ہے۔۔ بہت سی احادیث میں ہے کہ چالیس سے ساٹھ تک وقص ہے اور اس میں کچھ نہیں ہے اس لئے صاحب ھدایہ کا یہ جوب اتنا صحیح نہیں ہے۔

**ترجمه**: (۷۷۵) اور ساٹھ گائے میں دو بچھڑے یا دو بچھڑیاں [ایک سال کے ]۔اور ستر میں ایک مسنہ اور ایک تبیع۔اور اسی میں دو مسنہ۔اور نوے میں تین تبیعہ۔اور سو میں دو تبیعہ اور ایک مسنہ۔اور اسی طرح حساب کرتے جائیں، پس فرض ہر دس میں تبیع سے مسنہ اور مسنہ سے تبیع کی طرف بدلتا جائے گا۔ ﴾ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ ہر تیس گائے میں ایک تبیع یا تبیعہ ہے، اور ہر چالیس میں ایک مسن، یا ایک مسنہ ہے۔

**تشریح** : حضورؐ کا قول گزرا کہ ہر تیس گائے میں ایک سال کا بچھڑا، اور ہر چالیس گائے میں دو سال کا بچھڑا زکوۃ ہے، اس فارمولے پر حساب کرتے جائیں تو ساٹھ گائے میں ایک سال کے دو بچھڑے ہونگے، کیونکہ دو مرتبہ تیس ہوئے۔اور ستر گائے میں ایک مسنہ ہوگا اور ایک تبیع ہوگا کیونکہ ستر میں ایک چالیس بنے گا اور ایک تیس بنے گا۔اور اسی میں دو مسنہ ہونگے، کیونکہ دو مرتبہ چالیس ہوگا۔اور نوے میں تین تبیع واجب ہونگے، کیونکہ تین مرتبہ تیس بنے گا۔اور سو میں ایک مسنہ ہوگا اور دو تبیع زکوۃ ہوگی، کیونکہ ایک مرتبہ چالیس ہوگا اور دو مرتبہ تیس ہوگا۔آگے اسی طرح حساب کرتے جائیں، تو ہر دس گائے بڑھنے میں تبیع سے مسنہ کی طرف تبدیل ہوگی پھر مسنہ سے تبیع کی طرف تبدیل ہوگی۔

**وجه** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ گزری ہے۔۔عن ابي وائل عن معاذ ان النبي ﷺ لما وجه الى اليمن امره ان ياخذ من البقر من كل ثلثين تبيعا او تبيعة ومن كل اربعين مسنة (ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۶ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی زکوۃ البقر ص ۱۳۶ نمبر ۶۲۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ تیس گایوں میں ایک بچھڑا ہے یا بچھڑی ہے۔جو ایک سال کا ہوتا ہے۔اور چالیس گایوں میں ایک مسنہ ہے جو دو سال کا ہوتا ہے

**ترجمه**: (۷۷٦) مسئلہ میں بھینس اور گائے برابر ہیں۔

۱ لان اسم البقر یتناولھما اذا ھو نوع منہ ۲ الا ان اوھام الناس لا تسبق الیہ فی دیار نا لقلتہ فلذلک لا یحنث بہ فی یمینہ لا یا کل لحم بقر واللہ اعلم.

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ لفظ بقر، گائے اور بھینس دونوں کو شامل ہے، اس لئے کہ بھینس بھی گائے ہی کی قسم ہے۔

**تشریح**: جو حساب گائے کی زکوۃ کے بارے میں پیش کیا وہی حساب بھینس کی زکوۃ کے سلسلے میں ہے۔ کیونکہ دونوں کی جنس قریب قریب ہی ہے۔ یعنی ہے تو الگ الگ جنس، لیکن زکوۃ کے باب میں دونوں کا حکم اور حساب ایک ہی ہے۔۔ جاموس: کا معنی بھینس۔

**ترجمہ**: ۲ لیکن ہمارے ملک مرغینان میں بقر سے لوگوں کا خیال بھینس کی طرف نہیں جاتا، کیونکہ بھینس بہت کم ہے، اسی وجہ سے کوئی قسم کھائے کہ بقر [ گائے ] کا گوشت نہیں کھاؤں گا، تو بھینس کے گوشت کھانے سے حانث نہیں ہوگا۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ کا ملک مرغینان ہے جو فرغانہ ضلع کا ایک قصبہ ہے، فرغانہ اس وقت روس میں ہے۔ وہاں اس وقت بھینس کم ہوا کرتی تھی اور گائے بول کر بھینس مراد نہیں لیتے تھے، اسی لئے اگر کوئی قسم کھائے کہ بقر [ گائے ] کا گوشت نہیں کھاؤں گا، اور بھینس کا گوشت کھالیا تو بھینس کے گوشت کھانے سے قسم میں حانث نہیں ہوگا۔۔ یہی حال ہمارے ملک جھارکھنڈ میں ہے۔

## ﴿ گائے اور بھینس کی زکوۃ ایک نظر میں ﴾

| گائے | کتنی زکوۃ | مسنہ یا تبیعہ | | گائے | کتنی زکوۃ | مسنہ | یا تبیعہ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 30 | 1 | تبیعہ | | 60 | 2 | تبیعہ | |
| 40 | 1 | مسنہ | | 70 | 1 | مسنہ | ایک تبیعہ |
| 41 | 1.025 | مسنہ | | 80 | 2 | مسنہ | |
| 42 | 1.050 | مسنہ | | 90 | 3 | تبیعہ | |
| 43 | 1.075 | مسنہ | | 100 | 2 | تبیعہ | ایک مسنہ |
| 44 | 1.1 | مسنہ | | 110 | 2 | مسنہ | ایک تبیعہ |
| 45 | 1.125 | مسنہ | | 120 | 3 | مسنہ | |
| 46 | 1.15 | مسنہ | | 130 | 3 | تبیعہ | ایک مسنہ |

اسی پر قیاس کرتے جائیں۔

**نوٹ**: ایک گائے میں مسنہ کا چالیسواں حصہ لازم ہوتا ہے اس لئے 40 کو ایک میں تقسیم دیں تو 0.025 نکلے گا۔ اسی 0.025 کو ایک گائے، دو گائے جو چالیس سے زیادہ ہو ضرب دیتے جائیں تو حساب نکلتا جائے گا جو اوپر درج ہے۔ یہ حساب کلکیو لیٹر سے کیا ہے۔

## ﴿فصل فی الغنم﴾

**(۷۷۷) لیس فی اقل من اربعین من الغنم السائمة صدقة فاذا کانت اربعین سائمة وحال علیها الحول ففیها شاة الیٰ مائة وعشرین فاذا زادت واحدة ففیهاشاتان الیٰ مائتین فاذا زادت واحدة ففیها ثلث شیاه فاذا بلغت اربع مائة ففیها اربع شیاه ثم فی کل مائة شاة﴾**

## ﴿فصل فی الغنم ﴾

**ضروری نوٹ**: بکری کی زکوۃ کے سلسلہ میں یہ باب ہے۔اس لئے حدیث آگے آرہی ہے۔

**ترجمہ**: (۷۷۷) چالیس بکری سے کم میں کوئی زکوۃ نہیں ہے۔پس جب کہ چالیس چرنے والی بکری ہوجائے اوراس پر سال گزرجائے تواس میں ایک بکری ہے ایک سوبیس بکری تک۔پس جب کہ اس میں ایک زیادہ ہوجائے (یعنی ایک سوایکس ہوجائے) تو اس میں دوبکریاں ہیں دوسوتک۔پس جب کہ زیادہ ہوجائے اس میں ایک بکری (یعنی دوسوایک ہوجائے) تو اس میں تین بکریاں ہیں۔پس جب کہ پہنچ جائے چارسوتواس میں چاربکریاں ہیں۔پھر ہرایک سومیں ایک بکری زکوۃ ہے۔

**تشریح**: چالیس سے ایک سوبیس کے درمیان بکریوں میں ایک بکری زکوۃ کی ہے پھرایک سوایکس سے دوسوتک میں دوبکریاں ہیں۔اوردوسوایک سے تین سوناوے تک تین بکریاں ہیں۔اور چارسوبکریوں میں چاربکریاں زکوۃ ہیں۔پھر ہراک سومیں ایک بکری زکوۃ لازم ہوگی۔

**وجہ**: (۱)حدیث میں ہے۔ ان انسا حدثه ان ابا بکر کتب له هذا الکتاب لما وجهه الی البحرین بسم الله الرحمن الرحیم هذه فریضة الصدقة التی فرض رسول الله علی المسلمین والتی امر الله بها رسوله ... وفی صدقة الغنم فی سائمتها اذا کانت اربعین الی عشرین و مائة: شاةٌ، فاذا زادت علی عشرین و مائة الی مائتین شاتان، فاذا زادت علی مائتین الی ثلث ماة ففیها ثلاث، فاذا زادت علی ثلث مائة ففی کل مائةٍ شأةٌ،فاذا کانت سائمة الرجل ناقصة من اربعین شاة واحدة فلیس فیها صدقة الا ان یشاء ربها (بخاری شریف ،باب زکوۃ الغنم ص۱۹۵/۱۹۶نمبر۱۴۵۴ابوداؤدشریف،باب فی زکوۃ السائمۃ ص۲۲۶نمبر۱۵۶۷)اس حدیث سے اوپر کے حساب کی تائید ہوتی ہے۔البتہ حدیث میں ہے کہ دوسوایک سے تین سوتک تین بکریاں ہوں گی اور تین سو کے بعد ہرسومیں ایک بکری لازم ہوگی۔اورمتن میں تھا کہ چارسو کے بعد ہرسومیں ایک بکری لازم ہوگی۔اس تھوڑے سے اختلاف کے بعد مسئلہ ایک جیسا ہی ہوجاتا ہے۔

لے هكذا ورد البيان في كتاب رسول الله عليه السلام وفي كتاب ابي بكر وعليه انعقد الاجماع.
(۷۷۸) والضّان والمَعْزُ سواء ﴾ لے لان لفظة الغنم شاملة للكل والنص ورد به ٢ ويوخذ الثنى فی زكاتها ولا يوخذ الجذع من الضأن الا في رواية الحسن عن ابي حنيفة.

**ترجمه**: لے حضورؐ کے خط میں اور حضرت ابو بکرؓ کے خط میں اسی طرح بیان وارد ہوا ہے۔ اور اس پر اجماع بھی منعقد ہوا ہے۔

**تشریح**: حضورؐ کی تصدیق کے ساتھ حضرت ابو بکرؓ کا خط ابھی اوپر گزرا۔ اور اس حساب پر تمام ائمہ کا اجماع بھی منعقد ہوا ہے۔

**ترجمه**: (۷۷۸) بھیڑ اور بکری کا مسئلہ برابر ہے۔

**ترجمه**: لے اس لئے کہ لفظ غنم کل کو شامل ہے اور حدیث میں غنم پر زکوۃ کا تذکرہ ہے

**تشریح**: بھیڑ اور بکری دونوں زکوۃ میں ایک ہی جنس شمار ہوتے ہیں، چنانچہ اگر بیس بھیڑ اور بیس بکری ہو تو دونوں کو ملا کر چالیس پر ایک بکری زکوۃ ہوگی، کیونکہ دونوں ایک ہی جنس شمار ہوتے ہیں۔

**وجه**: (۱) بھیڑ اور بکری تقریبا ایک جنس شمار کئے جاتے ہیں اس لئے دونوں کی زکوۃ کا حساب ایک ہی جیسا ہے۔ (۲) اوپر حدیث گزری جس میں تھا کہ چالیس غنم میں ایک بکری ہے اور غنم کا لفظ بکری پر بھی بولا جاتا ہے اور بھیڑ پر بھی بولا جاتا ہے، اس لئے دونوں ایک جنس کے ہونگے۔ حدیث کا ٹکڑا یہ ہے ان انسا حدثه ان ابا بكر كتب له هذا الكتاب ... وفي صدقة الغنم في سائمتها اذا كانت اربعين الى عشرين و مائة: شاةٌ، (بخاری شریف، نمبر ۱۴۵۴/ ابو داود شریف نمبر ۱۵۶۷) اس حدیث میں غنم پر صدقہ ہے جو بھیڑ اور بکری دونوں کو شامل ہے اسلئے دونوں کی زکوۃ ایک ہوگی۔

**لغت الضأن**: بھیڑ، المعز : بکری۔ الغنم: بکری، اور کبھی بھیڑ کو بھی غنم کہہ دیتے ہیں۔

﴿ بکریوں کی زکوۃ ایک نظر میں ﴾

| بکریاں | زکوۃ |
|---|---|
| 40 | ایک بکری |
| 121 | دو بکریاں |
| 201 | تین بکریاں |
| 400 | چار بکریاں |
| 500 | پانچ بکریاں |

**ترجمه**: ٢ اور بکری کی زکوۃ میں ثنی لیا جائے گا، اور بھیڑ کا جذع نہیں لیا جائے گا، مگر امام ابو حنیفہؒ سے حسن بن زیاد کی روایت

۳؎ والثنی منها ماتمت له سنة والجذع ما اتی علیه اکثرها ۴؎ وعن ابی حنیفةؒ وهو قولهما انه یوخد الجذع لقوله علیه السلام انما حقنا الجذعة والثنی ولانه یتادی به الاضحیة فکذا الزکوٰة

میں۔

**تشریح**: بکری اور بھیڑ میں ایک سال مکمل ہوجائے تو اس وقت پرانا دانت ٹوٹ کر نیا دانت آجاتا ہے اسکو ثنی، کہتے ہیں۔اور ایک سال سے کم ہو تو اس وقت دانت ٹوٹ کر نیا دانت نہیں آتا اسکو جذع، کہتے ہیں۔ یہاں امام ابوحنیفہ سے دو روایتیں ہیں[۱] پہلی روایت یہ ہے کہ نہ بکری کی زکوۃ میں جذع لیا جائے گا اور نہ بھیڑ کی زکوۃ میں۔[۲] اور دوسری روایت حضرت حسن بن زیاد سے یہ ہے کہ جذع بھی زکوۃ میں لیا جا سکتا ہے، اور یہی مسلک صاحبین کا ہے کہ جذع بھی بکری کی زکوۃ میں لیا جا سکتا ہے۔اسکی تفصیل آگے آرہی ہے

**ترجمہ**: ۳؎ اور بکری کی ثنی اس کو کہتے ہیں جس کا ایک سال پورا ہو گیا ہو، اور جذع اس کو کہتے ہیں جس پر سال کا اکثر حصہ گزرا ہو۔

**ترجمہ**: ۴؎ حضرت امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت ہے اور یہی صاحبین کا قول ہے جذع لیا جائے گا حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ ہمارا حق جذع اور ثنی میں ہے۔اور اس لئے بھی کہ جذع سے قربانی ادا ہوتی ہے تو ایسے ہی زکوۃ بھی ادا ہو جائے گی۔

**تشریح**: حضرت امام ابوحنیفہؒ کی دوسری روایت یہ ہے کہ بکری کی زکوۃ میں جذع بھی جائز ہے، اور یہی مسلک صاحبینؒ کا ہے۔

**وجہ**: اس روایت کی دلیل یہ حدیث ہے جسکو صاحب ھدایہ نے نقل کیا ہے (۱) قال ابن أخی فانی أحدثک أنی کنت فی شعب من هذه الشعاب علی عهد رسول الله ﷺ فی غنم لی .... و قد نهانا رسول الله ﷺ أن نأخذ شافعا قلت فأی شیء تأخذان ؟ قالا عناقا جذعة أو ثنیة ۔(ابوداود شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ، ص۲۳۴، نمبر ۱۵۸۱) اس حدیث میں ہے کہ بکری میں جذعہ اور ثنی دونوں میں سے ایک کا حق ہے۔(۲) کنا مع رجل من أصحاب النبی ﷺ یقال له مجاشع من بنی سلیم ، فعزت الغنم فأمر منادیا فنادی أن رسول الله ﷺ کان یقول ان الجذع یوفی مما یوفی منه الثنی . (ابوداود شریف، باب ما یجوز فی الضحایۃ من السن، ص۴۰۸، نمبر ۲۷۹۹ / ابن ماجۃ شریف، باب ما یجزی من الاضاحی، ص۴۵۷، نمبر ۳۱۴۰) اس حدیث میں ہے کہ قربانی میں جذع بھی اسی طرح کام آئے گا جس طرح ثنی کام آتا ہے، اور جب قربانی میں کام آئے گا تو زکوۃ میں بھی کام آئے گا۔(۳) عن جابر قال : قال رسول الله ﷺ لا تذبحوا الا مسنة الا أن یعسر علیکم فتذبحوا جذعة من الضأن. (مسلم شریف، باب سن الأضحیۃ، ص۸۷۶، نمبر ۱۹۶۳ / ۵۰۸۲ / ابوداود شریف، باب ما یجوز فی الضحایۃ من السن، ص۴۰۷، نمبر ۲۷۹۷) اس حدیث میں ہے کہ بھیڑ کے جذع کی قربانی جائز ہے۔ اس حدیث سے بعض ائمہ اس بات کے قائل ہوئے کہ بھیڑ میں تو جذع کی زکوۃ جائز ہے، لیکن بکری میں چونکہ جذع کی قربانی جائز

۵ وجہ الظاہر حدیث علیؓ موقوفا ومرفوعا لا یؤخذ فی الزکوٰۃ الا الثنی فصاعدا ۶ ولان الواجب ھو الوسط وھذا من الصغار ولھذا لا یجوز فیھا الجذع من المعز ۷ وجواز التضحیۃ بہ عرف نصا ۸ والمراد بماروی الجذعۃ من الابل

---

نہیں ہے اسلئے بکری میں جذع کی زکوۃ جائز نہیں ہے اس میں ثنی ہی دینی ہوگی۔ (۴) یہ اثر بھی ہے۔ فقال عمر بن خطاب : نعم نعد علیھم بالسخلۃ یحملھا الراعی و لا نأخذھا و لا نأخذ الأکولۃ و لا الربی و لا الماخض و لا فحل الغنم و نأخذ الجذعۃ و الثنیۃ و ذالک عدل بین غذاء المال و خیارہ . (سنن بیہقی، باب السن التی تؤخذ فی الغنم، ج رابع، ص ۱۶۹، نمبر ۷۳۰۲) اس اثر میں ہے کہ بکری کی زکوۃ میں جذع اور ثنی لے سکتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۵ ظاہر روایت کی دلیل حضرت علیؓ کی حدیث ہے موقوفا بھی اور مرفوعا بھی، کہ زکوۃ میں نہیں لی جائے گی مگر ثنی یا اس سے زیادہ۔

**تشریح**: حضرت علیؓ کی حدیث موقوفا: کا مطلب یہ ہے کہ یہ حضرت علیؓ کا اپنا قول ہو حضورؐ سے حدیث کے طور پر بیان نہ کر رہے ہوں۔ اور مرفوعا: کا مطلب یہ ہے کہ حضورؐ سے حدیث بیان کر رہے ہوں، ان کا اپنا قول نہ ہو۔ حضرت علیؓ کا یہ قول، یا حدیث کہ زکوۃ میں ثنی سے کم نہیں لی جائے گی۔ مجھے نہیں ملی، اور نصب الرایۃ والے بھی یہی کہتے ہیں کہ یہ حدیث یا قول نہیں ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

**ترجمہ**: ۶ اور اس لئے کہ واجب وسط ہے اور جذع چھوٹے میں سے ہے اسی لئے بکری کا جذع قربانی میں جائز نہیں۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ، زکوۃ میں وسط مال لینے کا حکم ہے، بہت اعلی بھی نہیں اور بہت ادنی بھی نہیں، اور جذع تو گویا کہ بکری کا بچہ ہو گیا، یہ ادنی ہو گیا اسلئے زکوۃ میں یہ جائز نہیں۔ جذع کا شمار بچے میں ہے اسی وجہ سے بکری کا جذع قربانی میں بھی جائز نہیں ہے، حدیث کی بنا پر صرف بھیڑ کی جذع قربانی میں جائز ہے، اگرچہ بھیڑ میں بھی قیاس کا تقاضا یہی تھا کہ اسکی قربانی جائز نہ ہو۔ معز: بکری۔

**ترجمہ**: ۷ اور بھیڑ کے جذع کی قربانی حدیث سے پہچانی گئی ہے۔

**تشریح**: یہ صاحبینؒ کے استدلال کا جواب ہے۔ انہوں نے استدلال کیا تھا کہ بھیڑ کے جذع کی قربانی جائز ہے تو جذع کی زکوۃ بھی جائز ہونی چاہئے، اس کا جواب ہے کہ، یہ بچہ ہے اس لئے اسکی قربانی بھی جائز نہیں ہونی چاہئے لیکن خلاف قیاس حدیث میں اسکی قربانی جائز قرار دی ہے اسلئے صرف قربانی میں یہ کافی ہوگا زکوۃ میں نہیں۔

**ترجمہ**: ۸ اور صاحبین نے جو حدیث روایت کی ہے اس کا مطلب یہ کہ اونٹ کے جذع میں ہمارا حق ہے۔

(۷۷۹) ویؤخذ فی زکوٰۃ الغنم الذکور والاناث﴾ لے لان اسم الشاۃ ینتظمهما وقد قال علیه السلام فی اربعین شاۃ شاۃ والله اعلم.

**تشریح**: بکری کا جذع زکوۃ میں جائز ہے اس سلسلے میں اوپر ابوداود شریف کی حدیث گزری جس میں تھا۔ قالا عناقا جذعة أو ثنية ۔(ابوداود شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ، ص ۲۳۴، نمبر ۱۵۸۱) اس جذع کا مطلب بتاتے ہیں کہ وہ اونٹ کے جذع کے بارے میں ہے کہ اس کو زکوۃ میں لینا جائز ہے۔ اونٹ کا جذع اس وقت ہوتا ہے جب چار سال پورا کر کے پانچویں سال میں قدم رکھے۔۔ حدیث میں [عناق] بکری کا لفظ موجود ہے اسلئے صاحب ھدایہ کی یہ تاویل مشکل ہے۔

**ترجمہ**: (۷۷۹) اور بکری کی زکوۃ میں مذکر اور مؤنث دونوں لئے جا سکتے ہیں۔

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ شاۃ کا لفظ دونوں کو شامل ہے اور حدیث میں حضورؐ نے فرمایا کہ چالیس بکری میں ایک بکری ہے۔

**تشریح**: بکری یا بھیڑ کی زکوۃ میں مذکر اور مؤنث دونوں لینا جائز ہے بشرطیکہ درمیانہ ہو بہت اعلی یا بہت ادنی نہ ہو۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ چالیس شاۃ میں ایک شاۃ ہے اور شاۃ کا لفظ مذکر پر بھی بولا جاتا ہے اور مؤنث پر بھی بولا جاتا ہے اس لئے دونوں کو لینا جائز ہے۔ صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن سالم عن ابیه قال کتب رسول الله ﷺ کتاب الصدقة .....و فی الغنم فی کل أربعین شاۃ شاۃ الی عشرین و مائة۔ ( ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۶ نمبر ۱۵۶۷ رترمذی شریف، باب ماجاء فی زکاۃ الابل والغنم ،ص ۱۶۰، نمبر ۶۲۱) اس حدیث میں شاۃ کا لفظ ہے جو مذکر اور مؤنث دونوں کو شامل ہے۔

## ﴿فصل فی الخیل﴾

(۷۸۰) اذا کانت الخیل سائمة ذکور او اناثا فصاحبها بالخیار ان شاء اعطی من کل فرس دینار او ان شاء قوّمها واعطیٰ عن کل مائتین خمسة دراهم وهذاعند ابی حنیفة﴾ ۱ وهو قول زفرؒ ۲ وقالا لا زکوٰة فی الخیل لقوله علیه السلام لیس علی المسلم فی عبده ولا فی فرسه صدقة

## ﴿ باب زکوة الخیل ﴾

**ضروری نوٹ**: گھوڑے کے سلسلہ میں کئی قسم کی احادیث ہیں۔اس لئے علماء میں اختلاف ہے کہ گھوڑے میں زکوۃ واجب ہے یا نہیں۔یہ بات طے ہے کہ جہاد کے گھوڑے میں اور خدمت کے گھوڑے میں زکوۃ نہیں ہے۔اور تجارت کے گھوڑے میں اس کی قیمت میں ہر دوسو درہم میں پانچ درہم لازم ہے۔البتہ جو گھوڑے نسل بڑھانے کے لئے ہیں ان ہی میں اختلاف ہے کہ زکوۃ واجب ہے یا نہیں؟ اور ہر ایک امام کا مسئلہ اور اس کی دلیل آگے آرہی ہے۔

**ترجمہ**: (۷۸۰) جب کہ گھوڑے چرنے والے ہوں اور نر اور مادہ دونوں ہوں اور ان پر سال گزر چکا ہو تو اس کے مالک کو اختیار ہے [۱] چاہے تو ہر گھوڑے کے بدلہ میں ایک دینار دے [۲] اور چاہے تو اس کی قیمت لگائے اور ہر دوسو درہم کے بدلے پانچ درہم دے۔

**ترجمہ** : ۱ یہ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک ہے، اور یہی قول امام زفرؒ کا ہے۔

**تشریح** :چونکہ یہ گھوڑے جہاد کے نہیں ہیں اور روزمرہ کام آنے والے بھی نہیں ہیں بلکہ چرنے والے ہیں اور نسل بڑھانے کے لئے ہیں اس لئے اس کی زکوۃ دینے کی دو شکلیں ہیں۔ایک یہ ہے کہ ہر گھوڑے کے بدلے ایک دینار دیدے۔اور دوسری شکل یہ ہے کہ گھوڑے کی قیمت لگائے اور جتنی اس کی قیمت ہو اس کے ہر دوسو درہم میں پانچ درہم زکوۃ دیدے۔

**وجہ** : (۱) اس کی دلیل یہ حدیث ہے عن جابر قال قال رسول اللہ ﷺ فی الخیل السائمة فی کل فرس دینار تؤدیه . (دار قطنی ۱۸، باب زکوۃ مال التجارۃ وسقوطھا عن الخیل والرقیق ج ثانی ص ۱۰۹ نمبر ۲۰۰۰ رسنن للبیھقی، باب من رأی فی الخیل صدقة ج رابع، کتاب الزکوۃ ص ۲۰۲، نمبر ۷۴۱۹ رمصنف عبد الرزاق، باب الخیل، ج رابع، ص ۳۳، نمبر ۶۹۱۹) اس حدیث سے ثابت ہوا کہ چرنے والے گھوڑے کے ہر گھوڑے کے بدلے میں ایک دینار زکوۃ دے۔اور چونکہ دوسو درہم میں پانچ درہم زکوۃ لازم ہے اس لئے مالک کو اختیار ہے کہ قیمت لگا کر ہر دوسو درہم میں پانچ درہم دیدیا کرے۔

**ترجمہ**: ۲ صاحبین فرماتے ہیں کہ گھوڑے میں زکوۃ نہیں ہے۔حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ مسلمان پر اسکے غلام میں اور اس کے گھوڑے میں صدقہ نہیں ہے۔

۳ ولـه قوله علیه السلام فی کل فرس سائمة دینارا و عشرة دراهم ۴ وتاویل ما رویاه فرس الغازی وهو المنقول عن زید بن ثابتؓ ۵ والتخییر بین الدینار و التقویم ماثور عن عمرؓ

**تشریح**: صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ نسل بڑھانے والے گھوڑوں میں زکوۃ نہیں ہے۔البتہ اگر تجارت کے لئے گھوڑے ہوں تو اس کی قیمت میں ہر دوسو درہم میں پانچ درہم لازم ہوں گے۔کیونکہ اب یہ تجارت کا مال ہو گیا اور تجارت کے مال میں زکوۃ ہے

**وجه**: ان کی دلیل یہ حدیث ہے جو صاحب ھدایہ نے پیش کی ہے۔ عن ابی هریرة قال قال رسول الله ﷺ لیس علی المسلم فی فرسه و غلامه صدقة . (بخاری شریف، باب لیس علی المسلم فی فرسہ صدقۃ ص ۲۳۷ نمبر ۱۴۶۳ / ابوداؤد شریف، باب صدقۃ الرقیق ص ۲۳۲ نمبر ۱۵۹۵) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان کے گھوڑوں میں زکوۃ نہیں ہے۔صاحبین فرماتے ہیں کہ یہ حدیث عام ہے کہ مسلمان کے گھوڑے میں صدقہ یعنی زکوۃ نہیں ہے اس لئے تجارت کے علاوہ کسی گھوڑے پر زکوۃ نہیں ہوگی (۲) اس حدیث میں بھی ہے. عن علیؓ قال قال رسول الله ﷺ قد عفوت عن الخیل و الرقیق فهاتوا صدقة الرقة من کل اربعین درهما درهم ۔(ابوداؤد شریف، باب زکاۃ السائمۃ، ص ۲۳۳، نمبر ۱۵۷۴) اس حدیث میں ہے کہ گھوڑے کی زکوۃ معاف ہے۔(۳) اس اثر میں ہے .عن ابراهیم قال : لیس فی الخیل السائمة زکاة . (مصنف عبد الرزاق، باب الخیل، ج رابع، ص ۳۱، نمبر ۶۹۱۴) اس اثر میں ہے کہ چرنے والے گھوڑے میں زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمه**: ۳ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ ہر چرنے والے گھوڑے میں ایک دینار ہے، یا دس درہم ہے۔

**تشریح**: یہ حدیث اوپر گزر گئی۔عن جابر قال قال رسول الله ﷺ فی الخیل السائمة فی کل فرس دینار تؤدیه . (دار قطنی ۱۸، باب زکوۃ مال التجارۃ وسقوطہا عن الخیل والرقیق ج ثانی ص ۱۰۹ نمبر ۲۰۰۰) اس حدیث میں ہے کہ ہر چرنے والے گھوڑے میں ایک دینار ہے۔

۴ اور جو صاحبین نے حدیث روایت کی اس کی تاویل یہ ہے کہ جہاد کے گھوڑے میں زکوۃ نہیں ہے حضرت زید ابن ثابت سے یہی منقول ہے۔

**تشریح**: صاحبین نے جو حدیث پیش کی ہے اس کی تاویل ہے، کہ حضورؐ نے جو فرمایا کہ مسلمان کے گھوڑے میں زکوۃ نہیں ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ جہاد کا گھوڑا ہو تو اس میں زکوۃ نہیں ہے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ نسل بڑھانے کا گھوڑا ہو تو اس میں زکوۃ ہے۔ حضرت عبد اللہ ابن عباس کے قول میں اس کا اشارہ ہے۔اثر یہ ہے. عن ابن عباس قال : لیس فی فرس الغازی فی سبیل الله صدقة ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ما قالوا فی زکاۃ الخیل، ج ثانی، ص ۳۸۱، نمبر ۱۰۱۴۴) اس اثر میں ہے کہ جہاد کے گھوڑے میں زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمه**: ۵ ہر گھوڑے میں ایک دینار دے یا اسکی قیمت لگا کر زکوۃ دے اس کا اختیار حضرت عمرؓ سے منقول ہے۔

(۷۸۱) ولیس فی ذکورھا منفردۃ زکوٰۃ ﴾ ۱؎ لانھا لا تتناسل (۷۸۲) وکذا فی الاناث المنفردات﴾ ۱؎ فی روایۃ ۲؎ وعنہ الوجوب فیھا لانھا تتناسل بالفحل المستعار بخلاف الذکور ۳؎ وعنہ انھا تجب فی الذکور المنفردۃ ایضا

**تشریح**: متن میں دو باتیں کہیں [۱] ایک تو یہ کہ ہر گھوڑے پر ایک دینار زکوۃ دے۔[۲] اور دوسری بات کہی کہ مالک کو اس بات کا بھی اختیار ہے کہ گھوڑے کی قیمت لگا کر ہر دو سو درہم میں پانچ درہم زکوۃ دے۔ فرماتے ہیں کہ یہ اختیار دینا حضرت عمرؓ سے ثابت ہے۔ حضرت عمر کا اثر یہ ہے۔ عن حارثۃ بن مضرب أن قوما من أھل مصر أتوا عمر بن الخطاب .....وأخذ من الفرس عشرۃ دراھم . (دار قطنی، باب زکاۃ مال التجارۃ وسقوطھا عن الخیل والرقیق، ج ثانی ص ۱۱۰، نمبر ۲۰۰۱ رمصنف عبد الرزاق، باب الخیل، ج رابع، ص ۳۲، نمبر ۶۹۱۷) اس اثر میں ہے کہ ہر گھوڑے پر حضرت عمرؓ نے دس دس درہم لگایا۔ گھوڑے کی قیمت لگا کر دو سو درہم میں پانچ درہم دے اس کا اثر مجھے نہیں مل سکا۔ ثمیر۔

**ترجمہ**: (۷۸۱) امام ابو حنیفہ کے نزدیک صرف مذکر گھوڑے میں زکوۃ واجب نہیں ہے۔ ۱؎ اس لئے کہ توالد تناسل نہیں ہو سکتا۔

**تشریح**: صرف مذکر گھوڑے ہوں تو توالد اور تناسل نہیں ہوگا اور نسل نہیں بڑھے گی اس لئے اس میں زکوۃ واجب نہیں۔ اور مذکر اور مؤنث دونوں ہوں تو نسل بڑھے گی تب زکوۃ واجب ہوگی۔

**ترجمہ**: (۷۸۲) اور صرف مؤنث میں زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ ایک روایت میں ہے۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ صرف گھوڑی ہو اور اس کے ساتھ ایک بھی گھوڑا نہ ہو تو اس میں زکوۃ نہیں ہے، کیونکہ جب گھوڑا نہیں ہے تو توالد تناسل نہیں ہو سکتا ہے اور نہ تعداد بڑھ سکتی ہے اس لئے اس میں زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ انہیں سے ایک روایت یہ ہے کہ صرف گھوڑی میں بھی زکوۃ ہے، اس لئے کہ مانگے ہوئے گھوڑے سے تناسل ممکن ہے۔ بخلاف صرف مذکر کے۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ کی دوسری روایت یہ ہے کہ صرف گھوڑی ہو تو اس میں زکوۃ ہے۔ اس لئے اگر چہ اس کے پاس گھوڑا نہیں ہے لیکن دوسرے کے گھوڑے سے تناسل کروا سکتا ہے اس لئے نسل بڑھنا ممکن ہے اس لئے زکوۃ واجب ہوگی۔ اور صرف گھوڑا ہو تو اس سے نسل بڑھنے کا کوئی امکان نہیں ہے اس لئے اس میں زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ امام ابو حنیفہؒ سے ہی ایک روایت یہ ہے کہ صرف مذکر گھوڑے میں بھی زکوۃ واجب ہے۔

(۷۸۳) ولا شیئ فی البغال والحمیر﴾ لے لقوله علیه السلام لم ینزل علی فیهما سنئ والمقادیر تثبت سماعا ۲ے الا ان یکون للتجارۃ لان الزکوٰۃ حینئذ تتعلق بالمالیة کسائر اموال التجارۃ.

**ترجمہ**: (۷۸۳) خچر میں اور گدھے میں زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: لے حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ مجھ پر گھوڑے اور خچر کے بارے میں کچھ نازل نہیں ہوا۔اور زکوۃ کی مقدار تو حدیث ہی سے ثابت کر سکتے ہیں۔

**تشریح**: گدھے اور خچر تجارت کے لئے ہوں تب تو وہ مال تجارت ہو گئے اس لئے مال تجارت کے اعتبار سے ان کی قیمت میں ہر دوسو درہم میں پانچ درہم زکوۃ ہے۔لیکن اگر تجارت کے لئے نہ ہوں بلکہ نسل بڑھانے کے لئے ہوں تو اس میں زکوۃ نہیں ہے۔کیونکہ حضورؐ نے فرمایا کہ گدھے اور خچر کے بارے میں مجھ پر کوئی حکم نازل نہیں ہوا ہے۔اور کسی جانور پر زکوۃ حدیث اور قرآن ہی سے ثابت کر سکتے ہیں، عقل اور قیاس سے نہیں، اور یہاں اس بارے میں کوئی حکم نازل نہیں ہوا ہے اس لئے اس پر زکوۃ بھی واجب نہیں ہوگی۔۔مقادیر: زکوۃ کی مقدار۔

**وجہ**: اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔جو صاحب ھدایہ نے پیش کی۔ عن ابی هریرۃ یقول قال رسول اللہ ﷺ ... قیل یا رسول اللہ ﷺ فالحمر؟ قال: ما انزل علی فی الحمر شیء الا هذه الآیة الفاذة الجامعة﴿ فمن یعمل مثقال ذرة خیرا یره ومن یعمل مثقال ذرة شرا یره﴾( آیت ۷،سورۃ الزلزلۃ ۹۹)۔(مسلم شریف، باب اثم مانع الزکوۃ ص ۳۱۹ نمبر ۲۲۹۰/۹۸۷ بخاری شریف، باب الخیل لثلاثة، کتاب الجهاد ص ۴۷۳، نمبر ۲۸۶۰ مصنف بن عبد الرزاق، باب الحمر ج رابع ص ۲۹ نمبر ۶۹۰۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ گدھے میں زکوۃ نہیں ہے اور خچر بھی گدھے کی ایک قسم ہے اس لئے اس میں بھی زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۲ے مگر یہ کہ تجارت کے لئے ہو اس لئے کہ زکوۃ اس وقت مال زکوۃ کے ساتھ متعلق ہوگی، جس طرح اور مال ہے۔

**تشریح**: گدھے یا خچر اگر نسل بڑھانے کے لئے ہوں تو ان میں زکوۃ نہیں ہے، لیکن اگر تجارت کے لئے ہوں تو اب یہ تجارت کا مال ہے اس لئے جس طرح تجارت کے اور مال میں زکوۃ واجب ہوتی ہے اسی طرح اس میں بھی زکوۃ واجب ہوگی، اور اسکی قیمت کے ہر دوسو درہم میں پانچ درہم زکوۃ واجب ہوگی۔

**وجہ**: اس اثر میں ہے۔ قال سفیان و نحن نقول : الا ان تکون لتجارة ۔(مصنف عبد الرزاق، باب الحمر، ج رابع، ص ۲۹، نمبر ۶۹۰۱) اس اثر میں ہے کہ تجارت کے لئے ہو تو اس گدھے کی قیمت میں زکوۃ ہے۔

## ﴿ فصل ﴾

(۷۸۴) وليس فى الفصلان والعجاجيل والحملان صدقة ﴾ ل عند ابى حنيفة الا ان يكون معها كبار و هذا اخر اقواله وهو قول محمدؒ

## ﴿ جانور کے بچوں کا فصل ﴾

**ضروری نوٹ** : جانور کے بچے مثلا اونٹنی کے بچے، گائے کے بچے، بکری کے بچے اپنے بڑوں کے ساتھ ہوں تو ان بچوں کو شمار کر کے جانور کی تعداد پوری ہو تو اس پر زکوۃ ہے یا نہیں؟ یا ان بچوں کو بڑوں کے ساتھ شمار ہی نہ کیا جائے۔ یا صرف بچے کسی کے پاس ہوا اور اس جانور کی زکوۃ کی تعداد پوری ہوتی ہو، مثلا اونٹ کے صرف پانچ چھوٹے بچے کسی کے پاس ہو تو اس پر زکوۃ واجب ہوگی یا نہیں؟ اس بارے میں امام ابو حنیفہؒ کے تین قول ہیں [۱] بچوں کے ساتھ بڑے بھی ہوں تو بچوں کو شمار کر کے زکوۃ ہوگی۔ [۲] صرف چھوٹے بچے کسی کے پاس ہوں اور اس سے تعداد زکوۃ پوری ہوتی ہو تو اس کا حکم بڑے جانور کی طرح ہے، اس میں بڑے کی طرح زکوۃ واجب ہوگی۔ [۳] صرف چھوٹے بچے ہوں تو تعداد میں چاہئے کتنے ہی ہوں صرف ایک بچہ زکوۃ میں لازم ہوگا۔ دلیل اور تفصیل آگے دیکھیں۔

**ترجمہ**: (۷۸۴) اونٹنی کے بچے، بکری کے بچے اور گائے کے بچے میں امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک زکوۃ نہیں ہے مگر یہ کہ ان کے ساتھ بڑے ہوں۔

**ترجمہ**: ل یہ آخری قول ہے، اور یہی قول امام محمدؒ کا ہے۔

**تشریح** : ان بچوں کے ساتھ بڑے ہوں تو بچوں کو بڑوں کے تابع کر کے زکوۃ واجب ہوگی۔ لیکن اگر بڑے نہ ہوں تو نسل بڑھنے کا امکان نہیں ہے بلکہ بچے بڑے ہوں گے لیکن تعداد کی زیادتی نہیں ہوگی اس لئے اس میں زکوۃ نہیں ہے۔

**وجه**: (۱) ان کی دلیل یہ اثر ہے۔ عن الحسن قالا لایعتد بالسخلة ولا توخذ فى الصدقة (مصنف ابن ابی شیبة ۲۴ السخلة تحسب على صاحب الغنم ج ثانی ص ۳۶۷، نمبر ۹۹۸۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بکری کے چھوٹے بچے زکوۃ میں شمار نہیں ہوں گے۔ اور اسی پر قیاس کر کے اونٹنی کے بچے اور گائے کے بچے پر بھی زکوۃ نہیں ہوگی جب تک کہ اس کے ساتھ بڑے نہ ہوں۔ (۲) اور بڑے ہوں تو اسکے تابع کر کے بچے کی بھی زکوۃ لی جائے اس کے لئے یہ اثر ہے ۔عن عمر استعمل اباه على طائف .... حتى لقى عمرؓ بالذى قالوا فقال [عمرؓ] اعتد عليهم بالغذاء وان جاء بها الراعى يحملها على يده، و أخبرهم أنك تدع لهم الشاة الماخض و الأكيلة و فحل الغنم ، و خذ العناق الجذعة و الثنية فذالک عدل بين خيار المال و الغذاء ۔ (مصنف ابن ابی شیبة ۲۴ السخلة تحسب على صاحب الغنم۔ ج ثانی، ص ۳۶۸، نمبر ۹۹۸۵ سنن

٢ وكان يقول اَوّلاً يجب فيها ما يجب في المسانِ وهو قول زفر ومالك.[٢] ٣ ثم رجع وقال فيها واحد منها وهو قول ابي يوسف والشافعيّ ٤ وجه قوله الاول ان الاسم المذكور في الخطاب ينتظم الصغار والكبار

للبيهقي، باب يعد عليهم بالسخال التي نتجت ج رابع ص ۱۷۳، نمبر ۷۳۱۴) اس اثر میں حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ زکوۃ کے لئے بڑے کے ساتھ بکری کے بچے کو بھی شمار کیا جائے گا، البتہ اس کو زکوۃ میں لیا نہیں جائے گا۔ الغذاء: چھوٹے بچے

**لغت** : الفصلان: فصیل کی جمع ہے اونٹنی کے بچے۔ الحملان: حمل کی جمع ہے بکری کے بچے۔ العجاجیل: عجول کی جمع ہے گائے کے بچے۔

**ترجمہ** : ٢ اور پہلے یہ کہا کرتے تھے کہ چھوٹے بچوں میں بھی اتنی ہی زکوۃ واجب ہوگی جتنی مسنہ میں [یعنی بڑے میں] یہی قول امام زفرؒ اور امام مالکؒ کا ہے۔

**تشریح**: پہلے یہ فرمایا کرتے تھے کہ جس طرح بڑے جانور میں تعداد پوری ہونے کے بعد زکوۃ لی جاتی ہے اور اس کا ایک حساب ہے جو اوپر گزرا، اسی طرح صرف چھوٹے بچے ہوں تب بھی بڑے کی طرح اس کی زکوۃ لی جائے گی، اور بڑے کا ہی حساب اس میں ہوگا۔

**وجہ**:(۱) عن عطاء قال قلت له يعتد بالصغار اولاد الشاة؟ قال نعم (مصنف ابن ابی شیبة ۲۴ السخلة تحسب على صاحب الغنم۔ ج ثانی، ص ۳۶۸، نمبر ۹۹۸۳) اس اثر میں ہے کہ چھوٹے بچے کو بھی شمار کیا (۲) اسکی دلیل عقلی یہ ہے کہ حدیث میں غنم [بکری] پر زکوۃ ہے اور غنم چھوٹے بچے پر بھی بولا جاتا ہے اس لئے صرف بچہ ہو تب بھی اس پر بڑے کی زکوۃ ہوگی۔

**ترجمہ**: ٣ پھر اس سے رجوع کر گئے اور فرمایا کہ اس میں سے ایک ہے، یہی قول امام ابو یوسفؒ اور شافعیؒ کا ہے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کا دوسرا قول یہ ہے کہ صرف بچے جتنے بھی ہوں سب میں ایک بچہ زکوۃ میں دے دیا جائے۔ یہی قول امام ابو یوسفؒ اور امام شافعیؒ کا ہے۔

**وجہ** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ اس میں زکوۃ واجب کیا جس سے غریبوں کا فائدہ ہوا، اور بڑے جانور کی طرح نہیں کیا بلکہ صرف ایک بچہ لازم کیا اس سے مالک کا فائدہ ہے تو اس قول میں دونوں جانب کا فائدہ ملحوظ ہے۔

**ترجمہ**: ٤ پہلے قول کی وجہ یہ ہے کہ خطاب میں جو نام ذکر کیا ہے وہ چھوٹے اور بڑے سب کو شامل ہے۔

**تشریح**: پہلا قول یہ تھا کہ چھوٹے کا حساب بھی وہی ہے جو بڑے کا ہے، یعنی جس عدد میں بڑے جانور میں زکوۃ واجب ہوتی ہے اسی تعداد میں چھوٹے بچے میں بھی زکوۃ واجب ہوگی اور بڑے جانور جتنی ہی زکوۃ ہوگی۔ اور اسکی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں اونٹ،

۵ ووجه الثانی تحقیق النظر من الجانبین کما یجب فی المهازیل واحد منها ۶ ووجه الاخیران المقادیر لا یدخلها القیاس فاذا امتنع ایجاب ما ورد به الشرع امتنع اصلا

---

گائے ،اور بکری پر زکوۃ ہے،اور [ابل] اونٹ بڑے اونٹ کو بھی کہتے ہیں اور بچے کو بھی کہتے ہیں۔اسی طرح [بقر] گائے پر زکوۃ ہے اور بقر بڑی گائے کو بھی کہتے ہیں اور چھوٹے بچے کو بھی کہتے ہیں۔اسی طرح [غنم] بکری پر زکوۃ ہے،اور غنم بڑی بکری کو بھی کہتے ہیں اور بچے کو بھی کہتے ہیں اس لئے جس طرح بڑے پر زکوۃ لازم ہوتی ہے اسی حساب سے بچے پر بھی زکوۃ لازم ہوگی۔یہ دلیل پہلے قول کی ہے۔۔خطاب سے مراد حدیث زکوۃ ہے۔

**ترجمہ**: ۵ دوسرے قول کی وجہ دونوں جانب کا لحاظ ہے، جیسے کہ دبلے پتلے جانور میں ایک لازم کر دیا جاتا ہے۔

**تشریح**: دوسرا قول یہ تھا کہ جتنا بھی بچہ ہو اس میں سے صرف ایک بچہ لازم کر دیا جائے،جس طرح بہت سے دبلے پتلے جانور ہوں تو ان میں سے ایک جانور زکوۃ لازم کرتے ہیں،اسی طرح تمام بچوں میں ایک لازم کر دیا جائے۔اس قول میں غریب کا فائدہ یہ ہے کہ کچھ زکوۃ ملی،اور مالک کا فائدہ یہ ہے کہ بڑے جانور کی طرح بہت زکوۃ لازم نہیں ہوئی بلکہ صرف ایک بچہ لازم ہوا جو بہت کم ہے۔اس لئے اس قول میں دونوں کا فائدہ ملحوظ ہے۔۔مہازیل :ہزال کی جمع ہے،دبلا پتلا جانور۔

**ترجمہ**: ۶ اور قول آخیر کی وجہ یہ ہے زکوۃ کی مقدار متعین کرنے میں قیاس کو دخل نہیں ہے،پس شریعت نے جس عمر کی زکوۃ واجب کی ہے وہ ہے ہی نہیں تو اس میں بالکل واجب ہی نہ کرو۔

**تشریح** :اس عبارت میں ,ایجاب ما ورد به الشرع ، کا مطلب یہ ہے کہ شریعت نے زکوۃ میں جس عمر کے جانور کو واجب کیا ہے اس عمر کے جانور کو ,ایجاب ماورد بہ الشرع، کہتے ہیں یعنی حدیث میں جس چیز کو واجب کیا۔اب اگر اس عمر کا جانور نہ ہو تو اس پر زکوۃ ہی واجب مت کرو۔مثلا پچیس اونٹ میں اونٹ کے ایک سال کا بچہ لازم آتا ہے،تیس گائے میں گائے کے ایک سال کا بچہ لازم ہوتا ہے،اور چالیس بکری میں بکری کے ایک سال کا بچہ لازم ہوتا ہے، یہ عمر ,ایجاب ماورد بہ الشرع، ہوا۔اب اگر مالک کے پاس تمام بچے ایک سال سے کم کا ہو تو اسکے پاس عمر کا جانور ہی نہیں ہے۔اس لئے اگر ایک سال سے کم عمر کا بچہ زکوۃ میں دلوائیں تو اوپر گزر چکا ہے کہ یہ جائز نہیں ،اور اگر ایک سال کا بچہ خرید وا کر دلوائیں تو اس میں مالک پر حرج ہے،اس لئے ان بچوں میں زکوۃ بالکل لازم ہی نہ کریں۔امتنع اصلا، کا یہی مطلب ہے۔البتہ اگر ایک دو جانور ایک سال کا ہو تو اس کے تابع کر کے سب بچوں کو شمار کیا جائے گا اور زکوۃ کی تعداد پوری ہو جائے تو اس پر بڑے کی زکوۃ واجب ہوگی۔لیکن زکوۃ میں بچہ نہیں لیا جائے گا، بلکہ جو ایک سال کا بچہ موجود ہو یا اس سے بڑا ہو اسی کو زکوۃ میں لیا جائے گا۔

ے واذا کان فیھا واحدۃ من المسان جعل الکل تبعا لہ فی انعقادھا نصابا دون تادیۃ الزکوٰۃ

۸ ثم عند ابی یوسفؒ لا یجب فی ما دون الاربعین من الحملان وفیما دون الثلثین من العجاجیل ویجب فی خمس وعشرین من الفصلان واحد

**ترجمہ**: ے اور اگر ان بچوں میں ایک بھی بڑا ہو تو تمام بچوں کو نصاب کے پورے کرنے میں اس کا تابع کیا جائے گا، لیکن بچہ کو زکوۃ میں نہیں دیا جائیگا

**تشریح**: اونٹ، یا گائے، یا بکری کے ایک سال سے کم بچوں کے ساتھ مسنہ ہو یعنی ایک سال کا ایک بچہ بھی ہو تو تمام چھوٹے بچوں کو اس ایک بڑے کے تابع کر کے سب کو گنا جائے گا اور شمار کیا جائے گا اور اس سے مثلا تیس گائے کی تعداد پوری ہو گئی تو اس میں ایک سال کا بچہ لازم کر دیا جائے گا، البتہ ایک سال سے کم کا بچہ زکوۃ ادا کرنے کے لئے نہیں دیا جائے گا بلکہ جو بچہ ایک سال کا ہو اس کو ہی زکوۃ میں دیا جائے گا۔

لغت:۔ مسان: مسنہ سے مشتق ہے، بکری کے ایک سال کا بچہ، یا بڑا بچہ۔ انعقادھا نصابا: نصاب کو منعقد کرنے کے لئے، نصاب کو پورا کرنے کے لئے۔ دون تادیۃ الزکوۃ: زکوۃ ادا کرنے کے لئے نہیں۔

**ترجمہ**: ۸ پھر امام ابو یوسفؒ کے نزدیک [۱] چالیس بکری کے بچوں میں سے کم میں کچھ واجب نہیں [۲] اور تیس گائے کے بچوں میں سے کم میں کچھ واجب نہیں [۳] اور پچیس اونٹ کے بچوں میں ایک بچہ واجب ہے۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ کا ایک قول اور امام ابو یوسفؒ کا مسلک یہ تھا کہ بچوں میں سے ایک دے دیا جائے، اب اسکی تفصیل یہ فرما رہے ہیں کہ [۱] چالیس بکریوں میں ایک بکری ہے اس لئے چالیس سے کم بکری کے بچے ہوں تو ان میں کچھ لازم نہیں ہوگا۔ ہاں بکری کے بچے کی تعداد چالیس ہو جائے تو اس میں ایک بچہ لازم ہوگا۔ [۲] اسی طرح تیس گائے سے کم ہو تو کچھ لازم نہیں ہوتا، اسی طرح گائے کے تیس بچے سے کم ہوں تو ان میں کچھ نہیں لازم ہوگا، ہاں تیس کی تعداد پوری ہو جائے تو اس میں گائے کا ایک بچہ لازم ہوگا۔ [۳] پچیس اونٹ سے کم میں بکری لازم ہوتی ہے، اونٹ لازم نہیں ہوتا، اسی طرح اونٹ کے پچیس بچوں سے کم میں بچہ لازم نہیں ہوگا، پچیس کی تعداد پوری ہو جائے تو اس میں ایک بچہ لازم ہوگا۔ اور مالک کے پاس جو بچے موجود ہیں انہیں میں سے ایک اوسط بچہ دے دیا جائے گا۔

**وجہ**: (۱) جب بڑا جانور ہو تو اس میں اس تعداد سے کم میں زکوۃ واجب نہیں تو چھوٹے بچے ہوں تو ان میں بھی اس تعداد سے کم میں زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔ اور بڑے اونٹ کے پچیس سے کم میں اونٹ لازم نہیں ہوتا، بکری لازم ہوتی ہے، اس لئے اونٹ کے بچے میں بھی پچیس سے کم میں بچہ لازم نہیں ہوگا۔ باقی رہا کہ بکری لازم ہوگی یا نہیں اس کے لئے تین روایتیں آگے آ رہی ہیں۔

۹ ثم لا يجب شي حتى تبلغ مبلغا لو كانت مسان يثنى الواجب ثم لا يجب شئ حتى تبلغ مبلغا لو كانت مسان يثلث الواجب ۱۰ ولا يجب فيما دون خمس وعشرين في رواية

---

**لغت**: حملان: حمل کی جمع ہے، بکری کا بچہ۔ عجاجیل: عجل کی جمع ہے، گائے کا بچہ۔ فصلان: فصیل کی جمع ہے، اونٹ کا بچہ۔

**ترجمه**: ۹ پھر زائد میں کچھ واجب نہیں ہوگا یہاں تک کہ اگر بڑے ہوتے تو دو واجب ہوتے۔ پھر کچھ واجب نہیں ہوگا یہاں تک کہ بڑے ہوتے تین واجب ہوتے۔

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ کے یہاں اونٹ کے پچیس بچوں میں ایک بچہ لازم ہوا تھا، اب اس سے زائد بچہ ہو تو ابھی کچھ لازم نہیں ہوگا، جب یوں دیکھو کہ اگر بڑا اونٹ ہوتا تو دوسری مرتبہ بھی اسی عمر کا اونٹ دوبارہ لازم ہو جاتا تب دوسرا بچہ لازم ہوگا۔ مثلا چھتیس ۳۶ بڑے اونٹ میں ایک بنت لبون [اونٹ کے دو سال کا بچہ] لازم ہوتی ہے، اور چھہتر ۷۶ میں دو بنت لبون لازم ہوتی ہے تو چھہتر بچوں میں دو بچے لازم ہونگے، اس سے پہلے ایک بچہ ہی لازم ہوتا رہے گا۔ پھر ایک سو پینتالیس ۱۴۵ میں تین حقے ہیں، تو ایک سو پینتالیس ۱۴۵ بچوں میں اونٹ کے تین بچے لازم ہونگے، درمیان میں پھر کچھ نہیں، پھر ایک سو چھیانوے ۱۹۶ میں اونٹوں میں چار حقے ہیں تو ایک سو چھیانوے ۱۹۶ بچوں میں چار بچے لازم ہونگے۔ اسی طرح آگے حساب کرتے جائیں۔

گائے کے بچوں میں صورت یہ ہوگی کہ تیس ۳۰ گائے میں ایک بچھڑا ہے تو تیس بچوں میں ایک بچہ لازم ہوگا۔ اور ساٹھ ۶۰ بڑی گائے میں دو بچھڑے ہیں تو ساٹھ ۶۰ بچوں میں دو بچے لازم ہونگے، اور نوے ۹۰ بڑی گائے میں تین بچھڑے ہیں تو نوے بچوں میں تین بچے ہونگے۔

بکری کے بچوں میں صورت یہ ہوگی کہ، چالیس ۴۰ بڑی بکریوں میں ایک بکری ہے تو چالیس ۴۰ بچوں میں ایک بچہ لازم ہوگا، اور ایک سو بیس ۱۲۰ میں دو بکریاں ہیں تو ایک سو بیس ۱۲۰ بچوں میں دو بچے لازم ہونگے، دو سو ۲۰۰ بکریوں میں تین بکریاں ہیں تو دو سو ۲۰۰ بچوں میں تین بچے لازم ہونگے۔ اسی طرح حساب کرتے جائیں۔ حاصل یہ ہے کہ جب دوسری مرتبہ اسی عمر کا جانور لازم ہوتا ہو تو اسکے بچوں میں دوسرا بچہ لازم ہوگا، اور تیسری مرتبہ اسی عمر کا جانور لازم ہوتا ہو تو اس تعداد میں تیسرا بچہ لازم ہوگا۔۔ مسان: مسنہ سے مشتق ہے، بڑا جانور۔ یثنی: اثنان سے مشتق ہے، دوبارہ، یا دوگنا۔ مبلغ: وہ تعداد جس پر پہونچنے سے زکوۃ واجب ہوتی ہو۔

**ترجمه**: ۱۰ اونٹ کے پچیس بچوں سے کم میں ایک روایت میں ہے کہ کچھ واجب نہیں ہوگا۔

**تشریح**: اونٹ کے پچیس بچوں میں تو بچہ لازم ہوگا لیکن اس سے کم بچے ہوں تو اس کے بارے میں امام ابو یوسفؒ کی تین روایتیں ہیں، پہلی روایت یہ ہے کہ پچیس بچوں سے کم ہوں تو اس میں کچھ لازم نہیں ہوگا۔

**۱۱** وعنه انه يجب في الخمس خُمس فصيل وفي العشر خُمسا فصيل علىٰ هٰذا الاعتبار **۱۲** وعنه انه ينظر الىٰ قيمة خُمس فصيل في الخمس والى قيمة شاة وسط فيجب اقلهما وفي العشر الىٰ قيمة شاتين والىٰ قيمة خمسي فصيل علىٰ هٰذا الاعتبار (۷۸۵) قال ومن وجب عليه مسن فلم يوجد اخذ المصدّق اعلىٰ منها ورد الفضل او اخذدونها واخذالفضل﴾

**ترجمہ**: ۱۱ امام ابو یوسفؒ سے دوسری روایت یہ ہے کہ اونٹ کے پانچ بچوں میں بچے کا پانچواں حصہ لازم ہوگا۔ اور دس بچوں میں بچے کا دو پانچواں حصہ لازم ہوگا۔ اسی اعتبار سے حساب کرتے جائیں۔

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ کی دوسری روایت یہ ہے کہ اونٹ کے پانچ بچوں میں بچے کا پانچواں حصہ لازم ہوگا، مثلا ایک بچے کی قیمت بیس ۲۰ درہم ہے تو اس کا پانچواں حصہ چار ۴ درہم ہوگا، یہی چار درہم زکوۃ میں لازم ہوگا۔ اور اونٹ کے دس بچوں میں بچے کا دو پانچواں حصہ لازم ہوگا۔ جیسے اوپر بچے کی قیمت بیس ۲۰ درہم تھی تو دو پانچواں حصہ آٹھ درہم ہوگا۔ اور پندرہ بچوں میں تین پانچواں حصہ لازم ہوگا، اور قیمت کے اعتبار سے بارہ درہم بنے گا۔

**ترجمہ**: ۱۲ امام ابو یوسفؒ کی تیسری روایت یہ ہے کہ پانچ بچوں میں اونٹ کے بچے کے پانچویں حصے کی قیمت کو دیکھو، اور درمیانہ بکری کی قیمت کو دیکھو اور دونوں میں سے جو کم ہو وہ واجب کرو۔ اور اونٹ کے دس بچوں میں دو بکریوں کی قیمت کو دیکھو اور اونٹ کے بچے کے دو پانچویں حصے کی قیمت کو دیکھو [اور جو کم ہو وہ واجب کرو] اسی حساب سے کرتے جائیں۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ کے اس تیسری روایت کا حاصل یہ ہے کہ پانچ بڑے اونٹ ہوں تو ایک بکری لازم ہوتی ہے اس لئے بکری کی قیمت کی طرف بھی نظر ہونی چاہئے اور اسکے ساتھ بھی موازنہ کرنا چاہئے، چنانچہ اونٹ کے پانچ چھوٹے بچے میں ایک بچے کا پانچواں حصہ لازم کیا تو یہ دیکھیں کہ ایک اوسط اور درمیانہ بکری کی قیمت کم ہے، یا بچے کے پانچویں حصے کی قیمت کم ہے جو کم ہو وہی زکوۃ میں لازم کریں۔ مثلا اوسط بکری کی قیمت تین درہم ہے اور اونٹ کے بچے کے پانچویں حصے کی قیمت چار درہم ہے تو بکری لازم کردیں، اور اگر بکری کی قیمت پانچ درہم ہے تو اونٹ کے بچے کے پانچویں حصے کی جو قیمت چار درہم ہے وہ چار درہم لازم کریں۔ اور اونٹ کے دس چھوٹے بچے ہوں تو دو پانچویں حصے کی قیمت اور دو اوسط بکری کی قیمت میں سے جو کم ہو وہ لازم کریں۔ اسی حساب سے آگے چلتے جائیں۔ خُمس: پانچواں حصہ۔

**ترجمہ**: (۷۸۵) کسی پر مسنہ واجب ہوا اور مالک کے پاس مسنہ نہیں ہے تو زکوۃ لینے والا اس سے اعلی درجہ کا جانور لے اور جو زیادہ لیا اس کے روپے واپس کرے۔ یا مسنہ سے ادنی لے لے اور جو زیادہ ہوا مالک سے وہ لے لے۔

**تشریح**: مثلا ایک سال کی اونٹنی کا بچہ بنت مخاض لازم تھا لیکن مالک کے پاس بنت مخاض نہیں تھی البتہ دو سال کا بچہ بنت لبون تھا

۱ وهذا يبتنى علىٰ ان اخذ القيمة فى باب الزكوٰة جائز عندنا علىٰ ما نذكره ان شاء الله ۲ الا ان فى الوجه الاول له ان لا ياخذ ويطالبه بعين الواجب او بقيمته لانه شراء

جس کی قیمت عموما بنت مخاض سے بیس درہم زیادہ یا دو بکریاں زیادہ ہوتی تھی تو زکوۃ لینے والا مالک سے بنت لبون لے لے اور بنت مخاض سے جو زیادہ بیس درہم آئے اس کو مالک کی طرف واپس کر دے۔ دوسری صورت یہ ہے کہ بنت مخاض سے ادنی مالک لے لے اور بنت مخاض اور اس ادنی کے درمیان جو قیمت کا فرق ہے مثلا بیس درہم یا دو بکریاں وہ بھی مالک سے وصول کرے تا کہ زکوۃ برابر سرابر ہو جائے۔ اور اس طرح قیمت سے زکوۃ وصول کرنا جائز ہے۔

**وجه** : (۱) اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ ان ابا بکرؓ کتب له فريضة الصدقة التى امر الله رسوله ﷺ . من بلغت عنده من الابل صدقة الجذعة و ليست عنده جذعة و عنده حقة فانها تقبل منه الحقة و يجعل معها شاتين ان استيسرتا له ، أو عشرين درهما . و من بلغت عنده صدقة الحقة و ليست عنده الحقة و عنده الجذعة فانها تقبل منه الجذعة ، و يعطيه المصدق عشرين درهما أو شاتين ( بخاری شریف، باب من بلغت عنده صدقة بنت مخاض وليست عنده ص ۱۹۵ نمبر ۱۴۵۳ / ابو داؤد شریف، باب زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۵ نمبر ۱۵۶۷ ) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مالک پر جذعہ واجب ہو اور اس کے پاس جذعہ نہ ہو بلکہ حقہ ہو تو زکوۃ لینے والا اس سے جذعہ لے لے اور ساتھ ہی بیس درہم بھی لے تا کہ جذعہ کی قیمت پوری ہو جائے۔ ۔ اس حدیث سے یہ بھی معلوم ہوا کہ جو جانور واجب ہوا ہو اس کے بدلے میں اس کی قیمت بھی دے سکتے ہیں (۲) ایک اثر سے بھی اس کی تائید ہوتی ہے۔ قال معاذ لاهل اليمن ائتونى بعرض ثياب خميص او لبيس فى الصدقة مكان الشعير و الذرة اهون عليكم وخير لاصحاب النبى ﷺ بالمدينة. ( بخاری شریف، باب العروض فی الزکوۃ ص ۱۹۴ نمبر ۱۴۴۸ ) اس اثر میں حضرت معاذ نے جو اور باجرے کے بدلے میں کپڑے لئے ہیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ جو چیز واجب ہو اس کی قیمت لگا کر دوسری چیز یا درہم لے سکتے ہیں۔ ۔ المصدق : صدقہ لینے والا زکوۃ وصول کرنے والا۔ الفضل : جو قیمت زیادہ ہو۔

**ترجمه** : ۱ اس مسئلے کی بنیاد اس قاعدے پر ہے کہ ہمارے نزدیک زکوۃ کے باب میں قیمت لینا جائز ہے۔ جیسا کہ ہم ان شاء اللہ آگے ذکر کریں گے۔

**ترجمه** : ۲ مگر یہ کہ پہلی صورت میں زکوۃ لینے والے کے لئے اختیار ہے کہ وہ اعلی نہ لے بلکہ عین واجب کا مطالبہ کرے، یا عین واجب کی قیمت کا مطالبہ کرے اس لئے یہ خریدنا ہے۔

**تشريح** : بنت مخاض مالک پر واجب تھی اور اس کے پاس اس سے ایک سال بڑی بنت لبون ہے تو اس صورت میں زکوۃ لینے

۳؎ وفي الوجه الثاني يجبر لانه لا بيع فيه بل هو اعطاء بالقيمة (۷۸۶) ويجوز دفع القيم في الزكوٰة عندنا﴾ ۱؎ وكذا في الكفارات وصدقة الفطر والعشر والنذر

والے کو بنت لبون لینے پر مجبور نہیں کیا جا سکتا ہے، چاہے تو وہ اس کو لے اور چاہے تو نہ لے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اس صورت میں زکوۃ وصول کرنے والے کو بنت لبون کا بیس درہم واپس کرنا ہوگا، جو اعلی درجے کے جانور کو خریدنا ہے، اور اس خریدنے میں مصدق کو اختیار ہے کہ خریدے یا نہ خریدے۔

**ترجمه**: ۳؎ اور دوسری صورت میں مصدق کو لینے پر مجبور کیا جائے گا اس لئے کہ اس میں بیع نہیں ہے بلکہ قیمت کو دینا ہے۔

**تشریح**: دوسری صورت یہ ہے کہ مالک پر بنت لبون واجب تھی اور اس کے پاس بنت مخاض ہے، جو بنت لبون سے ایک سال چھوٹی ہے، تو مصدق کو مجبور کیا جائے گا کہ وہ بنت مخاض لے اور مالک سے بیس درہم بھی لے لے، تاکہ بنت لبون کی قیمت ہو جائے۔ اور یہ مجبور اس لئے کیا جائے گا کہ اس صورت میں خریدنا اور بیچنا نہیں پایا گیا، بلکہ بنت مخاض دیا اور بنت لبون کی قیمت پوری کرنے کے لئے بیس درہم بھی دے دیا، تو یہاں صرف قیمت دینا ہے، خریدنا بیچنا نہیں ہے اس لئے مصدق کو اس کے لینے پر مجبور کیا جائے گا۔

**ترجمه**: (۷۸۶) زکوۃ میں چیز کی قیمت دینا جائز ہے۔

**ترجمه**: ۱؎ ایسے ہی کفارات میں، اور صدقۃ الفطر میں، اور عشر میں، اور نذر میں [قیمت دینا جائز ہے

**تشریح**: زکوۃ میں جو جانور واجب ہوا ہے اس کے بجائے اس کی قیمت دے دے تو یہ جائز ہے، اسی طرح کفارہ، صدقۃ الفطر، عشر اور نذر میں جو مال واجب ہوتا ہے اس مال کے بجائے اسکی قیمت دے دے تو یہ جائز ہے۔

**وجه**: ان ابا بكرؓ كتب له فريضة الصدقة التي امر الله رسوله ﷺ. من بلغت عنده من الابل صدقة الجذعة و ليست عنده جذعة و عنده حقة فانها تقبل منه الحقة و يجعل معها شاتين ان استيسر تا له، أو عشرين درهما . و من بلغت عنده صدقة الحقة و ليست عنده الحقة و عنده الجذعة فانها تقبل منه الجذعة ، و يعطيه المصدق عشرين درهما أو شاتين (بخاری شریف، باب من بلغت عندہ صدقۃ بنت مخاض ولیست عندہ ص ۱۹۵ نمبر ۱۴۵۳ ابوداؤد شریف، باب زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۵ نمبر ۱۵۶۷،) اس حدیث میں ہے کہ مالک پر جذعہ واجب ہو اور وہ اس کے پاس نہ ہو تو حقہ دے دے اور بیس درہم بھی دے دے۔ اور حقہ واجب تھا اور اس کے پاس جذعہ ہے تو جذعہ دے دے اور مصدق سے بیس درہم لے لے، جس سے معلوم ہوا کہ زکوۃ میں جانور کی قیمت دے دے تب بھی جائز ہے۔ اسی پر کفارہ، صدقۃ الفطر، عشر اور نذر کو بھی قیاس کر لیں۔

۲ وقال الشافعیؒ لا یجوز اتباعا للمنصوص کما فی الھدایا و الضحایا. ۳ ولنا ان الامر بالاداء الی الفقیر ایصال للرزق الموعود الیه فیکون ابطالا لقید الشاۃ فصار کالجزیة ۴ بخلاف الھدایا لان القربة فیھا اراقة الدم وھو لا تعقل و وجه القربة فی المتنازع فیه سدّ خلّة المحتاج وھو معقول

**ترجمہ**: ۲ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ قیمت دینا جائز نہیں ہے، حدیث میں جو وارد ہوئی ہے اسکی اتباع کرتے ہوئے۔ جیسے کہ ھدی کے جانور اور قربانی کے جانور میں قیمت دینا جائز نہیں۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کے بارے میں فرماتے ہیں کہ انکے یہاں زکوۃ کی قیمت دینا جائز نہیں۔ اور اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ بنت مخاض اور بنت لبون وغیرہ جانور دینے کا حکم ہے اس لئے منصوص یعنی حدیث کی اتباع کرتے ہوئے جانور ہی دیا جائے گا، اسکی قیمت نہیں، جس طرح حج میں ہدی ذبح کرنے کا حکم ہے تو اس کے بدلے قیمت دینا جائز نہیں، اسی طرح قربانی ذبح کرنے کا حکم ہے تو اس کے بدلے اسکی قیمت دینا جائز نہیں، اسی طرح زکوۃ میں بھی قیمت دینا جائز نہیں۔ لیکن موسوعۃ میں ہے کہ امام شافعیؒ کے یہاں بھی زکوۃ میں جانور کی قیمت دینا جائز ہے بشرطیکہ اس میں غریب کا فائدہ ہو تو یہ کرے۔ موسوعہ کی عبارت یہ ہے. فکلما ارتفع سنا أعطی رب المال شاتین أو عشرین درھما . (موسوعۃ امام شافعیؒ باب اذا لم توجد السن، ج رابع ص ۲۴، نمبر ۳۶۴۸) اس عبارت میں ہے کہ بیس درہم دے، جس سے معلوم ہوا کہ زکوۃ میں قیمت دینا بھی جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۳ ہماری دلیل یہ ہے فقیر کو زکوۃ ادا کرنے کا جو حکم ہے وہ اللہ کی جانب سے وعدہ کئے ہوئے روزی کو پہونچانا ہے اسلئے بکری ہی دینے کی قید کو باطل کرنا ہوا، اس لئے زکوۃ جزیہ کی طرح ہوگئی۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ، اللہ نے قرآن میں وعدہ کیا ہے کہ تمام جاندار کا رزق میرے ذمے ہے آیت یہ ہے [ و ما من دابة فی الارض الا علی الله رزقھا ] (آیت نمبر ۶، سورۃ ھود ۱۱) اس لئے زکوۃ دینے کا حکم دیا تا کہ بندے کو رزق پہنچ جائے، اور رزق میں جانور ہی ضروری نہیں ہے اور بہت سی ضروریات ہیں، اس لئے درہم دینے میں اس کا پورا کرنا آسان ہے اس لئے بکری ہی کو متعین کرنا باطل ہے، اور اسکی قیمت دے دینا جائز ہوگا۔ جیسے جزیہ میں مال کے بجائے اس کی قیمت دینا جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۴ بخلاف ہدی کے جانور کے اس لئے کہ اس میں خون بہانا قربت ہے، اس لئے اسکی قیمت دینا سمجھ میں نہیں آتا، اور جس میں ہم لوگ جھگڑ رہے ہیں [یعنی زکوۃ] اس میں ضرورت پوری کرنا قربت ہے، اس لئے اس میں قیمت دینا سمجھ میں آتا ہے۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے، کہ ہدی کے جانور کو ذبح ہی کرنا ضروری ہے اس کی قیمت دینا جائز نہیں، اسکی وجہ یہ ہے کہ ہدی میں ذبح کرنا اصل قربت اور عبادت ہے اس لئے جانور کی قیمت دینا سمجھ میں نہیں آتا۔ اور زکوۃ میں اصل عبادت مساکین کی ضرورت پوری کرنی ہے اور قیمت دینے سے ضرورت آسان سے پوری ہوگی، اس لئے جانور کی قیمت دینا سمجھ میں آتا ہے اور

(۷۸۷) وليس فی العوامل والحوامل والعلوفة صدقة﴾ ۱ خلافا لمالک له ظواهر النصوص ۲ ولنا قوله عليه السلام ليس فی الحوامل والعوامل ولا فی البقرة المثيّرة صدقة

معقول ہے۔

**لغت** : متنازع فیہ: سے مراد زکوۃ ہے۔ سد الخلة: ضرورت کو پوری کرنا۔ معقول: سمجھ میں آتا ہے۔

**ترجمہ**: (۷۸۷) کام کرنے والے، بوجھ اٹھانے والے اور گھر پر کھانے والے جانوروں میں زکوۃ نہیں ہے۔

**تشریح** : وہ جانور جو گھر میں کام کرنے کے لئے ہوں یا بوجھ اٹھانے کے لئے ہوں ان میں زکوۃ نہیں ہے

**وجہ** : (۱) اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن علی قال زهير احسبه عن النبی ﷺ ... وليس علی العوامل شیء (ابوداؤد شریف، باب زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۲ / دار قطنی ۶ لیس فی العوامل صدقۃ ج ثانی ص ۸۸ نمبر ۱۹۲۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ کام کرنے والے جانور میں زکوۃ نہیں ہے۔ اور علوفہ یعنی سال کے زیادہ مہینوں میں گھر پر کھا کر زندگی گذارتے ہوں ان پر زکوۃ نہیں ہے اس کی دلیل یہ اثر ہے (۲) عن ابراهيم قال ليس فی غنم الربائب صدقة (مصنف ابن ابی شیبۃ ۲۳ فی الرجل تکون لہ الغنم فی المصر تحتلبھا ج ثانی، ص ۳۶۷، نمبر ۹۹۸۱) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جس بکری کو گھر میں کھلا کر پالتے ہوں اس پر زکوۃ نہیں ہے۔ اور اسی پر قیاس کر کے دوسرے جانوروں میں بھی جن کو گھر میں کھلا کر پال رہا ہے اس سے بھی مال بڑھ نہیں رہا ہے بلکہ مالک کا مال جانور میں شامل ہو رہا ہے اس لئے اس میں زکوۃ نہیں ہے۔ زکوۃ والی حدیث میں ہر جگہ سائمہ کا لفظ گزرا اس سے بھی معلوم ہوا کہ چرنے والے جانور میں زکوۃ ہے۔ گھر پر کھانے والے جانور میں زکوۃ نہیں ہے۔ (بخاری شریف، نمبر ۱۴۵۴)

**لغت** : العوامل : جمع ہے عامل کی کام کرنے والے جانور۔ الحوامل : جمع ہے حامل کی بوجھ اٹھانے والے جانور۔ العلوفة : علف سے مشتق ہے، جن جانوروں کو گھر میں کھلا کر پالا جاتا ہو۔

**ترجمہ**: ۱ امام مالکؒ اس کے خلاف ہیں۔ انکی دلیل ظاہری احادیث ہیں۔

**تشریح** : امام مالکؒ کی رائے یہ ہے کہ کام والے جانور، گھر پر پلنے والے جانور اور جس جانور پر سامان لادا جاتا ہے اس پر بھی زکوۃ ہے۔ اور انکی دلیل یہ ہے کہ بہت سی احادیث میں یہ قید نہیں ہے اور آیت زکوۃ [خذ من اموالهم صدقة ۔ (آیت ۱۰۳، سورۃ التوبۃ ۹) بھی مطلق ہے اس لئے ان جانوروں پر بھی زکوۃ ہوگی۔

**ترجمہ**: ۲ ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے بوجھ اٹھانے والے، اور کام کرنے والے، اور جس بیل سے ہل جوتتا ہو ان میں زکوۃ نہیں ہے۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی پیش کردہ عبارت دو حدیثوں کا مجموعہ ہے۔ ایک حدیث یہ ہے۔ عن علی قال زهير احسبه عن النبی ﷺ ... وليس علی العوامل شیء (ابوداؤد شریف، باب زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۲) اور دوسری حدیث یہ

۳ ولان السبب هو المال النامي ودليله الاسامة او الاعداد للتجارة ولم يوجد ۴ ولان في العلوفة تتراكم المؤنة فينعدم النماء معنى. ۵ ثم السائمة هي التي تكتفي بالرعي في اكثر الحول حتى لو اعلفها نصف الحول او اكثر كانت علوفة لان القليل تابع للاكثر(۷۸۸) ولا يأخذ المصدِّق خيار المال ولا رذالته ويأخذ الوسط﴾

ہے۔عن جابر ان رسول الله ﷺ قال : ليس في المثيرة صدقة ۔(دار قطنی، باب تفسیر الخلیطین وما جاء فی الزکاۃ فی الخلیطین، ج ثانی، ص ۸۹، نمبر ۱۹۲۷) ان دونوں حدیثوں میں ہے کہ جو جانور کام میں لائے جاتے ہوں، یا اس سے ہل جوتنے کا کام لیا جاتا ہو اس پر زکوۃ نہیں ہے۔ مثیر کا ترجمہ ہے ہل سے زمین کو پھاڑنا۔

**ترجمہ**: ۳ اور اس لئے کہ زکوۃ کا سبب بڑھنے والا مال ہے، اور اس کی دلیل چرانا ہے یا تجارت کے لئے تیار کرنا ہے اور یہاں دونوں نہیں پائے گئے

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ زکوۃ کا اصل سبب یہ ہے کہ وہ بڑھ رہا ہو، اور جانور کو چرانے سے بڑھے گا، یا تجارت کے لئے مہیا کریں تب وہ بڑھے گا، اور اوپر کے جانور میں نہ تجارت پائی گئی اور نہ چرانا پایا گیا اس لئے مال نامی نہیں ہوا اس لئے اس میں زکوۃ بھی لازم نہیں ہوگی۔

**لغت**: نامی: بڑھنے والا۔ اسامة: چرانا۔ اعداد: تیار کرنا۔

**ترجمہ**: ۴ اور اس لئے کہ علوفہ میں خرچ پر خرچ بڑھتا جاتا ہے اس لئے معنوی اعتبار سے بڑھوتری ختم ہوگئی۔

**تشریح**: علوفہ اس جانور کو کہتے ہیں جو سال کا اکثر حصہ گھر پر کھا کر پلتا ہو، تو اس میں کھلانے کا خرچ ہوتا چلا جا رہا ہے تو جانور میں بڑھوتری جتنی ہو رہی ہے اس سے زیادہ خرچ ہی ہے اس لئے بڑھنا اور نما نہیں پایا گیا اس لئے اس میں بھی زکوۃ نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۵ پھر سائمہ اس جانور کو کہتے ہیں جو سال کے اکثر حصے میں چرنے پر اکتفاء کرتا ہو، یہاں تک کہ اگر جانور کو آدھا سال کھلایا یا اس سے زیادہ کھلایا تو وہ علوفہ ہوگا اس لئے کہ تھوڑا مہینہ زیادہ کا تابع ہوگا۔

**تشریح**: یہ مسئلہ ,للاكثر حكم الكل ، کے اصول پر متفرع ہے۔ فرماتے ہیں کہ سائمہ: چرنے والا جانور اس کو کہتے ہیں کہ جو سال کا زیادہ تر حصہ چر کر زندگی گزارتا ہو، چنانچہ اگر آدھا سال، یا آدھا سال سے زیادہ اس کو کھلایا تو وہ علوفہ جانور ہوگیا، کیونکہ زیادہ مہینہ چر کر نہیں گزارا۔ اور جو کم ہے وہ اکثر کے تابع ہو جائے گا، اس لئے اس کا اعتبار نہیں ہوگا۔ رعی: چرنا۔

**ترجمہ**: (۷۸۸) زکوۃ لینے والا نہ اعلی درجہ کا مال لے گا اور نہ گھٹیا درجے کا بلکہ اوسط درجے کا مال لیگا۔

**وجہ**: (۱) یہ شریعت کا انصاف ہے کہ نہ اعلی درجے کا مال لے اور نہ گھٹیا درجے کا بلکہ اوسط درجے کا مال لے (۲) ان انسا حدثه

۱ لقوله عليه السلام لا تأخذوا من حرزات اموال الناس اى كرائمها وخذوا من حواشى اموالهم اى اوساطها ۲ ولان فيه نظرا من الجانبين (۷۸۹)قال ومن كان له نصاب فاستفاد فى اثناء الحول من جنسه ضمه اليه وزكاه به﴾

ان ابا بكر كتب له التى امر الله رسوله ﷺ ولا يخرج فى الصدقة هرمة ولا ذات عوار ولا تيس الا ماشاء المصدق ۔(بخاری شریف، باب لایوخذ فی الصدقۃ ھرمۃ ولا ذات عوار ولا تیس الا ماشاء المصدق ص ۱۹۶ نمبر ۱۴۵۵ رابوداؤد شریف ،باب زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۶ نمبر ۱۵۷۲) اس حدیث میں ھرمۃ : بوڑھا سے ادنی درجہ مراد ہے۔اور تیس: سانڈ سے اعلی درجہ مراد ہے۔ اوران دونوں کے لینے سے منع فرمایا جس سے معلوم ہوا کہ اعلی اور ادنی مال نہیں لیا جائے گا۔ بلکہ اوسط جانور لیا جائے گا (۳) عن ابن عباس ان رسول الله ﷺ لما بعث معاذ على اليمن ... وتوق كرائم اموال الناس. (بخاری شریف، باب لا تؤخذ کرائم اموال الناس فی الصدقۃ ص ۱۹۶ نمبر ۱۴۵۸) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ زکوۃ لینے والا اچھا اور اعلی درجہ کا مال نہ لے۔۔خیار: اعلی مال۔رذالۃ :ادنی اور رذیل مال۔

**ترجمہ**: ۱ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ لوگوں کا عمدہ مال مت لو اور اس کے مال کا وسط لو۔

**تشریح** : یہ حدیث یہ ہے .أنبأنا هشام بن عروة عن ابيه قال بعث رسول الله ﷺ رجلا مصدقا قال : لا تأخذ من حزرات أنفس الناس شيئا خذ الشارف و البكر و ذوات العيب ۔(سنن بیہقی، باب لایوخذ کرائم أموال الناس، ج رابع ،ص ۱۷۲،نمبر ۷۳۱۰ رمصنف ابن ابی شیبۃ ، باب ۱۲، ما یکرہ للمصدق من الابل، ج ثانی ،ص ۳۶۱،نمبر ۹۹۱۵) اس حدیث میں ہے کہ حزرات یعنی اعلی درجے کا جانور زکوۃ میں مت لو۔ حزرات :عمدہ مال۔ شارف : درمیانہ قسم کا جانور، بکر: چھوٹا جانور۔

**ترجمہ**: ۲ اوراس لئے بھی کہ وسط لینے میں دونوں جانب کا لحاظ ہے۔

**تشریح**: اوسط جانور لینے میں مالک کا بھی لحاظ ہے کہ اس سے اعلی جانور نہیں لیا، اورغریب کا فائدہ ہے کہ اس کے لئے ادنی نہیں لیا۔

**ترجمہ**: (۷۸۹) جس کے پاس نصاب کا مال ہو پھر سال کے درمیان میں اسی نصاب کی جنس سے فائدہ حاصل کیا تو اس کو مال کے ساتھ ملائے گا اور اس کی زکوۃ دے گا۔

**تشریح**: درمیان سال میں جو مال کا فائدہ ہوا اس کی تین صورتیں ہیں [۱] ایسے مال کا فائدہ ہوا جس کا نصاب پہلے سے نہیں ہے، مثلا چالیس گائے پہلے سے ہے، اور سال کے درمیان چالیس بکری حاصل ہوئی تو بکری کا نصاب گائے کے نصاب سے الگ ہے،

۱ وقال الشافعی لا یضم لانه اصل فی حق الملک فکذا فی وظیفته بخلاف الاولاد والارباح لانها تابعة فی الملک حتی مُلِکت بملک الاصل

اس لئے اس میں بالاتفاق بکری پر سال گزرنا ضروری ہے تب اس پر زکوۃ واجب ہوگی۔[۲] دوسری صورت یہ ہے کہ جو نصاب پہلے سے ہے درمیان سال میں اسی کی پیداوار سے مال کا استفادہ ہوا مثلا چالیس گائے پہلے سے ہے اور درمیان سال میں اس نے بیس بچے دئے، تو یہ بیس بچے ماں کی پیداوار ہیں اس لئے ماں کا جب سال پورا ہوگا اسی وقت ان بچوں کی بھی زکوۃ واجب ہوگی، ان بچوں پر الگ سے سال گزرنا ضروری نہیں، امام شافعیؒ کا مسلک بھی یہی ہے [۳] اور تیسری صورت یہ ہے کہ جو نصاب پہلے سے ہو اسی نصاب کی جنس سے مال کا فائدہ ہوا لیکن یہ مال اس نصاب کی پیداوار نہیں ہے، مثلا چالس گائے پہلے سے تھی درمیان سال میں بیس گائے الگ سے فائدے میں آئی یہ گائے پہلے گائے کے بچے نہیں ہیں، البتہ ہیں دونوں ایک ہی جنس، یعنی گائے تو اس بارے میں امام ابو حنیفہؒ کی رائے یہ ہے کہ اس مال مستفاد گائے پر الگ سے سال گزرنا ضروری نہیں پہلی گائے کے سال پورے ہوتے وقت دوسری بیس گائے کی بھی زکوۃ واجب ہوگی ۔۔ یہی مسئلہ متن میں ۔ اور امام شافعیؒ کے یہاں اس بیس گائے پر الگ سے سال گزرنا ضروری ہے۔

**وجه:** (۱) یہ بیس گائے درمیان سال میں مال مستفاد ہیں۔ اور اس کی جنس بھی وہی ہے جو مال نصاب پہلے سے ہے یعنی گائے اس لئے دونوں کی زکوۃ پہلی گائے کے سال گزرنے پر ادا کرے (۲) اثر میں موجود ہے۔ عن الزهری انه کان یقول اذا استفاد الرجل ما لا فاراد ان ینفقه قبل مجیء شهر زکوته فلیزکه ثم لینفقه و ان کان لایرید ان ینفق فلیزکه مع ماله۔ (مصنف ابن ابی شیبة ۴۹ من قال یزکیہ اذا استفادہ ج ثانی ص ۳۸۷، نمبر ۱۰۲۲۷ رمصنف عبد الرزاق ، باب وجوب الصدقة فی الحول ج رابع ص ۳۲ نمبر ۶۸۷۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ مال مستفاد میں مال نصاب کے ساتھ زکوۃ واجب ہے۔ اثناء: درمیان۔ جنس: ایک ہی نسل کی چیز۔

**ترجمه:** ۱ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ مال مستفاد کو اصل کے ساتھ نہیں ملایا جائے گا، کیونکہ وہ ملکیت کے حق میں اصل ہے تو اس کے حکم میں بھی ایسا ہی اصل ہوگا، بخلاف اولاد اور نفع کے اس لئے کہ وہ ملک میں اصل کے تابع ہے، یہاں تک کہ اصل کے مالک ہو نے سے اصل کا بھی مالک ہو جاتا ہے۔

**تشریح:** جانور کی اولاد اگر درمیان سال میں بڑھی ہے اور مال مستفاد ہوئی ہے تو اس کے بارے میں امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ الگ سے ان پر سال گزرنا ضروری نہیں ہے بلکہ ماں پر جب سال پورا ہوگا تو ماں کے ساتھ بچوں کی بھی زکوۃ دینی ہوگی۔ اسی طرح نصاب سے نفع ہوا ہے۔ مثلا دو سو درہم تھا اس کو تجارت میں لگایا پھر اس سے درمیان سال میں اسی ۸۰ درہم نفع ہوا تو اس اسی

**ع ولنا ان المجانسة هي العلة في الاولاد والارباح لان عندها يتعسر التميز فيعسر اعتبار الحول لكل مستفاد وما شرط الحول الا للتيسير**

درہم پر الگ سے سال پورا ہونا ضروری نہیں ہے بلکہ پہلے نصاب کا جب سال پورا ہوگا اسی وقت اس کی بھی زکوۃ واجب ہوگی۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ و ان كانت الماشية مما تجب فيه الصدقة ، فنتجت قبل الحول حسب نتاجها معها ۔ (موسوعہ امام شافعیؒ باب الوقت الذی تجب فیہ الصدقۃ، ج رابع، ص ۶۰، نمبر ۳۷۹۹) اس عبارت میں ہے کہ جانور کے بچوں کا سال ماں کے ساتھ ہوگا۔ اور اسکی وجہ یہ ہے کہ اولاد اور نفع ملکیت میں اصل کے تابع ہیں چنانچہ ماں کا مالک ہے تو اسکی وجہ سے بچے کا بھی مالک بن جائے گا، اسی طرح تجارت کے مال کا مالک ہے تو اس کی وجہ سے اسکے نفع کا بھی وہی مالک بن جائے گا، اور چونکہ نفع اصل کے تابع ہے اس لئے سال پورا ہونے میں بھی اسی کے تابع ہوگا اور اصل کے سال گزرنے سے نفع اور اولاد کا بھی سال پورا ہو جائے گا لیکن جو مال اولاد اور نفع نہیں ہے۔ الگ سے حاصل ہوا ہے تو اس کو اصل کے ساتھ نہیں ملایا جائے گا اس لئے کہ اس کی ملکیت الگ ہے اس لئے سال پورا ہونے میں اس کا حکم بھی الگ ہوگا، اور اس پر اس کا اپنا سال پورا ہوگا تب زکوۃ واجب ہوگی۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ العطاء فائدة ، فلا زكوة فيها حتى يحول عليه الحول ۔ (موسوعہ امام شافعیؒ باب الوقت الذی تجب فیہ الصدقۃ، ج رابع، ص ۵۹، نمبر ۳۷۹۰) اس عبارت میں ہے کہ تنخواہ کے ساتھ جو عطیہ ہے اس پر سال نہ گزر جائے تو اس پر زکوۃ نہیں ہے۔

**وجہ** : امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جب تک مال مستفاد پر سال نہ گزر جائے زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔ ان کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ من استفاد مالا فلا زكوة عليه حتى يحول عليه الحول (ترمذی شریف، باب ماجاء لا زکوۃ علی المال المستفاد حتی حال علیہ الحول ص ۱۳۷ نمبر ۶۳۱ دار قطنی ا، باب وجوب الزکوۃ بالحول ج ثانی ص ۷۷ نمبر ۱۸۷۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جب تک خود مال مستفاد پر سال نہ گزر جائے اس پر زکوۃ واجب نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ع اور ہماری دلیل یہ ہے کہ اولاد اور نفع میں بھی ایک جنس کا ہونا ہی علت ہے، اس لئے کہ ایک جنس ہوتے وقت الگ الگ کرنا مشکل ہے، اس لئے ہر مستفاد کے لئے سال کا اعتبار کرنا دشوار ہوگا، اور سال کی شرط ہی آسانی کے لئے لگائی گئی ہے۔

**تشریح**: ہماری دلیل یہ ہے کہ اصل مال اور مال مستفاد دونوں کی جنس ایک ہونا اس بات کی علت ہے کہ دونوں کا سال ایک ہی ہو، چنانچہ جانور کی اولاد اور مال تجارت کے نفع کے بارے میں جو یہ گزرا کہ اصل کے ساتھ اس کا بھی سال پورا ہو جائے گا، اس کی وجہ بھی یہی ہے کہ دونوں کی جنس ایک ہے اس لئے یہاں بھی مال مستفاد کی جنس ایک ہوئی تو اصل کے سال پورا ہوتے وقت مال مستفاد کی بھی زکوۃ واجب ہو جائے گی۔ اور اس کی دوسری وجہ یہ ہے کہ فائدے کا مال تھوڑا تھوڑا کر کے الگ الگ مہینوں میں حاصل ہوتا ہے اب ہر ایک کو الگ الگ رکھنا اور ہر ایک پر سال پورا کرنا مشکل کام ہے اس میں مالک پر حرج ہوگا، حالانکہ زکوۃ واجب ہونے میں

(۷۹۰) قال والزكوة عند ابی حنيفة وابی يوسف في النصاب دون العفو وقال محمد وزفرؒ فيهما ﴾ ل حتى لوهلك العفو وبقي النصاب بقي كل الواجب عند ابی حنيفة وابی يوسفؒ وعند محمد وزفر يسقط بقدره.

سال کی قید آسانی کے لئے ہے، اس لئے مال مستفاد کو اصل کے ساتھ ہی سال پورا کرنا بہتر ہوگا۔

**لغت** : ارباح: ربح سے مشتق ہے، نفع۔ یتعسر: مشکل۔ تیسیر: یسر سے مشتق ہے، آسانی۔ تمییز: الگ الگ کرنا، علاحدہ کرنا۔

**اصول**: حنفیہ کے یہاں جنس ایک ہو تو اصل اور مستفاد دونوں مالوں کا سال اصل کے ساتھ ہی پورا ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: (۷۹۰) زکوۃ امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک نصاب میں ہے عفو میں نہیں ہے اور امام محمد اور زفر نے فرمایا دونوں میں واجب ہے۔

**ترجمہ**: ل یہاں تک کہ اگر عفو ہلاک ہو گیا اور نصاب باقی رہا تو امام ابو حنیفہؒ اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک کل واجب باقی رہے گا۔

**تشریح**: مثلا دوسو درہم پر زکوۃ واجب ہوتی ہے اور کسی کے پاس دوسوتیس درہم ہیں تو امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسف کی رائے یہ ہے کہ زکوۃ دوسو درہم ہی پر پانچ درہم واجب ہوئی، باقی تیس درہم عفو ہے زیادہ ہے اس پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی وہ معاف ہے۔ چنانچہ سال گزرنے کے بعد تیس درہم ہلاک ہو جائے تو دوسو درہم پر جو پانچ درہم زکوۃ واجب ہوئی تھی اس میں کچھ کم نہیں ہوگی پانچ درہم ہی دینا ہوگی۔ اور امام محمد اور امام زفر کے نزدیک عفو پر بھی زکوۃ واجب ہے تو گویا کہ دوسوتیس درہم پر پانچ درہم واجب ہوئی اس لئے تیس درہم ہلاک ہو گئے تو اس حساب سے پانچ درہم زکوۃ میں پینسٹھ (۶۵) پیسے کی کمی آئے گی۔ اور چار درہم پینتیس (۳۵) پیسے زکوۃ واجب ہوگی۔

**لغت**: نصاب کے بعد جو زائد مال ہے اس کو عفو کہتے ہیں۔ اس عفو میں زکوۃ واجب ہوئی یا نہیں اس بارے میں اختلاف ہے۔

**وجہ**: (۱) امام شیخین کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن معاذ ان رسول الله ﷺ امره حين وجهه الى اليمن ان لاتأخذ من الكسر شيئا اذا كانت الورق مائتي درهم فخذ منها خمسة دراهم ولا تأخذ مما زاد شيئا حتى تبلغ اربعين درهما واذا بلغ اربعين درهما فخذ منه درهما . (دار قطنی ۳ باب لیس فی الکسر شیء، ج ثانی، ص ۸۰ نمبر ۱۸۸۶) اس حدیث سے پتہ چلا کہ دوسو درہم کے بعد جب تک چالیس درہم نہ ہو جائے تو زکوۃ اس سے کم میں واجب نہیں ہوگی۔ (۲)۔ عن ابن عباس قال لما بعث رسول الله معاذا الى اليمن قيل له بما امرت قال امرت ان اخذ من البقر من كل ثلاثين تبيعا او تبيعة ومن كل اربعين مسنة قيل له امرت في الاوقاص بشيء ؟ قال لا وسأسال النبی ﷺ

۲ لمحمد وزفران الزكوٰة وجبت شكر النعمة المال والكل نعمة ۳ ولهما قوله عليه السلام في خمس من الابل السائمة شاة وليس في الزيادة شئ حتى تبلغ عشر او هكذا قال في كل نصاب نفى الوجوب عن العفو.

---

فساله فقال لا وهو مابين السنين يعني لا تأخذ من ذلك شيئا (دار قطنی ۳ باب لیس فی الکسر شیء ج ثانی ص ۸۰، نمبر ۱۸۸۷ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۵ فی الزیادۃ فی الفریضۃ، ج ثانی، ص ۳۶۴، نمبر ۹۹۴۱ رسنن بیہقی، باب کیف فرض صدقۃ البقر، ج رابع، ص ۱۶۶، نمبر ۷۲۹۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ وقص میں کوئی زکوۃ نہیں ہے، اور وقص کہتے ہیں جن دو عددوں پر زکوۃ ہے اس کے درمیان کے عدد کو، اس کا مطلب ہوا کہ درمیان کی عدد پر زکوۃ نہیں ہے۔ (۳) اس حدیث میں بھی ہے. عن سالم عن ابيه قال : كتب رسول الله كتاب الصدقة .....فان كانت الغنم أكثر من ذالك ففي كل مائة شاة شاة و ليس فيها شيء حتى تبلغ المائة ۔ (ابوداود شریف، باب فی زکاۃ السائمۃ، ص ۲۳۱، نمبر ۱۵۶۸) اس حدیث میں ہے کہ تین سو بکری کے بعد کوئی زکوۃ نہیں جب تک کہ ایک سو نہ پورا ہو جائے، اس سے معلوم ہوا کہ عفو میں زکوۃ واجب نہیں ہے۔ اس لئے عفو ہلاک ہوا تو واجب زکوۃ میں سے کچھ کم نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲ امام محمدؒ اور زفرؒ کی دلیل یہ ہے کہ زکوۃ مال کی نعمت کے شکریہ کے لئے واجب ہوئی ہے، اور کل مال نعمت ہے [اس لئے سب میں زکوۃ واجب ہوگی]

**تشریح**: عفو میں بھی زکوۃ واجب ہونے کی یہ دلیل عقلی ہے۔ کہ مال نعمت ہے اور زکوۃ نعمت کے شکریہ ادا کرنے کے لئے واجب ہوئی ہے، اور اصل نصاب بھی نعمت ہے اور عفو بھی نعمت ہے اس لئے دونوں پر زکوۃ واجب ہونی چاہئے، اور سال گزرنے کے بعد عفو ہلاک ہوا تو اس سے بھی زکوۃ کی کمی ہونی چاہئے۔

**وجہ**: حدیث میں ہے۔ فاذا كانت مائتي دراهم ففيها خمسة دراهم فمازاد فعلى حساب ذلك (ابوداود شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ، ص ۲۳۲، نمبر ۱۵۷۲ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۵ فی الزیادۃ فی الفریضۃ، ج ثانی، ص ۳۶۴، نمبر ۹۹۴۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ جو زیادہ ہو زکوۃ میں اس کا بھی حساب ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳ امام ابو حنیفہ اور امام ابو یوسفؒ کی دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے چرنے والے پانچ اونٹ میں ایک بکری ہے ....اور زیادہ میں کچھ نہیں ہے یہاں تک کہ دس تک پہنچ جائے، اسی طرح فرمایا اور ہر نصاب میں عفو سے وجوب کی نفی کی۔

**تشریح**: عفو میں زکوۃ واجب نہیں ہے اس کے لئے اوپر کئی حدیث ذکر کی گئی ہے۔ صاحب ھدایہ نے جن الفاظ کے ساتھ حدیث پیش کی ہے ان الفاظ کے ساتھ ہر نصاب میں حدیث نہیں ہے البتہ اس کے قریب قریب مفہوم اس طرح ہے (۱). فيما دون

۴ ولان العفو تبع للنصاب فيصرف الهلاک اولا الی التبع کالربح فی مال المضاربة ۵ ولهذا قال ابو حنيفة يصرف الهلاک بعد العفو الیٰ النصاب الاخير ثم الی الذی يليه الی ان ينتهی لان الاصل هو النصاب الاول وما زاد عليه تابع

خمس و عشرين من الابل الغنم فی کل خمس ذود شاة ، فاذا بلغت خمسا وعشرين ففيها بنت مخاض الی ان تبلغ خمسا و ثلاثلين ۔ (ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ،ص ۲۳۰،نمبر ۱۵۶۷) اس حدیث میں الی ان تبلغ خمسا و ثلاثين ،کالفظ ہے جس سے یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ پچیس اونٹ کے بعد پینتیس تک کوئی زکوۃ واجب نہیں ہے۔(۲) دوسری حدیث میں ہے. عن سالم عن ابيه قال : کتب رسول الله کتاب الصدقة....فی خمس من الابل شاة و فی عشر شاتان ....فان زادت واحدة ففيها ابنة لبون الی خمس و أربعين ، فاذا زادت واحدة ففيها حقة الی ستين... .فان کانت الغنم أکثر من ذالک ففی کل مائة شاة شاة و ليس فيها شیء حتی تبلغ المائة ۔(ابو داودشریف، باب فی زکاۃ السائمۃ ،ص۲۳۱،نمبر ۱۵۶۸ ر ترمذی شریف، باب ماجاء فی زکاۃ الابل والغنم ،ص ۱۶۰،نمبر ۶۲۱) اس حدیث میں .فان زادت واحدة ففيها ابنة لبون الی خمس و أربعين ، کالفظ ہے جس سے سمجھا جا سکتا ہے کہ چھتیس اور پینتالیس کے درمیان اونٹوں پر کوئی زکوۃ نہیں ہے۔ البتہ اس حدیث کے آخیر میں , و ليس فيها شیء حتی تبلغ المائة، کا لفظ ہے جس سے مصنف کی مراد زیادہ واضح ہوتی ہے۔

**ترجمه**: ۴ اور اس لئے بھی کہ عفو نصاب کے تابع ہے اس لئے ہلاک پہلے تابع کی طرف پھیرا جائے گا۔ جیسے کہ مال مضاربت میں ہلاک پہلے نفع کی طرف پھیرا جاتا ہے۔

**تشريح**: عفو میں زکوۃ نہیں اس کی دلیل عقلی ہے، کہ عفو اصل نصاب کے تابع ہے، اس لئے جو مال، یا جانور ہلاک ہوا اس کو پہلے تابع کی طرف پھیرا جائے گا، اور کہا جائے گا یہ تابع سے ہلاک ہوا، اس کے بعد جو نصاب متصل ہے اسکی طرف پھیرا جائے گا، اس سے بھی پورا نہ ہو تو اس نصاب سے جو متصل ہو اس کی طرف پھیرا جائے گا، آخیر میں نصاب اول کی طرف پھرا جائے گا، اور کہا جائے گا کہ نصاب اول سے ہلاک ہوا۔ اسکی مثال مضاربت کا مال ہے، مثلا چالیس درہم مضارت پر تجارت کرنے کے لئے کسی کو دیا، اور اس نے اس سے بیس درہم نفع کمایا، بعد میں بیس درہم ہلاک ہو گیا تو کہا جائے گا کہ یہ بیس درہم نفع میں سے ہلاک ہوا، کیونکہ وہ تابع ہے، اصل چالیس درہم میں سے ہلاک نہیں ہوا، اسی طرح یہاں پہلے عفو میں سے ہلاک ہوگا بعد میں نصاب سے۔

**ترجمه**: ۵ اسی لئے امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ عفو کے بعد ہلاک نصاب آخیر کی طرف پھیرا جائے گا، پھر اس کے بعد جو نصاب متصل ہو اس کی طرف پھیرا جائے گا، یہاں تک کہ نصاب پورا جائے، اس لئے کہ اصل پہلا نصاب ہے، اور جو اس سے زیادہ ہے وہ

۶ وعند ابی یوسف یصرف الی العفو او لا ثم الی النصاب شائعا. (۷۹۱) واذا اخذالخوارج الخراج وصدقة السوائم لا یثنی علیهم﴾ ۱ لان الامام لم یحمهم والجبایة بالحمایة

پہلے کے تابع ہے۔

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ کی رائے یہ ہے کہ ہلاک پہلے عفو کی طرف پھیرا جائے گا، اسکے بعد جو آخیر کا نصاب ہے اسکی طرف پھرا جائے گا، پھر جو نصاب ہے اسکی طرف پھیرا جائے گا۔ مثلا کسی کے پاس انیس ۱۹ اونٹ ہوں، اوران میں سے نو ۹ اونٹ ہلاک ہوگیا تو پہلے چار اونٹ عفو کی طرف پھیرا جائے گا، اور کہا جائے گا کہ چار اونٹ عفو میں سے ہلاک ہوا، اس کے بعد پانچ اونٹ اس نصاب میں سے ہلاک شمار کیا جائے گا جو دس سے پندرہ تک اونٹ ہے، کیونکہ یہی آخیر نصاب ہے، اسکے بعد ہلاک ہوتو پانچ سے دس تک جو اونٹ ہے اس میں ہلاک شمار کیا جائیگا

**وجہ** : اس کی وجہ یہ ہے کہ آخیر کا نصاب پہلے نصاب کا تابع ہے، اور پہلا نصاب اصل ہے، اس لئے تابع پہلے ہلاک شمار کیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۶ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ہلاک پہلے عفو کی طرف پھیرا جائے گا، پھر تمام ہی نصاب کی طرف۔

**تشریح** : امام ابو یوسفؒ کے نزدیک ہلاک پہلے عفو کی طرف پھیرا جائے گا، اسکے بعد آخیر نصاب کی طرف نہیں بلکہ تمام ہی نصاب کی طرف پھیرا جائے گا۔ مثال مذکور میں جو انیس ۱۹ اونٹ میں سے نو ۹ اونٹ ہلاک ہوئے تو چار اونٹ عفو میں سے ہلاک ہوگا، اوراس کے بعد جو پانچ اونٹ ہے وہ تمام نصاب میں سے ہلاک شمار کیا جائے گا صرف آخیر نصاب میں سے ہلاک شمار نہیں کیا جائے گا۔ شائعا: مشترک، سب۔

**ترجمہ**: (۷۹۱) اگر خوارج نے خراج وصول کرلیا، یا چرنے والے جانور کی زکوۃ لے لی تو لوگوں سے دوبارہ نہیں لی جائے گی۔

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ امام نے اسکی حمایت نہیں کی، اور محصول حمایت کی وجہ سے ہوتا ہے۔

**تشریح**: خوارج مسلمان ہوتا ہے، لیکن امام عادل کے خلاف جنگ کے لئے اتر پڑتا ہے اس لئے اسکو خوارج کہتے ہیں، اگر غیر مسلموں کے ساتھ لڑائی ہوجائے تو یہ خوارج امید ہے کہ ہمارے ساتھ ہی مل کر جنگ کریں گے اس لئے یہ کسی نہ کسی درجے میں ہمارے فوجی اور مقاتلہ ہیں۔ پس اگر ان خوارج نے کچھ گاؤں والوں کو مجبور کر کے غیر مسلموں کی زمین سے خراج وصول کرلیا تو امام عادل ان گاؤں والوں سے دوبارہ خراج وصول نہ کرے۔ اسی طرح باہر چرنے والے جانور کی زکوۃ خوارج نے لے لی تو وہ بھی ادا ہو گئی۔

**وجہ** : (۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ خراج حفاظت کرنے کی وجہ سے وصول کرتے ہیں، اور یہاں امام نے گاؤں والوں کی حفاظت نہیں کی تب ہی تو خوارج نے انکو مجبور کیا، اس لئے امام عادل ان لوگوں سے دوبارہ خراج وصول نہ کرے۔ (۲) زکوۃ کے بارے

(۷۹۲) وأفتوا بان يعيدوها دون الخراج ﴾ لـ فيما بينهم وبين الله تعالىٰ لانهم مصارف الخراج لكونهم مقاتلة و الزكوٰة مصرفها الفقراء فلا يصرفونها اليهم

میں حدیث میں ہے کہ ایسے لوگ زکوۃ وصول کرنے آئیں گے جس کو تم پسند نہیں کرتے تو اس کو بھی زکوۃ دے دو وہ ادا ہو جائے گی، حدیث یہ ہے. عن جابر بن عتيک أن رسول الله ﷺ قال :سيأتيكم ركب مبغضون فاذا جاء و كم فرحبوا بهم و خلوا بينهم و بين ما يبتغون فان عدلوا فلانفسهم ، و ان ظلموا فعليها و أرضوهم ، فان تمام زكاتكم رضاهم و ليدعوا لكم ۔(ابو داود شریف، باب رضاء المصدق، ص ۲۳۵، نمبر ۱۵۸۸) اس حدیث میں ہے مبغوض مصدق بھی تمہارے پاس آئے تو اس کو زکوۃ دے دو زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔(۳) أن ابن عمر قال : ادفعوا اليهم و ان شربوا بها الخمر يعني الامراء ۔(سنن بیہقی، باب باب الاختیار فی دفعها الی الوالی، ج رابع، ص ۱۹۴، نمبر ۷۳۸۳/مصنف ابن ابی شیبۃ ، باب ۴۸، من قال تدفع الزکاۃ الی السلطان، ج ثانی، ص ۳۸۴، نمبر ۱۰۱۹۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جو آپ کا والی ہے اس کو زکوۃ دے دو چاہے وہ اس سے شراب ہی پی لیں آپ کی زکوۃ ادا ہو جائے گی۔۔ یثنی: تثنیہ سے مشتق ہے، دوبارہ وصول کرنا۔ تحمی: حفاظت کرنا۔ جبایۃ محصول۔ سائمۃ: چرنے والے جانور کی قید اس لئے ہے کہ باہر چرنے والے جانور کی زکوۃ بادشاہ کو لینے کا حق ہے ، کیونکہ وہ باہر چرتا ہے، اور بادشاہ کی فوج چور سے اس کی حفاظت کرتی ہے، اور گھر میں جو سونا چاندی ہے اس کے بارے میں یہ ہے کہ اس کا مالک خود فقیروں کو اس کی زکوۃ دے، بادشاہ کو حوالہ کرنے کی ضرورت نہیں۔

**ترجمہ**: (۷۹۲) لوگوں کو فتوی یہ دیا جائے کہ زکوۃ فقیروں کو دوبارہ دے دے [یہ دوبارہ دینا اسکے اور اللہ کے درمیان ہے]، اور خراج دوبارہ نہ دے۔

**ترجمہ**: لـ اس لئے کہ خوارج خراج کا مصرف ہیں، اور زکوۃ کا مصرف فقراء ہیں، اور یہ فقراء پر خرچ نہیں کریں گے [اس لئے زکوۃ دوبارہ دے

**تشریح**: اصل تو یہی ہے کہ خوارج خراج اور زکوۃ وصول کر لے تو دونوں ادا ہو جائیں گے۔لیکن لوگوں کو فتوی یہ دیا جائے کہ زکوۃ اپنے ہاتھ سے دوبارہ فقراء اور مساکین کو دے دیں۔اس کی وجہ یہ ہے کہ زکوۃ کا مصرف فقرا اور مساکین ہیں اور یہ لوگ ان پر خرچ نہیں کریں گے، اس لئے مالک اپنے ہاتھ سے دوبارہ زکوۃ ادا کر دے۔اور خراج دوبارہ ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ خراج کا مصرف اسلامی فوج ہے، اور خوارج لوگ بہر حال مسلمان ہیں، اور غیر مسلم سے جنگ ہو تو یہ ہماری فوج میں ہونگے، اس لئے یہ خراج کے مصرف ہیں اور انہوں نے خراج صرف کر دیا تو خراج کے مصرف میں صرف ہوا اس لئے دوبارہ ادا کرنے کی ضرورت نہیں۔۔مقاتلۃ: فوج۔

**۲ وقيل اذا نوى بالدفع التصدق عليهم سقط عنه وكذا ما دفع الى كل جائر لانهم بما عليهم من التبعات فقراء والاول احوط (۷۹۳) وليس على الصبى من بنى تغلب فى سائمته شئ وعلى المرأة ما على الرجل منهم ﴾ ۱ لان الصلح قد جرى علىٰ ضِعف ما يوخذ من المسلمين ويوخذ من نساء المسلمين دون صبيانهم.**

**ترجمہ:** ۲ فقیہ ابو جعفرؒ نے فرمایا کہ دیتے وقت ان خوارج پر صدقہ کی نیت کرے تو دینے والے سے زکوۃ ساقط ہو جائے گی۔ اسی طرح ہر ظالم کو دیتے وقت [زکوۃ کی نیت کرے گا تو زکوۃ ادا ہو جائے گی] اس لئے کہ جتنا قرض وغیرہ اس پر ہے اس کی وجہ سے وہ فقیر ہے۔ اور پہلا قول احوط ہے۔

**تشریح** : فقیہ ابو جعفرؒ نے فرمایا کہ ان ظالم بادشاہوں نے لوگوں پر ظلم کر کے اتنے مال لئے ہیں کہ اگر سب کو ادا کرے تو وہ فقیر بن جائیں گے اس لئے حقیقت میں وہ لوگ فقیر ہیں صرف دیکھنے کے مالدار ہیں اس لئے ان کو زکوۃ دیتے وقت یہ نیت کرے کہ انکو ہی زکوۃ دے رہا ہوں تو زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے۔ اصل میں اوپر کی حدیث ہے جسکی وجہ سے زکوۃ ادا ہوگی۔ البتہ احتیاط پہلے قول میں ہے کہ اپنے ہاتھ سے واقعی فقیر کو دوبارہ زکوۃ دے دے۔ ۔ جائر : ظالم۔ تبعات: پیچھے لگنے والی چیز، یہاں مراد ہے ظلم سے لیا ہوا مال، اور قرض۔

**ترجمہ:** (۷۹۳) بنی تغلب کے بچوں پر اس کے چرنے والے جانور میں کچھ نہیں ہے، اور عورتوں پر اتنی زکوۃ ہے جتنی انکے مرد پر ہے۔

**ترجمہ:** ۱ اس لئے کہ اس بات صلح ہوئی تھی کہ جتنی زکوۃ مسلمانوں سے لی جائے اسکا دوگنا ان سے لیا جائے۔ اور مسلمان عورتوں سے زکوۃ لی جاتی ہے، انکے بچوں سے نہیں لی جاتی۔

**تشریح** : بنو تغلب عرب کے نصاری کی ایک قوم تھی، جو روم کے پاس آباد تھی، حضرت عمرؓ نے جب ان پر جزیہ مقرر کرنا چاہا تو ان لوگوں نے کہا کہ ہم عرب ہیں اس لئے جزیہ دینے سے ہم کو شرم آتی ہے، اگر آپ ہم پر جزیہ مقرر کریں گے تو ہم بھاگ کر آپکے دشمن کے پاس چلے جائیں گے، اس لئے ہم پر بھی آپ زکوۃ ہی مقرر کریں چاہے دوگنی کر دیں۔ حضرت عمرؓ نے صحابہؓ کے مشورہ سے ان پر دوگنی زکوۃ لازم کی اور ان لوگوں نے اس کو قبول کیا، حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ ہماری جانب سے تو یہ جزیہ ہی ہے البتہ تم لوگ اس کا جو چاہے نام رکھ لو۔ حضرت عثمانؓ کے زمانے میں بھی ان پر یہی جزیہ مقرر رہا، اور گویا کہ اس پر امت کا اجماع ہو گیا۔

چونکہ حنفیہ کے یہاں مسلمان بچوں سے زکوۃ نہیں لی جاتی ہے اس لئے بنو تغلب کے بچوں سے بھی زکوۃ نہیں لی جائے گی، اور مسلمان عورتوں سے زکوۃ لی جاتی ہے اس لئے بنو تغلب کی عورتوں سے دوگنی زکوۃ لی جائے گی۔ ضعف: دوگنا۔

(۷۹۴)وان ھلک المال بعد وجوب الزکوٰۃ سقطت الزکوٰۃ ﴾ ۱ وقال الشافعیؒ یضمن اذا ھلک بعد التمکن من الاداء لان الواجب فی الذمۃ فصار کصدقۃ الفطر ،ولانہ مَنَعہ بعد الطلب فصار کالاستھلاک

**ترجمہ**: (۷۹۴) زکوۃ واجب ہونے کے بعد اگر مال ہلاک ہوجائے تو زکوۃ ساقط ہوجائے گی۔

**تشریح**: نصاب پر سال گزر گیا جس کی وجہ سے زکوۃ واجب ہوئی اور ادا کرنے کی بھی قدرت ہوئی لیکن آجکل کرتا رہا اور اس درمیان مال ہلاک ہوگیا تو حنفیہ کے نزدیک زکوۃ ساقط ہوجائے گی۔اور اگر جان کر مال کو ہلاک کر دیا تو زکوۃ واجب رہے گی۔

**وجہ**: (۱) زکوۃ کا محل مال تھا اور اب محل ہی باقی نہیں رہا تو زکوۃ کس پر لازم کریں۔جیسے جنایت کرنے والا غلام مر جائے تو مولی اب کس کو سپرد کرے گا۔مولی سے ضمان ساقط ہوجاتا ہے۔اسی طرح مال کی ہلاکت کے بعد زکوۃ ساقط ہوجائے گی۔اور اگر آدھا مال ہلاک ہوا تو آدھی زکوۃ ساقط ہوگی۔(۲) اس قول میں اس کا ثبوت ہے۔ عن عطاء فی الرجل اذا اخرج زکوۃ مالہ فضاعت انھا تجزی عنہ (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۸۹ ما قالوا فی الرجل اخرج زکوۃ مالہ فضاعت ج ثانی ،ص ۴۰۸ ،نمبر ۱۰۴۹۱ ر مصنف عبد الرزاق، باب ضمان الزکاۃ، ج رابع ،ص ۴۳ ،نمبر ۶۹۹۷) اس اثر سے معلوم ہوا کہ زکوۃ کا مال نکال چکا ہو پھر ضائع ہوگیا ہو تو وہ کافی ہوگا تو پورا مال ہی ہلاک ہوگیا ہو تو بدرجۂ اولی زکوۃ ساقط ہوجائے گی۔

**ترجمہ**: ۱ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ ادا پر قدرت کے بعد مال ہلاک ہوگیا تو ضامن ہوگا،اس لئے کہ زکوۃ ذمے میں واجب ہے، اس لئے صدقۃ الفطر کی طرح ہوگیا۔اور اس لئے بھی کہ گویا کہ طلب کرنے کے بعد منع کر دیا، تو ایسا ہوا کہ خود مال کو ہلاک کر دیا ہو۔

**تشریح**: حضرت امام شافعیؒ کی رائے یہ ہے کہ زکوۃ کے مال پر سال گزر گیا اور زکوۃ ادا کرنے کی قدرت تھی اور ادا نہیں کیا اور مال ہلاک ہوگیا تو زکوۃ ادا کرنی ہوگی۔موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔قال الشافعیؒ وان اخرجھا بعد ما حلت فھلکت قبل ان یدفعھا الی اھلھا ، فان کان لم یفرط و التفریط أن یمکنہ بعد حولھا دفعھا الی أھلھا أو الی الوالی فتأخر لم یحسب علیہ ما ھلک ، و لم تجز عنہ من الصدقۃ لان من لزمہ شیء لم یبرأ منہ الا بدفعہ الی من یستوجبہ علیہ ۔(موسوعۃ امام شافعی، باب الذی یدفع زکاتہ فتھلک قبل أن یدفعھا الی أھلھا، ج رابع ،ص ۱۸۷ ،نمبر ۴۳۲۵) اس عبارت میں ہے کہ زکوۃ فقراء تک نہیں پہنچی اور ہلاک ہوگئی تو دوبارہ ادا کرنا ہوگا۔

**وجہ**: مصنفؒ نے زکوۃ واجب رہنے کے لئے تین دلیل عقلی پیش کی ہے۔[۱] سال گزرنے کے بعد زکوۃ ذمے میں واجب ہوگئی، اور قاعدہ یہ ہے کہ کوئی چیز ذمے میں واجب ہوجائے تو جب تک مستحق کو ادا نہ کرے واجب رہتی ہے،اور زکوۃ ابھی تک فقراء میں تقسیم نہیں کی ہے اس لئے واجب رہے گی[۲] دوسری دلیل دی ہے کہ جیسے صدقۃ الفطر واجب ہونے کے بعد مال ہلاک ہوجائے تب بھی واجب رہتا ہے ساقط نہیں ہوتا اسی طرح زکوۃ بھی واجب رہے گی۔[۳] تیسری دلیل یہ دی ہے کہ زکوۃ واجب ہوگئی تو گویا کہ اللہ

۲ ولنا ان الواجب جزء من النصاب تحقيقا للتيسير فيسقط بهلاک محله كدفع العبد الجانی بالجانی بالجناية يسقط بهلاكه ۳ والمستحق فقير يعينه المالک ولم يتحقق منه الطلب

نے اس زکوۃ کو طلب کرلیا، اور گویا کہ فقیر نے اپنا حق مانگا اور اس نے قدرت کے باوجود نہیں دیا تو گویا کہ اس نے مال جان کر ہلاک کر دیا، اور مال جان کر ہلاک کر دے تو حنفیہ کے یہاں بھی زکوۃ واجب رہتی ہے اس لئے یہاں بھی زکوۃ واجب رہے گی۔۔
استھلاک: کا ترجمہ ہے جان کر ہلاک کرنا [۴] اس اثر میں ہے کہ دوبارہ زکوۃ دینا ہوگی، اثر یہ ہے۔ عن مغیرة عن اصحابه قالوا: اذا اخرج زكوة ماله فضاعت فليزكي مرة اخرى (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۸۹ ما قالوا فی الرجل اخرج زکوۃ ماله فضاعت، ج ثانی، ص ۴۰۸، نمبر ۱۰۴۸۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ دوبارہ ادا کرے۔

**ترجمہ**: ۲ ہماری دلیل یہ ہے کہ واجب نصاب کا ہی ایک جز ہے آسانی متحقق ہونے کے لئے اس لئے محل کے ہلاک ہونے سے زکوۃ بھی ساقط ہو جائے گی، جیسے کہ جرم کی وجہ سے جرم کرنے والے غلام کو دینا ساقط ہو جاتا غلام کے ہلاک ہونے سے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ نے فرمایا تھا کہ زکوۃ مالک کے ذمے میں واجب ہوتی ہے اس لئے مال کے ہلاک کے بعد بھی اس کے ذمے میں رہے گی۔ صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ زکوۃ مالک کے ذمے میں واجب نہیں ہوتی بلکہ آسانی کے لئے مال نصاب کے ہی ایک جز میں واجب ہوتی ہے، یہی وجہ ہے کہ چالیس بکری میں ایک بکری زکوۃ ہے تو اسی چالیس بکری ہی میں سے ایک بکری دینا واجب ہے، الگ سے بکری خریدنے کی ضرورت نہیں ہے، اور مال جو زکوۃ کا محل تھا وہ ہلاک ہو گیا تو وہ جز بھی ختم ہو گیا اب مالک اس جز کے ادا کرنے پر قادر نہیں ہے، اس لئے زکوۃ ساقط ہو جائے گی۔ اس کی ایک مثال یہ ہے کہ مثلا زید کے غلام نے عمر کو غلطی سے قتل کر دیا تو زید پر لازم ہے کہ غلام کو عمر کے ولیوں کے حوالے کر دے۔ اب حوالہ کرنے سے پہلے غلام ہی ہلاک ہو گیا تو زید سے غلام دینا ساقط ہو جائے گا کیونکہ غلام جو محل تھا وہی باقی نہیں رہا، اسی طرح سے زکوۃ کا محل ختم ہو گیا تو زکوۃ کا دینا بھی ساقط ہو جائے گا۔۔
جنایۃ: جرم کرنا، جانی: جرم کرنے والا۔

**ترجمہ**: ۳ اور زکوۃ کا مستحق وہ فقیر ہے جسکو مالک متعین کرے، اور نہ مالک سے متعین کرنا متحقق ہوا اور نہ اس سے طلب کرنا پایا گیا۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے، انہوں نے فرمایا تھا کہ زکوۃ واجب ہو گئی تو گویا کہ اللہ نے اس کو مانگ لیا، اور مانگنے کے بعد ہلاک ہو جائے تو ایسا سمجھو کہ ہلاک کر دیا، اس کا جواب دے رہے ہیں کہ مالک جس فقیر کے ہاتھ میں زکوۃ دے گا اور اپنی زکوۃ کے لئے متعین کرے گا اس فقیر سے طلب کرنا اصل ہے، اس کے طلب کرنے کے بعد نہ دے تو مالک ضامن ہوگا، اور مال کو ہلاک کرنا شمار کیا جائے گا، اور یہاں کسی فقیر کے ہاتھ میں زکوۃ دی ہی نہیں، اس لئے اس سے طلب کرنا نہیں پایا گیا، اس لئے خود سے ہلاک کرنا بھی نہیں ہوا، اس لئے زکوۃ واجب نہیں رہے گی۔

۴ وبعد طلب الساعی قيل يضمن وقيل لا يضمن لانعدام التفويت ۵ وفی الاستهلاک وجد التعدی ۶ وفی هلاک البعض يسقط بقدره اعتبارا له بالکل

**ترجمہ**: ۴ اور زکوۃ وصول کرنے والے کے طلب کرنے کے بعد بعض حضرات نے فرمایا کہ ضامن ہو جائے گا۔ اور بعض حضرات نے فرمایا کہ ضامن نہیں ہوگا، اس لئے کہ فوت کرنا نہیں پایا گیا۔

**تشریح** : مال زکوۃ پر سال گزرنے کے بعد زکوۃ وصول کرنے والے ساعی نے زکوۃ مانگا، لیکن مالک نے نہیں دیا پھر مال ہلاک ہو گیا تو حضرت ابوالحسن کرخیؒ نے فرمایا کہ زکوۃ واجب رہے گی، کیونکہ ساعی کے مانگنے کے بعد نہیں دیا، اور امانت کا قاعدہ یہ ہے کہ مانگنے کے بعد نہ دے اور مال ہلاک ہو جائے تو اس پر ضمان لازم ہوتا ہے، تو یہاں بھی حقدار نے مانگا ہے اس لئے زکوۃ دینی ہوگی۔ اور ماوراء النہر کے مشائخ نے فرمایا کہ مالک پر زکوۃ واجب نہیں رہے گی، کیونکہ باضابطہ انکی جانب سے مال کا ہلاک کرنا نہیں پایا گیا۔ باقی رہا ساعی کا مانگنا، تو کوئی ضروری نہیں ہے اسی ساعی کو دے کسی مصلحت کی وجہ سے کسی دوسرے ساعی کو بھی دے سکتا ہے، یا کسی دوسرے فقیر کو بھی دے سکتا ہے، اس لئے اس ساعی کے انکار میں کوئی حرج نہیں ہے۔ ساعی: کوشش کرنے والا، زکوۃ وصول کرنے والا۔ دریائے سیحون کے پاس اسکی اتر جانب کچھ گاؤں تھے اور بڑے بڑے مدرسے تھے، انکے علمار ماوراء النہر کے علما کہے جاتے تھے، یہ گاؤں تاشقند کے پاس ہیں، اور ابھی روس میں ہیں۔ اس وقت یہ مدرسے ویران ہو چکے ہیں، مصنف ھدایہ اسی کے قریب مقام فرغانہ کے باشندے ہیں۔

**ترجمہ**: ۵ اور جان کر مال ہلاک کرنے میں تعدی پائی گئی۔

**تشریح** : یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے۔ انہوں نے فرمایا تھا کہ جان کر ہلاک کر دے تو اس صورت میں زکوۃ واجب رہتی ہے اسی طرح مال خود بخود ہلاک ہو جائے تو اس میں بھی زکوۃ واجب رہے گی، اس کا جواب یہ ہے کہ ہلاک کرنے میں تعدی پائی گئی اس لئے مالک پر ضمان رہے گا، اور خود بخود ہلاک ہونے میں مالک کی جانب سے تعدی نہیں ہے اس لئے اس پر اس کا ضمان لازم نہیں ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۶ بعض مال ہلاک ہونے میں اسی کی مقدار ساقط ہوگی، کل پر قیاس کرتے ہوئے۔

**تشریح** : مثلا دو سو درہم تھا سال گزرنے کے بعد ایک سو درہم ہلاک ہو گیا تو جو ایک سو درہم ہلاک ہوا اس کی زکوۃ ساقط ہوگی، اور جو ایک سو درہم باقی رہا اس کی زکوۃ واجب رہے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ سب مال ہلاک ہوتا تو سب زکوۃ ساقط ہوتی، اس پر قیاس کرتے ہوئے بعض مال ہلاک ہوا تو بعض زکوۃ ساقط ہوگی۔

(۷۹۵) وان قدّم الزكوٰة على الحول وهو مالك للنصاب جاز ﴾ ل لانه ادى بعد سبب الوجوب فيجوز كما اذا كَفَّرَ بعد الجرح وفيه خلاف مالك ؒ ۲ ويجوز التعجيل لا كثر من سنة لوجود السبب

**ترجمہ**: (۷۹۵) اگر سال مکمل ہونے سے پہلے زکوۃ دیدی اور حال یہ ہے کہ وہ نصاب کا مالک ہے تو جائز ہے۔

**تشریح**: ایک آدمی نصاب کا مالک ہے لیکن اس نصاب پر سال نہیں گزرا ہے اور وہ ابھی زکوۃ ادا کر دینا چاہتا ہے تو جائز ہے۔ ا کوۃ ادا ہو جائیگی۔

**وجہ**: (۱) مال نصاب اصل سبب ہے اور وہ پایا گیا تو گویا کہ سبب پایا گیا اس لئے زکوۃ کی ادائیگی ہو جائیگی (۲) حدیث میں ہے۔ عن علی ان العباس سأل النبی ﷺ فی تعجیل الصدقة قبل ان تحل فرخص له فی ذلک . (ابوداؤد شریف، باب فی تعجیل الزکوۃ ص ۲۳۶ نمبر ۱۶۲۴ / ترمذی شریف، باب ماجاء فی تعجیل الزکوۃ ص ۱۴۶ نمبر ۶۷۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سال گزرنے سے پہلے زکوۃ ادا کر سکتا ہے کیونکہ حضرت عباسؓ کو اس کی اجازت دی تھی۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ وجوب کے سبب کے بعد ادا کیا اس لئے جائز ہو جائے گا، جیسے کہ زخمی کرنے کے بعد کفارہ دے دیا، اور اس میں امام مالکؒ کا خلاف ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ نصاب زکوۃ کا سبب ہے، اس سبب کے بعد زکوۃ ادا کی تو ادا ہو جائے گی۔ جیسے مثلا زید نے قتل خطا میں عمر کو زخمی کیا ابھی وہ مرا نہیں تھا کہ زید نے کفارے میں غلام آزاد کر دیا تو کفارہ ادا ہو جائے گا۔ قاعدہ یہ ہے کہ قتل خطا کیا ہو تو مقتول کے مرنے کے بعد کفارے میں غلام آزاد کرے، یہاں زخمی کرنا موت کا سبب پایا گیا اس لئے پہلے ہی آزاد کر دیا تب بھی کفارہ ادا ہو جائے گا۔

البتہ اس میں امام مالکؒ فرماتے ہیں سال سے پہلے زکوۃ دی تو زکوۃ ادا نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: ۲ سبب پائے جانے کی وجہ سے ایک سال سے زیادہ کی زکوۃ دینا بھی جائز ہے۔

**تشریح**: اگر نصاب کا مال موجود ہے اور کئی سال کی زکوۃ پہلے ہی دینا چاہے تو جائز ہے۔ اس لئے کہ زکوۃ کا سبب نصاب موجود ہے۔

**وجہ**: (۱) اس حدیث میں ہے۔ عن الحكم أن رسول الله ﷺ بعث ساعيا على الصدقة فأتى العباس يستسلفه فقال له العباس : انى أسلفت صدقة مالى سنتين فأتى النبى ﷺ فقال : صدق عمى . (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۴۰ ، ما قالوا فی تعجیل الزکوۃ، ج ثانی، ص ۳۷ ، نمبر ۱۰۰۹۸ / سنن بیہقی، باب تعجیل الزکاۃ، ج رابع، ص ۱۸۷ ، نمبر ۷۳۶۷) اس حدیث میں ہے کہ حضرت عباسؓ نے دو سالوں کی زکوۃ پیشگی ادا کی جس سے معلوم ہوا کہ کئی سالوں کی زکوۃ پہلے ہی

۳؎ ویجوز لنُصب اذا کان فی ملکه نصاب واحد خلاف لزفر لان النصاب الاول هو الاصل فی السببیة والزائد علیه تابع له.

---

دے سکتا ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ اور اگر اسکی ملکیت میں ایک نصاب ہوتو کئی نصابوں کی زکوۃ دے سکتا ہے، اس میں امام زفرؒ کا اختلاف ہے، اس لئے کہ پہلا نصاب سبب بننے میں اصل ہے، اور جو زائد ہے وہ اس کے تابع ہے۔

**تشریح**: ایک نصاب موجود ہو مثلا دوسو درہم موجود ہو اور گائے اور بکری کا نصاب نہ ہو لیکن گائے اور بکری کی زکوۃ دینا چاہتا ہو تو دے سکتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ پہلا نصاب اصل ہے اور باقی نصاب اس کے تابع ہے، اور اصل سبب موجود ہے، اس لئے باقی نصاب کی بھی زکوۃ دے سکتا ہے۔ حضرت امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ ایک نصاب موجود ہے تو ایک ہی نصاب کی زکوۃ دے سکتا ہے، باقی کا نہیں کیونکہ دوسرے نصاب موجود نہیں ہیں، اور جب سبب موجود نہ ہو تو زکوۃ بھی ادا نہیں ہوگی۔

## ﴿باب زکوٰۃ المال﴾

## ﴿فصل فی الفضة﴾

**(۷۹۶) لیس فیما دون مائتی درھم صدقة﴾ ۱؎ لقوله علیه السلام فیما دون خمس اواق صدقة والاوقیة اربعون درھما**

### ﴿ باب زکوٰۃ الفضۃ ﴾

**ضروری نوٹ:** فضۃ کے معنی چاندی کے ہیں۔ یہاں فضۃ سے مراد درہم، چاندی کا زیور اور چاندی کا برتن مراد ہے۔ حنفیہ کے نزدیک ان ساری چیزوں میں زکوۃ ہے۔ (۱) دلیل یہ حدیث ہے۔ ان امرأة اتت رسول الله و معھا ابنة لھا وفی ید ابنتھا مسکتان غلیظتان من ذھب فقال اتعطین زکوة ھذا؟ قالت لا قال ایسرک ان یسورک الله بھما یوم القیامة سوارین من نار؟ قال فخلعتھما والقتھما الی النبی ﷺ وقالت ھما لله ورسوله۔ (ابوداؤد شریف، باب الکنز ما ھو وزکوۃ الحلی ص ۲۲۵ نمبر ۱۵۶۳) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زیور کی بھی زکوۃ لازم ہے۔ آیت سے بھی سونے اور چاندی میں زکوۃ واجب ہوتی ہے۔ (۲) و الذین یکنزون الذھب و الفضة و لا ینفقونھا فی سبیل الله فبشرھم بعذاب الیم ۔ (آیت ۳۴، سورۃ التوبۃ ۹) اس آیت میں سونا اور چاندی عام ہے چاہے کسی حال میں ہو جس کے نہ خرچ کرنے پر وعید سنائی گئی ہے ،اس لئے سبھی قسم کے سونا چاندی پر زکوۃ ہوگی۔

مال دو قسم کے ہیں۔ ایک اموال ظاہرہ اور دوسرا اموال باطنہ [۱] جو مال گھر سے باہر ہو جیسے تجارت کا مال، جنگلوں میں چرنے والے جانور، کھیتوں کے غلے، باغوں کے پھل، انکی حفاظت بادشاہ کرتے ہیں اس لئے بادشاہ کے مزکی، اور عاشر کو اس کی زکوۃ لینے کا حق ہے، وہ لیکر غرباء پر تقسیم کرے۔ [۲] اور جو مال گھر کے اندر رہتا ہے جیسے گھر کا سونا چاندی وغیرہ اس کو اموال باطنہ کہتے ہیں، اس کی حفاظت خود مالک کرتا ہے، اس لئے اپنے ہاتھ سے اسکی زکوۃ غرباء پر تقسیم کرے، یا جی چاہے تو بادشاہ کے مزکی کو دے، البتہ اس کو دینا ضروری نہیں ہے۔

**ترجمه:** (۷۹۶) دو سو درہم سے کم میں زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمه:** ۱؎ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ پانچ اوقیہ سے کم زکوۃ نہیں ہے۔ اور اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے۔

تشریح: دو سو درہم سے کم ہو تو اس پر زکوۃ نہیں ہے، کیونکہ نصاب سے کم ہے، کیونکہ حضورؐ نے فرمایا کہ پانچ اوقیہ سے کم میں زکوۃ نہیں ہے۔

**وجه:** (۱) حدیث میں موجود ہے کہ دو سو درہم سے کم میں زکوۃ نہیں ہے۔ سمعت ابا سعید الخدری قال قال رسول الله

(۷۹۷) فاذا کانت مائتین وحال علیها الحول ففیها خمسة دراهم ﴾ ل لانه علیه السلام کتب الیٰ معاذ ان خذ من کل مائتی درهم خمسة دراهم ومن کل عشرین مثقالا من ذهب نصف مثقال (۷۹۸) قال ولا شئ فی الزیادة حتی تبلغ اربعین فیکون فیها درهم ثم فی کل اربعین درهما درهم﴾

لیس فیما دون خمس زود صدقة من الابل و لیس فیما دون خمس اواق صدقة. (بخاری شریف، باب زکوۃ الورق ص۱۹۴ نمبر ۱۴۴۷ رمسلم شریف، باب لیس فیما دون خمسة اوسق صدقة، ص ۳۹۳، نمبر ۲۲۶۳/۹۷۹ رابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمة، ص۲۳۲، نمبر ۱۵۷۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دوسو درہم سے کم میں زکوۃ نہیں ہے۔ اس لئے کہ ایک اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے تو پانچ اوقیہ دوسو درہم کے ہوں گے۔ ایک اوقیہ کا وزن 122.47 گرام ہوتا ہے۔ اور 10.5 تولہ ہوتا ہے۔ دلیل یہ حدیث کا یہ ٹکڑا ہے۔ عن

جابر قال سمعت رسول الله ﷺ یقول .... و لا زکاة فی شیء من الفضة حتی یبلغ خمسة أواق و الاوقیة أربعون درهما ۔ (دار قطنی، باب لیس فی الخضروات صدقة، ج ثانی ص ۸۴، نمبر ۱۹۰۵) اس حدیث میں ہے کہ اوقیہ چالیس درہم کا ہوتا ہے۔

**ترجمہ**: (۷۹۷) پس جبکہ دوسو ہو جائے اور اس پر سال گزر جائے تو اس میں پانچ درہم زکوۃ ہے۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ حضور علیہ السلام نے حضرت معاذؓ کو لکھوایا کہ ہر دوسو درہم میں پانچ درہم زکوۃ لو، اور ہر بیس مثقال سونے میں آدھا مثقال سونا زکوۃ لو۔

**تشریح**: دوسو درہم ہو اور اس پر سال گزر جائے تو اس پر پانچ درہم زکوۃ ہے۔

**وجہ**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ (۱) عن علی عن النبی ﷺ ببعض اول الحدیث قال فاذا کانت لک مائتا درهم و حال علیه الحول ففیها خمسة دراهم ولیس علیک شیء یعنی فی الذهب حتی یکون لک عشرون دینارا فاذا کانت لک عشرون دینارا و حال علیه الحول ففیها نصف دینار فما زاد فبحساب ذلک (ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمة ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۳) ۔ [۲] دوسری حدیث یہ ہے۔ عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ لا زکو ة فی مال امرئ حتی یحول علیه الحول (دار قطنی، باب وجوب الزکوۃ بالحول ج ثانی ص ۷۶ نمبر ۱۸۷۰) اس حدیث سے بھی معلوم ہوا کہ زکوۃ مال نصاب پر سال گزرنے کے بعد واجب ہوتی ہے۔ حول کا معنی ہے سال، اور حال: کا ترجمہ ہے گزرنا۔

**ترجمہ**: (۷۹۸) پھر دوسو درہم سے زیادہ میں کچھ نہیں ہے یہاں تک کہ چالیس درہم ہو جائے، پس چالیس درہم میں ایک

ل وهذا عند ابی حنيفة ۲ وقالا ما زاد على المائتين فزكاته بحسابها وهو قول الشافعيؒ لقوله عليه السلام فی حديث عليؓ وما زاد على المائتين فبحسابه

درہم ہے۔پھر ہر چالیس درہم میں ایک درہم ہے۔

**ترجمه**: ل امام ابوحنیفہ کے نزدیک۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہ کے نزدیک دوسو درہم کے بعد اس وقت تک کچھ لازم نہیں ہوگا جب تک کہ چالیس درہم نہ ہو جائے، البتہ چالیس درہم ہو جائے تو پھر اس میں ایک درہم لازم ہوگا۔

**وجه**: ان کی دلیل یہ حدیث ہے جسکی طرف صاحب ھدایہ نے اشارہ کیا ہے (۱)۔**عن معاذ ان رسول الله ﷺ امره حين وجهه الى اليمن ان لا تأخذ من الكسر شيئا اذا كانت الورق مائتی درهم فخذ منها خمسة دراهم، ولا تأخذ مما زاد شيئا حتى تبلغ اربعين درهما، واذا بلغ اربعين درهما فخذ منها درهما** . (دار قطنی ۳، باب لیس فی الکسر شیء ج ثانی ص ۸۰ نمبر ۱۸۸۶ رسنن للبیہقی، باب ذکر الخبر الذی روی فی وقص الورق ج رابع ص ۲۲۸، نمبر ۷۵۲۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دوسو درہم کے بعد جب تک چالیس درہم نہ ہو جائے تو اس کسر میں کچھ لازم نہیں ہے۔البتہ چالیس درہم ہو جائے تو اس میں ایک درہم ہے۔(۲) ابوداؤد میں ہے۔**عن علی ...هاتوا ربع العشور من كل اربعين درهما درهم** (ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ، ص ۲۲۷، نمبر ۱۵۷۲) اس سے معلوم ہوا کہ ہر چالیس درہم میں ایک درہم ہے، اس سے پہلے میں کچھ نہیں۔

**ترجمه**: ۲ اور صاحبین نے فرمایا کہ دوسو درہم سے جو کچھ زیادہ ہو تو اس کی زکوۃ اس کے حساب سے ہوگی۔یہی قول اما شافعیؒ کا ہے۔حضرت علیؓ کی حدیث کی وجہ سے کہ جو زیادہ ہو تو اسکی زکوۃ اس کے حساب سے ہوگی۔

**تشریح**: مثلا دوسو درہم سے ایک درہم زیادہ ہو گیا تو ایک درہم میں ایک درہم کا چالیسواں حصہ لازم ہوگا۔اور دس درہم میں ایک درہم کی چوتھائی لازم ہوگی۔

**وجه**: ان کی دلیل یہ حدیث ہے جو صاحب ھدایہ نے پیش کی ہے ۔**عن عاصم بن حمزة وعن الحارث الاعور عن علی رضی الله عنه قال زهير احسبه عن النبی ﷺ قال هاتو ربع العشور من كل اربعين درهما درهم وليس عليكم شیء حتى تتم مائتی درهم فاذا كانت مائتی درهم ففيها خمسة دراهم فمازاد فعلى حساب ذلک** (ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۷ نمبر ۱۵۷۲ رسنن للبیہقی، باب وجوب ربع العشر فی نصابہا وفیما زاد علیہ وان قلت الزیادۃ ج رابع ص ۲۲۷، نمبر ۷۵۲۱) اس حدیث میں ہے کہ دوسو درہم سے جو کچھ زیادہ ہو اس کی زکوۃ اس کے حساب سے لازم

۳ ولان الزکوٰۃ وجبت شکر النعمة المال واشتراط النصاب فی الابتداء لتحقق الغناء وبعد النصاب فی السوائم تحرزا عن التشقیص ۴ ولابی حنیفةؒ قوله علیه السلام فی حدیث معاذؓ لا تاخذ من الکسور شیئا وقوله فی حدیث عمر وبن حزم ولیس فیما دون الاربعین صدقة

---

ہوگی۔اس لئے ہر روپیہ میں اس کے حساب سے چالیسواں حصہ لازم ہوگی۔کلکیولیٹر سے چالیسواں حصہ 0.025 ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳ اس لئے کہ زکوۃ مال کی نعمت کے شکریہ کے لئے واجب ہوئی ہے، اور شروع میں نصاب کی شرط مالداری متحقق ہونے کے لئے ہے، اور چرنے والے جانور میں نصاب کے بعد ٹکڑے ٹکڑے ہونے سے بچاؤ کے لئے ہے۔

**تشریح**: نصاب کے بعد ہر درہم میں زکوۃ واجب ہونے کی دلیل عقلی ہے، کہ زکوۃ مال جیسی نعمت کے شکریہ کے لئے واجب ہوئی ہے، اور ہر مال نعمت ہے اس لئے ہر درہم پر زکوۃ واجب ہونی چاہئے۔لیکن شروع میں ہر درہم پر واجب نہیں کی دوسو درہم ہو تب زکوۃ واجب کی، اس کی وجہ یہ ہے کہ غریب پر زکوۃ واجب نہیں ہے، مالدار پر ہے تو دوسو درہم سے مالدار ہو جائے تب زکوۃ واجب کی۔پھر دوسرا اشکال یہ تھا کہ چرنے والے جانور میں نصاب پورا ہونے کے بعد ہر جانور میں صاحبین کے نزدیک زکوۃ کیوں واجب نہیں کی وہ بھی تو نعمت ہے؟ تو اس کا جواب دیا کہ نصاب پورا ہونے کے بعد ہر جانور پر زکوۃ واجب کریں تو زکوۃ کے جانور کو حصہ کرنا پڑے گا اس سے بچاؤ کے لئے ہر جانور پر زکوۃ واجب نہیں کی۔مثلا پانچ اونٹ میں ایک بکری ہے، اب چار اونٹ اور ہو گیا اور اس پر بھی زکوۃ واجب کریں تو ایک بکری کا پانچ حصہ کرنا پڑے گا اور ہر اونٹ کی زکوۃ بکری کا ایک حصہ ہوگی تو چار اونٹ پر چار حصے ہونگے، اس طرح زکوۃ کی ایک بکری کا حصہ کر کے زکوۃ ادا کرنی ہوگی، اس سے بچنے کے لئے جانور میں نصاب پورا ہونے کے بعد اس کے ہر جانور میں زکوۃ واجب نہیں کی جب تک کہ اگلا نصاب کا عدد نہ پورا ہو جائے۔تشقیص: شقص سے مشتق ہے ٹکڑا کرنا۔

**ترجمہ**: ۴ حضرت امام ابو حنیفہؒ کی دلیل حضرت معاذ کی حدیث میں حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ کسر میں کچھ مت لو۔اور عمر بن حزم کی حدیث میں کہ چالیس درہم سے کم میں کوئی زکوۃ نہیں ہے۔

**تشریح**: اوپر کی دونوں حدیثیں اس میں ہیں۔عن معاذ ان رسول اللہ ﷺ امرہ حین وجهه الی الیمن ان لا تأخذ من الکسر شیئا اذا کانت الورق مائتی درهم فخذ منها خمسة دراهم، ولا تأخذ مما زاد شیئا حتی تبلغ اربعین درهما، واذا بلغ اربعین درهما فخذ منها درهما . (دار قطنی ۳، باب لیس فی الکسر شیء ج ثانی ص ۸۰ نمبر ۱۸۸۶ر سنن للبیہقی، باب ذکر الخبر الذی روی فی وقص الورق ج رابع ص ۲۲۸، نمبر ۷۵۲۴) اس حدیث میں ہے کہ کسر میں کچھ مت لو، اور یہ بھی ہے دوسو درہم کے بعد چالیس درہم سے کم کچھ نہیں ہے۔مثلا ایک سے انتالیس ۳۹ درہم کو کسر کہتے ہیں، اور چالیس نصاب ہے۔

۵ ولان الحرج مدفوع وفی ایجاب الکسور ذلک لتعذر الوقوف ٦ والمعتبر فی الدراهم وزن سبعة وهو ان تکون العشرة منها وزن سبعة مثاقیل بذلک جری التقدیر فی دیوان عمرؓ واستقر الامر علیه (۷۹۹) واذا کان الغالب علی الورق الفضة فهو فی حکم الفضة واذا کان الغالب علیها الغش

**ترجمہ** : ۵ اوراس لئے کہ حرج دفع کیا ہوا ہے، اور کسر میں زکوۃ واجب کرنے میں یہ حرج ہے، اس لئے کہ کسر کے حساب پر واقف ہونا متعذر ہے۔

**تشریح** : شریعت ایسی چیز کو واجب نہیں کرتی جس میں حرج ہو، اور کسر میں زکوۃ واجب کریں تو اس کے حساب کرنے میں حرج ہے، کیونکہ ایک درہم کی زکوۃ کتنی ہوگی، پھر ایک چوتھائی درہم کی زکوۃ کتنی ہوگی اس کا حساب تو اور مشکل ہے، اس لئے کسر میں زکوۃ واجب ہی نہیں کیا۔

**ترجمہ** : ٦ درہم میں وزن سبعہ کا اعتبار ہے۔ وزن سبعہ یہ ہے کہ دس درہم کا وزن سات مثقال ہو۔ حضرت عمرؓ کے دیوان میں یہی تقدیر جاری تھی، اور معاملہ اسی پر مضبوط رہا۔

**تشریح** : حضرت عمرؓ کے زمانے میں تین قسم کا درہم رائج تھا [۱] ایک درہم چھوٹا تھا یہ دس درہم پانچ ۵ مثقال وزن کا ہوتا تھا۔ [۲] دوسرا درہم تھا جو دس درہم دس ۱۰ مثقال وزن کا ہوتا تھا۔ [۳] تیسرا درہم جو دس درہم چھ ٦ مثقال وزن کا ہوتا تھا۔ لوگوں کو زکوۃ دینے میں پریشانی ہوتی تھی کہ کس درہم سے زکوۃ دے، تو حضرت عمرؓ نے مشورے کے بعد تینوں درہموں کو ملایا تو تینوں درہم کا وزن اکیس ۲۱ مثقال ہوا، پھر اس سے تین درہم بنایا تو ہر درہم سات ۷ مثقال کا ہوا، یعنی دس درہم جمع کرو تو اس درہم کا وزن سات ۷ مثقال ہوگا، اسی کو وزن سبعہ کہتے ہیں، وزن سبعہ درہم کا وزن تولہ کے اعتبار سے۔ 0.262 تولہ ہوتا ہے، اور گرام کے اعتبار سے۔ 3.061 گرام ہوتا ہے۔ اور دو سو درہم کا وزن تولہ کے اعتبار سے۔ 52.50 تولہ ہوتا ہے اور گرام کے اعتبار سے۔ 612.36 گرام ہوتا ہے۔ تفصیل آگے آئے گی۔

**ترجمہ** : (۷۹۹) اگر ڈھلے ہوئے سکہ میں چاندی غالب ہے تو وہ سکہ چاندی کے حکم میں ہے اور اگر اس میں کھوٹ غالب ہو تو وہ سامان کے حکم میں ہے۔ اس میں اس بات کا اعتبار ہوگا اس کی قیمت نصاب کو پہنچ جائے۔

**تشریح** : درہم اور دنانیر بنانے کے لئے خالص چاندی کام نہیں آتی بلکہ اس میں کچھ نہ کچھ کھوٹ ملانا پڑتا ہے تاکہ سخت ہو جائے اور درہم یا دنانیر ڈھال سکے اس لئے اصل معیار یہ رکھا گیا ہے کہ زیادہ چاندی یا سونا ہو تو وہ مکمل چاندی اور سونے کے حکم میں ہیں، اور پورے کو چاندی شمار کر کے دو سو درہم میں پانچ درہم زکوۃ واجب ہوگی۔ اور اگر زیادہ کھوٹ ہو تو وہ سامان کے حکم میں ہے۔ اس سکہ کو سامان قرار دے دیا جائے تو اب یہ دیکھا جائے گا کہ اس سکے کی قیمت نصاب تک پہنچ جائے مثلا دو سو درہم اسکی قیمت ہو جائے، یا

**فھو فی حکم العروض یعتبر ان تبلغ قیمتہ نصابا﴾ ۱؎ لان الدرھم لا تخلو عن قلیل غش لانھا لا تنطبع الابہ وتخلو عن الکثیر فجعلنا الغلبۃ فاصلۃ وھو ان یزید علی النصف اعتبار للحقیقۃ وسنذکر فی الصرف ان شاء اللہ. ۲؎ الا ان فی غالب الغَشّ لا بد من نیۃ التجارۃ کما فی سائر العروض الا اذا کان تخلص منھا فضۃ تبلغ نصابا لانہ لا یعتبر فی عین الفضۃ القیمۃ ولا نیۃ التجارۃ واللہ اعلم.**

بیس دینار اس کی قیمت ہو جائے تو اسکی قیمت میں زکوۃ واجب ہوگی۔ کیونکہ اب یہ سکہ نہیں رہا کہ گن کر دوسو درہم پورا ہو جائے تو اس میں زکوۃ واجب ہو جائے بلکہ اس کی قیمت دوسو درہم ہو جائے تو اس میں زکوۃ واجب ہوگی۔ یا ان سکوں میں جو چاندی ہے اس کا وزن دوسو درہم کے برابر ہو تو زکوۃ ہوگی۔

**وجہ**: زیادہ کا اعتبار کیا جائے گا اس کے لئے یہ اثر دلیل بن سکتی ہے۔ قال سألت ابراھیم عن رجل لہ مائۃ درھم و عشرۃ دنانیر قال یزکی من المائۃ بدرھمین و من الدنانیر بربع دینار و قال : سألت الشعبی فقال : یحمل الاکثر علی الاقل أو قال علی الاکثر فاذا بلغت فیہ الزکاۃ زکی ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۸، فی الرجل تکون عندہ مائۃ درھم وعشرۃ دنانیر، ج ثانی، ص ۳۵۸، نمبر ۹۸۸۴) اس اثر میں یہ اصول ہے کہ اکثر کو اقل پر حمل کیا جائے گا، یعنی جو زیادہ ہو اس کا اعتبار کیا جائے گا۔

**اصول**: یہ مسئلہ , للاکثر حکم الکل کے اصول پر ہے، کہ جو زیادہ ہے اس کا اعتبار کیا جائے۔

**لغت**: الورق : چاندی کا سکہ۔ الغش: کھوٹ۔ عروض: سامان جو سونا چاندی نہ ہو۔

**ترجمہ**: ۱؎ اس لئے کہ درہم تھوڑے بہت کھوٹ سے خالی نہیں ہوتا، کیونکہ وہ بغیر کھوٹ کے ڈھلتا نہیں ہے، اور زیادہ کھوٹ سے خالی ہوتا ہے اس لئے غلبہ کو حد فاصل قرار دیا، اور وہ یہ کہ آدھا سے زیادہ ہو حقیقت کا اعتبار کرتے ہوئے۔ اس کو کتاب الصرف میں ان شاء اللہ ذکر کریں گے۔

**تشریح**: سکہ بغیر کھوٹ ملائے ہوئے ڈھلتا ہی نہیں، اس لئے سکہ میں یہ تصور کرنا کہ اس میں خالص سونا ہو مشکل ہے، اس لئے اس کی حد یہ متعین کی کہ آدھا سے زیادہ سونا، یا چاندی ہو تو اس کو خالص سونے، چاندی کے حکم میں رکھیں گے، اور آدھا سے کم سونا یا چاندی ہو اور کھوٹ غالب ہو تو وہ سامان کے حکم میں ہوگا۔ باقی تفصیل ان شاء اللہ کتاب الصرف میں آئے گی۔ تنطبع: طبع سے مشتق ہے، ڈھلنا۔

**ترجمہ**: ۲؎ مگر یہ کہ جس میں کھوٹ غالب ہو تو اس میں تجارت کی نیت ضروری ہے، جیسا کہ تمام سامان میں ہوتا ہے۔ مگر جبکہ اس میں اتنی چاندی نکلے کہ وہ نصاب تک پہنچ جائے، اس لئے کہ عین چاندی میں قیمت کا اعتبار نہیں ہے اور نہ تجارت کی نیت کی

ضرورت ہے۔

**تشریح**: جس سکے میں کھوٹ غالب ہے اور سامان کے حکم میں کردیا گیا، تو سامان میں زکوۃ واجب ہونے کا قاعدہ یہ ہے کہ اس میں نیت ہو تب زکوۃ ہوگی، تو ان سکوں میں بھی تجارت کی نیت ہو تب زکوۃ واجب ہوگی۔ یا دوسری شکل یہ ہے کہ یہ اندازہ لگایا جائے کہ سکوں سے چاندی الگ کی جائے گی تو اس کا وزن دوسو درہم ہو جائے گا، تو اس میں نہ تجارت کی نیت کی ضرورت ہے، اور نہ اس کی قیمت لگانے کی ضرورت ہے، کیونکہ عین چاندی میں زکوۃ واجب ہونے کے لئے نہ اسکی قیمت لگانے کی ضرورت ہے اور نہ تجارت کی نیت کی ضرورت ہے

**اصول**: عین چاندی، یا سونا ہو تو اس میں تجارت کی نیت کئے بغیر بھی زکوۃ واجب ہوتی ہے، کیونکہ شریعت نے اس کو پیدائشی نامی قرار دیا ہے۔

## ﴿فصل فی الذهب﴾

(۸۰۰) لیس فیما دون عشرین مثقالا من ذھب صدقة فاذا کانت عشرین مثقالا ففیھا نصف مثقال ﴾ ل لما روینا ۲ والمثقال ما یکون کل سبعة منھا وزن عشرة دراھم وھو المعروف (۸۰۱) ثم فی کل اربعة مثاقیل قیراطان﴾ ل لان الواجب ربع العشر وذلک فیما قلنا اذ کل مثقال عشرون قیراطا

## ﴿ فصل زکوۃ الذھب ﴾

**ترجمہ**: (۸۰۰) بیس مثقال سونے سے کم میں زکوۃ نہیں ہے، پس جب کہ بیس مثقال ہو تو اس میں آدھا مثقال زکوۃ ہے۔

**ترجمہ**: ل اس حدیث کی بنا پر جو میں نے روایت کی۔

**وجہ**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن عاصم بن ضمرة والحارث الاعور عن علی عن النبی ﷺ ... ولیس علیک شیء یعنی فی الذھب حتی تکون لک عشرون دینار فاذا کانت لک عشرون دینارا و حال علیھا الحول ففیھا نصف دینار فمازاد فبحساب ذلک. (ابو داؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۳ / ابن ماجۃ شریف، باب زکوۃ الورق والذھب، ص ۲۵۵، نمبر ۱۷۹۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ بیس مثقال سونا ہو تو اس میں سے آدھا مثقال واجب ہوگا جو چالیسواں حصہ ہوا۔

**ترجمہ**: ۲ اور مثقال وہ ہے کہ سات دینار کا وزن دس درہم کے برابر ہو، یہی مشہور ہے۔

**تشریح**: درہم وزن میں چھوٹا ہوتا ہے اور دینار وزن میں بڑا ہوتا ہے، ایک دینار ایک مثقال وزن کا ہوتا ہے، عبارت میں یہی کہنا چاہتے ہیں۔فرماتے ہیں کہ سات دینار کا وزن اتنا ہو جتنا دس درہم کا ہوتا ہے۔دس درہم کا وزن سات مثقال ہوتا ہے تو سات دینار کا وزن بھی سات مثقال ہو، یعنی ایک دینار کا وزن ایک مثقال ہو۔یہی مشہور ہے۔تولے کے اعتبار سے ایک دینار۔0.375 تولہ ہوتا ہے، اور گرام کے اعتبار سے ایک دینار۔4.375 گرام ہوتا ہے۔

**ترجمہ**: (۸۰۱) پھر ہر چار مثقال میں دو قیراط زکوۃ ہے۔

**تشریح**: اوپر گزر چکا ہے کہ امام ابو حنیفہ کے نزدیک بیس مثقال کے بعد جب تک چار مثقال سونا نہ ہو جائے کچھ لازم نہیں ہوگا۔چار مثقال میں دو قیراط سونا لازم ہوگا۔اور صاحبین کے نزدیک بیس مثقال سونے سے جتنا بھی زیادہ ہوگا اس میں اسی حساب سے زکوۃ واجب ہوتی چلی جائے گی۔دونوں کے دلائل باب زکوۃ الفضۃ میں گزر چکے ہیں۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ زکوۃ وہ چالیسواں حصہ ہے۔یہی ہم نے بھی کہا کہ دو قیراط واجب ہوگا، اس لئے کہ ایک مثقال بیس ۲۰ قیراط کا ہوتا ہے۔

**(۸۰۲) وليس فيما دون اربعة مثاقيل صدقة** ﴾ ۱ عند ابی حنيفة وعندهما تجب بحساب ذلک وهی مسألة الكسور. ۲ وكل دينار عشرة دراهم فی الشرع فيكون اربعة مثاقيل فی هذا كاربعين درهما

---

**تشریح**: عرب میں قیراط چلتا تھا اس اعتبار سے ایک مثقال، یا ایک دینار کا وزن بیس ۲۰ قیراط ہوتا ہے، تو چار مثقال کا وزن اسی ۸۰ قیراط ہوا، اور چالیسواں حصہ یعنی چالیس قیراط میں ایک قیراط زکوۃ واجب ہے، اس اعتبار سے اسی ۸۰ قیراط میں دو قیراط زکوۃ واجب ہوگی۔ یہی بات مصنف نے کہی ہے۔

**ترجمہ**: (۸۰۲) اور چار مثقال سے کم میں زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱ امام ابوحنیفہ کے نزدیک، اور صاحبین کے نزدیک اس کی زکوۃ اس کے حساب سے ہے۔ اور یہ مسئلہ کسر کا ہے۔

**تشریح**: مسئلہ نمبر ۷۹۸ میں گزر چکا ہے کہ دوسو درہم کے بعد جب تک چالیس درہم نہ ہو جائے اس سے پہلے امام ابوحنیفہؒ کے یہاں کچھ نہیں ہے، اور صاحبینؒ کے یہاں دوسو درہم کے بعد ہر درہم میں چالیسواں حصہ زکوۃ ہے، یعنی کسر میں زکوۃ ہے۔ اسی طرح سونے کی زکوۃ میں بھی یہ اختلاف ہے۔ کہ بیس دینار، یا بیس ۲۰ مثقال سونے کے بعد ہر دینار میں صاحبینؒ کے یہاں چالیسواں حصہ زکوۃ واجب ہوگی، اور امام ابوحنیفہؒ کے یہاں جب تک چار دینار، یا چار مثقال سونا زیادہ نہ ہو جائے تب تک مزید کوئی زکوۃ نہیں ہو گی۔ جب چار مثقال ہو جائے تو اس میں دو قیراط زکوۃ ہوگی، یعنی چوبیس مثقال سونا ہو تو آدھا مثقال اور دو قیراط سونا زکوۃ واجب ہو گی۔ شریعت میں ایک دینار، ایک مثقال سونا کو دس درہم کے برابر قیمت مانتے ہیں اس حساب سے دو قیراط سونے کی قیمت ایک درہم ہوگی، اس لئے دو قیراط کے بدلے ایک درہم دے دے تب بھی صحیح ہے۔

**وجہ**: (۱) مسئلہ نمبر ۷۹۸ میں دونوں کے دلائل گزر چکے ہیں مزید اثر یہ ہے (۲) **قال عطاء : لا يكون فی مال صدقة حتی يبلغ عشرين دينار ا فاذا بلغت عشرين دينار ففيها دينار و فی كل أربعة دنانير يزيدها من المال درهم حتی تبلغ أربعين دينارا و فی كل أربعين دينار ا دينار و فی كل أربعة و عشرين دينار ا نصف دينار و درهم.** ( مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۷، ما قالوا فی الدنانیر ما یؤخذ منھا فی الزکوۃ، ج ثانی، ص ۳۵۸، نمبر ۹۸۸۳) اس اثر میں ہے کہ ہر چار دینار میں ایک درہم ہے۔

**ترجمہ**: ۲ ایک دینار شریعت میں دس درہم ہے، اس لئے چار مثقال سونے میں چالیس درہم کی طرح ہونگے۔

**تشریح**: شریعت میں ایک دینار کی قیمت دس درہم مقرر ہے، اس اعتبار سے چار دینار کی قیمت چالیس درہم ہوئے۔ اور پہلے گزر چکا ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کے یہاں دوسو درہم پر جب تک چالیس درہم کا اضافہ نہ ہو جائے مزید کوئی زکوۃ نہیں ہے، اسی حساب

(۸۰۳) قال وفی تبر الذھب والفضۃ وحلیھما واوانیھما الزکوٰۃ ﴾ ۱؎ وقال الشافعیؒ لاتجب فی حلی النساء وخاتم الفضۃ للرجال لانہ مبتذل فی مباح فشابہ ثیاب البذلۃ

سے سونے کی زکوۃ میں بیس دینار پر جب تک چار مثقال کا اضافہ نہ ہو جائے مزید کوئی زکوۃ نہیں ہے۔ درہم والا ہی اصول یہاں بھی ہے۔

**ترجمہ**: (۸۰۳) سونے اور چاندی کے ڈلے، ان دونوں کے زیور اور ان دونوں کے برتن میں زکوۃ واجب ہے۔

**تشریح**: سونا اور چاندی کسی حال میں ہو، چاہے درہم اور دنانیر کی شکل میں ہو، ڈلے کی شکل میں ہو یا برتن اور زیور کی شکل میں ہو ہر حال میں حنفیہ کے نزدیک زکوۃ واجب ہے۔ اس کی دلیل باب زکوۃ الفضۃ کے شروع میں گزر چکی ہے۔ حدیث یہ ہے ۔ ان امرأۃ اتت رسول اللہ و معھا ابنۃ لھا وفی ید ابنتھا مسکتان غلیظتان من ذھب فقال اتعطین زکوۃ ھذا؟ قالت لا قال ایسرک ان یسورک اللہ بھما یوم القیامۃ سوارین من نار؟ قال فخلعتھما و القتھما الی النبی ﷺ وقالت ھما للہ ورسولہ ۔ (ابوداؤد شریف، باب الکنز ما ھو وزکوۃ الحلی ص ۲۲۵ نمبر ۱۵۶۳ رترمذی شریف، باب ماجاء فی زکاۃ الحلی، ص ۱۶۴، نمبر ۶۳۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ زیور کی بھی زکوۃ لازم ہے۔ آیت سے بھی سونے اور چاندی میں زکوۃ واجب ہوتی ہے۔ (۲) و الذین یکنزون الذھب و الفضۃ و لا ینفقونھا فی سبیل اللہ فبشرھم بعذاب الیم ۔ (آیت ۳۴، سورۃ التوبۃ ۹) اس آیت میں سونا اور چاندی عام ہے چاہے کسی حال میں ہو جس کے نہ خرچ کرنے پر وعید سنائی گئی ہے، اس لئے سبھی قسم کے سونا چاندی پر زکوۃ ہوگی۔ (۳) اس حدیث میں بھی ہے۔ دخلنا علی عائشۃؓ زوج النبی ﷺ فقالت : دخل علی رسول اللہ ﷺ فرأی فی یدی فتخات من ورق فقال : ما ھذا یا عائشۃ ؟ ، فقلت : صنعتھن أتزین لک یا رسول اللہ ! قال : أتؤدین زکاتھن ؟ قلت لا أو ما شاء اللہ، قال ھو حسبک من النار . (ابوداؤد شریف، باب الکنز ما ھو وزکوۃ الحلی ص ۲۲۵ نمبر ۱۵۶۳) اس حدیث میں بھی ہے کہ زیور کی زکوۃ نہ دینے سے عذاب ہوگا، جس سے معلوم ہوا کہ زیور میں بھی زکوۃ واجب ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ عورتوں کے زیور میں اور مرد کے چاندی کی انگوٹھی میں زکوۃ واجب نہیں ہے، اس لئے کہ یہ روزمرہ کے استعمال کی چیز ہے اور مباح ہے تو روزمرہ استعمال کے کپڑے کے مشابہ ہو گیا۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کا نظریہ یہ ہے کہ عورتوں کا زیور اور مرد کے لئے چاندی کی انگوٹھی پہننا حلال اور مباح ہے اس لئے یہ استعمال کی اور ضرورت کی چیز ہو گئی، اور پہلے حدیث گزر چکی ہے کہ ضرورت کی چیز میں زکوۃ نہیں ہے اس لئے ان زیوروں میں بھی زکوۃ واجب نہیں ہوگی، یہ ایسے ہی ہو گیا جیسے روزانہ استعمال کے کپڑے، کہ اس میں زکوۃ نہیں ہے تو اس میں بھی زکوۃ نہیں ہونی

۲؎ ولنا ان السبب مالٌ نام ودلیل النماء موجود وھو الاعداد للتجارة خلقة والدلیل ھو المعتبر بخلاف الثیاب.

---

چاہئے۔موسوعہ میں ہے۔ قال الشافعیؒ : و ان کان حلیا یلبس أو یدخر أو یعار أو یکری فلا زکاة فیه . (موسوعہ امام شافعی، باب زکاۃ الحلی، ج رابع، ص ۱۵۰، نمبر ۴۱۶۹) اس عبارت میں ہے کہ عورتوں کے زیورات میں زکوۃ نہیں ہے۔

**وجه** : (۱) ضرورت کی چیز میں زکوۃ نہیں ہے اس کے لئے یہ حدیث ہے۔ سمع ابا هریرة عن النبی ﷺ قال خیر الصدقة ما کان عن ظهر غنی وابدأ بمن تعول (بخاری شریف، باب لاصدقۃ الا عن ظہر غنی ص ۱۹۲ نمبر ۱۴۲۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ ضرورت سے زیادہ ہونے کے بعد زکوۃ واجب ہوگی (۲) حدیث میں ہے عن علی قال زهیرا حسبه عن النبی ﷺ ... وفی البقر فی کل ثلاثین تبیع والاربعین مسنّة ولیس علی العوامل شیء (ابوداؤد شریف، باب فی زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۸ نمبر ۱۵۷۲) اس حدیث میں ہے کہ کام کے جانور میں زکوۃ نہیں ہے اسی پر قیاس کرتے ہوئے کام کے زیور میں زکوۃ نہیں ہے۔ (۳) زیور میں زکوۃ نہیں ہے۔ان کی دلیل یہ اثر ہے۔ عن عبد الله بن عمرؓ انه قال: لیس فی الحلی زکاة . (سنن للبیھقی باب من قال لا زکوۃ فی الحلی ج رابع ص ۲۳۳، نمبر ۷۵۳۷ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۴۷، من قال: لیس فی الحلی زکاۃ، ج ثانی، ص ۳۸۳، نمبر ۱۰۱۷۳) اس اثر میں ہے کہ حضرت عبد اللہ ابن عمرؓ فرماتے تھے کہ زیور میں زکوۃ واجب نہیں ہے۔

**لغت** : بذل: کا معنی ہے خرچ کرنا، یہاں مراد ہے ہر روز استعمال کی چیز، ثیاب البذلۃ: ہر روز استعمال کا کپڑا، حلی: زیور۔

**ترجمه** : ۲؎ ہماری دلیل یہ ہے کہ زکوۃ کا سبب بڑھنے والا مال ہے اور زیور میں بڑھنے کی دلیل موجود ہے وہ پیدائشی طور پر تجارت کے لئے مہیا ہونا، اور دلیل ہی کا اعتبار ہے۔ بخلاف کپڑے کے، [کہ وہ پیدائشی طور پر تجارت کے لئے مہیا نہیں ہے۔]

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے، کہ جو چیز تجارت کے لئے ہو اس پر زکوۃ واجب ہوتی ہے۔ اور سونے چاندی کی جتنی چیزیں ہیں وہ پیدائشی طور پر تجارت کے لئے تیار ہیں چاہے تجارت کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو، اس لئے اس میں زکوۃ واجب ہو جائے گی، اس کے بر خلاف روزانہ پہننے کے کپڑے پیدائشی طور پر تجارت کے لئے تیار نہیں ہیں اور نہ اس میں تجارت کی نیت ہے کیونکہ وہ تو روزانہ پہننے کے لئے ہیں، اور جب دونوں نہیں ہوئے تو اس میں زکوۃ بھی واجب نہیں ہوگی۔ اس لئے کپڑے پر قیاس کرنا صحیح نہیں ہے۔

## ﴿ جدید اور قدیم اوزان کی تفصیل ﴾

پرانے زمانے میں عرب میں سونا اور چاندی ناپنے کے لئے مثقال، استار اور قیراط رائج تھے۔ اور غلوں کو ناپنے کے لئے برتن رائج تھا جس میں ڈال کر لوگ غلہ ناپتے تھے۔ اس کو رطل، مد، صاع اور وسق کہتے تھے۔ آج کل کی طرح غلوں کو وزن کر کے نہیں ناپتے

تھے۔اس لئے جب سے ان غلوں کوکیلوگرام سے وزن کرنے لگے ہیں رطل، مد، صاع اور وسق کوکیلو سے موازنہ کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔تاہم علماء کے اقوال کی روشنی میں عرب کے پرانے اوزان کو ہندوستانی نئے اوزان میں منتقل کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ عوام کوسہولت ہو۔

## (درہم کا وزن)

ہندوستان میں سونا اور چاندی کے وزن کے لئے رتی، ماشہ اور تولہ چلتے تھے اس لئے ان کا حساب اس طرح ہے۔

8رتی = ایک ماشہ ہوتا ہے اور 12 ماشہ کا = ایک تولہ ہوتا ہے، یعنی 96رتی کا ایک تولہ ہوتا ہے۔

ایک درہم کا وزن ایک مثقال سے تھوڑا کم ہے۔دس درہم ملائیں تو سات مثقال ہوتا ہے۔اس کووزن سبعہ کہتے ہیں۔کلکیولیٹر میں اس طرح لکھتے ہیں (0.70 مثقال) چونکہ 200 درہم میں زکوۃ لازم ہے اس لئے 200 کو 0.70 سے ضرب دیں تو 140 مثقال ہوتے ہیں۔یعنی 140 مثقال چاندی ہوتو زکوۃ لازم ہوگی۔

ایک درہم کا وزن 25.20 رتی ہوتا ہے، یا 3.15 ماشہ، یا 0.26 تولہ، یا 3.061 گرام ہوتا ہے۔

200 درہم جو نصاب زکوۃ ہے اس کا وزن 5040 رتی ہوتا ہے، یا 630 ماشہ، یا 52.50 تولہ، یا 612.36 گرام ہوتا ہے۔

قیراط کے اعتبار سے ایک درہم کا وزن 14 قیراط ہوتا ہے۔ اور 200 درہم کا وزن 2800 قیراط ہوگا۔

## (دینار کا وزن)

ایک دینار ایک مثقال کا ہوتا ہے اس لئے ایک دینار 36 رتی کا ہوگا، یا 4.50 ماشہ، یا 0.375 تولہ، یا 4.374 گرام وزن کا ہوگا۔

20 مثقال یعنی 20 دینار سونے میں زکوۃ واجب ہوتی ہے اس کا وزن 720 رتی، یا 90 ماشہ، یا 7.50 تولہ، یا 87.48 گرام ہوگا۔

قیراط کے اعتبار سے ایک دینار کا وزن 20 قیراط ہوتا ہے۔اور 20 دینار کا وزن 400 قیراط ہوتا ہے۔

**نوٹ**: 1000 گرام کا ایک کیلوگرام ہوتا ہے۔

## ﴿ نصاب اوراوزان ایک نظر میں ﴾

فارمولہ | فارمولہ

| کتنے | برابر | کتنے | | کتنے | برابر | کتنے |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 8رتی | = | ایک ماشہ | | 1769 گرام | = | ایک صاع |
| 12ماشہ | = | ایک تولہ | | 1000 گرام | = | ایک کیلو |
| 11.664 گرام | = | ایک تولہ | | 3.061 گرام | = | ایک درہم |
| 0.218 گرام | = | ایک قیراط | | 612.36 گرام | = | نصاب چاندی |
| 4.374 گرام | = | ایک مثقال | | 4.374 گرام | = | ایک دینار |
| 442.25 گرام | = | ایک رطل | | 87.48 گرام | = | نصاب سونا |
| 3538 گرام | = | ایک صاع | | | | |

( چاندی کانصاب )

| درہم | مثقال | قیراط | تولہ | گرام | کتنی زکوۃ ہوگی |
|---|---|---|---|---|---|
| 1درہم | 0.7 | 14 | 0.262 | 3.061 | ------- |
| 200درہم | 140 | 2800 | 52.50 | 612.36 | 15.309 گرام |

( سونے کانصاب )

| دینار | مثقال | قیراط | تولہ | گرام | کتنی زکوۃ ہوگی |
|---|---|---|---|---|---|
| 1دینار | 1مثقال | 20 | 0.375 | 4.375 | ------- |
| 20دینار | 20مثقال | 400 | 7.50 | 87.48 | 2.189 گرام |

( رتی اور ماشہ کا حساب )

| درہم | رتی | ماشہ | تولہ | گرام | کتنی زکوۃ ہوگی |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 درہم | 25.20 | 3.15 | 0.262 | 3.061 | |
| 200 درہم | 5040 | 630 | 52.50 | 612.36 | 1.312 تولہ |
| 1 دینار | 36 | 4.50 | 0.375 | 4.374 | |
| 20 دینار | 720 | 90 | 7.50 | 87.48 | 0.187 تولہ |

**نوٹ**: کسی نصاب کو بھی چالیس سے تقسیم کریں تو کتنا گرام یا کتنا تولہ زکوۃ لازم ہوگی وہ نکل آئے گا۔

**نوٹ**: یہ حساب احسن الفتاوی، ج رابع، ص ۴۱۶، باب صدقۃ الفطر سے لیا گیا ہے۔ پوری دنیا میں کیلو اور گرام کا رواج ہے اس لئے تمام حسابات کو اسی پر سیٹ کیا ہوں۔

## ﴿ فصل فی العروض ﴾

(۸۰۴) الزکوٰۃ واجبۃ فی عروض التجارۃ کائنۃ ما کانت اذا بلغت قیمتھا نصابا من الورق او الذھب﴾ ۱؎ لقولہ علیہ السلام فیھا یقوّمھا فیؤدّی من کل مائتی درھم خمسۃ دراھم

## ﴿ باب زکوۃ العروض ﴾

**ضروری نوٹ**: دنیا کے سامان کو آٹھ ۸ طریقے پر تقسیم کرسکتے ہیں [۱] سونا اور چاندی کا سکہ، یہ تجارت کے لئے ہو یا نہ ہو حاجت اصلیہ سے زیادہ ہو اور اس پر سال گزر جائے اور نصاب پورا ہوتا ہو تو اس میں چالیسواں حصہ زکوۃ ہے [۲] سونا چاندی کے بنے ہوئے برتن یا زیور۔ اس کا حکم بھی سونے چاندی کا حکم ہے۔ [۳] جانور جو چرنے والے ہوں، اس کا حکم اوپر گزر چکا ہے کہ پانچ اونٹ میں ایک بکری ہے وغیرہ۔ [۴] وہ جانور جو گھر پر کھا کر زندگی گزارتے ہوں۔ ان میں زکوۃ نہیں ہے۔ [۵] وہ جانور جو کام کے ہوں۔ ان میں بھی زکوۃ نہیں ہے [۶] زمین سے پیدا ہونے والے غلے، اور پھل۔ اس میں عشر ہے، ان میں سال گزرنا ضروری نہیں، اور حاجت اصلیہ سے فارغ ہونا بھی ضروری نہیں۔ اس کی بحث آگے آرہی ہے۔ [۷] خراج ٹیکس، جو غیر مسلم کی زمین پر لازم کی جاتی ہے۔ اس کی بحث بھی آگے آئے گی۔ [۸] سامان جسکو عروض کہتے ہیں، جیسے کپڑا، برتن وغیرہ، اسکی بحث چل رہی ہے، اس میں یہ شرط ہے کہ تجارت کے لئے ہو اور سال گزر گیا ہو تو اس کی قیمت لگا کر دو سو درہم میں پانچ درہم زکوۃ ہے۔

**ترجمہ**: (۸۰۴) زکوۃ واجب ہے تجارت کے سامان میں جو سامان بھی ہو، جب کہ پہنچ جائے چاندی یا سونے کے نصاب کو۔

**تشریح**: تجارت کا کوئی بھی سامان ہو اس کی قیمت لگائی جائے گی، چاہے سونے سے اس کی قیمت لگائے یا چاندی سے اس کی قیمت لگائے۔ اگر یہ قیمت سونے یا چاندی کے نصاب کے برابر ہو جائے اور اس پر سال گزر جائے تو اس پر زکوۃ واجب ہوگی۔

**وجہ**: حدیث میں ہے (۱) عن سمرۃ بن جندب قال اما بعد ! فان رسول اللہ ﷺ کان یأمرنا ان نخرج الصدقۃ من الذی نعد للبیع (ابوداؤد شریف، باب العروض اذا کانت للتجارۃ ھل فیھا زکوۃ؟ ص ۲۲۵ نمبر ۱۵۶۲) (۲) عن سمرۃ بن جندب .... فان رسول اللہ ﷺ کان یأمرنا برقیق الرجل أو المرأۃ الذین ھم تلاد لہ، و ھم عملۃ لا یرید بیعہ فکان یأمرنا أن لا نخرج عنھم من الصدقۃ شیئا، و کان یأمرنا ان نخرج من الرقیق الذی یعد للبیع. (دار قطنی ۸، باب زکوۃ مال التجارۃ وسقوطھا عن الخیل والرقیق ج ثانی ص ۱۱۱ نمبر ۲۰۰۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مال تجارت میں زکوۃ واجب ہے لیکن جو سامان تجارت کے لئے نہ ہو اس میں زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ سامان کے بارے میں حضور علیہ السلام کا قول کہ سامان کی قیمت لگاؤ پھر ہر دو سو درہم میں پانچ درہم ادا کرو۔

**تشریح**: اس الفاظ کے ساتھ تو حدیث نہیں ملی لیکن اس کا مفہوم اوپر گزر گیا ہے کہ سامان تجارت کے لئے ہوگا تو اس کی قیمت

۲؎ ولانها معدة للاستنماء باعداد العبد فاشبه المُعَدّ باعداد الشرع ۳؎ ويشترط نية التجارة ليثبت الاعداد ثم (۸۰۵)قال يقومها بما هو انفع للمساكين ﴾ ۱؎ احتياطا لحق الفقراء قال وهذا رواية عن ابی حنيفةؒ

میں زکوۃ ہوگی، اور یہ اثر بھی ہے. عن ابن عمرؓ قال : ليس في العروض زكاة الا ما كان للتجارة . (سنن بیہقی، باب زکاۃ التجارۃ، ج رابع، ص ۲۴۹، نمبر ۷۶۰۵) اس اثر میں ہے کہ سامان تجارت کے لئے ہو تب اس میں زکوۃ ہے ورنہ نہیں۔

**ترجمہ**: ۲؎ اس لئے کہ بندے کے تیار کرنے سے بڑھنے کے لئے تیار ہو جاتا ہے، تو ایسا ہو گیا کہ شریعت نے اس کو بڑھنے کے لئے تیار کیا۔

**تشریح**: شریعت نے پیدائشی طور پر سونا اور چاندی کو بڑھنے اور نمو کے لئے بنایا ہے، کہ اس میں تجارت کرنے کی نیت نہ بھی کرے تب بھی وہ بڑھتا رہتا ہے۔ لیکن سامان ایسی چیز ہے کہ انسان تجارت کی نیت کر کے بڑھانے کی نیت کرے تو وہ بڑھنے والا ہو جاتا ہے۔ اور ایسے ہی بڑھنے والا ہوتا ہے جیسے شریعت نے سونے، چاندی کو بڑھنے والا قرار دیا ہے۔ اور جب سامان بڑھنے والا ہو گیا تو اسکی قیمت میں زکوۃ ہوگی

**ترجمہ**: ۳؎ پھر تجارت کی نیت کرنا شرط ہے، تا کہ نامی ہونا ثابت ہو جائے۔

**تشریح**: جس وقت سامان خرید رہا ہو اس وقت یہ نیت ہو کہ اس کو تجارت کرنے کے لئے خرید رہا ہوں تب وہ چیز تجارت کی بنے گی۔ اور اگر خریدتے وقت تجارت کی نیت نہیں تھی، بعد میں تجارت کرنے کی نیت کی تو صرف نیت کرنے سے تجارت کی چیز نہیں بن جائے گی، بلکہ تجارت کی نیت کے ساتھ اس کو بیچے گا تب وہ تجارت کا سامان بنے گا۔ اس وقت سے تجارت پر ایک سال گزرنا ضروری ہوگا۔

**لغت**: اعداد: کا معنی ہے تیار ہونا، مہیا ہونا۔ اسی سے ہے معدۃ: تیار کیا ہوا، مہیا کیا ہوا۔ استنماء: ماخذ نموٌ ہے، بڑھنے کے لئے۔

**ترجمہ**: (۸۰۵) سامان تجارت کی قیمت لگائی جائے گی اس چیز سے جو فقراء اور مساکین کے لئے زیادہ نفع بخش ہو۔

**ترجمہ**: ۱؎ یہ قول فقراء کے حق کی وجہ سے احتیاط پر مبنی ہے۔ اور یہ امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت ہے۔

**تشریح**: سامان تجارت کی قیمت لگائی جائے گی تو اس بارے میں چار اقوال ہیں کہ کس طرح قیمت لگائی جائے۔[۱] امام ابو حنیفہؒ کا پہلا قول یہ ہے کہ جس قیمت لگانے میں فقراء کا فائدہ ہو وہ قیمت لگائی جائے، مثلا سامان کی قیمت درہم سے لگائی جائے تو دوسو درہم پورا ہوتا ہے اور سونے سے قیمت لگائی جائے تو بیس ۲۰ مثقال نہیں ہوتا تو درہم ہی سے قیمت لگائی جائے تا کہ غریب کا فائدہ ہو جائے۔ اور اگر سونے سے قیمت لگانے میں نصاب پورا ہوتا ہو اور چاندی سے قیمت لگانے میں نصاب پورا نہیں ہوتا ہو تو

**۲** وفی الاصل خيّره لان الثمنين فی تقدير قيم الاشياء بهما سواء **۳** وتفسير الانفع ان يقوّمها بما يبلغ نصابا **۴** وعن ابی يوسف انه يقومها بما اشتری ان كان الثمن من النقود لانه ابلغ فی معرفة المالية وان اشتراها بغير النقود قومها بالنقد الغالب

سونے سے قیمت لگائی جائے، اس میں غرباء کا فائدہ ہے۔ اس لئے یہ قول احتیاط پر مبنی ہے اور فقراء کے فائدے کے لئے ہے۔

**ترجمہ**: **۲** اور اصل مبسوط میں قیمت لگانے میں اختیار دی ہے اس لئے کہ چیزوں کی قیمت لگانے میں دو ثمن برابر ہیں۔

**تشریح**: یہ امام ابوحنیفہؒ کا دوسرا قول ہے کہ دونوں میں سے کسی ایک سے قیمت لگانے کا اختیار۔ امام محمدؒ کی کتاب الاصل، جسکو مبسوط کہتے ہیں اس میں ہے کہ درہم اور دینار دونوں میں سے جس سے بھی سامان کی قیمت لگائے دونوں جائز ہے، اور اس کی وجہ یہ ہے کہ دونوں ثمن ہیں اور شریعت میں دونوں سے قیمت لگائی جا سکتی ہے۔ مبسوط کی عبارت یہ ہے۔ قلت : أرأيت الرجل التاجر يكون فی يديه الرقيق قد اشتراه بدنانير أو بدراهم و فی يديه المتاع قد اشتراه بغير ما اشتری به الرقيق كيف يزكيه عند رأس الحول ؟ أيقوم ذالک كله دراهم أو دنانير ثم يزكيه ؟ قال : أی ذالک ما فعل أجزی عنه ۔ (کتاب الاصل، باب زکاۃ المال، ج ثانی، ص ۵۷، مطبوعہ عالم الکتاب، بیروت) عبارت کے آخیر کے میں ہے أی ذالک ما فعل أجزی عنه، کہ دونوں میں سے کسی سے بھی قیمت لگائے درست ہے۔

**ترجمہ**: **۳** اور انفع کی تفسیر یہ ہے کہ سامان کی قیمت اس ثمن سے لگائے کہ نصاب زکوۃ تک پہنچ جائے۔

**ترجمہ**: **۴** [۳] یہ تیسرا قول ہے۔ امام ابو یوسفؒ کی روایت یہ ہے کہ جس ثمن سے سامان خریدا ہے اسی سے قیمت لگائے، اگر ثمن نقد میں سے ہو تو، اس لئے کہ مالیت کے پہچاننے میں یہ زیادہ آسان ہے۔ اور اگر سامان کو نقد کے علاوہ سے خریدا ہے، تو جو نقد شہر میں زیادہ چلتا ہو اس سے اسکی قیمت لگائی جائے گی۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ مثلا سامان کو درہم سے خریدا ہے تو اسی سے اسکی قیمت لگائی جائے، اور دینار سے خریدا ہے تو دینار سے اسکی قیمت لگائی جائے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک مرتبہ درہم یا دینار سے قیمت لگ چکی ہے اس لئے اس سے سامان کی قیمت پہچاننا آسان ہوگا، دوسرے نقد سے قیمت پہچاننا اتنا آسان نہیں ہوگا۔ لیکن یہ اس صورت میں ہوگا کہ سامان کو درہم یا دینار جیسے نقدی چیز سے خریدا ہو، لیکن اگر اس سامان کو کپڑا وغیرہ غیر نقدی سے پہلے خریدا ہو تو جس نقد کا اس ملک میں زیادہ رواج ہو اس سے اس کی قیمت لگائی جائے گی۔

**لغت**: ثمن: کا معنی ہے قیمت، درہم، دینار۔ نقد: درہم، دینار۔ نقد غالب: شہر میں جس سکے کا رواج زیادہ ہو اس کو نقد غالب کہتے ہیں۔ ابلغ: زیادہ مبالغہ، یہاں مراد ہے زیادہ آسان۔

۵ وعن محمدؒ انه یقومها بالنقد الغالب علی کل حال کما فی المغصوب و المستهلک

(۸۰۶) واذا کان النصاب کاملا فی طرفی الحول فنقصانه فیما بین ذٰلک لا یُسقِط الزکوٰۃ﴾

ا لانه یشق اعتبار الکمال فی اثنائه اما لا بد منه فی ابتدائه للانعقاد وتحقق الغناء وفی انتهائه للوجوب ولا کذلک فیما بین ذٰلک لانه حالة البقاء

**ترجمہ**: ۵ اور امام محمدؒ سے روایت یہ ہے کہ ہر حال میں نقد غالب سے سامان کی قیمت لگائی جائے گی۔ جیسا کہ غصب کیا ہوا اور ھلاک کیا ہوا مال میں ہوتا ہے۔

**تشریح**: [۴] یہ چوتھا قول ہے۔ امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ ہر حال میں سامان کی قیمت اس نقد سے لگائی جائے گی جسکا رواج شہر میں زیادہ ہو۔ پھر اس کی دو مثالیں دیتے ہیں ایک یہ کہ اگر کسی نے کسی کی کوئی چیز غصب کر لی، اور چیز ہلاک ہوگئی اور وہ چیز ایسی تھی جسکی قیمت واجب ہوتی تھی، جسکو ذوات القیم، کہتے ہیں تو اس کی قیمت اس نقد سے لگائی جاتی ہے جس کا رواج زیادہ ہو۔ اسی طرح کسی نے کسی کی چیز امانت کے طور پر لی اور اس کو ہلاک کر دیا تو اس کی قیمت اس نقد سے لگے گی جس کا رواج شہر میں زیادہ ہو، جس کو نقد غالب کہتے ہیں۔ بندے کے یہاں بھی یہی ہے اور شریعت بھی اس کو قبول کرتی ہے۔ اسی طرح زکوۃ میں بھی نقد غالب سے ہی سامان کی قیمت لگائی جائے گی۔

**وجہ**: کسی چیز کی قیمت لگا کر زکوۃ دینے کی دلیل پہلے گزر چکی ہے۔ (بخاری شریف، باب العروض فی الزکوۃ ص ۱۹۴ نمبر ۱۴۴۸ / ابو داؤد شریف، باب زکوۃ السائمۃ ص ۲۲۵ نمبر ۱۵۶۷ / ۱۵۷۲)۔

**ترجمہ**: (۸۰۶) اگر نصاب سال کے دونوں کناروں میں کامل ہو تو سال کے درمیان نقصان ہونا زکوۃ ساقط نہیں کرتا۔

**تشریح**: مثلا رمضان میں کسی مال کا مکمل نصاب ہے اور محرم میں نصاب سے کم ہوگیا پھر رمضان میں نصاب مکمل ہوگیا تو زکوۃ واجب ہوگی۔ ہاں اگر درمیان سال میں نصاب کا مکمل ہی مال ختم ہوگیا تو چونکہ بالکل جڑ سے مال نہیں رہا اس لئے اب جب سے نصاب ہوگا اس وقت سے زکوۃ کا مہینہ شروع ہوگا۔

**وجہ**: شروع میں نصاب ہونا زکوۃ کے انعقاد کے لئے ہے اور اخیر میں نصاب ہونا زکوۃ واجب ہونے کے لئے ہے، اور درمیان میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے اس لئے اس کا اعتبار نہیں کیا گیا۔

**ترجمہ**: ا کیونکہ درمیان سال میں پورے نصاب کے اعتبار کرنے میں مشقت ہے، ہاں شروع سال میں نصاب کا پورا ہونا ضروری ہے زکوۃ منعقد ہونے کے لئے اور مالداری کے تحقق کے لئے، اور آخیر سال میں زکوۃ واجب ہونے کے لئے، اور درمیان سال میں اس کی ضرورت نہیں ہے اس لئے کہ بقاء کی حالت ہے۔

۲ بخلاف مالوهلک الکل حیث یبطل حکم الحول ولا تجب الزکوٰة لانعدام النصاب فی الجملة ولا کذلک فی المسألة الاولی لان بعض النصاب باق فبقی الانعقاد (۸۰۷) قال وتضم قیمة العروض الی الذهب والفضة حتی یتم النصاب ﴾ ۱ لان الوجوب فی الکل باعتبار التجارة وان افترقت جهة الاعداد

**تشریح:** سال کے ہر ہر مہینے میں نصاب مکمل رہے اس کی شرط لگانے میں مشقت ہے، اس لئے کہ مال گھٹتا بڑھتا رہتا ہے۔ البتہ شروع میں اس لئے یہ شرط لگائی کہ پورا نصاب ہو تو زکوۃ منعقد ہونے کا سبب ہوگا اور آدمی مالدار اور غنی شمار ہوگا، اور آخیر سال میں اس لئے پورا نصاب ہونا ضروری ہے کہ اس وقت زکوۃ کی ادائیگی واجب ہوتی ہے، اس لئے آخیر میں نصاب پورا ہو تب ہی زکوۃ واجب ہوگی۔ اور درمیان سال بقاء کی حالت ہے، نہ اس میں زکوۃ واجب ہونے کے سبب کی ضرورت ہے اور نہ اس میں زکوۃ کی ادا کی ضرورت ہے، اس لئے اس میں نصاب کا پورا ہونا ضروری نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۲ بخلاف اگر پورا ہی مال ہلاک ہو جائے تو سال گزرنے کا حکم باطل ہو جائے گا، اور زکوۃ واجب نہیں ہوگی، کیونکہ نصاب بالکلیہ معدوم ہو گیا، اور پہلی صورت میں یہ بات نہیں ہے اس لئے کہ بعض نصاب باقی ہے تو زکوۃ کا وجوب بھی باقی رہے گا۔

**تشریح:** اگر درمیان سال میں پورا مال ہی ہلاک ہو جائے تو اب زکوۃ واجب نہیں رہے گی، دوبارہ جب سے نصاب پورا ہوگا اس وقت سے زکوۃ کا سال شروع ہوگا، اس کی وجہ یہ ہے کہ نصاب پر سال گزرنا ضروری ہے، اور نصاب کا ایک درہم ہی نہیں رہا تو سال کس پر گزرے گا! اس لئے سال گزرنے کا حکم باطل ہو جائے گا کیونکہ نصاب کا کچھ بھی باقی نہیں رہا۔ البتہ پہلے مسئلے میں یہ بات نہیں ہے کیونکہ نصاب کا کچھ حصہ باقی ہے اس لئے سال اس پر ہی گزرتا رہے گا اور زکوۃ کا انعقاد باقی رہے گا۔۔ فی الجملۃ : کا ترجمہ ہے مکمل۔

**ترجمہ:** (۸۰۷) سامان تجارت کی قیمت سونے کی طرف اور چاندی کی طرف ملائی جائے گی۔

**ترجمہ:** ۱ اس لئے کہ تمام میں وجوب تجارت کے اعتبار سے ہے، اگر چہ بڑھوتری کے لئے مہیا ہونے کی جہت الگ الگ ہے۔

**تشریح:** تجارت کا جو سامان ہے اس کی قیمت سے نصاب پورا نہیں ہوتا ہو اور اس کے پاس سونا، یا چاندی ہو تو سامان کی قیمت کو چاندی کے ساتھ یا سونے کے ساتھ ملائے، اگر اس سے نصاب پورا ہو جاتا ہو تو زکوۃ واجب ہوگی۔

**وجہ:** (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ نمو اور بڑھوتری دونوں میں ہے جو زکوۃ کا سبب ہے، البتہ بڑھوتری کی جہت الگ الگ ہے، سامان میں بڑھوتری تجارت کی وجہ سے ہے جو بندوں نے شروع کی ہے، اور سونا اور چاندی میں بڑھوتری اور نمو اللہ کی جانب سے پیدائشی

(۸۰۸) ويضم الذهب الى الفضة﴾ لـ للمجانسة من حيث الثمنية و من هذا جالوجه صار سببا.

ہے، تاہم نمودونوں میں ہے اور یہی زکوۃ کا سبب ہے اس لئے دونوں کو ملا کر نصاب پورا کر دیا جائے تا کہ فقراء کا فائدہ ہو(۲) اس اثر میں ہے قلت لمكحول : يا ابا عبد الله ان لی سيفا فيه خمسون و مائة درهم فهل على فيه زكاة ؟ قال اضف اليه ما كان لک من ذهب و فضة فاذا بلغ مائتی درهم ذهب و فضة فعليک فيه الزكاة . (مصنف ابن ابی شيبة ،باب ۸، فی الرجل تكون عنده مائة درهم وعشرة دنانير، ج ثانی، ص ۳۵۸، نمبر ۹۸۸۵) اس اثر میں ہے کہ تلوار میں جو سونا یا چاندی ہے اس کو نقد سونا چاندی کے ساتھ ملاؤ اگر اس ملانے سے دوسو درہم کی مقدار ہو جائے تو زکوۃ واجب ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ سامان کی قیمت سونے یا چاندی کے ساتھ ملائی جائے اور نصاب پورا ہونے پر زکوۃ واجب ہوگی۔

**ترجمہ**: (۸۰۸) سونا کو چاندی کے ساتھ ملایا جائے۔

**ترجمہ**: لـ کیونکہ ثمن ہونے میں دونوں ہم جنس ہیں اور ثمن ہونے کی وجہ سے زکوۃ کا سبب ہوا۔

**تشریح** : کسی کے پاس صرف سونا بیس مثقال نہیں ہے کہ نصاب پورا ہو سکے، یا صرف چاندی دوسو درہم نہیں ہے کہ نصاب پورا ہو سکے تو چاندی کو سونے کے ساتھ ملا کر نصاب پورا ہوتا ہو تو دونوں کو ملا کر نصاب پورا کیا جائے گا اور زکوۃ وجب ہوگی۔

**وجہ** : (۱) اسکی دلیل عقلی یہ ہے کہ دونوں ہی ثمن ہیں، اس لئے دونوں ثمن ہونے کے اعتبار سے ایک جنس کے ہو گئے اس لئے ایک کو دوسرے کے ساتھ ملا کر نصاب پورا کیا جائے گا اور زکوۃ واجب کی جائے گی۔ (۲) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ عن الحسن انه كان يقول : اذا كانت له ثلاثون دينارا و مائة درهم كان عليه فيها الصدقة ، و كان يرى الدرهم و الدنانير عينا كله ۔ (مصنف ابن ابی شيبة ، باب ۸، فی الرجل تكون عنده مائة درهم وعشرة دنانير، ج ثانی، ص ۳۵۸، نمبر ۹۸۸۶) اس اثر میں ہے کہ درہم اور دینار دونوں ایک ہی قسم کا نقد شمار کیا گیا ہے۔ اس لئے نصاب پورا کرنے کے لئے دونوں کو ملایا جائے گا۔ (۳) اس اثر میں بھی اس کا ثبوت ہے۔ قال سألت ابراهيم عن رجل له مائة درهم و عشرة دنانير قال يزكى من المائة بدرهمين و من الدنانير بربع دينار و قال : سألت الشعبی فقال : يحمل الاكثر على الاقل أو قال على الاكثر فاذا بلغت فيه الزكاة زكى ۔ (مصنف ابن ابی شيبة ، باب ۸، فی الرجل تكون عنده مائة درهم وعشرة دنانير، ج ثانی، ص ۳۵۸، نمبر ۹۸۸۴) اس اثر میں ہے کہ سونے کو چاندی کی طرف ملایا جائے، یا چاندی کو سونے کی طرف ملایا جائے، اور دونوں کو ملا کر نصاب پورا ہو جائے تو زکوۃ واجب ہوگی۔

**لغت**: ثمن: اس کو کہتے ہیں جس سے چیزوں کی قیمت لگائی جائے، اور درہم اور دینار سے چیزوں کی قیمت لگائی جاتی ہے اس لئے ثمن ہونے میں دونوں ایک جنس ہیں، اور ثمن ہونا یہ زکوۃ کا سبب ہے، اس لئے دونوں کو ملا کر نصاب پورا کیا جائے گا۔ جنس: کا ترجمہ ہے، ایک نسل کا ہو، یا دو چیزیں ایک طرح کی ہو تو کہتے ہیں کہ یہ ایک جنس کی چیز ہے۔ اسی سے مجانست ہے، ایک طرح کا ہونا

۲ ثم تضم بالقيمة عند ابی حنيفةؒ وعندهما بالاجزاء وهو رواية عنه حتى ان من كان له مائة درهم وخمسة مثاقيل ذهب وتبلغ قيمتها مائة درهم فعليه الزكوٰة عنده خلافا لهما ۳ هما يقولان المعتبر فيهما القدر دون القيمة حتى لا تجب الزكوٰة فی مصنوع وزنُه اقل من مائتين وقيمته فوقها ۴ هو يقول ان الضم للمجانسة وهو يتحقق باعتبار القيمة دون الصورة فيضم بها والله اعلم.

**ترجمہ**: ۲ پھر امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک قیمت کے ذریعہ ملایا جائے گا اور صاحبینؒ کے نزدیک اجزاء کے ذریعہ، اور یہی ایک روایت امام ابوحنیفہؒ کی ہے، یہاں تک کہ کسی کے پاس ایک سو درہم ہو اور پانچ مثقال سونا ہو جسکی قیمت ایک سو درہم پہونچ جاتی ہو تو امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک اس پر زکوۃ ہوگی خلاف صاحبینؒ کے [کہ انکے یہاں اس پر زکوۃ نہیں ہوگی]۔

**تشریح**: سونے کو چاندی کے ساتھ ملانے کے دو طریقے ہیں تا کہ نصاب مکمل ہو جائے۔ ایک طریقہ یہ ہے کہ سونے کی قیمت لگا کر چاندی کے ساتھ ملایا جائے، یا چاندی کی قیمت لگا کر۔ اور دوسری شکل یہ ہے کہ وزن کے اعتبار سے ملایا جائے۔ مثلا ایک آدمی کے پاس ایک سو درہم ہے اور پانچ مثقال سونا ہے تو درہم کا نصاب آدھا ہے لیکن سونے کا نصاب آدھا یعنی دس مثقال سے پانچ مثقال کم ہے لیکن پانچ مثقال کی قیمت ایک سو درہم دے رہا ہے تو قیمت کے اعتبار سے ایک سو درہم اور پانچ مثقال سونے کی قیمت ایک سو درہم دونوں ملا کر دو سو درہم ہو جاتے ہیں اور نصاب پورا ہو جاتا ہے تو امام ابوحنیفہ کے نزدیک قیمت کے اعتبار سے ملایا جائے گا اور زکوۃ واجب ہوگی۔ چاہے وزن کے اعتبار سے نصاب پورا نہ ہوتا ہو۔ اور صاحبینؒ کا مسلک یہ ہے کہ وزن کے اعتبار سے دونوں کا ملا کر نصاب پورا ہوتا ہو تو زکوۃ واجب ہوگی، چاہے قیمت کے اعتبار سے نصاب پورا ہوتا ہو یا نہیں۔ مثلا ایک سو ۱۰۰ درہم کے وزن کا ایک برتن ہے، اور دس ۱۰ مثقال وزن کا ایک سونے کا زیور ہے تو وزن کے اعتبار سے دونوں کو ملا کر نصاب پورا ہو جاتا ہے تو اب اس پر زکوۃ واجب ہوگی۔۔ اجزاء: کا معنی وزن۔ جز۔

**ترجمہ**: ۳ صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ درہم اور دینار میں وزن کا اعتبار ہے قیمت کا اعتبار نہیں ہے، یہی وجہ ہے کہ بنا ہوا برتن جسکا وزن دو سو درہم سے کم ہو، اور اسکی قیمت دو سو درہم سے زیادہ ہو تو اس میں زکوۃ واجب نہیں ہوگی۔

**تشریح**: صاحبین فرماتے ہیں کہ درہم اور دینار میں قیمت کا اعتبار نہیں ہے بلکہ اس کے وزن کا اعتبار ہے قدر کا معنی ہے وزن، ۔ یہی وجہ ہے کہ مثلا چاندی کا ایک خوشنما برتن ہے جسکا وزن دو سو درہم سے کم ہے لیکن خوشنما ہونے کی وجہ سے اس کی قیمت دو سو درہم سے زیادہ ہے پھر بھی کسی کے یہاں اس پر زکوۃ واجب نہیں ہوگی، کیونکہ وزن کے اعتبار سے نصاب پورا نہیں ہوتا، اس سے معلوم ہوا کہ درہم اور دینار میں وزن کا اعتبار ہے قیمت کا اعبار نہیں ہے۔ مصنوع: صنع سے مشتق ہے، بنا ہوا برتن، یا کوئی چیز۔

**ترجمہ**: ۴ امام ابوحنیفہؒ فرماتے ہیں کہ ملانا مجانست کی وجہ سے ہے اور وہ قیمت کے اعتبار سے متحقق ہوتا ہے، وزن کے

اعتبار سے متحقق نہیں ہوتا، اس لئے قیمت کے ساتھ ہی ملایا جائے گا۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ سونا اور چاندی الگ الگ چیزیں ہیں، البتہ دونوں ہی قیمت بنتے ہیں اس میں مجانست ہے، اس لئے قیمت ہی کے ذریعہ ایک دوسرے کو ملایا جا سکتا ہے، اس لئے سونا یا چاندی کی قیمت لگا کر ملایا جائے گا اور نصاب پورا کیا جائے گا، وزن کے ذریعہ نہیں ملایا جا سکے گا۔

﴿ باب فی من یمرّ علی العاشر ﴾

(۸۰۹)اذا مرّ علی العاشر بمال فقال اصبته منذ اشهر او علیَّ دین وحلف صُدّق﴾

﴿باب فی من یمر علی العاشر﴾

**ضروری نوٹ:** حضرت امام محمدؒ کی کتاب الاصل میں یہ باب زکوۃ الاموال کے بعد ہی ہے، اس لئے صاحب ھدایہ نے انکی اتباع میں یہ باب یہاں لایا۔ (کتاب الاصل، باب العاشر، ج ثانی، ص ۸۹)۔

عاشر کیا ہے:۔ عاشر عشر سے مشتق ہے، یہ حربی سے دسواں حصہ وصول کرتا ہے اس لئے اس کو عاشر کہتے ہیں، اور عاشر جو کچھ لیتا ہے اس باب میں سب کو عشر کا نام دیا ہے، حالانکہ مسلمانوں سے چالیسواں حصہ زکوۃ لیتے ہیں ، ذمی سے بیسواں حصہ ٹیکس لیتے ہیں، اور حربی سے دسواں حصہ ٹیکس لیتے ہیں، لیکن سب کو ہی عشر کہا گیا ہے۔۔ زکوۃ وصول کرنے والے کو مصدق، مزکی، ساعی، اور عاشر کہتے ہیں، البتہ عاشر میں خصوصیت یہ ہے کہ شہر میں داخل ہونے کا جو راستہ ہوتا اس کے سرے پر ایک آدمی کھڑا کرتے ہیں جو تاجر بھی تجارت کا مال لیکر وہاں سے شہر میں داخل ہو اس سے مال تجارت کی زکوۃ وصول کرتا ہے، اس کو عاشر کہتے ہیں، یہ تاجروں کے مال کی حفاظت بھی کرتے ہیں تاکہ چور اس کو چرا نہ لے۔ اور اسی لئے اس کو زکوۃ وصول کرنے کا حق ہے۔ زکوۃ وصول کرنے کا حق اس آیت سے معلوم ہوتا ہے۔ خذ من أموالهم صدقة تطهرهم و تزكيهم بها و صل عليهم . (آیت ۱۰۳، سورۃ التوبۃ ۹) اس آیت میں حضورؐ کو زکوۃ وصول کرنے کا حکم دیا، جس سے معلوم ہوا کہ بادشاہ کو زکوۃ لینے کا حق ہے۔ (۲) اس حدیث میں بھی ہے (۲). عن رافع بن خديج قال سمعت رسول الله ﷺ يقول : العامل على الصدقة بالحق كالغازي في سبيل الله حتى يرجع الى بيته ۔ (ابو داود شریف، باب فی السعایۃ علی الصدقۃ ،ص ۴۲۷، نمبر ۲۹۳۶) اس حدیث معلوم ہوا کہ صدقہ وصول کرنا جائز ہے (۳) اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے حضرت معاذؓ کو اہل یمن سے زکوۃ وصول کرنے کے لئے بھیجا، حدیث کا ٹکڑا یہ ہے. عن ابن عباسؓ أن رسول الله ﷺ لما بعث معاذا على اليمن .... أن الله قد فرض عليهم زكاة تؤخذ من اموالهم و ترد على فقرائهم فاذا اطاعوا بها فخذ منهم و توق كرائم أموال الناس ۔ (بخاری شریف، باب لا تؤخذ کرائم أموال الناس فی الصدقۃ، ص ۲۳۶، نمبر ۱۴۵۸) اس حدیث میں ہے کہ مالداروں سے زکوۃ وصول کی جائے گی۔

**ترجمہ:** (۸۰۹) اگر عاشر پر مال لیکر گزرا اور تاجر نے کہا ابھی چند ماہ سے یہ مال میرے پاس ہے، یا مجھ پر قرض ہے اور قسم کھایا تو تصدیق کی جائے گی۔

**تشریح:** تاجر عاشر کے سامنے سے گزرے اور یہ کہے کہ میرے اس مال پر سال پورا نہیں ہوا ہے، ابھی چند ماہ سے میرے پاس یہ مال آیا ہے، اور کوئی دوسرا مال بھی میرے پاس نہیں ہے جس پر سال گزر رہا ہو تا کہ اس کو اسکے ساتھ ملا کر زکوۃ وصول کیا جا سکے، اور اس

۱ والعاشر من نصبه الامام علی الطریق لیاخذ الصدقات من التجار ۲ فمن انکر منهم تمام الحول او الفراغ من الدین کان منکرا للوجوب والقول قول المنکر مع الیمین. (۸۱۰) وکذا اذا قال ادیتها الیٰ عاشر اٰخر﴾ ۱ ومراده اذا کان فی تلک السنة عاشر اٰخر لانه ادعی وضع الامانة موضعها بخلاف ما اذا لم یکن عاشر اٰخر فی تلک السنة لانه ظهر کذبه بیقین (۸۱۱) وکذا اذا قال ادیتها ﴾

پر قسم کھالے تو اس کی بات مان لی جائے گی اور اس سے زکوۃ نہیں لی جائے گی۔ اسی طرح کہا کہ میرے پاس تجارت کا مال نصاب تک ہے لیکن مجھ پر قرض ہے اور اس پر قسم کھالے تو اس کی بات مان لی جائے گی اور زکوۃ نہیں لی جائے گی۔

**وجه** : (۱) اسکی وجہ یہ ہے کہ یہاں عاشر زکوۃ لینے کا مدعی ہے اور تاجر مدعی علیہ ہے اور منکر ہے، اور مدعی کے پاس گواہ نہ ہو تو منکر کی بات قسم کے ساتھ مانی جاتی ہے، اس لئے تاجر کی بات قسم کے ساتھ مان لی جائے گی۔ (۲) کتب الی ابن عباس أن رسول الله ﷺ قضی بالیمین علی المدعی علیه ۔ (ابوداود شریف، باب الیمین علی المدعی علیہ، ص ۵۲۰، نمبر ۳۶۱۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مدعی علیہ یعنی منکر پر قسم ہے۔

**ترجمه** : ۱ عاشر اس زکوۃ وصول کرنے والے کو کہتے ہیں کہ امام نے اس کو راستے پر متعین کیا ہو تا کہ تاجروں سے صدقات لے۔

**تشریح** : یہ عاشر کی تعریف ہے کہ امام جسکو تاجروں سے زکوۃ صدقات لینے کے لئے شہر کے راستے پر متعین کرے اس کو عاشر کہتے ہیں۔

**ترجمه** : ۲ تاجر میں سے کسی نے سال پورا ہونے کا انکار کیا، یا قرض سے فارغ ہونے کا انکار کیا تو وہ زکوۃ کے وجوب کا منکر ہوا، اور قسم کے ساتھ منکر کی بات مانی جاتی ہے [اس لئے تاجر کی بات مانی جائے گی، اور زکوۃ نہیں لی جائے گی]

تشریح : تاجر نے کہا کہ اس مال پر سال پورا نہیں ہوا ہے، یا کہا کہ مجھ پر قرض ہے تو وہ زکوۃ واجب ہونے کا منکر ہے، اور مدعی کے پاس گواہ نہ ہو یا کوئی قرینہ نہ ہو کہ مدعی علیہ جھوٹ بول رہا ہے تو مدعی علیہ کی بات قسم کے ساتھ مانی جاتی ہے۔

**ترجمه** : (۸۱۰) ایسے ہی اگر کہا کہ میں نے دوسرے عاشر کو دے دیا ہے [تو اسکی بات مان لی جائے گی۔

**ترجمه** : ۱ اسکی مراد یہ ہے کہ اس سال میں دوسرا عاشر موجود ہو، اس لئے کہ اس نے امانت کو اپنی جگہ پر رکھنے کا دعوی کیا ہے، بخلاف جبکہ اس سال میں دوسرا عاشر موجود نہ ہو، اس لئے کہ یقینی طور پر اس کا جھوٹ ظاہر ہو گیا۔

**تشریح** : عاشر کے سامنے سے گزرنے والا تاجر یہ کہے کہ میں نے دوسرے عاشر کو زکوۃ دے دی ہے، اور اس سال میں دوسرا عاشر موجود ہو تو اس کی بات مان لی جائے گی اور اس سے زکوۃ نہیں لی جائے گی۔ لیکن اگر اس سال میں دوسرا عاشر موجود نہ رہا ہو تو اب

۱؎ انما یعنی الی الفقراء فی المصر لان الاداء کان مفوضًا الیه فیه وولایة الاخذ بالمرور لدخوله تحت الحمایة. ۲؎ وکذا الجواب فی صدقة السوائم فی ثلثة فصول

---

یہ ظاہر ہوگیا کہ یقینی طور پر یہ جھوٹ بول رہا ہے اس لئے اب اسکی بات نہیں مانی جائے گی، اور زکوۃ لی جائے گی۔

اصول :۔ سچ بولنے کا قرینہ موجود ہو تو قسم کے ساتھ بات مانی جائے گی۔ اور اگر سچ بولنے کا قرینہ نہ ہو تو بات نہیں مانی جائے گی۔

**ترجمہ**: (۸۱۱) ایسے ہی اگر کہا کہ میں نے اپنے سے زکوۃ ادا کی ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ یعنی میں نے شہر میں فقیر کو ادا کیا ہے اس لئے کہ زکوۃ کی ادائیگی مالک کے سپرد تھا، اور عاشر کو لینے کا حق اس کے سامنے سے گزرنے کی وجہ سے ہے اس لئے کہ اس کی حفاظت میں داخل ہوگیا۔

**تشریح** : یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ تجارت کا مال جب تک شہر کے اندر ہے اس وقت تک اسکی حفاظت کی ذمہ داری مالک کی ہے اور بادشاہ کی حفاظت میں ابھی تک داخل نہیں ہوا ہے، یہ اموال باطنہ کے درجے میں ہے، اس لئے چاہے تو اسکی زکوۃ خود شہر کے فقراء کو تقسیم کردے اور جی چاہے تو بادشاہ کے عاشر کو دے۔ ہاں جب شہر سے باہر لے جائے گا تو اسکی حفاظت بادشاہ کے ذمے ہے، اور یہ اموال ظاہرہ ہو جائے گا، اور اس کی زکوۃ بادشاہ کا عاشر ہی وصول کرے۔۔ اس اصول پر مسئلے کی تشریح یہ ہے کہ عاشر کے سامنے سے گزرتے وقت تاجر نے یہ کہا کہ میں نے اس کی زکوۃ شہر کے اندر فقراء پر خود تقسیم کر دیا ہے، اور اس پر قسم کھایا، تو اسکی بات مان لی جائے گی اور اس سے دوبارہ زکوۃ نہیں لی جائے گی، اسکی وجہ یہ ہے کہ شہر کے اندر رہتے ہوئے تجارت کا مال اموال باطنہ تھا اور خود مالک کو اسکی زکوۃ فقراء پر تقسیم کر دینے کا حق تھا، اس لئے اس نے زکوۃ تقسیم کردی تو وہ صحیح ہوگئی۔ اور عاشر کی حفاظت میں تو یہ مال بعد میں آیا ہے، جب عاشر کے سامنے سے گزر رہا ہے اس وقت آیا ہے، اور زکوۃ اس سے پہلے ادا کر چکا ہے، اس لئے اسکی بات قسم کے ساتھ مانی جائے گی۔

**وجه** : (۱) اثر میں ہے. عن الحسن قال : ان دفعها الیهم أجزی عنه و ان قسمها أجزی عنه۔ (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۴۹، من رخص فی ان لا تدفع الزکوۃ الی السلطان، ج ثانی، ص ۳۸۶، نمبر ۱۰۲۱۱) اس اثر میں ہے کہ زکوۃ کا مال خود بھی فقراء میں تقسیم کر سکتا ہے۔

**ترجمہ**: ۲؎ یہی جواب ہے چرنے والے جانور میں تینوں سورتوں میں۔

**تشریح**: چرنے والے جانور جنگل میں چرتے ہیں اس لئے اسکی حفاظت بادشاہ کرتا ہے اس لئے وہ اموال ظاہرہ ہیں۔ اس جانور کو لیکر عاشر کے سامنے سے گزرا اور یہ کہا کہ [۱] اس پر سال نہیں گزرا ہے، [۲] یا مجھ پر قرض ہے [۳] یا میں دوسرے عاشر کو اس کی زکوۃ ادا کر چکا ہوں، اور اس سال دوسرا عاشر موجود تھا تو ان تینوں صورتوں میں قسم کے ساتھ اس کی بات مانی جائے اور اس سے

۳ وفی الفصل الرابع وھو ما اذا قال ادیت بنفسی الی الفقراء فی المصر لا یصدق وان حَلَفَ ۴ وقال الشافعیؒ یصدق لانه اوصل الحق الی المستحق ۵ ولنا ان حق الاخذ للسلطان فلا یملک ابطاله بخلاف الاموال الباطنة

---

زکوۃ نہیں لی جائے گی۔

**ترجمہ**: ۳ اور چوتھی شکل یہ ہے کہ اگر کہے کہ میں نے خود شہر میں فقراء کو تقسیم کی ہے تو بات نہیں مانی جائے گی، چاہے قسم کھائے

**تشریح**: [۴] یہ چوتھی صورت ہے۔ یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ اموال ظاہرہ کی زکوۃ خود فقراء پر تقسیم کردے تو صحیح نہیں ہے، اس زکوۃ کے لینے کا حق بادشاہ کو ہے۔ صورت مسئلہ یہ ہے کہ چرنے والے جانور کو لیکر عاشر کے سامنے سے گزرا اور کہا کہ میں نے اس کی زکوۃ شہر کے فقراء میں تقسیم کردی ہے تو چاہے اس پر قسم کھائے تب بھی بات نہیں مانی جائے گی۔

**وجہ**: (۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ چرنے والا جانور اموال ظاہرہ ہے اسکی زکوۃ وصول کرنے کا حق عاشر کو ہے اور اس نے کہا کہ میں نے خود شہر کے فقراء کو دے دیا تو یہ قاعدے کے خلاف کیا اس لئے اس کی بات نہیں مانی جائے گی (۲) حدیث میں ہے کہ حضرت معاذؓ کو چرنے والی گائے کی زکوۃ لینے کا حکم فرمایا، حدیث یہ ہے۔ عن معاذ ان النبی ﷺ لما وجهه الی الیمن أمره أن یأخذ من البقر من کل ثلاثین تبیعا او تبیعة . (ابوداود شریف، باب زکاۃ السائمۃ، ص ۲۳۳، نمبر ۱۵۷۶) اس حدیث میں ہے کہ گائے میں زکوۃ لینے کے لئے کہا، جس سے معلوم ہوا کہ بادشاہ کو زکوۃ لینے کا حق ہے۔ (۳) اس حدیث میں ہے کہ تجارت کی مال کی زکوۃ امیر کے پاس لاؤ، حدیث یہ ہے۔ عن علی قال قال رسول الله ﷺ قد عفوت عن الخیل و الرقیق ، فھاتوا صدقة الرقة من کل اربعین درھما درھم . (ابوداود شریف، باب زکاۃ السائمۃ، ص ۲۳۳، نمبر ۱۵۷۴) اس حدیث میں کہا کہ چالیس درہم میں ایک درہم لاؤ، جس سے معلوم ہوا کہ بادشاہ کو زکوۃ لینے کا حق ہے۔

**ترجمہ**: ۴ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ تصدیق کی جائے گی، اس لئے کہ مستحق کو اس کا حق پہونچا دیا۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ عاشر بھی زکوۃ آخیر فقراء کو ہی پہونچائے گا وہی اس کا مستحق ہے، اور مالک نے بھی اسی کو پہونچایا ہے اس لئے زکوۃ مستحق کو پہنچ گیا، اس لئے مالک کی بات مان لی جائے گی، اور اس سے دوبارہ زکوۃ نہیں لی جائے گی۔

**ترجمہ**: ۵ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ زکوۃ وصول کرنے کا حق بادشاہ کو تھا اس لئے اس کو باطل کرنے کا مالک نہیں ہے، بخلاف اموال باطنہ کے۔

**تشریح**: ہماری دلیل یہ ہے کہ چرنے والا جانور اموال ظاہرہ ہے اس لئے اسکی زکوۃ وصول کرنے کا حق بادشاہ کو ہے، مالک اس حق کو باطل نہیں کرسکتا، اور خود فقراء پر زکوۃ تقسیم نہیں کرسکتا، اس لئے فقراء پر تقسیم کرنا صحیح نہیں ہے، اس لئے اس کی بات بھی مانی نہیں

۶ ثم قيل الزكوٰة هو الاول والثانی سياسة وقيل هو الثانی والاول ينقلب نفلا وهو الصحيح ۷ ثم فيما يصدق فی السوائم واموال التجارة لم يشترط اخراج البراءة فی الجامع الصغير وشرطه فی الاصل وهو رواية الحسن عن ابی حنيفة لانه ادعی ولصدق دعواه علامة فيجب ابرازها

---

جائے گی۔اوراوپرتجارت میں جوبات مان لی گئی تو اسکی وجہ یہ ہے کہ وہ شہر کے اندر رہتے ہوئے تجارت اموال باطنہ ہے، اوراموال باطنہ کی زکوۃ خود فقراء کو دے سکتا ہے، اس لئے تجارت کے بارے میں اگر یہ کہا کہ میں نے خود فقراء میں تقسیم کر دی تو بات مان لی جائے گی۔

**ترجمہ**: ۶ پھر کہا گیا کہ زکوۃ تو پہلی ہی ہے اور دوسری بطور سیاست کے ہے، اور بعض حضرات نے فرمایا کہ زکوۃ دوسری ہے اور پہلی زکوۃ نفل ہو جائے گی، اور صحیح قول یہی ہے۔

**تشریح**: چرنے والے جانور میں دومرتبہ زکوۃ دینا پڑا تو اصل زکوۃ کون سی شمار کی جائے گی، اس بارے میں دو اقوال ہیں [۱] ایک یہ ہے کہ اصل پہلی ہے اس لئے کہ یہ زکوۃ ہی کی نیت سے دی ہے، دوسری زکوۃ تو عاشر کے مجبور کرنے سے دی ہے جو حکومت کے انتظام چلانے کے لئے ہے اور سیاست کے طور پر ہے۔[۲] اور دوسرا قول یہ ہے کہ بادشاہ کو یہ زکوۃ لینے کا حق تھا اس لئے جو زکوۃ عاشر کو دی وہ اصل زکوۃ ہے، اور جو زکوۃ پہلے دی وہ نفل زکوۃ ہو جائے گی۔صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ صحیح قول یہی ہے۔

**ترجمہ**: ۷ پھر جن صورتوں میں چرنے والے جانور اور تجارت کے مال میں اسکی بات کی تصدیق کی جاتی ہے۔جامع صغیر میں برأت نامہ نکالنے کی شرط نہیں لگائی، اور مبسوط میں اسکی شرط لگائی ہے، اور یہی امام ابو حنیفہؒ سے حسن بن زیاد کی روایت ہے۔اس لئے کہ مالک نے ایک دعوی کیا اور یہ دعوی کے لئے ایک علامت ہے۔

**تشریح**: برأت: عاشر زکوۃ وصول کرنے کے بعد اسکی رسید دیتا ہے تاکہ دوسرا عاشر اس سے دوبارہ زکوۃ اس سال میں وصول نہ کرے، اس کو برأت نامہ کہتے ہیں۔یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ قسم کے علاوہ سچ ہونے کے لئے کوئی اور ثبوت بھی ضروری ہے یا نہیں، تو کتاب الاصل مبسوط میں قسم کھلوانے کے علاوہ ثبوت کے لئے رسید کی بھی ضرورت ہے، اور جامع صغیر میں اس کی ضرورت نہیں ہے۔

صورت مسئلہ یہ ہے کہ چرنے والے جانور اور اموال تجارت کے بارے میں مالک یہ کہے کہ اس کی زکوۃ دوسرے عاشر کو دے چکا ہوں، اور اس سال میں دوسرا عاشر موجود تھا، تو صرف قسم کھانے پر اس کی بات کی تصدیق کر لی جائے گی یا پہلے عاشر کی رسید پیش کرنے کی بھی ضرورت ہے۔تو امام محمدؒ کی جامع صغیر میں یہ ہے کہ رسید [برأت نامہ] پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔ اذا قال :اديت زكاتها ، أو اخذها مصدق آخر فانه لا يصدق الا أن يعلم أنه كان فی تلك

**۸ وجه الاول الخط یشبه الخط فلا یعتبر علامةً (۸۱۲)قال وما صدق فیه المسلم صدق فیه الذمی ۱ لان ما یوخذ منه ضعف ما یوخذ من المسلم فیراعی تلک الشرائط تحقیقًا للتضعیف**

السنة مصدق آخر ، فیحلف و یصدق و ان لم یکن معه براء ة . (جامع صغیر، باب فیمن یمر علی العاشر بمال، ص ۱۲۷)
اس عبارت میں ہے کہ دوسرے عاشر زکوۃ دینے کی رسید نہ بھی ہو تب بھی اسکی بات قسم کے ساتھ مان لی جائے گی۔ اسکی وجہ یہ بیان کرتے ہیں کہ ایک دوسرے کی تحریر مشابہ ہوتی ہے تو ہوسکتا ہے کہ پہلے عاشر کی تحریر کے مشابہ کوئی تحریر پیش کر دی ہو، اس لئے یقین کے ساتھ نہیں کہا جا سکتا کہ یہ رسید پہلے عاشر ہی کی ہے اس لئے رسید پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔

اور امام محمدؒ کی کتاب الاصل میں یہ ہے کہ پہلے عاشر کی رسید پیش کرنے کی ضرورت ہے، اور حسن بن زیاد نے امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت یہی نقل کی ہے، کتاب الاصل کی عبارت یہ ہے۔ قلت أرأیت الرجل التاجر یمر علی العاشر فیرید أن یأخذ منه الصدقة فیقول : قد اخذها منی عاشر غیرک کذا ، و یحلف علی ذالک أیقبل منه قوله و یطلب منه البرائة من ذالک العاشر ؟ قال نعم قلت و کذالک الذمی ؟ قال نعم ۔ (کتاب الاصل، مبسوط، باب العاشر، ج ثانی، ص ۹۱) اس عبارت میں ہے کہ دوسرے عاشر کی رسید ہو تو اسکی بات قسم کے ساتھ قبول کی جائے گی۔

**وجه**: اس رائے کی وجہ یہ ہے کہ مال کا مالک یہاں مدعی ہو گیا، وہ اس بات کا دعوی کر رہا ہے کہ میں نے دوسرے عاشر کو زکوۃ دے دی ہے، اس لئے مدعی کے دعوی کے لئے دلیل چاہئے، اور یہ رسید دعوی کے سچ ہونے کی گواہی تو نہیں ہے، ایک علامت ہے اس لئے دلیل کے لئے اس کو پیش کرنا ضروری ہے۔ ابراز : کا معنی ظاہر کرنا، نکالنا۔

**ترجمہ**: ۸ پہلی رائے کی وجہ یہ ہے کہ خط دوسرے خط کے مشابہ ہوتا ہے اس لئے یہ علامت ہونا معتبر نہ ہوگا۔

**تشریح**: پہلی رائے سے مراد امام محمدؒ کی جامع صغیر والی روایت کی وجہ یہ ہے کہ ایک کی تحریر دوسرے کی تحریر کے مشابہ ہوتی ہے، اس لئے کیا معلوم کہ یہ رسید پہلے عاشر کی ہے یا بناوٹی تحریر ہے، اس لئے یہ رسید علامت نہیں ہوگی، یہ ممکن ہے کہ اگر قسم جھوٹی کھا رہا ہے تو یہ تحریر بھی بناوٹی ہی پیش کر رہا ہے اس لئے اسکی ضرورت نہیں، حدیث کے اعتبار سے قسم کافی ہے۔ آج کل کے دور میں رسید کی بھی ضرورت ہے اور سارے قرائن بھی دیکھے کہ اس نے زکوۃ ادا کی ہے یا نہیں، کیونکہ اس وقت لوگ جھوٹی قسم بہت کھاتے ہیں۔ ثمیر غفرلہ۔

**ترجمہ**: (۸۱۲) جس بارے میں مسلمان کی تصدیق کی جائے اس بارے میں ذمی کی بھی تصدیق کی جائے گی۔

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ جتنا مسلمان سے لیا جاتا ہے ذمی سے اس کا دوگنا لیا جاتا ہے، اس لئے دوگنا ثابت کرنے کے لئے انہیں شرائط کی رعایت کی جائے گی۔

(۸۱۳) ولا یصدّق الحربی الافی الجواری یقول هن امهات اولادی اوغلمان معه یقول هم اولادی﴾ ۱ لان الاخذ منه بطریق الحمایة وما فی یده من المال یحتاج الی الحمایة وما فی یده من المال یحتاج الی الحمایة

**تشریح**: اوپر زکوۃ کے سلسلے میں جہاں جہاں قسم کے ساتھ مسلمان کی بات مانی گئی وہاں ذمی کی بات بھی قسم کے ساتھ مانی جائے گی، اور اس سے دوبارہ زکوۃ نہیں لی جائے گی۔۔ جو غیر مسلم ٹیکس دے کر دار الاسلام میں رہتے ہیں اس کو ذمی کہتے ہیں۔ ضعف: دو گنا۔

**وجہ**: (۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ ذمی سے مسلمان کی زکوۃ کا دوگنا لیا جاتا ہے، اس لئے زکوۃ کی ان تمام شرائط کی رعایت کی جائے گی جو مسلمانوں کے ساتھ کی جاتی ہے، اس لئے جہاں قسم کے ساتھ مسلمان کی بات مانی جاتی ہے وہاں ذمی کی بھی مانی جائے گی، کافر ہونے کی وجہ سے اس کی بات اور قسم رد نہیں کی جائے گی۔ (۲) ذمی سے مسلمان کی زکوۃ کا دوگنا لیا جائے گا اس کے لئے یہ اثر ہے۔ عن انس بن سیرین قال : بعثنی أنس بن مالک علی الایلة ، قال قلت : بعثتنی علی شر عملک قال : فأخرج لی کتابا من عمر بن الخطاب : خذ من المسلمین من کل أربعین درهما درهما، و من أهل الذمة من کل عشرین درهما درهما ، و ممن لا ذمة له من کل عشرة دراهم درهما ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب صدقة العین، ج رابع، ص ۷۱، نمبر ۷۱۰۲ رکتاب الآثار امام محمدؒ، باب زکوۃ الزرع والعشر، ص ۶۳، نمبر ۳۱۵) اس اثر میں ہے کہ مسلمانوں کی تجارت سے چالیسواں حصہ، ذمی سے بیسواں حصہ اور جسکا ذمہ نہیں ہے یعنی حربی سے دسواں حصہ لیا جائے گا۔ یعنی دس درہم میں سے ایک درہم لیا جائے گا۔

**ترجمہ**: (۸۱۳) حربی کی تصدیق نہیں کی جائے گی مگر باندی کے بارے میں یوں کہے کہ یہ میری ام ولد ہے، یا اسکے ساتھ بچے کے بارے میں کہے کہ یہ میری اولاد ہیں۔ [تو بات مان لی جائے گی]

**ترجمہ**: ۱ اس لئے اس سے ٹیکس لینا حفاظت کی وجہ سے ہے، اور جو کچھ اس کے ہاتھ میں مال ہے وہ حفاظت کا محتاج ہے۔

**تشریح**: یہ مسئلہ دو اصولوں پر ہے [۱] ایک یہ ہے کہ حربی سے جو ٹیکس لیا جاتا ہے وہ فوری حفاظت کی وجہ سے لیا جاتا ہے، اس میں سال گزرنا ضروری نہیں۔ یہی وجہ ہی کہ سال میں تین مرتبہ دار الحرب جا کر آئے تو تین مرتبہ اس سے ٹیکس لیا جائے گا [۲] اور دوسرا اصول یہ ہے کہ مال کا ٹیکس لیا جائے گا اولاد کا نہیں۔۔ صورت مسئلہ یہ ہے کہ دار الحرب کا آدمی امن لیکر دار الاسلام آئے اور عاشر کے سامنے سے گزرے اور اوپر چار صورتیں کہے تو ان چاروں صورتوں میں بات نہیں مانی جائے گی۔ [۱] مثلا یہ کہے کہ میرے مال پر سال نہیں گزرا ہے تو بات نہیں مانی جائے گی، کیونکہ حربی سے ٹیکس لینے کے لئے سال گزرنا ضروری نہیں ہے، وہ تو فوری حفاظت کی

۲ غیر ان اقراره بنسب من فی یده منه صحیح فکذا باموته الولد لانها تبتنی علیه فانعدمت صفة المالیة فیهن والاخذ لا یجب الا من المال (۸۱۴) قال ویوخذ من المسلم ربُع العشر ومن الذمی نصف العشر ومن الحربی العشر هکذا امر عمرؓ سُعاته﴾

اجرت ہے۔[۲] یا کہے کہ مجھ پر قرض ہے تو بات نہیں مانی جائے گی، کیونکہ قرض دار الحرب میں ہے، دار الاسلام میں نہیں ہے، پھر یہ فوری حفاظت کی اجرت ہے جو دینا پڑے گا۔[۳] یا یہ کہے کہ میں دوسرے عاشر کو دے چکا ہوں تو بات نہیں مانی جائے گی، کیونکہ پتہ نہیں کہ یہ سچ بول رہا ہے یا جھوٹ بول رہا ہے۔[۴] یا یہ کہے کے میں فقراء میں تقسیم کر چکا ہوں تو بات نہیں مانی جائے گی، کیونکہ زکوۃ دینے پر تو اس کو اعتقاد ہی نہیں ہے اس نے فقراء میں تقسیم کیسے کیا! اس لئے اس کی بات نہیں مانی جائے گی۔ اور سب کی وجہ یہ ہے کہ یہ فوری حفاظت کی اجرت ہے جو ابھی چاہئے۔ ہاں باندی ساتھ ہے اس کے بارے میں کہتا ہے کہ یہ میری ام ولد ہے تو یہ بات مان لی جائے گی، کیونکہ اب یہ مال نہیں رہی بیوی کے درجے میں آگئی اس لئے اس میں بات مان کر ٹیکس نہیں لی جائے گی، اسی طرح بچے ساتھ ہیں اس کے بارے میں کہتا ہے کہ یہ میرا بیٹا ہے یا بیٹی ہے تو بات مان لی جائے گی کیونکہ یہ مال نہیں رہے بلکہ اولاد بن گئی۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ حربی جس طرح دار الحرب میں بیوی اور اولاد بنا سکتا ہے دار الاسلام میں بھی بنا سکتا ہے یہ اس کا فطری حق ہے، اس لئے یہاں بھی اس کا اقرار کرنا صحیح ہے۔ حربی: جو غیر مسلم دار الحرب میں رہتا ہو وہ حربی ہے۔

**ترجمه** : ۲ یہ الگ بات ہے کہ جو بچہ اس کے ہاتھ میں ہے اس کے نسب کا اقرار کرنا صحیح ہے، ایسے ہی ام ولد کا اقرار کرنا بھی صحیح ہے، اس لئے کہ ام ولد پر ہی بچہ ہونے کا مدار ہے، اس لئے ام ولد اور بچے میں مال ہونے کی صفت ختم ہوگئی، اور ٹیکس لینا مال ہی سے ہوتا ہے۔

**تشریح** : جو بچہ ہاتھ میں ہے اس کے لئے نسب کا اقرار کرنا کہ یہ میری اولاد ہے صحیح ہے۔ اور بچہ ماں سے پیدا ہوتا ہے، اس لئے باندی کے لئے یہ اقرار کرنا کہ یہ میری ام ولد ہے یہ بھی صحیح ہے، اس لئے اب بچہ اور ام ولد مال نہیں رہے، اور ٹیکس مال سے لیا جاتا ہے، اس لئے ام ولد اور بچوں میں ٹیکس نہیں لیا جائے گا، اور اسکی بات بھی اس میں مان لی جائے گی۔

**ترجمه** : (۸۱۴) مسلمان سے چالیسواں حصہ، اور ذمی سے بیسواں حصہ، اور حربی سے دسواں حصہ لیا جائے گا، حضرت عمرؓ نے اپنے ساعی یعنی مزکی کو یہی حکم دیا تھا۔

**تشریح** : ربع العشر : اس کا ترجمہ ہے دسویں حصے کی چوتھائی حصہ یعنی چالیسواں حصہ۔ نصف العشر : دسویں حصے کا آدھا، یعنی بیسواں حصہ۔ اور عشر : کا ترجمہ ہے دسواں حصہ، حضرت عمرؓ نے اپنے ساعی یعنی زکوۃ وصول کرنے والے کو یہی حکم دیا تھا۔ اثر یہ ہے۔

عن انس بن سیرین قال : بعثنی أنس بن مالک علی الایلة ، قال قلت : بعثتنی علی شر عملک قال :

(۸۱۵) وان مرحربی بخمسین درهما لم یوخذ منه شئ الا ان یکونوا یاخذون منّا من مثلها

۱ لان الاخذ منهم بطریق المجازاة بخلاف المسلم والذمی لان الماخوذ زکوٰة او ضعفها فلا بد من النصاب وهذا فی الجامع الصغیر

---

فأخرج لی کتابا من عمر بن الخطاب : خذ من المسلمین من کل أربعین درهما درهما، و من أهل الذمة من کل عشرین درهما درهما ، و ممن لا ذمة له من کل عشرة دراهم درهما ۔(مصنف عبدالرزاق، باب صدقۃ العین، ج رابع ،ص ۷۱، نمبر ۱۰۲۷۱ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۰۵، فی نصاری بنی تغلب ما یؤخذ منهم، ج ثانی، ص ۴۱۷، نمبر ۱۰۵۸۳ ر کتاب الاثار امام محمدؒ، باب زکوۃ الزرع والعشر ،ص ۶۳، نمبر ۳۱۵) اس اثر میں ہے کہ مسلمان سے چالیس درہم میں ایک درہم، اور ذمی سے بیس درہم میں ایک درہم، اور حربی سے دس درہم میں ایک درہم لیا جائے گا۔

**ترجمہ** : (۸۱۵) اگر حربی پچاس درہم لیکر عاشر کے سامنے سے گزرا تو اس سے کچھ نہیں لیا جائے گا، مگر یہ کہ وہ ہم سے ویسے ہی لیتے ہوں۔

**تشریح** : حربی عاشر کے سامنے سے نصاب زکوۃ سے کم لیکر گزرا مثلا پچاس درہم لیکر گزرا، تو چونکہ نصاب زکوۃ سے کم ہے اس لئے اس سے کوئی ٹیکس نہیں لیا جائے گا۔ ہاں اگر دار الحرب والے ہمارے تاجروں سے تھوڑے مال میں بھی ٹیکس لیتے ہوں تو ہم بھی پچاس درہم میں ٹیکس لیں گے۔

**ترجمہ** : ۱ اس لئے کہ حربی سے لینا بدلے کے طور پر ہے، بخلاف مسلمان اور ذمی کے کیونکہ ان سے زکوۃ لی جاتی ہے یا اس کا دوگنا لیا جاتا ہے اس لئے نصاب ہونا ضروری ہے، یہ مسئلہ جامع صغیر میں ہے۔

**تشریح** : یہ اس بات کی دلیل ہے کہ اگر دار الحرب والے ہمارے تاجروں سے لیتے ہوں تو ہم دوسو درہم سے کم میں بھی لیں گے ۔کہ یہ لینا بدلے کے طور ہے کہ وہ لوگ ہم سے لیتے ہیں اس لئے ہم لوگ بھی بدلے میں ایسے ہی کریں گے۔اور مسلمانوں سے جو لیا جاتا ہے وہ زکوۃ ہے، اور ذمی سے زکوۃ کا دوگنا ہے، اس لئے ان سے لینے کے لئے نصاب زکوۃ ہونا ضروری ہے، دوسو درہم سے کم میں نہیں لیا جائے گا۔ جامع صغیر کی عبارت یہ ہے۔فان مر حربی بخمسین درهما لم یؤخذ منه شیء الا ان یکونوا یأخذون من مثلها ۔(جامع صغیر، باب فیمن یمر علی العاشر بمال، ص ۱۲۸) اس عبارت میں ہے کہ پچاس درہم میں کچھ نہیں لیں گے، لیکن دار الحرب والے اس میں لیتے ہوں تو ہم بھی لیں گے۔

**وجہ** : بدلے کے طور پر ہم لیتے ہیں اس کی دلیل یہ اثر ہے۔ و قال لعمر : کم تأمرنا أن نأخذ من تجار أهل الحرب؟ قال : کم یأخذون منکم اذا أتیتم بلادهم قالوا : العشر قال: فکذالک فخذوا منهم ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ،

۲ وفی کتاب الزکوٰة لا تأخذ من القلیل وان کانوا یأخذون منا منه لان القلیل لم یزل عفوا ولانه لا یحتاج الی الحمایة (۸۱۶) قال وان مرَّ حربی بمائتی درهم ولا یعلم کم یاخذون منا یا خذ منه العشر﴾ ا لقول عمرؓ فان اعیَاکُمْ فالعشر (۸۱۷) وان علم انهم یاخذون منا ربع عشر او نصف عشر یأخذ بقدره﴾

باب ۱۰۵، فی نصاری بنی تغلب مایؤخذ منھم، ج ثانی، ص ۱۴۷، نمبر ۱۰۵۸۳) اس اثر میں ہے کہ دار الحرب والے ہم سے دسواں لیتے ہیں تو پھر ہم بھی اس سے دسواں لیں گے، جس سے بدلے کا پتہ چلا۔

**ترجمہ**: ۲ اور مبسوط کے کتاب الزکوۃ میں یہ ہے کہ تھوڑے سے مت لو چاہے وہ ہم سے لیتے ہوں، اس لئے کہ تھوڑا ہمیشہ معاف ہوتا ہے، اور اس لئے بھی کہ بادشاہ کو اس کی حفاظت کی ضرورت نہیں ہے۔

**تشریح**: مبسوط میں ہے کہ تھوڑا مال ہو تو چاہے دار الحرب والے ہم سے تھوڑے مال میں ٹیکس لیتے ہوں تب بھی ہم نہیں لیں گے، اسکی ایک وجہ یہ ہے کہ تھوڑا مال ہمیشہ معاف ہوتا ہے، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ تھوڑے مال کی حفاظت تو خود مالک کرے گا بادشاہ کو اسکی حفاظت کرنے کی ضرورت نہیں ہے، اور ٹیکس حفاظت کی وجہ سے ہوتا ہے، اس لئے تھوڑے مال میں ٹیکس نہ لیا جائے۔ الحمایة : حفاظت۔

**ترجمہ** (۸۱۶) اگر حربی دوسو درہم لیکر عاشر کے سامنے سے گزرے اور اس کو پتہ نہ ہو کہ دار الحرب والے ہم سے کتنا لیتے ہیں، تو اس سے دسواں حصہ لیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ا حضرت عمرؓ کے قول کی وجہ سے کہ تم کو پتہ نہ ہو تو دسواں حصہ لے لو۔

**تشریح**: حربی عاشر کے سامنے سے دوسو درہم لیکر گزرے اور اس عاشر کو پتہ نہ ہو کہ یہ دار الحرب والے ہمارے تاجروں سے کتنا لیتے ہیں تب بھی اس سے دسواں حصہ ٹیکس لے لے، وجہ یہ ہے کہ دسواں حصہ تو حضرت عمرؓ کے قول کی وجہ سے متعین ہی ہے، اس لئے دسواں حصہ لیلے۔

**ترجمہ**: (۸۱۷) اور معلوم ہوا کہ دار الحرب والے ہم سے چالیسواں لیتے ہیں، یا بیسواں حصہ لیتے ہیں تو ہمارا عاشر بھی اسی قدر لے، اور اگر معلوم ہو کہ حربی لوگ ہم سے کل مال لیتے ہیں تو ہمارا عاشر کل مال نہیں لے گا، کیونکہ یہ تو بد عہدی ہے۔

**تشریح**: اوپر یہ گزرا کہ ہم حربی سے بدلے کے طور پر لیتے ہیں، اسی پر یہ مسائل متفرع ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں کہ اگر دار الحرب والے ہمارے تجار سے چالیسواں حصہ لے تو ہم بھی پھر چالیسواں ان سے لیں گے، اور اگر وہ بیسواں حصہ لے تو ہم بھی ان سے بیسواں حصہ ہی لیں گے۔ کیونکہ حضرت عمرؓ نے پوچھا کہ وہ کتنا لیتے ہیں تو بتایا گیا کہ دسواں لیتے ہیں تو حضرت عمرؓ نے بدلے کے

(۸۱۸) وان کانوا یاخذون الکل لا یأخذ الکل لانہ غدر وان کانوا لا یأخذون اصلا لا یاخذ ﴾ لے
لیترکوا الاخذ من تجارنا ولا نا احق بمکارم الاخلاق (۸۱۹)قال وان مر الحربی علیٰ عاشر فعشّرہ
ثم مر مرۃ اخری لم یعشرہ حتی یحول علیہ الحول ﴾

طور پر دسواں متعین فرمایا۔لیکن اگر وہ چالیسواں اور بیسواں لے تو ہم بھی اس سے یہی لیں گے۔اثر یہ ہے۔ و قال لعمرؓ : کم تأمرنا أن نأخذ من تجار أهل الحرب ؟ قال : کم یأخذون منکم اذا أتیتم بلادهم قالوا : العشر قال: فکذالک فخذوا منهم ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۰۵، فی نصاری بنی تغلب مایؤخذ منھم، ج ثانی، ص ۱۴۷، نمبر ۱۰۵۸۳)

اس اثر میں ہے کہ دار الحرب والے ہم سے دسواں لیتے ہیں تو پھر ہم بھی اس سے دسواں لیں گے، جس سے بدلے کا پتہ چلا۔

اور اگر وہ لوگ ہمارے تاجروں سے سب مال ہڑپ کر لیتے ہوں تو ہم انکے تاجروں سے سب مال نہیں لیں گے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ ہم نے اسکے مال کی حفاظت کا امن دیا ہے اور سب لے لینا قانون کے طور پر ٹیکس نہیں ہے بلکہ بدعہدی ہے اس لئے چاہے وہ لوگ کرتے ہوں ہم مسلمان ایسا نہیں کریں گے۔

**ترجمہ**: (۸۱۸) اور اگر حربی لوگ ہم سے کچھ نہ لیتے ہوں تو ہمارا عاشر بھی کچھ نہ لے گا تا کہ ہمارے تاجروں سے بھی لینا چھوڑ دیں۔

**ترجمہ**: لے اور اس لئے کہ ہم اخلاق کریمہ کے زیادہ لائق ہیں۔

**تشریح**: چونکہ ہمارا لینا بدلے کے طور پر ہے اس لئے اگر دار الحرب والے ہمارے تاجروں سے کچھ نہ لیتے ہوں تو ہم بھی ان سے کچھ نہیں لیں گے، کیونکہ وہ اخلاق کریمانہ اختیار کرتے ہیں تو ہم زیادہ مستحق ہیں کہ انکے ساتھ اخلاق کریمانہ برتیں، اور ان سے نہ لیں، تا کہ آئندہ بھی وہ ہمارے تاجروں سے نہ لینے کا فیصلہ کریں۔۔مکارم: اچھے اخلاق۔

**ترجمہ**: (۸۱۹) اگر حربی عاشر پر گزرا اور اس سے عشر لیا پھر دوسری مرتبہ گزرا تو اس سے عشر نہیں لے گا جب تک کہ اس پر سال نہ گزر جائے۔

**تشریح**: یہ مسئلہ دو اصولوں پر ہے۔[۱] ایک تو یہ کہ ایک مرتبہ امن لیکر دار الاسلام آیا تو وہ سال بھر کا امن ہوگا، اس کے بعد اگلے سال دوسرا امن لینا ہوگا، یا دار الحرب واپس جانا ہوگا۔ ہاں اگر سال کے درمیان وہ دار الحرب چلا گیا تو پہلا امن ختم ہو جائے گا، اب دار الاسلام آنے کے لئے دوبارہ امن لینا ہوگا اور دوبارہ ٹیکس دینا ہوگا۔[۲] اور دوسرا اصول یہ ہے کہ امن اس لئے دیا ہے کہ اس کا مال محفوظ رہے، اس لئے نہیں دیا ہے کہ ٹیکس لے لے کر اس کا مال ختم کر دیا جائے، اس لئے سال میں ایک ہی مرتبہ اس مال کا ٹیکس لیا جائے گا۔۔اب صورت مسئلہ یہ ہے کہ حربی عاشر کے پاس سے گزرا اور ایک مرتبہ اس نے اس سے ٹیکس لے لیا، تو دوبارہ کتنا ہی مرتبہ

۱ لان الاخذ فی کل مرة استیصال المال وحق الاخذ لحفظه ۲ ولان حکم الامان الاول باق وبعد الحول یتجدد الامان لانه لا یمکن من المقام الاحولا والاخذ بعده لایستاصل المال (۸۲۰) وان عشره فرجع الی دار الحرب ثم خرج من یومه ذلک عشره ایضا﴾ ۱ لانه رجع بامان جدید

گزرے سال کے اندر دوبارہ نہیں لیا جائے گا۔

**وجه**: (۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ بار بار لینے سے اس کا مال ختم ہو جائے گا، (۲) اور دوسری وجہ یہ ہے کہ اگر دار الحرب واپس نہ جائے تو سال بھر امن باقی ہے اس لئے مسلمان اور ذمی کی طرح سال بھر میں ایک ہی مرتبہ لیا جائے گا۔ اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ عن ابراهیم قال جاء نصرانی الی عمرؓ فقال : ان عاملک عشر فی السنة مرتین فقال : من أنت ؟ فقال انا الشیخ النصرانی ، فقال له عمرؓ: و أنا الشیخ الحنیف، فکتب الی عامله أن لا تعشر فی السنة الا مرة . ( مصنف ابن ابی شیبة ، باب ۱۰۶، من کان لا یری العشور فی السنة الامرة ، ج ثانی، ص ۴۱۸، نمبر ۱۰۵۸۹) اس اثر میں ہے کہ سال میں ایک ہی مرتبہ ٹیکس لیا جائے گا۔

**ترجمه**: ۱ اس لئے کہ ہر بار عشر لینا تو مال کو جڑ سے نیست نابود کرنا ہے، حالانکہ لینے کا حق حفاظت کے لئے تھا۔

**تشریح**: شہر میں بار بار داخل ہونا ہوگا اس لئے ہر بار ٹیکس لینے سے مال ختم ہو جائے گا، حالانکہ لینے کا حق مال کی حفاظت کے لئے تھا اس لئے بار بار نہیں لیا جائے گا، صرف سال میں ایک بار لیا جائے گا۔ استیصال: جڑ سے ختم کرنا۔ لایستاصل: جڑ سے ختم نہیں ہوگا۔

**ترجمه**: ۲ اور اس لئے کہ پہلے امان کا حکم باقی ہے، اور سال کے بعد امان نیا ہوگا، اس لئے کہ حربی کو ایک سال تک ہی ٹھہرنے دیا جائے گا، اور ایک سال کے بعد ٹیکس لینا مال کو نیست نابود کرنا نہیں ہے۔

**تشریح**: یہ دوسری دلیل ہے کہ حربی کا امان ایک سال تک موجود ہے اس لئے سال میں دوسری مرتبہ ٹیکس نہیں لیا جائے گا، اور سال کے بعد نیا امان ہوگا، اور نئے امان میں دوبارہ ٹیکس لیا جائے گا، اور سال کے بعد ٹیکس لینے میں مال ختم نہیں ہوگا، اتنا تو مسلمان سے بھی لیا جاتا ہے۔

**ترجمه**: (۸۲۰) اور اگر لیا پس حربی دار الحرب چلا گیا پھر اسی دن واپس آیا تب بھی عشر لیا جائے گا۔

**ترجمه**: ۱ اس لئے کہ نئے امان کے ساتھ واپس آیا ہے

**تشریح**: عاشر نے حربی سے عشر لیا، پھر وہ دار الحرب چلا گیا، تو چاہے اسی دن واپس دار الاسلام آیا ہو عشر دوبارہ لیا جائے گا۔

**وجه**: اس کی وجہ یہ ہے کہ جب وہ دار الحرب چلا گیا تو پہلا امان ختم ہو گیا، اب جو واپس آیا ہے تو نئے امان کے ساتھ واپس آیا ہے

۳؎ وکذا الاخذ بعدہ لا یفضی الی الاستیصال (۸۲۱) وان مر ذمی بخمرٍ او خنزیر عشر الخمر دون الخنزیر﴾ ۱؎ وقولہ عشر الخمر ای من قیمتھا. ۲؎ وقال الشافعیؒ لا یعشرھما لانہ لا قیمة لھما

تو گویا کہ نیا سال شروع ہوگیا، اس لئے دوبارہ عشر لیا جائے گا۔ اصول: نیا امان پر نیا عشر لازم ہوتا ہے۔

**ترجمہ**: ۳؎ دار الحرب واپس جانے کے بعد ٹیکس لینا مال ختم کرنے کی طرف نہیں پہونچائے گا۔

**تشریح**: جب حربی جانتا تھا کہ دار الحرب جانے سے امان ختم ہو جائے گا اور دوبارہ عشر دینا ہوگا پھر بھی وہ دار الحرب گیا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کو دوبارہ عشر دینے سے زیادہ فائدہ ہے اس لئے وہ دار الحرب گیا، اس لئے دوبارہ عشر لینے سے اس کا مال ختم نہیں ہوگا، اس لئے دوبارہ عشر لیا جائے۔ یفضی: افضاء سے ماخذ اشتقاق ہے، پہونچائے گا۔

**ترجمہ**: (۸۲۱) اگر ذمی شراب یا سور لیکر گزرے تو شراب کا ٹیکس لیا جائے گا سور کا نہیں۔

**ترجمہ**: ۱؎ متن کا قول کہ شراب میں ٹیکس لیا جائے گا یعنی اسکی قیمت میں ٹیکس لیا جائے گا۔

**تشریح**: ذمی شراب یا سور لیکر عاشر کے سامنے سے گزرے، اور اسکی قیمت دو سو درہم ہو تو اس میں ٹیکس لیا جائے یا نہیں؟ اس بارے میں چار اقوال ہیں۔ [۱] پہلا قول امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کا متن میں ہے کہ شراب میں ٹیکس لیا جائے سور میں نہیں۔ [۲] دوسرا قول امام شافعیؒ کا ہے کہ دونوں میں سے کسی کا ٹیکس نہ لیا جائے۔ [۳] تیسرا قول امام زفرؒ کا ہے کہ دونوں کا ٹیکس لیا جائے۔ [۴] چوتھا قول امام ابو یوسفؒ کا ہے کہ شراب اور سور دونوں ساتھ ہوں تو سور کو شراب کے تابع کر کے دونوں کا ٹیکس لیا جائے، اور اگر الگ الگ ہو تو شراب کا ٹیکس لیا جائے اور سور کا ٹیکس نہ لیا جائے۔

**وجہ**: (۱) پہلے قول کی دلیل یہ اثر ہے۔ عن ابراھیم قال: ...و من اھل الذمة اذا اتجروا فی الخمر من کل عشرة دراھم۔ (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۱۰۵، فی نصاری بنی تغلب مایؤخذ منھم، ج ثانی، ص ۴۱۷، نمبر ۱۰۵۸۵) اس اثر میں ہے کہ شراب کی قیمت میں سے ہر دس درہم میں ایک درہم ٹیکس لیا جائے۔ (۲) دوسری دلیل یہ ہے کہ شراب ہلاک ہو جائے تو اسکے مثل شراب دینا ہوتا ہے کیونکہ وہ ذوات الامثال ہے، اب شراب کے بدلے اس کی قیمت لینا گویا کہ شراب لینا نہیں ہے، اس لئے اس میں ٹیکس لیا جائے گا، اور سور ہلاک ہو جائے تو اس کے بدلے میں قیمت لازم ہوتی ہے کیونکہ وہ ذوات القیم ہے، اس لئے اسکی قیمت میں ٹیکس لینا گویا کہ سور ہی لینا ہے، اور مسلمان سور کا مالک بن نہیں سکتا کیونکہ وہ نجس العین ہے، اس لئے سور کی قیمت میں ٹیکس نہیں لیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۲؎ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ دونوں ہی میں عشر نہیں لیا جائے گا، اس لئے کہ ان دونوں کی کوئی قیمت نہیں ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ شراب اور سور نجس ہیں اس لئے مسلمانوں کے نزدیک اسکی کوئی قیمت نہیں ہے، اس لئے ان

۳ وقال زفر یعشرهما لاستوائهما فی المالیة عندهم ۴ وقال ابویوسفؒ یعشرهما اذا مر بهما جملة کانه جعل الخنزیر تبعًا للخمر فان مر بکل واحد علی الانفراد عشر الخمر دون الخنزیر
۵ وجه الفرق علی الظاهر ان القیمة فی ذوات القیم لها حکم العین والخنزیر منها وذوات الامثال لیس لها هذا الحکم والخمر منها

---

دونوں کی قیمت سے ٹیکس بھی نہیں لیا جائے گا۔

**وجه**: (۱) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے. عن المثنی قال : قرأ علینا کتاب عمر بن عبد العزیز و لا یعشر الخمر مسلم۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۵۴، فی الخمر تعشیر ام لا؟، ج ثانی ص ۴۳۸، نمبر ۱۰۷۹۷) اس اثر میں ہے کہ شراب سے ٹیکس نہیں لیا جائے، جب شراب سے نہیں لیا جائے گا تو سور سے بدرجہ اولی نہ لیا جائے، کیونکہ وہ تو اور نجس ہے۔

**ترجمه**: ۳ امام زفرؒ نے فرمایا کہ دونوں ہی سے ٹیکس لیا جائے۔ کیونکہ ذمی کے نزدیک مالیت میں دونوں برابر ہیں۔

**تشریح**: امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ شراب اور سور دونوں ہی کی قیمت میں سے ٹیکس لیا جائے گا۔ اور اسکی وجہ یہ ہے کہ مسلمان کے نزدیک اس کی قیمت نہیں ہے لیکن ذمی کے نزدیک تو دونوں کی قیمت ہے، اسی لئے تو دونوں کی تجارت کرتے ہیں، اور مال کا ٹیکس ہوتا ہے اس لئے دونوں سے ٹیکس لیا جائے گا۔ استواء: برابر۔

**وجه**: (۱) اس اثر میں ہے کہ شراب اور سور کے مالکوں کو اس کا کام کرنے دو، جس میں اشارہ ہے کہ اس کی قیمت سے ٹیکس لے سکتے ہو، اثر یہ ہے . عن سوید بن غفلة أن عمال عمرؓ کتبوا الیه فی شأن الخنازیر و الخمر یأخذونها فی الجزیة ؟ فکتب عمرؓ أن ولولها اربابها (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۵۴، فی الخمر تعشیر ام لا؟، ج ثانی، ص ۴۳۹، نمبر ۱۰۷۹۹) اس اثر میں ہے کہ ان کے مالکوں کو انکا کام کرنے دو، جس سے ٹیکس کا اشارہ ملتا ہے۔

**ترجمه**: ۴ امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ دونوں کا ٹیکس لیا جائے گا اگر دونوں کو ساتھ لیکر گزرا، گویا کہ سور کو شراب کے تابع کیا۔ اور اگر دونوں کو الگ الگ لیکر گزرا تو شراب کا ٹیکس لے گا سور کا نہیں۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ شراب کا تو اوپر کے اثر کی وجہ سے ٹیکس لیا جائے گا، لیکن اگر سور کو ساتھ لیکر گزرا تو اس کو بھی شراب کے تابع کر کے ٹیکس لیا جائے گا۔ اور اگر الگ الگ لیکر گزرا تو شراب کا لیا جائے گا اور سور کا نہیں لیا جائے گا۔ جملة: معنی ایک ساتھ۔

**ترجمه**: ۵ ظاہری روایت پر فرق کی وجہ یہ ہے کہ ذوات القیم میں اسکی قیمت دینا عین کا حکم ہے اور سور ذوات القیم میں سے ہے، اور ذوات الامثال کے لئے یہ حکم نہیں ہے اور شراب ذوات الامثال میں سے ہے۔

۶ ولان حق الاخذ للحماية والمسلم يَحْمي خمر نفسه للتخليل فكذا يحميها علىٰ غيره ولا يحمي خنزير نفسه بل يجب تسييبه بالاسلام فكذا لا يحميه علی غيره (۸۲۲) ولو مر صبی او امرأة من بنی

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے۔دوقسم کی چیزیں ہوتیں ہیں[۱] ایک ذوات القیم : جو چیز آپس میں متفاوت ہوتی ہے،اور کسی سے ہلاک ہوجائے تو اسکا مثل نہیں دینا پڑتا بلکہ اس کی قیمت دینی پڑتی ہے اس کو ذوات القیم، کہتے ہیں، سور ذوات القیم میں سے ہے، یہ کسی سے ہلاک ہوجائے تو اس کی قیمت دینی پڑتی ہے، اس لئے سور کی قیمت دینا گویا کہ سور کو دینا ہے، اور مسلمان کو سور نہیں دے سکتے اس لئے اس کی قیمت میں بھی ٹیکس نہیں لے سکتے۔[۲] دوسرا ہے ذوات الامثال : جو چیز آپس میں متفاوت نہیں ہے، اگر وہ کسی سے ہلاک ہوجائے تو قیمت نہیں دینی پڑتی ہو بلکہ اسی چیز کا مثل دینا پڑتا ہو، جیسے شراب ہلاک ہوجائے تو اس کی قیمت نہیں دینی پڑتی ہے بلکہ اسی کی مثل شراب دینی پڑتی ہے تو یہ ذوات الامثال ہوا، اور ذوات الامثال میں اس کے مثل دینے کے بجائے اس کی قیمت دے دے تو اسی چیز کو دینا نہیں ہوا، اس لئے شراب کے بدلے اس کی قیمت دینا شراب کو دینا نہیں ہوا، اس لئے شراب کی قیمت میں مسلمان ٹیکس لے سکتا ہے، کیونکہ شراب کا لینا نہیں ہوا۔ظاہر روایت جو متن میں ہے اس میں سور اور شراب کے ٹیکس میں فرق کی وجہ یہی ہے۔

**ترجمہ** : ۶ اور اس لئے کہ ٹیکس لینے کا حق حفاظت کرنے کی وجہ سے ہے اور مسلمان سرکہ بنانے کے لئے اپنی شراب کی حفاظت کرسکتا ہے، تو ایسے ہی دوسرے کی شراب کی بھی حفاظت کرسکتا ہے۔اور اپنے سور کی حفاظت نہیں کرسکتا بلکہ اسلام کی وجہ سے اس کو چھوڑ دینا ضروری ہے تو ایسے ہی دوسرے کے سور کی بھی حفاظت نہیں کرسکتا۔

**تشریح** : یہ دوسری دلیل ہے کہ، مثلا مکاتب غلام کافر تھا وہ کتابت چھوڑ کر دوبارہ غلام بن گیا، اور اس کے پاس شراب تھی تو وہ شراب مسلمان مالک کی ملکیت ہوگئی تو مالک اس کی حفاظت کرسکتا ہے، کیونکہ شراب میں نمک ڈال کر اس کو سرکہ بنائے گا جو جائز ہے۔اور جب اپنے شراب کی حفاظت کرسکتا ہے تو ذمی کی شراب کی بھی حفاظت کرسکتا ہے، اس لئے اسکا ٹیکس بھی لے سکتا، کیونکہ ٹیکس حفاظت کرنے کی وجہ سے لیا جاتا ہے۔اور مکاتب غلام کی ملکیت میں سور تھا آقا اس کا مالک بنا تو سور کی حفاظت نہیں کرسکتا اور نہ اس کو اپنی ملکیت میں رکھ سکتا ہے اور نہ اس کو بیچ سکتا ہے بلکہ اس کو جنگل میں بھگا دینا ضروری ہے، پس جب اپنے سور کی حفاظت نہیں کرسکتا تو ذمی کے سور کے بھی حفاظت نہیں کرسکتا اس لئے ذمی سے سور کا ٹیکس بھی نہیں لے سکتا، کیونکہ ٹیکس حفاظت کرنے کی وجہ سے لیا جاتا ہے۔شراب کے ٹیکس لینے اور سور کے ٹیکس نہ لینے کے لئے یہ دوسرا فرق ہے۔۔ یحمی : حمایت کرنا، حفاظت کرنا، تسییب : سیب سے مشتق ہے بھگانا، چھوڑ دینا۔

**ترجمہ** : (۸۲۲) اگر بنی تغلب کا بچہ یا عورت مال لیکر گزرے تو بچے پر کچھ نہیں ہے، اور عورت پر اتنا ہی ٹیکس ہے جتنا مرد پر ہے

تغلب بمال فلیس علی الصبی شیء و علی المرأة ما علی الرجل﴾ لے لما ذکرنا فی السوائم.

(۸۲۳) و من مر علی عاشر بمأة درهم و أخبره ان له فی منزله مائة اخریٰ قد حال علیها الحول لم یزک التی مر بها﴾ لے لقلته و ما فی بیته لم یدخل تحت حمایته

**ترجمه**: لے جیسا کہ ہم نے سوائم کے باب میں گزرا۔

**تشریح**: اوپر گزرا کہ حضرت عمرؓ نے بنی تغلب سے زکوۃ کے دوگنے پر صلح کی تھی، اور حنفیہ کے یہاں بچے پر زکوۃ نہیں ہے، اس لئے اگر بنی تغلب کا بچہ عاشر کے سامنے سے مال لیکر گزرے تو اس سے ٹیکس نہیں لیا جائے گا، اور مسلمان عورت سے زکوۃ لی جاتی ہے اس لئے بنی تغلب کی عورت مال لیکر گزرے تو اس سے ٹیکس لیا جائے گا، اور صلح دوگنے پر ہوا ہے اس لئے اس سے زکوۃ کا دوگنا، یعنی بیسواں حصہ لیا جائے گا۔

**وجه**: اس کے لئے اثر یہ ہے۔ عن عمر بن الخطاب أنه صالح نصاری بنی تغلب علی أن تضعف علیهم الزکوة مرتین. (مصنف ابن ابی شیبة، باب ۱۰۵، فی نصاری بنی تغلب مایؤ خذ منهم، ج ثانی، ص ۴۱۷، نمبر ۱۰۵۸۱) اثر میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے بنی تغلب سے زکوۃ کے دوگنے پر صلح کی۔

**ترجمه**: (۸۲۳) کوئی آدمی عاشر کے سامنے سے ایک سو درہم لیکر گزرا اور یہ خبر دی کہ دوسرا ایک سو گھر میں ہے اور اس پر سال گزر گیا ہے تو جو ایک سو لیکر گزرا اس کی زکوۃ نہیں لی جائے گی۔

**ترجمه**: لے نصاب سے کم ہونے کی وجہ سے، اور جو گھر میں ہے وہ اس کی حفاظت میں داخل نہیں ہوا۔

**تشریح**: یہ مسئلہ اس اصول پر ہے کہ گھر کے اندر جو مال ہے عاشر اسکی زکوۃ وصول کرنے کا حقدار نہیں ہے، کیونکہ وہ مالک کی حفاظت میں ہے، بادشاہ کی حفاظت میں نہیں ہے۔ صورت مسئلہ یہ ہے کہ عاشر کے سامنے سے نصاب سے کم ایک سو درہم لیکر گزرا اور یہ کہا کہ دوسرا ایک سو درہم گھر کے اندر ہے اور اس پر سال بھی گزر گیا ہے تو دونوں کو ملا کر زکوۃ نہیں لے سکتا، کیونکہ گھر کے اندر کا مال بادشاہ کی حفاظت میں نہیں ہے وہ خود مالک کی حفاظت میں ہے، اس لئے اس کی زکوۃ نہیں لے سکتا، صرف اس مال کی زکوۃ لے سکتا ہے جو عاشر کے سامنے سے لیکر گزرا، اور عاشر کے سامنے جو مال لیکر گزرا وہ نصاب نہیں ہے اس لئے کسی کی بھی زکوۃ وصول نہ کرے۔ البتہ مالک اس کی زکوۃ عاشر کو دے تو دے سکتا ہے، اس میں کوئی حرج نہیں ہے

**اصول**: جس مال کی حفاظت کرتا ہے بادشاہ صرف اسکی زکوۃ وصول کرنے کا حقدار ہے۔

**ترجمه**: (۸۲۴) اگر دو سو درہم بضاعت کا لیکر عاشر کے سامنے سے گزرا تو اس کی زکوۃ نہیں لے گا۔

**ترجمه**: لے اس لئے کہ زکوۃ ادا کرنے کی اجازت نہیں ہے

(۸۲۴) فلو مر بمائتی درهم بضاعة لم یعشرها ﴾ ل لانه غیر ما ذون باداء زکوٰۃ (۸۲۵) قال و کذا المضاربة ﴾ ل یعنی اذا مر المضارب به علی العاشر ۲ و کان ابو حنیفة یقول اولا یعشرها لقوة حق المضارب حتی لا یملک ربُ المال نهیه عن التصرف فیه بعد ما صار عروضا فنزل منزلة الملک

**تشریح** : بضاعت کا معنی ہے ٹکڑا، مال کسی کو تجارت کے لئے دے اور اس کا پورا نفع مالک کا ہو، تجارت کرنے والے کو مزدوری مل جائے تو اس تجارت کو بضاعت کہتے ہیں، اور اس مال کو مال بضاعت کہتے ہیں، اس میں تجارت کرنے والے کو زکوۃ ادا کرنے کی اجازت نہیں ہے، اس لئے اگر وہ مال بضاعت کو لیکر گزرا تو عاشر اس سے زکوۃ نہیں لے گا کیونکہ اس کو زکوۃ ادا کرنے کی اجازت نہیں ہے۔

**اصول** : زکوۃ مالک سے لی جاسکتی ہے، یا جس کو زکوۃ ادا کرنے کی اجازت دیا ہو اس سے لی جاسکتی ہے۔

**ترجمہ**: (۸۲۵) ایسے ہی مضاربت کا مال لے کر گزرے۔

**ترجمہ**: ل یعنی مضارب مال لیکر عاشر کے پاس سے گزرے [تو اس سے زکوۃ نہ لے]

**تشریح** : کسی کو مال تجارت کے لئے دے اور کہے کہ جو نفع ہوگا اس میں دونوں کا آدھا آدھا ہوگا، اس تجارت کو مضاربت، کہتے ہیں، اور اس مال کو، مال مضاربت، کہتے ہیں، اور تجارت کرنے والے کو مضارب، کہتے ہیں، اور مال کے مالک کو رب المال، کہتے ہیں۔ چونکہ مضاربت کا مال مضارب کا نہیں ہے اور نہ اس کو مالک کی جانب سے اسکی زکوۃ ادا کرنے کی اجازت ہے اس لئے عاشر کے سامنے سے مضاربت کا مال لیکر گزرے تو عاشر اس سے زکوۃ نہ لے، کیونکہ نہ وہ اس مال کا مالک ہے، اور نہ مالک کی جانب سے زکوۃ ادا کرنے کی اجازت ہے، ہاں اگر اتنا نفع ہوا ہو کہ خود مضارب کے حصے میں دوسو درہم آیا ہو اور اس پر سال گزر گیا ہو تو مضارب کے حصے کی زکوۃ عاشر لے سکتا ہے۔ کیونکہ مضارب اس نفع کا مالک بن گیا ہے۔

**ترجمہ**: ۲ حضرت امام ابو حنیفہؒ پہلے یہ فرمایا کرتے تھے کہ عاشر مضارب سے زکوۃ لے گا مضارب کے حق کے مضبوط ہونے کی وجہ سے یہاں تک کہ رب المال اس میں تصرف کرنے سے روکنے کا مالک نہیں ہے جبکہ مضاربت کا مال سامان ہو، تو مضارب مالک کے درجے میں ہوگیا۔

**تشریح** : حضرت امام ابو حنیفہؒ پہلے یہ فرمایا کرتے تھے کہ مضارب عاشر کے سامنے سے مال مضاربت لے کر گزرے تو عاشر اس سے زکوۃ لے سکتا ہے، بعد میں فرمانے لگے کہ وہ مالک نہیں ہے اور نہ زکوۃ ادا کرنے میں اس کا نائب ہے اس لئے اس سے زکوۃ وصول نہیں کرسکتا۔

**وجہ**: اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ مضارب کا حق مال بضاعت سے مضبوط ہے، اور مضارب ایک درجے میں مال کا مالک بن جاتا

۳ ثم رجع الیٰ ماذکر فی الکتاب وھو قولھما لانه لیس بمالک ولا نائب عنده فی اداء الزکوٰة الا ان یکون فی لمال ربح یبلغ نصیبه نصابا فیوخذ منه لانه مالک له (۸۲۶) ولو مر عبد ماذون له بمائتی درھم ولیس علیه دین عشره ﴾ ا قال ابو یوسفؒ لا ادری ان ابا حنیفةؒ رجع عن ھٰذا ام لا

ہے، مثلا مالک نے تجارت کے لئے دوسو درہم دیا تو جب تک درہم ہے تو مالک تجارت کرنے سے روک سکتا ہے اور مضاربت کو توڑ سکتا ہے، لیکن اگر اس درہم سے [عروض] مال مثلا کپڑا خرید لیا تو اب مالک تجارت کرنے اور اس کو بیچنے سے مضارب کو نہیں روک سکتا، جب تک کہ سارا سامان بک کر اسکی قیمت درہم کی شکل میں ہاتھ میں نہ آجائے، تو اس سے معلوم ہوا کہ مضارب ایک گونہ مالک ہے اس لئے اس سے زکوۃ لی جاسکتی ہے۔ عروضا: سامان، مضارب مال مضاربت کے درہم سے سامان خرید لے، وہ عروض یہاں مراد ہے۔

**ترجمہ**: ۳ پھر اس قول کی طرف رجوع کیا جو کتاب میں ہے، اور یہی صاحبینؒ کا قول ہے، اس لئے کہ مضارب نہ مالک ہے اور نہ زکوۃ ادا کرنے میں اس کا نائب ہے، مگر یہ کہ مال میں اتنا نفع ہو کہ مضارب کا حصہ نصاب تک پہونچ جائے تو اس کے حصے سے لیا جائے گا اس لئے کہ وہ اس کا مالک ہے۔

**تشریح**: بعد میں اس قول کی طرف رجوع کیا کہ مضارب سے مال مضاربت کی زکوۃ عاشر وصول نہ کرے، اور یہی قول صاحبینؒ کا ہے اور مبسوط، ج ثانی، ص ۹۸ میں یہی منقول ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مضارب نہ مال مضاربت کا مالک ہے اور نہ وہ مالک کی طرف سے زکوۃ ادا کرنے کا نائب ہے اس لئے عاشر اس سے زکوۃ وصول نہیں کرسکتا۔ ہاں اس کے نفع میں مضارب کا اتنا حصہ ہو کہ دو سو درہم تک پہنچ جائے تو مضارب کے حصے سے زکوۃ وصول کرے، کیونکہ مضارب اس مال کا مالک ہے۔

**ترجمہ**: (۸۲۶) اگر ایسا غلام دوسو درہم لیکر گزرا جسکو تجارت کی اجازت تھی اور اس پر قرض بھی نہیں ہے تو زکوۃ لی جائے گی۔

**تشریح**: عبد ماذون اس غلام کو کہتے ہیں جسکو آقا نے تجارت کرنے کی اجازت دی ہو، ایسا غلام دوسو درہم لیکر عاشر کے سامنے سے گزرا اور اس پر قرض بھی نہیں ہے تو ایک قول یہ ہے کہ اس سے عاشر زکوۃ نہ لے، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ مال آقا کا ہے، غلام نہ اس مال کا مالک ہے اور نہ زکوۃ ادا کرنے کا نائب ہے، اس لئے عاشر اس سے زکوۃ وصول نہ کرے۔ اور دوسرا قول یہ ہے کہ عبد ماذون سے زکوۃ وصول کرے، اس کی وجہ یہ ہے کہ عبد ماذون ایک گونہ اپنے لئے تصرف کرتا ہے، اور بادشاہ کی حفاظت کی ضرورت بھی عبد ماذون کو ہی ہے اس لئے عبد ماذون سے زکوۃ وصول کرسکتا ہے۔ دلیل آگے ہے۔

**ترجمہ**: ا حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ مجھے معلوم نہیں ہے کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ نے اس قول سے رجوع کیا ہے یا نہیں۔

۲ وقیاس قوله الثانی فی المضاربة وهو قولهما انه لا یعشره لان الملک فیما فی یده للمولی وله التصرف فصار کالمضارب. ۳ وقیل فی الفرق بینهما ان العبد یتصرف لنفسه حتی لا یرجع بالعهدة علی المولیٰ فکان هو المحتاج الی الحمایة والمضارب یتصرف بحکم النیابة حتی یرجع بالعهدة علیٰ رب المال فکان رب المال هو المحتاج فلا یکون الرجوع فی المضارب منه فی العبد

**تشریح**: متن میں یہ قول گزرا کہ عبد مأذون دوسو درہم لیکر گزرے تو اس سے زکوۃ لی جائے، حالانکہ اس کا مال نہیں ہے آقا کا مال ہے اس کے باوجود اس سے زکوۃ لینا قیاس کے خلاف ہے، اس لئے امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ امام ابو حنیفہؒ نے اس قول سے رجوع کیا یا نہیں مجھے معلوم نہیں۔

**ترجمہ**: ۲ دوسرے قول کو مضاربت پر قیاس کیا ہے، اور صاحبینؒ کا قول بھی یہی ہے کہ غلام سے زکوۃ نہ لی جائے، اس لئے کہ جو کچھ غلام کے ہاتھ میں ہے وہ آقا کی ملکیت ہے، اور غلام کو صرف تصرف کرنے کا حق ہے، اس لئے غلام مضارب کی طرح ہوا۔

**تشریح**: دوسرا قول یہ ہے کہ غلام سے زکوۃ نہ لی جائے اور یہی قول صاحبینؒ کا ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ غلام کے قبضے میں جو کچھ ہے وہ آقا کی چیز ہے، غلام کو صرف تصرف کرنے کا حق ہے اس لئے اس سے زکوۃ نہ لی جائے، جیسے مضارب کو تصرف کا حق ہے اور مال اس کا نہیں ہے اس لئے اس سے زکوۃ نہیں لی جاتی ہے اسی طرح غلام سے بھی زکوۃ نہ لی جائے۔

**ترجمہ**: ۳ کہا گیا کہ غلام اور مضارب کے درمیان فرق یہ ہے کہ غلام اپنے لئے تصرف کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ عہدہ کا رجوع آقا پر نہیں کرے گا تو بادشاہ کی حفاظت کا محتاج غلام ہی ہوا۔ اور مضارب نیابت کے حکم سے تصرف کرتا ہے یہی وجہ ہے کہ عہدہ کا رجوع مالک سے کرے گا، تو مالک حفاظت کا محتاج ہوا، اس لئے مضارب کے بارے میں امام ابو حنیفہؒ نے رجوع کیا تو ضروری نہیں ہے کہ غلام کے بارے میں بھی رجوع کرے۔

**تشریح**: اس عبارت میں ایک لفظ ہے, عہدہ، آدمی تجارت کرے اس تجارت کی وجہ سے کسی کا اتنا قرض آجائے کہ پورا مال گھر جائے اس قرض کا نام, عہدہ، ہے۔ قاعدہ یہ ہے کہ تجارت کے درمیان غلام پر کوئی قرض ہو جائے تو خود غلام اس قرض کے ادا کرنے کا ذمہ دار ہے آقا سے اس کا مطالبہ نہیں کر سکتا، اس قرض کو تجارت سے ادا کرے، یا اس قرض کے بدلے میں بک جائے، یا آزاد ہونے کے بعد ادا کرے، اس عہدے اور قرض کا رجوع آقاء سے نہیں کر سکتا، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ غلام اپنے لئے تصرف کرتا اور تجارت کرتا ہے، اس لئے بادشاہ سے تجارت کے مال کی حفاظت کا محتاج غلام ہے، اس لئے غلام سے ہی زکوۃ وصول کرے۔ اور مضارب کا معاملہ یہ ہے کہ مضاربت کی تجارت میں جو قرض آئے گا وہ قرض [عہدہ] مال کے مالک [رب المال] سے وصول کرے گا، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ مضارب اپنے لئے تصرف نہیں کرتا نیابت کے طور پر اصل میں مالک کے لئے تجارت کر رہا ہے، اس

۴ وان كـان مولاه معه يؤخذمنه لان الملك له ۵ الا اذا كـان عـلى العبد دين يحيط بماله لانعدام الملك اوللشغل (۸۲۷) قال ومـن مـر علىٰ عاشر الخوارج فی الارض قد غلبوا عليها فعشره يثنى عـليه الصدقة﴾ ۱ معنـاه اذا امر عـلـىٰ عاشر اهل العدل لان التقصير جاء من قبله من حيث انه مر عليه.

لئے مالک بادشاہ سے اس مال کی حفاظت کا محتاج ہے، مضارب حفاظت کا محتاج نہیں ہے، اس لئے مضارب سے عاشر زکوۃ نہ لے۔ ۔غلام اور مضارب میں یہ فرق ہے، اس لئے اگر مضارب کے مسئلے میں امام ابوحنیفہؒ رجوع کر گئے تو ضروری نہیں کہ غلام کے مسئلے میں بھی رجوع کر جائے، کیونکہ دونوں مسئلوں میں فرق ہے۔

**ترجمہ**: ۴ اور اگر آقا غلام کے ساتھ ہو تو آقا سے زکوۃ لی جائے، اس لئے کہ وہ آقا کی ملکیت ہے۔

**تشریح**: اگر غلام کے ساتھ آقا بھی ہو تو چونکہ اصل مال آقا کا ہے اس لئے اس سے ہی زکوۃ لی جائے، غلام کو نہ پوچھے۔

**ترجمہ**: ۵ مگر جبکہ غلام پر اتنا قرض ہو کہ مال کو گھیر لے تو آقا سے بھی زکوۃ نہ لی جائے، اس لئے یا تو آقا کی ملکیت نہیں رہی، یا ملکیت مشغول ہے۔

اگر غلام پر تجارت کا اتنا قرض ہو کہ تجارت کا سارا مال اس میں گھر جائے، مثلا دوسو درہم کا مال ہے اور اس پر دوسو درہم قرض بھی ہے تو چاہے آقا ساتھ ہو پھر بھی آقا سے بھی زکوۃ نہ لی جائے، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ دوسو درہم اب آقا کی ملکیت نہیں رہی، بلکہ قرض دینے والے کی ہوگئی۔ اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ اس دوسو درہم پر ملکیت تو ابھی بھی آقا کی ہی ہے لیکن یہ قرض دینے والے کے ساتھ مشغول ہے، یعنی گویا کہ قرض دینے والے کا ہے اس لئے آقا سے بھی اس کی زکوۃ عاشر نہ لے۔

**لغت**: لانعدام الملک: آقا کی ملکیت نہیں ہے۔ للشغل: دوسرے کی ملکیت کے ساتھ مشغول ہونے کی وجہ سے زکوۃ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۸۲۷) خارجی جن زمینوں پر مسلط تھا وہاں اس کے عاشر کے سامنے سے گزرا اور اس نے عشر لے لیا تو زکوۃ اس کو دو بارہ دینی ہوگی۔

**ترجمہ**: ۱ اس کا معنی یہ ہے کہ جب اہل عدل کے عاشر پر گزرے گا، اس لئے کہ کوتاہی تو اسی کی طرف سے ہوئی ہے کہ خارجی کے عاشر کے پاس سے گزرا ہے۔

**تشریح**: جن ملکوں پر خارجی مسلط تھا اور اس کی حکومت تھی وہاں سے ہمارا آدمی مال لیکر گزرا جسکی وجہ سے اس کے عاشر نے زکوۃ لی، اب دوبارہ اہل عدل کے عاشر کے پاس سے گزرے گا تو یہ عاشر دوبارہ زکوۃ لے گا، پہلی زکوۃ کافی نہیں ہے۔

**وجہ**: اس کی وجہ یہ ہے کہ جہاں خارجی کی حکومت تھی وہاں سے مال لیکر گزرنے کی کیا ضرورت تھی! یہ تو اس آدمی کی غلطی ہے کہ

اس کے عاشر کے پاس سے گزرا، اس لئے وہ زکوۃ کافی نہیں ہے، عادل بادشاہ اس کی ابھی بھی اپنی مملکت میں حفاظت کرر ہاہے اس لئے جب عادل کے عاشر کے سامنے سے گزرے گا تو وہ دوبارہ زکوۃ لے گا۔ تقصیر: کوتاہی۔ یثنی: دوبارہ زکوۃ دے۔

# ﴿باب فی المعادن والرکاز﴾

## ﴿باب فی المعادن و الرکاز﴾

**ضروری نوٹ** : اس باب میں تین الفاظ ہیں جنکے معانی میں اختلاف ہے، اس کا جاننا ضروری ہے

کنز: جس مال کو انسان نے زمین کے اندر دفن کیا ہو اس کو کنز کہتے ہیں، یا جو مال آدمی جمع کرتا ہو اس کو بھی کنز کہتے ہیں، آیت میں ہے۔ و الذین یکنزون الذھب و الفضۃ و لا ینفقونھا فی سبیل اللہ فبشرھم بعذاب الیم ۔ (آیت ۳۴، سورۃ التوبۃ ۹) اس آیت میں ہے کہ جو لوگ سونا چاندی جمع کرتے ہیں اور خرچ نہیں کرتے ہیں اس کے لئے دردناک عذاب ہے، اس سے معلوم ہوا کہ جس مال کو جمع کرتا ہو وہ کنز ہے

معدن: عدن کا ترجمہ ہے قائم رہنا، اللہ نے جو خزانہ لوہا ابرک زمین میں پیدا کیا ہے اس کو معدن، اور کان کہتے ہیں

رکاز: رکز سے مشتق ہے، گاڑنا، انسان کا دفن کیا ہوا اور اللہ تعالی کا زمین میں پیدا کیا ہو دونوں گاڑا ہوا ہے اس لئے دونوں کو رکاز کہتے ہیں ۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ انسان گاڑے وہ بھی رکاز ہے اور حدیث کے اعتبار سے اس میں بھی پانچواں حصہ ہے ۔ اور جسکو معدن کہتے ہیں یعنی اللہ تعالی کا پیدا کی ہوئی کان اس میں بھی پانچواں حصہ ہے ۔ (۱) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے ۔ الرکاز : ما وجد من معدن و ما استخرج منه من مال مدفون ، و شیء کان لقرن قبل ھذہ الامۃ ، قال ابن جریج : و أقول : ھو مغنم ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الرکاز والمعدن، ج رابع، ص ۹۲، نمبر ۷۱۱۲) اس اثر میں تشریح کی ہے کہ جو اللہ کے خزانے سے نکلے جسکو معدن کہتے ہیں وہ بھی رکاز ہے، اور جو زمانہ جاہلیت میں دفن کیا گیا وہ بھی رکاز ہے ۔ (۲) اس حدیث میں بھی ہے کہ جو کچھ اللہ نے کان پیدا کیا ہے وہ رکاز ہے اور اس میں پانچواں حصہ ہے، حدیث یہ ہے ۔ عن ابی ھریرۃ قال: قال رسول اللہ ﷺ: فی الرکاز الخمس قیل و ما الرکاز یا رسول اللہ ﷺ ؟ قال الذھب و الفضۃ الذی خلقه اللہ فی الارض یوم خلقت . (سنن بیہقی، باب من قال المعدن رکاز فیہ الخمس، ج رابع، ص ۲۵۷، نمبر ۷۶۴۰) اس حدیث میں ہے کہ اللہ نے زمین میں جو سونا چاندی پیدا کیا ہے وہ رکاز ہے اور اس میں پانچواں حصہ ہے ۔ (۳) اور رکاز میں پانچواں حصہ ہے اس کے لئے یہ حدیث ہے . عن ابی ھریرۃؓ أن رسول اللہ ﷺ قال : العجماء جبار ، و البئر جبار ، و المعدن جبار ، و فی الرکاز الخمس ۔ (بخاری شریف، باب فی الرکاز الخمس، ص ۲۴۴، نمبر ۱۴۹۹ مسلم شریف، باب جرح العجماء والمعدن و البئر جبار، ص ۷۵۸، نمبر ۱۷۱۰ /۴۴۶۵) اس حدیث میں ہے کہ معدن میں تو کچھ نہیں ہے لیکن رکاز میں پانچواں حصہ ہے، ہمارے یہاں معدن بھی رکاز ہے اس لئے معدن میں بھی پانچواں حصہ لازم ہوگا۔

(۸۲۸) قال معدن ذهب او فضة او حديد او رصاص او صفر وجد فی ارض خراج او عشرٍ ففيه الخمس عندنا ﴾ ۱ وقال الشافعی لا شئ عليه فيه لانه مباح سبقت يداه اليه كالصيد الا اذا كان المستخرج ذهبًا او فضة فيجب فيه الزكوٰة

**ترجمه**: (۸۲۸) اگر سونا، یا چاندی، یا لوہا، یا سیسہ، یا پیتل کی کان ہو اور خراجی یا عشری زمین میں پائی جائے تو اس میں ہمارے نزدیک پانچواں حصہ ہے۔

**تشریح**: جو آگ میں پگھلنے والی قیمتی چیز ہے اس کی کان نکل جائے اور ایسی زمین میں ہو جس پر عشر یا ٹیکس ہے تو جتنا مال نکلے گا اس کا پانچواں حصہ حکومت لے گی، اور باقی چار حصے جس کی زمین میں نکلی ہے اس کو دیا جائے گا۔ جیسے سونا، چاندی، لوہا، سیسہ، پیتل کی کان نکل جائے تو جتنا نکلتا جائے گا اس میں پانچواں حصہ لیتا چلا جائے گا۔

**وجه**: (۱). عن ابی هريرة أن رسول الله ﷺ قال: العجماء جبار، و البئر جبار، و المعدن جبار، و فی الركاز الخمس ۔ (بخاری شریف، باب فی الرکاز الخمس، ص ۲۴۴، نمبر ۱۴۹۹ مسلم شریف، باب جرح العجماء والمعدن والبئر جبار، ص ۷۵۸، نمبر ۱۷۱۰/۴۴۶۵) اس حدیث میں ہے کہ معدن میں تو کچھ نہیں ہے لیکن رکاز میں پانچواں حصہ ہے، ہمارے یہاں معدن بھی رکاز ہے اس لئے معدن میں بھی پانچواں حصہ لازم ہوگا۔ (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ زمین پہلے کفار کے ہاتھ میں تھی اب مسلمانوں نے اس پر قبضہ کیا تو گویا کہ زمین اور اس میں سے نکلنے والی چیز مال غنیمت ہوئی اور مال غنیمت میں پانچواں حصہ ہے، اس لئے اس کان میں بھی پانچواں حصہ ہوگا، اس کے لئے آیت یہ ہے۔ و اعلموا أنما غنمتم من شیء فان لله خمسه و للرسول و لذی القربی و اليتمی و المساكين و ابن السبيل ۔ (آیت ۴۱، سورۃ الانفال ۸) اس آیت میں ہے کہ جو مال غنیمت ہو اس میں خمس ہے، اور یہ مال غنیمت کے درجے میں ہے اس لئے اس میں بھی خمس ہوگا۔

۔اور عشری اور خراجی زمین کی قید اس لئے لگائی کہ اس زمین پر پہلے سے کچھ نہ کچھ ٹیکس موجود ہے اس لئے اب کچھ زیادہ ٹیکس یعنی پانچواں حصہ لے لیا جائے گا، لیکن اگر گھر میں کان نکل جائے تو چونکہ گھر پر کوئی ٹیکس نہیں ہوتا اسلئے اس میں کان نکلے تو اس میں پانچواں حصہ نہیں لیا جائے گا۔۔ معدن: کان ۔ رصاص: سیسہ ۔ صفر: پیتل ۔ ارض خارجی: جس زمین پر خراج لاگو ہو اس کو ارض خارجی کہتے ہیں ۔ ارض عشری: جس زمین پر عشر لاگو ہو اس کو ارض عشری کہتے ہیں۔

**ترجمه**: ۱ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ معدن کان پر کچھ نہیں ہے، اس لئے کہ کان مباح چیز ہے جس نے پہلے لے لیا اسی کی چیز ہے، جیسے کہ شکار [جس نے پکڑ لیا اسی کی ہو جاتی ہے] لیکن اگر نکلنے والی چیز سونا یا چاندی ہو تو اس میں زکوۃ واجب ہے۔

**تشریح**: ایک بنیادی فرق یہ ہے کہ امام شافعیؒ کے یہاں معدن الگ چیز ہے اور رکاز الگ چیز ہے دونوں ایک نہیں ہے۔۔ لوہا

ابرک سیسہ پیتل کے کان کو معدن کہتے ہیں جس کو اللہ نے زمین میں پیدا کیا ہے، حدیث میں ہے کہ یہ معاف ہے اس میں عشر وغیرہ کچھ نہیں ہے۔ اور زمانہ جالیت کے دفینے کو رکاز کہتے ہیں، جس میں پانچواں حصہ ہے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے. اخبرنا الشافعیؒ قال : و اذا عمل فی المعادن فلا زکوۃ فی شیء مما یخرج منها الا ذهب أو ورق ، فأما الکحل و الرصاص و النحاس و الحدید و الکبریت و المومیا و غیره فلا زکوۃ فیه۔ (موسوعہ امام شافعی: باب زکاۃ المعادن، ج رابع، ص ۱۵۳، نمبر ۴۱۷۹) اس عبارت میں ہے کہ سرمہ، سیسہ، پیتل، لوہا وغیرہ کی کان نکل جائے تو اس میں کچھ نہیں ہے نہ چالیسواں ہے اور نہ پانچواں حصہ ہے۔ البتہ اگر سونے چاندی کی کان نکلے تو اس میں چالیسواں حصہ زکوۃ ہے اس میں بھی پانچواں حصہ خمس نہیں ہے۔ بخاری شریف میں ہے۔ و قال مالک و ابن ادریس [الشافعی] الرکاز دفن الجاهلیة ، فی قلیله و کثیره الخمس ، و لیس المعدن برکاز . (بخاری شریف، باب فی الرکاز الخمس، ص ۲۴۴، نمبر ۱۴۹۹ر۔ (موسوعہ امام شافعی: باب زکاۃ المعادن، ج رابع، ص ۱۵۴، نمبر ۴۱۸۴)) اس اثر میں ہے کہ زمانہ جاہلیت کے مدفون کو رکاز کہتے ہیں، اور جو خزانہ زمین میں اللہ نے پیدا کیا ہے وہ معدن ہے۔

**وجہ** : (۱) حدیث میں ہے کہ معدن یعنی کان کا خزانہ معاف ہے اور رکاز یعنی زمانہ جاہلیت کے دفینے میں پانچواں حصہ ہے، حدیث وہی اوپر والی ہے. عن ابی هریرةؓ أن رسول الله ﷺ قال : العجماء جبار ، و البئر جبار ، و المعدن جبار ، و فی الرکاز الخمس ۔ (بخاری شریف، باب فی الرکاز الخمس، ص ۲۴۴، نمبر ۱۴۹۹ر مسلم شریف، باب جرح العجماء و المعدن والبئر جبار، ص ۷۵۸، نمبر ۱۷۱۰ر ۴۴۶۵) اس حدیث میں معدن اور رکاز میں فرق کیا ہے، اور فرمایا کہ معدن یعنی کان میں معاف ہے اور رکاز میں خمس ہے۔ (۲) دوسری حدیث میں ہے کہ حضرت بلال مزنیؓ کو حضورؐ مقام قبلیہ کا معادن جاگیر میں دیا تو اسکے کان سے پانچواں حصہ نہیں لیتے تھے، بلکہ صرف زکوۃ وصول کرتے تھے، حدیث یہ ہے . عن ربیعة بن أبی عبد الرحمن عن غیر واحد أن النبی ﷺ أقطع بلال بن الحارث المزنی معادن القبلیة و هی من ناحیة الفرع فتلک المعادن لا یؤخذ منها الا الزکوۃ الی الیوم ۔ (ابوداود شریف، باب فی اقطاع الارضین، ص ۴۴۸، نمبر ۳۰۶۱ر سنن بیہقی، باب زکاۃ المعدن و من قال المعدن لیس برکاز ، ج رابع، ص ۲۵۶، نمبر ۷۶۳۶) اس حدیث میں ہے کہ معادن میں صرف چالیسواں حصہ زکوۃ ہے، پانچواں حصہ نہیں ہے۔ (۳) تیسری دلیل یہ ہے کہ یہ خزانے شکار کی طرح مباح ہے جس نے پہلے اٹھالیا اسی کا ہوگیا۔ اور شکار سے کچھ نہیں لیا جاتا ہے تو اس کان سے بھی کچھ نہ لیا جائے۔ اس کے لئے حدیث یہ ہے.

عن ابیها أسمر ابن مضرس قال : أتیت النبی ﷺ فبایعته فقال : من سبق الی ما لم یسبقه الیه مسلم فهو له ، قال : فخرج الناس یتعادون یتخاطون . (ابوداود شریف، باب فی اقطاع الارضین، ص ۴۵۰، نمبر ۳۰۷۱) اس حدیث میں ہے کہ مباح چیز کا جو مالک بن گیا وہ اس کا ہے [اس سے پانچواں حصہ نہ لیا جائے]

۲ ولا یشترط الحول فی قول لانه نماء کله والحول للتنمیة ۳ ولنا قوله علیه السلام وفی الرکاز الخمس وهو من الرکز فاطلق علی المعدن ۴ ولانها کانت فی ایدی الکفرة و حوتها ایدینا غلبة فکانت غنیمة وفی الغنائم الخمس

**ترجمہ**: ۲ امام شافعیؒ کے ایک قول میں یہ ہے کہ سال گزرنا شرط نہیں اسلئے کہ پورے کا پورا نماء ہی ہے، اور سال گزرنا بڑھنے کے لئے ہے۔

**تشریح**: اوپر امام شافعیؒ نے فرمایا کہ سونا اور چاندی کا کان نکل جائے تو اس میں چالیسواں حصہ زکوۃ واجب ہوگی، تو ایک قول میں یہ ہے کہ اس سونے چاندی کا جب سے مالک ہوا اس وقت سے سال گزرے گا تب زکوۃ واجب ہوگی، کیونکہ زکوۃ کے لئے سال گزرنا شرط ہے، اور ایک قول میں یہ ہے کہ ابھی ہی زکوۃ واجب ہو جائے گی سال گزرنا ضروری نہیں، کیونکہ سال گزرنا بڑھوتری کے لئے ہے، اور یہ جو کچھ سونا چاندی نکلا ہے وہ تو بڑھا ہوا ہی ہے، اس لئے سال گزرنا ضروری نہیں۔ تنمیۃ: بڑھنا۔

**ترجمہ**: ۳ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ رکاز میں خمس ہے، اور رکاز رکز سے مشتق ہے [اس کا معنی ہے گاڑنا] پس معدن پر بھی اس کا اطلاق کیا۔

**تشریح**: ہماری دلیل یہ ہے کہ حدیث میں ہے کہ رکاز میں پانچواں حصہ ہے، اور ,رکاز, رکز, سے مشتق ہے جسکا معنی ہے گاڑنا، اور اللہ نے جب کان میں لوہا ابرک کا خزانہ پیدا کیا تو گویا کہ اللہ تعالی نے اس کو زمین میں گاڑا اس لئے معدن پر بھی رکاز کا اطلاق ہو سکتا ہے اور وہ بھی رکاز میں داخل ہے اور اس میں بھی حدیث کے اعتبار سے خمس ہونا چاہئے۔ حدیث یہ گزر چکی۔ عن ابی هریرةؓ أن رسول الله ﷺ قال : العجماء جبار ، و البئر جبار ، و المعدن جبار ، و فی الرکاز الخمس ۔(بخاری شریف ، باب فی الرکاز الخمس ، ص ۲۴۴، نمبر ۱۴۹۹ رمسلم شریف، باب جرح العجماء والمعدن والبئر جبار، ص ۷۵۸، نمبر ۱۷۱۰ر ۴۴۶۵) اس حدیث میں رکاز میں پانچواں حصہ ہے اور معدن بھی رکاز میں داخل ہے اس لئے معدن [کان] میں بھی پانچواں حصہ لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: ۴ اور اس لئے کہ یہ کانیں کافروں کے قبضے میں تھیں پھر ہمارے ہاتھوں نے اس کو غلبۃ جمع کر لیا تو یہ مال غنیمت ہو گئیں، اور مال غنیمت میں پانچواں حصہ ہے [اس لئے اس میں بھی پانچواں حصہ ہوگا]

**تشریح**: کان میں پانچواں حصہ واجب کرنے کے لئے یہ دلیل عقلی ہے، کہ یہ کانیں [معدن] پہلے کفار کے قبضے میں تھیں، اسلام آنے کے بعد ہمنے اس پر غلبہ کے طور پر قبضہ کیا تو گویا کہ وہ مال غنیمت ہو گئیں، اور مال غنیمت میں پانچواں حصہ ہے اس لئے اس میں بھی پانچواں حصہ ہوگا۔ حوتھا: حوی سے مشتق ہے، گھیرنا، قبضے میں لینا۔

۵ بخلاف الصید لانه لم یکن فی ید احد ٦ الا ان للغانمین یدا حکمیة لثبوتها علی الظاهر واما الحقیقیة فللواجد فاعتبر نا الحکمیة فی حق الخمس والحقیقیة فی حق الاربعة الاخماس حتی کانت للواجد (۸۲۹) ولو وجد فی دارہ معدنا فلیس فیه شئ ۱ عند ابی حنیفة وقالا فیه الخمس لا طلاق ما روینا.

**ترجمہ**: ۵ بخلاف شکار کے اس لئے کہ وہ کسی کے قبضے میں نہیں تھا۔[اس لئے اس میں خمس نہیں لیا جائے گا]

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے، انہوں نے استدلال کیا تھا کہ شکار میں پانچواں حصہ نہیں تو معدن یعنی کان بھی پانچواں حصہ نہیں، اس کا جواب دیا جا رہا ہے کہ شکار کا جانور پہلے سے کسی کافر کے قبضے میں نہیں تھا کہ اس پر قبضے کے بعد اس کو مال غنیمت شمار کیا جائے، اور اس پر خمس لازم کیا جائے، اس کے برخلاف کان زمانہ قدیم میں کافر کے قبضے میں تھی، اس لئے مسلمانوں کے قبضے کے بعد مال غنیمت کے درجے میں ہوگئی، اس لئے اس میں خمس ہوگا۔

**ترجمہ**: ٦ مگر غازیوں کا قبضہ حکمی طور پر ہے، کیونکہ وہ ظاہری پر ثابت ہے، بہر حال حقیقی قبضہ تو پانے والے کا ہے، اس لئے ہم نے حکمی قبضے کا اعتبار پانچویں حصے کے حق میں کیا، اور حقیقی قبضے کا اعتبار باقی چار خمس کے حق میں کیا اسی لئے وہ پانے والے کے لئے ہوا۔

**تشریح**: یہ ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ معدن پر ہمارا قبضہ غلبہ کے طور پر ہوا اور وہ مال غنیمت ہوئی تو پانچواں حصہ حکومت کو ملنا چاہئے، اور باقی چار حصے مجاہدین کو ملنا چاہئے، پانے والے کو کچھ نہیں ملنا چاہئے۔ تو اس کا جواب دے رہے ہیں کہ مجاہدین کا غلبہ ظاہری طور پر مانا ہے، کیونکہ اس زمین پر ایک گونا حکومت کا قبضہ ہے، اور اسی ظاہری کا اعتبار کرتے ہوئے حکومت کو ایک پانچواں حصہ دلوایا، اور حقیقت میں اس پر پانے والے کا قبضہ ہے، اس لئے حقیقی قبضے کا اعتبار کرتے ہوئے پانے والے کو باقی چار خمس دلوایا۔

**لغت**: غانمین: غنیمت حاصل کرنے والے، غازی۔ ید: قبضہ۔ خمس: پانچواں حصہ، اور اربعة اخماس: کا ترجمہ ہے چار خمس، یعنی چار پانچواں حصہ۔ واجد: پانے والا۔

**ترجمہ**: (۸۲۹) اگر گھر میں کان پایا تو امام ابو حنیفہؒ کے یہاں اس میں کچھ بھی نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اور صاحبینؒ نے فرمایا کہ اس میں پانچواں حصہ ہے اس حدیث کی بنا پر جو میں نے اوپر روایت کی۔

**تشریح**: اگر کسی کے گھر ہی میں لوہے وغیرہ کی کان نکل آئی تو امام ابو حنیفہؒ فرماتے ہیں کہ اس میں نہ پانچواں ہے نہ چالیسواں حصہ ہے۔ اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ گھر کی زمین میں کوئی لگان نہیں ہے نہ عشر ہے اور نہ خراج وہ تو مفت ہوتا ہے، اور جو کان ہے وہ

۲؎ ولـه انه من اجزاء الارض مركب فيها ولا مؤنة في سائر الاجزاء فكذا في هذا الجزء لان الجزء لا يخالف الجملة بخلاف الكنز لانه غير مركب فيها(۸۳۰) قال وان وجد في ارضه فعن ابي حنيفة فيه روايتان﴾

اسی مفت زمین کا حصہ ہے، کیونکہ اللہ نے اس زمین کے اجزاءکواور کان کوایک ساتھ پیدا کیا ہے ،اور گھر کی زمین میں کوئی لگان نہیں تو اسکے حصے پر بھی کوئی خمس نہیں ہونا چاہئے۔اور صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ اوپر والی حدیث ,وفی الرکاز الخمس، کہ کان میں پانچواں حصہ ہے یہ عام ہے،گھر اور زمین کی قید اس میں نہیں ہے اس لئے کان چاہے زمین میں نکلے چاہے گھر میں ہر حال میں پانچواں حصہ لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ کان زمین کا جز ہے،اس کے ساتھ شامل،اور اس زمین کے تمام اجزاء میں کوئی لگان نہیں ہے تو اسی طرح اس کان والے جز میں بھی کوئی لگان نہیں ہونا چاہئے،اس لئے کہ جز پورے مجموعے کا مخالف نہیں ہوتا۔بخلاف دفن شدہ خزانے کے اس لئے کہ وہ زمین کے ساتھ مرکب نہیں ہے۔

**تشریح**: یہ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل ہے کہ گھر کی زمین پر کوئی مونت یعنی کوئی عشر یا خراج وغیرہ نہیں ہے،اور کان اور گھر کی زمین دونوں تخلیق کائنات کے وقت ہی سے مرکب ہیں،اور گھر کی زمین کے کسی جز پر کوئی لگان نہیں ہے تو اس کان پر بھی نہیں ہونا چاہئے، کیونکہ کوئی جز مجموعے کے حکم کے خلاف نہیں ہوتا۔ہاں اگر گھر کی زمین میں کوئی دفن کیا ہوا خزانہ مل جائے تو اس میں خمس ہوگا،کیونکہ دفن کیا ہوا خزانہ زمین کا جز نہیں ہوتا،اور اس کے ساتھ مرکب نہیں ہوتا ہے،وہ تو بعد میں دفن کیا ہوا ہے،اس لئے اس کا حکم گھر کا حکم نہیں ہوگا اس پر خمس ہوگا۔

**لغت**: سائر: باقی تمام اجزا۔مرکب:ملا ہوا،شامل۔مؤنۃ :لگان،خرچ، یہاں عشر،یا خراج مراد ہے۔جملۃ :تمام۔کنز:خزانہ، یہاں مراد ہے دفن کیا ہوا خزانہ۔

**ترجمہ**: (۸۳۰)اگر کان اپنی زمین میں نکل جائے تو امام ابوحنیفہؒ کی اس بارے میں دو روایتیں ہیں۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ اپنی زمین میں کان نکل جائے تو اس میں خمس نہیں۔یہ روایت مبسوط میں ہے، مبسوط کی عبارت یہ۔قلت : أرأيت الرجل المسلم أو الذمي يكون في داره المعدن أو في أرضه ؟قال: هو له و ليس فيه خمس ، و هذا قول أبي حنيفةؒ ، و في قول ابي يوسف و محمدفيه الخمس . ( کتاب الاصل المبسوط، باب الذھب والفضۃ والرکاز والمعدن الخ، ج ثانی ص ۱۱۶،) اس عبارت میں ہے کہ اپنی زمین میں کان نکل جائے تو اس پر خمس نہیں ہے۔اسکی وجہ یہ ہے کہ اپنی زمین پر عشر یا خراج ہے خمس نہیں ہے اس لئے اس پر خمس لازم نہیں ہوگا۔

۱؎ ووجه الفرق علیٰ احدٰهما وهو رواية الجامع الصغير ان الدار ملكت خالية عن المؤن دون الارض ولهٰذا وجب العشر والخراج في الارض دون الدار فكذا هذه المؤنة (۸۳۱) وان وجد ركازا اى كنزا وجب فيه الخمس عندهم ﴾ ۱؎ لما روينا ۲؎ واسم الركاز يطلق على الكنز لمعنى الركز وهو الثبات

**ترجمہ**: ۱؎ دو میں سے ایک روایت میں فرق کی وجہ یہ ہے، جو جامع صغیر میں ہے کہ گھر کا مالک اس حال میں بنا کہ وہ تمام لگان سے خالی ہے، زمین ایسی نہیں ہے، اسی لئے زمین میں عشر یا خراج واجب ہے گھر میں واجب نہیں ہے پس ایسے ہی گھر اس لگان سے بھی خالی ہو۔

**تشریح**: اور دوسری روایت اوپر گزری کہ زمین عشری ہو یا خراجی ہو اور کان نکل جائے تو اس میں خمس ہے۔ یہ روایت جامع صغیر میں ہے اس کی عبارت یہ ہے. محمد عن يعقوب عن ابى حنيفةؒ فى معدن ذهب ، أو فضة أو حديد أو رصاص أو صفر وجد فى أرض خراج أو عشر قال : فيه الخمس ۔(جامع صغیر، باب فی المعدن والرکاز، ص۱۳۳) اس عبارت میں ہے کہ چاہے اپنی زمین ہو لیکن اگر عشری یا خراجی ہو تو اس پر خمس لازم ہے۔ اس روایت کے اعتبار سے زمین اور گھر میں فرق یہ ہے کہ گھر ہمیشہ مفت ہوتا ہے، اس پر کوئی مؤنت [لگان] عشر یا خراج لازم نہیں ہے، اس لئے اس میں کان نکل جائے تو اس میں کچھ نہیں لازم ہوگا۔ اور زمین پر عشر یا خراج دونوں میں سے ایک ضرور ہوتا ہے، جب کوئی لگان ہوتا ہے تو اس کو بڑھا کر پانچواں حصہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۸۳۱) اور اگر رکاز یعنی دفن کیا ہوا خزانہ پایا تو سب اماموں کے نزدیک اس میں پانچواں حصہ ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ اس حدیث کی بنا پر جو ہم نے پہلے روایت کی۔

**تشریح**: اب تک کان کے سلسلے میں مسئلے تھے۔ اب اس خزانہ کے سلسلے میں مسئلہ ہے جو کسی آدمی نے زمین میں دفن کیا ہو، مثلا درہم یا دینار دفن کر دیا اور وہ مل گیا، تو اس بارے میں امام ابو حنیفہؒ امام ابو یوسف، امام محمدؒ اور امام شافعیؒ وغیرہ سب کے نزدیک خمس ہے۔ کیونکہ حدیث گزر چکی ہے۔ وفی الرکاز الخمس، اور امام شافعیؒ نے بھی رکاز کا ترجمہ دفن کیا ہوا خزانہ کیا ہے، اس لئے انکے یہاں بھی اس میں پانچواں حصہ لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ اور رکاز کا لفظ دفینہ پر بولا جاتا ہے رکز کے معنی کی وجہ سے اور رکز کا معنی ثابت کرنے کے ہیں۔

**تشریح**: اس عبارت میں یہ بتا رہے ہیں کہ رکاز کے معنی ثابت کرنا اور گاڑنا ہے اور دفن کیا ہوا خزانہ بھی گاڑا جاتا ہے اس لئے اس کو بھی رکاز کہتے ہیں۔ اور حدیث کے اعتبار سے رکاز میں خمس ہے تو دفن کیا ہوا خزانہ میں بھی سب کے نزدیک خمس لازم ہوگا۔

۳ ثم ان کان علیٰ ضرب اهل الاسلام کالمکتوب علیه کلمة الشهادة فهو بمنزلة اللقطة وقد عرف حکمها فی موضعها ۴ وان کان علیٰ ضرب اهل الجاهلیة کالمنقوش علیه الصنم ففیه الخمس علی کل حال لما بینا ۵ ثم ان وجده فی ارض مباحة فاربعة اخماسه للواجد لانه تم الاحراز منه اذ لاعلم به للغانمین فیختص هو به

**ترجمہ**: ۳ پھر اگر یہ دفینہ اہل اسلام کے طریقے پر ڈھلا ہوا ہو، جیسے اس پر کلمہ شہادت لکھا ہوا ہو تو وہ لقطہ کے درجے میں ہے اور اس کا حکم کتاب اللقطہ میں آئے گا۔

**تشریح**: دفن کیا ہوا خزانے کی تین صورتیں ہیں[۱] اگر علامات سے معلوم ہو کہ یہ مسلمانوں کا دفن کیا ہوا مال ہے تو اس کا حکم لقطہ کا حکم ہے یعنی جس مال کو پایا ہو۔ اس کا حکم یہ ہے کہ اہم مال ہو تو ایک سال تک یا اس سے زیادہ اس کا اعلان کروائے، اور مالک مل جائے تو اس کو دے دے، اور مالک نہ ملے تو خود فقیر ہے تو خود اس کو استعمال کرے، اور خود مالدار ہے تو اس مال کو کسی فقیر کو صدقہ کر دے۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ اس مال کو رکھے رہے ابھی صدقہ نہ کرے۔ اس صورت میں پانچواں حصہ نہیں ہے [۲] اور اگر علامت سے معلوم ہوتا ہو کہ یہ کافر کا دفن کیا ہے مثلا اس پر بت کی تصویر ہے تو یہ مال غنیمت کے درجے میں ہے حدیث کے اعتبار سے اس میں خمس ہے۔[۳] اور اگر اسلام اور کافر کی کوئی علامت نہ ہو تو ظاہر مذہب یہ ہے کہ اس کو کافر کا دفینہ قرار دیا جائے، ظاہر مذہب یہی ہے، کیونکہ اس زمین پر اسلام سے پہلے کافروں کی ہی حکومت تھی، اس لئے کافروں کا دفن کیا ہوا قرار دیا جائے، لیکن بعد کے لوگوں نے یہ فرمایا کہ مسلمانوں کا دفینہ قرار دیا جائے، کیونکہ اسلام کا زمانہ کافی لمبا ہو چکا ہے، اس لئے بہت ممکن ہے کہ یہ کسی مسلمان کا ہی دفن کیا ہوا ہے۔

**ترجمہ**: ۴ اور اگر اہل جاہلیت کے انداز کا ڈھلا ہوا ہو، جیسے اس پر بت نقش کیا ہو تو اس میں ہر حال میں پانچواں حصہ ہے، جیسا کہ ہم نے بیان کیا۔

**تشریح**: دفن کئے ہوئے خزانے پر کوئی ایسی علامت ہے جس سے اندازہ ہوتا ہے کہ زمانہ جاہلیت میں اس کو دفن کیا ہے جیسے اس پر بت کی تصویر بنی ہوئی ہے تو یہ مال غنیمت کے درجے میں ہے اور اس میں ہر حال میں خمس ہے، اسی کے بارے میں حدیث، وفی الرکاز الخمس، ہے۔

**ترجمہ**: ۵ پھر اگر اس کو مباح زمین میں پایا تو چار خمس پانے والے کے لئے ہے، کیونکہ اپنی حفاظت میں کرنا اسی کی طرف سے پورا ہوا، کیونکہ غازیوں کو اس کا علم بھی نہ تھا، اس لئے خاص طور پر اسی کو ملے گا۔

**تشریح**: یہاں سے یہ بتا رہے ہیں کہ دفینہ میں ایک پانچواں حصہ تو اسلامی حکومت لے گی، باقی چار خمس کسکو دیا جائے؟ کیونکہ

٦ وان وجده فی ارض مملوكة فكذا الحكم عند ابی يوسف لان الاستحقاق بتمام الحيازة وهو منه ٧ و عند ابی حنيفة ومحمد هو للمختطّ له وهو الذی ملكه الامام هذه اول الفتح لانه سبقت يده اليه وهی يد الخصوص فيملك به ما فی الباطن وان كانت علی الظاهر كمن اصطاد سمكة ففی بطنها دُرّةٌ

یہاں تین قسم کا قبضہ ہے[۱] اسلامی حکومت ہے اس لئے ظاہری قبضہ غازیوں کا ہے،[۲] پھر زمین جسکی ہے تو ظاہری قبضہ اس کا بھی ہے،[۳] اور حقیقی قبضہ پانے والے کا ہے۔ فرماتے ہیں کہ اگر ایسی زمین میں خزانہ پایا جو کسی کی نہیں ہے، حکومت کی ہے جس پر کوئی بھی قبضہ کرکے اپنی زمین بنا سکتا ہے جسکو ارض مباح، کہتے ہیں، تو اس میں چار خمس پانے والے کو ملے گا، کیونکہ ظاہری قبضہ اگر چہ غازیوں کا ہے اسی وجہ سے ایک خمس حکومت کو ملا لیکن حقیقی قبضہ پانے والے کا ہے اسی نے اس کو اپنی حفاظت میں لیا، غازیوں کو تو اس کا پتہ بھی نہیں تھا کہ اس زمین میں خزانہ ہے

**وجه** : اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ عن عبد الله بن بشر الخثعمی ، عن رجل من قومه أن رجلا سقطت عليه جرة من دير بالكوفة فأتى بها علياً فقال : اقسمها أخماسا ، ثم قال : خذ منها اربعة اخماس و دع واحدا ۔ (سنن بیہقی ، باب ماروی عن علیؓ فی الرکاز ، ج رابع ، ص ۲۶۴، نمبر ۷۶۵۶ ) اس اثر میں ہے کہ کوفہ کی ویران زمین، یعنی مباح زمین میں خزانہ پایا تو حضرت علیؓ نے چار حصہ پانے والے کو اور ایک خمس حکومت کو دلوایا۔

**لغت** : تم الاحراز: احراز کا معنی حفاظت، یہاں ترجمہ ہے اس نے پورے طور پر اپنی حفاظت میں لیا۔ تخصص ھو: اسی کو خاص طور پر ملے گا۔

**ترجمہ** : ٦ اور اگر کسی کی مملوکہ زمین میں خزانہ پایا تو امام ابو یوسفؒ کے یہاں یہی حکم ہے[یعنی پانے والے کو چار خمس ملے گا زمین والے کو نہیں] اس لئے کہ حصہ لینے کا استحقاق پورے طور پر قبضہ میں لینے سے ہے، اور یہ پانے والے ہی کی جانب سے ہوا۔

**تشریح** : کسی دوسرے کی مملوکہ زمین میں دفینہ پایا تو امام ابو یوسفؒ کی رائے یہ ہے کہ جس نے پایا اسی کو چار خمس دیا جائے، زمین والے کو کچھ نہ دیا جائے۔ اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ زمین پر ظاہری قبضہ اگر چہ زمین والے کی ہے، لیکن دفینہ زمین کی پیداوار نہیں ہے وہ تو الگ سے دفن کیا ہوا ہے اس لئے زمین والے کو کچھ نہیں ملے گا۔ اور حصہ پانے کا حقدار جمع کرنے اور قبضہ کرنے سے ہوتا ہے، اور جمع پانے والے نے کیا ہے اور اسی کا حقیقی قبضہ ہے اس لئے اسی کو باقی چار خمس ملے گا۔ حیازۃ: جمع کرنا، محفوظ کرنا۔

**ترجمہ** : ٧ اور امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک یہ چار حصے مختط لہ کے لئے ہوگا۔ مختط لہ وہ آدمی ہے جسکو امام نے فتح کے وقت میں پہلی مرتبہ زمین کے اس ٹکڑے کا مالک بنایا، اس لئے کہ اس کا قبضہ اسلام میں سب سے پہلے ہے، یہ مخصوص قبضہ ہے، اس لئے

ﮦ ثم بالبیع لم یخرج عن ملکه لانه مودع فیها بخلاف المعدن لانه من اجزائها فینتقل الی المشتری

---

زمین کے اندر جو کچھ ہے اس کا وہ مالک بنے گا، اگر چہ ظاہری طور پر اس کا قبضہ ہے جسکی زمین ہے، جیسے کہ مچھلی کا شکار کیا اور اس کے پیٹ سے موتی نکلا [تو موتی شکار کرنے والے کا ہوگا بعد میں خریدنے والے کا نہیں]

**تشریح** : مختط لہ: جس وقت اس ملک پر اسلام کا قبضہ ہوا اور اس وقت کے امیر نے پہلی مرتبہ زمین کے اس ٹکڑے کا مالک جس کو بنایا اس آدمی کو مختط لہ، کہتے ہیں۔ چونکہ امام زمین پر خط کھینچ کر اس ٹکڑے کو الگ کرتے ہیں اس لئے اس آدمی کو مختط لہ کہتے ہیں۔

امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کی رائے ہے کہ یہ چار حصے مختط لہ کو ملے گا، اور وہ نہ ہو تو اس کے وارث کو ملے گا، اور اس کا بھی پتہ نہ چلے تو یہ دیکھو کہ کہ اسلام میں زمین کے اس ٹکڑے کا سب سے پہلا مالک کون نظر آرہا ہے اس کو دو، اور وہ بھی نہ ہو تو اس کے وارث کو دو

**وجہ** : اس کی وجہ ایک اصول ہے، وہ یہ ہے کہ جو مختط لہ ہے وہ اس زمین کا پہلا مالک ہے اسی کا قبضہ پہلے ہوا ہے، اس لئے زمین بھی اسکی ہے اور اس میں جو دفینہ ہے وہ بھی اسی کا ہے۔ اور زمین کو بیچ دیا تو زمین دوسرے کی ہوگئی لیکن دفینہ اس میں امانت ہے، اور زمین سے الگ چیز ہے، اس لئے دفینہ زمین خریدے والے کا نہیں ہوا وہ مختط لہ کا ہی رہا، اور وہ زندہ نہ ہو تو اس کے وارث کا ہوا۔ اس لئے دفینہ کا چار خمس مختط لہ کو دیا جائے یا اسکے وارث کو دیا جائے۔ یا جسکے بارے میں پتہ لگے کہ اسلام میں اس زمین کا پہلا مالک ہے اس کو دیا جائے۔ اسکی مثال یہ ہے کہ کسی نے مچھلی شکار کی، پھر اس نے مچھلی کو بیچ دیا تو مچھلی خریدنے والے کی ہوئی، لیکن اگر خریدنے والے کے یہاں مچھلی کے پیٹ سے موتی نکلے تو یہ موتی خریدنے والے کو نہیں ملے گا شکار کرنے والے کو ملے گا، کیونکہ اس نے صرف مچھلی بیچی ہے، موتی کا مالک ابھی بھی شکار کرنے والا ہی ہے۔ اسی طرح سے مختط لہ نے صرف زمین بیچی ہے، دفینہ کا مالک ابھی بھی مختط لہ ہی ہے۔ بقعۃ: زمین کا ٹکڑا۔ درۃ: موتی۔

**ترجمہ** : ﮦ پھر زمین بیچنے کی وجہ سے دفینہ اس کے ملک سے نہیں نکلے گا، اس لئے کہ دفینہ زمین میں امانت ہے۔ بخلاف کان کے اس لئے کہ وہ زمین کا جز میں سے ہے، اس لئے وہ خریدنے والے کی طرف منتقل ہو جائے گی۔

**تشریح** : دفینہ اور کان میں فرق یہ ہے کہ دفن کیا ہوا مال جسکو کنز کہتے ہیں وہ زمین کا جز نہیں ہے وہ بالکل الگ ہے، اور گویا کہ زمین میں اسکے مالک کی امانت رکھا ہوا ہے، اس لئے زمین کو بیچنے کی وجہ سے دفینہ خریدنے والے کی ملکیت میں نہیں جائے گا، وہ پہلے مالک کا ہی ہوگا۔ کان [معدن] کا معاملہ اور ہے وہ زمین کی پیدائش کے وقت سے اس کا جز ہے، اس لئے زمین خریدنے کی وجہ سے کان بھی خریدنے والے کی ملکیت میں چلی جائے گی، اس لئے اوپر مسئلہ گزرا کہ کسی کی زمین میں کان نکلی تو پانچواں حصہ حکومت کو ملے گا، اور باقی چار حصہ زمین کے موجودہ مالک کو ملے گا۔ مودع: امانت۔

۹ وان لـم یعرف المختط له یصرف الی اقصی مالک یعرف فی الاسلام علیٰ ما قالوا ۱۰ ولو اشتبه الـضـربُ یـجـعـل جـاهـلیاً فی ظاهر المذهب لانه الاصل وقیل یجعل اسلامیا فی زماننا لتقادم العهد

(۸۳۲) ومن ذخل دار الحرب بامان فوجد فی دار بعضهم رکازا رده علیهم ﴾ ۱ تحرز ا عن الغدر لان ما فی الدار فی ید صاحبها خصوصًا

**ترجمہ**: ۹ اگر مختط لہ کا پتہ نہ چلے تو اسلام میں سب سے پہلے مالک کا پتہ لگے اس کو یہ دفینہ دیا جائے گا، یہی متاخرین مشائخ کا قول ہے۔

**تشریح**: زمانہ اتنا گزر گیا کہ مختط لہ کا پتہ ہی نہیں چل رہا ہے کہ کون تھا تو اس کا پتہ لگائے کہ اسلامی حکومت میں اس زمین کا سب سے پہلا مالک کون تھا، جس کے بارے میں پتہ چلے اس کو دیا جائے، اور وہ نہ ہو تو اس کے وارث کو دیا جائے، یا وارث کے وارث کو دیا جائے، متاخرین مشائخ نے یہی فرمایا ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ دفینہ زمین کے پہلے مالک کی امانت ہے۔۔ اقصی: آخری مالک۔

**ترجمہ**: ۱۰ اگر ٹھپہ مشتبہ ہو گیا ہو تو ظاہری مذہب میں اس کو زمانہ جاہلیت کا قرار دیا جائے گا، اس لئے کہ یہی اصل ہے۔ اور کہا گیا ہے کہ ہمارے زمانے میں اسلامی قرار دیا جائے گا اس لئے کہ زمانہ کافی گزر چکا ہے۔

**تشریح**: درہم یا دینار کا جو دفینہ نکلا اس پر جو ٹھپہ لگا ہوا ہے اس کے بارے میں پتہ نہیں چلتا ہے کہ زمانہ اسلام کا ہے یا زمانہ کفر کا تو ظاہری مذہب یہ ہے کہ زمانہ کفر کا قرار دیا جائے، اور اس سے خمس لیا جائے، اس لئے کہ اصل تو پہلے زمانہ کفر ہی تھا۔ اور بعد کے مشائخ نے یہ فرمایا کہ اسلامی حکومت پر بھی کافی زمانہ گزر چکا ہے اس لئے اسلئے اسکو زمانہ اسلام کا قرار دیا جائے۔۔ الضرب: سکے پر جو ٹھپہ لگاتے ہیں۔

**ترجمہ**: (۸۳۲) کوئی دار الحرب میں امان لیکر داخل ہوا کسی حربی کے گھر میں دفینہ پایا تو حربی ہی کو دے دے گا۔

**ترجمہ**: ۱ غدر سے بچنے کے لئے جو کچھ کسی کے گھر کے اندر ہے وہ خاص طور پر گھر کے مالک کا ہے ۔

**تشریح**: کوئی آدمی امن لیکر دار الحرب میں داخل ہوا، اور کسی حربی کے گھر کے اندر دفن کیا ہوا خزانہ پایا تو یہ خزانہ گھر کے مالک کو واپس دے دے، کیونکہ گھر کے اندر جو خزانہ ہے وہ گھر کے مالک کا ہی ہے، اس لئے اگر اس کو نہیں دے گا تو دھوکا ہوگا، اس لئے مالک کو واپس دے۔

**وجہ**: عن الشعبی قال : جاء رجل الی علیؓ فقال انی وجدت ألفا و خمسمأة درهم فی خربة فی السواد، فقال علیؓ أما لأقضین فیها قضاء بینا ان کنت وجدتها فی قریة تؤدی خراجها قریة اخری فهی لأهل تلک

(۸۳۳) وان وجده فی الصحراء فهو له ﴾ لـ لانہ لیس فی ید احد علی الخصوص فلا یعد غدرا ولا شئ فیہ لانہ بمنزلۃ المتلصص غیر مجاھر (۸۳۴) ولیس فی الفیروزج الذی یوجد فی الجبال خمس﴾ لـ لقولہ ن لا خمس فی الحجر

القریۃ و ان کنت وجدتھا فی قریۃ لیس تؤدی خراجھا قریۃ اخری فلک أربعۃ اخماسہ و لنا الخمس ، ثم الخمس لک ۔ (سنن بیہقی ، باب ماروی عن علیؓ فی الرکاز ، ج رابع ص ۲۶۳ ، نمبر ۷۶۵۵) اس اثر میں ہے کہ کسی خاص گاؤں والے کا خزانہ ہوتو اس کو ملے گا ، اور خاص گاؤں والے کا نہ ہوتو چار حصہ پانے والے کا اور ایک خمس حکومت کا ہوگا۔

**ترجمہ**: (۸۳۳) اور اگر دفینہ صحرا میں پایا تو یہ پانے والے کے لئے ہے۔

**ترجمہ**: لـ اس لئے کہ صحراء کسی خاص آدمی کے قبضے میں نہیں ہے اسلئے غدر شمار نہیں کیا جائے گا۔ اور اس میں کچھ بھی نہیں لازم ہوگا ، اسلئے کہ وہ خفیہ طور پر چرانے کے درجے میں ہے۔

**تشریح**: دفن کیا ہوا خزانہ دار الحرب کے کسی جنگل یا صحراء میں پایا ، تو یہ خزانہ پانے والے کے لئے ہے ، اس لئے کہ یہ زمین کسی خاص آدمی کی ملکیت نہیں ہے اس لئے اس کو لینے میں غدر اور دھوکا بھی نہیں ہے۔ اور اس دفینے میں پانچواں حصہ بھی لازم نہیں ہوگا ، اس کی وجہ یہ ہے کہ پانچواں حصہ اس مال میں لازم ہوتا ہے جو مال غنیمت کے درجے میں ہو ، اور جو مال یا زمین اہل حرب کے قبضہ میں تھا پھر مسلمان حملہ آور ہوکر اس پر غلبہ پا گئے ہوں وہ مال غنیمت کے درجے میں ہوتا ہے۔ اور یہاں تو حملہ آور ہونا نہیں پایا گیا ، بلکہ یہ ایسا ہوا کہ خفیہ طور پر چرا کر خزانہ لایا ہو اس لئے اس میں پانچواں حصہ بھی لازم نہیں ہوگا پورا مال پانے والے کو ملے گا۔

**لغت**: متلصص: لص سے مشتق ہے ، چور کا انداز بنانا۔ مجاھر: جھر سے مشتق ہے ، ظاہر کرنا ، اعلان کرنا۔ غیر مجاھر: خفیہ طور پر۔

**ترجمہ**: (۸۳۴) فیروز پتھر ہیں جو پہاڑوں میں پایا جاتا ہے خمس نہیں ہے۔

**ترجمہ**: لـ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ پتھر میں خمس نہیں ہے۔

**تشریح**: پہاڑوں وغیرہ میں جو پتھر پائے جاتے ہیں جو بعض مرتبہ قیمتی ہوتے ہیں ، جیسے فیروز کا پتھر ، تو اگر خزانے کے طور پر کسی کو مل جائے تو اس میں پانچواں حصہ نہیں ہے اس حدیث کی بنا پر کہ پتھر میں زکوۃ نہیں ہے۔

**وجہ**: (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عمرو بن شعیب ، عن ابیہ عن جدہ قال : قال رسول اللہ ﷺ : لا زکوۃ فی حجر ۔ (سنن بیہقی ، باب مالا زکوۃ فیہ من الجواہر غیر الذھب و الفضۃ ، ج رابع ص ۲۴۵ ، نمبر ۷۵۹۰) اس حدیث میں ہے کہ پتھر میں زکوۃ نہیں ہے۔ (۲) اس اثر میں بھی ہے کہ پتھر میں زکوۃ نہیں ہے ۔ عن سعید بن جبیر ، قال : لیس فی حجر زکاۃ الا ما کان لتجارۃ من جوھر و لا یاقوت و لا لؤلؤ و لا غیرہ الا الذھب و الفضۃ ۔ (سنن بیہقی ، باب

(۸۳۵) وفی الزیبق الخمس ﴾ ۱ فی قول ابی حنیفۃؒ اٰخر او ھو قول محمد. ۲ خلافا لابی یوسف
(۸۳۶) ولا خمس فی اللؤلؤ و العنبر ﴾ ۱ عند ابی حنیفۃؒ ومحمد

---

مالا زکوۃ فیہ من الجواہر غیر الذھب و ط الفضۃ، ج رابع، ص ۲۴۶، نمبر ۷۵۹۲) اس اثر میں ہے کہ پتھر میں زکوۃ نہیں ہے۔مگر یہ کہ تجارت کے لئے ہو۔

**ترجمہ**: (۸۳۵)

**ترجمہ**: ۱ امام ابوحنیفہؒ کا اخری قول اور وہی قول امام محمدؒ کا ہے کہ پارے میں خمس نہیں ہے۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہؒ کا آخری قول یہ ہے کہ پارہ جسکو زیبق کہتے ہیں اس کی کان نکل جائے یا اس کا خزانہ مل جائے تو اس میں خمس نہیں ہے

**وجہ**: وجہ یہ ہے کہ یہ بھی ایک قسم کا پتھر ہوتا ہے اور اوپر گزرا کہ پتھر میں زکوۃ بھی نہیں اور خمس بھی نہیں، اس لئے اس میں بھی خمس نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲ امام ابویوسفؒ اس کے خلاف ہیں۔

**تشریح**: امام ابویوسفؒ یہ فرماتے ہیں کہ پارہ عنبر کی طرح ہے اور عنبر میں زکوۃ ہے اور اس کا خزانہ مل جائے تو اس میں خمس بھی ہو گا۔

**وجہ**: اس اثر میں ہے کہ عنبر میں خمس ہے۔و قال الحسن فی العنبر و اللؤلؤ الخمس ، فانما جعل النبی ﷺ فی الرکاز الخمس لیس فی الذی یصاب فی الماء (بخاری شریف، باب ما یستخرج من البحر، ص ۲۴۳، نمبر ۱۴۹۸ رمصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۳۵، من قال لیس فی العنبر زکاۃ، ج ثانی، ص ۴۷۳، نمبر ۱۰۰۶۳) اس اثر میں ہے کہ عنبر اور موتی میں خمس ہے، اس لئے پارے میں بھی خمس ہوگا۔۔زیبق : پارہ، سنگ پارہ۔

**ترجمہ** (۸۳۶) موتی اور عنبر میں خمس نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱ امام ابوحنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہ اور امام محمدؒ کے نزدیک موتی اور عنبر میں پانچواں حصہ نہیں ہے۔

**وجہ**: (۱) اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ خمس اس مال میں ہوتا ہے جو مال غنیمت کے درجے میں ہوتا ہے، اور غنیمت اس کو شمار کر سکتے ہیں جہاں غازیوں کا غلبہ ہو اور سمندر پر غازیوں کا غلبہ نہیں ہوتا اس لئے اس سے نکلنے والے سامان موتی اور عنبر میں بھی خمس نہیں ہوگا (۲) اس اثر میں ہے. و قال ابن عباسؓ لیس العنبر برکاز ، انما ھو شیء دسرہ البحر ۔(بخاری شریف، باب ما

۲ وقال ابو یوسف فیهما وفی کل حلیة تخرج من البحر خمس لان عمر اخذ الخمس من العنبر
۳ ولهما ان قعر البحر لم یرد علیه القهر فلا یکون الماخوذ منه غنیمة وان کان ذهبًا او فضة

---

یستخرج من البحر، ص۲۴۳، نمبر ۱۴۹۸ رسنن بیہقی، باب مالا زکوۃ فیہ مما أخذ من البحر من عنبر وغیرہ، ج رابع، ص ۲۴۶، نمبر ۷۵۹۳) اس اثر میں ہے کہ عنبر رکاز نہیں ہے یعنی اس میں پانچواں حصہ نہیں لیا جائے گا (۳) اس اثر میں بھی ہے کہ لؤلؤ موتی میں زکوۃ نہیں ہے، اور اس میں خمس بھی نہیں ہوگا۔ عن عکرمة قال : لیس فی حجر اللؤلؤ و لا حجر الزمرد زکاة الا أن یکونا لتجارة فان کانا لتجارة ففیها زکاة . (مصنف ابن ابی شیبة، باب، فی اللؤلؤ والزمرد، ج ثانی، ص ۴۷۴، نمبر ۱۰۰۶۷) اس اثر میں ہے کہ موتی اور زمرد کے پتھر میں زکوۃ نہیں ہے

**ترجمہ** : ۲ اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ موتی اور عنبر میں اور ہر زیور میں جو سمندر سے نکلے خمس ہے، کیونکہ حضرت عمر ابن عبد العزیز نے عنبر سے خمس لیا

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ موتی اور عنبر اور تمام وہ چیز جو زینت اور زیور کا کام آتا ہے اور سمندر سے نکلے اس میں خمس ہے۔

**وجہ** : (۱) اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ حضرت عمر ابن عبد العزیز نے اس میں خمس لیا ہے، اثر یہ ہے. عن لیث أن عمر بن عبد العزیز خمس العنبر ۔ رمصنف ابن ابی شیبة، باب ۳۵، من قال لیس فی العنبر زکاة، ج ثانی، ص ۴۷۴، نمبر ۱۰۰۶۲) اس اثر میں ہے کہ حضرت عمر ابن عبد العزیز نے عنبر میں پانچواں حصہ لیا۔ (۲) دوسرے اثر میں ہے۔ قال الحسن فی العنبر و اللؤلؤ الخمس ، فانما جعل النبی ﷺ فی الرکاز الخمس لیس فی الذی یصاب فی الماء (بخاری شریف، باب ما یستخرج من البحر، ص ۲۴۳، نمبر ۱۴۹۸ رمصنف ابن ابی شیبة، باب ۳۵، من قال لیس فی العنبر زکاة، ج ثانی، ص ۴۷۴، نمبر ۱۰۰۶۳) اس اثر میں ہے کہ عنبر اور موتی میں خمس ہے، اس لئے خمس لازم ہوگا۔ لؤلؤ : موتی، یہ سیپ سے نکلتا ہے اور بہت قیمتی ہوتا ہے۔ عنبر : یہ سمندر کا گھاس ہے یا پتھر ہے۔

**ترجمہ** : ۳ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل یہ ہے کہ سمندر کی گہرائی پر غلبہ نہیں ہوا تو جو سمندر سے لیا گیا وہ غنیمت نہیں ہے چاہے سونا اور چاندی ہی کیوں نہ ہو۔

**تشریح**: یہ طرفین کی دلیل عقلی ہے کہ خمس اس میں ہوتا ہے جو مال غنیمت کے درجے میں ہو، اور مال غنیمت کے درجے میں وہ ہوتا ہے جہاں غازیوں کا قہر اور غلبہ ہو، اور سمندر کی گہرائی پر غازیوں کا غلبہ نہیں ہوتا اس لئے اس سے نکلنے والی چیز مال غنیمت کے درجے میں نہیں ہے اور نہ اس میں خمس واجب ہوگا۔ قعر : سمندر کی گہرائی۔

۴ والمروی عن عمر فیما دسره البحر وبه نقول (۸۳۷) متاع وجد رکاز فهو للذی وجد وفیه الخمس﴾ ۱ معناه وجد فی الارض لا مالک لها لانه غنیمة بمنزلة الذهب والفضة . واللہ اعلم.

**ترجمہ**: ۴ اور حضرت عمرؓ سے جو روایت پیش کی ہے وہ اس عنبر کے بارے میں ہے جسکو سمندر نے کنارے پر پھنک دیا[ اور غازیوں نے اس کو لے لیا ہو اور اس کے قائل ہم بھی ہیں۔

**تشریح** : یہ حضرت امام ابو یوسفؒ کو جواب ہے، انہوں نے اثر پیش کیا تھا کہ حضرت عمرؓ نے عنبر میں خمس لیا ہے، تو اس کا جواب دے رہے ہیں کہ یہ اس عنبر کے بارے میں ہے جس کو سمندر کی موجوں نے دار الحرب کی زمین پر پھینک دیا اور غازیوں نے اس پر قبضہ کر لیا تو چونکہ اس پر غازیوں کا قبضہ ہے، یا دار الحرب کی زمین سے لیا ہے جس پر غازیوں کا غلبہ ہے تو یہ مال غنیمت کے درجے میں ہوا اس لئے اس عنبر میں خمس ہونا چاہئے ،اس کے قائل ہم بھی ہیں ، یہ براہ راست سمندر سے نکالے ہوئے عنبر کے بارے میں نہیں ہے ۔۔ دسر: باہر پھینک دیا۔

**ترجمہ**: (۸۳۷) سامان بطور رکاز پایا گیا تو اس کا ہے جس نے پایا۔ اور اس میں خمس ہے۔

**ترجمہ**: ۱ اس کا معنی یہ ہے کہ ایسی زمین میں پایا جس کا کوئی مالک نہیں ہے، اس لئے یہ سونے اور چاندی کے درجے میں غنیمت کا مال ہے۔

**تشریح**: سونے چاندی کے علاوہ گھر میں کام آنے والا سامان، مثلا کپڑا، ہتھیار، آلات وغیرہ کا دفینہ پایا، اور وہ بھی ایسی زمین میں جو کسی کی ملکیت نہیں ہے، مباح ہے تو اس کا حکم سونے چاندی کا ہوگا، اس میں سے ایک خمس حکومت کو ملے گا اور باقی چار خمس پانے والے کو مل جائے گا، کیونکہ یہ بھی سونے چاندی کی طرح مال غنیمت کے درجے میں ہے۔

**اصول** : سامان دفینہ ہو تو اس کا بھی حکم درہم اور دینار کی طرح ہے۔

## ﴿باب زکوٰۃ الزّروع والثمار﴾

(۸۳۸)قال ابو حنیفة فی قلیل ما اخرجته الارض وکثیرہ العشر سواء سُقی سَیْحًا او سقته السماء الا القصب والحطب والحشیش﴾ ۱؎ وقالا لا یجب العشر الا فیما له ثمرة باقیة اذا بلغ خمسة او سق

﴿ باب زکوٰۃ الزروع والثمار ﴾

**ضروری نوٹ:** غلہ اور پھل میں زکوۃ ہے۔اس کی دلیل اور مقدار کی تفصیل آگے آرہی ہے۔عشر کی دلیل یہ آیت ہے. وأتو حقه یوم حصاده و لا تسرفوا انه لا یحب المسرفین . (آیت ۱۴۱،سورۃ الانعام۶)اس آیت میں ہے کہ کھیتی کاٹنے کے دن اس کا حق دو۔

**ترجمہ:** (۸۳۸)امام ابوحنیفہ نے فرمایا، زمین تھوڑا غلہ نکالے یا زیادہ اس میں عشر واجب ہے چاہے پانی سے سیراب کی گئی ہو یا اس کو آسمان نے سیراب کیا ہو،مگر جلانے کی لکڑی اور بانس اور گھاس میں عشر نہیں ہے۔

**تشریح:** زمین سے جتنے غلے یا پھل نکلتے ہیں حنفیہ کے نزدیک اس تمام میں عشر واجب ہے۔چاہے اس کی مقدار پانچ وسق پہنچے یا نہ پہنچے۔اور چاہے وہ سال بھر تک رہ سکتا ہو یا نہ رہ سکتا ہو۔البتہ ایسی چیز جو قابل التفات نہیں سمجھی جاتی اور اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے اس پر زکوۃ واجب نہیں ہے۔جیسے جلانے کی لکڑی،نرکٹ اور گھاس کہ ان چیزوں کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور نہ لوگ ان کو قصد و ارادہ کرکے بوتے ہوں۔بلکہ خودرو ہیں۔اور اگر یہ چیزیں باضابطہ بوئیں اور قابل حیثیت ہو تو پھر اس میں زکوۃ واجب ہوگی۔

**وجہ:** (۱)عن سالم بن عبد الله بن ابیه عن النبی ﷺ قال فیما سقت السماء والعیون او کان عشریا العشر وما سقی بالنضح نصف العشر ۔(بخاری شریف،باب العشر فیما یسقی من ماء السماء والماء الجاری ص ۲۰۱ نمبر ۱۴۸۳ رمسلم شریف، باب ما فیہ العشر أو نصف العشر ،کتاب الزکوۃ ص ۳۱۶ نمبر ۹۸۱/ ۲۲۷۲ ر ابو داؤد شریف، باب صدقة الزرع ص ۲۳۲ نمبر ۱۵۹۶)اس حدیث میں کوئی قید نہیں ہے نہ پانچ وسق کی قید ہے اور نہ سال بھر رہنے کی قید ہے، بلکہ مطلق یہ ہے کہ آسمان کی بارش اور نہروں کی سیرابی سے جو کچھ پیدا ہوا ہو اس میں عشر ہے (۲) صاحب ھدایہ کا اثر یہ ہے۔ کتب عمر بن عبد العزیز ان یوخذ مما انبتت الارض من قلیل او کثیر العشر. (مصنف عبد الرزاق،باب الخضر ج رابع ص ۹۵ نمبر ۷۲۲۶ رمصنف ابن ابی شیبۃ ،۳۰ کل شیء اخرجت الارض زکوۃ، ج ثانی ،ص ۳۷۱،نمبر ۱۰۰۲۸)اس اثر میں ہے کہ جو کچھ بھی زمین پیدا کرے اس میں عشر ہے۔

**لغت:** سیحا : بارش سے۔ الحطب : جلانے کی لکڑی۔ القصب : بانس،نرکٹ۔ الحشیش : گھاس۔

**ترجمہ:** ۱؎ صاحبین نے فرمایا عشر واجب نہیں ہے مگر پھل میں جو باقی رہتا ہو جب کہ پانچ وسق پہنچ جائے۔

۲؎ والوَسَق ستون صاعًا بصاع النبی علیه السلام.

**تشریح**: سبزی وغیرہ جو زیادہ دیر تک باقی نہ رہتے ہوں ان میں صاحبین کے نزدیک عشر نہیں ہے۔ اسی طرح جب تک کہ غلے کی مقدار پانچ وسق نہ ہو جائے تو اس میں عشر نہیں ہے۔

**وجه**: ان کی دلیل یہ حدیث ہے (۱) عن معاذ انه کتب الی النبی ﷺ یسأله عن الخضروات و هی البقول فقال لیس فیها شیء (ترمذی شریف، باب ما جاء فی زکوۃ الخضر وات ص ۱۳۸ نمبر ۶۳۸ رسنن للبیهقی، باب الصدقۃ فیما یزرعه الآدمیون ج رابع ص ۲۱۶، نمبر ۷۴۷۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سبزیوں میں عشر نہیں ہے۔ (۲) اس اثر میں ہے۔ عن ابن جریج قال : قال عطاء لیس فی البقول، و القصب، و الجرجیر، و القثاء، و الکرسف، و العصفر، و الفواکه، و الاترج، و التفاح، و الجوز، و التین، و الرمان، و الفرسک، و الفواکه یعدها کلها لیس فیها صدقة و انما تؤکل۔ (مصنف عبد الرزاق، باب الخضر ج رابع ص ۹۳ نمبر ۷۲۱۴ رمصنف ابن ابی شیبۃ، ۳۱ فی الخضر من قال: لیس فیها زکوۃ، ج ثانی، ص ۳۷۲، نمبر ۱۰۰۴۴) اس اثر میں ہے کہ اوپر کے سبزیات میں عشر نہیں ہے۔ (۳) اور پانچ وسق ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابی سعید الخدری عن النبی ﷺ قال لیس فیما اقل من خمسة اوسق صدقة (بخاری شریف، باب لیس فیما دون خمسۃ اوسق صدقۃ ص ۲۰۱ نمبر ۱۴۸۴ رمسلم شریف، باب لیس فیما دون خمسۃ اوسق صدقۃ، کتاب الزکوۃ ص ۳۱۶ نمبر ۹۷۹ / ۲۲۶۳ رابو داؤد شریف، باب ما تجب فیہ الزکوۃ ص ۲۲۴ نمبر ۱۵۵۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ پانچ وسق سے کم میں زکوۃ نہیں ہے۔ یہ حدیث کئی مرتبہ پہلے گزر چکی ہے۔

**ترجمه**: ۲؎ وسق ساٹھ صاع کا ہو حضورؐ کے صاع سے۔

**تشریح**: وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ (۱) عن ابی سعید الخدری یرفعه الی النبی ﷺ قال : لیس فیما دون خمسة اوساق زکاة . و الوسق ستون مختوما . (سنن بیہقی، باب مقدار الوسق، ج رابع، ص ۲۰۴، نمبر ۷۴۲۷) اس حدیث میں ہے کہ وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے (۲) اس اثر میں بھی ہے کہ وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے۔ عن ابن عمر قال : الوسق ستون صاعا (سنن بیہقی، باب مقدار الوسق، ج رابع، ص ۲۰۴، نمبر ۷۴۲۸ رمصنف عبد الرزاق، باب کم الوسق، ج رابع، ص ۱۱۰، نمبر ۷۲۸۹) اس اثر میں ہے کہ وسق ساٹھ صاع کا ہوتا ہے۔ وسق ساٹھ صاع کا ہوا تو پانچ وسق 300 صاع ہوا، اور ایک صاع کا وزن 3.538 کیلو ہے اس اعتبار سے 300 صاع کا وزن 1061.40 کیلو ہوا، یعنی 10 کوئنٹل 61 کیلو اور 40 گرام ہوا۔

اور حضورؐ کے صاع سے ہو اس کی وجہ یہ ہے کہ حضورؐ کے صاع کا اعتبار ہے، حدیث میں ہے کہ اہل مدینہ کے صاع کا اعتبار ہے اور

اہل مدینہ میں حضورؐ کا صاع بھی شامل ہے، کیونکہ اہل مدینہ کا صاع وہی ہوگا جو حضورؐ کا صاع ہوگا۔حدیث یہ ہے۔ ابن عمرؓ قال : قال رسول الله ﷺ : الميزان على ميزان أهل مكة ، و المكيال مكيال أهل المدينة . (سنن بیہقی، باب مادل علی أن زکاۃ الفطر انما صاعا بصاع النبی ﷺ وان الاعتبار فی ذالک بصاع اہل المدینۃ الذین کانوا یقتاتون بہ، ج رابع ،ص ۲۸۵، نمبر ۷۷۱۰)اس حدیث میں ہے کہ اھل مدینہ کے صاع کا اعتبار ہے۔

## ﴿صاع کا وزن﴾

صاع تو سب کے نزدیک چار مد کا ہوتا ہے، البتہ اس بارے میں اختلاف ہے کہ کتنے رطل کا صاع ہوتا ہے۔

امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک ایک صاع 8 رطل کا ہوتا ہے۔انکی دلیل یہ حدیث ہے۔(۱)عن انس بن مالکؓ عن النبی ﷺ كان يتوضأ برطلين و يغتسل بالصاع ثمانية أرطال ، اسنادهما ضعيف ۔(سنن بیہقی، باب مادل علی أن صاع النبی ﷺ کان عیارہ خمسۃ أرطال وثلث ،ج رابع ،ص ۲۸۷، نمبر ۷۷۲۴)اس حدیث میں ہے کہ حضورؐ کا صاع آٹھ رطل کا تھا۔(۲) اس اثر میں بھی ہے کہ صاع آٹھ رطل کا ہے۔سمعت حنشا يقول : صاع عمر ثمانية أرطال و قال شريك أكثر من سبعة أرطال و أقل من ثمانية ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ ،باب ۱۱۵ فی الصاع ماھو، ج ثانی ،ص ۴۲۲، نمبر ۱۰۶۴۳)اس اثر میں ہے کہ آٹھ رطل کا صاع ہوتا ہے

اور صاحبینؒ کے یہاں صاع 5.33 پانچ رطل اور تہائی رطل کا ہوتا ہے۔(۱) انکی دلیل یہ اثر ہے . قال قدمنا علينا أبو يوسف من الحج فأتيناه ، فقال : انی أريد أن افتح عليكم با با من العلم همنی تفحصت عنه فقدمت المدينة فسألت عن الصاع فقالوا صاعنا هذا صاع رسول الله ﷺ قلت لهم : ما حجتكم فی ذالک ؟ فقالوا : نأتيک بالحجة غدا ، فلما أصبحت أتانی نحو من خمسين شيخا من ابناء المهاجرين و الانصار مع كل رجل منهم الصاع تحت ردائه كل رجل منهم يخبر عن أبيه أو أهل بيته أن هذا صاع رسول الله ﷺ فنظرت فاذا هی سواء قال : فعايرته فاذا هو خمسة أرطال و ثلث بنقصان معه يسير فرأيت امرا قويا فقد تركت قول ابی حنيفة فی الصاع و أخذت بقول أهل المدينة ۔(سنن بیہقی، باب مادل علی أن صاع النبی ﷺ کان عیارہ خمسۃ أرطال وثلث ،ج رابع ،ص ۲۸۶، نمبر ۷۷۲۱)اس اثر میں ہے کہ حضورؐ کا صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا۔(۲) سمعت محمد بن سعد الجلاب يقول : سألت اسماعيل بن أبی أويس بالمدينة عن صاع النبی ﷺ فاخرج الی صاعا عتيقا باليا فقال : هذا صاع النبی ﷺ بعينه ، فعيرته فكان خمسة أرطال و ثلث . (سنن بیہقی، باب مادل علی أن صاع النبی ﷺ کان عیارہ خمسۃ أرطال وثلث ،ج رابع ،ص ۲۸۷، نمبر ۷۷۲۲) اس اثر میں بھی ہے کہ حضورؐ کا صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا۔

لیکن اتفاق کے لئے کہا جا سکتا ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کا رطل چھوٹا ہے، یہ 20 استار کا ہے۔ اور صاحبینؒ کے نزدیک 5.33 یعنی پانچ رطل اور ایک تہائی رطل کا ایک صاع ہوتا ہے، لیکن یہ رطل بڑا ہے یعنی 30 استار کا ایک رطل ہے۔ اس لئے دونوں کو استار سے ضرب دیں تو حاصل 160 استار ہوتے ہیں۔ اس لئے دونوں رطلوں کے صاع میں کوئی فرق نہیں ہے۔

**وجہ**: درمختار میں عبارت یوں ہے۔ فقال الطرفان: ثمانية ارطال بالعراقي وقال الثاني خمسة ارطال وثلث، وقيل لاخلاف لان الثاني قدره برطل المدينة، لانه ثلاثون استاراو العراقي عشرون. واذا قابلت ثمانية بالعراقي بخمسة وثلث بالمديني وجدتهما سواء (ردالمحتار علی الدر المختار، مطلب فی تحریر الصاع والمد والمن والرطل، ج ثالث، ص ۳۷۳) اس عبارت میں ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کا عراقی رطل 20 بیس استار کا ہے اور صاحبینؒ کا مدینی رطل 30 تیس استار کا ہے۔ اس لئے دونوں کا حاصل ایک قسم کا صاع ہے، یعنی 160 استار کا ایک صاع ہے۔

**نوٹ**: رطل عراقی 442.25 گرام اور رطل مدنی 663.41 گرام کا ہوتا ہے۔

ساٹھ صاع کا ایک وسق ہوتا ہے۔ اور صاحبین کے نزدیک پانچ وسق میں عشر یعنی دسواں حصہ لازم ہے۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ پانچ وسق میں 30 صاع اور بیسواں حصہ ہو تو 15 صاع لازم ہوگا۔

احسن الفتاوی میں ہے کہ ایک صاع 3.538 کیلو اور آدھا صاع 1.769 کیلو ہوگا یعنی ایک کیلو اور 769 گرام ہوگا۔ یہی آدھا صاع صدقۃ الفطر میں لازم ہوتا ہے۔ اس کو لیٹر سے ناپیں تو 2.94 لیٹر ہوگا۔

ایک وسق یعنی 60 صاع 212.28 کیلو ہوگا۔ اور پانچ وسق یعنی 300 صاع 1061.40 کیلو ہوگا۔ جس کو دس کوئنٹل اکسٹھ کیلو اور چالیس گرام کہتے ہیں۔ (احسن الفتاوی، باب صدقۃ الفطر، ج رابع، ص ۴۱۶)

البتہ درمختار میں لکھا ہے کہ ایک صاع 1040 درہم کا ہوتا ہے۔ عبارت یہ ہے۔ الصاع المعتبر ما يسع الفا واربعين درهما من ماش وعدس (ردالمحتار علی الدر المختار، باب صدقۃ الفطر، ج ثالث، ص ۳۷۴) اس سے معلوم ہوا کہ ایک صاع کا وزن ایک ہزار چالیس درہم ہے۔ اور ایک درہم کا وزن 3.061 گرام ہے۔ اس لئے ایک صاع کا وزن 1040 × 3.061 = 3183.44 گرام ہوا۔ اور آدھا صاع 1.591 کیلو ہوا۔ یعنی آدھا صاع ایک کیلو پانچ سو اکیانوے گرام ہوئے۔

**نوٹ**: احتیاط کے لئے میں نے احسن الفتاوی کا حساب لکھا ہے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

۔ صاع سے وزن کا طریقہ یہ ہے کہ ایک برتن میں جو یا گیہوں یا ماش ڈال دیں جو ایک صاع کی مقدار ہو اس کو صاع کہتے ہیں۔ جیسے آج کل دودھ وغیرہ برتن میں ناپ کر دیتے ہیں۔ لیکن اب اس زمانے میں یہ ساری چیزیں کیلو سے وزن کرنے لگے ہیں۔ چونکہ گیہوں، جو اور ماش مختلف قسم کے بھاری ہوتے ہیں اس لئے وزن کے اعتبار سے ہر غلہ الگ الگ وزن کا ہوگا۔ تاہم ایک صاع جو 3.538 کیلو کا ہوتا ہے۔ اور گیہوں 4.498 کیلو اور ماش 4.9726 کیلو ہوتا ہے۔ یعنی چار کیلو نو سو بہتر گرام ہوتا ہے۔ اس

اعتبار سے تین سو صاع جو 1061.40 کیلو ہوگا۔یعنی دس کوینٹل، اکسٹھ کیلو اور چالیس گرام ہوگا۔اور تمام کا لیٹر 2.94 ہوتا ہے۔

## ﴿ جدید اور قدیم اوزان کی تفصیل ﴾

پرانے زمانے میں عرب میں سونا اور چاندی ناپنے کے لئے مثقال، استار اور قیراط رائج تھے۔اور غلوں کو ناپنے کے لئے برتن رائج تھا جس میں ڈال کر لوگ غلہ ناپتے تھے۔اس کو رطل، مد، صاع اور وسق کہتے تھے۔آج کل کی طرح غلوں کو وزن کر کے نہیں ناپتے تھے۔اس لئے جب سے ان غلوں کو کیلو گرام سے وزن کرنے لگے ہیں رطل، مد، صاع اور وسق کو کیلو سے موازنہ کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔تاہم علماء کے اقوال کی روشنی میں عرب کے پرانے اوزان کو ہندوستانی نئے اوزان میں منتقل کرنے کی کوشش کی گئی ہے تاکہ عوام کو سہولت ہو۔

## ﴿ نصاب اور اوزان ایک نظر میں ﴾

(فارمولہ)

| کتنے | برابر | کتنے کے |
|---|---|---|
| 8رتی | = | ایک ماشہ |
| 12ماشہ | = | ایک تولہ |
| کتنے | برابر | کتنے |
| 11.664 گرام | = | ایک تولہ |
| 0.218 گرام | = | ایک قیراط |
| 4.374 گرام | = | ایک مثقال |
| 442.25 گرام | = | ایک رطل |
| 3538 گرام | = | ایک صاع |
| 1769 گرام | = | آدھا صاع |
| 1000 گرام | = | ایک کیلو |
| 3.061 گرام | = | ایک درہم |
| 612.36 گرام | = | نصاب چاندی |

۳؎ ولیس فی الخضراوات عندهما عشر ۴؎ فالخلاف فی موضعین فی اشتراط النصاب وفی شتراط البقاء

| | | |
|---|---|---|
| 4.374 گرام | = | ایک دینار |
| 87.48 گرام | = | نصاب سونا |

( صاع کا نصاب )

| صاع | رطل | وسق | کیلو | لیٹر | کتنا واجب ہوگا |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 صاع | 8 | ----- | 3.538 | 5.88 | صدقۃ الفطر |
| آدھا صاع | 4 | ----- | 1.769 | 2.94 | 1.769 کیلو |
| 60 صاع | ----- | 1 وسق | 212.28 | 352.80 | عشر |
| 300 صاع | ----- | 5 وسق | 1061.40 | 1764 | 106.14 کیلو |

یعنی پانچ وسق، دس کوئنٹل اکسٹھ کیلو چالیس گرام ہوگا۔ جس میں عشر ایک سو چھ کیلو اور چودہ گرام لازم ہوگا۔

**نوٹ:** یہ حساب احسن الفتاوی، باب صدقۃ الفطر، ج رابع، ص ۴۱۶، سے لیا گیا ہے۔ پوری دنیا میں کیلو اور گرام کا رواج ہے اس لئے تمام حسابات کو اسی پر سیٹ کیا ہوں۔

**نوٹ:** اگر آٹھ رطل کا ایک صاع ہو تو رطل چھوٹا ہوگا اور 442.25 گرام کا ایک رطل ہوگا۔ اور اگر پانچ رطل اور تہائی رطل کا صاع ہو تو کا صاع ہو تو رطل بڑا ہوگا اور 663.37 گرام کا رطل ہوگا۔ اور دونوں رطلوں کا مجموعی صاع 3.538 کیلو ہوگا۔

**ترجمہ:** ۳؎ سبزیوں میں صاحبین کے نزدیک عشر نہیں ہے۔

**وجہ:** (۱)عن معاذ انه کتب الی النبی ﷺ یسأله عن الخضروات و هی البقول فقال لیس فیها شیء (ترمذی شریف، باب ماجاء فی زکوۃ الخضروات ص ۱۳۸ نمبر ۶۳۸/ سنن للبیھقی، باب الصدقۃ فیما یزرعہ الآدمیون ج رابع ص ۲۱۶، نمبر ۷۴۷۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ سبزیوں میں عشر نہیں ہے (۲)عن علی قال لیس فی الخضر صدقه البقل، والتفاح والقثاء (مصنف عبد الرزاق، باب الخضر ج رابع ص ۱۲۰ نمبر ۷۱۸۸) اس اثر سے معلوم ہوا کہ سبزیوں میں عشر نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۴؎ پس اختلاف دو جگہوں میں ہے [۱] نصاب کے شرط لگانے میں [۲] اور دیر تک باقی رہنے کے شرط لگانے میں۔

۵ لهما فی الاول قوله علیه السلام لیس فیما دون خمسة اَوُسُق صدقة ۶ ولانه صدقة فیشترط فیه النصاب لتحقق الغناء ۷ ولابی حنیفة قوله علیه السلام ما اخرجت الارض ففیه العشر من غیر فصل ۸ وتاویل ما روياه زکوٰة التجارة لانهم کانوا یتبایعون بالاوساق وقیمة الوسق اربعون درهما

**تشریح**: صاحبین اور امام ابوحنیفہؒ کے درمیان دو باتوں میں اختلاف ہے [۱] ایک یہ کہ صاحبین کے نزدیک عشر کا نصاب پانچ وسق غلہ ہوگا تب عشر واجب ہوگا، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک تھوڑا بھی غلہ ہوتو عشر لازم ہو جائے گا۔ [۲] اور دوسرا اختلاف یہ ہے کہ صاحبین کے نزدیک دیر تک رہنے والا غلہ ہو یا پھل ہو تب اس میں عشر واجب ہوگا، اور امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک کوئی بھی پھل، یا غلہ یا سبزی چاہے دیر تک باقی نہ رہتا ہو تب بھی اس میں عشر واجب ہے۔ دونوں کے دلائل اوپر گزر چکے ہیں۔

**ترجمہ**: ۵ صاحبین کے نصاب کے بارے میں حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ پانچ وسق سے کم میں صدقہ نہیں ہے۔ یہ حدیث گزر چکی ہے۔ عن ابی سعید الخدری عن النبی ﷺ قال لیس فیما اقل من خمسة اوسق صدقة (بخاری شریف، باب لیس فیما دون خمسة اوسق صدقة ص ۲۰۱ نمبر ۱۴۸۴ رمسلم شریف، باب لیس فیما دون خمسة اَوسق صدقة، کتاب الزکوۃ ص ۳۱۶ نمبر ۹۷۹ / ۲۲۶۳)

**ترجمہ**: ۶ اور اس لئے بھی کہ یہ زکوۃ ہے اس لئے مالداری متحقق ہونے کے لئے اس میں نصاب کی شرط لگائی جائے گی۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ عشر بھی غلے کی زکوۃ ہے اس لئے جس طرح درہم دینار میں نصاب ہوتو زکوۃ واجب ہوتی ہے تا کہ مالداری ثابت ہو اسی طرح عشر میں بھی نصاب پانچ وسق ہو تب عشر واجب ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۷ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل حضور علیہ السلام کا قول کہ زمین سے جو چیز بھی پیدا ہو اس میں عشر ہے۔ بغیر کسی تفصیل کے۔

**تشریح**: امام ابوحنیفہ کی دلیل یہ یہ حدیث ہے۔ عن سالم بن عبد الله بن ابیه عن النبی ﷺ قال فیما سقت السماء والعیون او کان عشریا العشر وما سقی بالنضح نصف العشر۔ (بخاری شریف، باب العشر فیما یسقی من ماء السماء والماء الجاری ص ۲۰۱ نمبر ۱۴۸۳ رمسلم شریف، باب ما فیہ العشر اَو نصف العشر، کتاب الزکوۃ ص ۳۱۶ نمبر ۹۸۱ / ۲۲۷۲) اس حدیث میں ہے کہ آسمان اور چشمے کے پانی سے جو کچھ بھی پیدا ہو اس میں عشر یا بیسواں حصہ واجب ہے۔ اور اس حدیث میں یہ تفصیل نہیں ہے کہ پانچ وسق ہو اس لئے پانچ وسق ہونے کی قید مناسب معلوم نہیں ہوتا، اسی طرح اس حدیث میں یہ بھی نہیں ہے کہ غلہ دیر تک باقی رہے تو عشر ہے ورنہ نہیں، اس لئے دیر تک باقی رہنے کی قید بھی مناسب معلوم نہیں ہوتا۔

**ترجمہ**: ۸ اور صاحبینؒ نے جو حدیث روایت کی ہے اس کی تاویل یہ ہے کہ تجارت کے غلے ہوں تو [تو پانچ وسق ہوتو زکوۃ واجب ہوگی] اس لئے کہ صحابہ وسق سے بیچتے تھے، اور ایک وسق کی قیمت چالیس درہم ہوتی تھی۔ یتبایعون: خرید وفروخت کرتے

۹ ولا معتبر بالمالک فیه فکیف بصفته وهو الغناء ۱۰ و لهذا لا یشترط الحول لانه للاستنماء وهو کله نماء ۱۱ ولهما فی الثانی قوله علیه السلام لیس فی الخَضْروات صدقة و الزکوٰة غیر منفی فتعین العشر

---

تھے۔

**تشریح** : اوپر صاحبینؒ کی حدیث گزری کہ پانچ وسق میں صدقہ ہے، اس کی تاویل یہ کرتے ہیں کہ صحابہ کرام غلہ کی تجارت وسق سے کرتے تھے اور ایک وسق کی قیمت عموما چالیس درہم ہوتی تھی، اس اعتبار سے پانچ وسق کی قیمت دوسو درہم ہوئی، حدیث کا مطلب یہ ہوگا کوئی غلے کی تجارت کرتا ہو تو پانچ وسق مال ہو جسکی قیمت دوسو درہم ہو تو اس میں زکوۃ ہے۔ یہ حدیث زمین کی پیداوار کے بارے میں نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۹ عشر میں مالک کا اعتبار نہیں تو اس کی صفت یعنی مالداری کا اعتبار کیسے ہوگا؟۔

**تشریح** : یہ صاحبین کی دلیل کا جواب ہے۔ انہوں نے دلیل دی تھی کہ عشر میں بھی پانچ وسق ہوتا کہ مالداری ثابت ہو، اس کا جواب دیتے ہیں کہ عشر لینے کے لئے یہ ضروری نہیں ہے کہ وہ مالک ہو، مثلا کوئی وقف کی زمین میں غلہ اگائے تب بھی اس پر عشر ہے حالانکہ وہ اس زمین کا مالک نہیں ہے، تو جب عشر لینے کے لئے مالک ہونا شرط نہیں ہے تو جو اس کی صفت ہے یعنی مالدار ہونا، اور پانچ وسق ہونا یہ شرط کیوں ہو؟۔ یا بچہ کی زمین ہو یا مکاتب کی زمین ہو اس کی پیداوار میں بھی عشر ہے حالانکہ مکاتب اس کا مالک نہیں ہو تا، اور بچہ کم عقل ہے، تو عشر لینے کے لئے مالک ہونا ضروری نہیں تو اس کا مالدار ہونا ضروری کیوں ہو؟ یہ تو مالک کی صفت ہے، جب اصلی کی شرط نہیں تو صفت کی شرط کیوں ہو؟ اس لئے مالدار ہونے اور پانچ وسق ہونے کی شرط نہیں ہونی چاہئے۔

**ترجمہ**: ۱۰ اسی لئے عشر میں سال گزرنے کی شرط نہیں ہے، اس لئے کہ سال گزرنا بڑھنے کے لئے ہے اور پیداوار کل کے کل بڑھوتری ہے۔

**تشریح** : پانچ وسق کی شرط نہ ہونے کے لئے یہ دوسری دلیل ہے کہ یہی وجہ ہے کہ عشر لینے کے لئے یہ شرط نہیں ہے کہ پیداوار پر سال گزرے، کیونکہ زکوۃ پر سال گزرنے کی شرط اس لئے ہے کہ وہ مال بڑھے، اور پیداوار تو خود بڑھوتری ہے اس لئے اس پر سال گزرنے کی شرط نہیں ہے، اس لئے پانچ وسق کی شرط بھی نہیں ہونی چاہئے۔

**ترجمہ**: ۱۱ صاحبینؒ کی دلیل دوسرے [یعنی دیر تک باقی رہنے کے بارے میں] حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ سبزیوں میں صدقہ نہیں ہے، اور اس میں زکوۃ کی نفی نہیں ہے تو عشر متعین ہوا۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن معاذ انه کتب الی النبی ﷺ یسأله عن الخضروات و هی

۱۲ ولہ ما روینا ۱۳ ومر ويهما محمول على صدقة يأخذها العَاشر وبہ يأخذ ابو حنيفة فيه ۱۴ ولان الارض قد تستنمي بما لا يبقى والسبب هي الارض النامية ولهٰذا يجب فيها الخراج ۱۵ اما الحطب و القَصَب والحشيش لا تستنبت في الجنان عادة بل تُنَقّٰى عندها حتى لو اتخذها مقصبة او مَشْجَرة

---

البقول فقال لیس فیہا شیء (ترمذی شریف، باب ماجاء فی زکوۃ الخضروات ص ۱۳۸ نمبر ۶۳۸ رسنن للبیہقی، باب الصدقۃ فیما یزرعہ الآدمیون ج رابع ص ۲۱۶، نمبر ۷۴۷۴) اس حدیث میں ہے کہ سبزیوں میں عشر نہیں ہے۔ اور یہ حدیث زکوۃ کے بارے میں تو ہے نہیں، کیوں کہ کوئی سبزیوں کی تجارت کرے گا تو اس کی قیمت میں زکوۃ دینا ہی ہوگا، تو اس سے معلوم ہوگی کہ عشر کے بارے ہی میں فرمایا کہ سبزیوں میں عشر نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۱۲ امام ابوحنیفہؒ کی دلیل وہ حدیث ہے جو اوپر روایت کی۔ یہ حدیث بخاری گزر چکی ہے۔

**ترجمہ**: ۱۳ اور صاحبین کی حدیث جو روایت کی ہے وہ اس صدقے پر محمول ہے جسکو عاشر لیتا ہے، امام ابوحنیفہؒ اس بارے میں یہی مطلب لیتے ہیں۔

**تشریح**: اوپر صاحبینؒ نے جو حدیث پیش کی تھی اس کی تاویل یہ کرتے ہیں کہ گزرنے والے سے عشر میں سبزی ہی لے لے تو حدیث میں اس سبزی کے لینے سے منع فرمایا ہے، کیونکہ عاشر نے عشر میں سبزی لے لی، اور ان سبزیوں کو فقراء میں بروقت تقسیم نہیں کی گئی تو بہت ممکن ہے کہ سبزی سڑ جائے اور ضائع ہو جائے تو عاشر کو عشر میں سبزی لینے سے منع فرمایا، اور اسکی قیمت عشر میں لے تو اس کی گنجائش ہوگی۔

**ترجمہ**: ۱۴ اور اس لئے کہ زمین سے کبھی ایسی چیز بھی پیدا ہوتی ہے جو دیر تک باقی نہیں رہتی، اور سبب تو یہی زمین کا نامی ہونا ہے، اسی لئے اس میں خراج واجب ہوتا ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے، کہ عشر کا اصل سبب زمین ہے جس سے غلہ پیدا ہوتا ہے، اور نامی ہے، پس اگر اس سے ایسی سبزی پیدا کرتا رہے جو دیر تک باقی نہیں رہتی ہو اور اس میں عشر نہ لیا جائے تو نامی زمین جو سبب ہے وہ موجود ہے اس کے باوجود عشر نہ لیا جائے تو حکم کے بغیر سبب رہ گیا جو اچھی بات نہیں ہے اس لئے جب نامی زمین ہے تو اس سے جو کچھ بھی پیدا ہو اس سے عشر لینا چاہئے۔ چنانچہ خراجی زمین میں سبزی بھی پیدا کرے تو اس پر پورا خراج لازم کیا جاتا ہے، کیونکہ نامی زمین موجود ہے۔ اس لئے نامی زمین میں سبزی ہو تو اس میں بھی عشر ہونا چاہئے۔ تستنمی: نماء سے مشتق ہے، پیدا ہوتا ہے۔

اصول: امام ابوحنیفہؒ کا اصول یہ ہے کہ اصل عشر نامی زمین پر ہے، اس لئے اس سے جو چیز بھی پیدا کرے گا اس پر عشر واجب ہوگا۔

**ترجمہ**: ۱۵ بہر حال ایندھن کی لکڑی، اور نرکل، اور گھاس تو عادۃ وہ باغوں میں نہیں اگائی جاتی ہے، بلکہ باغوں کو اس سے

او منبتًا للحشيش يجب فيها العشر ۶؎ والمراد بالمذكور القصب الفارسي اما قصب السكّر وقصب الـذريـرة ففيهما العشر لانه يقصد بهما الاستغلال الارض ۷؎ بـخلاف السَعَف والتبن لان المقصود الحبّ والثمر دونهما

صاف کیا جاتا ہے، حتی کہ اگر مالک نے اس کو نرکل کا کھیت یا ایندھن کے درختوں کا باغ یا گھاس لگانے کی جگہ بنالی ہے تو اس میں عشر واجب ہوگا۔

**تشریح** : ایندھن کی لکڑی اور نرکل اور گھاس کی کوئی قیمت نہیں ہوتی، اور لوگ اس کو عام طور پر باغ سے صاف کرتے ہیں، اس لئے خود بخود یہ چیزیں باغ میں نکل آئیں تو اس میں عشر نہیں ہوگا، چنانچہ اگر مالک نے باضابطہ ان چیزوں کی کھیتی کی تو اس میں عشر واجب ہوگا۔

**لغت** : تنقی: صاف کرنا۔ مقصبۃ: قصب سے مشتق ہے نرکل بونے کی جگہ۔ مشجرۃ: درخت اگانے کی جگہ۔ منبتا للحشیش: گھاس اگانے کی جگہ۔

**ترجمہ**: ۶؎ اور متن میں قصب سے مراد فارسی نرکل ہے، بہر حال گنا اور چرائتہ تو ان دونوں میں عشر واجب ہے، اس لئے کہ ان دونوں سے زمین کی پیداوار مقصود ہے۔

**تشریح** : متن میں قصب کا لفظ استعمال ہوا ہے۔ اس کا مطلب بتا رہے ہیں۔ قصب کا معنی ہے بانس، لیکن تین چیزوں پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ [۱] اس کا اطلاق قصب الفارسی پر ہوتا ہے، جسکا معنی ہے نرکل، اس سے قلم بنایا جاتا ہے، اور جلانے کے کام میں آتا ہے، یہ گھاس پھونس ہے اس لئے اس میں عشر نہیں، جب تک کہ باضابطہ مالک اس کی کھیتی نہ کرے۔ [۲] دوسرا اس کا اطلاق ہوتا ہے گنے پر جسکو قصب السکر کہتے ہیں۔ یہ تو قیمتی چیز ہے اس لئے اس کی پیدوار پر عشر ہے۔ [۳] تیسرا اس کا اطلاق ہے قصب الذریرۃ، پر جس کا معنی ہے چرائتہ، یہ مزے میں بہت تیکھا ہوتا ہے اور خون کی بیماریوں کی تمام دواؤں میں یہ کام آتا ہے، اس اعتبار سے یہ قیمتی ہے، اس لئے اس کی پیداوار میں بھی عشر ہے، کیونکہ لوگ اس کی کھیتی کرنا چاہتے ہیں، اور قیمتی ہے۔ استغلال: غلہ سے مشتق ہے، غلہ اگانا، پیداوار کرنا۔

**ترجمہ**: ۷؎ برخلاف کھجور کی شاخوں اور بھوسے کے، کیونکہ اس میں مقصود دانہ اور چھوارہ ہے نہ کہ بھوسا اور شاخیں۔

**تشریح**: اس عبارت میں ایک اصول بیان فرما رہے ہیں، کہ مالک ایک چیز کو قصد اور ارادے سے پیدا کرنا چاہتا ہے اور قیمتی بھی ہے تو اس میں عشر واجب ہوگا جیسے دانہ اور کھجور کہ مالک ان کو پیدا کرنا چاہتا ہے اور قیمتی ہیں، اس لئے ان میں عشر ہے، اور اس کے ساتھ کھجور کی شاخیں بھی ہوتیں ہیں، لیکن مالک اس کو ارادے اور قصد سے پیدا کرنا نہیں چاہتا، اور قیمتی بھی نہیں تو اس میں عشر نہیں ہو

(۸۳۹)قال وما سقی بغرب اودالیة او سانیة ففیه نصف العشر علی القولین ﴾ لے لان المؤنة تکثر فیه وتقل فیما یُسقی بالسماء او سیحا

گا،اسی طرح غلہ مقصود ہوتا ہے اس لئے اس میں عشر ہے،لیکن اس کے ساتھ بھوسا بھی پیدا ہوتا ہے،لیکن وہ مقصود نہیں اور قیمتی بھی نہیں اس لئے بھوسے میں عشر نہیں ہوگا۔لیکن اگر کسی ملک میں کھجور کی شاخوں کی قیمت بہت ہو اور مالک مقصود کے طور پر اس کو پیدا کرے تو اس میں بھی عشر واجب ہوگا۔

**لغت** : سعف: کھجور کی شاخ۔ پتی۔تبن: بھوسا،خشک گھاس۔حب: دانہ۔

**ترجمہ**: (۸۳۹)جس زمین کو بڑے ڈول، رہٹ اور اونٹنی کے ذریعہ سیراب کیا جائے اس میں بیسواں حصہ ہے دونوں قولوں پر۔

**تشریح**: جو زمین قدرتی پانی مثلا بارش،نہر اور چشموں کے ذریعہ سیراب نہ ہوئی ہو بلکہ زیادہ تر اس کو ذاتی آلات کے ذریعہ سیراب کیا ہو مثلا بڑے ڈول یا رہٹ یا اونٹنی یا مشین کے ذریعہ سیراب کیا ہو تو اس زمین کی پیداوار میں بیسواں حصہ لازم ہوگا۔یعنی بیس کیلو میں ایک کیلو غلہ لازم ہوگا۔

**وجه**: (۱)چونکہ اس میں مشقت اور خرچ زیادہ ہوا ہے اس لئے شریعت نے عشر کم کر کے آدھا کر دیا (۲)عن عبد الله عن ابیه عن النبی ﷺ قال فیما سقت السماء والعیون او کان عثریا العشر وما سقی بالنضح نصف العشر. (بخاری شریف، باب العشر فیما یسقی من ماء السماء والماء الجاری ص ۲۰۱ نمبر ۱۴۸۳ رمسلم شریف، باب ما فیہ العشر اونصف العشر ص ۳۹۴ نمبر ۹۸۱/۲۲۷۲ رابو داؤد شریف، باب صدقۃ الزرع ص ۲۳۲ نمبر ۱۵۹۶) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مشین وغیرہ سے زمین کو سیراب کیا ہو تو بیسواں حصہ لازم ہوگا۔یہ مسئلہ بالاتفاق ہے۔

**لغت**: نصف العشر : دسواں حصہ کا آدھا یعنی بیسواں حصہ۔غرب: بڑا ڈول۔دالیۃ: دلو سے مشتق ہے،چھوٹے چھوٹے ڈول کو جوڑ کر کنویں کے پانی تک لی جاتے ہیں اور اس کو اونٹنی سے گھما کر پانی نکالتے ہیں،اس کو رہٹ کہتے ہیں۔سانیۃ: اونٹنی،یہاں مراد ہے اونٹنی کے ذریعہ پانی نکال کر کھیتی کو سیراب کرنا۔

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ ڈول سے سیراب کرنے میں خرچ زیادہ ہوتا ہے،اور جس میں بارش یا دریا کے پانی سے سینچائی ہو تو مشقت کم ہے۔

**تشریح**: ڈول سے یا مشین سے سیراب کرنے میں خرچ زیادہ ہے اس لئے بیسواں حصہ عشر لازم ہوگا۔اور بارش کے پانی سے یا دریا کے پانی سے سینچائی کرنے میں خرچ کم ہے اس لئے اس کی پیداوار میں دسواں حصہ عشر ہے۔

۲ وان سُقی سیحا وبدالیة فالمعتبر اکثر السنة کما ھو فی السائمة ۳ وقال ابو یوسف فیما لا یوسق کالزعفران

**لغت**: مؤنۃ :خرچ، محنت۔ سیحا: بہنے والا پانی، مراد ہے دریا کا پانی جو خود بہہ کر آیا ہو۔ دالیۃ :دلو سے مشتق ہے، ڈول۔

**ترجمہ**: ۲ اور اگر دریا کے پانی اور بڑے ڈول دونوں سے سینچا گیا ہو تو سال کے اکثر کا اعتبار، جیسا کہ چرنے والے جانور میں اکثر سال کا اعتبار ہے

**تشریح**: اگر آسمان کے پانی سے بھی سیراب کیا اور ڈول کے پانی سے بھی سیراب کیا تو جس پانی سے زیادہ دیر تک سیراب کیا ہے اس پانی کا اعتبار کیا جائے گا اور اسی کے مطابق عشر لازم کیا جائے گا، مثلا ڈول کے پانی سے زیادہ سیراب کیا تو بیسواں حصہ لازم ہوگا، اور بارش کے پانی سے زیادہ سیراب کیا تو دسواں حصہ لازم ہوگا۔ جس طرح جانور کی زکوۃ میں اس بات کا اعتبار کیا جاتا ہے کہ سال کا اکثر حصہ چر کر زندگی گزارتا ہو تو اس میں زکوۃ ہے اور اگر سال کا اکثر حصہ گھر پر کھا کر زندگی گزارتا ہو تو وہ علوفہ ہے اس میں زکوۃ نہیں ہے، اسی طرح یہاں بھی ہوگا۔

**وجہ**: (۱) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ عن عطاء فی الزرع یکون علی سیح الزمان ثم یسقی بالبئر، یعنی بالدلو و بالدالیة قال: یصدق علی أکثر من ذالک أن یسقی به۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۳۸، ما قالوا فیما یسقی سیحا ویسقی بالدلو کیف یصدق؟ ج ثانی، ص ۳۷۷، نمبر ۱۰۰۹۳ رمصنف عبد الرزاق، باب ماتسقی اسماء، ج رابع، ص ۱۰۷، نمبر ۷۲۷۵) اس اثر میں ہے کہ اکثر پانی کا اعتبار کیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۳ امام ابو یوسف نے فرمایا ان چیزوں میں جو وسق میں نہ آتی ہوں جیسے زعفران اور روئی کہ ان میں عشر واجب ہوگا جب کہ اس کی قیمت ادنی درجہ کے غلہ کے وسق کی قیمت پہنچ جائے جو وسق میں داخل ہوتا ہو، جیسے ہمارے زمانے میں جوار ہے۔

**تشریح**: جو غلے یا پیداوار وسق سے نہیں ناپی جاتی، اور صاحبینؒ کے یہاں پانچ وسق ہونا ضروری ہے تو اس کے بارے میں امام ابو یوسفؒ کے یہاں معیار یہ ہے کہ وہ غلہ جو ادنی درجہ کا ہے اس غلے کے پانچ وسق کی جو قیمت ہو اتنی قیمت اس چیز کی ہو جائے جو وسق میں نہیں ناپی جاتی تو اس پر عشر واجب ہوگا، مثلا جوار ادنی درجے کا غلہ ہے اور وسق میں ناپا جاتا ہے، اس کے پانچ وسق کی قیمت ایک سو پچاس درہم ہے، اور زعفران وسق میں نہیں ناپا جاتا ہے، وہ تو پورے ایکڑ میں چند کیلو ہوتا، اور قیمتی ہوتا ہے، لیکن اتنا زعفران پیدا ہوا ہے کہ اس کی قیمت ایک سو پچاس درہم ہو جاتی ہے تو اس زعفران پر عشر ہوگا۔ یا روئی جو وسق میں نہیں ناپی جاتی، بلکہ اس کا گانٹھ بنایا جاتا ہے اور اونٹ پر لادا جاتا ہے، تو روئی اتنی ہوئی کہ اس کی قیمت ایک سو پچاس درہم ہوگئی تو اس روئی پر عشر واجب ہوگا۔

الذرۃ: مکئی، جوار۔

**والقطن يجب فيه العشر اذا بلغت قيمته خمسة اوسق من ادنى ما يوسق كالذرّة في زماننا ۴؎ لانه لا يمكن التقدير الشرعي فيه فاعتبرت قيمته كما في عروض التجارة ۵؎ وقال محمد يجب العشر اذا بلغ الخارج خمسة اعداد من اعلىٰ ما يقدر به نوعه فاعتبر في القطن خمسة احمال كل حمل ثلث**

---

**ترجمه:** ۴؎ اس لئے کہ غیر وسق چیز میں شرعی نصاب کا اندازہ کرنا ممکن نہیں ہے تو اس کی قیمت کا اعتبار کیا گیا جیسے تجارت کے سامان میں ہے۔

**تشریح:** یہ حضرت امام ابو یوسفؒ کی دلیل ہے کہ، ایسی چیز جس میں شرعی نصاب کا اندازہ کرنا ممکن نہ ہو، مثلا اس غلے کا نصاب وسق سے بنتا ہے لیکن وسق میں ناپنا ممکن نہ ہو تو اس میں اس کی قیمت کا اعتبار کیا جائے گا۔ جیسے تجارت کے سامان میں دوسو درہم کا اندازہ لگانا ممکن نہیں ہے تو یہ دیکھا جاتا ہے کہ اس سامان کی قیمت دوسو درہم کو پہنچ جائے تو اس قیمت کو نصاب کا درجہ دے کر اس پر زکوۃ واجب کرتے ہیں، اسی طرح یہاں ادنی درجے کا غلہ پانچ وسق ہو اس کی قیمت کی مقدار زعفران کی قیمت ہو جائے تو عشر واجب ہوگا۔

اصول:۔ امام ابو یوسفؒ کا اصول یہ ہے کہ جو وسق میں نہ ناپا جا سکے تو اسکی قیمت لگائی جائے۔

**ترجمه:** ۵؎ اور امام محمدؒ نے فرمایا کہ عشر واجب ہوگا جبکہ پیداوار پانچ عدد کو پہنچ جائے اس اعلی درجے کے پیانے سے جس کے ذریعہ اس قسم کی چیز ناپی جاتی ہو۔ پس روئی میں پانچ حمل کا اعتبار کیا جائے گا، ہر حمل تین سو من کا ہو۔ اور زعفران میں پانچ من کا [اعتبار کیا جائے گا]، اس لئے کہ وسق سے اندازہ کرنا اس لئے تھا کہ غلے میں وزن کرنے کا سب سے اعلی پیانہ یہی تھا۔

**تشریح:** امام محمد کی رائے یہ ہے کہ وہ غلہ جو وسق میں نہیں ناپا جاتا ہو تو یہ دیکھا جائے کہ اس کے ناپنے کا بڑے سے بڑا پیانہ کیا ہے۔ اس بڑے سے بڑے پیانے سے پانچ پیانہ وہ غلہ ہو جائے تو گویا کہ پانچ وسق کی طرح ہو گیا۔ اس لئے اب اس میں عشر لازم ہوگا۔ مثلا زعفران کے ناپنے کا بڑے سے بڑا پیانہ من ہے جو 795.86 گرام کا ہوتا ہے۔ اس لئے پانچ کیلو زعفران ہو جائے تو گویا کہ پانچ وسق گیہوں کی طرح ہو گیا۔ اس لئے اب اس میں عشر واجب ہے۔ یا روئی کو گانٹھ سے ناپتے ہیں اس کا بڑا پیانہ وہی ہے اس لئے پانچ گانٹھ روئی ہو جائے تو اس میں عشر واجب ہوگا۔

**اصول:** امام محمد نے ایسے غلے کے بڑے پیانے کا اعتبار کیا۔

**لغت:** احمال : حمل کی جمع ہے اونٹ پر لادنے کا بوجھ، گانٹھ۔ امناء : جمع ہے من کی، ایک وزن ہے جو 795.86 گرام کا ہوتا ہے۔ ردالمحتار میں ہے۔ والمن بالدراهم مائتان وستون درهما (ردالمحتار علی الدر المختار، باب صدقۃ الفطر، مطلب فی تحریر الصاع والمد والمن والرطل، ج ثالث، ص ۳۷۳) اس عبارت میں دوسو ساٹھ درہم کا ایک من بتایا۔ اور ایک درہم کا وزن 3.061

مـائة من وفي الزعفران خمسـة اَمْنَاء لان التقدير بالوسق كان لاعتبار انه اعلىٰ ما يقدر به(۸۴۰) وفي العَسَل العشر اذا اخذ من ارض العشر ﴾

گرام ہے۔ اس لئے 260 درہم کو 3.061 سے ضرب دیں تو 795.86 گرام من کا وزن ہوگا۔

صاحب ھدایہ نے فرمایا کہ ایک حمل [ گانٹھ ] 300 من کا ہوتو ایک گانٹھ کا وزن 238.758 کیلو ہوگا [ یعنی دوسو اڑتیس 238 کیلو اور 758 گرام ہوگا۔ حساب اس طرح ہوگا کہ، 300 ضرب 795.86 برابر 238758 گرام، ایک ہزار گرام کا ایک کیلو ہوتا ہے، اس کو ایک ہزار سے تقسیم دو تو 238.758 کیلو ہوگا ۔

اور 5 گانٹھ کا وزن 1193.79 کیلو ہوگا [ یعنی 11 کونٹل 93 کیلو اور 79 گرام ہوگا۔

حساب اس طرح ہوگا کہ، 5 ضرب 238.758 برابر 1193.79 کیلو۔ اور ایک سو کیلو کا ایک کونٹل ہوتا ہے اس لئے 1193 کیلو کو ایک سو سے تقسیم دیں تو 11.93 ہوگا، یعنی 11 کونٹل اور 93 کیلو، اور 79 گرام۔

**ترجمه**: (۸۴۰) اور شہد میں عشر ہے جب کہ عشری زمین سے حاصل کیا جائے، [کم شہد ہو یا زیادہ شہد ہو]۔

**تشــريــح**: امام ابوحنیفہ کے نزدیک کم شہد ہو یا زیادہ شہد ہو ہر حال میں اس میں عشر ہوگا جب کہ عشری زمین سے شہد حاصل کیا جائے، چاہے وہ دس مشک ہوں یا کم ہو۔

**وجه**: (۱) قال جاء هلال احد بنی متعان الی رسول الله بعشور نحل له و كان سأله ان يحمی واديا يقال له سلبة فحمی رسول الله ذلک الوادی فلما ولی عمر ابن الخطاب كتب سفيان بن وهب الی عمر بن خطاب يسأله عن ذلک فكتب عمر ان ادی اليک ما كان يودی الی رسول الله من عشور نحله فاحم له سلبة والا فانما هو ذباب غيث يأكله من يشاء (ابوداؤد شریف، باب زکوۃ العسل ص ۲۳۳ نمبر ۱۶۰۰ سنن للبیہقی، باب ما ورد فی العسل ج رابع ص ۲۱۲، نمبر ۷۴۶۰) اس حدیث میں شہد کی زکوۃ دینے کا تذکرہ ہے اور مطلق ہے۔ اس میں دس مشک شہد ہونے کی قید نہیں ہے۔ اس لئے جتنا بھی شہد حاصل ہو اس میں دسواں حصہ لازم ہوگا۔ (۲) عن ابی هريرة قال كتب رسول الله عَلَيْهِ السلام الی اهل اليمن أن يؤخذ من العسل العشر ۔ (سنن للبیہقی، باب ما ورد فی العسل ج رابع ص ۲۱۲، نمبر ۷۴۵۹ / مصنف عبد الرزاق، باب صدقۃ العسل، ج رابع، ص ۵۴، نمبر ۷۰۰۲) اس حدیث میں ہے کہ شہد میں عشر لیا جائے اور دس مشک کی قید نہیں ہے اس لئے تھوڑا نکلے یا زیادہ تمام میں عشر لیا جائے گا۔

**اصول**: شہد کے بارے میں بھی وہی اصول ہے جو اوپر غلوں کے بارے میں گزرا کہ کم وبیش تمام میں عشر ہے۔

**ل** وقال الشافعي لا يجب لانه متولد من الحيوان فاشبه الابريسم **٢** ولنا قوله عليه السلام في العسل العشر **٣** ولان النحل يتناول من الانوار والثمار وفيهما العشر فكذا فيما يتولد منها بخلاف دود القز لانه يتناول الاوراق ولا عشر فيها

**ترجمہ**: ل امام شافعیؒ نے فرمایا کہ شہد میں عشر واجب نہیں ہے، اس لئے کہ حیوان سے پیدا ہوتا ہے تو وہ ریشم کے مشابہ ہو گیا۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کے یہاں شہد میں عشر نہیں ہے۔ موسوعہ میں ہے۔ قال الشافعی : لا صدقة في العسل ۔ (موسوعة امام شافعیؒ، باب أن لا زکوۃ فی العسل، ج رابع، ص ۱۴۰، نمبر ۴۱۱۷) اس عبارت میں ہے کہ شہد میں عشر نہیں ہے۔ اس کی دلیل عقلی یہ فرماتے ہیں کہ شہد مکھی سے پیدا ہوتا ہے جو حیوان ہے، اس لئے اس میں عشر نہیں ہے، جس طرح ریشم حیوان یعنی کیڑے سے پیدا ہوتا ہے تو اس میں عشر نہیں ہے، اسی طرح شہد میں بھی عشر نہیں ہوگا۔

**وجہ**: (۱) اس حدیث میں ہے۔ أن معاذا لما أتى اليمن أتى العسل و أوقاص الغنم فقال : لم أؤمر فيها بشيء ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب من قال لیس فی العسل زکاۃ، ج ثانی، ص ۳۷۳، نمبر ۱۰۰۵۵) اس حدیث میں ہے کہ حضور نے حضرت معاذؓ کو شہد کے بارے میں کچھ حکم نہیں فرمایا تھا، اس لئے اس میں کچھ لازم نہیں ہوگا۔ (۲) عن علیؓ قال ليس في العسل زكاة (سنن للبیہقی، باب ماورد فی العسل ج رابع ص ۲۱۴، نمبر ۷۴۶۷ / مصنف عبد الرزاق، باب صدقۃ العسل، ج رابع، ص ۵۲، نمبر ۶۹۹۵ / مصنف ابن ابی شیبۃ، باب من قال لیس فی العسل زکاۃ، ج ثانی، ص ۳۷۳، نمبر ۱۰۰۵۶) اس اثر میں ہے کہ شہد میں کچھ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ٢ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ شہد میں عشر ہے۔ یہ حدیث گزر چکی ہے۔ عن ابی هريرة قال كتب رسول الله ﷺ الى اهل اليمن أن يؤخذ من العسل العشر ۔ (سنن للبیہقی، باب ماورد فی العسل ج رابع ص ۲۱۲، نمبر ۷۴۵۹ / مصنف عبد الرزاق، باب صدقۃ العسل، ج رابع، ص ۵۴، نمبر ۷۰۰۲) اس حدیث میں ہے کہ شہد میں عشر لیا جائے۔

**ترجمہ**: ٣ اور اس لئے کہ شہد کی مکھی شگوفوں اور پھلوں کو چوستی ہے اور ان دونوں میں عشر ہے اس لئے شہد میں بھی عشر ہوگا جو ان دونوں سے پیدا ہوتا ہے، برخلاف ریشم کے کیڑوں کے، کیونکہ یہ کیڑے پتیاں کھاتے ہیں اور پتیوں میں عشر نہیں ہے [اس لئے ریشم میں بھی عشر نہیں ہوگا]

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ شہد کی مکھی پھلوں اور شگوفوں سے کھاتی ہے اور اس سے شہد پیدا کرتی ہے، اور پھل اور شگوفوں میں عشر ہے اس لئے شہد میں بھی عشر ہونا چاہئے، اس کے برخلاف ریشم کا کیڑا شہتوت کا پتہ کھاتا ہے اور اس سے ریشم پیدا کرتا، اور پتوں

**۴ ثم عند ابی حنیفة یجب فیه العشر قل او کثر لانه لایعتبر النصاب ۵ وعن ابی یوسف انه یعتبر فیه قیمة خمسة اوساق کما هو اصله وعنه انه لا شئ فیه حتی یبلغ عشر قرب لحدیث بنی شبابة انهم کانوا یؤدون الیٰ رسول الله صلی الله علیه وسلم کذٰلک**

---

میں عشر نہیں ہے،اس لئے اس سے جو ریشم پیدا ہوا اس میں بھی عشر نہیں ہونا چاہئے ،اس میں امام شافعیؒ کے استدلال کا جواب بھی ہو گیا۔

**لغت**: انوار: نور کی جمع ہے،کلی،شگوفہ۔ثمار: ثمر کی جمع ہے،پھل،دود القز: ریشم کا کیڑا۔ابریشم: ریشم۔یتناول: ناول سے مشتق ہے،کھاتا ہے۔

**ترجمه**: ۴ پھر امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک شہد میں عشر واجب ہے چاہے شہد کم ہو یا زیادہ ہو۔اس لئے کہ وہ نصاب کا اعتبار نہیں کرتے۔

**تشریح**: شہد کم حاصل ہو یا زیادہ حاصل ہو دسواں حصہ لازم ہے، کیونکہ وہ زمین کی پیداوار میں اس بات کا اعتبار نہیں کرتے کہ نصاب یعنی پانچ وسق ہو تب ہی عشر ہے، وہ فرماتے ہیں کہ کم ہو یا زیادہ ہر حال میں عشر واجب ہے۔دلیل اوپر گزر گئی۔

**ترجمه**: ۵ امام ابو یوسفؒ سے روایت یہ ہے کہ وہ شہد میں پانچ وسق کی قیمت کا اعتبار کرتے ہیں، جیسا کہ انکا اصول ہے۔

**تشریح**: شہد میں عشر واجب ہونے کے بارے میں حضرت امام ابو یوسفؒ کی تین روایتیں ہیں [۱] ایک یہ کہ وسق میں جو نیچے درجے کا غلہ نا پا جاتا ہے، جیسے جوار اور مکئی، تو پانچ وسق جوار کی قیمت جتنی ہواتنی قیمت کا شہد ہو جائے تو اس پر عشر ہے اس سے پہلے نہیں۔امام ابو یوسفؒ کا یہ قاعدہ پہلے بھی گزر چکا ہے۔

حضرت امام ابو یوسفؒ سے دوسری روایت یہ ہے کہ شہد میں کوئی چیز واجب نہیں ہے یہاں تک کہ دس مشکیزہ کی مقدار کو پہونچ جائے۔بنی شبابہ کی حدیث کی وجہ سے کہ وہ لوگ حضورؐ کو ایسے ہی ادا کرتے تھے۔

**تشریح**: امام ابو یوسفؒ کی یہ دوسری روایت ہے کہ دس مشکیزہ شہد ہو تو اس میں ایک مشکیزہ واجب ہوگا، اس سے کم ہو تو عشر واجب نہیں ہے۔

**وجه**: (۱) ان کی دلیل یہ حدیث ہے **عن ابن عمر قال قال رسول الله ﷺ فی العسل فی کل عشرة ازقاق زق** (ترمذی شریف، باب ما جاء فی زکوۃ العسل ص ۱۳۷ نمبر ۶۲۹ / ابوداؤد شریف، باب زکوۃ العسل ص ۲۳۳ نمبر ۱۶۰۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ دس مشک ہو تب ایک مشک لازم ہوگا۔ (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ **عن عمر ابن شعیب عن ابیه عن جده أن شبابة۔ بطن من فهم۔فذکر نحوه قال من کل عشر قرب قربة** . (ابوداؤد شریف، باب زکوۃ العسل ص ۲۳۳

۷ وعنه خمسة امناء ۷ وعن محمد خمسة افراق كل فَرَق ستة وثلثون رطلا لانه اقصى ما يقدر به.
۸ وكذا في قَصَب السُّكر

نمبر۱۶۰۱)اس حدیث میں ہے کہ دس مشکیزہ میں ایک مشکیزہ لازم ہوگا۔ ازقاق : زق کی جمع ہے، مشکیزہ۔ قرب: مشکیزہ۔

**ترجمہ:** ۶ امام ابو یوسفؒ کی تیسری روایت ہے کہ پانچ من ہو[عشر واجب ہے]

**تشریح** | حضرت امام ابو یوسفؒ کی تیسری روایت یہ ہے کہ پانچ من شہد ہو تو عشر واجب ہوگا ورنہ نہیں۔ ایک من 795.86 گرام وزن کا ہوتا ہے تو 5 من 3979.30 گرام کا ہوا، یعنی 3 کیلو 979 گرام شہد ہو تو اس 397.930 گرام عشر واجب ہو گا۔

**ترجمہ:** ۷ امام محمد نے فرمایا یہاں تک کہ شہد پانچ فرق کو پہنچے اور ایک فرق چھتیس رطل کا ہوگا۔ اس لئے کہ یہ سب سے بڑا پیمانہ ہے جس سے شہد ناپا جاتا ہے۔

**تشریح:** امام محمد فرماتے ہیں کہ شہد کم سے کم پانچ فرق نکلے تو اس میں عشر لازم ہے اور اگر اس سے کم وصول ہو تو عشر لازم نہیں۔ اور ایک فرق چھتیس (36) رطل کا ہوتا ہے۔ اب اگر ایک رطل 442.25 گرام کا لیں تو ایک فرق 15.921 کیلو کا ہوگا۔ اور پانچ فرق 79.605 کیلو کے ہوں گے۔ اور اگر ایک رطل 663.41 گرام کا لیں تو ایک فرق 23.882 کیلو کا ہوگا۔ اور پانچ فرق 119.413 کیلو کے ہوں گے۔

**نوٹ:** صاع کے وزن میں اختلاف ہے، آٹھ رطل کا صاع ہوتا ہے جو حنفیہ کے نزدیک مروج ہے اس کو عراقی رطل کہتے ہیں۔ اور پانچ رطل اور ایک تہائی رطل کا صاع ہوتا ہے، جسکو مدنی رطل کہتے ہیں جو دوسرے ائمہ کے نزدیک مروج ہے۔ اس لئے اوپر کے حساب میں بھی اختلاف ہوا۔

**وجہ:** امام محمد فرماتے ہیں کہ شہد کو ناپنے کا زیادہ سے زیادہ بڑا پیمانہ فرق ہے۔ اس لئے پانچ فرق ہو جائے تو عشر لازم ہوگا۔ امام محمد اپنے پرانے اصول پر گئے ہیں کہ جس چیز کو وسق سے نہیں ناپتے ہیں اس میں یہ دیکھیں کہ ان کو ناپنے کا بڑا پیمانہ کیا ہے؟ اگر اس بڑے پیمانے سے پانچ پیمانے ہو جائیں تو اس پر عشر لازم ہوگا۔ اور شہد کو ناپنے کا بڑا پیمانہ فرق ہے، اس لئے پانچ فرق ہوگا تو عشر لازم ہوگا۔

**ترجمہ:** ۸ اور ایسے ہی گنے میں۔

**تشریح** : امام محمدؒ گنے کے بارے میں بھی یہ فرماتے ہیں کہ پانچ فرق ہو اور ہر فرق چھتیس رطل کا ہو تب عشر لازم ہوگا، ورنہ نہیں۔ اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ امام ابو یوسفؒ اور امام محمدؒ کے درمیان جو اختلاف شہد کے بارے میں ہوا وہی اختلاف گنے کے بارے میں بھی ہے، یعنی امام ابو یوسفؒ پانچ وسق کی قیمت کا اعتبار کرتے ہیں، اور امام محمدؒ فرماتے ہیں کہ پانچ فرق گنا ہو تو عشر واجب ہوگا، ورنہ

۹ وما یوجد فی الجبال من العسل والثمار ففیه العشر ۱۰ وعن ابی یوسف انه لا یوجب لانعدام السبب وهی الارض النامیة ۱۱ وجه الظاهر ان المقصود حاصل وهو الخارج. (۸۴۱)قال وکل شئ اخرجته الارض مما فیه العشر لا یحتسب فیه اجر العُمّال ونفقة البقر ﴾ ۱ لان النبی علیه السلام حکم بتفاوت الواجب لتفاوت المؤنة فلا معنی لرفعها

نہیں۔

**ترجمہ:** ۹ پہاڑوں میں جوشہد اور پھل پائے جاتے ہیں اس میں عشر ہے۔

**تشریح:** پہاڑ عشری زمین نہیں ہے لیکن اس سے مال حاصل ہو رہا ہے اس لئے اس سے بھی شہد، یا پھل حاصل ہو تو اس میں عشر ہے۔

**ترجمہ:** ۱۰ امام ابو یوسفؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ وہ پہاڑ کے شہد میں عشر واجب نہیں کرتے، کیونکہ سبب نہیں ہے، اور وہ ہے نامی زمین کا ہونا۔

**تشریح:** امام ابو یوسفؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ عشر کا سبب نامی زمین ہے یعنی پیداوار والی زمین ہے اور پہاڑ پیداوار والی زمین نہیں ہے اس لئے اس سے شہد یا پھل حاصل ہو تو اس میں عشر نہیں ہے۔

**ترجمہ:** ۱۱ ظاہری روایت کی وجہ یہ ہے کہ مقصود حاصل ہے اور وہ پیداوار ہے۔

**تشریح:** ظاہری روایت میں یہ فرمایا کہ پہاڑ سے شہد یا پھل آوے تو اس میں عشر ہے، اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ نامی ہونا ضروری نہیں ہے، بلکہ اصل مقصود یہ ہے کہ پیداوار ا ہو رہی ہے، اور مال آ رہا ہے، اس لئے اس میں عشر ہوگا، چاہے زمین نامی نہ بھی ہو

**ترجمہ:** (۸۴۱) زمین سے جو بھی پیداوار ہو اس میں عشر ہے، اور کام کرنے والے کی اجرت اور بیل کا خرچ اس میں حساب نہیں کیا جائے گا۔

**ترجمہ:** ۱ اس لئے کہ حضورؐ نے مختلف مشقتوں کی وجہ سے مختلف واجبات کا حکم دیا ہے، پس خرچ محسوب کرنے کا کوئی معنی نہیں ہے۔

**تشریح:** زمین سے جتنا بھی پیدا ہو اس سب میں عشر ہے، اس میں سے مزدور کی مزدوری، اور ہل چلانے کا خرچ نہیں نکالا جائے گا، مثلا سو کوئنٹل گیہوں ہوا اور مزدور کی مزدوری، اور ہل چلانے میں دس کوئنٹل خرچ ہوا تو یہ دس کوئنٹل نکال کر نوے کوئنٹل کا عشر نہیں ہوگا، بلکہ پورے سو کوئنٹل کا عشر لازم ہوگا۔

**وجہ:** (۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ حدیث میں عشر کا تذکرہ کرتے ہوئے یہ نہیں فرمایا کہ اسکی مزدوری منہا کی جائے، (۲) مشقت کم

(۸۴۲) قال تغلبی له ارض عشر فعلیه العشر مضاعفا ﴾ ۱؎ عرف ذلک باجماع الصحابة رضوان الله علیهم ۲؎ وعن محمد ان فیمااشتراه التغلبی من المسلم عشرا واحدا لان الوظیفة عنده لا تتغیر بتغیر المالک

ہوتو دسواں حصہ ہے، اور مشقت زیادہ ہوتو بیسواں حصہ عشر ہے، جس سے معلوم ہوا کہ مشقت کی کمی بیشی سے عشر کے واجبات میں کمی بیشی ہے، اس لئے مزدوری منہا نہیں کی جائے گی (۳) اثر میں اس کا ثبوت ہے ۔ عن ابن عمر و ابن عباسؓ فی الرجل ینفق علی ثمرته فقال أحدهما: یزکیها و قال الآخر یرفع النفقة و یزکی ما بقی۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۳۹، ما قالوا فی الرجل یخرج زکاۃ ارضہ وقد أنفق فی البذور والبقر، ج ثانی، ص ۳۷۷، نمبر ۱۰۰۹۶) اس اثر میں ہے کہ پھل پر جو مزدوری لگی ہے وہ منہا نہیں کی جائے گی۔

**لغت** : عمال: کام کرنے والے، مزدور۔ نفقۃ البقر: بیلوں کا خرچ، ہل چلانے کا خرچ۔ رفع: اٹھانا، یہاں مراد ہے خرچ کو الگ کرنا۔

**ترجمہ**: (۸۴۲) قوم بنو تغلب کی عشری زمین ہو تو اس پر دوگنا عشر ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ یہ صحابہ کے اجماع سے ثابت ہے۔

**تشریح** : پہلے گزر چکا ہے کہ حضرت عمرؓ نے بنو تغلب کے نصاری سے اس بات پر صلح کی تھی کہ ان پر زکوۃ کا دوگنا ہوگا، اس لئے اگر انکے پاس عشری زمین ہو تو اس پر مسلمانوں کا دوگنا لیا جائے گا، مثلا دس کیلو میں ایک کیلو مسلمان پر ہے تو تغلبی سے پانچ کیلو میں ایک کیلو لیا جائے گا، یعنی تغلبی کی زمین میں پانچواں حصہ ہے۔ اور اگر ڈول سے زمین سیراب کرے تو دسواں حصہ ہوگا۔ ۔ اب یہ قوم سعودی عرب میں نہیں رہی

**وجہ**: اثر میں ہے ۔ عن زیاد بن حدیر قال : بعثنی عمرؓ الی نصاری بنی تغلب و أمرنی أن أخذ نصف عشر أموالهم۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۰۵، فی نصاری بنی تغلب ما یؤخذ منهم، ج ثانی، ص ۴۱۷، نمبر ۱۰۵۸۰) اس اثر میں ہے کہ بنی تغلب سے مسلمان کا دوگنا لیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۲؎ امام محمدؒ سے ایک روایت یہ ہے کہ وہ زمین جسکو تغلبی نے مسلمان سے خریدا ہو اس پر ایک ہی عشر ہے اس لئے کہ انکے نزدیک مالک کے بدلنے سے حکم نہیں بدلتا۔

**تشریح** : امام محمدؒ کی روایت یہ ہے کہ اگر تغلبی نے کسی مسلمان سے زمین خریدی جس پر ایک عشر تھا تو تغلبی کے پاس جانے سے اس کا دوگنا عشر نہیں ہوگا، انکا قاعدہ یہ ہے کہ جو ٹیکس زمین پر لازم ہو گیا مالک کے بدلنے کے باوجود وہی رہے گا، مالک کے بدلنے

(۸۴۳) فان اشتراها منه ذمی فهی علیٰ حالها عندهم ﴿ لے لجواز التضعیف علیه فی الجملة کما اذا مر علی العاش (۸۴۴) وکذا اذا اشتراها منه مسلم او اسلم التغلبی ﴿ لے عند ابی حنیفة سواء کان التضعیف اصلیا او حادثا لان التضعیف صاروظیفة لها فتنتقل الی المسلم بما فیها کالخراج

---

سے حکم نہیں بدلے گا۔ کتاب الاصل میں یہ عبارت ہے۔و قال محمدؒ بن الحسن : یکون علی الکافر عشر واحد علی حاله لا یزاد علیه ۔( کتاب الاصل ،مبسوط، باب عشر الارض، ج ثانی، ص ۱۴۲) اس عبارت میں ہے کہ تغلبی نے مسلمان سے زمین خریدی تو بھی ایک ہی عشر لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: (۸۴۳) اور اگر تغلبی سے ذمی نے خریدی تو سب کے نزدیک اپنی حالت پر رہے گا[ یعنی دوگنا عشر ہوگا ]اس لئے کہ ذمی پر کسی نہ کسی درجے میں دوگنا جائز ہے، جیسے کہ عاشر پر گزرے [تو مسلمان کا دوگنا زکوۃ اس پر ہے]

**تشریح**: تغلبی کے پاس زمین تھی جس پر پانچواں حصہ عشر تھا، اب اس زمین کو تغلبی کے علاوہ کسی ذمی کافر نے خریدی تو اس پر بھی پانچواں حصہ عشر ہوگا، اس کی وجہ یہ ہے کہ ذمی بھی ایک گونا تغلبی کی طرح ہے، کیونکہ عاشر کے سامنے سے گزرے تو ذمی سے مسلمان کی زکوۃ کا دوگنا بیسواں حصہ لیا جاتا ہے جس سے معلوم ہوا کہ یہ بھی ایک گونا تغلبی کی طرح ہے، اس لئے اس نے تغلبی کی زمین خریدی تو اس پر بھی عشر کا دو گنا پانچواں حصہ لازم رہے گا۔ تضعیف :دوگنا۔

**ترجمہ** :(۸۴۴) ایسے ہی دوگنا عشر لیا جائے گا اگر تغلبی سے مسلمان نے خریدا، یا تغلبی خود مسلمان ہوگیا۔

**ترجمہ**: لے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک چاہے دوگنا اصلی ہو یا بعد میں دوگنا ہوگیا ہو، اس لئے کہ تضعیف اس زمین کا وظیفہ ہوگیا ،اس لئے جو کچھ اس زمین کا وظیفہ ہے اسی کے ساتھ ہی مسلمان کی طرف منتقل ہوگی، جیسے کہ خراج۔

**تشریح**: تغلبی کی زمین پر دوگنا عشر تھا بعد میں اس کو مسلمان نے خرید لیا تو مسلمان پر بھی دوگنا ہی عشر ہوگا یعنی پانچواں حصہ لازم ہوگا، اسی طرح تغلبی بعد میں مسلمان ہوگیا تب بھی اس زمین پر دوگنا ہی عشر لازم ہوگا۔ یہ امام ابوحنیفہؒ کی رائے ہے، چاہے تغلبی پر یہ دوگنا اصلی ہو یا بعد میں لازم ہوا ہو۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کے یہاں یہ زمین وظیفہ اور لگان ہوگیا، تو جسکے پاس بھی یہ زمین جائے گی، اسی لگان اور وظیفہ کے ساتھ جائے گی، اس لئے مسلمان کے پاس بھی یہ زمین گئی تو دوگنا ہی عشر لازم رہے گا۔ جیسے کہ خراجی زمین مسلمان خریدے تو مسلمان پر بھی خراج ہی باقی رہتا ہے، اسی طرح یہاں بھی دو عشر باقی رہے گا۔ اسکے لئے مبسوط میں یہ عبارت موجود ہے۔قلت أرأیت ان باعها بعد ذالک من مسلم أو اسلم هو ما علیه ؟قال :عشران ، و هذا کله قول أبی حنیفةؒ ( کتاب الاصل ،مبسوط، باب عشر الارض، ج ثانی، ص ۱۴۳) اس عبارت میں موجود ہے کہ مسلمان خریدے یا تغلبی مسلمان ہوجائے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک عشر دوگنا ہی رہے گا۔

۲ وقال ابو يوسف يعود الىٰ عشر واحد لزوال الداعي الى التضعيف ۳ قال في الكتاب وهو قول محمد فيما صح عنه

التضعيف اصليا : تغلبی پر اصلی دوگنا ہونے کی شکل یہ ہے کہ تغلبی اپنے باپ سے زمین کا وارث ہوا تو اصل میں ہی دوگنا عشر تھا، کیونکہ باپ کے پاس ہی وہ زمین دوگنا عشر والی تھی۔ التضعيف حادثا : اور حادث، یعنی بعد میں دوگنا عشر ہوا اس کی شکل یہ ہے کہ تغلبی نے کسی مسلمان سے زمین خریدی تو پہلے اس زمین پر ایک عشر تھا اب تغلبی کے پاس آنے کے بعد دوگنا عشر ہو گیا تو یہ حادث اور نیا دوگنا عشر ہوا۔

**ترجمہ** : ۲ امام ابو یوسفؒ نے فرمایا کہ ایک عشر کی طرف لوٹ آئے گا، دوگنا ہونے کا جو داعی تھا [کفر] وہ ختم ہونے کی وجہ سے

**تشریح** : تغلبی سے کسی مسلمان نے زمین خرید لی، یا خود تغلبی مسلمان ہو گیا تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک اس زمین کا عشر دوبارہ ایک گنا ہو جائے گا دوگنا نہیں رہے گا۔ اسکی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ دوگنا ہونے کی وجہ تغلبی کا کفر تھا، پس جب وہ کافر نہیں رہا مسلمان ہو گیا، یا اس سے مسلمان نے خرید لی تو دوگنا ہونے کا سبب نہیں رہا، اس لئے اب عشر لوٹ کر ایک گنا ہو جائے گا۔ مبسوط میں عبارت یہ ہے۔، و قال ابو يوسف : أما أنا فأرى عليه عشرا واحدا لاني أضاعف عليهم ما داموا ذمة فاذا اسلموا أسقطت ذالك عنهم ، و كان عليه ما على المسلمين و هو قول محمد ۔ ( کتاب الاصل مبسوط، باب عشر الارض، ج ثانی، ص ۱۴۳ ) اس عبارت میں امام ابو یوسف، اور امام محمدؒ دونوں کا قول یہ بیان کیا گیا ہے کہ مسلمان پر ایک ہی عشر رہے گا۔

**وجہ** : ( ۱ ) عن العلاء بن الحضرمي قال بعثني رسول الله ﷺ الى البحرين او الى هجر فكنت آتي الحائط يكون بين الاخوة يسلم احدهم فآخذ من المسلم العشر ومن المشرك الخراج ۔ ( ابن ماجہ شریف، باب العشر والخراج، ص ۲۶۲، نمبر ۱۸۳۱ ) اس حدیث میں ہے کہ مسلمان سے عشر اور مشرک سے خراج لیا جائے گا۔ ( ۲ ) ۔ قال كتب عمر بن عبد العزيزؒ الى عبد الحميد بن عبد الرحمن فذكره فقال فيه ولا خراج على من اسلم من اهل الارض . ( سنن للبیہقی، باب من اسلم اہل الصلح سقط الخراج عن ارضہ، ج تاسع، ص ۲۳۸، نمبر ۱۸۴۰۹ ) اس اثر میں ہے کہ مسلمان پر خراج نہیں ہے، اس لئے اس سے عشر لیا جائے گا

**ترجمہ** : ۳ مبسوط کتاب میں فرمایا کہ صحیح بات یہ ہے کہ امام محمدؒ کا قول بھی یہی ہے [ کہ مسلمان پر ایک ہی عشر لازم ہوگا ]

**تشریح** : کتاب الاصل مبسوط کا حوالہ ابھی اوپر گزرا کہ امام محمدؒ امام ابو یوسفؒ کے ساتھ ہیں کہ مسلمان ہونے کے بعد اس پر ایک ہی عشر لازم رہے گا۔ مبسوط کی عبارت یہ تھی۔ و كان عليه ما على المسلمين و هو قول محمد ۔ ( کتاب الاصل،

ع قال اختلفت النسخ فی بیان قوله والاصح انه مع ابی حنیفة فی بقاء التضعیف الا ان قوله لا یتاتی الا فی الاصلی لان التضعیف الحادث لا یتحقق عنده لعدم تغیر الوظیفة (۸۴۵) ولو كانت الارض لمسلم باعها من نصرانی ﴾ یرید بہ ذمیا غیر تغلبی وقبضها فعلیه الخراج ﴾ ل عند ابی حنیفة لانه الیق بحال الكافر

مبسوط، باب عشر الارض، ج ثانی، ص ۱۴۳) اس عبارت میں امام ابو یوسف، اور امام محمدؒ دونوں کا قول یہ بیان کیا گیا ہے کہ مسلمان پر ایک ہی عشر رہے گا۔

**ترجمه** : ع حضرت امام محمد کے قول کے بیان کرنے میں نسخہ مختلف ہے، صحیح بات یہ ہے کہ دوگنا کے باقی رکھنے میں امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہیں، یہ اور بات ہے کہ ان کا قول صرف اصلی دوگنے کے بارے میں ہوگا، اس لئے کہ نیا دوگنا انکے یہاں متحقق نہیں ہوتا، اس لئے کہ وظیفہ انکے یہاں نہیں بدلتا۔

**تشریح** : فرماتے ہیں کہ امام محمد کے قول کے بارے میں اختلاف ہے۔ ابھی کتاب الاصل سے حوالہ نقل کیا کہ امام محمدؒ کی رائے ہے کہ تغلبی سے مسلمان زمین خریدے، یا خود تغلبی مسلمان ہو جائے تو عشر ایک گنا ہو جائے گا۔ لیکن سرخسیؒ نے نقل فرمایا کہ وہ اس بارے میں امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہیں کہ عشر دوگنا ہی رہے گا،، ایک گنا نہیں ہوگا۔ البتہ انکے یہاں ایک مرتبہ زمین کا جو وظیفہ متعین ہو جاتا ہے تو مالک کے بدلنے سے وہ بدلتا نہیں ہے۔ اس لئے مسلمان پر جو دوگنا عشر ہوگا وہ اسی شکل میں ہوگا کہ اصلی دوگنا ہو یعنی تغلبی اس زمین کا باپ وغیرہ سے وارث ہوا ہو اور باپ کی وجہ سے اس زمین پر دوگنا عشر ہو، تو اس زمین کو مسلمان خریدے تو اس مسلمان پر بھی دوگنا عشر ہوگا، اور تضعیف حادث، یعنی نیا دوگنا تو انکے یہاں متحقق ہی نہیں ہوتا، اس لئے تضعیف حادث میں امام ابو حنیفہؒ کے ساتھ ہونے کا کوئی سوال پیدا نہیں ہوتا۔

**ترجمه** : (۸۴۵) اگر زمین مسلمان کی ہو اور اس کو نصرانی سے بیچی۔ اس سے مراد ہے کہ تغلبی کے علاوہ جو ذمی ہے اس سے بیچی۔ اور اس نے اس پر قبضہ کیا تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک نصرانی پر خراج ہے۔

**ترجمه** : ل اس لئے کہ خراج کافر کی حالت کے زیادہ لائق ہے۔

**تشریح** : تغلبی مسلمان سے زمین خریدے تو اس پر دوگنا عشر ہے اس کا تذکرہ اوپر آ گیا، اس لئے یہاں ذمی سے مراد تغلبی کے علاوہ ذمی ہے، کہ تغلبی کے علاوہ ذمی نے مسلمان سے زمین خریدی تو امام ابو حنیفہؒ کے یہاں اس ذمی سے عشر نہیں لیا جائے گا، بلکہ خراج لیا جائے گا۔

**وجه** : اس کی وجہ یہ ہے کہ عشر عبادت ہے جو مسلمان سے لیا جاتا ہے، اس لئے زمین کافر کے پاس گئی تو اس سے خراج لیا جائے گا،

۲ وعند ابی یوسف علیه العشر مضاعفا ویصرف مصارف الخراج اعتبارا بالتغلبی وهذا اهون من التبدیل. ۳ وعند محمد هی عشریة علیٰ حالها لانه صار مؤنة لها فلا تتبدل کالخراج ۴ ثم فی روایة یصرف مصارف الصدقات وفی روایة مصارف الخراج (۸۴۶) فان اخذها منه مسلم بالشفعة اوردت علی البائع لفساد البیع فهی عشریة کما کانت ﴾

کیونکہ کافر خراج کے زیادہ لائق ہے۔

**ترجمہ**: ۲ امام ابو یوسفؒ کے نزدیک یہ ہے کہ اس پر دوگنا عشر ہے، لیکن خراج کی جگہ پر صرف کیا جائے گا، تغلبی پر قیاس کرتے ہوئے، اور یہ حکم کے تبدیل کرنے سے زیادہ آسان ہے۔

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ فرماتے ہیں کہ مسلمان سے کسی ذمی نے زمین خریدی تو اس پر دوگنا عشر ہی لازم کیا جائے گا، جس طرح تغلبی سے دوگنا عشر لیا جاتا ہے، البتہ چونکہ یہ ہے حقیقت میں خراج اس لئے اس کو خراج کے مصرف پر خرچ کیا جائے گا زکوۃ کے مصرف میں خرچ نہیں کیا جائے گا۔ صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ زمین مسلمان کے پاس عشری تھی اب اس کو خراجی بنانا ذرا مشکل ہے، اور عشر ہی کو دوگنا کرنا تھوڑا آسان ہے۔ مضاعفا: ضعف سے مشتق ہے، دوگنا۔ اھون: آسان۔

**ترجمہ**: ۳ اور امام محمدؒ کے نزدیک وہ اپنی حالت پر عشری ہے، اس لئے کہ وہ اس کا لگان ہو گیا تو خراج کی طرح وہ تبدیل نہیں ہوگا۔

**تشریح**: امام محمدؒ کا قاعدہ گزر گیا کہ ایک مرتبہ زمین کا جو حکم ہو گیا وہی باقی رہتا ہے، مالک کے بدلنے سے نہیں بدلتا، اس لئے مسلمان کے پاس یہ زمین عشری تھی تو کافر کے خریدنے سے بھی وہ عشری ہی رہے گی اور ایک ہی عشر لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: ۴ پھر امام محمدؒ کی ایک روایت میں ہے کہ اس عشر کو صدقات کے مصرف میں خرچ کیا جائے گا، اور ایک روایت میں ہے کہ خراج کے مصرف میں خرچ کیا جائے گا۔

**تشریح**: ذمی سے جو عشر لیا جائے گا، اس بارے میں امام محمدؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ اس کو زکوۃ کے مصرف میں خرچ کیا جائے گا، اور اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ حقیقت میں عشر ہے، اس لئے زکوۃ کے مصرف میں خرچ کریں، اور دوسری روایت یہ ہے کہ اس کو خراج کے مصرف میں خرچ کیا جائے گا، یعنی پل وغیرہ بنایا جائے گا، اس روایت کی وجہ یہ ہے کہ یہ کافر سے لیا گیا ہے تو چاہے اس کا نام عشر ہو لیکن ہے خراج اس لئے اس کو خراج کے مصرف میں خرچ کیا جائے۔

**ترجمہ**: (۸۴۶) اور اگر اس زمین کو مسلمان نے ذمی سے شفعہ کے طور پر لیا، یا بیع کے فاسد ہونے کی وجہ سے بائع پر زمین لوٹ گئی تو وہ پہلے کی طرح عشری ہی رہے گی۔

ل اما الاول فلتحول الصفقه الی الشفیع کانه اشتراها من المسلم. ۲ واما الثانی فلانه بالرد والفسخ بحکم الفساد جعل البیع کان لم یکن ۳ ولان حق المسلم لم ینقطع بهذاالشراء لکونه مستحق الرد(۸۴۷) قال واذا کانت لمسلم دار خطة فجعلها بستانا فعلیه العشر ﴾

**تشریح**: مسلمان سے ذمی نے زمین خریدی تھی جس کی وجہ سے اس پر خراج لازم ہوتا لیکن ایسی صورت پیش آئی کہ ذمی کی بیع بیچ میں رہی ہی نہیں، بلکہ مسلمان کی بیع مسلمان سے ہوگئی تو پہلے ہی کی طرح عشر ہی باقی رہے گا، اور ایک عشر ہی لازم ہوگا۔ کیونکہ ذمی کی بیع تو درمیان میں رہی ہی نہیں تو خراج کیوں لازم ہو! مصنف نے اس کی دو مثالیں پیش کی ہیں۔[ا] ذمی نے خریدی تو تھی لیکن مسلمان نے ذمی کی بیع توڑوادی اور حق شفعہ کے ذریعہ خود خرید لی، تو مسلمان سے مسلمان کا خریدنا ہوا اس لئے اس پر ایک عشر ہی باقی رہے گا۔[۲] اور دوسری مثال یہ ہے کہ ذمی کی بیع کسی وجہ سے فاسد تھی اس لئے زمین مسلمان بائع کی طرف لوٹ گئی تو گویا کہ ذمی سے بیع ہوئی ہی نہیں اس لئے زمین کا ایک عشر بحال رہے گا۔

**ترجمہ**: ل بہرحال پہلا [یعنی مسلمان نے شفعہ کے ذریعہ لیا] تو صفقہ شفیع کی طرف منتقل ہونے کی وجہ سے، گویا کہ زمین کو مسلمان ہی سے خریدا۔

**تشریح**: پہلی صورت یہ ہے کہ ذمی نے خریدا تھا لیکن مسلمان نے حق شفعہ کے ذریعہ اس بیع کو توڑوادیا اور خود مسلمان سے خرید لیا تو چونکہ خود مسلمان سے خریدا ہے اس لئے پہلا ہی عشر بحال رہے گا۔ صفقۃ: کسی معاملہ کرنے کو صفقۃ کہتے ہیں۔ تحول: منتقل ہونا۔

**ترجمہ**: ۲ بہرحال دوسری صورت [یعنی بیع فاسد ہونے کی وجہ سے بائع کی طرف لوٹی] تو اس لئے کہ زمین واپس کرنے اور بیع کے فسخ ہونے کی وجہ سے بیع کو ایسا کردیا کہ گویا کہ ہوئی ہی نہیں۔

**تشریح**: دوسری صورت یہ ہے کہ ذمی نے بیع فاسد کی تھی جسکی وجہ سے بیع فسخ کردی گئی، اور زمین بائع کی طرف واپس کردی گئی، تو بیع کے فسخ ہونے کی وجہ سے گویا کہ ذمی سے بیع ہوئی ہی نہیں، اور خراج لاگو ہی نہیں ہوا اس لئے مسلمان بائع کے پاس زمین عشری ہی رہی۔

**ترجمہ**: ۳ اور اس لئے کہ اس خریدنے سے مسلمان کا حق منقطع نہیں ہوا اس لئے کہ مبیع کے واپس کرنے کا مستحق تھا۔

**تشریح**: یہ عبارت پہلی ہی دلیل کا تتمہ ہے۔ چونکہ بیع فاسد تھی اس لئے ذمی کے خریدنے سے مسلمان بائع کا حق ختم نہیں ہوا تھا کیونکہ مسلمان کو زمین واپس لینے کا حق تھا، اور جب واپس لینے کا حق تھا تو زمین عشری ہی بحال رہی۔

**ترجمہ**: (۸۴۷) امام محمدؒ نے فرمایا کہ اگر کسی مسلمان کے لئے کوئی گھر خط کردیا ہو پھر مسلمان نے اسکو باغ بنالیا ہو تو اس پر واجب ہوگا۔

ل معناه اذا اسقاه بماء العشر اما اذا كانت تسقى بماء الخراج ففيها الخراج لان المؤنة في مثل هذا تدور مع الماء (۸۴۸ **وليس على المجوسي في داره شئ** ﴾ ل لان عمر جعل المساكن عفوا (۸۴۹) **وان جعلها بستانا فعليه الخراج** ﴾ ل وان سقاها بماء العشر لتعذر ايجاب العشر اذفيه معنى القربة فتعين الخراج وهو عقوبة تليق بحاله ۲ وعلى قياس قولهما يجب العشر في الماء

---

**ترجمه**: ل اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر اس کو عشری پانی سے سیراب کیا ہو تو۔ اور اگر اس کو خراجی پانی سے سیراب کیا ہو تو اس میں خراج ہے، اس لئے اس قسم کی زمین میں لگان کا مدار پانی پر ہوتا ہے۔

**تشریح**: خطہ کا ترجمہ ہے کہ ملک فتح ہوتے وقت امیر المؤمنین نے خط کھینچ کر اس زمین کو مسلمان کو گھر بنانے کے لئے دیا تھا، مسلمان نے اس گھر کو باغ بنا دیا تو اگر عشری پانی سے سیراب کرتا ہے تو اس پر عشر لازم ہوگا، اور اگر خراجی پانی سے سیراب کرتا ہے تو خراج لازم ہوگا، اس کی وجہ یہ ہے کہ اس قسم کی زمین کا مدار پانی پر ہے، جس قسم کا پانی استعمال کیا جائے گا اسی قسم کا لگان لازم ہوگا۔

خطہ: خط کھینچ کر زمین دینا۔

**ترجمہ**: (۸۴۸) مجوسی کے گھر پر کچھ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ حضرت عمرؓ نے گھروں کو معاف قرار دیا تھا۔

**تشریح**: گھر چاہے مسلمان کا ہو چاہے مجوسی کا ہو اس پر نہ خراج ہے اور نہ عشر ہے وہ معاف ہے، کیونکہ حضرت عمرؓ نے گھروں کو معاف کیا تھا۔

**ترجمہ**: (۸۴۹) اور اگر گھر کو باغ بنا دیا تو اس پر خراج ہے۔

**ترجمہ**: ل چاہے وہ عشری پانی سے سیراب کیا ہو، عشر کے واجب کرنے سے متعذر ہونے کی وجہ سے اس لئے کہ عشر میں قربت کا معنی ہے، اس لئے خراج متعین ہوا، خراج یہ سزا ہے جو اس کی حالت کے لائق ہے۔

**تشریح**: اگر مجوسی اور ذمی نے اپنے گھر کو باغ بنا دیا تو چاہے عشری پانی سے باغ سیراب کرتا ہو پھر بھی اس پر خراج ہی لازم کیا جائے گا۔

**وجہ**: اسکی وجہ یہ ہے کہ عشر میں عبادت ہے، جو کافر کے لائق نہیں، اور خراج میں ایک قسم کی سزا ہے کہ وہ مسلمان نہیں ہوا اس لئے اس پر خراج لازم ہوا اس لئے اس پر خراج ہی لازم کیا جائے گا۔

**ترجمہ**: ۲ اور صاحبینؒ کے قول پر قیاس کرتے ہوئے عشری پانی میں عشر واجب کیا جائے گا، یہ اور بات ہے کہ امام محمدؒ کے نزدیک ایک عشر واجب ہوگا اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک دو عشر واجب ہوگا۔ اسکی دلیل گزر چکی ہے۔

**العشرى الاان عند محمد عشر اواحد او عند ابى يوسف عشر ان وقد مر الوجه ۳ ثم الماء العشرى ماء السماء والأبار والعيون والبحار التى لا تدخل تحت ولاية احد والماء الخراجى الانهار التى شقّها الاعاجم. ۴ وماء جيحون وسيحون ودجلة والفرات عشرى عند محمد لانه لا يحميها احد كالبحار وخراجى عند ابى يوسف لانها يتخذ عليها القناطير من السفن وهذايد عليها**

**تشریح** : مسئلہ نمبر ۸۴۵ میں گزر چکا ہے کہ امام ابو یوسفؒ کے یہاں کافر پر بھی عشر لازم کیا جا سکتا ہے، البتہ اس پر عشر دوگنا ہوتا ہے، اس لئے اگر اس نے عشری پانی استعمال کیا تو اس پر دوگنا عشر لازم ہوگا، اور امام محمدؒ کے یہاں ایک گنا ہی عشر لازم ہوگا۔ دلیل پہلے گزر چکی ہے۔

**ترجمہ** : ۳ پھر عشری پانی یہ ہیں آسمان کا پانی، کنؤوں کا پانی، چشموں کا پانی، اور بڑے دریاؤں کا پانی جو کسی کی ولایت میں داخل نہیں ہیں، اور خراجی پانی وہ نہریں جن کو عجمیوں نے کھودا ہے۔

**تشریح** : یہاں سے یہ بتاتے ہیں کہ عشری پانی کون سا پانی ہے، اور خراجی کون سا پانی ہے؟ اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ جو پانی کسی کی ولایت اور قبضے میں نہ ہو وہ پانی عشری ہے۔ جیسے آسمان کا پانی، کنؤوں کا پانی، چشموں کا پانی، اور بڑے دریاؤں کا پانی جو کسی کی ولایت میں داخل نہیں ہو وہ سب عشری پانی ہے۔

**وجہ** : (۱) اس حدیث میں اس کا اشارہ ہے۔ **عن سالم بن عبد الله بن ابيه عن النبى ﷺ قال فيما سقت السماء والعيون او كان عشريا العشر وما سقى بالنضح نصف العشر۔** (بخاری شریف، باب العشر فیما یسقی من ماء السماء والماء الجاری ص ۲۰۱ نمبر ۱۴۸۳) اس حدیث میں ہے کہ آسمان اور چشمے کے پانی سے سیراب کیا ہو تو اس میں عشر ہے، جس سے اشارہ ہوتا ہے کہ یہ پانی عشری ہیں تب ہی تو اس میں عشر لازم کیا۔ شق : پھاڑنا، کھودنا۔

اور عجمیوں کے کھودے ہوئے نہروں سے جو پانی آتا ہو وہ پانی خراجی ہے۔ یا جن نہروں پر عجمیوں کا قبضہ ہو ان نہروں کا پانی خراجی ہے۔

**ترجمہ** : ۴ اور دریائے جیحون اور دریائے سیحون اور دجلہ اور فرات کا پانی امام محمدؒ کے نزدیک عشری ہے، کیونکہ سمندروں کی طرح ان کا کوئی محافظ نہیں ہے، اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک خراجی ہے، کیونکہ ان دریاؤں پر کشتیوں کے پل بنائے جاتے ہیں اور یہ ایک طرح کا قبضہ ہے۔

**تشریح** : دریائے جیحون ترمذ کے پاس ہے اور ابھی تاجکستان ملک میں ہے۔ دریائے سیحون تاشقند کے پاس ہے اور یہ بھی تاجکستان ملک میں ہے۔ اور دریائے دجلہ بغداد کے پاس ہے اور عراق ملک میں ہے، دریائے فرات بھی بغداد کے قریب ہے، اور عراق ملک

(۸۵۰) وفی ارض الصبی والمرأۃ التغلبیین ما فی ارض الرجل ﴾ ل یعنی العشر المضاعف فی العشریة والخراج الواحد فی الخراجیة لان الصلح قد جری علی تضعیف الصدقة دون المؤنة المحضة ۲ ثم علی الصبی والمرأۃ اذا کانا من المسلمین العشر فیضعف ذلک اذا کانا منهم

(۸۵۱) ولیس فی عین القیر والنفط فی ارض العشر شئ ﴾ ل لانه لیس من انزال الارض وانما هو

میں ہے، سمندر کی طرح ان دریاؤں کا کوئی محافظ نہیں ہے اس لئے امام محمدؒ کے نزدیک ان کا پانی عشری ہے۔ اور امام ابو یوسفؒ فرما تے ہیں کہ ان دریاؤں پر کشتیوں کا پل بناتے ہیں جو ایک قسم کا قبضہ ہے، اور قبضے کا پانی خراجی ہوتا ہے اس لئے ان دریاؤں کا پانی خراجی ہے، اور انکے پانی سے سیراب کرے گا تو اس زمین پر خراج لازم ہوگا۔ تحمی: حمایت سے مشتق ہے، حفاظت کرنا۔ قناطیر: پل ۔ ید: قبضہ، ہاتھ۔

**ترجمہ**: (۸۵۰) تغلبی قوم کے بچے اور عورت کی زمین میں اتنی ہی عشر ہے جو اس کے مرد کی زمین میں ہے۔

**ترجمہ**: ل یعنی عشری زمین میں دوگنا عشر، اور خراجی زمین میں ایک گنا خراج۔ اس لئے کہ صلح زکوۃ کے دوگنا پر جاری ہوئی ہے ہر لگان پر نہیں۔

**تشریح**: حضرت عمرؓ نے تغلبی قوم سے اس بات کی صلح کی تھی کہ زکوۃ دوگنی دیں گے اور عشر چونکہ زکوۃ کی ایک قسم ہے اس لئے عشر دوگنا ہوگا، تمام لگان میں دوگنے پر صلح نہیں ہوئی تھی، اس لئے جب مسلمان کے بچے اور عورت کی زمین پر عشر ہے تو تغلبی قوم کے بچے اور عورت کی زمین پر بھی دوگنا عشر ہوگا، جس طرح اس کے مرد کی زمین پر دوگنا عشر لازم ہوتا ہے۔ لیکن خراج کے دوگنے ہونے پر صلح نہیں ہوئی تھی اس لئے خراجی زمین پر ایک گنا ہی خراج لازم ہوگا۔ مضاعف: دوگنا، اسی سے تضعیف ہے، دوگنا۔ صدقۃ: سے مراد زکوۃ، اور عشر ہے۔ مؤنۃ: لگان۔

**ترجمہ**: ۲ پھر بچے پر اور عورت پر جبکہ دونوں مسلمان ہوں تو عشر ہے پس تغلبی قوم کا ہو تو اس کا دوگنا ہوگا۔

**تشریح**: مسلمان بچہ یا عورت ہو تو اس کی زمین پر عشر ہے اس پر قیاس کرتے ہوئے تغلبی قوم کا بچہ یا عورت ہو تو اس کی زمین پر دوگنا عشر ہوگا۔ اس لئے کہ عشر زکوۃ کی قسم ہے اور حضرت عمرؓ نے زکوۃ کے دوگنے پر تغلبی قوم سے صلح کی تھی۔

**ترجمہ**: (۸۵۱) عشری زمین میں قیر اور نفط کا چشمہ ہو تو اس میں کچھ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ یہ زمین کی پیداوار نہیں ہے وہ تو پانی کے چشمے کی طرح پھوٹنے والا چشمہ ہے۔

**تشریح**: قیر: اس کو تارکول اور جھارکھنڈ میں الکترا کہتے ہیں، یہ کالا سیاہ تیل ہوتا ہے اور لوگ پچھلے زمانے میں کشتی پر ملتے تھے۔ نفط مٹی کے تیل کی طرح ہوتا ہے اور پانی پر چھایا ہوتا ہے، پٹرول۔ یہ دونوں تیل عشری زمین میں نکل جائے تو اس میں عشر نہیں لیا

عين فوّارة كعين الماء (۸۵۲) وعليه في ارض الخراج خراج وهذا ﴾ ل اذا كان حريمهما صالحا للزراعة لان الخراج يتعلق بالتمكن من الزراعة.

جائے گا۔

**وجه** : اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ یہ زمین کی پیداوار نہیں ہیں، اور نہ غلہ وغیرہ میں سے ہیں، یہ تو پانی کے چشمے کی طرح پھوٹنے والا چشمہ ہے، تو جس طرح پانی کے چشمے میں کچھ نہیں اسی طرح پٹرول اور الکترا کے چشمے میں کچھ نہیں ہے۔ ابھی یہ تیل بہت مہنگے ہیں اس لئے اس میں ٹیکس لیا جاتا ہے۔

**ترجمه**: (۸۵۲) اور خراجی زمین میں ہو تو اس پر خراج ہے۔

**ترجمه**: ل یہ جب ہے کہ اس کا گرد کاشتکاری کے قابل ہو، کیونکہ خراج اس وقت ہوتا ہے جبکہ کاشتکاری پر قدرت ہو۔

**تشريح**: اگر تارکول اور پٹرول خراجی زمین میں نکل جائے اور اس کے چشمے کے حریم، یعنی اس کے اردگرد کاشتکاری کے لائق ہو تو اس چشمے پر خراج لازم ہوگا، اس کی وجہ یہ ہے کہ خراجی زمین کی پیداوار پر خراج نہیں ہوتا بلکہ اس کی زمین پر خراج ہوتا ہے، لیکن شرط یہ ہے کہ وہ زمین کاشتکاری کے لائق ہو تب خراج لازم ہوگا، لیکن اگر زمین کے اردگرد کاشتکاری کے لائق ہی نہ ہو تو اس پر خراج نہیں ہے، اس لئے یہاں بھی خراج لازم نہیں ہوگا۔ حریم: کھیت کے اردگرد یا کنویں کے اردگرد کو حریم کہتے ہیں۔

## ﴿باب من يجوز دفع الصّدقات اليه ومن لا يجوز﴾

(۸۵۳)قال: الاصل فيه قوله تعالىٰ انما الصدقات للفقراء الأية ﴾ ۱ فهذه ثمانية اصناف وقد سقط منها المؤلفة قلوبهم لان الله تعالىٰ اعز الاسلام واغنى عنهم وعلٰى ذالک انعقد الاجماع

## ﴿ باب من يجوز دفع الصدقة اليه ومن لا يجوز ﴾

**ضروری نوٹ:** کن لوگوں کوزکوۃ دینا جائز ہے جس سے زکوۃ کی ادائیگی ہوگی اس کی پوری تفصیل ہے۔

**ترجمه:** (۸۵۳)اللہ تعالی نے فرمایا۔انما الصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها والمؤلفة قلوبهم و في الرقاب والغارمين و في سبيل الله وابن السبيل فريضة من الله والله عليم حكيم . ( آیت ۶۰ سورۃ التوبۃ ۹)اس آیت میں آٹھ قسم کے آدمیوں کو مستحق زکوۃ قرار دیا ہے۔

(۱)۔۔۔فقراء: جس کے پاس کچھ تھوڑا سا ہو۔اس کو زکوۃ کی رقم دینا۔

(۲)۔۔۔مساکین: جس کے پاس کچھ نہ ہو۔اس کو زکوۃ کی رقم دینا۔

(۳)۔۔۔عاملین: جو اسلامی حکومت کی جانب سے صدقات وغیرہ وصول کرنے کے لئے متعین ہو۔اس کو مزدوری میں زکوۃ کی رقم دینا۔

(۴)۔۔۔مؤلفۃ القلوب: جن کے اسلام لانے کی امید ہو، یا اسلام میں کمزور ہو۔زکوۃ کی رقم دیکر اس کو اسلام کی طرف مائل کرنا۔

(۵)۔۔۔رقاب: کا معنی ہے گردن، یہاں مراد ہے زکوۃ سے بدل کتابت ادا کر کے غلام آزاد کرے، یا غلام خرید کر آزاد کرے، یا قیدیوں کا فدیہ ادا کر کے اس کو آزاد کرائے۔

(۶)۔۔۔غارمین: کسی حادثے کی وجہ سے مقروض ہو گیا، یا کسی کی ضمانت ادا کرنے کی وجہ سے مقروض ہو گیا ہو۔زکوۃ سے اس کی مدد کرنا۔

(۷)۔۔۔فی سبیل اللہ: اس کا ترجمہ ہے، اللہ کے راستے میں۔یہاں مراد ہے جو جہاد میں ہو زکوۃ سے اس کی مدد کرنا۔

(۸)۔۔۔ابن السبیل: اس کا ترجمہ ہے راستے کا بیٹا، یعنی مسافر، یہاں مراد ہے کہ گھر پر تو مالدار ہے، لیکن سفر میں رقم نہیں ہے، اور رقم کی سخت ضرورت ہے، زکوۃ کی رقم دے کر اس کی اعانت کرنا۔

**ترجمه:** ۱ ان میں سے مؤلفت قلوب ساقط ہو گیا اس لئے کہ اللہ تعالی نے اسلام کو عزت دی اور مؤلفت قلوب سے اسلام کو بے نیاز کر دیا۔

**تشريح:** مؤلفت قلوب اس کو کہتے ہیں کہ کافر کو زکوۃ کا روپیہ دے کر اس کو دین اسلام کی طرف مائل کیا جائے۔شروع اسلام

(۸۵۴) والفقیر من له ادنی شئ والمسکین من لا شئ له وهذا مروی عن ابی حنیفة وقد قیل علی العکس ذالک ﴿۱﴾ ولکل وجه.

میں یہ جائز تھا لیکن بعد میں یہ قسم منسوخ ہوگئی۔اس لئے کہ اب اسلام کو اللہ نے عزت دیدی۔اب مؤلفت قلوب کو زکوۃ دینا حنفیہ کے نزدیک جائز نہیں۔

**وجه**: یہ اثر ہے عن عامر قال انما کانت المؤلفة قلوبهم علی عهد رسول الله ﷺ فلما ولی ابو بکر انقطعت . (مصنف ابن ابی شیبۃ ۱۴۵، فی المؤلفۃ قلوبھم یوجدون الیوم اوذھبوا،ج ثانی ص ۴۳۵،نمبر ۱۰۷۵۹)اس اثر سے معلوم ہوا کہ ابو بکرؓ کے زمانے میں مؤلفت قلوب کا حق ساقط ہو گیا۔

**ترجمه**: (۸۵۴)فقیر اس کو کہتے ہیں کہ جس کے پاس تھوڑی چیز ہو۔اور مسکین اس کو کہتے ہیں جس کے پاس کچھ بھی نہ ہو۔

**تشریح**: کسی کے پاس کچھ مال ہو لیکن نصاب کے برابر نہ ہو تو اس کو فقیر کہتے ہیں۔اور جس کے پاس کچھ بھی مال نہ ہو اس کو مسکین کہتے ہیں۔

**وجه**: (۱)أو مسکینا ذا متربة۔(آیت ۱۶،سورۃ البلد ۹۰)اس آیت میں ہے کہ ایسا مسکین کہ اس کے پاس کچھ نہیں ہے،اور بھوک سے مٹی کے ساتھ چپکا ہوا ہے،اس سے معلوم ہوا کہ مسکین اس کو کہتے ہیں جس کے پاس کچھ بھی نہیں ہو۔

**ترجمه**: ۱ یہ امام ابو حنیفہؒ کی رائے ہے،اور اس کا الٹا بھی بیان کیا گیا ہے۔اور ہر ایک کی دلیل ہے۔

**تشریح**: فقیر اور مسکین کی دوسری تعریف یہ ہے کہ مسکین اس کو کہتے ہیں کہ جس کے پاس تھوڑی چیز ہو۔اور فقیر اس کو کہتے ہیں جس کے پاس کچھ بھی نہ ہو۔

**وجه**: (۱)عن جابر بن زید أنه سئل عن الفقراء و المساکین فقال : الفقراء المتعففون ، و المساکین الذی یسألون۔(مصنف ابن ابی شیبۃ،باب ۱۰۷، ما قالوا فی الفقراء والمساکین من ھم،ج ثانی،ص ۴۱۸،نمبر ۱۰۵۹۱)اس اثر میں ہے کہ فقراء اس کو کہتے ہیں جو لوگوں کے پاس مانگتا پھرتا ہو،یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہ ہو،اور مساکین اس کو کہتے ہیں کہ وہ ہر ایک کے پاس مانگتا تو نہیں ہے کیونکہ اس کے پاس کچھ ہے،لیکن مانگنے کی ضرورت ہے کیونکہ تھوڑی سی چیز سے اس کی ضرورت پوری نہیں ہو سکتی۔(۲)اس آیت کا اشارہ بھی اس کی دلیل ہے۔ اما السفینة فکانت لمساکین یعملون فی البحر ۔(آیت ۷۹، سورۃ الکھف ۱۸)اس آیت میں ہے کہ کشتی کچھ مسکینوں کی تھی،جسکا مطلب یہ ہوا کہ مسکین اس کو کہتے ہیں کہ اس کے پاس کچھ مال ہو لیکن اس سے ضرورت پوری نہیں ہو سکتی ہو۔

۲؎ ثم هما صنفان او صنف واحد سنذكره في كتاب الوصايا ان شاء الله تعالىٰ (۸۵۵) والعامل يدفع الامام اليه ان عمل بقدر عمله فيعطيه ما يسعه واعوانه غير مقدر بالثمن﴾ ۱؎ خلافا للشافعي

**ترجمہ**: ۲؎ پھر مسکین اور فقیر ایک ہی قسم ہیں یا دو قسم۔ اس کو کتاب الوصایا میں ان شاء اللہ ذکر کریں گے۔

**تشریح**: زکوۃ دینے کے لئے فقیر اور مسکین دونوں ایک ہی قسم میں آتے ہیں، یا دو قسم میں آتے ہیں، اس کو کتاب الوصایا میں ان شاء اللہ ذکر کریں گے۔

**ترجمہ**: (۸۵۵) اور عامل کو امام دے گا اگر عمل کیا ہو اس کے عمل کے مطابق۔ اتنا دے کہ اس کو بھی اور اس کے مددگار کو بھی کافی ہو جائے، ہاں آٹھواں حصہ متعین نہیں ہے

**تشریح**: جتنا کام کیا ہو اس کے مطابق حاکم کام کرنے والے کو اس کے کام کے مطابق زکوۃ میں سے رقم دے گا۔ اور اس سے بھی زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔ کام کرنے والے کا جتنا وقت خرچ ہوا ہے اس کے مطابق اتنا دے کہ کام کرنے والے کو اور اس کی مدد کرنے والے کو کافی ہو جائے، اس میں یہ نہیں ہے کہ آیت میں آٹھ قسم کے آدمیوں کا تذکرہ ہے تو کام کرنے والے نے جتنی زکوۃ وصول کر کے لایا تو اس کا آٹھواں حصہ اس کو دے دیا جائے، یہ شرط نہیں ہے۔

**وجہ**: (۱) آیت گزر چکی جس میں ہے کہ زکوۃ کے لئے کام کرنے والے کو اس کی مزدوری زکوۃ کی رقم میں سے دے سکتے ہیں، اس سے زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔ (۲) اس حدیث میں بھی اس کا ثبوت ہے۔ عن عطاء بن يسار ان رسول الله ﷺ قال لا تحل الصدقة لغني الا لخمسة (۱) لغاز في سبيل الله (۲) او لعامل عليها (۳) او لغارم (۴) او لرجل اشتراها بماله (۵) او لرجل كان له جار مسكين فتصدق على المسكين فاهدها المسكين للغني (ابوداؤد شریف، باب من یجوز لہ اخذ الصدقۃ وھو غنی ص ۲۳۸ نمبر ۱۶۳۵) اس حدیث میں ہے کہ کام کرنے والے کو بھی مزدوری میں زکوۃ کا مال دے سکتے ہیں۔ (۳) اس حدیث میں بھی اس کا ثبوت ہے۔ عن ابن الساعدي المالكي أنه قال : استعملني عمر بن الخطابؓ على الصدقة فلما فرغت منها و أديتها اليه أمر لي بعمالة فقلت : انما عملت لله و أجري على الله فقال خذ ما اعطيت فاني عملت على عهد رسول الله ﷺ فعملني ، فقلت مثل ذالك فقال لي رسول الله ﷺ اذا اعطيت شيئا من غير ان تسأل فكل و تصدق . (مسلم شریف، باب جواز الاخذ بغیر سوال ولا تطلع، ص ۴۲۰، نمبر ۱۰۴۵ / نمبر ۲۴۰۸ / ابوداود شریف، باب فی الاستعفاف، ص ۲۴۴، نمبر ۱۶۴۷) اس حدیث میں ہے کہ کام کرنے والے کو زکوۃ سے مزدوری دی جا سکتی ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ خلاف امام شافعیؒ کے

۲ لان استحقاقه بطريق الكفاية ولهذا يأخذ وان كان غنيا ۳ الا ان فيه شبهة الصدقة فلا ياخذها العامل الهاشمي تنزيها لقرابة الرسول عليه السلام عن شبهة الوسخ

**تشریح**: یہاں یہ بتایا کہ امام شافعیؒ کا مسلک یہ ہے کہ کام کرنے والے نے جتنی زکوۃ لایا اس کا آٹھواں حصہ اس کو دے دو۔ لیکن موسوعہ میں لکھا ہوا ہے کہ امام شافعیؒ کا بھی مسلک وہی ہے جو ہمارا ہے، یعنی جتنا کام کیا ہے اس حساب سے اتنی مزدوری دے دو جس اس کو اور اس کے مددگار کو کافی ہو جائے۔ موسوعہ کی عبارت یہ ہے۔ قال [الشافعیؒ] و يعطى العا ملون عليها بقدر أجور مثلهم فيما تكلفوا من السفر و قاموا به من الكفاية ، لا يزادون عليه شيئا ۔ (موسوعہ امام شافعیؒ، باب جماع تفریع السھمان، ج رابع، ص ۲۷۶، نمبر ۴۲۶۴) اس عبارت میں ہے کہ کام کرنے والے کو اس کی اجرت دی جائے آٹھواں حصہ دینے کی ضرورت نہیں ہے

**ترجمہ**: ۲ اس لئے کہ کام کرنے والے کا مستحق ہونا کافی ہونے کے طریقے پر ہے، اسی لئے مالدار ہونے کے باوجود بھی لیتا ہے۔

**تشریح**: یہ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل ہے کہ کام کرنے والے کو اس لئے نہیں دیا جاتا ہے کہ وہ محتاج ہے، بلکہ اس کا مستحق ہونا اس لئے ہے کہ وہ اس کے لئے کام کرتا ہے، اور چونکہ اس کے وصول کرنے میں کتنا وقت لگے گا یہ متعین نہیں ہے اس لئے پہلے سے اجرت بھی متعین نہیں کر سکتے، البتہ یہ دیکھا جائے کہ اس وصول کرنے میں کتنا وقت صرف ہوا اس اعتبار سے اتنا دے دے کہ اس کو اور اس کے مددگار کو کافی ہو جائے۔ چونکہ کام کرنے کی وجہ سے لیتا ہے اسی لئے مالدار ہونے کے باوجود زکوۃ لے گا، کیونکہ یہ ایک قسم کی مزدوری ہوئی۔

**ترجمہ**: ۳ مگر یہ کہ اس میں صدقہ کا شبہ ہے اس لئے ہاشمی عامل اس کو نہ لے، قرابت رسول کو میل کچیل سے پاک رکھنے کے لئے۔

**تشریح**: یہ ایک شبہ کا جواب ہے، شبہ یہ ہے کہ مالدار کی مزدوری ہے تو اگر کام کرنے والا ہاشمی ہو یعنی حضورؐ کے خاندان کا ہو تو اس کے لئے مزدوری کے طور پر لینا کیوں نا جائز ہے؟ تو اس کا جواب دے رہے ہیں کہ اگر چہ یہ مزدوری ہے لیکن اس سے زکوۃ دینے والے کی زکوۃ ادا ہو جاتی ہے، اس لئے زکوۃ کا شبہ ہے، اور زکوۃ ایک قسم کا انسانی میل ہے، اور حضورؐ کا خاندان اتنا اونچا اور مکرم ہے کہ اس کو میل کچیل سے بھی دور رکھنا ہے، اس لئے انکے لئے زکوۃ میں سے اپنی مزدوری لینا بھی جائز نہیں ہے، چنانچہ حدیث میں کہ اس کے آزاد کردہ غلام کے لئے بھی زکوۃ میں سے مزدوری لینا ٹھیک نہیں۔

**وجہ**: اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ (۱) حدثنا بهز بن حكيم عن ابيه عن جده قال كان رسول الله اذا اتى بشيء

ﷺ والغنى لا يوازيه في استحقاق الكرامة فلم تعتبر الشبهة في حقه (۸۵۶) وفي الرقاب ان يعان المكاتبون منها في فك رقابهم هو المنقول ﴾

سأل اصدقه هي ام هدية؟ فان قالوا صدقة لم يأكل وان قالوا هدية اكل (ترمذی شریف، باب ما جاء فی کراہیة الصدقة للنبی واهل بیته وموالیه ص ۱۴۱ نمبر ۶۵۶ / بمعناه ابوداؤد شریف، باب الصدقة علی بنی هاشم ص ۲۴۰ نمبر ۱۶۵۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اہل بیت کے لئے صدقہ جائز نہیں ہے۔ (۲) اور زکوۃ کے مال سے اجرت لینے کی کراہیت اس حدیث سے معلوم ہوئی۔ اور آل محمد کے آزاد کردہ غلام کے لئے زکوۃ کے مال سے مزدوری لینے کی کراہیت اس حدیث سے معلوم ہوئی۔ عن ابی رافع ان رسول الله ﷺ بعث رجلا من بنی مخزوم علی الصدقة فقال لابی رافع اصحبنی کیما تصیب منها فقال لا حتی آتی رسول الله ﷺ فاسأله فانطلق الی النبی ﷺ فسأله فقال ان الصدقة لا تحل لنا وان مولی القوم من انفسهم. (ترمذی شریف، باب ما جاء فی کراہیة الصدقة للنبی ﷺ واہل بیته وموالیه ص ۱۴۲ نمبر ۶۵۷ / ابوداؤد شریف، باب الصدقة علی بنی ہاشم ص ۲۴۰ نمبر ۱۶۵۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آزاد کردہ غلام کا شمار بھی اسی قوم میں ہوتا ہے۔ اور ان کو بھی زکوۃ کے مال میں سے مزدوری نہیں لینی چاہئے۔ یہ تقوی کا تقاضا ہے۔ لیکن لے لے تو جائز ہے۔ اس لئے کہ آپ کے آل نے زکوۃ کے مال میں سے مزدوری لی ہے۔ حدیث میں۔ عن کریب مولی ابن عباس عن ابن عباسؓ قال : بعثنی ابی الی النبی ﷺ فی ابل اعطاها ایاه من الصدقة. (ابوداؤد شریف، باب الصدقة علی بنی ہاشم، ص ۲۴۰، نمبر ۱۶۵۳) اس حدیث میں ہے کہ صدقہ کا اونٹ ابن عباس کو دیا۔

**ترجمہ**: ﷺ مالدار کرامت کے مستحق ہونے میں ہاشمی کے برابر نہیں ہو سکتا، اس لئے مالدار کے حق میں شبہ کا اعتبار نہیں کیا گیا۔

**تشریح**: کرامت اور عزت میں مالدار حضورؐ کے خاندان کی برابری نہیں کر سکتا، اس لئے مالدار کے حق میں زکوۃ کے شبہ ہونے کا اعتبار نہیں کیا گیا، اس لئے یہ کہا گیا کہ مالدار اپنی مزدوری زکوۃ کے مال میں سے لے سکتا ہے، اور حضورؐ کا خاندان نہیں لے سکتا، اصل اوپر کی حدیث ہے۔

**لغت**: ہاشمی: حضور ہاشمی خاندان کے ہیں اس لئے حضور کے خاندان کو ہاشمی کہتے ہیں۔ تنزیہ: پاک کرنا۔ وسخ: میل کچیل۔ یوازیہ: برابری کرنا

**ترجمہ**: (۸۵۶) اور گردن چھڑانے کا مطلب یہ ہے کہ مکاتب غلام کو اس کی گردن چھڑانے میں مدد کی جائے۔

**تشریح**: آیت میں (و فی الرقاب) جو آیا ہے، اس کا ترجمہ ہے اور زکوۃ گردن چھڑانے میں دے، اس گردن چھڑانے کی دو صورتیں ہیں [۱] ایک کہ زکوۃ کی رقم سے غلام خرید کر آزاد کرے [۲] اور دوسری صورت یہ ہے کہ مکاتب کو زکوۃ کی رقم کا مالک بنائے

(۸۵۷) والغارم من لزمه دين ولا يملك نصابا فاضلاً عن دينه ﴾

وہ مال کتابت ادا کر کے آزاد ہو جائے، حنفیہ کے نزدیک یہی صورت ہے۔ رقبۃ: گردن۔

**وجه** : (۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ زکوۃ کی ادائیگی کے لئے مالک بنانا ضروری ہے، اور غلام کو خرید ے گا تو غلام مالک نہیں ہو سکے گا، کیونکہ غلام کسی چیز کا مالک نہیں ہوتا، اس کا آقا اس کا مالک ہوتا ہے، اور آقا مالدار ہے اس لئے زکوۃ کا مالک اس کو بھی نہیں بنا سکتے، اس لئے غلام کو خرید کر آزاد کرنا صحیح نہیں، اس لئے یہی صورت رہ گئی کہ مکاتب کو زکوۃ کا مالک بناؤ اور وہ مال کتابت ادا کر کے اپنی گردن چھڑائے۔(۲) تفسیر طبری میں حضرت حسن بصریؒ سے منقول ہے۔ و أخرج عن الحسنؓ و الزهری ، و عبد الرحمن بن زيد بن اسلم قالوا : ﴿و في الرقاب ﴾ [التوبۃ:۶۰] ھم المکاتبون، انتھی۔(نصب الرایۃ، باب من یجوز دفع الصدقات الیہ ومن لا یجوز، ج ثانی، ص ۴۱۱) اس عبارت میں ہے کہ حضرت حسن بصری سے رقاب کی تفسیر میں ہے کہ اس سے مکاتب کی مدد کرنا مراد ہے۔(۳) عن الثوری قال الرجل لايعطى زكوة ماله من يجبر على النفقة من ذوی ارحامه،... ولا تعطيها مكاتبك، ولا تبتاع بها نسمة تحررها. (مصنف عبد الرزاق، باب لمن الزکوۃ ج رابع ص ۸۹ نمبر ۷۰۰۲) اس اثر میں ہے کہ اپنے مکاتب کو نہ دے جسکا یہ مطلب ہے کہ دوسرے کے مکاتب کی مدد کر سکتا ہے، اس اثر میں یہ بھی ہے کہ زکوۃ کے مال سے غلام کو خرید کر آزاد نہ کرے، اس لئے رقاب کی یہی صورت متعین ہوگی کہ دوسرے کے مکاتب کی مدد کرے۔(۴) اس اثر میں ہے۔ عن ابراهيم انه كان يكره ان يشترى من زكاة ماله رقبة يعتقها۔( مصنف ابن ابی شیبۃ، ۸۷ فی الرقبۃ تعتق عن الزکوۃ، ج ثانی، ص ۴۰۳، نمبر ۱۰۴۱۹) اس اثر میں ہے کہ زکوۃ کے مال سے غلام خرید کر آزاد کرنا مکروہ ہے، اس لئے رقاب میں یہی صورت باقی رہی کہ مکاتب کی مدد کرے۔(۵) امام شافعیؒ کے یہاں رقاب سے مکاتب ہی مراد ہے، موسوعہ کی عبارت یہ ہے۔ قال [الشافعیؒ] و الرقاب المكاتبون من جيران الصدقة ۔(موسوعہ امام شافعیؒ، باب جماع بیان اھل الصدقۃ، ج رابع، ص ۲۶۵، نمبر ۴۶۲۷) اس عبارت میں ہے کہ رقاب سے مراد مکاتب کی گردن چھڑانا ہے۔ فک رقاب : مکاتب کی گردن چھڑوانا۔

**ترجمه** : (۸۵۷) غارم، وہ مقروض ہے جس پر دین لازم ہو گیا ہو۔ اور اتنے نصاب کا مالک نہ ہو جو قرض سے زیادہ ہو۔

**تشریح** : جس پر قرض لازم ہوا ہو اور اتنے روپے اس کے پاس نہ ہو جس سے قرض ادا کر کے نصاب کے مطابق بچے، تو چونکہ وہ غریب ہے اس لئے وہ بھی مستحق زکوۃ ہے۔ چاہے اہل وعیال کی کفالت کی وجہ سے قرض ہوا ہو، یا دو آدمیوں نے جھگڑا کیا ہو انکی صلح کرانے میں مقروض ہو گیا ہو۔ غرم: کا ترجمہ ہے قرض، یہاں مراد ہے مقروض ہونا۔

**وجه** : (۱) اس حدیث میں اس کا ثبوت ہے۔ عن ابی سعید الخدری قال أصيب رجل في عهد رسول الله ﷺ في ثمار ابتاعها فكثر دينه فقال رسول الله ﷺ : تصدقوا عليه فتصدق الناس عليه ۔(ترمذی شریف، باب ما

ل وقال الشافعي: من تحمل غرامة في اصلاح ذات البين و اطفاء النائرة بين القبيلتين

(۸۵۸) وفي سبيل الله منقطع الغزاة عند ابي يوسف ل لانه المتفاهم عند الاطلاق

جاءمن تحل له الصدقة من الغارمين وغیرھم، ص ۱۶۸، نمبر ۶۵۵) اس حدیث میں ہے کہ اپنے کام کے لئے قرض ہو گیا تو حضورؐ نے انکے لئے صدقے کی اپیل کی، جس سے معلوم ہوا کہ اپنے عیال کے لئے دین ہو جائے تو بھی زکوۃ حلال ہے۔(۲) قال سألت الزهرى عن الغارمين قال أصحاب الدين و ابن السبيل و ان كان غنيا ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ما قالوا فی الغارمین من ھم؟، ج ثانی، ص ۴۲۴، نمبر ۱۰۶۶۲) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جو بھی قرض والا ہے اور قرض ادا کر کے اتنا روپیہ نہیں بچتا کہ نصاب کا مالک ہو سکے وہ غارم ہے،(۳) اور صلح کرانے میں مقروض ہوا ہو اس کی دلیل یہ حدیث ہے. عن قبيصة بن مخارق الهلالي قال : تحملت حمالة فأتيت رسول الله ﷺ أسله فيها فقال اقم حتى تأتينا الصدقة فنامر لك بها قال ۔ ثم قال : يا قبيصة ان المسألة لا تحل الا لاحد ثلاثة : رجل تحمل حمالة فحلت له المسألة حتى يصيبها ثم يمسك . (مسلم شریف، باب من تحل لہ المسألۃ، ص ۴۱۹، نمبر ۱۰۴۴ / نمبر ۲۴۰۴ / ابو داود شریف، باب ما تجوز بہ المسألۃ، ص ۲۴۳، نمبر ۱۶۴۰) اس حدیث میں تحمل حمالۃ ہے: جس کا ترجمہ ہے کہ صلح کرانے میں اپنے اوپر قرض کا بوجھ لے لیا تو اس کے لئے زکوۃ لینا جائز ہے۔

**ترجمہ**: ل اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ غارم وہ شخص ہے جس نے مسلمانوں کے درمیان باہمی پھوٹ کی اصلاح کی خاطر اور دو قبیلوں کے درمیان عداوت کی آگ کو بجھانے کے لئے مالی خسارہ برداشت کیا ہو۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کے یہاں بھی غارم کی وہی دونوں صورتیں ہیں جو اوپر گزریں، کہ اپنے اہل و عیال کے لئے مقروض ہوا ہو یا صلح کرانے کے لئے مقروض ہوا ہو دونوں کے لئے زکوۃ جائز ہے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ و الغارمون صنفان : صنف ادانوا في مصلحتهم أو معروف و غير معصية ، ثم عجزوا عن اداء ذالك في العرض و النقد ، فيعطون في غرمهم لعجزهم ..... قال [الشافعیؒ] و صنف ادانوا في حمالات و اصلاح ذات بين و معروف ۔ (موسوعہ امام شافعی، باب جماع بیان اهل الصدقات، ج رابع، ص ۲۶۵، نمبر ۶۲۹ھ نمبر ۴۶۳۱) اس عبارت میں یہ ہے کہ اپنے جائز خرچ میں مقروض ہوا ہو وہ بھی غارم میں داخل ہے، اور آپس میں صلح کرنے کے لئے مقروض ہوا ہو وہ بھی غارم میں داخل ہے۔

**لغت**: تحمل غرامۃ: صلح کرانے کے لئے قرض برداشت کر لیا۔ ذات البین: آپس میں۔ اطفاء النائرۃ: آگ کو بجھانا۔

**ترجمہ**: (۸۵۸) اور اللہ کے راستے میں۔

**ترجمہ** ل، کا مطلب یہ ہے کہ وہ غازی جو مال سے پیچھے رہ گیا ہو، امام ابو یوسفؒ کے نزدیک، اس لئے کہ فی سبیل اللہ کو مطلق بولتے وقت میں یہی غازی سمجھ میں آتا ہے۔

(۸۵۹) وعند محمد منقطع الحاج ﴾ ل لما روی ان رجلا جعل بعیرا له فی سبیل الله فامره رسول الله صلی الله علیه وسلم ان یحمل علیه الحاج ۲ ولا یصرف الی اغنیاء الغزاة عندنا لان المصرف هو الفقراء

**تشریح:** آیت میں مصرف زکوۃ کا ساتواں آدمی فی سبیل اللہ: ہے یعنی اللہ کے راستے میں ہو۔ اللہ کے راستے میں ہونے سے ایک مطلب یہ ہے کہ جہاد میں ہو اور اس کے پاس مال نہ ہو، اگر چہ گھر پر مال ہو تو اس کو زکوۃ کی رقم دی جا سکتی ہے۔ حضرت امام ابو یوسفؒ کے نزدیک فی سبیل اللہ کا یہی مطلب ہے، وہ فرماتے ہیں کہ جب مطلق فی سبیل اللہ بولا جاتا ہے تو لوگ غازی ہی کو فی سبیل اللہ میں سمجھتے ہیں۔

**وجه:** (۱) اس حدیث میں اس کا شارہ ہے۔ عن عطاء بن یسار ان رسول الله ﷺ قال لا تحل الصدقة لغنی الا لخمسة (۱) لغاز فی سبیل الله (ابوداؤد شریف، باب من یجوز لہ اخذ الصدقۃ وھو غنی ص ۲۳۸ نمبر ۱۶۳۵) اس حدیث میں ہے کہ اللہ کے راستے میں جہاد کرنے والے کے لئے زکوۃ جائز ہے، اگر اس وقت اس کے پاس نہ ہو، جس سے معلوم ہوا کہ فی سبیل اللہ سے مراد جہاد کا راستہ ہے

**ترجمه:** (۸۵۹) اور امام محمدؒ کے نزدیک وہ حاجی لوگ جو مال سے منقطع ہوں۔

**ترجمه** ل کیونکہ روایت ہے کہ ایک شخص نے اپنا اونٹ فی سبیل اللہ کر دیا تھا، تو حضورؐ نے اس کو حکم فرمایا کہ اس پر حاجیوں کو سوار کرے۔

**تشریح:** امام محمدؒ کے یہاں فی سبیل اللہ سے مراد وہ حاجی ہیں جو حج میں ہو اور اس کے پاس مال نہ ہو تو اس کو زکوۃ کی اتنی رقم دی جا سکتی ہے جس سے وہ گھر واپس آسکے، اگر چہ گھر پر وہ مالدار ہو۔

**وجه:** انکی دلیل یہ حدیث ہے جو صاحب ھدایہ نے پیش کی ہے۔ قالت کان ابو معقل حاجا مع رسول الله ﷺ فلما قدم قالت ام معقل قد علمت أن علی حجة فانطلقا یمشیان حتی دخلا علیه فقالت یا رسول الله! ان علی حجة و ان لابی معقل بکرا، قال ابو معقل صدقت جعلته فی سبیل الله، فقال رسول الله ﷺ أعطها فلتحج علیه فانه فی سبیل الله فأعطاها البکر۔ (ابوداؤد شریف، باب العمرۃ، ص ۲۸۹، نمبر ۱۹۸۸) اس حدیث میں ہے کہ حج کرنا یہ بھی فی سبیل اللہ میں داخل ہے، اس لئے جو حج میں گیا ہو اور اس کے پاس واپس آنے کا روپیہ نہ ہو تو اس کو بھی زکوۃ کی رقم دی جا سکتی ہے، کیونکہ وہ آیت فی سبیل اللہ میں داخل ہے۔

**ترجمه** ۲ اور ہمارے نزدیک مالدار غازی پر زکوۃ کی رقم خرچ نہیں کی جائے گی، اس لئے کہ زکوۃ کا مصرف فقراء ہیں۔

(۸۶۰) وابن السبیل من کان لہ مال فی وطنہ وهو فی مکان اٰخر لا شئ لہ فیہ ﴾ (۸۶۱)قال: فهٰذه جهات الزكوٰة فلما لک ان یدفع الیٰ کل واحد منهم ولہ ان یقتصر علی صنف واحد ﴾ [۱]وقال الشافعی :لا یجوز الاان یصرف الیٰ ثلٰثة من کل صنف لان الاضافة بحرف اللام للاستحقاق.

**تشریح**: غازی جہاد کے اندر ہواور اس کے پاس سفر میں اپنا اتنا مال ہو کہ صاحب نصاب ہو تو اس کو زکوۃ کی رقم نہیں دی جاسکتی ہے، کیونکہ اس غازی کے لئے زکوۃ جائز ہے جو سفر میں صاحب نصاب نہ ہو، کیونکہ زکوۃ درحقیقت فقراء کے لئے ہے۔ اسی طرح حاجی سفر میں صاحب نصاب ہو تو اس کو زکوۃ نہیں دی جاسکتی ہے۔

**ترجمه**: (۸۶۰) ابن السبیل، جس کا مال اس کے وطن میں ہو اور وہ دوسری جگہ میں ہو اور وہاں اس کے لئے کچھ نہ ہو۔

**تشریح**: ابن السبیل : راستے کا بیٹا یعنی مسافر، جس کے گھر میں مال نصاب ہو لیکن اس کے پاس سفر میں ابھی کچھ نہ ہو تو اس کو زکوۃ کا مال دیا جاسکتا ہے۔ تاکہ وہ گھر تک پہنچ جائے۔ اس لئے کہ آیت میں زکوۃ لینے والے آٹھویں قسم، ابن السبیل، یعنی مسافر ہے۔

**ترجمه**: (۸۶۱) مالک کے لئے جائز ہے کہ زکوۃ کے ہر صنف والوں کو دے۔ اور اس کے لئے یہ بھی جائز ہے کہ ایک قسم پر اکتفا کرے۔

**تشریح**: آیت میں آٹھ قسموں کو زکوۃ دینے کا تذکرہ کیا ہے۔ لیکن اگر ایک قسم کو تمام زکوۃ دیدے تب بھی زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔ اور سب کو دے تب بھی جائز ہے۔

**وجه**: (۱) صاحب ھدایہ نے اسی اثر کی طرف اشارہ کیا ہے۔ عن ابن عباس قال : اذا وضعتها فی صنف واحد من هذه الاصناف فحسبک ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب ﴿انما الصدقات للفقراء﴾ ج رابع، ص ۸۳، نمبر ۷۱۶۶) اس اثر میں ہے کہ ایک قسم میں بھی تقسیم کر دیا تو کافی ہے (۲) اس اثر میں بھی ہے۔ عن حذیفة قال اذا اعطاها فی صنف واحد من الاصناف الثمانیة التی سمی الله تعالی اجزأه ۔ (مصنف ابن ابی شیبة ۸۵، ما قالوا فی الرجل اذا وضع الصدقة فی صنف واحد ج ثانی ص ۴۰۵، نمبر ۱۰۴۴۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ ایک قسم کو بھی زکوۃ دے دیگا تو کافی ہو جائیگا۔

**ترجمه**: [۱] امام شافعیؒ نے فرمایا کہ ہر قسموں میں سے تین کی طرف پھیرے بغیر جائز نہیں ہے، اس لئے کہ حرف لام کے ساتھ اضافت استحقاق کے لئے ہوتی ہے۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ امام شافعی کا مسلک یہ ہے کہ زکوۃ اوپر کے آٹھ قسموں کو دے اور ہر قسم میں سے تین تین

۲ ولنا ان الاضافة لبيان انهم مصارف لا لا ثبات الاستحقاق.

---

افرادکودےتب زکوۃ اداہوگی۔لیکن موسوعہ امام شافعیؒ کی عبارت سے یہ پتہ چلتا ہے کہ انہوں نے والی اور امیر کو یہ مشورہ دیا ہے کہ انکے پاس تمام قسم کی زکوۃ جمع ہوجائے تو زکوۃ پر کام کرنے والے کو چھوڑ کر باقی سات قسموں کے لوگوں کا نام لکھے اور ہر قسموں میں اس شہر میں کتنے آدمی ہیں ان کا بھی نام لکھے اور زکوۃ کو اس طرح تقسیم کرے کہ سب قسموں کو مل جائے اور ہر قسم کے تمام افراد کو مل جائے، اور شہر کا کوئی مستحق محروم نہ رہ جائے، تقسیم کا طریقہ بتانے کے لئے حضرت نے ۲۲ باب باندھا ہے، اور ۵۹ صفحوں پر اس کو سمجھایا ہے، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ ایک قسم کو دیا تو زکوۃ ادا نہیں ہوگی، کیونکہ ایک جگہ فرمایا ہے کہ اگر ایک ہی قسم کے لوگ ہیں اور اس کو دے دیا تو زکوۃ ادا ہوجائے گی۔موسوعہ کی عبارت اس طرح ہے۔ قال الشافعيؒ : ينبغي لوالى الصدقة أن يبدأ فيأمر بأن يكتب أهل السهمان ، و يوضعون مواضعهم ۔(موسوعۃ امام شافعیؒ، باب جماع تفریق السھمان، ج رابع ،ص ۲۷۳، نمبر ۴۶۵۵)اس عبارت میں ہے کہ ہر قسم میں تقسیم کرنے کا مشورہ والی امیر کو دیا ہے تا کہ اس کے شہر میں کوئی مستحق فرد چھوٹ نہ جائے۔ لیکن ایک قسم کو زکوۃ دے دی تو ادا ہوجائے گی، چنانچہ دوسری جگہ ہے.قال الشافعيؒ و اذا لم يبق من أهل الصدقة الا صنف واحد قسمت الصدقة كلها فى ذالک الصنف حتى يستغنوا (موسوعۃ امام شافعی، باب فضل السھمان علی أھل الصدقۃ، ج رابع، ص ۲۹۰، نمبر ۴۶۹۵)اس عبارت میں ہے کہ ایک قسم باقی ہو اور اس کو زکوۃ دے دی تو ادا ہوجائے گی ،جس سے معلوم ہوا کہ سب قسموں کو دینا ضروری نہیں ہے صرف مصلحت کے طور پر ہے۔

**وجه** :امام شافعیؒ کی جانب سے دلیل یہ دیتے ہیں کہ آیت۔ انما الصدقات للفقراء والمساكين والعاملين عليها والمؤلفة قلوبهم و فى الرقاب والغارمين و فى سبيل الله وابن السبيل فريضة من الله والله عليم حكيم .(آیت ۶۰ سورۃ التوبۃ ۹)میں صدقات کو فقراء اور مساکین وغیرہ کی طرف لام کے ساتھ اضافت کی جو اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ یہ سبھی مستحق ہیں، اس لئے سبھی قسموں کو دینا ہوگا۔اور چونکہ یہ سب قسمیں جمع کے صیغے کے ساتھ استعمال کیا گیا ہے، اور جمع کا اطلاق کم سے کم تین پر ہوتا ہے، اس لئے ہر قسم کے تین تین فرد کو دینا ہوگا۔

**ترجمه** : ۲ ہماری دلیل یہ ہے کہ لام کے ساتھ اضافت یہ بیان کرنے کے لئے ہے کہ یہ لوگ مصارف ہیں استحقاق ثابت کرنے کے لئے نہیں۔

**تشريح**: ہماری دلیل یہ ہے کہ آیت ﴿انما الصدقات للفقراء والمساكين ﴾ میں لام کی اضافت یہ بتانے کے لئے ہے کہ یہ آٹھ قسم کے آدمی مصرف زکوۃ ہیں جنکو چاہو دے دو،، اس بات کے لئے نہیں ہے کہ یہ سب مستحق ہیں، اور سب کو ہی دینا ہوگا، اس کے بغیر زکوۃ ادا نہیں ہوگی۔

۳؎ وهذا لما عرف ان الزكوٰة حق الله تعالىٰ وبعلة الفقر صار وامصارف فلا يبالى باختلاف جهاته
۴؎ والذى ذهبنا اليه مروى عن عمر وابن عباس (۸۶۲)ولا يجوز ان يدفع الزكوٰة الىٰ ذمى﴾
۱؎ لقوله عليه السلام لمعاذ خذها من اغنيائهم وردها فى فقرائهم

**ترجمہ**: ۳؎ جب یہ بات معلوم ہوگئی کہ زکوۃ اللہ کا حق ہے، اور فقر کی وجہ سے یہ لوگ مصارف ٹھہرے تو فقر کی جہت کی طرف توجہ نہیں دی جائے گی۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے، کہ اصل میں تو زکوۃ کا مال اللہ کا ہے، لیکن اللہ تعالیٰ غنی ہیں، اور احتیاج اور ضرورت کی وجہ سے یہ سات قسم زکوۃ کا مصرف ٹھہرے، تو اب یہ نہیں دیکھا جائے گا کیوں یہ لوگ مصرف ہیں، فقر کی وجہ سے، یا مسکین ہونے کی وجہ، یا اللہ کے راستے میں ہونے کی وجہ سے، یا مسافر ہونے کی وجہ سے! صرف یہ دیکھا جائے گا یہ محتاج ہے بس اس کو زکوۃ دے دو، اس لئے ایک کو بھی دینا کافی ہو جائے گا۔

**ترجمہ**: ۴؎ اور جس مسلک کی طرف ہم گئے ہیں یہ حضرت عمرؓ اور حضرت ابن عباسؓ سے بھی مروی ہے۔

**تشریح**: یعنی ایک قسم کو بھی دے دینے سے زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی، یہ ابن عباسؓ سے بھی مروی ہے، یہ اثر گزر چکا ہے۔ عن ابن عباس قال: اذا وضعتها فى صنف واحد من هذه الاصناف فحسبک ۔ (مصنف عبد الرزاق، باب ﴿انما الصدقات للفقراء﴾ ج رابع، ص ۸۳، نمبر ۷۱۶۶) اس اثر میں حضرت ابن عباس سے ہے کہ ایک قسم کو دے دو تب بھی کافی ہے۔

**ترجمہ**: (۸۶۲) نہیں جائز ہے کہ زکوۃ ذمی کو دے۔

**ترجمہ**: ۱؎ حضرت معاذؓ کو حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ مسلمان کے مالداروں سے زکوۃ لو، اور انہیں کے غریبوں پر تقسیم کر دو۔

**تشریح**: کافر ہو یا مشرک ہو یا یہود ہو یا نصاری ہو، جو اسلامی ملک میں ذمی بن کر رہ رہا ہو تو اس کو زکوۃ کا مال نہیں دے سکتے یا کوئی فرض صدقہ نہیں دے سکتے، البتہ نفلی صدقہ دے سکتے ہیں، یا قربانی کرنے کے بعد اس کا گوشت کافر کو دے سکتے ہیں۔

**وجہ**: (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس قال قال رسول الله ﷺ لمعاذ بن جبل ... ان الله قد افترض عليهم صدقة توخذ من اغنيائهم فترد على فقرائهم. (بخاری شریف، باب اخذ الصدقة من الاغنياء وترد فى الفقراء حيث كانوا ص ۲۰۲، ۲۰۳ نمبر ۱۴۹۶ رمسلم شریف، باب الدعاء الى الشهادتين وشرائع الاسلام، ص ۳۱، نمبر ۱۹ رنمبر ۱۲۱) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مسلمان مالداروں سے لیکر اسی کے یعنی مسلمان غرباء پر تقسیم کی جائے گی۔ اس لئے غیر مسلم کو زکوۃ دینا جائز نہیں ہے (۲) اس اثر میں ہے کہ غیر مسلم کو زکوۃ نہ دو۔ عن الثورى قال الرجل لايعطى زكوة ماله من يجبر على النفقة من ذوى ارحامه، ولا يعطيها فى كفن ميت ،ولا دين ميت ،ولا بناء مسجد، ولا شراء مصحف، ولا يحج

(۸۶۳) ویدفع الیه ما سوی ذلک من الصدقة ﴾

بھا، ولا تعطیھا مکاتبک، ولاتبتاع بھا نسمة تحررھا، ولا تعطیھا فی الیھود، و لاالنصاری، ولا تستأجر علیھا منھا من یحملھا لیحملھا من مکان الی مکان (مصنف عبدالرزاق، باب لمن الزکوۃ ج رابع ص ۸۹ نمبر ۷۲۰۰) اس حدیث میں ہے کہ [۱] ایسے لوگوں کو اپنی زکوۃ کا مال نہ دے جسکا نان نفقہ اس کے ذمے ہو۔[۲] میت کے کفن میں نہ دے [۳] میت کے دین میں نہ دے۔[۴] مسجد بنانے میں نہ دے [۵] قرآن کریم خریدنے میں نہ دے [۶] اس سے حج نہ کرے [۷] اپنے مکاتب کو زکوۃ نہ دے، دوسرے کے مکاتب کو دے سکتا ہے۔[۸] اس سے غلام خرید کر آزاد نہ کرے۔[۹] زکوۃ یہود کو نہ دے اور نصاری کو نہ دے، یعنی کافر کو نہ دے۔[۱۰] اس سے اپنے لئے کرائے کا جانور نہ لے۔ اس اثر میں ہے کہ یہود اور نصاری کو نہ دے یعنی کسی کافر کو زکوۃ کا مال نہ دے۔ (۳) اس اثر میں بھی ہے. سألت ابراھیم عن الصدقة علی غیر اھل الاسلام ؟ فقال : اما الزکاة فلا ، و أما ان شاء رجل أن یتصدق فلا بأس (مصنف ابن ابی شیبة، ۷ ما قالوا فی الصدقة یعطی منھا اھل الذمة ج ثانی، ص ۴۰۲، نمبر ۱۰۴۱۰) اس اثر میں بھی ہے کہ فرض زکوۃ غیر مسلم کو نہ دے، نفل دے سکتا ہے (۴) آیت میں انما کے حصر کے ساتھ آٹھ قسموں کا تذکرہ ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ انہیں آٹھ قسموں کو زکوۃ دینے سے ادائیگی ہوگی۔

**اصول**: مسلمان غریب کو مالک بنانا ضروری ہے۔

**ترجمه**: (۸۶۳) زکوۃ کے علاوہ جو صدقہ ہو وہ غیر مسلم کو دے سکتا ہے۔

**تشریح**: اوپر کی حدیث کی وجہ سے زکوۃ تو غیر مسلم کو نہیں دے سکتا، البتہ اس کے علاوہ جو صدقہ نافلہ ہے وہ غیر مسلم کو دے سکتا ہے۔

**وجه**: (۱) لا ینھکم الله عن الذین لم یقاتلوکم فی الدین و لم یخرجوکم من دیارکم أن تبروھم و تقسطوا الیھم ان الله یحب المقسطین ۔ (آیت ۸، سورۃ الممتحنة ۶۰) اس آیت میں ہے کہ غیر مسلم کے ساتھ رواداری کرنے اور احسان کرنے کو اللہ منع نہیں فرماتے۔ (۲) اس حدیث میں ہے۔ عن اسماء بنت ابی بکرؓ قلت قدمت علی أمی و ھی مشرکة فی عھد رسول الله ﷺ فاستفتیت رسول الله ﷺ قلت : امی قدمت و ھی راغبة أفاصل أمی ؟ قال؛ نعم صلی أمک ۔ (بخاری شریف، ھدیۃ المشرکین، ص ۴۲۴، نمبر ۲۶۲۰ رمسلم شریف، باب فضل النفقة والصدقة علی الاقربین ...ولو کانوا مشرکین، ص ۴۰۶، نمبر ۱۰۰۳ رنمبر ۲۳۲۵ رابو داؤد شریف، باب الصدقة علی اھل الذمة ص ۲۴۳ نمبر ۱۶۶۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ مشرک کے ساتھ صلہ رحمی کرنا اور نفلی صدقہ دینا جائز ہے۔ (۳) اس اثر میں بھی اس کا ثبوت ہے. سألت ابراھیم عن الصدقة علی غیر اھل الاسلام ؟ فقال : اما الزکاة فلا ، و أما ان شاء رجل أن یتصدق فلا بأس (

۱ وقال الشافعی لا یدفع وهو روایة عن ابی یوسف اعتبارا بالزکوٰة ۲ ولنا قوله علیه السلام تصدقوا علیٰ اهل الادیان کلها ولو لا حدیث معاذ لقلنا بالجواز فی الزکوٰة(۸۶۴) ولا یبنی بها مسجد ولا یکفّن بها میت ﴾

مصنف ابن ابی شیبة، ۷ ما قالوا فی الصدقة یعطی منها اہل الذمة ج ثانی ص ۴۰۲، نمبر ۱۰۴۱۰) اس اثر میں بھی ہے کہ فرض زکوۃ غیر مسلم کو نہ دے، نفل دے سکتا ہے۔

**ترجمہ**: ۱ امام شافعیؒ نے فرمایا کہ نفلی زکوۃ بھی ذمی کو نہ دے اور یہی ایک روایت امام ابو یوسفؒ کی ہے، زکوۃ پر قیاس کرتے ہوئے۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ امام شافعیؒ نے فرمایا، اور یہی ایک روایت امام ابو یوسفؒ کی ہے کہ جس طرح کافر کو زکوۃ دینا جائز نہیں اسی پر قیاس کرتے ہوئے اس کو صدقہ نافلہ بھی دینا جائز نہیں۔ لیکن موسوعہ میں لکھا ہوا ہے کہ امام شافعیؒ کے نزدیک کافر کو صدقہ نافلہ دینا جائز ہے، موسوعہ کی عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ: و لا بأس أن یتصدق علی المشرک من النافلة، و لیس له فی الفریضة من الصدقة حق۔ (موسوعة امام شافعیؒ، باب صدقة النافلة علی المشرک، ج رابع، ص ۲۲۲، نمبر ۴۴۳۶) اس عبارت میں ہیں کہ نفلی صدقہ مشرک کو دے سکتے ہیں، اور دلیل اوپر کی آیت اور حدیث ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اور ہماری دلیل حضور علیہ السلام کا قول ہے کہ تمام دین والے پر صدقہ کرو، چنانچہ اگر حضرت معاذ والی حدیث نہ ہوتی تو ہم کہتے کہ زکوۃ بھی غیر مسلم کو دینا جائز ہے۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن سعید بن جبیر قال: قال رسول الله ﷺ: ((لا تصدقوا الا علی أهل دینکم)) فانزل الله تعالی ﴿لیس علیک هداهم و لکن الله یهدی من یشاء و ما تنفقوا من خیر فلانفسکم و ما تنفقوا الا ابتغاء وجه الله و ما تنفقوا من خیر یوف الیکم و انتم لا تظلمون (آیت ۲۷۲، سورة البقرة ۲) قال: قال رسول الله ﷺ: تصدقوا علی اهل الادیان۔ (مصنف ابن ابی شیبة، باب ما قالوا فی صدقة فی غیر أهل الاسلام، ج ثانی، ص ۴۰۱، نمبر ۱۰۳۹۸) اس حدیث میں ہے کہ تمام دین والوں پر صدقہ کرو جس سے معلوم ہوا کہ غیر مسلم کو صدقہ نافلہ دینا جائز ہے۔ اس حدیث کی بنا پر ہم کہہ سکتے تھے کہ غیر مسلم کو زکوۃ دینا بھی جائز ہے، لیکن چونکہ اوپر حضرت معاذ والی حدیث گزری کہ مسلمان مالدار سے لو اور مسلمان ہی کے غریبوں پر تقسیم کر دو، اس لئے زکوۃ غیر مسلموں کو دینا جائز نہیں رہا، البتہ اس حدیث کی بنا پر صدقہ نافلہ دینا جائز رہا۔

**ترجمہ**: (۸۶۴) زکوۃ سے مسجد نہ بنائے، اور نہ اس سے میت کا کفن دے۔

ل لانعدام التمليک وهو الركن (۸٦۵) ولا يقضى بها دين ميت ﴾ ل لان قضاء دين الغير لا يقتضى التمليک منه لا سيما فى الميت

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ مالک بنانا معدوم ہے، حالانکہ وہ رکن ہے۔

**تشریح**: زکوۃ کی رقم سے مسجد بنائے گا تو زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی، اسی طرح اس سے میت کا کفن نہ دے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ زکوۃ میں کسی غریب کو مالک بنانا ضروری ہے، اور مسجد بنائے گا تو اس رقم کا مالک کون بنے گا؟ مسجد غیر ذی روح ہے، اور متولی ہوسکتا ہے کہ مالدار ہو، اور میت کا کفن بھی نہیں دے سکتا، کیونکہ میت مر چکا ہے اس لئے اب مالک کون بنے گا، اور اس کا وارث غریب ہے تو وارث کو غربت کی وجہ سے مالک بنانا ہوا، خود میت زکوۃ کا مالک نہیں بن سکا، کیونکہ وہ تو مر چکا ہے، اس لئے اس سے میت کا کفن بھی نہ دے۔ اگر وارث غریب ہو اور میت کا کفن بھی میسر نہ ہو تو وارث کو زکوۃ دے کر اس کا مالک بنائے پھر وارث اس رقم سے کفن دے یہ جائز ہے۔

**ترجمہ**: (۸٦۵) نہ زکوۃ سے میت کا قرض ادا کرے۔

**ترجمہ**: ل اس لئے کہ دوسرے کے قرض کو ادا کرنا یہ تقاضا نہیں کرتا ہے کہ وہ مالک بن جائے، خاص طور پر جبکہ وہ مر چکا ہے۔

**تشریح**: زکوۃ کی رقم کسی مسکین کو دے اور اس کو مالک بنائے پھر وہ اپنی طرف سے میت کا قرض ادا کرے تو جائز ہے، کیونکہ کوئی غریب اس کا مالک بنا، لیکن میت مر چکا ہے، اور اس نے کوئی مال نہیں چھوڑا، اور اس پر قرض ہے، اب میت کی جانب سے قرض ادا کرے تو جائز نہیں، کیونکہ جب وہ مر چکا ہے تو وہ زکوۃ کا مالک کیسے بنے گا، جبکہ زکوۃ کی ادائیگی کے لئے غریب کو مالک بنانا ضروری ہے۔

**وجہ**: اس سب کے لئے یہ اثر گزر چکا ہے۔ عن الثورى قال الرجل لايعطى زكوة ماله من يجبر على النفقة من ذوى ارحامه، ولا يعطيها فى كفن ميت، ولا دين ميت، ولا بناء مسجد، ولا شراء مصحف، ولا يحج بها، ولا تعطيها مكاتبک، ولاتبتاع بها نسمة تحررها، ولا تعطيها فى اليهود، و لاالنصارى، ولا تستأجر عليها منها من يحملها من مكان الى مكان (مصنف عبد الرزاق، باب لمن الزكوة ج رابع ص ۸۹ نمبر ۷۱۷۰) اس حدیث میں ہے کہ [۱] ایسے لوگوں کو اپنی زکوۃ کا مال نہ دے جسکا نان نفقہ اس کے ذمے ہو۔ [۲] میت کے کفن میں نہ دے [۳] میت کے دین میں نہ دے۔ [۴] مسجد بنانے میں نہ دے [۵] قرآن کریم خریدنے میں نہ دے [٦] اس سے حج نہ کرے [۷] اپنے مکاتب کو زکوۃ نہ دے، دوسرے کے مکاتب کو دے سکتا ہے۔ [۸] اس سے غلام خرید کر آزاد نہ کرے۔ [۹] زکوۃ یہود کو نہ دے اور نصاری کو نہ دے، یعنی کافر کو نہ دے۔ [۱۰] اس سے اپنے لئے کرائے کا جانور نہ لے۔

**اصول**: زکوۃ کی ادائیگی کے لئے مسلمان غریب کو مالک بنانا ضروری ہے۔

(۸۶۶) ولاتشترى بها رقبة تعتق ﴾ ۱ خلا فالمالک حیث ذهب الیه فی تاویل قوله تعالیٰ وفی الرقاب ۲ ولنا ان الاعتاق اسقاط الملک ولیس بتملیک

**ترجمه**: (۸۶۶) زکوۃ سے کوئی غلام نہ خریدے جسکو آزاد کرے۔

**تشریح**: زکوۃ کے مال سے غلام خرید کر کے آزاد کرے یہ بھی جائز نہیں۔

**وجه**: (۱) عن الثوری قال الرجل لایعطی زکوۃ ماله من یجبر علی النفقة من ذوی ارحامه،.... ولاتبتاع بها نسمة تحررها. (مصنف عبدالرزاق، باب لمن الزکوۃ ج رابع ص ۸۹ نمبر ۷۰۰۲) اس اثر میں ہے کہ زکوۃ کے مال سے غلام کو خرید کر آزاد نہ کرے ۔(۲) اس اثر میں ہے. عن ابراهیم انه کان یکره ان یشتری من زکاة ماله رقبة یعتقها ۔( مصنف ابن ابی شیبة ،۸ے فی الرقبة تعتق عن الزکوۃ، ج ثانی، ص ۴۰۳، نمبر ۱۰۴۱۹) اس اثر میں ہے کہ زکوۃ کے مال سے آزاد کرنے کے لئے غلام نہ خریدے۔(۳) یہ وجہ بھی ہے کہ زکوۃ کی ادائیگی کے لئے مالک بنانا ضروری ہے، اور غلام کو مالک نہیں بنا سکتا، کیونکہ غلام کسی چیز کا مالک نہیں بنتا، اور اس کے آقا کو دے نہیں سکتے، کیونکہ ہوسکتا ہے کہ وہ مالدار ہو، اس لئے زکوۃ کے مال سے غلام خریدنا جائز نہیں۔

**ترجمه**: ۱ خلاف امام مالکؒ کے اللہ تعالی کے قول وفی الرقاب کی تاویل میں وہ اس بات کی طرف گئے ہیں [کہ غلام کا آزاد کرنا جائز ہے]

**تشریح**: امام مالکؒ کی رائے یہ ہے کہ زکوۃ کے مال سے غلام خرید کر آزاد کرنا جائز ہے۔

**وجه**: (۱) اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالی کے قول ﴿وفی الرقاب﴾، گردن کو چھڑاؤ کو عام کرتے ہیں، اور یہ مطلب بھی لیتے ہیں کہ غلام خرید کر آزاد کرنا یہ بھی غلام کی گردن چھڑانا ہے، اس لئے یہ بھی جائز ہے۔(۲) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے. عن ابن عباسؓ أنه کان لا یری بأسا أن یعطی الرجل من زکاته فی الحج و أن یعتق منها النسمة ۔(مصنف ابن ابی شیبة، ۷۹ من رخص أن یعتق من الزکاة، ج ثانی، ص ۴۰۳، نمبر ۱۰۴۲۴) اس اثر میں ہے کہ زکوۃ کے مال سے غلام خرید کر آزاد کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**ترجمه**: ۲ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ آزاد کرنے میں ملک کو ساقط کرنا ہے مالک بنانا نہیں ہے۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ زکوۃ کے لئے ضروری ہے کہ غریب کو مالک بنائے، اور غلام آزاد کرنے میں غلام پر جو آقا کی ملکیت ہے اس کو ساقط کرنا ہے، غلام کو زکوۃ کا مالک بنانا نہیں ہے، چونکہ زکوۃ کا مالک بنانا نہیں پایا گیا جو زکوۃ کی ادائیگی کے لئے رکن ہے، اس لئے اس سے زکوۃ ادا نہیں ہوگی۔

(۸٦۷) ولا تدفع الى غنى ﴾ ۱ لقوله عليه السّلام لا تحل الصدقة لغنى ۲ وهو باطلاقه حجة على الشافعى فى غنى الغزاة وكذا حديث معاذ علىٰ ما رويناه(۸٦۸) قال: ولا يدفع المزكى زكوٰة ماله الىٰ ابيه وجده وان علا ولا الىٰ ولده وولد ولده وان سفل﴾

**ترجمه**: (۸٦۷) زکوۃ کسی مالدار کو نہ دی جائے۔

**ترجمه**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ صدقہ مالدار کے لئے حلال نہیں ہے۔

**وجه** (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن عبد الله بن عمرو عن النبی ﷺ قال: لاتحل الصدقة لغنى ولا ذى مرة سوى (ابوداؤد شریف، باب من یعطی من الصدقۃ وحد الغنی، ص ۲۴۱، نمبر ۱۶۳۴ ر ترمذی شریف، باب ماجاء من لاتحل لہ الصدقۃ، ص ۱٦۷، نمبر ٦۵۲) اس حدیث میں ہے کہ مالدار کے لئے زکوۃ حلال نہیں ہے۔

**ترجمه**: ۲ یہ حدیث مطلق ہونے کی وجہ سے امام شافعیؒ پر حجت ہے کہ وہ مالدار مجاہد کے لئے بھی زکوۃ جائز قرار دیتے ہیں۔ اسی طرح حضرت معاذؓ کی حدیث جو ہم روایت کر چکے ہیں وہ بھی حضرت امام شافعیؒ پر حجت ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ مجاہد جہاد میں ہو اور اس کے ساتھ اپنا مال نصاب تک ہو پھر بھی زکوۃ کا مال اس کے لئے حلال ہے۔ موسوعہ میں ہے۔ قال الشافعیؒ: و بهذا قلنا يعطى الغازى و العامل و ان كانا غنيين۔ (موسوعۃ امام شافعی: باب من طلب من أهل السهمان، ج رابع، ص ۲٦۹، نمبر ۴۴٦۴) اس عبارت میں ہے کہ غازی اور عامل مالدار ہو اور اس کے پاس مال ہو تب بھی اس کے لئے زکوۃ حلال ہے۔

**وجه**: (۱) انکی دلیل یہ حدیث ہے عن عطاء بن يسار ان رسول الله ﷺ قال لا تحل الصدقة لغنى الا لخمسة (۱) لغاز فى سبيل الله (۲) او لعامل عليها. (ابوداؤد شریف، باب من یجوز لہ اخذ الصدقۃ وھو غنی ص ۲۳۸ نمبر ۱٦۳۵ ر ابن ماجۃ شریف، باب من تحل لہ الصدقۃ، ص ۲٦۳، نمبر ۱۸۴۱) اس حدیث میں ہے کہ غازی مالدار ہو تب بھی اس کے لئے زکوۃ جائز ہے۔۔ صاحب ھدایہ فرماتے ہیں کہ اوپر کی حدیث، اور اوپر حضرت معاذؓ کی حدیث گزری کہ مالدار سے لو اور غریب پر تقسیم کر و یہ دونوں حدیثیں حضرت امام شافعیؒ کے خلاف حجت ہیں۔

**ترجمه**: (۸٦۸) زکوہ دینے والا زکوۃ نہ دے اپنے باپ کو، اپنے دادا کو اگر چہ اوپر تک ہو، اپنی اولاد کو نہ اولاد کی اولاد کو اگر چہ نیچے تک ہو۔

**تشریح**: جو آدمی اصل ہو جیسے باپ، دادا، پردادا، ماں، دادی، پردادی، نانا، نانی۔ یا جو آدمی کا فروع ہو، جیسے بیٹا، بیٹی، پوتا، پوتی، پرپوتا، پرپوتی، نواسہ، نواسی، پرنواسہ، یا پرنواسی، تو چونکہ ان لوگوں کا نان نفقہ آدمی کے ذمے ہوتا ہے تو ان کو دینا گویا کہ زکوۃ اپنے ہی

ل لان منافع الاملاک بینهم متصلة فلا یتحقق التملیک علی الکمال (۸۶۹) ولا الی امرأته ﴾ ل للاشتراک فی المنافع عادة (۸۷۰) ولا تدفع المرأة الیٰ زوجها عند ابی حنیفة ﴾ ل لما ذکرنا

کے اوپر خرچ کرنا ہوا، اس لئے ان لوگوں کو زکوۃ دینا جائز نہیں ہے۔

**وجه**: (۱) ان لوگوں کے ساتھ اتنا گہرا رابطہ ہوتا ہے کہ ان کا نان ونفقہ بھی اپنے ہی ذمہ ہوتا ہے۔ اس لئے ان لوگوں کو دینا گویا کہ زکوۃ کا مال اپنے ہی پاس رکھ لینا ہے۔ اس لئے زکوۃ کا مال ان لوگوں کو دینے سے زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی (۲) عن علی بن طالب : لیس لولد و لا والد حق فی صدقة مفروضة ، و من کان له ولد أو والد فلم یصله فهو عاق ۔ (سنن بیہقی، باب لایعطیها من تلزمه نفقته من ولده ووالدیه من سہم الفقراء والمساکین، ج سابع، ص ۴۵، نمبر ۱۳۲۲۹) اس اثر میں ہے کہ فروع یعنی اولاد، اور اصول یعنی والد وغیرہ کا حق زکوۃ میں نہیں ہے۔ (۳) اثر میں ہے کہ جن لوگوں کی کفالت کرتا ہو اور اصول و فروع میں سے ہوں ان کو زکوۃ دینے سے زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔ عن ابن عباس قال لا بأس ان تجعل زکوتک فی ذوی قرابتک مالم یکونوا فی عیالک (مصنف ابی ابی شیبة ۹۶ ما قالوا فی الرجل یدفع زکوته الی قرابته ج ثانی ص ۴۱۲، نمبر ۱۰۵۳۱ ر مصنف عبد الرزاق، باب لمن الزکوۃ ج رابع ص ۸۸ نمبر ۷۱۹۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جو قریب کے رشتہ دار ہوں اور اس کی قدرتی طور پر کفالت بھی کرتا ہو تو اس کو زکوۃ دینے سے زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔

**ترجمه**: ل اور اس لئے کہ ملک کے منافع انکے درمیان متصل ہیں اس لئے پورے طور پر تملیک متحقق نہیں ہوگی۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ باپ بیٹے، ماں بیٹے، یعنی اصول اور فروع کے درمیاں تملیک متصل ہوتی ہے، اور ایک کی چیز دوسرے کی گنی جاتی ہے، اور ایک دوسرے سے فائدہ اٹھاتے ہیں، اس لئے ان لوگوں کو دینے سے پورے طور پر دوسرے کو مالک بنانا نہیں پایا گیا، اس لئے ان کو دینے سے زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔

**ترجمه**: (۸۶۹) اور زکوۃ نہ اپنی بیوی کو دے۔

**ترجمه**: ل اس لئے کہ عادۃ دونوں کے منافع مشترک ہوتے ہیں۔

**تشریح**: شوہر عموما بیوی کے مال سے فائدہ اٹھاتا ہے، اور بیوی کا مال شوہر کا مال شمار کیا جاتا ہے، اس لئے بیوی کو دینے سے گویا کہ اپنے پاس ہی زکوۃ رکھ لی، اس لئے بیوی کو زکوۃ دینا جائز نہیں ہے۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ ابھی اوپر اثر گزرا کہ جسکی کفالت کرتا ہو اس کو زکوۃ دینا درست نہیں ہے، اور بیوی کی کفالت کرتا ہے اس لئے بیوی کو زکوۃ دینا درست نہیں ہوگا۔

**ترجمه**: (۸۷۰) اور زکوۃ نہ دے عورت اپنے شوہر کو امام ابو حنیفہ کے نزدیک۔

**ترجمه**: ل اس اثر کی وجہ سے جو ہمنے ذکر کیا۔

۲ وقالا: تدفع الیه لقوله علیه السلام لک اجر ان اجر الصدقة واجر الصلة قاله لامرأة ابن مسعود وقد سألته عن التصدق علیه. ۳ قلنا هو محمول علی النافلة

**وجه**: (۱) امام اعظم کی دلیل اوپر یہ اثر ہے۔ عن ابن عباس قال لا بأس ان تجعل زکوتک فی ذوی قرابتک مالم یکونوا فی عیالک (مصنف ابی ابی شیبۃ ۹۶ ما قالوا فی الرجل یدفع زکوتہ الی قرابتہ ج ثانی ص ۴۱۲، نمبر ۱۰۵۳۱ رمصنف عبد الرزاق، باب لمن الزکوۃ ج رابع ص ۸۸ نمبر ۷۱۹۳) اس اثر میں ہے کہ جو کفالت میں ہوان کو زکوۃ نہیں دے سکتے۔ اور بیوی شوہر کی کفالت میں ہے اس لئے زکوۃ اس پر ہی لوٹ آئے گی۔ اس لئے اس کو زکوۃ دینے سے زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی (۲) شوہر کو دینے سے نان ونفقہ کے طور پر مال خود بیوی پر لوٹ آئے گا۔ اور بعد میں خود بیوی اس مال سے کھائے گی۔ اس لئے گویا کہ اپنی ہی جیب میں زکوۃ کا رکھنا ہوا۔ اس لئے شوہر کو زکوۃ کا مال دینا جائز نہیں۔ البتہ نفلی صدقہ شوہر کو دے سکتی ہے۔ البتہ ان رشتہ داروں کو دینا جائز ہے جنکا نفقہ انکے ذمے نہیں، جیسے بھائی، بہن، چچا چچازاد بھائی، خالہ، ماموں، سالہ سالی، ساس، سسر، ان رشتہ داروں کو زکوۃ دینا جائز ہے اور اس سے دوگنا ثواب ملے گا۔

**ترجمہ**: ۲ اور صاحبین فرماتے ہیں کہ بیوی اپنی زکوۃ شوہر کو دے سکتی ہے۔ حضورؐ کے قول کی وجہ سے کہ تمہارے لئے دو اجر ہیں ،صدقے کا اجر اور صلہ رحمی کا اجر، حضرت عبد اللہ ابن مسعودؓ کی بیوی سے کہا جب انہوں نے حضرت عبد اللہؓ پر صدقے کے بارے میں دریافت کیا۔

**وجہ**: (۱) شوہر بیوی کے عیال میں نہیں ہے۔ یعنی بیوی پر شوہر کا نان ونفقہ لازم نہیں ہے (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے .عن ابی سعید الخدری ... قالت یا نبی اللہ انک امرت الیوم بالصدقة وکان عندی حلی لی فاردت ان اتصدق به فزعم ابن مسعود انه وولده احق من تصدقت به علیهم فقال رسول الله صدق ابن مسعود زوجک وولدک احق من تصدقت به علیهم (بخاری شریف، باب الزکوۃ علی الاقارب ص ۱۹۷ نمبر ۱۴۶۲) اس حدیث میں آپ نے حضرت عبد اللہ بن مسعود کی بیوی سے فرمایا کہ تمہاری اولاد اور تمہارا شوہر تمہارے صدقے کا زیادہ حقدار ہے یعنی زکوۃ کا، اس لئے بیوی شوہر کو زکوۃ دے تو جائز ہے۔ (۳) مسلم شریف کی اس حدیث میں اس طرح ہے .عن زینب امرأة عبد الله قالت قال رسول الله ﷺ تصدقن یا معشر النساء! ....فقال رسول الله ﷺ ای الزیانب؟ قال امرأة عبد الله، فقال له رسول الله ﷺ: لهما اجران: اجر القرابة وأجر الصدقة. (مسلم شریف، باب فضل النفقة والصدقة علی الاقربین والزوج، ص ۴۰۵، نمبر ۱۰۰۰ رنمبر ۲۳۱۸) اس حدیث میں ہے کہ دو اجر ملیں گے۔

**ترجمہ**: ۳ ہم اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہ صدقہ نافلہ پر محمول ہے۔

**تشریح**: امام اعظم اس کا جواب دیتے ہیں کہ یہ صدقۂ نافلہ کے بارے میں ہے جو ہم بھی جائز کہتے ہیں۔

(۸۷۱) قال: ولا يدفع الیٰ مدبره ومكاتبه وام ولده ﴾ ل لفقدان التمليك اذ كسب المملوك لسيده وله حق في كسب مكاتبه فلم يتم التمليك (۸۷۲) ولا الیٰ عبد قد اعتق بعضه ﴾

**ترجمه**: (۸۷۱) اور زکوۃ نہ دے اپنے مدبر غلام کو اور اپنے مکاتب غلام کو، اور اپنی ام ولد کو۔

**ترجمه**: ل تملیک نہ ہونے کی وجہ سے، اس لئے کہ مملوک کی کمائی اس کے آقا کے لئے ہے، اور یہ بات بھی ہے کہ مکاتب غلام کی کمائی میں آقا کا حق ہے اس لئے غلام کی ملکیت مکمل نہیں ہوئی۔

**تشریح**: دوسرے کے مکاتب کو تو زکوۃ دے سکتا ہے تا کہ وہ مال کتابت ادا کر کے آزادگی حاصل کر لے لیکن اپنے مکاتب غلام کو زکوۃ نہیں دے سکتا، کیونکہ اس زکوۃ کی رقم پھر مالک کی طرف آجائے گی، تو زکوۃ دینے والے کی زکوۃ واپس اسی کی طرف آگئی اس لئے مکاتب کو مکمل طور پر زکوۃ کا مالک بنانا نہیں پایا گیا اس لئے اپنے مکاتب کو زکوۃ نہیں دے سکتا، اسی طرح اپنے مدبر غلام کو زکوۃ نہیں دے سکتا، اس لئے کہ اس غلام کا پیسہ تو پھر مالک کا ہی ہو جائے گا۔ اسی طرح اپنی ام ولد باندی کو زکوۃ نہیں دے سکتا، کیونکہ اس باندی کا پورا مال آقا کا ہے اس لئے ان کی زکوۃ انہیں کی طرف واپس ہوگئی، تو پورے طور پر زکوۃ کا مالک بنانا نہیں پایا گیا، اس لئے ان لوگوں کو زکوۃ نہیں دے سکتے۔

**وجه**: (۱) عن الثوری قال.... ولا تعطيها مكاتبك (مصنف عبد الرزاق، باب لمن الزکاۃ، ج رابع ص ۸۹ نمبر ۷۲۰۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ اپنے مکاتب کو زکوۃ مت دو اس لئے کہ وہ اس کا غلام ہے۔ اس لئے اپنے غلام کو زکوۃ دینا جائز نہیں ہوگا۔ (۲) عن الحسن قال: لايعطى عبد و لا مشرك من الزكاة. (مصنف عبد الرزاق، باب لمن الزکاۃ، ج رابع ص ۸۹ نمبر ۷۱۹۷) اس اثر میں ہے کہ اپنے غلام کو زکوۃ نہ دے۔ کیونکہ وہ مال خود اسی کی طرف واپس آجائے گا۔

**لغت**: مکاتب: کتابت سے مشتق ہے، لکھ کر دیا ہو، یا وعدہ کیا ہو۔ جس غلام کو آقا نے کہا ہو کہ اتنا درہم ادا کرو اور آزاد ہو جاؤ، اس کو مکاتب غلام کہتے ہیں، یہ غلام رقم ادا کرنے تک آقا کا غلام ہے، لیکن اس کو تجارت کرنے کی اجازت ہوتی ہے۔ مدبر: دبر سے مشتق ہے، جسکا ترجمہ ہے بعد میں۔ آقا نے اپنے غلام سے کہا ہو کہ تم میرے مرنے کے بعد آزاد ہو اس کو مدبر غلام کہتے ہیں، اس غلام کو تجارت کرنے کی اجازت نہیں ہوتی ہے، اور آقا کے زندہ رہنے تک آقا کا غلام رہتا ہے، اس کے مرنے کے بعد آزاد ہوتا ہے۔ ام ولد: بچے کی ماں، جس باندی سے آقا نے بچہ پیدا کیا ہو اس کو ام ولد کہتے ہیں، یہ ام ولد آقا کے مرنے کے بعد آزاد ہو جاتی ہے، آقا کی زندگی تک وہ آقا کی باندی رہتی ہے۔ اور خاص غلام کو عبد کہتے ہیں۔ ان لوگوں کو آقا اپنی زکوۃ نہیں دے سکتا۔ کیونکہ اپنی جیب میں ہی رکھنا ہوا۔

**ترجمه** (۸۷۲) اپنے اس غلام کو بھی نہ دے جسکا بعض حصہ آزاد کر چکا ہو۔

۱ عند ابی حنیفة لانه بمنزلة المکاتب عنده ۲ وقالا: یدفع الیه لانه حر مدیون عندهما (۸۷۳) ولا یدفع الیٰ مملوک غنی﴾ ۱ لان الملک واقع لمولاه (۸۷۴) ولا الی ولد غنی اذا کان صغیرا ﴾ ۱ لانه یعدُّ غنیا بمال ابیه.

**ترجمہ**: ۱ امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک، اس لئے کہ مکاتب انکے نزدیک مکاتب کے درجے میں۔

**تشریح**: آقا نے اپنے غلام کا بعض حصہ آزاد کردیا تو اس کو آقا اپنی زکوۃ نہیں دے سکتا، اس کی وجہ یہ ہے کہ امام ابوحنیفہؒ کا قاعدہ یہ ہے کہ جتنا حصہ آزاد کیا اتنا ہی آزاد ہوا اور باقی حصہ ابھی بھی آقا کا غلام ہے، اس لئے اس کو دینا گویا اپنے ہی غلام کو دینا ہے، اور اوپر گزر چکا کہ آقا اپنے غلام کو زکوۃ نہیں دے سکتا، اس لئے اس کو زکوۃ نہیں دے سکتا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ یہ غلام امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک مکاتب کی طرح ہے، اور مکاتب کے بارے میں گزرا کہ آقا اپنی زکوۃ اس کو نہیں دے سکتا، اسلئے اس غلام کو بھی نہیں دے سکتا۔

**ترجمہ**: ۲ اور صاحبین نے فرمایا کہ آقا اپنی زکوۃ دے سکتا ہے۔ اس لئے کہ ان دونوں کے نزدیک غلام آزاد ہے، البتہ آقا کا مقروض ہے۔

**تشریح**: صاحبین کا قاعدہ یہ ہے کہ غلام کا کچھ حصہ بھی آزاد کیا تو پورا غلام آزاد ہوجاتا ہے، انکے یہاں آزادگی میں حصہ اور شقص نہیں ہے، البتہ جتنا حصہ آزاد نہیں ہوا اس کی قیمت کما کر آقا کو دے گا۔ اس لئے جب آقا نے کچھ حصہ آزاد کیا تو پورا غلام آزاد ہوگیا، اور اب وہ آقا کا غلام نہیں رہا، صرف آقا کا مقروض ہے، اس لئے آقا اپنی زکوۃ اس کو دے سکتا ہے، کیونکہ اس نے ایک آزاد آدمی کو زکوۃ دی۔

**ترجمہ**: (۸۷۳) اور مالدار کے مملوک کو زکوۃ نہ دے۔

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ ملک تو اس کے آقا کے لئے واقع ہوگی۔

**تشریح**: کسی دوسرے مالدار آدمی کے غلام کو زکوۃ دینا بھی جائز نہیں ہے۔ چاہے وہ غلام ہو یا اس کا مدبر ہو یا ام ولد ہو۔

**وجہ**: پیچھے گزر چکا ہے کہ مملوک کا مال مولی کا مال ہوتا ہے۔ اس لئے مالدار کے مملوک کو زکوۃ دی تو وہ مالدار مولی کے ہاتھ میں پہنچ جائے گی اور مالدار کو زکوۃ دینا جائز نہیں اس لئے مالدار کے مملوک کو بھی زکوۃ دینا جائز نہیں۔ ہاں غریب آدمی کا مملوک ہو تو اس کو دینا جائز ہے۔ کیونکہ وہ غریب مولی کے ہاتھ میں پہنچے گی۔

**ترجمہ**: (۸۷۴) مالدار آدمی کے بچے کو بھی دینا جائز نہیں ہے اگر وہ چھوٹا ہو۔

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ باپ کے مالدار ہونے کی وجہ سے وہ بھی مالدار شمار کیا جاتا ہے۔

۲ بخلاف ما اذا کان کبیرا فقیرا لانه لا یعدّ غنیا بیسار ابیه وان کانت نفقته علیه ۳ وبخلاف امرأة الغنی لانها وان کانت فقیرة لا تعد غنیة بیسار زوجها وبقدر النفقة لا تصیر موسرة

(۸۷۵) ولا تدفع الی بنی هاشم ۱ لقوله علیه السّلام یا بنی هاشم ان الله تعالیٰ حرم علیکم

**تشریح**: اسی طرح مالدار آدمی کا نابالغ بچہ مالدار کی کفالت میں ہوتا ہے اور گویا کہ باپ ہی اس کے مال کا مالک ہوتا ہے، اس لئے مالدار کے بچے کے ہاتھ میں زکوۃ دینا گویا کہ مالدار کے ہاتھ میں مال دینا ہے۔ اس لئے مالدار کے چھوٹے بچے کو زکوۃ دینا جائز نہیں ہے (۲) دوسری وجہ یہ ہے کہ باپ کے مالدار ہونے کی وجہ سے چھوٹا بچہ بھی مالدار شمار کیا جاتا ہے، اس لئے بھی مالدار کے بچے کو زکوۃ دینا جائز نہیں ہے۔ مالدار کے لئے زکوۃ جائز نہیں ہے اس کے لئے یہ حدیث ہے ۔ عن عبد الله بن عمر و عن النبی ﷺ قال : لاتحل الصدقة لغنی و لا ذی مرة سوی (ابوداؤد شریف، باب من یعطی من الصدقة وحد الغنی، ص ۲۴۱، نمبر ۱۶۳۴ / ترمذی شریف، باب ما جاء من لاتحل لہ الصدقة، ص ۱۶۷، نمبر ۶۵۲) اس حدیث میں ہے کہ مالدار کے لئے زکوۃ حلال نہیں ہے۔

**اصول**: نابالغ بچہ باپ کے ساتھ شمار کیا جاتا ہے۔

**ترجمہ**: ۲ بخلاف جبکہ بڑا ہو اور فقیر ہو، اس لئے کہ باپ کے مالدار ہونے کی وجہ سے بیٹا مالدار شمار نہیں کیا جاتا ہے۔ چاہے بڑے بیٹے کا نفقہ باپ پر ہی کیوں نہ ہو۔

**تشریح**: مالدار کا بیٹا بالغ ہو چکا ہے اور وہ ذاتی طور پر غریب ہے تو اس کو زکوۃ دینا جائز ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ باپ کے مالدار ہونے کی وجہ سے بڑا بیٹا مالدار شمار نہیں کیا جاتا ہے، چاہے بڑے بیٹے کا نان ونفقہ باپ پر ہو لیکن شریعت کی نظر میں وہ غریب ہے اس لئے اس کو زکوۃ دینا جائز ہے۔

**ترجمہ**: ۳ بخلاف مالدار آدمی کی بیوی کے، اس لئے کہ اگر وہ فقیر ہے تو اپنے شوہر کے مالدار ہونے کی وجہ سے مالدار شمار نہیں کی جاتی ہے، اور نفقہ کی مقدار لینے سے مالدار نہیں ہوتی۔

**تشریح**: مالدار آدمی کی بیوی اگر غریب ہے تو اس کو زکوۃ دی جا سکتی ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ شوہر کے مالدار ہونے کی وجہ سے بیوی مالدار شمار نہیں ہوتی، اس لئے بیوی تو ذاتی طور پر فقیر ہی ہے۔ باقی رہا مالدار شوہر جو نفقہ دیتا ہے اس سے بیوی مالدار نہیں ہو پاتی کیونکہ وہ تو کھانے میں خرچ ہو جائے گا۔ اس لئے اس کو زکوۃ دی جا سکتی ہے۔ یسار : یسر سے مشتق ہے، مالدار، آسانی۔

**ترجمہ**: (۸۷۵) اور زکوۃ نہ دے بنی ہاشم کو۔

**ترجمہ**: ۱ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے اے بنی ہاشم اللہ نے تم پر لوگوں کا دھوون اور ان کا میل کچیل حرام کر دیا ہے اور

غُسالة الناس و اوساخهم و عوّضكم منها بخمس الخمس ۲ـ بخلاف التطوع لان المال ههنا كالماء يتدنس باسقاط الفرض اما التطوع بمنزلة التبرد بالماء.

اس کے عوض تم کو خمس کا خمس دیا۔

**تشریح** : اس عبارت میں ہے کہ بنی ہاشم کو زکوۃ نہ دے، اور اگلے متن میں جو اس کی تفصیل ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہاشم کے بیٹے عبد المطلب کے تیرہ ۱۳ بیٹے تھے یعنی حضورؐ کے بارہ ۱۲ چچا تھے ان میں سے صرف تین کی اولاد کو زکوۃ نہ دے۔ اس لئے کہ انہیں تینوں نے حضور کا پورا ساتھ دیا تھا، اور انہیں تینوں کے لئے خمس کا پانچواں حصہ ہے، اور حضور کی حدیث میں انہیں تینوں کو مخاطب کر کے زکوۃ سے منع فرمایا ہے، چونکہ باقی چچاؤں کو زکوۃ سے منع نہیں فرمایا، اور نہ انکی اولاد کو منع فرمایا اس لئے انکے لئے زکوۃ لینا جائز ہے۔

**وجه** : (۱) پہلے حدیث میں گزر چکا ہے کہ آل ہاشم اور ان کے آزاد کردہ غلام کے لئے زکوۃ جائز نہیں ہے۔ اس لئے کہ یہ لوگوں کا میل ہے اور میل آل رسول کے لئے کھانا اچھا نہیں ہے (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ أن اباه ربيعة بن الحارث بن عبد المطلب و العباس بن عبد المطلب قالا لعبد المطلب بن ربيعة و للفضل بن عباس : أتيا رسول الله . ... ثم قال رسول الله لنا ان هذه الصدقات انما هي اوساخ الناس وانها لا تحل لمحمد ولا لآل محمد، (مسلم شریف، باب تحریم الزکوۃ علی رسول اللہ ﷺ و علی آلہ و ھم بنو ہاشم و بنو عبد المطلب دون غیر ھم ص ۳۴۵ نمبر ۲۴۸۱/۱۰۷۲ رترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ الصدقۃ للنبی ﷺ واہل بیتہ وموالیہ ص ۱۴۲ نمبر ۶۵۷) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ جس کا تذکرہ اوپر ہوا ان کے لئے زکوۃ جائز نہیں ہے۔ اس حدیث میں یہ بھی غور فرمائیں کہ عبد المطلب جو آپؐ کے دادا ہیں انکے بیٹے حضرت حارث بن عبد المطلب، اور حضرت عباس بن عبد المطلب، جو آپؐ کے چچا ہوتے ہیں انکو زکوۃ لینے سے منع فرمایا ہے۔ (۳) خود حضرت علیؓ کی اولاد کے لئے زکوۃ جائز نہیں ہے اس کی دلیل یہ حدیث ہے سمعت أبا هريرةؓ قال: أخذ الحسن بن عليؓ تمرة من تمرة الصدقة فجعلها في فيه، فقال النبي ﷺ ((كخ كخ)) ليطرحها، ثم قال: أما شعرت أنا لا نأكل الصدقة؟۔ (بخاری شریف، باب مایذکر فی الصدقۃ للنبی ﷺ وآلہ، ص ۲۴۲، نمبر ۱۴۹۰) اس حدیث میں حضرت علیؓ کے بیٹے حضرت حسنؓ کو زکوۃ کے کھجور کھانے سے منع فرمایا۔

**ترجمه** : ۲ بخلاف نفلی صدقہ کے، اس لئے کہ مال یہاں پانی کی طرح ہے، فرض ساقط کرنے میل والا ہوتا ہے، رہا نفلی صدقہ تو وہ پانی سے ٹھنڈک حاصل کرنے کے مرتبے میں ہے۔

**تشریح** : نفلی صدقہ جسکو ہدیہ کہتے ہیں حضورؐ کو اور حضور کی اولاد کو دے سکتے ہیں، اس کی ایک مثال صاحب ھدایہ نے دی ہے

(٨٧٦) قال وهم ال علی وال العباس وال جعفر وال عقیل وال الحارث ابن عبد المطلب وموالیهم ﴾ ل اما ھؤلاء فلانھم ینسبون الیٰ ھاشم بن عبد مناف ونسبة القبیلة الیه

کہ مال کو یوں سمجھو جیسے کہ پانی، فرض غسل یا فرض وضو کے لئے پانی استعمال کیا ہو تو اس سے پانی ناپاک ہو جائے گا، اور اس کو دوبارہ وضو یا غسل کے لئے استعمال کرنا جائز نہیں ہوگا، اور پہلے سے غسل یا وضو ہو اور ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے پانی استعمال کیا ہو تو اس پانی سے دوبارہ وضو اور غسل ہو سکتا ہے، کیونکہ یہ پانی ناپاک نہیں ہوا، اسی طرح مال کو زکوۃ کے لئے دیا ہو تو گویا کہ ناپاک ہو گیا، اس لئے حضورؐ اور اسکے آل کو دینا جائز نہیں، لیکن اگر نفلی صدقہ ہو تو گویا کہ وہ ناپاک نہیں ہے، اس لئے اس کو حضورؐ اور اسکے آل کو دینا جائز ہے۔

**وجه**: صدقہ نافلہ جسکو ھدیہ کہتے ہیں حضورؐ اور اسکے آل اور اولاد کو دینا جائز ہے، (ا) اس کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن انس ان النبی ﷺ أتی بلحم تصدق به علی بریرة فقال ھو علیھا صدقة وھو لنا ھدیة (بخاری شریف، باب اذا تحولت الصدقۃ ص ٢٠٢ نمبر ١٤٩٥ رمسلم شریف، باب اباحۃ الھدیۃ للنبی ﷺ ولبنی ہاشم وبنی المطلب، ص ٤٣٧، نمبر ١٠٧٤/ ٢٤٨٥) اس حدیث میں ہے کہ حضرت بریرہؓ نے حضورؐ کو گوشت ھدیہ دیا اور آپ نے اس کو نوش فرمایا، جس سے معلوم ہوا کہ صدقہ نافلہ فرض کے درجے میں نہیں ہے اس لئے وہ ہاشمی کو دے سکتے ہیں۔ جس حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے صدقہ نہیں کھایا اس سے مراد زکوۃ ہے، صدقہ نافلہ مراد نہیں ہے۔

**ترجمه**: (٨٧٦) بنی ہاشم میں یہ لوگ ہیں جن پر زکوۃ لینا حرام ہے۔ [ا] حضرت علیؓ کی اولاد [٢] حضرت عباسؓ کی اولاد [٣] حضرت جعفرؓ کی اولاد [٤] حضرت عقیلؓ کی اولاد [٥] حضرت حارثؓ کی اولاد، کیونکہ یہ سب عبد المطلب کی اولاد ہیں، اور انکے آزاد کردہ غلام۔

**ترجمه**: ل بہر حال یہ لوگ تو اس لئے کہ یہ ہاشم بن عبد مناف کی طرف منسوب ہیں، اور قبیلہ کی نسبت ہاشم کی طرف ہے۔

**تشریح**: ہاشم حضورؐ کے پردادا کا نام ہے، اسی کی طرف منسوب کر کے ان حضرات کو ہاشمی کہتے ہیں جن کے لئے زکوۃ لینا حرام ہے، لیکن ہاشم کے تمام اولاد کے لئے زکوۃ لینا حرام نہیں ہے، بلکہ ہاشم کے بیٹے عبد المطلب جو حضورؐ کے دادا ہیں، انکے تیرہ ١٣ بیٹے ہیں ان میں سے صرف چار بیٹوں کی اولاد کے لئے زکوۃ لینا حرام ہے۔ خود حضورؐ کی اولاد، اور باقی تین چچا کی اولاد [ا] چچا حضرت عباسؓ بن عبد المطلب کی اولاد [٢] چچا ابو طالب کی تین بیٹے (ا) حضرت علیؓ بن ابی طالب کی اولاد (٢) حضرت جعفرؓ بن ابی طالب کی اولاد (٣) حضرت عقیلؓ بن ابی طالب کی اولاد اور [٣] چچا حارث بن عبد المطلب کی اولاد۔ باقی نو ٩ چچا، جیسے ابو لہب کی اولاد کے لئے زکوۃ لینا جائز ہے۔

**۲ واما موالیهم فلما روی ان مولی لرسول الله صلی الله علیه وسلم سأله اتحل لی الصدقة فقال لا انت مولانا**

آپؐ کے چچا، یعنی آپ کے دادا عبد المطلب کے تیرہ بیٹے یہ ہیں [۱] عبد الکعبہ [۲] ضرار [۳] قثم [۴] الزبیر [۵] المقدم [۶] حجل [۷] الغیداق [۸] ابولہب [۹] الحارث [۱۰] حمزہ [۱۱] عباس [۱۲] ابوطالب [۱۳] حضورؐ کے والد ماجد عبد اللہ۔ آخیر کے چار بیٹوں کی اولاد پر زکوۃ حرام ہے۔

آپؐ کی پھوپھی یعنی عبد المطلب کی بیٹیاں چھ ہیں۔[۱] ام حکیم بیضاء [۲] امیمہ [۳] اروی [۴] برہ [۵] عاتکہ [۶] صفیہ۔

**وجه** :(۱) **سمعت زید بن ارقم یقول قام فینا رسول الله ﷺ ذات یوم خطیبا فحمد الله و اثنی علیه ....قال حصین لزید : و من اهل بیته ، نسائه من اهل بیته ؟ قال بلی ان نسائه من اهل بیته و لکن اهل بیته من حرم الصدقة بعده ، قال : و من هم؟ قال : آل علی ، و آل عقیل ، و آل جعفر و آل عباس ، قال : کل هؤلاء تحرم علیهم الصدقة قال نعم .** (سنن بیہقی، باب بیان آل محمد ﷺ الذین تحرم علیہم الصدقۃ المفروضۃ، ج سابع، ص ۴۸، نمبر ۱۳۲۲۸) اس حدیث میں ہے کہ: آل علی، وآل عقیل، وآل جعفر وآل عباس حضورؐ کے اہل بیت میں سے ہیں اوران پر زکوۃ حرام ہے۔

**ترجمہ** : ۲ بہر حال ہاشمی کے آزاد کردہ غلام کے بارے میں تو روایت ہے کہ حضورؐ کے آزاد کردہ غلام نے پوچھا کہ کیا میرے لئے زکوۃ حلال ہے؟ تو فرمایا کہ نہیں، تم میرے آزاد کئے ہوئے غلام ہوئے۔ مولی: کا ترجمہ ہے آزاد کیا ہوا غلام۔

**تشریح** : صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ **عن ابی رافع ان رسول الله ﷺ بعث رجلا من بنی مخزوم علی الصدقة ... فقال ان الصدقة لا تحل لنا وان موالی القوم من انفسهم** (ترمذی شریف، باب ماجاء فی کراہیۃ الصدقۃ للنبی واہل بیتہ وموالیہ ص ۱۴۲ نمبر ۶۵۷ / ابو داود شریف، باب الصدقۃ علی بنی ہاشم، ص ۲۴۵، نمبر ۱۶۵۰) اس سے معلوم ہوا کہ آزاد کردہ غلام کا شمار اسی قوم میں ہوتا ہے۔ اس لئے بنو ہاشم کے آزاد کردہ غلام کے لئے زکوۃ جائز نہیں۔ حضرت ابو رافع آپؐ کا آزاد کیا ہوا غلام تھے۔ انکے لئے فرمایا کہ تم بھی میری قوم میں سے ہو اس لئے تم بھی زکوۃ کا مال مت لو۔

**نوٹ** : اس زمانے میں حالت ابتر ہوگئی ہے اور کوئی راستہ نہیں ہو تو بنو ہاشم کو زکوۃ دینے کی گنجائش بعض مفتیان کرام نے دی ہے۔(۱) آزاد کردہ غلام باندی کو صدقہ دینے کی یہ حدیث ہے۔ **عن انس ان النبی ﷺ اتی بلحم تصدق به علی بریرة فقال هو علیها صدقة وهو لنا هدیة** (بخاری شریف، باب اذا تحولت الصدقۃ ص ۲۰۲ نمبر ۱۴۹۵) اس حدیث میں ہے کہ آپ کی آزاد کردہ باندی کو زکوۃ دی گئی۔ (۲) اثر میں ہے۔ **عن ابی جعفر قال : لابأس بالصدقة من بنی هاشم بعضهم علی بعض۔** (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب مارخص فیہ من الصدقۃ علی بنی ھاشم، ج ثانی، ص ۴۳۲، نمبر ۱۰۷۳۵) اس اثر میں ہے کہ بنی ہاشم

۳ بخلاف ما اذا اعتق القريشي عبدا نصرانيا حيث توخذ من الجزية ويعتبر حال المعتق لانه القياس و الالحاق بالمولیٰ بالنص و قد خص الصدقة(۸۷۷) قال ابو حنيفة و محمد اذا دفع الزكوٰة الیٰ رجل يظنه فقيرا ثم بان انه غني او هاشمي او كافر او دفع في ظلمة فبان انه ابوه او ابنه فلا اعادة عليه ﴾

ایک دوسرے کوزکوۃ دے سکتے ہیں،تو اس پر قیاس کر کے بہت غربت ہوتو دوسروں کی زکوۃ بھی بنی ہاشم کو دے سکتے ہیں۔

**ترجمہ**: ۳ بخلاف جبکہ قریشی نے نصرانی غلام کو آزاد کیا ہو تو اس سے جزیہ لیا جائے گا اور آزاد کئے ہوئے غلام کی حالت کا اعتبار کیا جائے گا، قیاس کا تقاضا یہی ہے، اور آزاد کردہ غلام کو خاندان کے ساتھ ملایا وہ نص کی وجہ سے ہے، اور صرف زکوۃ کے بارے میں خاص ہے۔

**تشریح**: ہاشمی کا آزاد کیا ہوا غلام مسلمان ہو تو وہ زکوۃ نہ لے، لیکن اگر وہ کافر ہو تو اس پر جزیہ لازم ہوگا۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ جزیہ کے بارے میں خود آزاد کیا ہوا غلام کی حالت کا اعتبار کیا جائے گا، اور وہ کافر ہے اس لئے اس سے جزیہ لیا جائے گا، قیاس کا تقاضا یہی ہے۔ اور زکوۃ کے سلسلے میں آزاد کئے ہوئے غلام کو آزاد کرنے والے خاندان کے ساتھ ملایا وہ حدیث کی بنا پر ہے، اور حدیث میں صرف زکوۃ کے بارے میں ملایا ہے، اس لئے اسی کے ساتھ خاص رہے گا، جزیہ کے بارے میں نہیں کہا جائے گا کہ چونکہ اسکے آزاد کرنے والے پر جزیہ نہیں ہے اس لئے آزاد کئے ہوئے غلام پر بھی نہ ہو۔

**وجہ**: (۱) اس اثر میں اس کا ثبوت ہے۔ أن عمر بن عبد العزيز أخذ الجزية من نصرانی أعتقه مسلم۔ مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ما قالوا فی الرجل یعتق العبد النصرانی، ج ثانی، ص ۴۱۹، نمبر ۱۰۶۰۳) اس اثر میں ہے کہ ذمی غلام کو آزاد کیا ہو تو اس پر جزیہ ہوگا۔ (۲) قیاس کا تقاضا بھی یہی ہے کہ وہ کافر ہے تو اس سے جزیہ لیا جائے، تا کہ ایک قسم کی سزا ہو جائے۔ ۔ معتق: فتحہ کے ساتھ آزاد کیا ہوا۔

**ترجمہ**: (۸۷۷) امام ابو حنیفہ اور امام محمد نے فرمایا اگر زکوۃ ایک آدمی کو دے یہ گمان کرتے ہوئے کہ وہ فقیر ہے پھر ظاہر ہوا کہ وہ مالدار ہے، یا ہاشمی ہے، یا کافر ہے، یا اندھیرے میں فقیر کو دیا پھر ظاہر ہوا کہ وہ اس کا باپ ہے، یا اس کا بیٹا ہے تو اس پر زکوۃ کا لوٹانا نہیں ہے۔

**تشریح**: کسی نے فقیر گمان کرتے ہوئے زکوۃ دیا کہ یہ مستحق ہے لیکن بعد میں معلوم ہوا کہ یہ مستحق نہیں ہے پھر بھی اگر تحقیق کے بعد دیا تھا اور بعد میں خطا ظاہر ہوگئی تو زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔ حنفیہ کے نزدیک دوبارہ دینے کی ضرورت نہیں۔

**وجہ**: (۱) صاحب ہدایہ کی حدیث یہ ہے۔ ان معن بن يزيد حدثه ... و كان ابی يزيد اخرج دنانير يتصدق بها

(۸۷۸) وقال ابو يوسف عليه الاعادة ﴾ ۱ لظهور خطائه بيقين وامكان الوقف على هذاه الاشياء وصار كالاواني والثياب ۲ ولهما حديث مَعْن بن يزيد فانه عليه السّلام قال فيه يا يزيد لکَ ما

فوضعها عند رجل فى المسجد فجئت فاخذتها فاتيته بها فقال والله ما اياک اردت فخاصمته الى رسول الله فقال لک مانويت يا يزيد ولک ما اخذت يا معن (بخاری شریف، باب اذا تصدق علی ابنہ وھولایشعر ص ۱۹۱ نمبر ۱۴۲۲) اس حدیث میں باپ کی زکوۃ بھول سے بیٹے کو پہنچ گئی پھر بھی آپؐ نے باپ سے فرمایا کہ تم نے جونیت کی ہے اس کی ادائیگی ہو جائے گی (۲) عن الحسن فى الرجل يعطى زكوته الى فقير ثم يتبين له انه غنى قال اجزى عنه. (مصنف ابن ابی شیبۃ ۹۷ ما قالوا فی الرجل یعطی زکوتہ لغنی وھو لایعلم ج ثانی ص ۴۱۳، نمبر ۱۰۵۴۳) اس اثر سے معلوم ہوا کہ بھول سے غریب سمجھ کر مالدار کو زکوۃ دے تو زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔

**ترجمه**: (۸۷۸) امام ابو یوسف نے فرمایا اس پر زکوۃ کو لوٹانا ہے۔

**ترجمه**: ۱ یقینی طور پر غلطی ظاہر ہونے کی وجہ سے، اور ان چیزوں پر واقف ہونا ممکن ہونے کی وجہ سے، اور ایسا ہو گیا جیسے کہ برتن اور کپڑا۔

**تشريح**: یعنی بھول کر غیر مستحق کو دی اور بعد میں ظاہر ہوا تو امام ابو یوسفؒ کے نزدیک زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوئی، دوبارہ ادا کرنی ہوگی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یقینی طور پر غلطی معلوم ہوگئی کہ مستحق تک زکوۃ نہیں پہونچی ہے، حالانکہ یہ معلوم کرنا ممکن تھا کہ یہ مستحق ہے یا نہیں ہے۔ اس کی دو مثال دے رہے ہیں [۱] ایک یہ کہ ناپاک پانی اور غیر ناپاک پانی دونوں قسم کے برتن تھے ایک آدمی نے تحری کر کے ایک برتن کے پانی سے وضو کیا، اور نماز پڑھی، بعد میں پتہ چلا کہ وہ پانی ناپاک تھا تو وہ نماز کافی نہیں ہوگی دوبارہ نماز پڑھنی ہوگی، اسی طرح یہاں بھی دوبارہ زکوۃ دینی ہوگی، [۲] دوسری مثال یہ ہے کہ دو قسم کے کپڑے تھے، ناپاک اور پاک، ایک آدمی نے تحری کر کے ایک کپڑا پہن کر نماز پڑھی، بعد میں پتہ چلا کہ وہ کپڑا ناپاک تھا تو نماز دوبارہ پڑھنی ہوگی، اسی طرح یہاں بھی پتہ چلا کہ غیر مستحق کو زکوۃ دی تو زکوۃ دوبارہ دینی ہوگی۔

**وجه**: (۱) غریب کو مالک بنانا ضروری تھا اور وہ نہیں ہوا اور مستحق تک زکوۃ نہیں پہنچی اس لئے زکوۃ دوبارہ ادا کرنی ہوگی (۲) عن ابراهيم فى الرجل يعطى زكوته الغنى وهو لايعلم قال لايجزيه (مصنف ابن ابی شیبۃ ۹۵ ما قالوا فی الرجل یعطی زکوتہ لغنی وھو لایعلم ج ثانی ص ۴۱۳، نمبر ۱۰۵۴۴) اس اثر سے معلوم ہوا کہ زکوۃ بھول کر غیر مستحق کو دیدی تو زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔

**اصول**: زکوۃ مستحق کو نہ پہنچے چاہے بھول کر بھی ہو تو زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔

**ترجمه**: ۲ امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کی دلیل معن بن یزید کی حدیث ہے کہ حضور علیہ السلام نے اس میں فرمایا کہ اے یزید تمہارے لئے وہ ہے جو تم نے نیت کی، اور اے معن تمہارے لئے وہ ہے جو تم نے لیا، حالانکہ انکے باپ کے وکیل نے باپ کی زکوۃ

نویت ویا معن لک ما اخذت وقد دفع الیه وکیل ابیه صدقته ۳؎ ولان الوقوف علیٰ هذا الاشیاء بالاجتهاد دون القطع فیبنی الامر فیها علیٰ ما یقع عنده کما اذا اشتبهت علیه القبلة ۴؎ و عن ابی حنیفة فی غیر الغنی انه لا یجزیه والظاهر هو الاول ۵؎ وهٰذا اذا تحری ودفع وفی اکبر رأیه انه

انکو دیا تھا۔

**تشریح** : حدیث یہ ہے۔ ان معن بن یزید حدثه ... وکان ابی یزید اخرج دنانیر یتصدق بها فوضعها عند رجل فی المسجد فجئت فاخذتها فاتیته بها فقال والله إما ایاک اردت ،فخاصمته الی رسول الله فقال لک ما نویت یا یزید ولک ما اخذت یا معن (بخاری شریف، باب اذا تصدق علی ابنه وھو لا یشعر ص۱۹۱ نمبر۱۴۲۲) اس حدیث میں ہے کہ باپ نے جونیت کی ہے یعنی زکوۃ کی وہ ادا ہوگئی۔

**ترجمہ** : ۳؎ اور اس لئے کہ ان باتوں پر واقف ہونا بطور اجتہاد کے ہے یقینی طور پر نہیں اس لئے ان باتوں کی بنیاد اسی اجتہاد پر ہو گی جو اس کے نزدیک واقع ہے۔ جیسے کہ جبکہ نمازی پر قبلہ مشتبہ ہو جائے۔

**تشریح** : یہ امام ابو یوسفؒ کو جواب ہے، انہوں نے فرمایا تھا کہ لینے والا مالدار ہے یا غریب، ہاشمی ہے یا غیر ہاشمی، کافر ہے یا مسلمان، بیٹا ہے یا غیر بیٹا، ان باتوں کا یقینی طور پر معلوم کرنا ممکن ہے اس لئے دوبارہ زکوۃ دے، اس کا جواب دیا جا رہا ہے کہ ان باتوں کو یقینی طور پر معلوم کرنا ممکن نہیں ہے بلکہ بطور اجتہاد ہی معلوم کر سکتا ہے، اور اسی پر معاملے کی بنیاد رکھ سکتا ہے، اور جب اس پر بنیاد رکھ دیا اور تحری کر کے زکوۃ دے دی تو اب غلطی ظاہر ہونے کے بعد دوبارہ دینے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ اتنا ہی کا وہ مکلّف ہے۔ اسکی مثال یہ ہے کہ کسی پر قبلہ مشتبہ ہو جائے تو اس کے ذمے تحری کرنا ہوتا ہے اور تھوڑا غور خوض کرنا ہوتا ہے، اب تحری کر کے نماز پڑھ لی اور بعد میں پتہ چلا کہ قبلہ کا رخ غلط تھا تب بھی نماز دہرانے کی ضرورت نہیں ہے، اسی طرح یہاں غلطی کا پتہ چلا تو زکوۃ دوبارہ دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

**ترجمہ** : ۴؎ مالدار کے علاوہ میں حضرت امام ابو حنیفہؒ کی ایک روایت یہ ہے کہ زکوۃ دینا کافی نہیں ہوگا۔ لیکن ظاہر قول پہلا ہی ہے۔

**تشریح** : امام ابو حنیفہؒ کی ایک دوسری روایت یہ ہے کہ مالدار کو تحری کرنے کے بعد دیا ہو تو کافی ہو جائے گی لیکن مالدار کے علاوہ مثلا ہاشمی کو دے دیا، یا کافر کو دے دیا، یا باپ کو دے دیا، یا بیٹے کو دے دیا تو کافی نہیں ہوگی حضرت امام ابو یوسفؒ کی طرح دو بارہ دینا ہوگا۔ لیکن ظاہر قول پہلا ہی ہے۔

**ترجمہ** : ۵؎ یہ کافی ہونا اس صورت میں ہے کہ تحری کیا ہو اور غالب گمان یہ ہو کہ یہ مصرف ہے [اور پھر دیا ہو تو زکوۃ ادا ہو گی]۔ اور

مصرف اما اذا شک ولم یتحر او تحری فدفع وفی اکبر رأیه انه لیس بمصرف لا یجزیه الا اذا علم انه فقیر هو الصحیح (۸۷۹) ولو دفع الیٰ شخص ثم علم انه عبده او مکاتبه لا یجزیه

لے لانعدام التملیک لعدم اهلیة الملک وهو الرکن علیٰ ما مر (۸۸۰) ولا یجوز دفع الزکوٰة

اگر شک ہوا اور تحری نہ کیا ہو، یا تحری کر کے دیا ہو اور غالب گمان یہ ہو کہ یہ مصرف نہیں ہے تو کافی نہیں ہے، ہاں اگر فقیر ہی کو دیا ہو تو کافی ہو جائے گی، صحیح یہی ہے

**تشریح**: اوپر امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا ہے کہ مالدار، ہاشمی، کافر، باپ، یا بیٹا کو زکوۃ دی ہو تو کافی ہو جائے گی۔ لیکن یہ اس صورت میں ہے کہ تحری کرنے کے بعد یعنی غور خوض کے بعد دیا ہو اور دینے والے کی اکبر رائے یعنی غالب گمان یہ ہو کہ جسکو دے رہا ہوں وہ مصرف ہے تب زکوۃ ادا ہوگی۔ لیکن [۱] اگر غور خوض ہی نہیں کیا ہو اور دے دیا ہو، [۲] یا غور خوض کیا اور اس کا غالب گمان یہ تھا کہ یہ مصرف نہیں ہے ، [۳] یا شک تھا کہ مصرف ہے یا نہیں پتہ نہیں پھر بھی دے دیا تو امام ابو حنیفہؒ کے یہاں بھی زکوۃ ادا نہیں ہوگی۔ کیونکہ یہاں اصول یہ ہے کہ تحری کیا ہو اور تحری میں غالب گمان یہ ہو کہ یہ مصرف ہے پھر دیا ہو اور بعد میں غلطی ظاہر ہوئی ہو تو زکوۃ ادا ہو جائے گی کیونکہ اسکی قوت میں اتنا ہی کرنا تھا۔

لیکن اگر بغیر تحری کے دیا، یا شک میں ہی دے دیا اور بعد میں پتہ چلا کہ فقیر کو ہی دیا ہے تو زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ فقیر کو ہی دینا تھا اور اسی کو دیا تو زکوۃ ادا ہو جائے گی۔ صحیح یہی ہے۔ اکبر رؤیہ: غالب گمان۔ تحری: غور خوض کرنا تحری کرنا۔

**ترجمہ**: (۸۷۹) اور اگر زکوۃ کسی شخص کو دی پھر معلوم ہوا کہ وہ اس کا اپنا غلام ہے یا اس کا مکاتب ہے تو بالاتفاق جائز نہیں ہوگی۔

**ترجمہ**: لے مالک بنانا نہ ہونے کی وجہ سے، کیونکہ ان میں ملک کی اہلیت نہیں ہے، حالانکہ یہ فرض ہے جیسے کہ گزر گیا۔

**تشریح**: زکوۃ ادا ہونے کے لئے یہ رکن اور فرض تھا کہ کسی غریب کو مالک بناتے، اور غلام میں مالک بننے کی صلاحیت ہی نہیں ہے، اس کی ملک آقا کی ملک ہے، اور جب مالک نہیں بنایا تو زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔ اور مکاتب میں مالک بننے کی صلاحیت ہے، لیکن یہ مال بعد میں مال کتابت کے طور پر آقا کے پاس ہی جائے گا، تو اپنا مال اپنے ہی پاس لوٹ آیا تو دوسرے کو مالک بنانا اس صورت میں بھی نہیں پایا گیا اس لئے اپنے مکاتب یا غلام کو بھول سے دے دیا اور بعد میں معلوم ہوا کہ یہ میرا غلام یا مکاتب تھا تو بالاتفاق زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوئی زکوۃ دوبارہ دے۔ کیونکہ مال اپنے ہی پاس رہا۔

**اصول**: غلام کی ملکیت خود مولی کی ملکیت ہے۔

**ترجمہ**: (۸۸۰) زکوۃ کا دینا جائز نہیں ہے اس آدمی کو جو نصاب کا مالک ہو چاہے جس مال کا ہو۔

الیٰ من یملک نصابا من ایّ مال کان﴾ لے لان الغنی الشرعی مقدربہٖ و الشرط ان یکون فاضلاً عن الحاجة الاصلیة

**تشریح**: اپنی حاجت اصلیہ سے زیادہ ہواور کوئی بھی مال نصاب زکوۃ کے برابر ہوتو اس کوزکوۃ دینے سے زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔ مثلا حاجت اصلیہ کےعلاوہ کسی کے پاس دوسودرہم ہے،یاپانچ اونٹ ہے،یادوسودرہم کی کوئی چیز ہےجسکو بیچنے سے دوسو درہم آسکتا ہے،اوراس کواسکی ضرورت نہیں ہےتو یہ آدمی مالدار ہےاس کوزکوۃ دیناجائزنہیں۔لیکن اگرضرورت کی چیز ہےتو اس کا اعتبارنہیں ہوگا،مثلاکسی مجاہد کے پاس پانچ سودرہم کاگھوڑا ہےلیکن جہاد کے لئے اس کواس گھوڑے کی ضرورت ہےتو یہ مالدار نہیں ہےاس کوزکوۃ دی جاسکتی ہے۔

**وجہ**:(۱) حدیث میں اس کاثبوت ہے۔ عن عبد الله بن عمر و عن النبی ﷺ قال : لاتحل الصدقة لغنی و لا ذی مرة سوی (ابوداؤدشریف،باب من یعطی من الصدقۃ وحد الغنی،ص ۲۴۱،نمبر ۱۶۳۴رترمذی شریف،باب ماجاءمن لاتحل لہ الصدقۃ،ص ۱۶۷،نمبر ۶۵۲)اس حدیث میں ہے کہ مالدار کے لئے زکوۃ حلال نہیں ہے۔

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ شرعی مالداری اسی نصاب کے ساتھ مقدر ہے۔لیکن شرط یہ ہے کہ حاجت اصلیہ سے زیادہ ہو

**تشریح**: شریعت میں غنی اس کوکہتے ہیں کہ اصلی ضرورت سے فارغ ہوکراس کے پاس کسی بھی مال سےنصاب زکوۃ پوراہوجائے ،اوراس کی قیمت دوسودرہم کوپہونچ جائے چاہےوہ مال نامی ہویانامی یعنی بڑھنے والا نہ ہوتو ایسے آدمی کوزکوۃ دینے سے زکوۃ کی ادائیگی نہیں ہوگی۔ مالدار کے لئے زکوۃ جائزنہیں اس کے لئے حدیث اوپر گزرگئی۔اوراگراس کے پاس کچھ چیز ہےلیکن حاجت اصلیہ میں داخل ہےتو اس کوزکوۃ دے سکتے ہیں اس کے لئے یہ اثر ہے۔

**وجہ** :(۱) عن الحسن قال : کان لا یری بأسا أن یعطی منها [من الزکوۃ ] من له الخادم و المسکن اذا کان محتاجا ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ،باب ۷،من لہ دارو خادم یعطی من الزکوۃ،ج ثانی،ص ۴۰۲،نمبر ۱۰۴۱۷)اس اثر میں ہے کہ گھراور خادم ہولیکن محتاج ہوتو اس کوزکوۃ دی جاسکتی ہے۔

**نوٹ** : حدیث میں ہے کہ کسی کے پاس پچاس درہم ہوتو اس کے لئے مانگنا اچھانہیں تاہم اس کوزکوۃ دےتو جائز ہےاس لئے کہ وہ مالدارنہیں ہے۔حدیث یہ ہے . عن عبد الرحمن بن یزید عن أبیه عن عبد الله قال : قال رسول الله ﷺ : من سأل و له ما یغنیه جاء یوم القیامة خموش أو خدوش أو قدوح فی وجهه ، فقیل یا رسول الله ! و ما الغنی ؟ قال خمسون درهما أو قیمتها من الذهب . (ابوداؤدشریف باب من یعطی من الصدقۃ وحد الغنی،ص ۲۴۱،نمبر ۱۶۲۶رترمذی شریف باب من جاءمن تحل لہ الزکوۃ،ص ۱۶۷،نمبر ۶۵۰)اس حدیث میں ہے کہ جس کے پاس پچاس درہم ہوتو اس کو مانگنانہیں

۳ وانما النماء شرط الوجوب (۸۸۱)ویجوز دفعها الیٰ من یملک اقل من ذلک وان کان صحیحا مکتسبا﴾ ۱ لانه فقیر والفقراء هم المصارف ۲ ولان حقیقة الحاجة لا یوقف علیها فادیر الحکم علیٰ دلیلها وهو فقد النصاب

چاہئے ،لیکن کوئی اس کوزکوۃ دے تو دے سکتا ہے، کیونکہ وہ شریعت کی نگاہ میں مالدار نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۳ مال نامی کی شرط تو زکوۃ واجب ہونے کے لئے ہے۔

**تشریح**: اوپر فرمایا کہ مال نامی ہو یا نامی نہ ہو اگر ضرورت سے زیادہ ہو اور نصاب تک ہو تو اس کو زکوۃ نہیں دے سکتے۔لیکن اس پر زکوۃ اس وقت واجب ہوگی جب وہ مال بڑھنے والا ہو اگر مال بڑھنے والا نہ ہو تو زکوۃ واجب نہیں ہوگی ،اگر چہ اس کے لئے زکوۃ لینا حرام ہوگا۔

**ترجمہ**: (۸۸۱)اور جائز ہے زکوۃ دینا ایسے آدمی کو جو نصاب سے کم کا مالک ہو چاہے وہ تندرست ہو اور کمانے والا ہو۔

**تشریح**: جو آدمی نصاب سے کم کا مالک ہو وہ شریعت کی نگاہ میں غنی نہیں ہے بلکہ وہ فقیر ہے اس لئے اس کو زکوۃ دی جا سکتی ہے۔ چاہے وہ تندرست ہو اور کما کر کھا سکتا ہو۔ کیونکہ فی الحال وہ فقیر ہے اور فقیر کے لئے زکوۃ جائز ہے۔اور اوپر جو حدیث گزری کہ پچاس درہم ہو تو اس کے لئے ٹھیک نہیں اس کا مطلب یہ ہے کہ اس کے لئے مانگنا ٹھیک نہیں ہے،لیکن زکوۃ کوئی دے دے تو زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔اسی طرح اوپر حدیث گزری کہ جو کما سکتا ہو اور تندرست ہو اس کے لئے زکوۃ حلال نہیں تو اس کا مطلب یہ لیتے ہیں کہ اس کے لئے زکوۃ لینا اچھا نہیں ہے،لیکن چونکہ وہ غنی کی تعریف میں داخل نہیں ہے اس لئے زکوۃ لے تو ادائیگی ہو جائے گی۔مکتسب :کمانے والا۔

**وجہ**: (۱) سمعت حمادا یقول من لم یکن عنده مال یبلغ فیه الزکوة اعطی من الزکوة (مصنف ابن ابی شیبة ۸۱ من قال لاتحل له الصدقة اذا ملک خمسین درهما ج ثانی، ص ۴۰۴، نمبر ۱۰۴۴۵)اس اثر سے معلوم ہوا کہ جو نصاب کا مالک نہ ہو اس کو زکوۃ دی جا سکتی ہے

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ وہ فقیر ہے اور فقراء ہی مصرف زکوۃ ہیں [اس لئے اس کو زکوۃ دینا جائز ہے]

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے کہ جو نصاب کا مالک نہیں ہے اس سے کم مال اس کے پاس ہے تو وہ حقیقت میں فقیر ہے،اور زکوۃ کا مصرف فقیر ہی ہے اس لئے اس کو دینے سے زکوۃ کی ادائیگی ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ۲ اور اس لئے بھی کہ حقیقت ضرورت پر واقف ہونا مشکل ہے،اس لئے حکم اسکی دلیل پر رکھا گیا،اور وہ نصاب کا نہ ہونا ہے۔

**(۸۸۲) ویکرہ ان یدفع الیٰ واحد مائتی درھم فصاعدا او ان دفع جاز ﴾ ۱ وقال زفر لا یجوز لان الغناء قارن الاداء فحصل الاداء الی الغنی**

**تشریح** : یہ بھی دلیل عقلی ہے، کہ کسکو حقیقت میں ضرورت ہے اس کا معلوم کرنا ایک مشکل کام ہے، اس لئے فقر کی جو ظاہری دلیل ہے اسی پر حکم رکھ دیا گیا ہے اور نصاب کا مالک نہ ہونا یہ ظاہری دلیل ہے کہ وہ فقیر ہے، اس لئے نصاب کے مالک نہ ہونے والے کو زکوۃ دینے کی اجازت دے دی گئی۔ ادیرالحکم: حکم پھیر دیا گیا، حکم لگا دیا گیا۔ فقد: کا معنی ہے گم ہونا، نہ ہونا۔

**ترجمہ**: (۸۸۲) اور مکروہ ہے کہ ایک آدمی کو دوسو درہم یا اس سے زیادہ دے، اور اگر دے دیا تو بھی جائز ہے۔

**تشریح** :ایک آدمی پر کوئی قرض وغیرہ نہیں ہے، اور اسکی فیملی بھی بڑی نہیں ہے تو اس کو اتنا مال نہ دے کہ وہ خود صاحب نصاب بن جائے، یعنی بیک وقت دوسو درہم یا اس سے زیادہ نہ دے ایسا کرنا مکروہ ہے، لیکن اگر دے دیا تو جائز ہے زکوۃ ادا ہو جائے گی

**وجہ**: (۱) اثر میں ہے۔ عن عامر قال اعط من الزکوۃ ما دون ان یحل علی من تعطیه الزکوۃ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، نمبر ۱۰۴۳۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ ایک آدمی کو اتنی زکوۃ نہ دے کہ خود اس پر زکوۃ واجب ہو جائے (۲) عن ابی جعفر قال یعطی منها ما بینه و بین المائتین ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ ۸۰ ما قالوا فی الزکوۃ قدر ما یعطی منها ج ثانی ص ۴۰۳، نمبر ۱۰۴۲۹) اس اثر سے معلوم ہوا کہ دوسو درہم کے اندر اندر دے۔ ضرورت ہو تو دوسو درہم سے زیادہ بھی دے سکتا ہے، اس کی دلیل یہ حدیث ہے. أن رجلا من الانصار یقال له سهل بن ابی حثمة أخبره : أن النبی ﷺ وداه بمائة من ابل الصدقة یعنی دیة الانصاری الذی قتل بخیبر ۔ (ابوداود شریف، باب کم یعطی الرجل الواحد من الزکوۃ؟ ص ۲۴۳، نمبر ۱۶۳۸) اس حدیث میں دیت کی ضرورت کی وجہ سے زکوۃ کے سو اونٹ آپ نے عطا فرمایا۔

**ترجمہ**: ۱ امام زفرؒ نے فرمایا کہ دوسو درہم دینا جائز نہیں ہے اس لئے کہ مالداری ادائیگی کے ساتھ ہی ہو جائے گی تو ایسا ہوا کہ اس نے مالدار کو زکوۃ دے دی [اور مالدار کو زکوۃ دینا جائز نہیں ہے اس لئے دوسو درہم بھی دینا جائز نہیں ہے]

**تشریح** : امام ابوحنیفہؒ کی رائے تھی کہ دوسو درہم دینا جائز تو ہے لیکن مکروہ ہے، امام زفرؒ کی رائے ہے کہ دوسو درہم بیک وقت کسی غریب کو دینا جائز ہی نہیں ہے، اگر دے دیا تو زکوۃ ادا نہیں ہوگی، اس کی دلیل عقلی یہ فرماتے ہیں کہ جیسے ہی غریب کو دوسو درہم دیا تو وہ مالدار ہو گیا، تو گویا کہ مالدار کو زکوۃ دینا ہوا اور مالدار کو زکوۃ دینا جائز نہیں ہے، اس لئے دوسو درہم بھی بیک وقت دینا جائز نہیں ہے۔

**وجہ** : اس اثر میں ہے کہ اتنی زکوۃ نہ دے کہ اس غریب پر بھی زکوۃ واجب ہو جائے۔ اثر یہ ہے۔ عن عامر قال اعط من الزکوۃ ما دون ان یحل علی من تعطیه الزکوۃ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، نمبر ۱۰۴۳۰) اس اثر سے معلوم ہوا کہ ایک آدمی کو اتنی زکوۃ نہ دے کہ خود اس پر زکوۃ واجب ہو جائے ۔

٢ ولنا ان الغناء حکم الاداء فیتعقبه لکنه یکره لقرب الغنی منه کمن صلی وبقربه نجاسة(٨٨٣) قال وان یغنی بها انسانا احب الیّ ﴾ ١ معناه الاغناء عن السوال لان الاغناء مطلقا مکروه

**لغت**: غناء قارن الاداء: کا ترجمہ یہ ہے کہ زکوۃ دینے کے ساتھ ہی غریب مالدار بن گیا۔ قارن: کا ترجمہ ہے ساتھ ہونا۔

**ترجمہ**: ٢ ہماری دلیل یہ ہے کہ مالداری ادا کرنے کا حکم ہے اس لئے مالداری زکوۃ ادا کرنے کے بعد آئے گی، لیکن مالداری اس کے قریب ہونے کی وجہ سے مکروہ ہے، جیسے کہ کوئی نماز پڑھے اور اسکے قریب میں نجاست ہو۔

**تشریح**: یہ دلیل عقلی ہے۔ اس کا حاصل یہ ہے کہ جب غریب کو زکوۃ دے رہا تھا اس وقت وہ مالدار نہیں تھا غریب ہی تھا، وہ مالدار تو زکوۃ دینے کے بعد ہوا ہے، اور جب غربت کی حالت میں زکوۃ دی ہے تو زکوۃ ادا ہو جائے گی، لیکن جب زکوۃ دے رہا تھا اس کے فوراً ہی بعد مالداری آئی ہے اس لئے ایسا کرنا مکروہ ہے۔ جیسے کہ نجاست کے قریب کوئی نماز پڑھے تو نماز ہو جائے گی، لیکن چونکہ نجاست کے قریب ہے اس لئے مکروہ ہے، اسی طرح مالدار ہونے کے قریب زکوۃ دی ہے اس لئے مکروہ ہوگا۔

**لغت**: ان الغناء حکم الاداء فیتعقبہ: اس عبارت کا مطلب یہ ہے مالدار بننا یہ زکوۃ ادا کرنے کا حکم ہے، اور حکم بعد میں آتا ہے اس لئے زکوۃ ادا کرنے کے بعد مالداری آئے گی، اور زکوۃ دیتے وقت لینے والا غریب تھا اس لئے زکوۃ ادا ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: (٨٨٣) کسی آدمی کو اتنی زکوۃ دے کہ سوال کرنے سے بے نیاز کر دے یہ زیادہ پسندیدہ ہے۔

**تشریح**: کسی غریب کو اتنا دینا چاہئے کہ ایک دن کے لئے اس کے لئے اور اس کی فیملی کے لئے کافی ہو جائے اور اس دن سوال کرنے سے مستغنی ہو جائے، یہ مستحب ہے۔ البتہ اتنا نہ دے کہ وہ مالدار ہی بن جائے اور زکوۃ دینے والا بن جائے، یہ مکروہ ہے۔

**وجہ**: (١) اس میں اس کا ثبوت ہے۔ عن ابراهیم قال کان یستحب أن یسد بها حاجة اهل البیت، ای بالزکوة (مصنف ابن ابی شیبة ٨٠ ما قالوا فی الزکوۃ قدر ما یعطی منهاج ثانی ص ٤٠٣، نمبر ١٠٤٢٩) اس اثر میں ہے کہ اتنا دے کہ اس کی فیملی کو کافی ہو جائے (٢) اس حدیث میں بھی اس کا اشارہ ہے۔ عن قبیصة بن مخارق الهلالی قال تحملت حمالة.... و رجل اصابته فاقة حتی یقول ثلاثة من ذوی الحجی من قومه قد اصابت فلانا الفاقة فحلت له المسألة فسأل حتی یصیب قواما من عیش۔ او سدادا من عیش۔ ثم یمسک و ما سواهن من المسألة یا قبیصة اسحت یأکلها صاحبها سحتا. (ابوداود شریف، باب ما تجوز به المسألة، ص ٢٤٤، نمبر ١٦٤٠) اس حدیث میں ہے کہ اتنا مانگے کہ ضرورت پوری ہو جائے اس سے معلوم ہوا کہ ضرورت پوری ہونے کے مطابق زکوۃ دینا چاہئے۔

**ترجمہ**: ١ معنی یہ ہے کہ سوال کرنے سے مستغنی کر دے، اس لئے کہ مطلقا مالدار بنانا تو مکروہ ہے۔

**تشریح**: متن میں یغنی کا لفظ ہے جس سے یہ مفہوم نکل سکتا ہے کہ صاحب زکوۃ بنا دے، اس لئے اسکی وضاحت کر دی کہ اس

(۸۸۴)ویکرہ نقل الزکوٰۃ من بلد الیٰ بلد و انما تفرق صدقة کل فریق فیھم ﴾ ل لما روینا من حدیث معاذ. ۲ و فیه رعایة حق الجوار (۸۸۵) الا ان ینقلھا الانسان الیٰ قرابته او الیٰ قوم ھم احوج من اھل بلدہ ﴾

عبارت سے مراد ہے کہ اتنادے کہ ایک دن سوال سے مستغنی ہوجائے، کیونکہ بالکل مالدار بنانا تو ابھی گزرا کہ مکروہ ہے

**ترجمہ**: (۸۸۴) مکروہ ہے زکوۃ کو ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف منتقل کرنا۔ صرف ہر فریق کا صدقہ انہیں میں تقسیم کیا جائے۔

**ترجمہ**: ل اس حدیث کی بنا پر جو حضرت معاذ کی حدیث میں نے روایت کی۔

**تشریح**: جس شہر کے مالداروں سے زکوۃ وصول کیا ہو اسی شہر کے غرباء پر تقسیم کردیا جائے، دوسرے شہر میں زکوۃ دینے والے کا رشتہ دار نہ ہو، یا وہ زیادہ محتاج نہ ہو تو دوسرے شہر کی طرف منتقل کرنا مکروہ ہے، البتہ آیت میں جو آٹھ قسم کے لوگ ہیں انہیں میں تقسیم کیا جائے، کیونکہ حضرت معاذؓ کی حدیث گزر گئی جس میں تھا کہ انکے مالداروں سے زکوۃ لو اور انہیں کے غریبوں پر تقسیم کردو۔

**وجه**: (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عباس قال قال رسول الله لمعاذ بن جبل حین بعثه الی الیمن ... قد افترض علیھم صدقة توخذ من اغنیائھم فترد علی فقرائھم۔ (بخاری شریف، باب اخذ الصدقة من الاغنیاء وترد فی الفقراء حیث کانوا ص۲۰۲/۲۰۳ نمبر ۱۴۹۶) اس حدیث میں ہے کہ اس شہر کے مالداروں سے لیں اور انہیں کے غرباء پر تقسیم کر دیں۔ جس سے معلوم ہوا کہ دوسرے شہر کی طرف زکوۃ منتقل کرنا مکروہ ہے۔ (۲) سئل عمر عما یؤخذ من صدقات الاعراب کیف یصنع بها ؟ فقال عمر: و الله لأردن علیھم الصدقة حتی تروح علی أحدھم مائة ناقة أو مائة بعیر ۔ (مصنف ابن ابی شیبة، باب من قال ترد الصدقة فی الفقراء اذا أخذت من لأغنیاء، ج ثانی، ص ۴۲۲، نمبر ۱۰۶۴۵) اس اثر میں ہے کہ ان سے لیکر اسی شہر کے فقراء پر تقسیم کردیا جائے (۳) عن ابی ھریرة انه قال : یا رسول الله ! أی الصدقة أفضل ؟ قال جھد المقل ، و أبدأ بمن تعول ۔ (ابوداود شریف باب الرخصة فی ذالک، ص ۲۴۸ نمبر ۱۶۷۷) اس حدیث میں اشارہ ہے کہ پہلے انکا حق ہے جو قریب ہے۔

**ترجمہ**: ۲ اس میں پڑوسی کے حق کی رعایت ہے۔

**تشریح**: زکوۃ شہر والے کو دے گا اس میں پڑوسی کے حق کی بھی رعایت ہے اس لئے اس کو پہلے دینا زیادہ بہتر ہے۔

**ترجمہ**: (۸۸۵) مگر یہ کہ انسان اپنے رشتہ داروں کی طرف منتقل کرے، یا ایسی قوم کی طرف منتقل کرے جو اس شہر کے لوگوں سے زیادہ محتاج ہو۔

۱ لما فیه من الصلة او زیادة دفع الحاجة ۲ ولو نقل الیٰ غیر هم اجزاه وان کان مکروها لان المصرف مطلق الفقراء بالنص واللہ اعلم.

---

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ اس میں صلہ رحمی ہے، یا حاجت دور کرنے میں زیادتی ہے۔

**تشریح**: بہتر تو یہی ہے کہ جس شہر کے مالداروں سے زکوۃ لی اسی شہر کے غرباء پر تقسیم کردی جائے۔ لیکن اگر دوسرے شہر میں ان کے رشتہ دار ہیں تو دوسرے شہر میں رشتہ داروں کی طرف زکوۃ منتقل کر سکتے ہیں کیونکہ اس میں صلہ رحمی ہے۔ یا دوسرے شہر کے لوگ زیادہ محتاج ہیں تو پھر وہاں منتقل کی جا سکتی ہے۔ کیونکہ اس میں بہت زیادہ محتاج کی مدد کرنا ہے۔

**وجہ**: (۱) رشتہ دار کو دینے کے بارے میں حضورؐ نے فرمایا۔ وقال النبی ﷺ له اجران اجر القرابة واجر الصدقة. (بخاری شریف، باب الزکوۃ علی الاقارب ص ۱۹۶ نمبر ۱۴۶۱ / ترمذی شریف، باب ما جاء فی الصدقۃ علی ذی القرابۃ ص ۱۴۲ نمبر ۶۵۸) اس حدیث میں ہے کہ رشتہ دار کو دینے میں دہرا اجر ہے اس لئے دوسرے شہر میں رشتہ دار کو دیا تو مکروہ نہیں ہے۔ (۲) اور زیادہ محتاج کو دینے کی حدیث یہ ہے. عن قبیصة بن مخارق الهلالی قال تحملت حمالة فأتیت النبی ﷺ فقال : أقم یا قبیصة ! حتی تأتینا الصدقة فنأمر لک بها . (ابوداود شریف، باب ما تجوز بہ المسألۃ، ص ۲۴۴، نمبر ۱۶۴۰) اس حدیث میں حضرت قبیصہ ہلالی مدینے کے باہر سے تشریف لائے تھے، لیکن چونکہ زیادہ محتاج تھے اس لئے آپؐ نے فرمایا کہ ٹھہر جاؤ زکوۃ کا مال آئے گا تو دونگا، اس سے معلوم ہوا کہ باہر کا آدمی زیادہ محتاج ہو تو اس کو زکوۃ دینا مکروہ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۲ لیکن اگر دوسرے شہر کی طرف منتقل کر دیا تو جائز ہے اگر چہ ایسا کرنا مکروہ ہے، اس لئے کہ آیت کی وجہ سے مطلق فقراء زکوۃ کا مصرف ہیں

**تشریح**: دوسرے شہر میں رشتہ دار بھی نہیں ہے، اور وہ زیادہ محتاج بھی نہیں ہے اس کے باوجود دوسرے شہر میں زکوۃ دے دی تو زکوۃ ادا ہو جائے گی، البتہ ایسا کرنا مکروہ ہے۔ اور دینا جائز اس لئے ہے کہ آیت میں ہے کہ فقراء کو دو اور یہ لوگ بھی فقراء ہیں، اس لئے دینا جائز ہے

**وجہ**: اس اثر میں ہے. عن ابی العالیة أنه بعث بصدقة ماله الی المدینة . (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۶۵، من رخص أن یرسل بها الی بلد غیرہ، ج ثانی، ص ۳۹۴، نمبر ۱۰۳۱۳) اس اثر میں زکوۃ اپنے شہر سے مدینۃ کی طرف بھیجی گئی ہے، جس سے معلوم ہوا کہ جائز ہے۔

## ﴿باب صدقة الفطر﴾

(٨٨٦) قال صدقة الفطر واجبة على الحر المسلم اذا كان مالكا لمقدار النصاب فاضلا عن مسكنه وثيابه واثاثه وفرسه وسلاحه وعبيده﴾

## ﴿ باب صدقۃ الفطر ﴾

**ضروری نوٹ**: عید کے دن جو صدقہ دیا جاتا ہے اس کو صدقۃ الفطر کہتے ہیں۔ چونکہ پورے رمضان روزے رکھ کر وہ افطار کا دن ہوتا ہے اس لئے اس کو صدقۃ الفطر کہتے ہیں۔ اس کی دلیل یہ آیت ہے۔ عن کثیر بن عبد الله المزنی عن ابیه عن جده أن رسول الله ﷺ سئل عن قوله﴿ قد افلح من تزکی و ذکر اسم ربه فصلی ﴾ [آیت ۱۴۔۱۵، سورۃ الاعلی ۸۷] قال : هی زکوة الفطر۔ (سنن بیہقی، باب جماع ابواب زکاۃ الفطر، ج رابع، ص ۲۶۸، نمبر ۷۶۶۸) اس حدیث میں ہے کہ اس آیت میں صدقۃ الفطر کا تذکرہ ہے

شرائط وجوب:۔ صدقۃ الفطر واجب ہونے کے لئے تین شرطیں ہیں [۱] آزاد ہو [۲] مسلمان ہو [۳] مقدار نصاب کا مالک ہو۔

**ترجمہ**: (۸۸۶) صدقۃ الفطر واجب ہے ہر آزاد، مسلمان پر جب کہ نصاب کی مقدار کا مالک ہو اور اپنے رہنے کے مکان اور اپنے کپڑے اور اپنے سامان اور اپنے گھوڑے، اور اپنے ہتھیار اور خدمت کے غلام سے زیادہ ہو۔

**تشریح**: حاجت اصلیہ سے زیادہ ہو تب ہی صدقۃ الفطر واجب ہوتا ہے۔ اور اوپر کی ساری چیزیں حاجت اصلیہ کی ہیں۔ مثلا [۱] رہنے کے لئے ایک مکان، [۲] روزانہ پہننے کے کپڑے، [۳] گھر کا فرنیچر، [۴] اگر جہاد کرنے والا ہے تو جہاد کے لئے گھوڑے، [۵] ہتھیار [۶] اور خدمت کے غلام یہ چیزیں انسان کے لئے ضروریات زندگی میں سے ہیں۔ اس لئے ان چیزوں سے فارغ ہو کر اور سال بھر تک کھانے پینے سے فارغ ہو کر مقدار نصاب کے برابر مال کا مالک ہو تب صدقۃ الفطر واجب ہوتا ہے۔

**وجہ**: (۱) غنی کی دلیل پہلے گزر چکی ہے. تؤخذ من اغنیائهم و ترد علی فقرائهم (بخاری شریف، باب اخذ الصدقۃ من الاغنیاء وترد فی الفقراء حیث ما کانوا ص ۲۰۳ نمبر ۱۴۹۶) حدیث سے معلوم ہوا کہ زکوۃ یا صدقہ مالداروں سے لیا جائے گا۔ اور مالدار اس کو کہتے ہیں کہ حاجت اصلیہ سے مقدار نصاب مال زیادہ ہو۔ (۲) حدیث میں ہے۔ وقال النبی ﷺ لا صدقة الا عن ظهر غنی (بخاری شریف، باب تاویل قولہ من بعد وصیۃ یوصی بھا او دین، کتاب الوصایا ص ۳۸۴ نمبر ۲۷۵۰) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حاجت اصلیہ سے فارغ ہونے کے بعد زکوۃ یا صدقۃ الفطر ادا کرے (۳) حاجت اصلیہ کی تفصیل کا پتہ اس اثر سے ہوتا ہے ۔عن سعید بن جبیر قال یعطی من الزکوة من له الدار و الخادم و الفرس . (مصنف ابن ابی شیبۃ ۵۷ من لہ دار وخادم یعطی من الزکوۃ ج ثانی ص ۴۰۲، نمبر ۱۰۴۱۵) اس اثر سے معلوم ہوا کہ جس کے پاس رہنے کا گھر ہو اور خدمت کا غلام ہو اور

ل اما وجوبها فلقوله عليه السلام فى خطبته اذّ واعن كل حر وعبد صغيرٍ او كبير نصف صاعٍ من بُرّ او صاعا من شعيرٍ رواه ثعلبة بن صُعَيْر العدوى وبمثله يثبت الوجوب لعدم القطع ٢ وشرط الحرية لتحقق التمليك.

---

جہاد کا گھوڑا ہو وہ غنی نہیں ہے۔ اگر وہ محتاج ہو تو اس کو زکوۃ دی جاسکتی ہے۔ اس لئے کہ یہ سب چیزیں حاجت اصلیہ میں داخل ہیں۔

**وجه** : (۱) صدقۃ الفطر واجب ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے۔ عن ابن عمر قال فرض رسول الله ﷺ زكوة الفطر صاعا من تمر او صاعا من شعير على العبد والحر والذكر والانثى والصغير والكبير من المسلمين وامر بها ان تودى قبل خروج الناس الى الصلوة (بخاری شریف، باب فرض صدقۃ الفطر ص ۲۰۴ نمبر ۱۵۰۳ رمسلم شریف، باب زکوۃ الفطر علی المسلمین من التمر والشعیر ص ۳۹۵ نمبر ۲۲۷۸/۹۸۴) اس حدیث میں فرض کے لفظ سے حنفیہ صدقۃ الفطر دینا واجب قرار دیتے ہیں۔

**لغت** : مسکن: رہنے کی جگہ، رہنے کا مکان۔ اثاثة : گھر کا سامان، گھر کا فرنیچر۔ سلاح: ہتھیار۔

**ترجمه**: ل صدقۃ الفطر کے واجب ہونے کی دلیل تو حضور علیہ السلام کا قول ہے اپنے خطبے میں کہ ہر آزاد اور غلام، اور چھوٹے اور بڑے کے بدلے میں صدقۃ الفطر نکالو آدھا صاع گیہوں یا ایک صاع جو نکالو۔ حضرت ثعلبہ بن صعیر عدوی نے اس کو روایت کی ہے، اور یقینی نہ ہونے کی وجہ سے اس قسم کی حدیث سے وجوب ہی ثابت کر سکتے ہیں۔

**تشريح**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے (۱). عن عبد الله بن ثعلبة بن أبى صعير عن ابيه قال قام رسول الله ﷺ خطيبا فأمر بصدقة الفطر صاع تمر أو صاع شعير عن كل رأس ـ زاد على فى حديثه : أو صاع بر أو قمح بين اثنين ، ثم اتفقا : عن الصغير و الكبير و الحر و العبد ـ (ابوداود شریف، باب من روی نصف صاع من قمح ص ۲۴۰، نمبر ۱۶۲۰) اس حدیث میں صدقۃ الفطر کے واجب ہونے کا ثبوت ہے، اور چونکہ صدقۃ الفطر آیت سے ثابت نہیں ہے، بلکہ حدیث سے ثابت ہے اور حدیث ظنی ہوتی ہے اور ظنی سے وجوب ہی ثابت ہوگا فرض ثابت نہیں ہوگا، اس لئے صدقۃ الفطر فرض نہیں ہے واجب ہے۔ (۲) اس حدیث میں واجب ہونے کی صراحت ہے . عن عمرو بن شعيب عن ابيه عن جده أن النبى ﷺ بعث مناديا فى فجاج مكة : ألا ان زكوة الفطر واجبة على كل مسلم ، على كل ذكر وأنثى ، حر و عبد ، وصغير و كبير ، مدان من قمح ، أو صاع مما سواه من الطعام . (دار قطنی، کتاب زکوۃ الفطر ج ثانی ص ۱۲۳ نمبر ۲۰۶۱) اس حدیث میں ہے کہ صدقۃ الفطر ہر مسلمان پر واجب ہے۔

**ترجمه**: ٢ آزاد ہونے کی شرط ملکیت متحقق ہونے کے لئے ہے۔

**۳ والاسلام ليقع قربة ۴ واليسار لقوله عليه السلام لا صدقة الا عن ظهر غنى ۵ وهو حجة على الشافعي في قوله يجب على من يملك زيادة على قوت يومه لنفسه وعياله**

**تشريح** : متن میں یہ ہے کہ آزاد ہوتو اس پر صدقۃ الفطر واجب ہے، اس کا مطلب یہ ہوا کہ غلام پر صدقۃ الفطر واجب نہیں ہے، بلکہ غلام کا بھی مالک ہی پر صدقۃ الفطر واجب ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ آزاد ہی مال کا مالک ہوتا ہے، غلام کسی چیز کا مالک نہیں ہوتا ہے ، بلکہ خود اس کا جسم بھی آقا کی ملکیت ہوتی ہے اس لئے آزاد پر ہی صدقۃ الفطر واجب ہے۔

**وجه** : اثر میں ہے. عن جابر قال : ليس في مال المكاتب و لا العبد زكاة حتى يعتقا . (مصنف ابن ابی شیبۃ ،باب ۵۲، فی المکاتب من قال: لیس علیہ زکوۃ، ج ثانی، ص ۳۸۸، نمبر ۱۰۲۳۲) اس اثر میں ہے کہ مکاتب اور غلام کے مال میں زکوۃ بھی نہیں ہے تو صدقۃ الفطر کیسے واجب ہوگا۔

**ترجمه** : ۳ اور اسلام کی شرط اس لئے ہے کہ تا کہ قربت اور عبادت واقع ہو۔

**تشريح** : متن میں یہ ہے کہ مسلمان ہوتو اس پر صدقۃ الفطر واجب ہے۔ یہ اس لئے ہے کہ صدقۃ الفطر عبادت ہے، اور عبادت کا حکم مسلمان کو ہی دیا جاتا ہے کافر کو نہیں، اس لئے فرمایا کہ صدقۃ الفطر اس پر واجب ہے جو مسلمان ہو۔

**وجه** : (۱) خذ من أموالهم صدقة تطهرهم و تزكيهم بها و صل عليهم ان صلوتك سكن لهم (آیت ۱۰۳، سورۃ توبۃ ۹) اس آیت میں ہے کہ مسلمان کو پاک کرنے کے لئے ان سے زکوۃ لیجئے ،جس سے معلوم ہوا کہ صدقۃ الفطر مسلمان پر واجب ہے (۲) اس حدیث میں ہے کہ مسلمان پر صدقۃ الفطر واجب ہے۔ عن ابن عمر قال فرض رسول الله ﷺ زكوة الفطر صاعا من تمر او صاعا من شعير على العبد والحر والذكر والانثى والصغير والكبير من المسلمين وامر بها ان تودى قبل خروج الناس الى الصلوة (بخاری شریف، باب فرض صدقۃ الفطر ص ۲۰۴ نمبر ۱۵۰۳ مسلم شریف، باب زکوۃ الفطر علی المسلمین من التمر والشعیر ص ۳۹۵ نمبر ۹۸۴ / ۲۲۷۸) اس حدیث میں ہے کہ مسلمان پر صدقۃ الفطر واجب ہے، اس لئے کافر غلام یا کافر مالک پر صدقۃ الفطر واجب نہیں ہے۔

**ترجمه** : ۴ اور مالدار کی قید حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے ہے کہ صدقہ نہیں ہے مگر مالدار سے۔

**تشريح** : جو غریب ہے، یعنی حاجت اصلیہ سے فارغ ہونے کے بعد نصاب کی مقدار کے مال کا مالک نہیں ہے اس پر صدقۃ الفطر نہیں ہے کیونکہ حضورؐ نے فرمایا کہ صدقہ نہیں ہے مگر مالدار پر، صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ وقال النبي ﷺ لا صدقة الا عن ظهر غنى (بخاری شریف، باب تاویل قولہ من بعد وصیۃ یوصی بہا او دین، کتاب الوصایا ص ۳۸۴ نمبر ۲۷۵۰) اس حدیث میں ہے کہ مالدار ہو تب صدقۃ الفطر واجب ہے۔

**ترجمه** : ۵ یہ حدیث امام شافعیؒ پر حجت ہے، کیونکہ وہ فرماتے ہیں کہ جو اپنے لئے اور اپنے عیال کے لئے ایک دن کے کھانے

٦ وقُدِّر اليسارُ بنصاب لتقدر الغناء فی الشرع به فاضلا عما ذکر من الاشیاء لانها مُستَحقَّةٌ بالحاجة الاصلیة والمستحَقُّ بالحاجة الاصلیة کالمعدوم

سے زیادہ رکھتا ہو اس پر صدقۃ الفطر واجب ہے۔

**تشریح:** امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ چاہے وہ نصاب کا مالک نہ ہو، اس کے لئے اور اسکے عیال کے لئے صرف ایک دن کے کھانے سے زیادہ ہو تو اس پر صدقۃ الفطر واجب ہے، یہ اور بات ہے کہ وہ صدقۃ الفطر دے اور زکوۃ لینے کی ضرورت پڑے تو زکوۃ لے لے۔ موسوعۃ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ و کل من دخل علیه شوال و عنده قوته و قوت من یقوته یومه، و ما یؤدی به زکوة الفطر عنه و عنهم اداها عنهم و عنه. (موسوعۃ امام شافعیؒ باب زکوۃ الفطر، ج رابع، ص ۲۳۶، نمبر ۴۵۰۰) اس عبارت میں ہے کہ ایک دن کی روزی ہو تب بھی صدقۃ الفطر ادا کرے۔

**وجه:** ان کی دلیل یہ حدیث ہے. عن ثعلبة بن عبد الله بن ابی صعیر، عن ابیه۔ قال قال رسول الله ﷺ صاع من بر أو قمح علی کل اثنین صغیر أو کبیر، حر أو عبد، ذکر أو انثی أما غنیکم فیزکیه الله تعالی، و اما فقیر کم فیرد الله تعالی علیه أکثر مما أعطاه (ابوداؤد شریف، باب من روی نصف صاع من قمح ص ۲۳۵ نمبر ۱۶۱۹) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ فقیر پر بھی صدقۃ الفطر واجب ہے۔ کیونکہ حدیث میں ہے فیرد الله علیه اکثر مما اعطاہ اس نے جتنا دیا ہے اس سے زیادہ اس پر واپس ہوگا۔ یعنی ممکن ہے کہ کوئی اس کو زکوۃ دے دے اور جتنا صدقۃ الفطر دیا ہے اس سے بھی زیادہ آجائے۔ (۲) دار قطنی میں اس کی صراحت ہے کہ فقیر پر بھی صدقہ فطرہ واجب ہے، حدیث یہ ہے. عن ثعلبة، عن ابیه۔ ان رسول الله ﷺ قال: ادوا عن کل انسان صاعا من بر عن الصغیر و الکبیر، و الذلر و الأنثی و الغنی و الفقیر۔ (دار قطنی، کتاب زکوۃ الفطر، ج ثانی ص ۱۲۸/۱۲۹ نمبر ۲۰۸۵ رسنن للبیھقی، باب من قال بوجوبھا علی الغنی والفقیر اذا قدر علیہ ج رابع ص ۲۷۶، نمبر ۷۶۹۶) اس حدیث میں ہے کہ مالدار پر بھی ہے اور فقیر پر بھی ہے اس لئے جو ایک دن کا کھانا رکھتا ہو اس پر صدقہ ہے۔ (۳) امام شافعیؒ کا نظریہ یہ ہے کہ صدقۃ الفطر روزہ کو پاک کرنے کے لئے ہے اس لئے ایک دن کا بھی کھانا ہو تو صدقۃ الفطر دے کر اپنا روزہ پاک کر لے، حدیث میں ہے۔ عن ابن عباس قال: فرض رسول الله ﷺ زکاة الفطر طھرة للصیام من اللغو و الرفث و طعمة للمساکین من اداها قبل الصلوة فھی زکاة مقبولة، و من أداها بعد الصلوة فھی صدقة من الصدقات۔ (ابوداود شریف، باب زکاۃ الفطر، ص ۲۳۹، نمبر ۱۶۰۹) اس حدیث میں ہے کہ صدقۃ الفطر روزہ کو پاک کرنے کے لئے ہے۔

**ترجمه:** ٦ اور مالداری کا اندازہ نصاب کے ساتھ کیا گیا ہے۔ کیونکہ شریعت میں غنی اسی کے ساتھ مقدر ہے شرط یہ ہے کہ یہ

ے ولا يشترط فيه النمو. ۸ ويتعلق بهذا النصاب حرمان الصدقة ووجوب الاضحية و الفطر (۸۸۷) قال يخرج ذلك عن نفسه ﴾ لحديث ابن عمر قال فرض رسول الله صلّى الله عليه وسلم زكوٰة الفطر على الذكر و الانثى الحديث

نصاب مذکورہ چیزوں سے فاضل ہو، کیونکہ مذکورہ چیزیں حاجت اصلیہ کے ساتھ مستحق ہیں۔ اور حاجت اصلیہ میں جو چیزیں شامل ہوں وہ گویا کہ ہیں ہی نہیں۔

**تشریح** : مالدار کسکو کہتے ہیں اس کے بارے میں متن میں بتایا کہ جو نصاب کا مالک ہو وہ مالدار ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ شریعت میں غنی کہتے ہی ہے اس کو جو نصاب کا مالک ہو، لیکن شرط یہ ہے کہ نصاب کی مقدار اس کی حاجت اصلیہ سے فاضل ہو، اس کی وجہ یہ ہے کہ جو چیز حاجت اصلیہ میں ہو وہ گویا کہ معدوم ہے یعنی وہ چیز گویا کہ اس کے پاس ہے ہی نہیں، اس لئے حاجت اصلیہ سے زیادہ ہو اور نصاب کے برابر ہو تب وہ شریعت کی نگاہ میں مالدار اور غنی ہے، تب اس پر صدقۃ الفطر واجب ہوگا۔ غنی کی حدیث اوپر گزر گئی۔ یسار: مالداری۔

**ترجمہ** : ے اس نصاب میں نمو کی شرط نہیں ہے۔

**تشریح** : آدمی کے پاس نصاب کی مقدار کوئی بھی چیز ہو چاہے وہ مال بڑھنے والا ہو یا بڑھنے والا نہ ہو دونوں صورتوں میں صدقۃ الفطر واجب ہوگا۔

**ترجمہ** : ۸ اور اس نصاب کے ساتھ [۱] صدقے کا حرام ہونا [۲] قربانی کا واجب ہونا [۳] اور صدقۃ الفطر کا واجب ہونا متعلق ہے۔

**تشریح** : نصاب دو قسم کے ہیں [۱] ایک ہے یہ کہ حاجت اصلیہ سے زیادہ ہو اور اس کے پاس نصاب کی مقدار مال ہو، اور وہ مال نامی یعنی بڑھنے والا ہو تو اس پر سال گزرنے کے بعد زکوۃ واجب ہے، [۲] اور دوسرا نصاب یہ ہے کہ حاجت اصلیہ سے زیادہ ہو اور نصاب کی مقدار ہو چاہے نامی ہو کہ نہ ہو، اس نصاب کے مالک ہونے پر صدقۃ الفطر ہے، قربانی واجب ہے، اور کسی سے زکوۃ لینا حرام ہے، یہ تینوں چیزیں اس نصاب کے ساتھ متعلق ہیں۔ اور ایک تیسرا نصاب ہے کہ اس کے پاس پچاس درہم ہو تو کسی سے سوال کرنا حرام ہے۔

**ترجمہ** : (۸۸۷) صدقۃ الفطر نکالے گا اپنی ذات کی جانب سے۔

**ترجمہ** ۱ حضرت عبد اللہ ابن عمرؓ کی حدیث کی وجہ سے کہ حضورؐ نے صدقۃ الفطر مرد پر اور عورت پر فرض کی۔ یہ پوری حدیث گزر گئی۔

(٨٨٨) ويخرج عن اولاده الصغار ﴾ ل لان السبب رأسٌ يمونه ويلي عليه لانها تضاف اليه يقال زكوٰة الرأس وهي امارة السببية

**تشریح**: آدمی اپنی ذات کی جانب سے صدقۃ الفطر نکالے گا، اور جس کی کفالت کرتا ہے اسکی جانب سے بھی صدقۃ الفطر نکالے گا

**وجه**: (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ اعن ابن عمر قال فرض رسول الله ﷺ زکوة الفطر صاعا من تمر او صاعا من شعير على العبد والحر والذكر والانثى والصغير والكبير من المسلمين وامر بها ان تودى قبل خروج الناس الى الصلوة (بخاری شریف، باب فرض صدقۃ الفطر ص ۲۰۴ نمبر ۱۵۰۳ رمسلم شریف، باب زکوۃ الفطر علی المسلمین من التمر والشعیر ص ۳۹۵ نمبر ۹۸۴ / ۲۲۷۸) اس حدیث میں ہے مذکر مؤنث سب کی جانب سے صدقۃ الفطر نکالے۔

**ترجمه**: (۸۸۸) اوراپنی چھوٹی اولاد کی جانب سے صدقۃ الفطر نکالے۔

**تشریح**: صدقۃ الفطر اپنی چھوٹی اولاد کی جانب سے بھی نکالے، کیونکہ اصل قاعدہ یہ ہے کہ جن لوگوں کی کفالت کرتا ہے اوراس پر یہ آدمی متولی اور سرپرست ہے ان سب کی جانب سے صدقۃ الفطر نکالنا واجب ہے، اور چھوٹی اولاد اور غلام کی کفالت کرتا ہے اور ان پر متولی بھی ہے اس لئے چھوٹی اولاد اور غلام کی جانب سے صدقۃ الفطر نکالے گا۔ اگر اولاد لڑکا یا لڑکی بالغ ہو تو اسکی طرف سے نکالنے کی ذمہ داری باپ کی نہیں ہے وہ خود نکالے، البتہ اگر باپ نکال دے تو جائز ہے۔

**وجه** : (۱) حدیث میں ہے۔ عن ابن عمر قال امر رسول الله بصدقة الفطر عن الصغير والكبير والحر والعبد ممن تمونون (دار قطنی، کتاب زکوۃ الفطر ج ثانی ص ۱۲۳ نمبر ۲۰۵۹ رسنن للبیھقی ، باب اخراج زکوۃ الفطر عن نفسہ و غیرہ، ج رابع ص ۲۷۲، نمبر ۷۶۸۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ آدمی جس آدمی کی کفالت کرتا ہے اس کا صدقہ الفطر بھی خود ادا کرے گا۔ تمونون مؤنت سے مشتق ہے جس کا معنی ہے جس کی تم کفالت کرتے ہو۔ (۲) اوپر کی حدیث میں بھی ہے کہ چھوٹے بڑے سب پر صدقۃ الفطر واجب ہے جسکا مطلب یہ ہے کہ چھوٹے بچے پر بھی صدقۃ الفطر واجب ہے لیکن اس کی جانب سے باپ ادا کرے گا۔

**ترجمه**: ل اس لئے جسکو روزی دیتا ہو اور اس کا متولی ہو وہ صدقۃ الفطر کا سبب ہے، یہی وجہ ہے کہ صدقۃ الفطر اس کی طرف منسوب کیا جاتا ہے، کہا جاتا ہے زکوۃ الرأس، اور یہ اضافت سبب ہونے کی علامت ہے۔

**تشریح**:۔ باپ پر چھوٹی اولاد کا صدقۃ الفطر واجب ہے اسکی یہ دلیل عقلی ہے۔ تھوڑا پیچیدہ ہے۔ کہ صدقے کا سبب یہ ہے کہ جس آدمی کی روزی اس کے ذمے ہو اور اسکی پوری کفالت کرتا ہو وہ صدقے کا سبب ہے، یہی وجہ ہے کہ صدقۃ الفطر کو زکوۃ الرأس،

۲ والاضافة الى الفطر باعتبار انه وقتها ولهذا تتعدد بتعدد الراس مع اتحاد اليوم ۳ والاصل فی الوجوب رأسه وهو يمونه يلی عليه فيلحق به ما هو فی معناه كاولاده الصغار لانه يمونهم ويلی عليهم(۸۸۹) ومما ليكه ﴾ ۱ لقيام المؤنة والولاية وهذا اذا كانوا للخدمة ۲ ولا مال للصغار فان كان لهم مال يؤدّی من مالهم عند ابی حنيفة وابی يوسف خلافا لمحمد لان الشرع اجراه

---

کہتے ہیں، اورزکوۃ کوراُس کی طرف اضافت کرتے ہیں اورراُس کی طرف اضافت کرنا راُس کے سبب ہونے کی علامت ہے، اس لئے جتنا سر ہوگا اتنا ہی صدقہ واجب ہوگا۔ یلی: ولایت سے مشتق ہے، متولی ہونا۔

**ترجمہ**: ۲ اورفطر کی طرف اضافت اس وجہ سے ہے کہ وہ صدقۃ الفطر ادا کرنے کا وقت ہے اس لئے دن ایک بھی ہوتو جتنا سر ہوا اتنا ہی صدقۃ الفطر واجب ہوگا۔

**تشریح**: یہ عبارت ایک اشکال کا جواب ہے۔ اشکال یہ ہے کہ صدقۃ کی اضافت فطر کی طرف کیوں کرتے ہیں؟ تو اس کا جواب دیتے ہیں کہ فطر کی طرف اضافت اس لئے ہے کہ فطر یعنی عید الفطر کے وقت صدقۃ الفطر ادا کرنے کا وقت ہے، چونکہ سر صدقۃ الفطر کا اصل سبب ہے اس لئے جتنے سر کی کفالت کرتا ہوا اتنا ہی صدقہ واجب ہوگا چاہے ایک ہی دن میں ہو، کیونکہ فطر کا دن صدقے کا سبب نہیں ہے، وہ ادا کرنے کا وقت ہے۔

**ترجمہ**: ۳ صدقہ واجب ہونے کا اصل سبب ایسا سر ہے جسکی کفالت کرتا ہواور اس کا متولی ہو، تو جو بھی اس کے معنی میں ہو وہ بھی شامل ہوجائے گا، جیسے چھوٹی اولاد اس لئے کہ اس کی کفایت کرتا ہے اور اسکی سرپرستی کرتا۔

**ترجمہ**: (۸۸۹) اوراپنے غلام باندی کی جانب سے [صدقۃ الفطر نکالے گا]

**ترجمہ**: ۱ کیونکہ اس کی کفالت بھی کرتا ہے اور اس پر ولایت بھی ہے، اور یہ وجوب اس وقت ہے جبکہ غلام خدمت کے لئے ہو۔

**تشریح**: غلام یا باندی اگر تجارت کے لئے ہوتو آقا پر اس کا صدقہ فطر واجب نہیں ہے، کیونکہ وہ تجارت کا مال ہے اس پر زکوۃ واجب ہے، اوراگر خدمت کے لئے ہے تو اس کا صدقۃ الفطر واجب ہے، چاہے خالص غلام ہو یا مدبر ہو یا ام ولد ہو سب کا صدقۃ الفطر آقا پر واجب ہے ۔ کیونکہ انکی کفالت بھی کرتا ہے اوران پر آقا کی ولایت بھی ہے۔ اوپر حدیث میں عبد یہی عبد مراد ہے۔

**ترجمہ**: ۲ بچے کے پاس مال نہ ہوتب والد صدقۃ الفطر ادا کرے گا، اوراگر اس کے پاس مال ہوتو امام ابوحنیفہؒ اورامام ابو یوسفؒ کے نزدیک اس کے مال سے ادا کرے گا۔ خلاف امام محمدؒ کے، اس لئے کہ شریعت نے صدقۃ الفطر کو موٴنت کے قائم مقام کیا ہے تو وہ نفقہ کے درجے میں ہوگیا

مجری المؤنة فاشبه النفقة(٨٩٠) ولا یؤدی عن زوجته ﴾ لـ لقصور الولایة والمؤنة فانه لا یلیها فی غیر حقوق النکاح ولا یمونها فی غیر الرواتب کالمداواۃ

**تشریح** : اگر بچے کے پاس مال نہ ہوتو باپ اپنے مال سے بچے کا صدقۃ الفطر ادا کرے گا۔اور اگر بچے کے پاس مال ہوتو باپ بچے کے مال سے صدقۃ الفطر ادا کرے گا، یہ شیخین ؒ کے نزدیک ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ انکے یہاں صدقۃ الفطر نفقہ اور روزانہ کے خرچ کی طرح ہے، اور نفقے کا قاعدہ یہ ہے کہ بچے کے پاس مال ہوتو بچے کے مال سے ہی باپ نفقہ ادا کرے گا اور اسی کا مال اس کے نفقے میں خرچ کرے گا، اسی طرح بچے کے پاس مال ہوتو بچے کے مال میں سے ہی صدقۃ الفطر ادا کرے گا۔

اور امام محمد ؒ کے نزدیک صدقۃ الفطر زکوۃ کے درجے میں ہے یہی وجہ ہے کہ صدقۃ الفطر کے واجب ہونے کے لئے تقریبا وہی شرطیں ہیں جو زکوۃ کی ہیں، اور پہلے گزر چکا ہے کہ بچے کے مال میں زکوۃ نہیں ہے، اس لئے بچے کے مال سے صدقۃ الفطر بھی ادا نہیں کر سکتے

**وجہ** : اس حدیث کے انداز سے پتہ چلتا ہے کہ بچے کی جانب سے باپ اپنے ہی مال سے صدقہ ادا کرے کیونکہ حدیث میں عن الصغیر کہا ہے یعنی چھوٹے کی جانب سے خود ادا کرو، حدیث یہ ہے۔عن ابن عمر قال امر رسول اللہ بصدقة الفطر عن الصغیر والکبیر والحر والعبدمن من تمونون (دار قطنی، کتاب زکوۃ الفطرج ثانی ص ۱۲۳ نمبر ۲۰۵۹ رسنن للبیھقی، باب اخراج زکوۃ الفطر عن نفسہ وغیرہ، ج رابع ص ۲۷۲، نمبر ۷۶۸۲) اس حدیث میں ہے کہ چھوٹے کی جانب سے خود صدقۃ الفطر ادا کرو۔

**ترجمہ**: (۸۹۰) اور صدقۃ الفطر ادا نہ کرے اپنی بیوی کی جانب سے۔

**ترجمہ**: لـ اس پر ولایت اور کفالت کے ناقص ہونے کی وجہ سے، اس لئے حقوق نکاح کے علاوہ میں اس پر ولایت نہیں اور شوہر ثابت شدہ امور کے علاوہ میں اس کی مؤنت برداشت نہیں کرتا، جیسے دوا کرنا۔

**تشریح** : بیوی کا صدقۃ الفطر شوہر پر ادا کرنا واجب نہیں ہے۔اس کی وجہ یہ ہے کہ بیوی پر پورے طور پر ولایت نہیں ہے چنانچہ نکاح کے معاملات ہیں صرف اسی معاملے میں شوہر کا بیوی پر ولایت ہے اور سر پرستی ہے، باقی معاملے میں وہ آزاد ہے، کیونکہ وہ خود عاقلہ بالغہ ہے، اس لئے ولایت ناقص ہوئی۔اور کفالت اس طرح ناقص ہے کہ نان ،نفقہ، اور سکنی وغیرہ جو شریعت سے دینا ثابت ہیں شوہر اسی کا ذمہ دار ہے، انکے علاوہ کا وہ ذمہ دار نہیں، چنانچہ بیوی بیمار ہو جائے تو دوا کرانا شوہر کے ذمہ نہیں ہے، اس سے معلوم ہوا کہ کفالت بھی ناقص ہے اس لئے شوہر پر بیوی کا صدقۃ الفطر واجب نہیں ہے۔کیونکہ دار قطنی کی حدیث میں تمونوں کا مطلب یہ ہے کہ جنکی مکمل کفالت اور ولایت ہو انکا صدقہ ادا کرنا واجب ہے۔یوں ادا کر دے تو جائز ہے ادا ہو جائے گا۔یلیھا: ولایت کرنا، سر پرستی کرنا۔یمونھا: اخراجات برداشت کرنا۔

(۸۹۱) ولا عن اولاده الكبار وان كانوا في عياله ﴾ ل لانعدام الولاية ۲ ولوادى عنهم او عن زوجته بغير امرهم اجزاهم استحسانا لثبوت الاذن عادة (۸۹۲) ولا يخرج عن مكاتبه ﴾ ل لعدم الولاية

**وجه:** بیوی کا نان ونفقہ اگر چہ شوہر کے ذمہ ہوتا ہے لیکن یہ شوہر کے گھر میں احتباس کی وجہ سے یاس پر نفقہ لازم ہے۔کفالت کی وجہ سے نہیں ہے اسی لئے بیوی کی ملکیت الگ شمار کی جاتی ہے اور شوہر کی ملکیت الگ شمار کی جاتی ہے۔اس لئے شوہر پر بیوی کا صدقۃ الفطر لازم نہیں ہے۔

**ترجمہ:** (۸۹۱) اور اپنے بڑے بیٹے کی جانب سے صدقۃ الفطر نہ نکالے، اگر چہ اس کی کفالت میں ہو۔

**ترجمہ:** ل اس پر ولایت نہ ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح:** اسی طرح بڑے لڑکے کی ملکیت باپ سے الگ ہو جاتی ہے اور وہ خود ذمہ دار ہو جاتا ہے باپ کی اس پر ولایت اور سر پرستی نہیں رہتی۔چاہے کسی محتاجگی کی وجہ سے لڑکے کا نفقہ باپ پر لازم ہو۔اس لئے بڑے لڑکے کا صدقۃ الفطر باپ پر لازم نہیں۔

**ترجمہ:** ۲ اور اگر اولاد کی جانب سے یا بیوی کی جانب سے بغیر انکے حکم کے صدقہ ادا کر دیا تو استحسانا ادا ہو جائے گا، عادۃً اجازت کے ثابت ہونے کی وجہ سے۔

**تشریح:** اگر چہ بیوی اور بڑی اولاد پر ولایت نہیں ہے تاہم انکے حکم کے بغیر صدقۃ الفطر ادا کر دیا تو ادا ہو جائے گا، اس کی وجہ یہ ہے کہ گھر میں عام طور پر بیوی یہی سمجھتی ہے کہ شوہر صدقہ ادا کریں گے اور انکی جانب سے عادۃً اجازت ہوتی ہے، اسی طرح بالغ لڑکا یا لڑکی ساتھ رہتے ہوں تو یہی سمجھتے ہیں کہ والد صاحب ہی ادا کر دیں گے اس لئے عادۃً اجازت کی وجہ سے صدقہ کی نیت بھی ہو گئی اور انکی جانب سے ادا بھی ہو جائیگا۔

**ترجمہ:** (۸۹۲) اپنے مکاتب غلام کی جانب سے صدقۃ الفطر نہیں نکالے گا۔

**ترجمہ:** ل اس لئے کہ اس پر آقا کی ولایت نہیں ہے۔

**وجہ:** (۱) مولی مکاتب غلام کی کفالت نہیں کرتا بلکہ مکاتب خود کفیل ہوتا ہے اس لئے آقا پر مکاتب کا صدقۃ الفطر ادا کرنا واجب نہیں۔(۲) اثر میں ہے۔عن ابن عمر انه كان يودى زكوة الفطر عن كل مملوك له فى ارضه و غير ارضه وعن كل انسان يعوله من صغيرا و كبير وعن رقيق امرأته وكان له مكاتب بالمدينة فكان لا يودى عنه۔ (سنن للبیہقی، باب من قال لا یودی عن مکاتبہ ج رابع ص ۲۷۲، نمبر ۷۶۸۲ رمصنف ابن ابی شیبۃ ۳۷، ما قالوا فی المکاتب یعطی عنہ سیدہ ام لا ج ثانی ص ۴۰۰، نمبر ۱۰۳۸۶) اس اثر سے معلوم ہوا کہ حضرت عبد اللہ بن عمر مکاتب کا صدقۃ الفطر خود ادا نہیں کرتے تھے

(۸۹۳) ولا المكاتب عن نفسه ﴾ ١ لفقره. ٢ وفي المدبر وام الولد ولا ية المولى ثابتة فيخرج عنهما (۸۹۴) ولا يخرج عن مماليكه للتجارة ﴾ ١ خلافا للشافعي فان عنده وجوبها على العبد ووجوب الزكوٰة على المولىٰ فلا تنا فيه

ـ کیونکہ وہ ان کی مؤنت میں نہیں تھا۔

**ترجمہ**: (۸۹۳) مکاتب خود اپنی جانب سے بھی نہ نکالے۔

**ترجمہ**: ١ اس کے فقیر ہونے کی وجہ سے۔

**وجہ**: (١) مکاتب پر ابھی مال کتابت کا قرض ہے اس لئے اس کے پاس مال نصاب بھی ہو تو وہ ایک اعتبار سے فقیر ہے اس لئے خود مکاتب بھی صدقۃ الفطر نہ نکالے۔ اس اثر میں ہے. ان عمر بن عبد العزیز قال : لیس فی مال المکاتب زکوۃ . ( مصنف ابن ابی شیبۃ ۵۲، فی المکاتب من قال: لیس علیہ زکوۃ ج ثانی ص ۳۸۷، نمبر ۱۰۲۲۹) اس اثر میں ہے کہ مکاتب کے مال میں زکوۃ نہیں ہے اور صدقۃ الفطر بھی زکوۃ کا ایک حصہ ہے اس لئے صدقۃ الفطر بھی نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ٢ اور مدبر اور ام ولد میں آقا کی ولایت ثابت ہے اس لئے ان دونوں کی جانب سے آقا نکالے۔

**تشریح**: اوپر حدیث گزر چکی ہے کہ غلام کی جانب سے آقا صدقۃ الفطر نکالے، اور چونکہ مدبر غلام اور ام ولد غلام کے درجے میں ہیں، کیونکہ ان پر آقا کی پوری ولایت اور مؤنت ہے اس لئے ان دونوں کی جانب سے آقا ہی صدقہ نکالے گا۔

**ترجمہ** (۸۹۴) نہ تجارت کے غلاموں کی جانب سے صدقۃ الفطر نکالے۔

**وجہ**: تجارت کے غلام کی قیمت میں زکوۃ ہے اس لئے اس کے لئے صدقۃ الفطر دینے کی ضرورت نہیں، ورنہ دو مرتبہ اس کی زکوۃ نکالنی ہو جائے گی۔

**ترجمہ**: ١ امام شافعیؒ اس کے خلاف ہے، اس لئے انکے نزدیک اسکا وجوب غلام پر ہے، اور زکوۃ کا وجوب آقا پر ہے اس لئے اسکے منافی نہیں ہے

**تشریح**: امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ تجارت کے غلام کا بھی صدقۃ الفطر آقا نکالے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ : و یؤدی زکاۃ الفطر عن رقیقه الذی اشتری للتجارۃ و یؤدی عنھم زکوۃ التجارۃ معا ۔ (موسوعہ امام شافعیؒ باب زکوۃ الفطر، ج رابع، ص ۲۳۳، نمبر ۴۴۸۱) اس عبارت میں ہے کہ تجارت کے غلام کی جانب سے آقا زکوۃ بھی ادا کرے اور صدقۃ الفطر بھی ادا کرے۔

**وجہ**: (١) اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ تجارت کے غلام کی زکوۃ بھی آقا ہی دے گا اور صدقۃ الفطر بھی آقا ہی دے گا، لیکن فرق یہ

۲؎ وعندنا وجوبها على المولى بسببه كالزكوٰة فيؤدّى الى الثّنى (۸۹۵) والعبد بين شريكين لا فطرة علىٰ واحد ﴾ ل؎ منهما لقصور الولاية والمؤنة فى كل واحد منهما (۸۹۶) وكذا العبيد بين اثنين ﴾ ل؎ عندابى حنيفة

ہے کہ زکوۃ براہ راست آقا پر ہے اور صدقۃ الفطر خود غلام پر واجب ہوتا ہے، لیکن اس کے پاس مال نہیں ہے اس لئے اس کی جانب سے آقا نکالے گا، اس طرح زکوۃ اور صدقہ کا وجوب ایک ہی پر نہیں ہوا، صرف نکالنا ایک پر ہوا اس لئے اس میں کوئی منافی نہیں ہے اور نہ کوئی حرج ہے (۲) اوپر حدیث میں ہے کہ غلام کی جانب سے صدقۃ الفطر نکالے، اور اس میں کوئی قید نہیں ہے کہ خدمت کے لئے ہو یا تجارت کے لئے ہو اس لئے دونوں کے لئے نکالنا واجب ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲؎ ہمارے یہاں صدقہ کا وجوب آقا پر ہے غلام کے سبب سے جیسے کہ زکوۃ اس لئے یہ تکرار کا سبب بنے گا۔

**تشریح**: ہماری دلیل یہ ہے کہ جس طرح غلام کی زکوۃ آقا پر واجب ہوتی ہے اسی طرح صدقۃ الفطر بھی غلام کے سبب سے آقا پر ہی واجب ہوتا ہے، تو اس طرح غلام پر ایک سال میں دو مرتبہ فریضہ مالیہ ہو جائے گا، حالانکہ دو مرتبہ زکوۃ لینے سے منع فرمایا ہے اس لئے زکوۃ کے غلام میں صدقۃ الفطر واجب نہیں ہے۔ دو مرتبہ لینے سے منع کے لئے یہ حدیث ہے۔ عن أمه فاطمة أن النبى ﷺ قال : لا ثناء فى الصدقة . (مصنف ابن ابی شیبۃ، من قال: لاتؤ خذ الصدقۃ فی السنۃ الامرۃ واحدۃ، ج ثانی ص ۴۳۱، نمبر ۱۰۷۳۴) اس حدیث میں ہے کہ سال میں دو مرتبہ صدقہ نہ لیا جائے۔

**ترجمہ**: (۸۹۵) اور جو غلام دو شریکوں کے درمیان میں ہو ان دونوں میں سے کسی پر صدقۃ الفطر نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ل؎ دو آقاؤں میں سے ہر ایک میں ولایت اور مؤنت میں ناقص ہونے کی وجہ سے۔

**وجہ**: (۱) دونوں شریکوں میں سے کوئی بھی پورا پورا مالک نہیں ہے اور نہ پوری پوری کفالت کر رہے ہیں اور نہ پورا ولی ہے، بلکہ دونوں کی ولایت اور مؤنت آدھی آدھی ہے۔ اس لئے کسی شریک پر صدقۃ الفطر واجب نہیں ہوگا (۲) اثر میں ہے عن ابی هريرة قال ليس فى المملوك زكوة الا مملوك تملكه (مصنف ابن ابی شیبۃ، ۱۱۸ فی المملوک یکون بین رجلین علیہ صدقۃ الفطر ج ثانی ص ۴۲۳، نمبر ۱۰۶۵۱) اس اثر میں الا مملوک تملکه کا مطلب یہی ہے کہ تم مملوک کے مکمل مالک ہو تو زکوۃ یعنی صدقۃ الطفر واجب ہے، اور مکمل مالک نہیں ہو بلکہ شرکت میں مملوک ہے تو صدقۃ الفطر واجب نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۸۹۶) ایسے ہی کئی غلام دو آدمیوں کے درمیان ہو۔

**ترجمہ**: ل؎ امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک [تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک کسی پر صدقۃ الفطر واجب نہیں]

**تشریح**: مثلا دو غلام زید اور بکر کے درمیان شریک ہے تو امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک کسی پر بھی ان کا صدقۃ الفطر واجب نہیں ہے۔

۲ وقالا علیٰ کل منهما ما یخصه من الرؤس دون الاشقاص بناء علیٰ انه لا یری قسمة الرقیق وهما یریانها ۳ وقیل هو بالاجماع لانه لا یجتمع النصیب قبل القسمة فلم تتم الرقبة لکل واحد منهما(۸۹۷) ویؤدی المسلم الفطرة عن عبده الکافر﴾ ۱ لا طلاق ما رویناه

**وجه** : اس کی وجہ یہ ہے کہ تقسیم کرنے سے پہلے امام ابوحنیفہؒ کے نزدیک زید کا ایک غلام اور بکر کا ایک غلام نہیں ہے، بلکہ زید کا آدھا آدھا دونوں غلاموں میں ہے، اور بکر بھی آدھا آدھا دونوں غلاموں میں ہے تو دونوں غلاموں میں دونوں کی ولایت اور مؤنت ناقص ہے اس لئے دونوں میں سے کسی پر بھی صدقہ واجب نہیں ہوگا۔ کیونکہ اوپر گزرا کہ پورا پورا ولایت اور مؤنت ہو تب صدقہ واجب ہوتا ہے۔

**ترجمہ** : ۲ صاحبینؒ فرماتے ہیں کہ دونوں آقاؤں پر اتنا آئے گا جو پورا پورا سر اس کے حصے میں آئے نہ کہ ٹکڑا، بناء کرتے ہوئے اس بات پر کہ امام ابوحنیفہؒ غلام کی تقسیم کو جائز نہیں سمجھتے ہیں، اور صاحبین جائز سمجھتے۔

**تشریح** : صاحبینؒ کا قاعدہ یہ ہے کہ غلام کو تقسیم نہ بھی کیا ہو پھر بھی ذہنی طور جو دونوں آقاؤں کے حصے میں آتا ہو اگر ان حصوں سے پورا ایک غلام بن جاتا ہو تو اس کا صدقۃ الفطر ادا کرے گا، اور اگر پورا ایک غلام نہ بنتا ہو غلام کا ٹکڑا ہی رہ جاتا ہو تو اس کا صدقہ لازم نہیں ہوگا، کیونکہ وہ غلام کے حصے کو جائز سمجھتے ہیں اور امام ابوحنیفہؒ تقسیم سے پہلے حصے کو جائز نہیں سمجھتے۔ مثال کے طور پر تین غلام زید اور بکر کے درمیان میں مشترک ہیں، تو ذہنی طور پر دونوں کے حصے میں ایک ایک پورا پورا غلام ہوتا ہے، اور تیسرے غلام کا آدھا آدھا ہوتا ہے، اس لئے صاحبینؒ کے نزدیک دونوں پر ایک ایک غلام کا صدقہ لازم ہوگا کیونکہ ایک ایک رؤس یعنی پورا غلام حصے میں آیا، اور باقی آدھے آدھے غلام کا صدقہ کسی پر لازم نہیں ہوگا، کیونکہ یہ ٹکڑا ہوا اور ٹکڑے کا صدقہ لازم نہیں ہوتا۔ رؤس: پورا غلام۔ اشقاص: شقص کی جمع ہے، ٹکڑا۔

**ترجمہ** : ۳ بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ مسئلہ بالاجماع ہے، کیونکہ تقسیم سے پہلے حصص جمع نہیں ہو سکتے، اس لئے دونوں میں سے ہر ایک کے لئے کوئی غلام پورا نہیں ہوا۔

**تشریح** : بعض حضرات نے فرمایا کہ یہ مسئلہ بالاتفاق ہے کہ تینوں اماموں کے نزدیک دونوں آقاؤں میں سے کسی پر صدقہ لازم نہیں ہوگا، اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ ابھی غلام کی تقسیم نہیں ہوئی ہے اس لئے ہر غلام کا جو آدھا آدھا حصہ ہوگا وہ جمع کر کے ایک غلام نہیں بنا سکتے، اور جب پورا ایک غلام کسی کا نہیں بنا تو کسی پر اس کا صدقہ لازم نہیں ہوگا۔ نصیب حصہ۔ رقبہ: پورا غلام، گردن

**ترجمہ** : (۸۹۷) مسلمان آقا صدقۃ الفطر ادا کرے گا اپنے کافر غلام کی جانب سے۔

**ترجمہ** : ۱ اس حدیث کے مطلق ہونے کی وجہ سے جو ہم نے روایت کی۔

۲ ولقوله عليه السّلام فی حديث ابن عباس ادوا عن كل حر وعبد يهودی اونصرانی او مجوسی الحديث ۳ ولان السبب قد تحقق والمولیٰ من اهله ۴ وفيه خلاف الشافعی لان الوجوب عنده علی العبد وهو ليس من اهله

**وجه**: (۱) حنفیہ کے نزدیک غلام کا صدقہ مولی پر واجب ہوتا ہے اور مولی چونکہ مسلمان ہے اس لئے اس پر واجب ہوگا (۲) بخاری میں دوسری حدیث مطلق ہے اس میں من المسلمین کی قید نہیں ہے جس کا حاصل یہ ہوگا کہ مملوک مسلمان ہو یا کافر دونوں صورتوں میں اس کا صدقۃ الفطر نکالنا واجب ہوگا، صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے ۔عن ابن عمر قال فرض رسول الله ﷺ صدقة الفطر صاعا من شعير او صاعا من تمر علی الصغير والكبير والحر والمملوک (بخاری شریف، باب صدقۃ الفطر علی الصغیر والکبیر ص۲۰۵ نمبر ۱۵۱۲) اس حدیث میں والمملوک مطلق ہے۔یعنی کافر اور مسلمان دونوں قسم کے غلاموں پر صدقۃ الفطر واجب ہے

**ترجمہ**: ۲ حضرت ابن عباسؓ کی حدیث میں حضور علیہ السلام کا قول ہے ہر آزاد، غلام، یہودی یا نصرانی، یا مجوسی کی جانب سے ادا کرو۔

**تشریح**: صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابن عباس قال قال رسول الله صدقة الفطر عن كل صغير و كبير ذكر و انثی يهودی او نصرانی حر او مملوک نصف صاع من بر. (دار قطنی، کتاب زکوۃ الفطر ج ثانی ص۱۳۱ نمبر ۲۱۰۰ / مصنف ابن ابی شیبۃ، ۷۱ ما قالوا فی العبد النصرانی یعطی عنہ ج ثانی ص۳۹۹، نمبر ۱۰۳۷۴) اس حدیث میں ہے کہ یہودی ہو یا نصرانی ہو اس مملوک کا صدقۃ الفطر واجب ہے۔

**ترجمہ**: ۳ اور اس لئے کہ سبب متحقق ہو گیا ہے اور آقا صدقے کے اہل میں سے ہے۔

**تشریح**: سبب ہے راس، یعنی غلام کا مالک ہونا، اس پر ولایت ہونا اور اسکی مؤنت برداشت کرنا، اور آقا غلام کا مالک ہے اور ولایت اور مؤنت بھی ہے، اور آقا صدقہ ادا کرنے کا اہل بھی ہے یعنی مسلمان ہے، اس لئے کافر غلام کی وجہ سے بھی اس پر صدقہ واجب ہونا چاہئے۔

**ترجمہ**: ۴ اس میں امام شافعیؒ کا اختلاف ہے، اس لئے کہ انکے یہاں وجوب غلام پر ہے اور غلام صدقے کا اہل نہیں ہے۔

**تشریح**: ۔امام شافعیؒ کے یہاں صدقہ خود غلام پر واجب ہوتا ہے، البتہ آقا اس کی جانب سے ادا کرتا ہے، اور غلام کافر ہے اسلئے غلام پر صدقہ واجب ہی نہیں ہوگا اسلئے آقا اسکی جانب صدقہ ادا نہیں کرے گا۔

**وجہ**: ان کے یہاں خود غلام پر صدقۃ الفطر واجب ہوتا ہے اور غلام کافر ہے اور کافر صدقہ کا اہل نہیں ہے۔کیونکہ صدقہ تو عبادت

**۵ ولو كان على العكس فلا وجوب بالاتفاق (٨٩٨) قال ومن باع عبد او احد هما بالخيار ففطرته على من يصير له﴾ ۶ معناه و انه اذا مرّ يوم الفطر و الخيار باق.**

ہےاس لئے ان کے یہاں کافر غلام کا صدقۃ الفطر مولی پرواجب نہیں ہے(۲)**عن ابن عمر قال فرض رسول الله ﷺ زكوة الفطر صاعا من تمر او صاعا من شعير على العبد والحر والذكر والانثى والصغير والكبير من المسلمين وامر بها ان تودى قبل خروج الناس الى الصلوة** (بخاری شریف، باب فرض صدقۃ الفطر ص ۲۰۴ نمبر ۱۵۰۳/ مسلم شریف، باب زکوۃ الفطر علی المسلمین من التمر والشعیر ص ۳۹۵ نمبر ۹۸۴/۲۲۷۸) اس حدیث میں من المسلمین کی قید ہے اس لئے کافر غلام کی جانب سے صدقہ واجب نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: ۵ اور اگر معاملہ اس کا الٹا ہو [یعنی غلام مسلمان ہو اور آقا کافر ہو] تو صدقہ بالاتفاق واجب نہیں ہے۔

**تشریح**: غلام مسلمان ہے تو اس کے پاس مال ہی نہیں ہے جو مال ہے وہ آقا کا مال ہے اس لئے فقیر پر صدقہ واجب کیسے کریں؟ اور آقا تو کافر ہے اس لئے وہ صدقہ ادا کرنے کا اہل ہی نہیں اس لئے اس پر بھی واجب نہیں کر سکتے ،اس لئے سب کے نزدیک غلام پر صدقہ واجب نہیں ہوگا۔دوسری وجہ یہ ہے کہ امام شافعیؒ کے نزدیک اگر چہ غلام پر صدقہ لازم ہوتا ہے لیکن ادا تو آقا کو کرنا پڑتا ہے اور وہ کافر ہونے کی وجہ سے اس کا اہل نہیں ،اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک آقا پر لازم ہوتا ہے اور وہ کافر ہے اس لئے اس پر کیسے لازم ہوگا،اس لئے کسی کے نزدیک صدقہ واجب نہیں ہے۔

**ترجمہ**: (۸۹۸) کسی نے غلام خریدا اور خریدنے یا بیچنے والے میں سے ایک نے خیار شرط لی تو غلام کا صدقہ اس پر ہوگا جس کے لئے وہ ہوگا۔

**ترجمہ**: ۶ اس کا معنی یہ ہے کہ عید الفطر کا دن گزر گیا اور اختیار باقی ہے۔

**تشریح**: عید کے ایک دن پہلے کسی نے خدمت کا غلام بیچا اور دوسرے نے خدمت کے لئے ہی خریدا، اور بائع یا مشتری میں سے کسی ایک نے تین دن کا خیار شرط لے لیا، اور عید کے دن گزر جانے تک خیار شرط باقی تھا تو صدقۃ الفطر اس پر لازم ہوگا جسکے لئے بعد میں غلام ہوگا، مثلا بیع توڑ دی اور غلام بائع کی طرف لوٹ آیا تو بائع پر صدقہ لازم ہوگا، اور اگر بیع باقی رہی اور غلام مشتری کی طرف چلا گیا تو مشتری پر صدقہ لازم ہوگا۔ خیار شرط: بیع ہونے کے بعد بیع توڑنے کا تین دن کا اختیار لیا جاتا ہے، اس کو خیار شرط کہتے ہیں۔

**وجہ**: اس کی وجہ یہ ہے کہ بیع مکمل ہو جائے تو جس وقت سے عقد ہوا ہے اسی وقت سے مشتری کی ملکیت شمار کی جاتی ہے، اس لئے عید کے ایک دن پہلے سے مشتری کا غلام ہو گیا، اور اسی کی ولایت اور مؤنت غلام پر ہوئی اسلئے اسی پر صدقہ لازم ہوگا۔ اور اگر خیار

۲ وقال زفر علیٰ من له الخيار لان الولاية له ۳ وقال الشافعي على من له الملک لانه من وظائفه كالنفقة ۴ ولنا ان الملک موقوف لانه لورد يعود الیٰ ملک البائع ولو اجيز يثبت الملک للمشتری من وقت العقد فيتوقف ما يبتنی عليه

---

شرط کی بنا پر بیع ٹوٹ گئی تو غلام بائع کی طرف واپس آجائے گا اور یوں سمجھا جائے گا پہلے ہی سے بائع ہی کی ملکیت بحال ہے اس لئے بائع پر صدقہ واجب ہوگا۔ اس لئے ابھی بات موقوف رکھی جائے بعد میں جسکی ملکیت ہوگی اسی پر صدقۃ الفطر واجب ہوگا۔

**ترجمہ**: ۲ امام زفرؒ نے فرمایا کہ جس نے خیار شرط لیا ہے صدقہ اسی پر ہوگا، اس لئے کہ غلام پر ولایت اسی کی ہے۔

**تشریح**: امام زفرؒ فرماتے ہیں کہ بائع یا مشتری میں سے جس نے بیع توڑنے کا اختیار لیا اس کو بیع کو توڑنے کی ولایت ہوتی ہے کہ چاہے تو بیع باقی رکھے، اور چاہے تو بیع توڑ دے، اور جب اسکو ولایت ہے تو اسی پر صدقہ لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: ۳ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ جس کی ملک ہے اس پر صدقۃ الفطر ہے، اس لئے کہ صدقہ غلام کے وظائف میں سے ہے جیسے کہ نفقہ۔

**تشریح**: ہمارے اور امام شافعیؒ کے درمیان صرف اتنا اختلاف ہے کہ وہ فوری طور پر جسکی ملکیت ہے اس پر صدقہ لازم کرتے ہیں ، اور ہمارے یہاں ابھی موقوف رہے گا، خیار ختم ہونے کے بعد جسکی ملکیت ہوگی اس پر صدقہ لازم ہوگا۔ امام شافعیؒ کا قاعدہ یہ ہے کہ بیع ہونے کے بعد کسی نے بھی خیار شرط لیا ہو مشتری کی ملکیت ہو جاتی ہے، اور جس کی ملکیت ہوتی ہے اسی پر صدقہ لازم ہے کیونکہ صدقہ غلام کے اخراجات اور وظائف میں سے ہے، جیسے کہ نفقہ غلام کے اخراجات میں سے ہے، اور جسکی ملکیت ہوتی ہے اس پر نفقہ لازم ہوتا ہے، اسی طرح اس پر صدقہ بھی لازم ہوگا۔

**ترجمہ**: ۴ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ ملک موقوف ہے اس لئے کہ اگر بیع رد کر دے تو غلام بائع کی ملکیت کی طرف لوٹ جائے گا ، اور اگر بیع جائز قرار دے تو عقد ہی کے وقت سے مشتری کی ملکیت ثابت ہوگی، اس لئے جو چیز ملک پر مبنی ہے وہ بھی موقوف رہے گی۔ [یعنی صدقہ]

**تشریح**: ہمارے یہاں اور امام شافعیؒ کے یہاں اس بات پر اتفاق ہے کہ عید کے دن جس کی ملکیت ہوگی اسی پر صدقہ لازم ہوگا، لیکن انکے یہاں خیار کے باوجود عید کے دن مشتری کی ملکیت ثابت ہے اس لئے مشتری پر صدقہ لازم ہوگا، اور ہمارے یہاں خیار کی وجہ سے ملک ابھی موقوف ہے اس لئے خیار ختم ہونے تک صدقہ بھی موقوف رہے گا، پس اگر بیع رد ہو جائے اور غلام بائع کی طرف لوٹ جائے تو بائع پر صدقہ لازم ہوگا، کیونکہ شروع سے اسی کی ملک آرہی تھی اور بیع ٹوٹنے کی وجہ سے اسی کی ملک برقرار رہی، اور عید کے دن بھی اسی کی ملک رہی اس لئے اس پر صدقہ لازم ہوگا۔ اور اگر بیع جائز کر دی تو عقد کے وقت سے ہی یعنی عید کے ایک دن پہلے

۵ بخلاف النفقة لانها للحاجة الناجزة فلا تقبل التوقف ۶ وزكوٰة التجارة علىٰ هذا الخلاف

---

ہی سے مشتری کی ملکیت ہوگئی اس لئے مشتری پر صدقہ لازم ہوگا۔ تاہم عید کے دن ملک بھی موقوف ہے اور اسکی وجہ سے صدقہ بھی موقوف رہے گا۔

**ترجمہ**: ۵ بخلاف نفقہ کے اس لئے کہ وہ فوری ضرورت کے لئے ہے اس لئے وہ توقف قبول نہیں کرے گا۔

**تشریح**: یہ امام شافعیؒ کو جواب ہے، انہوں نے فرمایا تھا کہ جسکی ملکیت ہو اس پر جس طرح فوری طور پر نفقہ لازم ہوتا ہے اسی طرح صدقہ بھی لازم ہوگا، اس کا جواب دیا جا رہا ہے کہ نفقہ فوری ضرورت کے لئے ہے اس میں ایک دن تاخیر کرے گا تو غلام مر جائے گا اس لئے اس میں تاخیر نہیں کر سکتے، اور صدقہ بعد میں بھی ادا کر سکتا ہے اس لئے ابھی موقوف رکھا جائے، خیار ختم ہونے کے بعد جسکی ملکیت ثابت ہوگی اسی پر صدقہ لازم کر دیا جائے گا۔ الناجزۃ: فوری طور پر۔

**ترجمہ**: ۶ تجارت کی زکوۃ اسی اختلاف پر ہے۔

**تشریح**: غلام تجارت کا تھا اور سال پورا ہونے والا تھا کہ اس نے بیچ دیا اور دونوں میں سے ایک نے خیار شرط لیا، تو اس کا مسئلہ بھی صدقۃ الفطر کی طرح اسی اختلاف پر ہے۔ چنانچہ امام زفرؒ کے یہاں اس غلام کی زکوۃ اس پر ہوگی جس نے اختیار لیا، اور امام شافعیؒ کے یہاں اس پر ہوگی جس کے لئے اس وقت ملک ثابت ہے، یعنی مشتری پر، اور امام ابو حنیفہؒ کے یہاں ابھی موقوف رکھا جائے گا خیار ختم ہونے کے بعد جسکی ملکیت ثابت ہوگی اسی پر اس کی زکوۃ ہوگی اگر وہ صاحب نصاب ہو۔

## ﴿فصل فی مقدار الواجب و وقته﴾

(۸۹۹) ﴿الفطرة نصف صاع من بر او دقيق اوسويق او زبيب اوصاع من تمر او شعير﴾
(۹۰۰) ﴿وقالا الزبيب بمنزلة الشعير﴾ ۱؎ وهو رواية عن ابی حنيفة والاول رواية عن ابی حنيفة

## ﴿فصل فی مقدار الواجب ووقتہ﴾

**ترجمہ**: (۸۹۹) صدقۃ الفطر آدھا صاع ہے گیہوں سے یا اسکے آٹے سے، یا اسکے ستو سے، یا کشمش سے یا ایک صاع ہے کھجور سے، یا جو سے۔

**تشریح**: آدھا صاع گیہوں ہو یا اس کا آٹا ہو یا اس کا ستو ہو تو چونکہ وہ گیہوں کی جنس سے ہے اس لئے آدھا صاع ہی کافی ہے، البتہ کھجور اور جو ایک صاع ہونا چاہئے، اس کی وجہ یہ ہے کہ عرب میں کھجور اور جو پیدا ہوتا تھا اس لئے یہ چیزیں سستی تھیں، اس لئے ایک صاع قرار دیا، اور گیہوں کی پیداوار کم تھی اس لئے یہ مہنگا تھا اس لئے آدھا صاع مقرر فرمایا۔ اس وقت گیہوں اگر چہ کھجور کے مقابلے پر سستا ہے لیکن چونکہ حدیث میں وہ معیار مقرر کر دیا ہے اس لئے وہی معیار رہے گا۔ اور کشمش کے بارے میں اختلاف ہے جو آگے آرہا ہے۔

**وجہ**: (۱) عن ابی سعيد الخدری ؓ قال كنا نعطيها فی زمان النبی ﷺ صاعا من طعام أو صاعا من تمر أو صاعا من شعير أو صاعا من زبيب فلما جاء معاوية و جائت السمراء قال أری مدا من هذا يعدل مدين (بخاری شریف، باب صاعا من زبیب ص ۲۴۵ نمبر ۱۵۰۸ رمسلم شریف، باب زکاۃ الفطر علی المسلمین من التمر والشعیر، ص ۳۹۶، نمبر ۲۲۸۳/۹۸۵) اس حدیث میں ہے کہ ایک صاع گیہوں اور ایک صاع کھجور اور ایک صاع کشمش فطرہ میں دیتے تھے بعد میں ایک صاع گیہوں دو آدمیوں کے لئے کر دیا، یعنی آدھا صاع ایک آدمی کے لئے اور اس پر اجماع بھی ہو گیا۔ (۲) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابی صعير قال قال رسول الله صاع من بر او قمح علی كل اثنين صغير او كبير. (ابوداؤد شریف، باب من روی نصف صاع من قمح ص ۲۳۵ نمبر ۱۶۱۹) اس حدیث میں ہے کہ خود حضور ؐ نے آدھا صاع گیہوں فطرہ کے لئے متعین فرمایا۔ (۳) اور آٹے کا تذکرہ اس اثر میں ہے۔ سألت عبد الله بن شداد عن صدقة الفطر فقال : نصف صاع من حنطة أو دقيق ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب فی صدقۃ الفطر من قال: نصف صاع بر، ج ثانی، ص ۳۹۷، نمبر ۱۰۳۴۹) اس اثر میں ہے کہ گیہوں یا آٹا آدھا صاع ہے، اس لئے گیہوں کا آٹا ہی مراد ہے۔

**ترجمہ**: (۹۰۰) اور صاحبین ؒ نے فرمایا کہ کشمش جو کے درجے میں ہے۔

**ترجمہ**: ۱؎ یہی ایک روایت امام ابوحنیفہ ؒ کی ہے، اور پہلی روایت جامع صغیر کی ہے

والاول رواية الجامع الصغير ۲؎ وقال الشافعي من جميع ذلک صاع لحديث ابی سعيد الخدری قال كنا نخرج ذلک علی عهد رسل الله صلى الله عليه وسلم ۳؎ ولنا ما روينا وهو مذهب جماعة من الصحابة وفيهم الخلفاء الراشدون رضوان الله عليهم

---

**تشریح** : صاحبین کی رائے یہ ہے کہ جس طرح جوفطرہ میں ایک صاع لازم ہوتا ہے اسی طرح کشمش بھی ایک صاع ہی لازم ہو گا، آدھا صاع نہیں، اور امام ابوحنیفہؒ کی بھی ایک روایت یہی ہے، اور متن میں جو آدھا صاع کی روایت ہے وہ جامع صغیر کی روایت ہے۔

**وجه** : اوپر حدیث میں گزرا کہ کشمش ایک صاع ہے۔عن ابی سعید الخدری أو صاعا من زبيب. (بخاری شریف نمبر ۱۵۰۸ رمسلم شریف، نمبر ۹۸۵/۲۲۸۳) اس حدیث میں ہے کہ کشمش ایک صاع ہے اس لئے ایک صاع ہی لازم ہوگا۔

**ترجمه** : ۲؎ اور امام شافعیؒ نے فرمایا کہ اس تمام سے ایک صاع ہے، حضرت ابوسعید خذریؓ کی حدیث کی وجہ سے، وہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورؐ کے زمانے میں یہی نکالتے تھے۔

**تشریح** : حضرت امام شافعیؒ فرماتے ہیں کہ جو کھجور کشمش اور گیہوں بھی ایک صاع ہی لازم ہے، موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعي : ولا يخرج من الحنطة في صدقة الفطر الا صاع ۔ (موسوعہ امام شافعیؒ ، باب مكيلة زكاة الفطر ، ج رابع ، ص۲۴۴، نمبر ۴۵۳۶) اس عبارت میں ہے کہ گیہوں بھی ایک صاع ہی ہے۔

**وجه** : (۱) انکی دلیل حضرت ابوسعید خذری کی حدیث ہے، جس میں ہے کہ ہم حضورؐ کے زمانے میں اوپر کی چیزیں ایک صاع ہی نکالا کرتے تھے اس لئے گیہوں بھی ایک صاع ہی لازم ہوگا آدھا صاع نہیں، صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔عن ابی سعيد الخدریؓ قال كنا نعطيها في زمان النبي ﷺ صاعا من طعام أو صاعا من تمر أو صاعا من شعير أو صاعا من زبيب فلما جاء معاوية و جائت السمراء قال أرى مدا من هذا يعدل مدين (بخاری شریف، باب صاعا من زبیب، ص ۲۴۵ نمبر ۱۵۰۸ رمسلم شریف، باب زكاة الفطر على المسلمين من التمر والشعير ، ص ۳۹۶، نمبر ۹۸۵/۲۲۸۳ رابوداود شریف، باب کم يؤدى في صدقة الفطر؟ ص ۲۳۹، نمبر ۱۶۱۶) اس حدیث میں طعام سے مراد گیہوں ہے جو ایک صاع نکالا کرتے تھے۔

**ترجمه** : ۳؎ اور ہماری دلیل وہ ہے جو ہم نے روایت کی، اور یہ صحابہ کی ایک جماعت کا مذہب ہے، اور اس میں خلفاء راشدینؓ بھی ہیں۔

**تشریح** : اوپر یہ حدیث گزر گئی ہے۔عن ابی صعير قال قال رسول الله صاع من بر او قمح على كل اثنين صغير او كبير . (ابوداؤد شریف، باب من روى نصف صاع من قمح ص ۲۳۵ نمبر ۱۶۱۹) اس حدیث میں دو آدمیوں کی جانب سے

۴ وما رواه محمول على الزيادة تطوعا ۵ ولهما في الزبيب انه والتمر يتقاربان في المقصود.
۶ وله انه والبر يتقاربان في المعنى لانه يوكل كل واحد منهما بجميع اجزائه ويلقىٰ من التمر النواة ومن الشعير النخالة وبهذا ظهر التفاوت بين البر والتمر

ایک صاع ہے تو ایک آدمی کی جانب سے آدھا صاع ہوا۔ اور اجماع کے لئے بھی یہ حدیث گزر گئی کہ حضرت معاویہؓ نے آدھا صاع گیہوں کی تجویز دی تو سب صحابہؓ نے مان لیا، جس کا مطلب یہ ہوا کہ اس پر سب کا اتفاق ہو گیا۔ اور خلفاء راشدین بھی ان میں شامل ہیں اس کی دلیل یہ ہے ۔ عن ابی قلابة قال أخبرنی من ادی الی أبی بکر صدقة الفطر نصف صاع من طعام . (مصنف ابن ابی شیبة ، باب فی صدقة الفطر من قال : نصف صاع بر، ج ثانی، ص ۳۹۶، نمبر ۱۰۳۳۶) اس اثر میں ہے کہ حضرت ابو بکرؓ کو آدھا صاع گیہوں ادا کیا اس کا مطلب یہ ہوا کہ خلفاء راشدین کا بھی اس پر اتفاق ہے کہ آدھا صاع گیہوں دے دے۔

**ترجمہ**: ۴ اور جو ابو سعید خدریؓ کی جو حدیث امام شافعیؒ نے پیش کی وہ نفلی طور پر زیادتی پر محمول ہے۔

**تشریح**: اوپر حضرت امام شافعیؒ کی دلیل کے لئے ابو سعید خدریؓ کی حدیث گزری جس میں تھا کہ ہم لوگ حضورؐ کے زمانے میں ایک صاع گیہوں فطرہ میں دیتے تھے، اس کی تاویل یہ کرتے ہیں کہ حضورؐ نے تو آدھا صاع گیہوں ہی لازم فرمایا تھا، لیکن حضرت ابو سعیدؓ اپنی طرف سے نفلی طور پر ایک صاع دیا کرتے تھے، البتہ لازم تو آدھا صاع ہی تھا۔

**ترجمہ**: ۵ صاحبینؒ کی دلیل کشمش کے بارے میں یہ ہے کہ کشمش اور کھجور دونوں مقصود میں قریب قریب ہیں [یعنی تفکہ کے طور پر کھاتے ہیں]

**تشریح**: صاحبینؒ نے فرمایا کہ کھجور کی طرح کشمش کو بھی صدقے میں ایک صاع دیں، اور اس کی دلیل عقلی یہ دے رہے ہیں کہ کھانے کے اعتبار سے کشمش اور کھجور ایک طرح کے ہیں کیونکہ دونوں تفکہ کے طور پر کھایا جاتا ہے، اور دونوں سے مٹھاس حاصل کی جاتی ہے، اس لئے دونوں کا صدقہ بھی ایک ہونا چاہئے، یعنی ایک صاع ہونا چاہئے۔ اصل تو اوپر کی حدیث ہے جس میں کشمش ایک صاع فرمایا ہے۔

**ترجمہ**: ۶ امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ کشمش اور گیہوں معنی کے اعتبار سے قریب قریب ہیں، اس لئے کہ دونوں پورے اجزاء کے ساتھ کھائے جاتے ہیں، اور کھجور سے گٹھلی پھینک دی جاتی ہے اور جو سے بھونسی پھینک دی جاتی ہے۔ پس اس دلیل سے گیہوں اور کھجور کے درمیان میں فرق ظاہر ہو گیا۔

**تشریح**: امام ابو حنیفہؒ کی دلیل یہ ہے کہ معنی کے اعتبار سے کشمش اور گیہوں قریب قریب ہیں کیونکہ کشمش کو بھی پورا پورا ہی کھایا جاتا ہے اس میں سے کچھ بھی نہیں پھینکا جاتا، اور گیہوں کو بھی پورا پورا ہی کھایا جاتا ہے اس میں سے کچھ بھی نہیں پھینکا جاتا، اس لئے

ے ومراده من الدقيق والسويق ما يتخذ من البُرّ اما دقيق الشعير كالشعير ۸؎ والاولیٰ ان يراعى فيهما القدر والقيمة احتياطا وان نص على الدقيق فى بعض الاخبار

جس طرح گیہوں کا آدھا صاع لازم ہوتا اسی طرح کشمش کا بھی آدھا صاع ہی فطرہ لازم ہونا چاہئے۔ اور کھجور سے گٹھلی پھینک دی جاتی ہے، اسی طرح جو سے اس کی بھونسی پھینک دی جاتی ہے، اس لئے یہ دونوں گویا کہ ایک قسم کی چیز ہوئی، اور کھجور ایک صاع فطرہ ہے اور جو کا بھی ایک صاع ہی فطرہ ہے کیوں کہ دونوں معنی کے اعتبار سے ایک قسم کی چیز ہوئی۔ اور یہ فرق بھی ظاہر ہو گیا کہ گیہوں الگ چیز ہے اور کھجور الگ چیز ہے۔

**لغت** : نواة: گٹھلی۔ نخالۃ: بھونسی۔ بر: گیہوں۔ زبیب: کشمش۔ دقیق: آٹا۔ شعیر: جو۔

**ترجمہ** : ے آٹے اور ستو سے مراد وہ ہے جو گیہوں سے بنایا گیا ہو، بہر حال جو کا آٹا تو اس کا حکم جو کی طرح ہے۔

**تشریح** : متن میں آدھا صاع آٹا اور آدھا صاع ستو دینے کا تذکرہ ہے، اس کا مطلب یہ بتاتے ہیں کہ یہ آٹا اور ستو گیہوں کا ہو تو آدھا صاع ہے، کیونکہ یہ بھی گیہوں ہی کی جنس میں سے ہیں، اور اگر جو کا آٹا ہے تو ایک صاع لازم ہوگا کیونکہ جو ایک صاع ہے تو اس کا آٹا اور ستو بھی ایک صاع ہی لازم ہوگا، کیونکہ وہ جو کی جنس ہے۔

**وجہ** : (۱) اس اثر میں ہے کہ گیہوں کا آٹا آدھا صاع لازم ہوگا۔ سألت عبد الله بن شداد عن صدقة الفطر فقال : نصف صاع من حنطة أو دقيق ۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ، باب فی صدقۃ الفطر من قال: نصف صاع بر، ج ثانی، ص ۳۹۷، نمبر ۱۰۳۴۹) اس اثر میں ہے کہ گیہوں یا آٹا آدھا صاع ہے، اس لئے گیہوں کا آٹا ہی مراد ہے۔ (۲) اس حدیث میں ہے کہ آٹا ایک صاع ہے اور حدیث کے انداز سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کا آٹا ہے کیونکہ جو کے بعد اس کا تذکرہ ہے، حدیث یہ ہے۔ عن زيد بن ثابت قال : خطبنا رسول الله ﷺ فقال : من كان عنده فليتصدق بنصف صاع من بر ، أو صاع من شعير ، أو صاع من تمر أو صاع من دقيق ، أو صاع من زبيب ، أو صاع من سلت . (دار قطنی، باب زکاۃ الفطر، ج ثانی، ص ۱۳۰، نمبر ۲۰۹۸) اس حدیث میں جو کے بعد آٹے کا تذکرہ ہے جس کا مطلب یہ ہوگا کہ جو کا آٹا ایک صاع ہے۔

**ترجمہ** : ۸؎ اور زیادہ بہتر یہ ہے کہ احتیاطا اس میں مقدار اور قیمت دونوں کی رعایت کی جائے، اگر چہ آٹے پر بعض حدیث میں نص موجود ہے۔

**تشریح** : گیہوں کے آٹے کے بارے میں اگر چہ اثر موجود ہے کہ آدھا صاع دیا جائے لیکن چونکہ اثر ہے اس لئے احتیاط کا تقاضا یہ ہے کہ اس طرح دے کی اسکی مقدار بھی آدھا صاع ہو جائے اور اس کی قیمت بھی آدھا صاع گیہوں کے برابر ہو جائے۔ عام طور پر آدھا صاع آٹے کی قیمت آدھے صاع گیہوں کی قیمت سے زیادہ ہی ہوتی ہے اس لئے متن میں یہ نہیں فرمایا کہ احتیاطا آٹے کی قیمت گیہوں کے برابر ہوتا ہے اس لئے ایسا کرنا بہتر ہے کہ قیمت و وزن دونوں برابر ہو جائے، مثلا آدھا صاع آٹا دیا لیکن اس کی

۹ ولم يبين ذلك في الكتاب اعتبارا للغالب ۱۰ والخبز يعتبر فيه القيمة هو الصحيح ۱۱ ثم يعتبر نصف صاع من بر وزنا فيما يروى عن ابى حنيفة وعن محمد انه يعتبر كيلا ۱۲ والدقيق اولى من البر والدراهم اولى من الدقيق فيما يروى عن ابى يوسف وهو اختيار الفقيه ابى جعفر لانه ادفع للحاجة واعجل به

---

قیمت آدھے صاع گیہوں سے کم ہے تو احتیاط پر عمل نہیں ہوا، اسی طرح آدھا صاع سے کم آٹا دیا لیکن اس کی قیمت آدھا صاع گیہوں کے برابر ہے تو قیمت میں برابر ہو گیا لیکن مقدار میں کم رہ گیا اس لئے احتیاط پر عمل نہیں رہا۔

**ترجمہ:** ۹ لیکن کتاب یعنی متن میں احتیاط پر عمل کرنے کی بات نہیں کی غالب کا اعتبار کرتے ہوئے۔

**تشریح:** عام طور پر آدھے صاع آٹے کی قیمت آدھے صاع گیہوں کی قیمت سے زیادہ ہوتی ہے، یا برابر ہوتی ہے اس لئے غالب کا اعتبار کرتے ہوئے متن میں یہ نہیں فرمایا کہ احتیاط پر عمل کیا جائے۔

**ترجمہ:** ۱۰ اور روٹی میں قیمت کا اعتبار ہے صحیح بات یہی ہے۔

**تشریح:** روٹی عددی ہے وہ گن کر بکتی ہے، وہ کیلی یا وزنی نہیں ہے، اس لئے چاہے گیہوں کی روٹی ہو آدھا صاع دینا کافی نہیں ہے، بلکہ اتنی روٹی دے کہ آدھا صاع گیہوں کی قیمت کے برابر ہو جائے۔

**ترجمہ:** ۱۱ پھر آدھا صاع گیہوں میں وزن کا اعتبار کیا جائے جیسا کہ حضرت امام ابو حنیفہؒ سے روایت ہے۔ اور امام محمدؒ سے روایت یہ ہے کہ کیل اور ناپ کا اعتبار کیا جائے۔

**تشریح:** گیہوں چاول وغیرہ کو ناپنے کے دو طریقے ہیں [۱] ایک تو پیمانے سے ناپا جائے یعنی کسی برتن میں ڈال کر اس کو ناپا جائے جسکو صاع، اور مد کہتے ہیں حضورؐ کے زمانے میں غلہ کو ناپنے کا یہی طریقہ رائج تھا، اسی لئے حدیث میں آتا ہے کہ آدھا صاع گیہوں دو یا ایک صاع کھجور دو، جسکا مطلب یہ ہوا کہ حدیث میں برتن میں ناپ کر دینے کا تذکرہ ہے، چنانچہ حضرت امام محمدؒ کی رائے یہی ہے کہ برتن میں ناپ کر آدھا صاع گیہوں یا ایک صاع جو دیا جائے۔ [۲] اور دوسرا طریقہ یہ ہے کہ کسی باٹ سے وزن کر کے ناپا جائے، جیسا کہ آج کل تمام غلے باٹ اور کیلو سے ناپ کر وزن کرتے ہیں۔ چنانچہ امام ابو حنیفہؒ نے فرمایا کہ باٹ سے وزن کر کے آدھا صاع گیہوں دیا جائے، اس کی وجہ یہ فرماتے ہیں کہ علماء کا اختلاف رہا ہے کہ ایک صاع کتنے رطل کا ہوگا، اور رطل وزن کا نام ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ آدھا صاع گیہوں وزن کر کے دیا جائے اور وزن کا اعتبار کیا جائے۔

**ترجمہ:** ۱۲ آٹا دینا گیہوں سے زیادہ بہتر ہے، اور درہم دینا آٹے سے زیادہ بہتر ہے، جیسا کہ امام ابو یوسفؒ سے روایت ہے اور اسی کو فقیہ ابو جعفرؒ نے پسند فرمایا ہے، کیونکہ درہم ضرورت کو زیادہ پورا کرتا اور جلدی پورا کرتا ہے۔

**۱۳** وعن ابی بکر الاعمش تفضیل الحنطة لانه ابعد من الخلاف اذفی الدقیق و القیمة خلاف الشافعی (۹۰۱) قال والصاع عند ابی حنیفة ومحمد ثمانیة رطال بالعراقی وقال ابویوسفؒ خمسة ارطال وثلث رطل﴾ ۱ وهو قول الشافعی ۲ لقوله علیه السلام صاعنا اصغر الصیعان

**تشریح:** حضرت امام ابو یوسفؒ نے فرمایا اور اسی کو فقیہ ابو جعفرؒ نے پسند فرمایا کہ فطرے میں گیہوں سے آٹا دینا زیادہ بہتر ہے کیونکہ جلدی سے روٹی پکا کر کھائے گا، اور درہم دینا آٹا دینے سے بھی بہتر ہے، کیونکہ درہم سے ضرورت کی اور بھی چیزیں خرید سکتا ہے اور جلدی خرید سکتا ہے اس لئے درہم دینا زیادہ بہتر ہے۔ ادفع للحاجۃ: ضرورت زیادہ پوری کرتا ہے۔ اعجل: جلدی پوری کرنا۔

**ترجمہ:** ۱۳ حضرت ابو بکر اعمشؒ نے فرمایا کہ گیہوں دینا زیادہ بہتر ہے، کیونکہ یہ اختلاف سے بہت دور ہے، اس لئے کہ آٹا اور قیمت دینے میں امام شافعیؒ کا اختلاف ہے۔

**تشریح:** حضرت ابو بکر اعمش فرماتے ہیں کہ حدیث میں گیہوں دینے کا تذکرہ ہے اس لئے گیہوں ہی دیں دوسری بات یہ ہے کہ آٹا اور اس کی قیمت دینے میں امام شافعیؒ کا اختلاف ہے اس لئے اختلاف سے بچنے کے لئے زیادہ بہتر گیہوں ہی ہے۔ موسوعة میں عبارت یہ ہے۔ قال الشافعیؒ و لا یؤدی من الحب غیر الحب نفسه ، و لا یؤدی دقیقا و لا سویقا ، و لا قیمته . (موسوعۃ امام شافعی، باب مکیلۃ زکاۃ الفطر، ج رابع ص ۲۴۶، نمبر ۴۵۵۲) اس عبارت میں ہے کہ قیمت نہ دے۔

**ترجمہ:** (۹۰۱) اور صاع امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک آٹھ رطل کا ہے عراقی رطل کے ساتھ اور امام ابو یوسفؒ نے فرمایا پانچ رطل اور ایک تہائی رطل۔

**ترجمہ:** ۱ یہی امام شافعی کا قول ہے۔

**تشریح:** ایک صاع سب کے نزدیک چار مد کا ہوتا ہے، لیکن کتنے رطل کا ہوتا اس بارے میں اختلاف ہے، امام ابو حنیفہؒ اور امام محمدؒ کے نزدیک آٹھ رطل کا ایک صاع ہوتا ہے اور امام شافعی اور امام ابو یوسفؒ کے نزدیک پانچ رطل اور ایک تہائی رطل کا ایک صاع ہوتا ہے۔ دونوں کی دلیلیں مسئلہ نمبر ۸۴۳۔ حاشیہ ۲ میں اس کی تفصیل گزر چکی ہے وہاں دیکھ لیں۔

**ترجمہ:** ۲ حضور علیہ السلام کے قول کی وجہ سے کہ ہمارا صاع سب صاعوں میں سے چھوٹا ہے۔

**تشریح:** ابن حبان کے حوالے سے نصب الرایہ میں یہ حدیث اس طرح ہے۔ عن ابی هریرة أن رسول الله ﷺ قیل له : یا رسول الله ، صاعنا اصغر الصیعان و مدنا اکبر الامداد ، فقال اللهم بارک لنا فی صاعنا و بارک لنا فی قلیلنا و کثیرنا و اجعل لنا مع البرکة برکتین ۔ (روی ابن حبان فی صحیحہ، فی النوع التاسع والعشرین من القسم الرابع] نصب الرایہ، باب صدقۃ الفطر، ج ثانی، ص ۴۴۶) اس حدیث میں ہے کہ ہمارا صاع چھوٹا صاع ہے (۲) یہ حدیث بھی امام

۳ ولنا ما روی انه علیه السّلام کان یتوضأ بالمدد طلین ویغسل بالصاع ثمانیة ارطال وهکذا کان صاع عمر

ابو یوسفؒ کی دلیل ہے۔ حدثنی ابی عن امه انها ادت بهذا الصاع الی رسول الله قال مالک انا حزرت هذه فوجدتها خمسة ارطال و ثلث (دار قطنی، کتاب زکوۃ الفطر ص ۱۳۲ نمبر ۲۱۰۵ رسنن للبیہقی، باب مادل علی ان صاع النبی ﷺ کان عیارہ خمسۃ ارطال وثلث، ص ۲۸۷، نمبر ۷۷۲۲) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ حضورؐ کا صاع پانچ رطل اور ایک تہائی رطل کا تھا۔ اسی پر جمہور ائمہ کا عمل ہے۔(۳) انکی دلیل یہ اثر بھی ہے. قال قدمنا علینا أبو یوسف من الحج فأتیناہ، فقال : انی أرید أن افتح علیکم با با من العلم همنی تفحصت عنه فقدمت المدینة فسألت عن الصاع فقالوا صاعنا هذا صاع رسول الله ﷺ قلت لهم : ما حجتکم فی ذالک ؟ فقالوا : نأتیک بالحجة غدا ، فلما أصبحت أتانی نحو من خمسین شیخا من ابناء المهاجرین و ألانصار مع کل رجل منهم الصاع تحت ردائه کل رجل منهم یخبر عن أبیه أو أهل بیته أن هذا صاع رسول الله ﷺ فنظرت فاذا هی سواء قال : فعایرته فاذا هو خمسة أرطال و ثلث بنقصان معه یسیر فرأیت امرا قویا فقد ترکت قول ابی حنیفة فی الصاع و أخذت بقول أهل المدینة ۔(سنن بیہقی، باب مادل علی أن صاع النبی ﷺ کان عیارہ خمسۃ أرطال وثلث، ج رابع ص ۲۸۶، نمبر ۷۷۱۲) اس اثر میں ہے کہ حضورؐ کا صاع پانچ رطل اور تہائی رطل کا تھا۔

**ترجمہ**: ۳ اور ہماری دلیل وہ جو روایت کی کہ حضور علیہ السلام ایک مد سے وضو فرماتے جو دو رطل ہوتا تھا، اور ایک صاع سے غسل فرماتے تھے جو آٹھ رطل کا ہوتا تھا۔ اور حضرت عمرؓ کا صاع بھی ایسے ہی تھا۔

**وجه** : (۱) آٹھ رطل کا صاع ہونے کی دلیل یہ حدیث ہے جو صاحب ھدایہ نے پیش کی ۔عن انس بن مالک ان النبی ﷺ کان یتوضأ برطلین ویغتسل بالصاع ثمانیة ارطال (دار قطنی، کتاب زکوۃ الفطر ج ثانی ص ۱۳۴ نمبر ۲۱۱۹ / ۲۱۲۰ رسنن للبیہقی، باب مادل علی ان صاع النبی کان عیارہ خمسۃ ارطال وثلث ج رابع ص ۲۸۷، نمبر ۷۷۲۴) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ صاع آٹھ رطل کا ہونا چاہئے ۔(۲) حضرت عمرؓ کا اثر یہ ہے جو صاحب ھدایہ نے پیش کیا ہے۔ سمعت حنشا یقول : صاع عمر ثمانیة أرطال و قال شریک أکثر من سبعة أرطال و أقل من ثمانیة ۔(مصنف ابن ابی شیبۃ، باب ۱۱۵ فی الصاع ماھو، ج ثانی، ص ۴۲۲، نمبر ۱۰۶۴۳) اس اثر میں ہے کہ آٹھ رطل کا صاع ہوتا ہے۔

ع وهو اصغر من الهاشمی وكانوا يستعملون الهاشمی. (۹۰۲) قال ووجوب الفطرة يتعلق بطلوع الفجر من يوم الفطر ﴾

**ترجمہ**: ع اور حضور کا وہ صاع ہاشمی صاع سے چھوٹا تھا، اور صحابہ ہاشمی صاع استعمال کرتے تھے۔

**تشریح**: حضرت امام ابو یوسفؒ کی جانب سے ایک حدیث نقل کی تھی کہ۔ ہمارا صاع سب صاعوں سے چھوٹا ہے۔ صاحب ھدایہ اس حدیث کی تاویل فرما رہے ہیں کہ، یہ ممکن ہے کہ صحابہ کرام ہاشمی صاع کو استعمال کرتے ہوں جو آٹھ رطل سے بھی بڑا صاع ہوتا تھا، اور حضور اس سے چھوٹا صاع استعمال کرتے ہوں جو آٹھ رطل کا ہوتا تھا، اس لئے حضورؐ نے فرمایا کہ ہمارا صاع سب صاعوں میں سے چھوٹا ہے۔

**نوٹ**: وزن کی پوری تفصیل مسئلہ نمبر ۸۳۸ میں گزر چکی ہے وہاں تفصیل دیکھ لیں۔ یہاں صرف مختصر سا خاکہ دے رہا ہوں۔

(صاع کا وزن)

| صاع | رطل | وسق | کیلو | لیٹر | کتنا واجب ہوگا |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 صاع | 8 | ----- | 3.538 | 5.88 | صدقۃ الفطر |
| آدھا صاع | 4 | ----- | 1.769 | 2.94 | 1.769 کیلو |
| 60 صاع | ----- | 1 وسق | 212.28 | 352.80 | عشر |
| 300 صاع | ----- | 5 وسق | 1061.40 | 1764 | 106.14 کیلو |

یعنی پانچ وسق، دس کوئنٹل اکسٹھ کیلو چالیس گرام ہوگا۔ جس میں عشر ایک سو چھ کیلو اور چودہ گرام لازم ہوگا۔

**نوٹ**: یہ حساب احسن الفتاوی، باب صدقۃ الفطر، ج رابع، ص ۴۱۶، سے لیا گیا ہے۔ پوری دنیا میں کیلو اور گرام کا رواج ہے اس لئے تمام حسابات کو اسی پر سیٹ کیا ہوں۔

**نوٹ**: اگر آٹھ رطل کا ایک صاع ہو تو رطل چھوٹا ہوگا اور 442.25 گرام کا ایک رطل ہوگا۔ اور اگر پانچ رطل اور تہائی رطل کا صاع ہو تو رطل بڑا ہوگا اور 663.37 گرام کا رطل ہوگا۔ اور دونوں رطلوں کا مجموعی صاع 3.538 کیلو ہوگا۔

**ترجمہ**: (۹۰۲) صدقۃ الفطر کا وجوب متعلق ہے عید الفطر کے دن صبح صادق کے طلوع ہونے سے۔

**وجہ**: (۱) روزہ صبح صادق کے وقت سے شروع ہوتا ہے اور رمضان کے بعد یہ پہلا دن ہے جب کہ افطار کیا اور روزہ نہیں رکھا، اور صدقۃ الفطر کی نسبت افطار کی طرف ہے اس لئے جس وقت سے حقیقت میں افطار شروع ہوا یعنی صبح صادق کا وقت وہ وقت صدقۃ

**ل وقال الشافعي بغروب الشمس في اليوم الاخير من رمضان حتى ان من اسلم او ولد ليلة الفطر تجب فطرته عندنا وعنده لا تجب ۲ وعلیٰ عكسه من مات فيها من مما ليكه او ولده**

الفطر کے وجوب کا سبب بنے گا۔ اس لئے عید کے دن صبح صادق کا وقت صدقۃ الفطر کے وجوب کا سبب بنے گا۔ (۲) امام ابو حنیفہؒ کا استدلال اس حدیث کے اشارے سے ہے۔ عن ابن عمرؓ قال فرض رسول الله ﷺ زكوة الفطر صاعا من تمر ... وامر بها ان تؤدی قبل خروج الناس الى الصلوة (بخاری شریف، باب فرض صدقۃ الفطر، ص ۲۰۴، نمبر ۱۵۰۳) اس حدیث میں عید کی نماز سے پہلے صدقۃ الفطر نکالنے کا حکم دیا۔ جس سے اشارہ ہوتا ہے کہ اس سے قریب کا وقت یعنی صبح صادق اس کے نکالنے کا سبب ہے۔

**ترجمه**: ل امام شافعیؒ نے فرمایا رمضان کے آخیر دن کے سورج غروب ہونے سے فطرہ واجب ہوگا۔ یہاں تک کہ کوئی عید الفطر کی رات میں مسلمان ہوا یا بچہ پیدا ہوا تو ہمارے نزدیک اس کا صدقہ واجب ہوگا، اور امام شافعیؒ کے نزدیک نہیں ہوگا۔

**تشریح**: امام شافعیؒ نے فرمایا کہ رمضان کے آخری دن جب سورج غروب ہوگا، اور عید الفطر کی مغرب ہوگی، پس یہ مغرب کا وقت فطرہ واجب ہونے کا سبب ہے، چنانچہ جو آدمی اس مغرب سے پہلے پیدا ہوا یا مسلمان ہوا اس کا فطرہ واجب ہے، اور جو آدمی مغرب کے بعد پیدا ہوا یا مسلمان ہوا تو چونکہ واجب ہونے کا وقت گزر گیا اس لئے اس پر فطرہ واجب نہیں ہوگا۔ اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک مغرب کا وقت فطرہ کے واجب ہونے کا سبب نہیں ہے، بلکہ اس کے بارہ گھنٹے بعد صبح صادق کا وقت فطرہ کے واجب ہونے کا سبب ہے، اور اس سے پہلے یہ پیدا ہو چکا ہے، یا مسلمان ہو چکا ہے، کیونکہ یہ مغرب کے بعد اور صبح صادق سے پہلے پیدا ہو چکا ہے یا مسلمان ہو چکا ہے اس لئے ان دونوں پر صدقہ واجب ہے۔ موسوعہ میں عبارت یہ ہے۔ و اذا غابت الشمس من ليلة الفطر ثم ولد بينهم أو صار واحد منهم فى عياله لم تجب عليه زكاة الفطر من عامه ذالك عنه ، و كان فى سقوط زكاة الفطر عنه كالمال يملكه بعد الحول ۔ (موسوعہ امام شافعیؒ، باب زکوۃ الفطر، ج رابع، ص ۲۳۲، نمبر ۴۲۷۴) اس عبارت میں ہے کہ عید الفطر کا سورج غروب ہو گیا تو غروب ہوتے وقت جو موجود ہے اس کا فطرہ واجب ہے، جس کا مطلب یہ ہے ہوا کہ سورج کا غروب ہونا فطرہ کا سبب ہے

**وجه**: وہ فرماتے ہیں کہ اسی مغرب کے وقت ہی سے افطار شروع ہو گیا ہے اس لئے مغرب کا وقت ہی سبب بنے گا۔ ہمارا جواب یہ ہے کہ مغرب کے وقت تو ہمیشہ ہی افطار کا تھا اس لئے صبح صادق کا وقت صدقۃ الفطر واجب ہونے کا سبب بنے گا۔

**ترجمه**: ۲ اور اس کا الٹا حکم ہوگا جو اسکے مملوک یا اولاد میں سے رات میں مر گیا۔

**تشریح**: صبح صادق سے پہلے اور مغرب کے بعد رات میں کسی آدمی کا مملوک مر گیا، یا اسکی چھوٹی اولاد مر گئی تو حکم پہلے سے الٹا ہو

۳ له انه يختص بالفطر وهذا وقته ۴ ولنا ان الاضافة للاختصاص واختصاص الفطر باليوم دون الليل (۹۰۳) والمستحب ان يخرج الناس الفطرة يوم الفطر قبل الخروج الى المصلى ﴾ ۱ لانه عليه السّلام كان يخرج قبل ان يخرج

گا۔یعنی امام شافعیؒ کے نزدیک فطرہ واجب ہوگا کیونکہ مغرب کا وقت جو سبب ہے اس وقت مملوک یا اولاد موجود تھی، اس کے بعد میں مری ہے، اور امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک فطرہ واجب نہیں ہوگا کیونکہ صبح صادق سے پہلے مر چکی ہے جو فطرہ واجب ہونے کا سبب ہے۔

**ترجمہ**: ۳ امام شافعیؒ کی دلیل یہ ہے صدقۃ الفطر کا وجوب افطار کے ساتھ مخصوص ہے، اور افطار کا وقت یہی مغرب کا وقت ہے۔

**تشریح**: امام شافعیؒ کی دلیل عقلی یہ ہے کہ صدقۃ الفطر، میں صدقہ کی اضافت فطر کی طرف ہے یعنی افطار کے وقت کا صدقہ، اور افطار کرنے کا وقت مغرب کا وقت ہے اس لئے صدقہ واجب ہونے کا سبب مغرب کا وقت ہوگا۔ پس جو مغرب کے وقت موجود ہو اس کا فطرہ واجب ہوگا اور جو مغرب سے پہلے مر گیا، یا مغرب کے بعد پیدا ہوا یا مسلمان ہوا اس کا فطرہ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: ۴ اور ہماری دلیل یہ ہے کہ اضافت خصوصیت کے لئے ہے، اور افطار کی خصوصیت دن کے ساتھ ہے نہ کہ رات کے ساتھ۔

**تشریح**: اس عبارت کا مطلب یہ ہے کہ صدقۃ الفطر میں صدقہ کی اضافت فطر کی طرف جو ہے اس فطر سے روزے سے افطار یعنی روزہ ترک کرنا اور چھوڑنا مراد ہے، اور روزہ صبح صادق سے شروع ہوتا ہے، اس لئے روزے کو چھوڑنا بھی صبح صادق کے وقت ہو گا، اس لئے فطرہ کا سبب بھی صبح صادق ہی ہوگی، چنانچہ جو صبح صادق سے پہلے مر گیا اس کا فطرہ واجب نہیں ہوگا۔ یا جو آدمی صبح صادق کے بعد پیدا ہوا یا کوئی کافر مسلمان ہوا اس کا فطرہ واجب نہیں ہوگا۔ کیونکہ وہ صبح صادق کے وقت موجود نہیں تھا، اس لئے اس پر سبب نہیں گزرا۔ یہاں بالیوم: سے مراد صبح صادق ہے۔ کیونکہ وہیں سے دن شروع ہوتا ہے۔

**اصول**: سبب نہ پایا جائے تو حکم لازم نہیں ہوگا۔

**ترجمہ**: (۹۰۳) اور مستحب ہے کہ آدمی صدقۃ الفطر عید کے دن عید گاہ کی طرف نکلنے سے پہلے نکالے۔

**ترجمہ**: ۱ اس لئے کہ حضور نماز عید کے لئے نکلنے سے پہلے نکالا کرتے تھے۔

**تشریح**: مستحب یہ ہے کہ عید کی نماز کے لئے نکلنے سے پہلے فطرہ نکال کر فقراء میں تقسیم کردے تاکہ فقراء بھی کھا کر اور سیر ہو کر عید پڑھنے جائے اور ایسا نہ ہو کہ اس کو نماز سے پہلے فطرہ نہ ملے تو وہ فطرہ مانگنے میں رہ جائے اور نماز عید میں شریک نہ ہو سکے، اس لئے پہلے دینا مستحب ہے، اور اگر رمضان کے شروع میں دے دیا تب بھی جائز ہے کیونکہ فطرہ واجب ہونے کے لئے رمضان جو سبب

ع ولان الامر بالاغناء كى لا يتشاغل الفقير بالمسألة عن الصلوٰة وذٰلك بالتقديم (۹۰۴)فان قدموها علىٰ يوم الفطر جاز ﴾ ل لانه ادى بعد تقرر السبب فاشبه التعجيل فى الزكوٰة ولا تفصيل بين مدةٍ ومدةٍ هو الصحيح

ہے وہ پایا گیا تو فطرہ ادا ہو جائے گا، اور اگر کسی نے عید کے دن کے بعد دیا تب بھی فطرہ ادا ہو جائے گا، کیونکہ گویا کہ اس نے قرض ادا کیا، البتہ استحباب کے خلاف کیا

**وجه:** (۱) صاحب ھدایہ کی حدیث یہ ہے۔ عن ابن عمر ان النبی ﷺ امر بزكوة الفطر قبل خروج الناس الى الصلوة. (بخاری شریف، باب الصدقۃ قبل العید ص ۲۴۰ نمبر ۱۵۰۹ مسلم شریف، باب باب الامر باخراج زکاۃ الفطر قبل الصلوۃ، ص ۳۹۷ نمبر ۹۸۶/۲۲۸۸) اس حدیث سے معلوم ہوا کہ عید گاہ کی طرف نکلنے سے پہلے عید کے دن صدقۃ الفطر نکالے۔

**ترجمه:** ع اور اس لئے کہ مستغنی کرنے کا حکم اس لئے ہے کہ تا کہ ایسا نہ ہو کہ فقیر سوال کرنے میں رہ جائے اور نماز چھوٹ جائے، اور یہ اسی وقت ہوگا جب عید کی نماز سے پہلے فطرہ ادا کرے۔

**تشریح:** فطرہ دینے کا اصل مقصد یہ ہے کہ غریب اور مسکین کھا کر اور سیر ہو کر عید کی نماز میں آئیں، تا کہ ایسا نہ ہو کہ فطرہ مانگنے میں رہ جائے اور عید کی نماز میں شریک نہ ہو سکے، اور یہ مقصد اسی وقت پورا ہوگا جبکہ نماز سے پہلے ہی فطرہ غرباء میں تقسیم کر دیا جائے۔

**ترجمه:** (۹۰۴) اور اگر فطرہ کو عید کے دن سے پہلے دے دیا تب بھی جائز ہے۔

**وجه:** (۱) اس سے بھی پہلے نکالے تو جائز ہے کیونکہ صدقۃ الفطر کا سبب اصلی مالداری ہے اور ولایت اور مؤنت ہے اور وہ سب موجود ہیں صبح صادق تو ادا کا وقت ہے، جیسے زکوۃ کا اصلی سبب نصاب کا مالک ہونا ہے، اور سال پورا ہونا ادا کا سبب ہے، اس لئے اگر صبح صادق سے پہلے ادا کر دیا تو ادائیگی ہو جائے گی۔ جیسے زکوۃ جلدی دے تو ادا ہو جاتی ہے۔ (۲) اثر میں ہے. وكان ابن عمرؓ يعطيها للذين يقبلونها و كانوا يعطون قبل الفطر بيوم او يومين. (بخاری شریف، باب صدقۃ الفطر علی الحر والمملوک، ص ۲۴۶، نمبر ۱۵۱۱ ابوداؤد شریف، باب متی تودی ص ۲۳۴ نمبر ۱۶۱۰) اس اثر میں ہے کہ حضرت عبد اللہ بن عمر صدقۃ الفطر عید کے ایک دن یا دو دن قبل ہی نکال دیتے تھے۔ جس سے معلوم ہوا کہ سبب تو عید الفطر کے صبح صادق کا وقت ہے لیکن اگر دو چار روز قبل ہی نکال دے تو ادائیگی ہو جائے گی۔

**ترجمه:** ل اس لئے کہ سبب کے ثابت ہونے کے بعد ادا کیا تو ایسا ہوا کہ زکوۃ میں جلدی کی، اور کچھ مدت کی تفصیل نہیں ہے، صحیح یہی ہے۔

**(۹۰۵) وان اخروها عن يوم الفطر لم تسقط وكان عليهم اخراجها﴾ لے لان وجه القربة فيها معقول فلا يتقدر وقت الاداء فيها بخلاف الاضحية . والله اعلم.**

**تشریح** : یہ دلیل عقلی ہے کہ سبب کے ثابت ہونے کے بعد ادا کیا فطرے کا سبب مالدار ہونا، اور ولایت اور موئنت ہونا ہے، اور وہ موجود ہیں ، اس لئے فطرہ دے دیا تو فطرہ ادا ہو جائے گا، جیسے زکوۃ کا اصلی سبب نصاب کا مالک ہونا ہے، اور سال پورا ہونا زکوۃ کے ادا کا سبب ہے، اسی لئے نصاب کے مالک ہونے کے بعد سال گزرنے سے پہلے زکوۃ دے دی تو زکوۃ ادا ہو جائے گی، اسی طرح صبح صادق سے پہلے فطرہ دے دیا تو فطرہ ادا ہو جائے گا۔ پھر اثر میں ایک دن اور دو دن پہلے کہا ہے اس لئے کوئی خاص مدت متعین نہیں ہے اس لئے رمضان کے شروع میں بھی دے سکتے ہیں اور رمضان سے پہلے بھی دے سکتے ہیں۔ صحیح بات یہی ہے۔

**ترجمہ**: (۹۰۵) اور اگر صدقۃ الفطر کو عید الفطر کے دن سے مؤخر کیا تو وہ ساقط نہیں ہوگا اور ان پر اس کا نکالنا ضروری ہوگا۔

**تشریح**: اگر عید الفطر کے دن تک صدقۃ الفطر نہیں نکالا تو واجب ہونے کے بعد ساقط نہیں ہوگا۔ جیسے نماز واجب ہونے کے بعد ساقط نہیں ہوتی ہے۔ اور بعد میں بھی اس کا نکالنا واجب ہوگا۔ اور چونکہ ایک صاع یا آدھا صاع گیہوں ہی دینا پڑے گا اس لئے بوجھ بھی کوئی زیادہ نہیں ہے۔

**ترجمہ**: لے اس لئے کہ قربت کی وجہ اس میں سمجھ میں آتی ہے اس لئے اس کا ادا کرنا کسی وقت کے ساتھ متعین نہیں ہوگا۔ بخلاف قربانی کے۔

**تشریح** : قربانی میں جانور کو ذبح کرنا اور مارنا ہے، اس لئے عبادت سمجھ میں نہیں آتی ہے اس لئے اس کو وقت کے ساتھ متعین کیا کہ قربانی کا وقت ہو اور اس میں قربانی کی تو قربانی ہو جائے گی اور قربانی کا وقت گزر گیا تو اب قربانی نہیں ہوگی۔ لیکن فطرہ عبادت مالیہ ہے، یہ کسی غریب کو دینا اور اس کی مدد کرنا سمجھ میں آتا ہے اس لئے یہ کسی وقت کے ساتھ متعین نہیں ہے، اس لئے وقت کے بعد دے گا تب بھی ادا ہو جائے گا، جیسے زکوۃ سال کے بعد دے گا تب بھی ادا ہو جائے گی۔

**اصول** : صدقۃ الفطر وقت کے ساتھ متعین نہیں ہے۔ واللہ اعلم۔